طبی ڈائریکٹری

عہدِ حاضر کے نامور اطبّاء کے صدری معمولات کا مجموعہ

طبّی ڈائریکٹری

حکیم ظفر اقبال سعید پاک پتن

03012802091

مرتبہ

نعیم اختر ایم۔اے

تعداد ٹوٹل نسخہ جات = ۱۲۵۶

اِدارہ طبیبِ حاذق شادیوال روڈ گجرات

حکیم محمد صدیق

آپ مورخہ ۴ دسمبر ۱۹۶۱ء مقبوضہ کشمیر کے گاؤں سندوٹ جھندھر میں پیدا ہوئے ۱۹۶۵ء میں حالات نے ہجرت پر مجبور کر دیا۔ اور آپ کا خاندان آزاد کشمیر میں موضع سرہوٹہ میں آباد ہو گیا۔ ابتدائی تعلیم آپ نے یہیں آ کر حاصل کی۔ آپ نے بی اے کرنے کے بعد پی ٹی سی ٹی اور بی ایڈ کی اسناد حاصل کیں اور بطور درس شعبہ تعلیم سے وابستہ ہو گئے۔ حکمت سے چونکہ آپ کا آبائی تعلق تھا۔ لہٰذا اس شوق کی تکمیل کیلئے ۱۹۹۰ء میں فن طب کی سند حاصل کی اس طرح آپ حکمت اور تدریس دونوں شعبوں سے منسلک رہ کر خدمت خلق میں مصروف ہیں۔

حکیم محمد صدیق ولد محمد یعقوب خان
مہاجر کالونی کلر ڈاکخانہ ڈنہ تحصیل و ضلع کوٹلی
(آزاد کشمیر)

مجربات

برائے ذیابیطس: اجزاء و ترکیب ساخت: اجوائن دیسی تین تولہ، حنظل تین تولہ، کریلا آدھ کلو، کالی زیری ایک پاؤ، کرفس دو تولہ جملہ ادویہ کوٹ چھان کر سفوف بنالیں۔

مقدار خوراک: تین ماشہ بعد از غذا ہمراہ شیر گاؤ۔

فوائد: سلسل البول، ضعف مثانہ و ذیابیطس شکری میں مفید ہے۔

برائے ضیق النفس: اجزاء و ترکیب ساخت: گل زوفا تین تولہ، گل بنفشہ دو تولہ، ملٹھی تین تولہ، انجیر

تین تولہ، کرفس ایک تولہ، منقی پانچ تولہ، عناب پانچ تولہ، شہد خالص آدھ پاؤ، چینی تین پاؤ، پانی تین کلو، پانی میں ادویہ بھگو دیں۔ اور آگ پر رکھیں جب پانی نصف رہ جائے بطریق معروف شربت تیار کرلیں۔

مقدار خوراک: پانچ تولہ تین مرتبہ بعد از غذا۔

فوائد: کھانسی، نزلہ، زکام اور دمہ میں مفید ہے۔

برائے جریان: اجزاء و ترکیب ساخت: چہار ا جوائن ایک ایک تولہ۔ لوہے کے برتن میں گیارہ دن تک تیس تیس منٹ رگڑائی کریں۔ تیار ہے۔

مقدار خوراک: دو ماشہ بعد از غذا۔

فوائد: جریان، احتلام، و سرعت میں مفید ہے۔

حکیم سید کوثر مجید گیلانی

آپ بمطابق جنوری ۱۹۶۶ء کو موضع رولی ڈھیری سیداں ضلع کوٹلی میں پیدا ہوئے۔ ابتدائی ثانوی تعلیم مقامی طور پر حاصل کی۔ ۱۹۸۵ء میں ایف اے پاس کر لیا۔ بچپن ہی میں شفقت پدری سے محروم ہوئے تو دادا جان حکیم سید حاکم علی شاہ نے پرورش کی وہ اپنے عہد کے نامور طبیب اور پنجابی زبان کے مشہور شاعر تھے۔ جنگ آزادی میں بھرپور کردار ادا کیا اور ۱۹۶۵ء کی جنگ سے متعلق واقعات کو جنگ نامہ کے عنوان سے منظوم کیا۔ طب کیونکہ آپ کا آبائی پیشہ تھا۔ لہٰذا اسی قلبی لگاؤ اور دادا مرحوم سے کسب فیض نے فن طب کی طرف مائل کیا ۱۹۸۷ء میں دادا جان کی وفات کے بعد اہل طب

کالج میں داخل ہوئے اور فاضل الطب والجراحت کی سند حاصل کی۔ دوران تعلیم آپ کالج کے نمایاں طلباء میں شامل تھے بعدازاں آبائی شہر میں عملی مطلب شروع کیا طب اسلامی کے فروغ اور طریقہ علاج کی ترقی کیلئے کوشاں اور خدمت خلق میں مصروف ہیں۔

حکیم سید کوثر مجید گیلانی ولد سید تجمل حسین گیلانی
موضع ردلی ڈھیری سیداں تحصیل وضلع کوٹلی آزاد کشمیر

مجرّبات

مقوی باہ: اجزاء وترکیب ساخت: زنجبیل، ستاور، ناگکنڈی جملہ ادویہ ہموزن سفوف بنالیں اور شہد کی مدد سے حبوب بقدر نخود تیار کرلیں۔

مقدار خوراک: دو گولی بوقت ضرورت ہمراہ شیر نیم گرم۔

برائے دق: اجزاء وترکیب ساخت: طباشیر نقرہ دس گرام، الائچی خورد دس گرام، کہربا شمعی آٹھ گرام۔ شاخ مرجان تین گرام، سرطان نہری آٹھ گرام۔ اکجبار آٹھ گرام، حب الآس دس گرام، شترابرک دس گرام۔ تخم بھنگ پانچ گرام، سنگ جراحت دس گرام جملہ ادویہ الگ الگ سفوف بناکر محفوظ کرلیں۔

مقدار خوراک: بڑوں کیلئے دو گرام (دو ماشہ)، بچوں کیلئے ایک گرام تک بلحاظ عمر دو سال سے کم کیلئے آدھا گرام صبح و شام بعد از غذا۔

فوائد: دق۔ سل و جملہ امراض سینہ میں مفید و مجرّب ہے۔

برائے حمی کہنہ: اجزاء وترکیب ساخت: طباشیر نقرہ پچاس گرام ست گلو پچاس گرام، الائچی خورد پچاس گرام۔ ورق نقرہ سو عدد۔ کوزہ مصری ایک سو پچاس گرام باریک سفوف بنالیں۔

مقدار خوراک: تین گرام صبح وشام ہمراہ شربت بنفشہ یا ...

برائے ذیابیطس: اجزاء وترکیب ساخت: ایلوا ... رسونت، لوبان ہموزن سفوف بنالیں

مقدار خوراک: دو گرام سفوف ایک گھنٹہ بعد از غذا ہمراہ آب تازہ۔

فوائد: ذیابیطس میں مفید ہے۔

حکیم محمد عارف قادری زاہدی

آپ کی زندگی کا ابتدائی دور حضور خواجہ محمد زاہد خان صاحب سلطان موہڑدی (کوہ مری) کے آستانے پر گذرا میٹرک اپنے آبائی شہر سے پاس کیا اور علم طب کو دین کا جزو سمجھتے ہوئے اس کے حصول کیلئے کوشاں ہوئے ابتدائی طبی کتب محقق علم کیمیا حکیم و ڈاکٹر عبدالرشید صاحب سے پڑھیں بعدازاں جامعہ طبیہ اسلامیہ فیصل آباد سے فاضل الطب والجراحت کی سند حاصل کی۔ دوران تعلیم اکابر اطباء استاذ الحکماء علامہ آزاد شیرازی صاحب فخر الحکماء جناب ظفر حسین زیدی صاحب محقق و ماہر اسرار النبض حکیم شبیر حسین چشتی صاحب کی خدمت میں رہنے کا شرف حاصل ہوا اور فن کے رموز و نکات سے آگاہی حاصل کی۔ بعدازاں عملی مطب کوٹلی میں شروع کیا اور دین کی خدمت کے ساتھ ساتھ فن اور خدمت خلق میں مصروف ہیں

حکیم محمد عارف قادری زاہدی
ولد مرزا منور حسین مدرس جامع مسجد کوٹلی (آزاد کشمیر)

مجرّبات

اکسیر جگر: اجزاء و ترکیب ساخت: ترپھلا ڈیڑھ پاؤ۔ زنجبیل آدھ پاؤ۔ تیزپات آدھ پاؤ۔ اجوائن دیسی آدھ پاؤ، پودینہ دیسی آدھ پاؤ۔ درونج عقربی ایک پاؤ، خس ایک پاؤ، ٹنکچر نکس وامیکا دس تولہ۔ چینی دس کلو۔ بتری فولاد دس تولہ۔ ٹنکچر نکس وامیکا ملا کر چینی شامل کریں اور قوام درست کر لیں۔

مقدار خوراک: دو تولہ، صبح و شام ہمراہ آب۔

فوائد: جگر کیلئے اکسیر ہے۔ کمی خون، یرقان اور عام جسمانی کمزوری میں مفید ہے۔

حبّ قرنفل: اجزاء و ترکیب ساخت: اذراقی مدبر دس تولہ قرنفل دس تولہ۔ حلتیت اتولہ سفوف بنا کر شہد کی مدد سے حبوب نخودی تیار کر لیں۔

مقدار خوراک: ایک گولی ہمراہ شیر۔

فوائد: ضعفِ اعصاب درد اعصاب میں مفید ہے نیز مقوی باہ ہے۔

حب مفید النساء: اجزاء و ترکیب ساخت: مصبر دو تولہ، مرمکی دو تولہ، زعفران اعلیٰ چھ ماشہ۔ کشتہ فولاد چھ ماشہ۔ انگوزہ چھ ماشہ، حبوب بقدر نخود تیار کر لیں۔

مقدار خوراک: ایک گولی بعد از طعام ہمراہ شیر۔

فوائد: ایام کی بے قاعدگی۔ کمی اور تکلیف سے آنے نیز ضعفِ جگر، کمی خون، نفخ شکم میں مفید ہے۔

حکیم عبدالواحد ہاشمی

آپ ہاشمی خاندان کے چشم و چراغ ہیں یہ خاندان علاقہ میں دینی و طبی علم کا سرچشمہ چلا آرہا ہے۔ آپ کے والد بزرگوار حکیم فیروزالدین اپنے عہد کے نامور نباض، طبیب، معلّم اور خدارسیدہ درویش تھے۔ جن کی دینی، ادبی علمی اور ملّی خدمات کا ایک زمانہ معترف ہے۔ آپ نے انہی کے زیر سایہ علم طب کا آغاز کیا پہلے خاندانی طبی و اسلامی کتب سے آگاہی ہوئی میٹرک کرنے کے بعد جے وی کا کورس کر کے شعبہ تعلیم کیساتھ ساتھ طبّ کے رموز و نکات سے روشناس ہوئے۔ آپ کے والد نے آپ کو علم نباتات، اسرار نبض اور خواص ادویہ کے ساتھ ساتھ عملی مطب کی تعلیم دی۔ طبی بورڈ کیطرف سے درجہ اوّل میں رجسٹریشن کے بعد آپ نے قصبہ جاتلاں سکھ چین پور میں مطب شروع کیا۔

آپ کے ماہر طبیب ہونے کے ساتھ ساتھ علاقہ کی مختلف سماجی اور ادبی تنظیموں کے سرگرم رُکن ہیں۔

حکیم عبدالواحد ظفر ہاشمی ولد فیروزالدین
بمقام سکھ چین پور تحصیل و ضلع میرپور

مجرّبات

برائے سل و دق: اجزاء و ترکیب ساخت: گل ارمنی، گل مختوم، نشاستہ، گل سرخ، طباشیر، شادنج

مغسول ہر ایک ایک تولہ۔ کتیرا چھ ماشہ۔ خاکستر سرطان چھ ماشہ رُب السوس چھ ماشہ۔ جملہ ادویہ سفوف بنالیں۔

مقدار خوراک: ایک ماشہ صبح وشام ہمراہ بدرقہ مناسب۔

فوائد: سِل و دق کھانسی نفث الدم وجملہ امراض سینہ میں معمول مطب ہے۔

اکسیر الامراض: اجزاء وترکیب ساخت: سنبل الطیب ساذج ہندی جنطیانہ رُومی۔ فلفل سیاہ ریوند چینی جملہ ادویہ ہموزن دو دو تولہ شہد چالیس تولہ میں بطریق معروف معجون بنالیں۔

مقدار خوراک: نو ماشہ ہمراہ عرق مکو کاسنی۔

فوائد: عظم جگر وطحال، اورام، بخار کہنہ۔ صفراء ضیق النفس وملیریا میں مفید ومجرب ہے۔

برائے پیچش: اجزاء وترکیب ساخت: زیرہ سیاہ چھ ماشہ۔ الائچی سیاہ چھ دانہ۔ گلقند پانچ تولہ چٹنی بنالیں

فوائد: پیچش صادق یا کاذب دونوں میں مفید ومجرب ہے۔

برائے سنگ گردہ: اجزاء وترکیب ساخت: مغز تخم خربزہ تولہ خیارین تولہ۔ گوکھرو تولہ ملٹھی تولہ برگ سنار مکی مصفیٰ تولہ۔ سنگ یہود ماشہ۔ تخم کرفس چھ ماشہ مصری کوزہ چھ تولہ پیسکر سفوف بنالیں۔

مقدار خوراک: ادویہ بارہ خوراکیں بنالیں ایک خوراک صبح و شام ہمراہ شربت بزوری۔

فوائد: سنگ گردہ کے اخراج میں مفید ہے۔

ممسک ومقوی: اجزاء وترکیب ساخت: مشک ایک ماشہ عنبر اشہب ۱ ماشہ، زعفران تین ماشہ۔ افیون تین ماشہ مصطگی رُومی تولہ۔ مایہ شتر اعرابی تولہ۔ روغن بھنگ نو ماشہ جوہر اذراقی (نکس وامیکا) تین ماشہ۔ مغز بادام ۱ تولہ۔ عرق گلاب میں سحق کرکے یکصد پچاس گولیاں بنالیں۔

مقدار خوراک: ایک گولی روزانہ یا بوقت ضرورت

فوائد: ممسک ومقوی اعلیٰ ہے۔

حکیم محمد اکرم گھمن

آپ ۱۹۳۸ء کو ضلع گجرات کے گاؤں کریم داد میں پیدا ہوا۔ دادیال ضلع سرگودھا میں وہیں پرورش پائی۔ آغاز جوانی میں فوج میں بھرتی ہوگئے دو سال بعد وہاں سے مُلازمت چھوڑ کر پولیس کی سروس اختیار کرلی۔ اپنے تایا جوکہ پنسار کے ساتھ ساتھ عملی مطب کرتے تھے دورانِ ملازمت ہی ہومیو پیتھک کی لگن سے متاثر ہوکر طب کی طرف مائل ہوئے۔ ہومیو پیتھک کی باقاعدہ تعلیم حاصل کی چونکہ پُرانے حکماء کے اکثر قصے کہانیاں ذہن پر نقش تھے اس کو جاننے کیلئے طب کی باقاعدہ تعلیم ہمدرد کالج کراچی سے حاصل کی۔ اب آپ اللہ تعالیٰ کے کرم اور اپنے اساتذہ کرام کی دُعاؤں کے صدقے خلق خدا کی خدمت میں مصروف ہیں۔

حکیم محمد اکرم گھمن ولد کرم حسین گھمن
موضع ڈڈیال خورد ضلع میر پور (آزاد کشمیر)

مجرّبات

اکسیر مخلوط: اجزاء وترکیب ساخت: گٹو دنتی حسب ضرورت کا ایک صاف شفاف ٹکڑا لیکر اُسے پانی میں بھگولیں اور پسے ہوئے نمک کی ایک ہلکی سی تہہ جما کر اپلے کوئلوں کے درمیان دیں جن سے خستہ ہوسکے۔ یہ کشتہ ایک پونڈ۔ اسپرین ۴ اونس۔ گولیاں کلورفنرامائن ۵۰۰ عدد۔ گولیاں

وٹامن سی ۵۰۰ عدد یہ تمام باریک پیس لیں جو تیار ہے۔

مقدار خوراک: ۴ رتی سے ماشہ ہمراہ چائے، دودھ گرم پانی۔

فوائد: دردسر، نزلہ، زکام، کھانسی، بخار موسمی ملیریا، الرجی، پتی اچھلنا، جریان، خون، کثرت حیض و نفاس میں نہایت مفید ہے۔

سفوف اکسیر مستورات: اجزاء و ترکیب ساخت: ابہل سداب، مرمکی، کالی زیری ہموزن سفوف بنائیں۔

مقدار خوراک: ایک ماشہ ہمراہ گرم پانی دن میں تین مرتبہ برائے ادرار حیض و نفاس اخراج مشیمہ نہایت مفید ہے۔ اور مسقط جنین ہے۔

اکسیر جریان: اجزاء و ترکیب ساخت: پھٹکڑی سفید حسب ضرورت چونے کے ڈابوں میں رکھ کر بریاں کرلیں۔ بعدہ سفوف کرکے رکھ لیں۔ جریان احتلام اور سرعت کیلئے نہایت مفید ہے ہمراہ شیر ۴ رتی تک دیں۔

حکیم اختر الزمان غوری

آپ ۱۹۴۴ء کو ٹنڈو جان موضع تھرپارکر سندھ میں پیدا ہوئے۔ والد گرامی دارالعلوم دیوبند کے فاضل تھے انہوں نے شیخ الہند کا زمانہ پایا۔ آپ نے ابتدائی دینی و طبی تعلیم والد گرامی سے حاصل کی۔ حکیم مولانا سلیم اللہ خان صاحب سے طبی کتب پڑھیں جو کہ حکیم کبیر الدین صاحب کے ہم درس اور رفیق تھے بعد ازاں حکیم کبیر الدین صاحب کے ہمراہ مسیح الملک حکیم اجمل خان صاحب کے ہاں تشریف لے گئے اور مدرسہ طبیہ میں بطور استاد خدمات انجام دیں رُوحانی تکمیل کیلئے حضرت پیر مہر علی شاہؒ سے بیعت ہوئے ۱۹۰۲ء میں خلافت حاصل کرکے آبائی گاؤں رتہ سے سندھ تشریف لے گئے اور یہاں تقریباً ستر سال تک آپ کا فیض جاری رہا۔ پچھتر میں واپس میرپور آکر دواخانہ کی بنیاد رکھی۔ اور ۱۹۸۲ء میں ۱۰۷ سال کی عمر میں وصال ہوا۔ حکیم اختر الزمان غوری نے ایسی بلند مرتبہ ہستیوں کے زیر سایہ فن طب کی تکمیل کی آپ نے ابتدائی تعلیم کے بعد سندھ طبیہ کالج سے فاضل طب و الجراحت کی سند امتیازی حیثیت سے حاصل کی اسکے علاوہ آپ نے بی اے فاضل عربی اور علوم اسلامیہ کی اسناد بھی حاصل کیں۔ عملی مطب کے علاوہ آپ علاقہ کی مختلف سماجی تنظیموں اور دینی اداروں کی سرپرستی فرماتے ہیں۔ جن میں دینی تعلیم کے علاوہ علاج معالجہ کی سہولیات بلامعاوضہ فراہم کی جاتی ہیں آپ متعدد بار بیرون ملک تبلیغی دورے کرچکے ہیں اور شاہی مہمان کے طور پر حج کی سعادت بھی حاصل کرچکے ہیں۔

حکیم اختر الزمان غوری ولد مولانا حکیم محمد حیات علی چشتیؒ
الحیات دواخانہ میرپور، آزاد کشمیر

مجربات

اکسیر عجیب: اجزاء و ترکیب ساخت: مکھاں تیرہ تولے پوٹلی میں نرم باندھ کر دو سیر شیر گاؤ میں لٹکائیں۔ جب دودھ منجمد ہوجائے تو پوٹلی نکال لیں اور مکھاں سایہ میں خشک کرکے باریک سفوف بنالیں۔

مقدار خوراک: ۳ ماشہ ہمراہ شیر گاؤ بوقت شب۔
فوائد: انتہائی ممسک ہے نعوظ پیدا کرتی ہے بلغمی مزاج مریضوں کیلئے زیادہ مفید ہے۔

برائے گردہ ومثانہ: اجزاء وترکیب ساخت: مجیٹھ تین ماشہ، تخم قرطم تین ماشہ سفوف بنالیں۔
استعمال: ایک کپ گرم پانی میں جوش دیکر صبح وشام پلائیں۔
فوائد: ضعف گردہ، بلڈیوریا، پیشاب کی کمی اور ورام بدن میں مفید ہے۔

حکیم محمد امجد انصاری

حکیم محمد امجد انصاری ایک نوجوان طبیب ہیں۔ آپ علاقہ کے معروف معالج حکیم الحاج محمد عبداللہ انصاری کے فرزند ہیں۔ ابتدائی تعلیم میرپور آزاد کشمیر سے حاصل کی۔ چونکہ فن طب آپ کا آبائی شعبہ ہے۔ لہٰذا طب کی اعلیٰ تعلیم کے لئے اجمل طبیہ کالج میں داخل ہوئے اور ۱۹۹۰ء میں فاضل الطب والجراحت کا امتحان امتیازی حیثیت سے پاس کیا۔ دوران تعلیم آپ تحصیل علم کے علاوہ طلباء کی مختلف سماجی تنظیموں کے روح رواں رہے۔ طب کے علاوہ آپ نے ہومیوپیتھی طریقہ علاج کی سند حاصل کی اور چینی طریقہ علاج آکوپنکچر میں بھی مہارت حاصل کی۔ علوم وفنون میں گہری دلچسپی کے علاوہ آپ عملی طب کے ذریعے خدمت خلق میں مصروف ہیں۔

طبی ڈائریکٹری

حکیم محمد امجد انصاری ولد حکیم الحاج محمد عبداللہ انصاری
انصاری دواخانہ پرانی ہٹیاں میرپور آزاد کشمیر

مجربات

دوائے آتشک: اجزاء وترکیب ساخت: بیخ حنظل، بادیان ہموزن سفوف بنالیں۔
مقدار خوراک: چار ماشہ ہمراہ آب مریض کو پہلے کھچڑی کھلا کر دوا استعمال کروائیں۔
فوائد: آتشک میں بے حد مفید ہے۔

مقوی دماغ: اجزاء وترکیب ساخت: خشخاش سفید ایک پاؤ، مغز بادام چار تولہ، چہار مغز دو تولہ۔ تخم الائچی خورد تین ماشہ۔ طباشیر تین ماشہ۔ فلفل سیاہ ایک تولہ، شکر سفید ڈیڑھ پاؤ، خشخاس کو رات بھر دودھ میں بھگودیں صبح گھوٹ کر دیسی گھی میں بھون لیں اور چینی کے قوام میں ملالیں بقیہ ادویہ کا سفوف داخل کریں۔
مقدار خوراک: ایک تولہ بوقت ناشتہ۔
فوائد: دل اور دماغ کو قوی کرتی ہے۔ حافظہ کیلئے انتہائی مفید ہے۔

مقوی باہ: اجزاء وترکیب ساخت: ورق نقرہ تین ماشہ تیزاب شورہ چھ ماشہ۔ دونوں شیشی میں ملاکر رکھیں۔ چند دنوں تک ورق حل ہوجائیں گے۔ بعد میں بارہ چھٹانک عرق گلاب شامل کریں۔
مقدار خوراک: دس بوند پانی میں ملاکر۔
فوائد: مقوی باہ ہے۔

حکیم خالد خان

آپ کا تعلق علاقہ خوست افغانستان سے ہے۔ ابتدائی دینی و درسی تعلیم مقامی طور پر حاصل کی۔ تعلیم سے فارغ ہو کر زمینداری اختیار کر لی۔ اسی دوران فن طب سے دلچسپی پیدا ہوئی۔ نامور اطباء سے دس سال تک فن طب کی تعلیم سبقاً و عملاً حاصل کی جن میں حکیم ڈاکٹر کاظم خان صاحب اور حکیم عبداللہ صاحب نمایاں ہیں افغانستان میں آپ کا ذاتی ہسپتال تھا۔ اب آپ میرانشاہ میں عملی مطب کے ذریعے علاقہ کے عوام کی خدمت میں مصروف ہیں۔

حکیم خالد خان ولد شیر جان
کیٹی روڈ دتہ خیل اڈہ نزد سول ہسپتال میرانشاہ وزیرستان
(ضلع بنوں)

مجربات

سفوف اکسیر جگر: اجزاء و ترکیب ساخت: ریوند خطائی پانچ تولہ۔ نوشادر پانچ تولہ۔ قلمی شورہ دو تولہ۔ کشتہ فولاد دو تولہ جملہ ادویہ سفوف بنالیں۔

مقدار خوراک: ۱ ماشہ ہمراہ شربت اکسیر جگر دو چمچ پانی ملا کر صبح دوپہر شام۔

شربت اکسیر جگر: اجزاء و ترکیب ساخت: تیزپات دس تولہ زنجبیل دس تولہ۔ ترپھلہ دس تولہ۔ اجوائن دیسی دس تولہ۔ پودینہ خشک دس تولہ۔ دارچینی عقربی دس تولہ۔ فری ایٹ امونیا سائٹراس پندرہ تولہ۔ ٹنکچر نکس وامیکا دس تولہ۔ چینی دس سیر۔ جملہ ادویہ پندرہ سیر پانی میں بھگو کر صبح بارہ سیر عرق کشید کریں۔ پھر اس عرق میں چینی ملا کر قوام درست کریں اور ٹنکچر نکس وامیکا اور فیری ایٹ امونیا سائٹراس ملالیں بس تیار ہے۔

مقدار خوراک: دو چمچے بعد از غذا۔

حب اکسیر: اجزاء و ترکیب ساخت: حب تنکار چھ ماشہ سہاگہ بریاں چھ ماشہ۔ جوکھار چھ ماشہ۔ نوشادر چھ ماشہ۔ نمک سیاہ ایک تولہ۔ نمک سفید ایک تولہ۔ نمک سانبھر ایک تولہ۔ زنجبیل دو تولہ۔ فلفل سیاہ دو تولہ۔ پوست ہلیلہ زرد چار تولہ۔ آملہ مقشر چار تولہ۔ جملہ ادویہ سفوف بنا کر آب لیموں میں کھرل کر کے حبوب نخودی بنالیں۔

مقدار خوراک: دو گولی صبح و شام ہمراہ سفوف اکسیر جگر و شربت اکسیر جگر۔

فوائد: درج بالا نسخہ جات جملہ امراض معدہ و جگر کا مجرب معالجہ ہے۔

اکسیری تحفہ: اجزاء و ترکیب ساخت: شنگرف رومی ایک تولہ روغن زرد بیس تولہ۔ زردی بیضہ مرغ اکیس عدد۔ جند بیدستر تین ماشہ۔ زعفران اصلی چھ ماشہ۔ مصری بیس تولہ شنگرف کو باریک کھرل کر کے زردی بیضہ مرغ ایک ایک ملا کر کھرل کریں حتیٰ کہ زردیاں خشک ہو جائیں پھر گھی میں بریاں کریں اور جملہ اجزاء شامل کر کے مصری کا قوام بنائیں اور اس میں شامل کریں

مقدار خوراک: ایک رتی ہمراہ دودھ

فوائد: مقوی باہ و اعضائے رئیسہ ہے محرک و ممسک ہے۔

معجون مقوی باہ: اجزاء و ترکیب ساخت: ثعلب مصری دو تولہ۔ خراطین مصفی ایک تولہ جائفل ایک تولہ۔ جلوتری ایک تولہ۔ عقرقرحا چار تولہ۔ ریگ ماہی ایک تولہ زعفران چھ ماشہ۔ ورق نقرہ ایک تولہ۔ شہد چالیس تولے بطریق

معروف معجون بنالیں۔

مقدار خوراک: چار ماشہ صبح وشام ہمراہ دودھ۔

فوائد: مقوی باہ ہے کرم منی کی افزائش کرتی ہے۔

سفوف مغلظ ومقوی: اجزاء وترکیب ساخت: خصیہ بکرا آدھ پاؤ، مغز بکرا آدھ پاؤ، نبات مصری ایک پاؤ۔ تمام اجزاء کو ملا کر ہاتھوں سے اچھی طرح مسل لیں پھر کپڑے سے چھان لیں تاکہ ریشے وغیرہ سے صاف ہو جائے۔ صاف شدہ مواد پنکھے کی ہوا سے خشک کرلیں اور ثعلب مصری دو تولہ، موصلی دو تولہ، کشتہ قلعی دو تولہ۔ باریک کرکے شامل کرلیں۔

مقدار خوراک: تین ماشہ صبح وشام ہمراہ دودھ۔

فوائد: مغلظ ومقوی ہے۔ جریان احتلام وسرعت انزال میں مفید ہے کرم منی کی افزائش کرتا ہے۔

حکیم صراف خان

آپ پندرہ فروری ۱۹۱۵ء کو چارسدہ میں پیدا ہوئے ابتدائی دینی ودرسی تعلیم کے بعد طب کی طرف مائل ہوئے۔ نامور اطباء اور ڈاکٹر حضرات سے مطب کا عملی تجربہ حاصل کیا اور ۱۹۳۵ء سے ذاتی مطب شروع کیا۔ ۱۹۶۵ء میں بورڈ آف یونانی اینڈ آیورویدک سسٹم آف میڈیسن کے تحت رجسٹرڈ ہوئے۔ آپ کو بائیوکیمک طریقہ علاج پر بھی عبور ہے۔ اور سند یافتہ ہیں آپ ایک خداترس دیندار اور ماہر طبیب کی حیثیت سے خدمت خلق میں مصروف ہیں۔

حکیم صراف خان ولد غلام رسول
دواخانہ بازار، چارسدہ (سرحد)

مجربات

برائے سوزاک: اجزاء وترکیب ساخت: سرد چینی، قلمی شورہ، روغن صندل، روغن گندہ بیروزہ ہر ایک ایک تولہ حبوب بقدر نخود تیار کرلیں۔

مقدار خوراک: ۱ گولی صبح دوپہر شام ہمراہ لسی۔

فوائد: سوزاک میں مفید ہے۔

برائے یرقان: اجزاء وترکیب ساخت: بادیان آدھ چھٹانک، کشنیز خشک آدھ چھٹانک، انار دانہ آدھ چھٹانک جملہ ادویہ لنگری میں ڈال کر پانی مدد سے رگڑیں۔ تھوڑا تھوڑا پانی آدھ سیر تک شامل کریں بعد ازاں پُن چھان کر پانی سے لیں۔

مقدار خوراک: دن میں تین مرتبہ ایک پیالی پانی۔

فوائد: یرقان میں مفید ہے (دوائی ہر روز تازہ بنائیں)

حکیم عبدالحق

آپ ۱۹۵۷ء کو ضلع مردان کے ایک چھوٹے سے گاؤں "بوسی" کے ایک شوائی سادات گھرانے میں پیدا ہوئے ابتدائی دینی و درسی تعلیم مقامی طور پر حاصل کی بعد ازاں آپکے والد گرامی ضلع دیر میں رہائش پذیر ہوگئے۔ دینی تعلیم کے ساتھ ساتھ میٹرک کا امتحان پاس کرکے فن طب کیطرف راغب ہوئے۔ آپ کے سسر طبیب حاذق حکیم مولوی منہاج عرف حکیم پر خوستنہ کلکتہ نے طب کی تعلیم دی اور سبقاً وعملاً راہنمائی کی۔ طب کی تعلیم سے فارغ

ہوکر علی مطب کے ذریعے خدمت خلق میں مصروف ہوئے۔

حکیم عبدالحق ولد مولوی ساز محمد
محلہ گلباز کالونی ڈاک خانہ معیار، علاقہ جندول تحصیل ثمر باغ
ضلع دیر

مجرّبات

برائے کہنہ سعال: اجزاء و ترکیب ساخت: زاج ابیض بریاں ایک تولہ۔ چینی ایک پاؤ۔ خوب میدہ کی طرح غبار بنالیں۔

مقدار خوراک: آٹھ ماشہ نہار منہ و شام ہمراہ شیر ایک پاؤ

فوائد: جملہ اقسام سعال میں پندرہ یوم کا مجرب علاج ہے

عرق النساء: کے لئے دھتورے کے پتے پانی میں جوشاؤ اور گرم گرم باندھ کر دو انشاء اللہ درد جاتا رہے گا۔ آزمودہ ہے۔

سوزاک کیلئے اکسیر: اجزاء و ترکیب ساخت: زیرہ سفید ۳ تولہ لوبان سفید ایک تولہ۔ چینی ۳ تولہ خوب سفوف کرکے چھان لیں صبح و شام ۳،۳ ماشہ مریض کو ایک گلاس لسی سے کھلائیں۔ نہایت فائدہ مند اور آزمودہ ہے۔

معدہ کی جلن: کیکر کے پھول اور نمک لاہوری سادی سفوف بنا کر کھائیں ۶،۶ ماشہ کی مقدار کھا دیں پانی کے ساتھ مجرب اور آزمودہ ہے۔

خفقان، مراق، جنون کیلئے: لیموں کے چھلکے رات کو پانی میں بھگودیں اور اندازہ ۳ ماشہ چھلکے اور آدھ پاؤ پانی صبح مل چھان کر چینی حسب ذائقہ ملاکر شیریں کریں مریض کو پلادیں چند دفعہ ایسا کریں اور خدا کے فضل کا تماشہ دیکھ لیں۔

بے خوابی کیلئے: بے خوابی کیلئے بکری کا دودھ ہاتھ اور پاؤں کے تلووں پر مالش کرنا نیند کے لانے میں عجیب ہے۔ مجرب اور آزمودہ ہے۔

برائے احتلام، جریان: اجزاء و ترکیب ساخت: موصلی سیاہ ۲ تولہ۔ موصلی سفید ۲ تولہ۔ بہمن سفید ۲ تولہ۔ طباشیر ۲ تولہ۔ سمندر سوکھ ۲ تولہ۔ چینی ۴ تولہ۔ یہ تمام اجزاء خوب پیس کر سفوف بنادیں۔

مقدار خوراک: آٹھ ماشہ۔ روزانہ ایک پاؤ دودھ کے ساتھ میرا خود یقیناً آزمودہ ہے۔

ہر قسم کی بلغمی دردوں کے لئے: اجزاء و ترکیب ساخت: مثلاً وجع المفاصل، وجع الورک نقرس، عرق النساء کیلئے اکسیر ہے۔ افیون ۳ ماشہ۔ شنگرف ۲ ماشہ میٹھا تیل ایک تولہ۔ چاکسو ایک تولہ۔ مرچ سیاہ ایک تولہ۔ اجوائن دیسی ایک تولہ۔ رسوت ایک تولہ۔ سب کو باریک پیس کر ملائیں اب اکسن بوٹی میں کھرل کرکے چنے کے برابر گولیاں بنائیں۔ ایک گولی صبح اور ایک شام مرغ کے شوربا سے کھا دیں مگر شوربا جو ہو وہ بے نمک ہو۔

برائے ملیریا: اجزاء و ترکیب ساخت: مغز کرنجوہ ۱۰ تولہ کافور ایک تولہ۔ گیرو ۳ ماشہ۔ تمام اجزاء کھرل باریک چھان لیں ملیریا کیلئے یہ تو عجیب ٹوٹکہ ہے اور میرا آزمودہ ہے۔

استعمال: ۲ رتی صبح، شام ہمراہ عرق بادیان ۳ ماشہ اور بعد میں ایک تولہ یا ½۲ تولہ عرق گاؤزبان دیں۔

برائے اختلاج القلب: اجزاء و ترکیب ساخت: کبابہ ایک تولہ۔ کشنیز خشک ایک تولہ۔ صندل سفید ایک تولہ۔ طباشیر تولہ۔ چینی

آدھ سیر۔ یہ سب اجزاء کوٹ چھان کر سفوف بنا دیں۔ ۱۰ ماشہ صبح اور ۱۰ ماشہ عصر کو ایک گلاس دودھ کی لسی کے ساتھ کھا دیں مگر لسی میں اسپغول سالم تین چمچ ضرور ڈال کر پئیں۔ اختلاج القلب اور اختلاج المعدہ کے لئے آزمودہ نسخہ ہے۔

اٹھرا کا مجرب نسخہ: اجزاء و ترکیب ساخت: دھمایا بوٹی ۲ تولہ، شاہترہ ۲ تولہ۔ باریک سفوف بنا دیں اور شہد کی مدد سے گولی بنا کر گولی بنا کر روزانہ ایک گولی کھا دیں۔ اس علاج سے بچہ اٹھرا کے عارضہ سے محفوظ رہتا ہے قبل از وقت اسقاط نہیں ہوتا۔ مجرب ہے۔

اکسیر اسقاط: اسقاط کو روکنے کیلئے بے نظیر دوائی ہے اسکے استعمال سے ہمیشہ کے لئے اسقاط رفع ہو جاتی ہے۔

نسخہ: الائچی کلاں ۲ تولہ، سنگجراحت ۲ تولہ۔ گل ببول ۸ تولہ، کھانڈ ۸ تولہ، مروارید ناسفتہ ایک ماشہ۔ پہلے مروارید کو لیموں کے رس میں کھرل کریں بعد میں جملہ ادویات کا سفوف بنائیں۔

مقدار خوراک: چھ ماشہ صبح۔ چھ ماشہ شام۔ دن میں دو دو بار ہمراہ دودھ جب حمل شروع ہو تو یہ دوا شروع کریں۔ پندرہ دن تک استعمال کریں اور پھر چھٹے یا ساتویں ماہ میں پھر پندرہ دن تک استعمال کریں۔

حکیم مولوی منہاج

آپ ۱۹۰۱ء ضلع صوابی کے مقام پر جہانگیرہ کے ایک شوانی سادات گھرانہ میں پیدا ہوئے ابتدائی دینی و درسی تعلیم اپنے چچا جان سے حاصل کی۔ بعد سراج گنج جالندھر میڈیکل کالج سے طبیب حاذق کا ڈپلومہ کیا۔ اور مولانا اشرف علی تھانویؒ کی خدمت میں تین سال گزارے اور روحانی فیض حاصل کیا۔ پھر اپنے گاؤں آ کر مطب شروع کیا۔ کچھ عرصہ بعد مقام پڑخو علاقہ تخت بھائی میں مطب شروع کر لیا۔ بعد ازاں علاقہ میار جندول میں خدمت خلق میں مصروف ہوئے۔ آپ علاقہ میں حکیم پڑخو کے نام سے معروف ہیں۔ آپ کو امراض دماغی کے معالجہ پر خصوصی مہارت کے علاوہ علم القرآن۔ علم احادیث۔ علم فقہ، منطق، صرف و نحو۔ رمل اور نجوم پر عبور حاصل ہے۔

حکیم حاذق مولوی منہاج عرف پڑخو حکیم ولد محمد عبد [illegible]
مقام و ڈاک خانہ میار علاقہ جندول محلہ گلبہار کالونی
تحصیل ثمر باغ۔ ضلع دیر (سرحد)

مجربات

معجون کثیر الفوائد: اجزاء و ترکیب ساخت: جنطیانہ رومی، فلفل سیاہ۔ قسط شیریں، مصطگی، بسباسہ [illegible]، سنبل الطیب، ریوند چینی ہر ایک تولہ، شہد مصفیٰ جملہ ادویہ کے ہموزن۔

مقدار خوراک: صبح و شام چھ ماشہ۔
فوائد: درد معدہ و جگر کے علاوہ ریگ گردہ و مثانہ میں مفید ہے

برائے احتلام: اجزاء و ترکیب ساخت: تخم کاہو، کشنیز خشک، ثعلب مصری، دودھی بوٹی جملہ ادویہ سفوف بنالیں۔
مقدار خوراک: پانچ پانچ گرام صبح و شام۔
فوائد: ذکاوت حس و احتلام میں مفید ہے۔

حکیم مولوی رحمٰن گل

آپ ایک متوسط گھرانے [illegible] میں پیدا ہوئے۔ بچپن میں [illegible] بزرگوار کا انتقال ہو گیا تو آپ نے اپنے چچا جان مولوی حسن [illegible] صاحب کی زیرِ سرپرستی دینی و درسی تعلیم حاصل [illegible] دینی درس گاہوں سے صرف و نحو، منطق [illegible] فلسفہ کے علاوہ دورہ حدیث مولوی [illegible] وفاق المدارس العربیہ ملتان سے فارغ التحصیل ہوئے۔ اس کے بعد [illegible] حکماء سے درسی و عملی اکتساب کیا [illegible] طب [illegible] سے آگاہی حاصل کی۔ تجربے سے فارغ ہو کر [illegible] مطب [illegible] کے ذریعے خدمتِ خلق میں مصروف ہوئے۔ آپ تحریک [illegible] طب [illegible] سے وابستہ ہیں اور [illegible] قدر منزلت رکھتے ہیں۔

حکیم مولوی رحمٰن گل ولد [illegible]

دواخانہ [illegible] صحت [illegible]

مجربات

نسخہ تبخیر: اجزاء وترکیب ساخت: ہلیلہ زرد ایک تولہ، ہڑ [illegible] ایک تولہ، سونف ایک تولہ، سناءمکی [illegible] تولہ۔

ترکیب ساخت: پہلے خوب پیس کر یک جان کر لیں۔ چار تولہ چینی سفید شامل کر کے خوب حل کریں۔

مقدار خوراک: نصف تولہ کھانا کھانے کے بعد استعمال کریں مجرب ہے۔

سفوف مسکن: اجزاء وترکیب ساخت: اگر دپوست بندق ہندی ایک تولہ، سلاجیت دو ماشہ، سقمونیا ولائتی ایک تولہ، کافور تین ماشہ، زعفران تین ماشہ، پوٹاشیم برومائیڈ ڈیڑھ تولہ سفوف بنالیں۔

مقدار خوراک: چار رتی صبح وشام۔

فوائد: سدر اور دوار، دردِ سر میں سریع الاثر ہے۔

برائے سوزاک: اجزاء وترکیب ساخت: گندہ بیروزہ دو تولہ، لوبان نو ماشہ۔ بیروزہ کو برتن میں ڈال کر اتنا دھوئیں کہ سفید ہو جائے لوبان ملا کر بمقدار ایک ماشہ حب بنالیں۔

مقدار خوراک: ایک گولی ہمراہ مکھن۔

فوائد: سوزاک جدید وکہنہ میں انتہائی مجرب ہے۔

اکسیر برص: اجزاء وترکیب ساخت: کافور ایک تولہ، گندھک آملہ سار ایک تولہ، مٹی کا تیل حب ضرورت خوب باہم کھرل کر کے مثل مرہم بنالیں۔ داغوں کو رگڑ کر سرخ کر کے صبح وشام لیپ کریں۔ اور سات روز تک پانی لگنے سے بچائیں۔

سفوف دیدان: اجزاء وترکیب ساخت: کمیلہ تین ماشہ، باؤ بڑنگ ایک ماشہ، پودینہ خشک ایک ماشہ، سناءمکی ایک ماشہ سفوف بنالیں۔

مقدار خوراک: دن میں دو مرتبہ ہمراہ آب۔

فوائد: دیدان امعاء میں مجرب ہے۔

فوائد : دائمی قبض اوجاع المفاصل تبخیر معدہ بدہضمی کیلئے آسان معمول مطب ہے۔

اکسیر معین حمل: پھر لاکھ مقدار چار رتی اس کے ساتھ برابر وزن سوڈا بائیکارب شامل کریں یہ ایک خوراک ہے۔

حیض کی تیسری رات میں دودھ کے ساتھ پھانک دیں

فوائد : عجیب آسان اور بارہا کا مجرب نسخہ ہے اسے اکثر زنانہ جو کہ رحم کے فرج ہونے سے یعنی رحم کی ٹھنڈک کیوجہ سے حمل نہیں ٹھہرتا ہو اس کیلئے اکسیر کا حکم رکھتا ہے

برائے قوت باہ: (معمول مطب) اجزاء وترکیب ساخت : کشتہ ازراقی ایک تولہ۔ فلفل دراز ار تولہ۔ فلفل گرد ایک تولہ۔ چھتر بوٹی ایک تولہ۔ کشتہ فولاد قسم اعلیٰ چار رتی۔

ترکیب ساخت : پہلے ادویات خوب سفوف کریں۔ پھر کشتہ فولاد شامل کریں۔ شہد کے ذریعے بمقدار نخود حب تیار کریں ورق چڑھائیں۔

مقدار خوراک : ۲ گولی صبح وشام کھانے کے بعد استعمال کریں۔

فوائد : اعصاب کی کمزوری جریان، احتلام و سرعت انزال میں مفید ہے۔

حکیم شمشاد یوسف زئی

آپ ۱۹۵۴ء کو موضع کوزہ بخوتی تحصیل بحرین میں پیدا ہوئے ابتدائی دینی و درسی تعلیم مقامی طور پر حاصل کی میٹرک کا امتحان ہائی سکول بدین سے پاس کیا اور ڈگری کالج مٹہ میں داخلہ لیا۔ ایف ایس کرنے کے بعد بدین میں حکیم مفتی صادق انیس صاحب کے مشورے پر ہمدرد طبیہ کالج کراچی میں داخلہ لیا اور فاضل الطب والجراحت کی سند حاصل کی۔ تعلیم مکمل کرکے بدین میں ذاتی مطب شروع کیا۔ بعد ازاں بحرین منتقل ہوکر خدمت خلق میں مصروف ہوئے آپ علاقہ میں ایک ماہر طبیب اور سماجی کارکن کی حیثیت سے عزت کی نگاہ سے دیکھے جاتے ہیں۔ آپ علاقہ کے ناظم صلوٰۃ کے علاوہ کونسلر منتخب ہو چکے ہیں۔ سماجی بہبود، خدمت خلق اور اشاعت دین آپکی زندگی کا نصب العین ہے۔

حکیم شمشاد یوسف زئی ولد خیر محمد
کوہ سوات دواخانہ بحرین ضلع سوات

مجرّبات

پٹی مجرب برائے عرق النساء: عرق النساء کے حتمی علاج کے بعد میں ایک پٹی بنا کر باندھ لیتا ہوں جو کہ بہت سے مریضوں کے لیے اکسیر ثابت ہو چکی ہے۔ لہسن نیم کوب کر کے پٹی پر رکھ دیں اس کے اوپر کاربالک ایسڈ معمولی معمولی لگائیں تاکہ لہسن کی رنگت میں فرق آجائے پھر اسکو ٹخنے کے پاس باندھ لیں۔ دوسرے دن اتار دیں تو وہاں پر ایک ابلا پڑے گا۔ ابلے کو نشتر سے کاٹ دیں اور پھر اسی طرح چھوڑ دیں۔ پیپ نکلتا رہیگا۔ اگر خدانخواستہ پیپ معمولی ہو یا بند ہونے کا خطرہ ہو تو انجیر کی دودھ کو اس ابلے پر ڈالیں تو پیپ جاری ہوگا۔ پیپ کئی دن جاری رہیگا حتیٰ کہ درد بھی ختم ہوگا۔ اور زخم بھی ٹھیک ہو جائیگا۔ ہاں ایک خاص یہ ہے کہ پٹی باندھنے کے بعد مریض کو آبلے کے بننے کا بالکل پتہ نہیں لگے گا۔

کھانے کو رات معجون سورنجان دیدیں اور اسکے ساتھ کوئی سی مجموع الجایتین کی گولی بھی دے دیں۔ اگر مسہل کی ضرورت ہو تو مسہل بھی دے سکتے ہیں۔

اکسیر پیچش: اجزاء و ترکیب ساخت: موچرس ۱ حصہ گیرو ۲/۱ حصہ۔ گل ارمنی ۲/۱ حصہ۔ پوست خشخاس ایک حصہ سفوف بنا کر سب دوائیں ملائیں اور ۲ رتی کی گولیاں بنالیں اور صبح و شام تازہ پانی کے ساتھ استعمال کریں۔ ہر قسم کی پیچش کے لئے مفید ہے۔

برائے امساک: اجزاء و ترکیب ساخت: عاقر قرحا ۲ تولہ۔ قرنفل ۲ تولہ۔ جاوتری افیون ۱ تولہ۔ زعفران ۱ تولہ۔ سب کو کوٹ چھان کر شہد میں ملا کر چنے کے برابر گولیاں بنائیں۔ بوقت ضرورت ایک گولی دو گھنٹہ قبل دودھ سے کھائیں۔ امساک کیلئے بینظیر تحفہ ہے۔

سفوف وجع المفاصل: اجزاء و ترکیب ساخت: سورنجان شیریں ۵ تولہ۔ کشنیز خشک ۵ تولہ۔ اسپرین پوڈر ۲/۱ ۲ تولہ۔ فلفل دراز ۲ تولہ۔ کوٹ چھان کر ۴ ماشہ صبح و شام ہمراہ آب تازہ کھائیں۔

نسخہ: اجزاء و ترکیب ساخت: درد سینہ اور ریحی (یعنی بادی) امراض میں مجرب اور مستعمل ہے موم مسی۔ مربان۔ مصطگی۔ سورنجان شیریں۔ ہلیلہ زرد۔ سنا مکی ہموزن کوٹ چھان کر (علیحدہ علیحدہ) ملا کر بقدر نخود گولیاں بنائیں۔ صبح دوپہر شام دو دو گولیاں ہمراہ آب تازہ کھلائیں مجرب نسخہ ہے۔

حکیم خلیل الرحمن صدیقی

آپ کا تعلق علاقہ سوات کے معروف اعلیٰ نسب خاندان قوم ملاخیل سے ہے آپ کے آباؤ اجداد تبلیغ دین کا اہم فریضہ انجام دیتے رہے۔ آپ نے ابتدائی دینی و درسی تعلیم مقامی طور پر حاصل کی مولوی عالم اور درس نظامی کے نصاب کے ساتھ ساتھ طب کی تعلیم طبیہ کالج لاہور سے حاصل کی۔ اور زبدۃ الحکماء کی سند پائی۔ آپ ایک ماہر طبیب کے علاوہ سماجی خدمات کے حوالے سے علاقہ میں ممتاز مقام رکھتے ہیں۔ آپ طب اسلامی کی ترویج و ترقی اور علاقہ کے عوام کو علاج معالجہ کی سہولیات فراہم کرنے کے لئے ہمہ وقت کوشاں ہیں۔

زبدۃ الحکماء حکیم خلیل الرحمن صدیقی ولد حمید اللہ خان صدیقی
موضع شوخوزہ تحصیل و ڈاک خانہ مٹہ ضلع سوات

مجربات

اکسیر اعظم: اجزاء و ترکیب ساخت: پارہ۔ گندھک آملسار۔ قلعی۔ نوشادر۔ شنگرف ہموزن۔ آٹھ روز سحق بلیغ کرکے بذریعہ آتشی شیشی کوٹلہ میں رکھ کر کشتہ تیار کریں۔

مقدار خوراک: ایک سرخ صبح و شام ہمراہ مکھن۔

فوائد: قوت باہ۔ خونی و بادی بواسیر جریان۔ احتلام سرعت کے لئے مجرب ہے۔

اکسیر دیدان: اجزاء و ترکیب ساخت: کمیلہ ۱ تولہ۔ صبر ۱ تولہ۔ جلاپہ ۱ تولہ۔ سنتونین ۲/۱ تولہ۔ سفوف بنا کر رکھیں تیار ہے۔

مقدار خوراک: ۲ ماشہ رات کو سوتے وقت۔

فوائد: قاتل کرم شکم ہے۔

اکسیر جریان: اجزاء و ترکیب ساخت: ریوند چینی پاؤ بھر کو سفوف کریں۔ نصف سفوف کو لوہے کی کڑھائی میں رکھیں۔ بعد ازاں پارہ ایک تولہ درمیان میں رکھیں۔ اُوپر سے باقی نصف سفوف ڈالیں۔ جب آگ پر رکھ کر سفوف راکھ ہو جائے تو نیچے اتار کر کام میں لائیں۔

مقدار خوراک: ۲ چاول صبح و شام مکھن میں رکھ کر کھائیں۔

فوائد: جریان ختم ہوگا۔

حکیم شمس الرحمٰن

آپ نے ابتدائی دینی و درسی تعلیم مکمل کر کے اپنے والد محترم حکیم عبدالخالق سے درسِ نظامی مکمل کیا۔ بعد ازاں مدرسہ عربی (رامپور، بھارت) اور اجمیر شریف میں نظام دکن کے قائم کردہ مدرسہ کے علاوہ بادشاہی مسجد جیسی عظیم درس گاہوں سے دینی تعلیم مکمل کی۔ پھر انجمن حمایت اسلام لاہور کے قائم کردہ طبیہ کالج سے ۱۹۵۴ء میں طب کی سند حاصل کی۔ دورانِ تعلیم حضرت شفاء الملک قرشی پرنسپل طبیہ کالج سے خصوصی وابستگی رہی۔ پھر عملی مطب کا تجربہ حاصل کرنے کے لیے قومی دواخانہ دل محمد روڈ سے وابستہ رہے۔ آپ نے تحریک پاکستان میں آفتاب طب حکیم آفتاب قرشی کے ساتھ شب و روز گرانقدر خدمات انجام دیں۔ آپ کو سابق حکمران سوات اعلیٰ حضرت میجر جنرل ہز ہائی نیس گل جہانزیب صاحب کیطرف خصوصی شاہی سندِ طبابت عطا ہوئی۔ ۱۹۷۷ء میں آپ کو بطور ایریا حکیم برائے بہبود آبادی پروگرام مقرر کیا گیا آپ کے علمی ادبی اور تحقیقی مضامین ملک کے مختلف قومی جرائد میں شائع ہوتے رہتے ہیں۔ آپ طبی سیاست میں بھی ایک اہم مقام رکھتے ہیں۔ آپ ایک ماہر طبیب کے علاوہ علاقہ اعلیٰ سماجی مقام رکھتے ہیں۔ خدمتِ خلق اور خدمتِ فن آپ کی زندگی کا شعار ہے۔

حکیم شمس الرحمٰن ولد حکیم عبدالخالق
سکنہ باماخیلہ تحصیل مٹہ ضلع سوات

حکیم حمد اللہ

آپ یکم جنوری ۱۹۳۰ء میں پیدا ہوئے۔ ابتدائی دینی تعلیم مکمل کرنے کے بعد ۱۹۴۹ء میں میٹرک کا امتحان پاس کیا۔ اس کے بعد اردو عربی اور فارسی پر عبور حاصل کیا۔ فن طب آپ کا خاندانی سلسلہ چلا آتا ہے لہٰذا طب کی طرف مائل ہوئے اور اپنے والد گرامی سے طب کی تعلیم عملاً و سبقاً حاصل کی۔ ابتدائی کتب اور عملی مطب کی تعلیم کے ساتھ ساتھ آپ نے ادویہ سازی اور نسخہ نویسی میں بھی اپنے والد سے اکتساب کیا۔ کچھ عرصہ مطب میں انکے ساتھ کام کیا۔ رجسٹریشن ایکٹ کے تحت رجسٹرڈ ہو کر۔۔۔۔ عملی مطب کے ذریعے علاقہ کے عوام کی خدمت انجام دے رہے ہیں۔

حکیم حمد اللہ ولد حکیم فضل حسین
موضع و ڈاک خانہ سوڈھیر براہ ڈاگی تحصیل چھوٹا لاہور ضلع صوابی

مجربات

سفوف مجلوقین: اجزاء و ترکیب ساخت: تالمکھانہ بہیدانہ تخم اوٹنگن ہر ایک ایک تولہ شقاقل

معری۔ موصلی سیاہ۔ موصلی سفید ہر ایک ۲ تولہ۔ پھول مکھانہ۔ آرد سنگھاڑہ ہر ایک چار تولہ۔ کمرکس چھ تولہ۔ کھانڈ سب کے برابر علیحدہ علیحدہ باریک کرکے یک جان کریں۔

خوراک: ۹ ماشہ ہمراہ دودھ گاؤ۔ صبح وشام استعمال کریں۔

فوائد: جریان احتلام سرعت انزال میں مفید ہے۔ مغلظ مقوی اور مادہ تولید کی افزائش کے لئے مجرب ہے۔

سفوف جریان: اجزاء و ترکیب ساخت: موصلی سفید ایک تولہ، موصلی سیاہ ایک تولہ۔ ثعلب دانہ ایک تولہ، ثعلب معری ایک تولہ۔ تالمکھانہ ایک تولہ۔ بہمن سُرخ ایک تولہ، گوند کتیرا ایک تولہ۔ بہوچلی ایک تولہ، سرد چینی ایک تولہ۔ تخم اوٹنگن ایک تولہ تمام چیزوں کو کھرل کرکے محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال: روزانہ صبح وشام ۲، ۳ ماشہ دودھ کیساتھ استعمال کریں۔

پرہیز: بادی۔ لال مرچ و بڑے گوشت سے پرہیز کریں۔

نسخہ ۱: میں بھی یہی پرہیز ہے۔

فوائد: جریان کیلئے ازحد مفید ہے۔ تجربہ شدہ ہے۔

برائے خارش: اجزاء و ترکیب ساخت: ایک پاؤ بیخ آک۔ ایک پاؤ گندم۔ ایک چھٹانک تیل سرسوں دو سیر میں آک اور گندم کو کسی مٹی کے برتن میں ڈال کر منہ بند کردیں۔ کہ اسکی بھاپ باہر نہ نکلے نیچے آگ جلادیں جب پانی تین پاؤ رہ جائے۔ تو اتار لیں۔ ٹھنڈا ہونے پر آک نکال دیں۔ اور گندم کو سایہ میں خشک کرکے پیس لیں ایسے ہی تیل کو آگ پر سُرخ کرکے گندم کا پسا ہوا آٹا تھوڑا تھوڑا تیل میں ڈالتے رہیں اور ہلاتے جائیں۔ حتیٰ کہ لئی سی بن جائے گی۔ پھر مرغی کا پر لے کر اس سے خارش کی جگہ پر لگا دیں۔ دو تین دن لگانے سے آرام ہو جائے گا۔ مجربات اور آزمودہ شدہ ہے۔

نوٹ: دوائی لگاتے وقت ہاتھ سے نہ لگائیں۔ اور نہ سونگھیں اور نہ چکھیں بہت نقصان اٹھائیں گے۔ سیلئے مرغی کے پر ہی سے دوائی لگانا بہتر ہے۔

حب جریان: اجزاء و ترکیب ساخت: سنگھاڑہ خشک ۳ ماشہ۔ طباشیر ۳ ماشہ۔ کتھہ سفید تالمکھانہ۔ بہمن سرخ ہر ایک ایک تولہ۔ بڑ کے دودھ میں کھرل کرکے دانہ نخود کے برابر گولیاں بنائیں۔ دو گولیاں تازہ پانی کے ہمراہ رات کو سوتے وقت استعمال کریں۔

فوائد: جریان کے لئے بہت مفید اور تجربہ شدہ ہے۔

برائے چنبل: اجزاء و ترکیب ساخت: شیشم کی کالی لکڑی پیلو کی لکڑی۔ کیکر کی لکڑی۔ زیتون کی لکڑی۔ بنولہ۔ گندم۔ پہلی چار چیزیں یعنی لکڑیوں کا برادہ کرکے برتن میں ڈال دیں اور برتن کی تہہ میں سوراخ کرکے اس کے نیچے برتن رکھ کر زمین میں گڑھا کرکے برتن برادہ کو نصف زمین میں دبا دیں۔ اور اس برتن کا منہ اچھی طرح بند کرکے ارد گرد اوپلے رکھ کر آگ لگا دیں۔ اس طریقہ سے نیچے والے برتن میں تیل برآمد ہوگا۔ وہ تیل کام میں لائیں مجرب آزمودہ شدہ ہے۔

نسخہ گوش: اجزاء و ترکیب ساخت: سرسوں کا تیل ۲½ تولہ۔ بینگ چھ ماشہ تینوں کو ملا کر نرم آگ پر پکائیں۔ جب پانی جل جائے نیچے اتار لیں۔ کم سنائی دیتا ہو۔ غلاظت بہتی ہو۔ یقینی فائدہ ہوگا۔ تجربہ شدہ ہے۔

نسخہ خاص: اجزاء و ترکیب ساخت: سفوف لوچلی بوٹی ۳ ماشہ۔ کوزہ معری (کوفتہ) ۳ ماشہ باریک کریں۔ روزانہ چھ ماشہ سفوف مذکور گائے کے تازہ دودھ کے ہمراہ پندرہ یوم استعمال کریں۔ سرعت انزال۔ کمی باہ جریان احتلام کی مکمل اکسیر ہے۔ مجرب خاص ہے۔

نسخہ برائے منہ میں چھالے یا منہ کا آنا۔

اکسیر قلاع: یا تھور کا نکل آنا کیلئے از حد زود اثر ہے
پھٹکڑی سفید تولہ۔ کافور ا ماشہ۔

ترکیب: پھٹکڑی سفید اور کافور دونوں کو ملا کر اسکی چار پڑیاں بنا دیں۔ یعنی دوائی کا گھونٹ میں سے کر اچھی طرح منہ میں گھمائیں۔ اگر شیر خوار بچہ کا منہ پک جائے تو اس کے لئے پھریری بنا کر اور دوائی میں ڈبو کر منہ میں لگائیں۔ یعنی بڑے یا چھوٹے دن میں چار مرتبہ استعمال میں لائیں۔ انشاء اللہ پہلے دن ہی افاقہ ہوگا۔ اسکے مدِ مقابل گلیسرین کا کوئی مقام نہیں۔

طلاء مقوی: اجزاء و ترکیب ساخت، جائفل، جلوتری، جند بید ستر، دارچینی، لونگ۔ بیخ کنیر۔ عقر قرحا، مشک عنبر، ہڑتال ورقی۔ مرچ سیاہ۔ بیر بہوٹی خراطین۔ زعفران۔ بینگ ہر ایک ایک ماشہ۔ روغن مالکنگنی روغن قرنفل، روغن بیضہ مرغ۔ روغن دارچینی، چربی شیر، چربی ریچھ۔ چربی سانڈہ۔ چربی مینڈک، چربی بطخ۔ عطر حنا۔ عطر خس۔ عطر چنبیلی ہر ایک چھ ماشہ۔ جائفل سے بینگ تک کی ادویہ زور دار ہاتھوں سے کھرل کریں پھر تمام اجزاء وادویہ و روغنیات ملا کر محفوظ رکھیں۔

استعمال: چار رتی بطور طلاء بطریق معروف۔
فوائد: عضو کی کجی کوتاہی لاغری اور پٹھوں کی کمزوری میں مفید ہے۔

اکسیر بواسیر: اجزاء ترکیب ساخت، رسوت چھ ماشہ، قلمی شورہ چھ ماشہ کوٹ چھان کر حبوب بقدر نخود تیار کریں۔

مقدار خوراک: ایک گولی صبح و شام۔
فوائد: بواسیر خونی میں بہت مفید ہے۔

حکیم احمد بخش چغتائی

آپ نے ابتدائی درسی دینی تعلیم مقامی طور پر حاصل کی تعلیم مکمل کرنے کے بعد حکمت کی تعلیم اپنے نانا جان حکیم حاذق الحاج اللہ بخش مرحوم سے حاصل کی اور انکی سرپرستی میں فن طب کے رموز و نکات سے آگاہی حاصل کی۔ تعلیم سے فارغ ہو کر موضع کالیہ تحصیل چشتیاں میں تین سال تک مطب کیا۔ تعلیم کی جستجو میں سنیا سیانہ زندگی بسر کی۔ ۱۹۴۷ء میں قیام پاکستان کے وقت بازار مسگراں جو کہ اب کمشنری کے نام سے مشہور ہے میں عملی مطب کے ذریعے خدمت خلق میں مصروف ہوئے۔

حکیم احمد بخش ولد امام حسین بخش
کمشنری بازار تحصیل و ضلع ڈیرہ اسماعیل خان

مجربات

مجرب نسخہ برائے سوزاک: سہ روزہ علاج: سفوف ریوند چینی ایک تولہ شہد خالص دو تولہ میں حل کریں معجون بن جائیگا۔ اس معجون کی تین خوراک بنائیں۔ ایک خوراک صبح نہار۔ اب تج سردیوں میں باسی پانی گھڑے کا گرمیوں میں برف سے پانی ٹھنڈا کریں۔ اتنا پانی پئیں جتنا کہ آپ پی سکتے ہیں اسی طرح تین دن خوراک لیں۔

مجرب نسخہ ذیابیطس: اجزاء و ترکیب ساخت: برگ جونتی سفوف ایک تولہ۔ کشتہ فولاد درجہ

چھ ماشہ کھرل کریں بارہ جوراکیں بنائیں۔ ایک خوراک صبح دہی سے شام کو کشتہ چاندی ایک رتی بالائی سے۔

خون حیض کی زیادتی: اجزاء وترکیب ساخت: مٹھی عنبر کا سفوف کپڑ چھان۔ تین تین ماشہ کی ۱۲ پڑیاں بنالیں تین پڑیاں روز۔ صبح۔ دوپہر۔ شام ہمراہ آب برنج۔

کدو کیڑا: اجزاء وترکیب ساخت: گری مغز اخروٹ منقٰے۔ باؤ بڑنگ۔ کیلہ ہموزن باریک پیسکر ایک قسم کا معجون بن جائیگا۔ رات کو دنیا کھلائیں۔ روٹی نہ کھائے۔ صبح ۶ ماشہ تا ۸ ماشہ تک استعمال کرے دوائی کھانے کے تھوڑی دیر بعد تھوڑا سا گڑ کھالے۔

اکسیر چنبل: اجزاء وترکیب ساخت: گریس اچھی کوالٹی آدھ پاؤ۔ گندھک ۱ تولہ۔ سار تولہ نیلہ طوطیہ تولہ۔ پھل ریٹھہ۔ باریک شدہ کھرل کریں صبح وشام لگائیں

برائے امساک: اجزاء وترکیب ساخت: عقر قرحا شنگرف افیون۔ لوبان کوڑیہ ہموزن عقر قرحا شنگرف کو باریک پیسکر ہاون میں ڈالیں۔ لوبان، افیون ڈالکر کوٹتے رہیں۔ جب گولیاں بنانے کے لائق ہو تو نخودی گولیاں بنالیں۔

طلائے فاسفورس: اجزاء وترکیب ساخت: فاسفورس کے ہموزن گندھک ا تولہ سار باریک پیس لیں فاسفورس کو ایک شیشی کھلے منہ میں ڈال کر چٹکی چٹکی گندھک سفوف کی دیں۔ آپ کے دیکھتے ہی دیکھتے یہ فاسفورس وگندھک محلول بن جائے گا۔ مرغی کی چربی کا روغن ایک چھٹانک میں چند قطرے ڈال دیں اور حل کریں۔ یہ وہ طلا ہے جس سے دھوئیں کے بادل اٹھتے ہیں اور تاریکی میں روشنی دیتا ہے۔

نوٹ: (یہ عنبر قائم النار روغن ہے احتیاط رکھیں۔ شیشی جس میں محلول ہے گرنے نہ پائے)

برائے کمزوری سستی قوت باہ: اجزاء وترکیب ساخت: کشتہ شنگرف ا تولہ سالم ڈلی شنگرف لیکر۔ ایک کلو لہسن کی صاف شدہ پھلیاں لہسن کو دو دوا کرکے ایک گلی ہانڈی میں آدھا نیچے آدھا اوپر بیچ میں شنگرف رکھ کر ڈھکن کو گل حکمت کریں اوپر وزن رکھ دیں متوسط درجہ کی اپلے صبح سے شام جلائیں جب ٹھنڈا ہو جاوے تو شنگرف نکال کر کھرل کریں۔

مقدار خوراک: ½ پاؤ خلمض میں ایک چاول۔

نوٹ: کچھ حصہ ہانڈی کا اوپر خالی رکھیں تاکہ لہسن جوش کھا کر باہر نہ گرے۔

پارہ قائم النار: اجزاء وترکیب ساخت: ایک تولہ پارہ۔ ایک تولہ سنکھیا سفید ایک تولہ مائیں۔ کھرل کریں جب پارہ کی چمک نہ رہے ۲ عدد کٹوری تانبہ زیادہ ۴ تولہ وزنی میں بند کریں کپڑ وٹی کرکے ایک پاؤ اپلہ کی آگ دیں۔ پارہ جوہر کی شکل میں اوپر والی کٹوری میں چسپاں ہوگا اتار کر چکر دے دیں۔

حکیم کفایت اللہ خان

ابتدائی دینی و درسی تعلیم مقامی طور پر حاصل کی میٹرک کا امتحان گورنمنٹ ہائی سکول نمبر ۲ ڈیرہ اسماعیل خان سے پاس کیا۔ پھر گورنمنٹ ایگریکلچر کالج ڈیرہ میں داخلہ لیا۔ لیکن آپ کا بنیادی رجحان فن طب کیطرف تھا۔ سال دوئم میں والد گرامی کی اجازت سے طبیہ کالج لاہور میں

داخلہ لیا اور ۱۹۷۶ء میں فاضل الطب و الجراحت کی سند حاصل کی۔ تعلیم سے فارغ ہو کر اپنے والد بزرگوار جناب حکیم غلام احمد خان صاحب (مستند طبیہ کالج پٹیالہ) کی زیرنگرانی عملی مطب کی تعلیم حاصل کی بعدازاں اُن کی اجازت سے علیحدہ مطب شروع کیا۔ آپ ایک نوجوان پُرعزم ماہر طبیب کی حیثیت سے خدمتِ خلق میں مصروف ہیں۔

حکیم کفایت اللہ خان ولد حکیم غلام احمد خان
مقام کوٹ نجابی تحصیل و ضلع ڈیرہ اسماعیل خان

مجرّبات

اٹھرا، ڈبہ، اصبیان: اجزاء و ترکیب ساخت: یہ نسخہ مجھے اپنے محترم والد صاحب حکیم غلام احمد خان مستند مجوپندرہ طبیہ کالج دہلی کے کالج سے ملا۔ عناب ۱ تولہ، عشبہ ۱ تولہ، گلو سبز ۱ تولہ، افتیموں ۱ تولہ، شاہترہ ۱ تولہ، نیم کا اندرونی چھلکا ۱ تولہ سب کو ۱۰ سیر پانی بھگو کر عرق نکالیں پھر اسی عرق میں نسخہ بھگو کر عرق نکالیں۔ غرضیکہ اسی طرح ۵ دفعہ عرق نکالیں۔ آخری عرق زردی مائل ہوگا۔

مقدار خوراک: ۲۰ قطرے ۳ تولہ شہد میں ملا کر چٹائیں۔ اُوپر سے دودھ پلائیں۔ انشاء اللہ چند روز استعمال کرنے سے مرض ختم ہو جائے گا۔

بھوک کی کمی اور بدہضمی: اجزاء و ترکیب ساخت: اجوائن ۴ تولہ، گلو سبز، کوار گندل ۴ تولہ، نمک لاہوری ۵ تولہ، نوہ چون ۴ ماشہ۔ سب کو باریک پیس کر گولہ بنا کر تیز آگ کے اندر رکھ کر دیں۔ پھر اسی راکھ کو کپڑے میں ڈال کر اس کے اُوپر دو سیر عرق گلاب تھوڑا تھوڑا ڈال کر چھان لیں۔ جو پانی صاف نیچے گرے اسکو لوہے کی کڑاہی میں ڈال کر پکائیں۔ جو نمک نیچے رہ جائے اس نمک کو سرد پانی کے ہمراہ بعد غذا استعمال کریں۔ انشاء اللہ استعمال کرنے سے بیماری جاتی رہے گی۔

حکیم سیّد الابرار

آپ ۱۹۴۹ء کو تحصیل و ضلع صوابی کے گاؤں سپرونہ میں پیدا ہوئے۔ ابتدائی دینی و درسی تعلیم باجائی میں حاصل کی۔ ۱۹۶۷ء میں گورنمنٹ ہائی سکول سے میٹرک کا امتحان پاس کیا۔ اور فن طب کی طرف راغب ہوئے۔ ۱۹۶۹ء میں حصول علم کیلئے طبیہ کالج لاہور میں داخلہ اور فاضل الطب و الجراحت کی سند حاصل کی تعلیم سے فارغ ہو کر دو سال تک سول ہسپتال کالوخان میں خدمات انجام دیں۔ ۱۹۷۴ء میں ذاتی مطب شروع کیا اور علاقہ کے عوام کو بہتر معالجہ کی سہولیات فراہم کرنے کی خدمت میں مصروف ہو گئے۔

حکیم سیدالابرار ولد زر اللہ خان
گاؤں سپرونہ ڈاک خانہ ڈاگئی تحصیل و ضلع صوابی

مجربات

برائے سوزاک: اجزاء و ترکیب ساخت: جواکھار۔ زیرہ سفید، شورہ قلمی، کباب چینی، گیرو ہر ایک برابر وزن

ترکیب: سب دواؤں کو کوٹ چھان کر سفوف تیار کریں شیشے کے مرتبان میں محفوظ رکھ لیں۔

مقدار خوراک: ۵ گرام سفوف دودھ کی لسی کے ساتھ دیں۔

فوائد: سوزاک، پیشاب کی جلن میں مفید ہے۔

حکیم عبدالمنّان

آپ ۲۶ر جون ۱۹۵۵ء کو موضع میاں ڈھیری میں پیدا ہوئے۔ ابتدائی دینی و درسی تعلیم والد گرامی کی زیر سرپرستی حاصل کی آپ کے والد فن طب سے منسلک ہیں جس کی وجہ سے آپ کا اس فن شریف کیطرف فطری لگاؤ رہا۔ گورنمنٹ ہائی سکول صوابی سے میٹرک کا امتحان پاس کرنے کے بعد آپ نے طبیہ کالج لاہور میں تعلیم مکمل کی اور ۷۸ ۱۹ء میں فاضل الطب و الجراحت کی سند حاصل کی۔ دوران تعلیم اپنے والد گرامی سے فن طب کے رموز و نکات سے آگاہ ہوئے اور عملی تربیت مکمل کرنے کے بعد ذاتی مطب شروع کیا اور خدمت خلق میں مصروف ہوئے۔

حکیم عبدالمنان
موضع میاں ڈھیری تحصیل و ضلع صوابی،

مجربات

حب وجع المفاصل: اجزاء و ترکیب ساخت: سورنجاں شیریں ۱ تولہ، صبر ۱ تولہ، مصطگی رومی ۱ تولہ، پوست ہلیلہ سبز ۱ تولہ، سنا مکی ۱ تولہ۔ کوٹ چھان کر عرق بادیان میں چنے کے برابر گولیاں بنالیں۔
ترکیب استعمال: ۱-۱ گولی رات کو سوتے وقت پانی کے ساتھ قبض کی صورت میں ۲، ۲ گولیاں استعمال کرائیں۔
فوائد: گٹھیا، نقرس، عرق النساء اور قبض کے لئے آزمودہ ہے
موسمی اور پرانے بخاروں میں مفید ہے

دوائی صندل سرخ: اجزاء و ترکیب ساخت: کشنیز خشک، سونف، شاہترہ، کاکڑہ سنگی، گل خطمی، چرائتہ تلخ، اجوائن دیسی ہموزن، صندل سرخ ان سات چیزوں کے ڈگنا ملا کر نیم کوفتہ سفوف بنادیں۔
ترکیب استعمال: ۱ تولہ صبح کو پانی میں بھگو کر شام کپڑے سے پانی نچوڑ دیں۔ اس پانی میں شربت بنفشہ ۲ تولہ ملا کر استعمال کیا کریں۔ شام کو بھگو کر صبح ایک خوراک نہار منہ کھانا چاہیئے۔

سفوف اطفال: اجزاء و ترکیب ساخت: بادیان، سہاگہ بریاں، نوشادر ٹھیکری، زرچوبہ، بابڑنگ، قلمی شورہ ہموزن ایک تولہ۔ باریک سفوف بنا کر استعمال کریں۔
مقدار خوراک: ۱ رتی سے ۱ ماشہ تک حسب عمر استعمال کریں
فوائد: بچوں کے نفخ شکم، پیٹ کے کیڑوں اور دیگر امراض معدہ میں بے حد مفید ہے۔

حکیم زمرّد

آپ ۱۹۲۸ء میں پیدا ہوئے ابتدائی دینی اور درسی تعلیم کے بعد فن طب کیطرف رجحان ہوا۔ طب کی تعلیم اپنے نانا جان مولوی عبدالرحیم صاحب سے سبقاً و عملاً حاصل کی اور ساتھ ساتھ ان کے مطب پر بھی عملی تجربات حاصل کئے۔ ۱۹۴۰ء میں اپنا ذاتی مطب شروع کیا اور خدمت خلق میں مصروف ہوئے۔

حکیم زمرد ولد فقیر محمد
سرحد دواخانہ مقام نواں کلی تحصیل و ضلع صوابی

مجرّبات

برائے حرقۃ البول سوزاک:

اجزاء و ترکیب ساخت: شورہ ۲ تولہ۔ پانی ۲ تولہ

دونوں کو ملا کر ایک کے برتن میں ڈال کر آگ پر رکھیں جب اچھی طرح گرم ہو جائے اس کے اوپر مصطگی ایک ماشہ کا سفوف ڈال دیں۔ پانی جل جانے پر آگ سے اتار کر باریک محفوظ رکھیں۔ اس میں سے ہر صبح بقدر ایک ماشہ شربت بزوری یا دینار یا بتاشوں کے شربت سے استعمال کریں۔ حرقۃ البول اور نئے سوزاک کو دو تین دن میں کلی آرام ہو جاتا ہے۔

حب قبض کشا:

اجزاء و ترکیب ساخت: صبر سقوطری عصارہ ریوند مصطگی رومی ہر ایک ایک تولہ۔ باریک کر کے تازہ پانی سے بقدر نخود گولیاں بنائیں۔ ایک گولی سوتے وقت گرم دودھ یا پانی سے استعمال کریں صبح با فراغت اجابت ہوگی۔

زحیر صادق:

ایک چھوہارے کی گٹھلی نکال کر اس میں دو رتی افیون ڈال کر اس پر قدرے سوت لپیٹ کر آرد گندم گوندھا ہوا لگا دیں۔ اور بھوبل یا گرم کوئلوں کی آگ میں رکھ دیں۔ تمام آٹا سرخ ہونے پر آگ سے نکال کر ٹھنڈا کر کے باریک کر کے نخود کے برابر گولیاں بنائیں جوان آدمی کو ایک گولی صبح و شام اگر پیچش زیادہ ہو تو ایک گولی صبح و شام۔ دوپہر شام پانی سے کھائیں۔ دو تین روز میں مکمل آرام ہوگا۔ انشاء اللہ!

حکیم سید کرم حسین شاہ بخاری

نسخہ برائے ایگزیما:

یعنی چھاچھ‍ اس مرض میں چھوٹی پھنسیاں بہت تعداد میں پیدا ہو جاتی ہیں اور ان میں شدت کی خارش۔ درد جلن ہوتی ہے مقام ماؤف بہت سرخ ہوتا ہے۔ ان پھنسیوں میں زرد رنگ کی قسم کی رطوبت بھر جاتی ہے۔ اور پھٹ کر کھرنڈ بن جاتے ہیں۔ نیچے پتلی جیسی گاڑھی لیسدار رطوبت ہوتی ہے۔ اسی طرح [illegible] ہے اور اکثر شیر خوار بچوں سے لے کر بوڑھوں مرد زن بچوں کے چہروں اور کانوں پر۔ اور سر گردن شرمگاہ ہاتھ پاؤں کے [illegible] پر دیکھنے میں موقعہ ملا ہے اور سخت نالاں۔ لاچار جن کو قطعی چین ہی نہیں آتا تھا۔ انہوں نے بھی دعائیں دی ہیں اور وہی اب تک زندہ اخبار بن کر میری پریکٹس میں کافی اضافہ کر دیا ہے۔

نسخہ یہ ہے: ویزلین سفید ایک اونس۔ بورک ایسڈ ۲ ڈرام۔ زنک آکسائیڈ ۲ ڈرام۔ ایکتھیال ۲ ڈرام جو عین ہی تارکول نما ہوتا ہے۔ خالص استعمال میں لائیں۔ بعض اوقات گلیسرین میں ملا ہوا بھی ملتا ہے۔ مگر وہ کبھی اور مرض جو مستورات کے کام آتا ہے۔ آپ بغیر گلیسرین کے استعمال کریں۔

ترکیب ساخت: مرہم کسی ٹائل نما سلیٹ پر بذریعہ مرہم کے مکس کرنے والے سپیچولے سے خوب ویزلین میں زنک اور بورک کو ملا دیں اور بعد ازاں ایکتھیال ملا دیں اور کسی ڈبیہ میں سنبھال رکھیں۔

ترکیب استعمال: مرہم استعمال کرنے سے پہلے پانی کم از کم ایک سیر کو خوب گرم کریں۔ جب ٹھنڈا ہو جاوے تو

پوٹاشیم پرمیگنیٹ بمقدار ایک دو رتی پانی میں ملادیں جب پانی سرخ ہوجائے۔ اکیگزیما والے حصہ کو خوب صاف کریں۔ پھر کسی کپڑے سے صاف خشک کرکے انگلی کو پلاسٹک سے محفوظ رکھیں اور آہستہ آہستہ مرہم لگادیں اور ملیں بس پھر کسی کپڑے سے صاف کریں پھر چھوڑ دیں۔ اسی طرح رات کو استعمال کریں اس سے مواد نکلتا ہے زخم راست ہوکر آئینہ کی طرح صاف ہوجاتا ہے۔ انگلی کو اسلئے بچائیں کہ اگر انگلی دوسری جگہ لگے تو یہ مرض موذی ہے دوسری جگہ پھر بھی پیدا ہوجاتا ہے

پرھیز: صرف ہر قسم کے صابن سے سخت منع ہے

نسخہ برائے قوت باہ جنرل ٹانک امساک: اجزاء و ترکیب ساخت:

شنگرف ۱ تولہ۔ افیون ۶ ماشہ۔ چھوہارے ۱۲ دانے شیر برگد۔ شنگرف کو باریک پیس لیں پہلے چھوہاروں سے گٹھلی نکالیں کہ چھوہارے سے ایسی ترکیب سے گٹھلی نکالیں کہ چھوہارہ خراب نہ ہونے پائے ہر ایک چھوہارے کا کاٹا ہوا سرا اُسکے ہمراہ رکھیں۔ ہر چھوہارے میں پہلے شنگرف ڈالیں اور برابر حصہ افیون ڈالیں بعدہٗ شیر برگد سے بھر کر اس کا سرا اُسکے ساتھ لگادیں۔ اسی طرح ۱۲ چھوہارے کو شنگرف افیون شیر برگد سے تیار کرکے پھر آرد گندم کا پیڑا بنائیں اور اس کے اندر دائرے کی شکل ۱۲ چھوہارے نصف اندر نصف باہر ہوں۔ پھر اس پر دُوسرا پیڑا لگائیں اور خیال رہے کہ چھوہاروں کے سرا اوپر ہی رکھیں اور بڑے خیال سے دونوں پیڑوں کو آپس میں چھو کر خوب ملادیں۔ جب جوڑ ٹھیک لگ جائے تو تنور روٹیاں لگانے فارغ ہوجاوے تو اس آٹے کے پیڑے کو تنور کی راکھ میں خوب ڈھانپ دے۔ راکھ کی تپش سے دُھواں زرد نکلے گا۔ پھر سیاہی مائل آپ لگاو رکھیں۔ کہ پیڑا جل کر راکھ نہ ہوجاوے۔ یعنی خوب بریاں ہو تو حفاظت سے نکال لیں۔ آٹے کو زمین میں دفن کردیں صرف چھوہاروں کو نکال کر خوب زور زور سے دستہ میں کوٹیں جب کوٹنے سے نرم ہوجائے تو اس سے گولیاں بمقدار نخود بنادیں۔

ترکیب استعمال: شام کو پیٹ بھر کر کھانا نہ کھائیں صرف ایک گولی خالص گھی کے بنے ہوئے امرسے اوپر کھائے اور قدرت کا کمال دیکھیے اگر انزال نہ ہو تو قدرے نمک زبان پر رکھے تو انزال ہوگا۔ زیادہ دُبلا پتلا آدمی بہت کم استعمال کرے اور اسی طرح زیادہ جسیم انسان بھی جب برداشت بعض اوقات انزال ہونے کی نوبت ہی نہیں آتی۔

حکیم محمد اسماعیل قریشی

آپ کا تعلق علاقہ کے ایک معزز گھرانے سے ہے آپ ۱۹۴۳ء میں ضلع کوہاٹ کی تحصیل ہنگو میں پیدا ہوئے۔ ابتدائی دینی و درسی تعلیم اپنے والد گرامی مرحوم سید محمد اکبر قریشی سے حاصل کی۔ گورنمنٹ ہائی سکول سے میٹرک کا امتحان پاس کرکے طب کی تعلیم کیطرف مائل ہوئے۔ ۱۹۷۳ء میں طب کی سند حاصل کرکے قریشی دواخانہ کی بنیاد رکھی اور خدمت خلق میں مصروف ہوئے۔

حکیم محمد اسماعیل قریشی ولد حاجی محمد اکبر قریشی
قریشی دواخانہ محلہ نوئے کلے ہنگو۔ ضلع کوہاٹ

مجربات

سفوف جریان: اجزاء و ترکیب ساخت: تخم سرالی۔ سندر سوکھ۔ بھوپھلی۔ برہمڈنڈی۔ تالمکھ

سپستاں۔ موصلی سفید، مغز تخم اڈٹنگن۔ موصلی سیاہ، گوند سنبھل، بیجبند سیاہ۔ چھال مولسری۔ چھال سنبھل۔ میدہ۔ لکڑی ہر ایک ہموزن تولہ۔ پھلی ببول۔ گوکھرو خورد پانچ پانچ تولہ۔ سفوف بنا کر ہموزن قند سفید ملالیں۔

مقدار خوراک: پانچ ماشہ صبح و شام ہمراہ شیر۔

فوائد: جریان کہنہ و نو۔ سرعت انزال و احتلام میں مفید ہے نیز مغلظ ہے۔

حکیم عمر خطاب

آپ کا تعلق علاقہ کے انتہائی معزز خاندان یوسف زئی قبیلہ سے ہے جسے علم و فضل کی وجہ سے ممتاز مقام حاصل ہے۔ فن طب آپ کا وراثتی فن ہے۔ دینی و درسی تعلیم کے علاوہ دیوبند کے مستند ہیں۔ آباؤ اجداد کے نقش قدم پر چلتے ہوئے اس فن شریف کے ذریعے علاقہ کے عوام کو علاج معالجہ کی سہولیات فراہم کرنے کی خدمت انجام دے رہے ہیں۔

حکیم عمر خطاب ولد غلام حبیب
سعید پاک سرحد دواخانہ۔ موضع شاہترت تحصیل و ضلع مانسہرہ

مجربات

اکسیر نسواں: اس موجودہ دور میں عام مستورات میں لیکوریا کی بیماری عام و خاص پائی جاتی ہے اس کے لئے مجرب کشتہ کوڑی زرد۔ ایک ہفتہ استعمال میں بیماری ختم ہو جاتی ہے۔

برائے ذیابیطس: اجزاء و ترکیب ساخت: پھٹکڑی سفید ایک تولہ۔ بیروزہ خشک ایک تولہ کشتہ بیضہ مرغ ایک تولہ۔ پھٹکڑی اور بیروزہ کو کوزہ میں ڈال کر آگ پر رکھیں۔ کھل ہونے پر کشتہ بیضہ مرغ مل کر سفوف بنالیں۔

فوائد: ذیابیطس۔ سلسل البول میں مفید ہے۔

حکیم عزیز الرحمٰن

آپ کا تعلق تحصیل مانسہرہ ضلع ہزارہ، گاؤں خواجگان سے ہے جو کہ مانسہرہ سے ۱۵ میل دریائے سرن کے کنارے ایک چھوٹا مگر خوبصورت ہے آپ نے تقریباً ۱۵ سال کی عمر میں اپنے نانا صاحب کے دواخانہ جو کہ کراچی میں تھا۔ ان سے یونانی فن کا استفادہ کرنا شروع کیا اور تقریباً ۲۰ سال کی عمر میں کافی مہارت حاصل کرلی۔ رجسٹریشن ایکٹ کے تحت رجسٹرڈ ہوئے اور سند حاصل کی۔ آج تک اس فن سے منسلک ہیں اور خدمت خلق میں مصروف ہیں۔

حکیم عزیز الرحمٰن ولد خلیل الرحمٰن
ڈاکخانہ بفہ گاؤں عنایت آباد تحصیل و ضلع مانسہرہ

مجربات

کشتہ برائے جریان: انڈے کا چھلکا کوار کے گودے میں کھرل کرکے اسے خمیر بنانا ہے اسکے بعد چند کپڑوں میں ڈھانپ کر کے اسے گوبر کی آگ میں جلا دینا تاکہ اس کا کشتہ بن جائے۔

مقدار خوراک : ایک یا دو گرین مکھن سے یا ملائی سے استعمال کریں

مرہم بواسیر : نیلا تھوتھا ایک تولہ۔ نیلا تھوتھا گوار میں بند کر کے اور اسکو گوبر کی آگ میں جلا دیں۔ بواسیر کے لئے بطور کسی مرہم کی شکل میں بنا کر استعمال کرنا۔ یہ ایک تولہ ۱۰۰۰ آدمی کے لئے کافی ہے۔

بواسیر خونی وبادی : اجزاء و ترکیب ساخت : پھول ارسنگار ۷ ماشہ۔ برگ بھنگ ۳ ماشہ مرچ سیاہ ۳ ماشہ۔ سب دواؤں کو باریک پیس کر اس میں سے ۶ ماشہ لے کر تھوڑا تھوڑا چاٹتے رہیں تاکہ دوا ختم ہو جائے۔ اس کے بعد تمام دن جب بھی بھوک لگے جلیبیاں ہی کھائیں سیر دو خون بند ہوگا۔ شام کے وقت بیسنی روٹی اور گھی اصلی خوب کھائیں اس کے بعد پانی پی سکتے ہیں۔ تمام دن پانی نہیں پینا ہوگا۔ صرف ایک دن کیلئے پرہیز ہے پھر جو جی چاہے گا اس کا کوئی معاوضہ نہیں ہے ورنہ فائدہ نہ ہوگا۔

حکیم بشیر حسین

آپ سابقہ تحصیل صوابی ضلع مردان میں سلیم خان کے رہنے والے ہیں ۱۹۴۷ء میں گورنمنٹ ہائی سکول صوابی سے مڈل پاس کر کے گورنمنٹ ہائی سکول حضرو ضلع کیمبل پور (اٹک) میں داخلہ لیا۔ پھر چکوال آ گئے اور میٹرک کا امتحان پاس کیا۔ بعد ازاں تعلیم کو جاری رکھا اور گورنمنٹ کالج چکوال میں داخلہ لیا۔ ایف۔ ایس۔ سی کے دوران برادرِ عزیز غنی صاحب سے عملی مطب کا تجربہ حاصل کیا۔ پھر تعلیم سے فراغت کے بعد ڈھڈیال میں مطب شروع کیا تین سال بعد ہری پور ہزارہ منتقل ہو گئے بعد ازاں ادگی میں مطب کی بنیاد رکھی اور تا حال یہ سلسلہ بڑی کامیابی سے جاری ہے۔ اور دکھی انسانیت کی خدمت کی جا رہی ہے۔

ڈاکٹر بشیر حسین ولد شاہ حسین
حنیفیہ کلینک۔ ادگی بازار تحصیل وضلع مانسہرہ

مجرّبات

برائے بانجھ پن : مجیٹھ اور بوہڑ کی داڑھی برابر وزن پیس کر خوراک ۶ ماشہ صبح و شام ہمراہ دودھ ایک ماہ استعمال کرنے سے بانجھ پن دور ہو جاتی ہے۔

بچے کا آپھرنخ نکلنا : مرمر سیاہ یک تولہ۔ مکھن آدھ پاؤ خوراک : ۳ ماشہ یا ۴ ماشہ چٹائیں آپھرنخ نکلنا بند ہو جاتا ہے

برائے یرقان و گرمی جگر : اجزاء و ترکیب ساخت : مرچ سیاہ چھٹانک۔ خبث الحدید چھٹانک۔ چینی ایک چھٹانک۔ گھی اصلی ایک چھٹانک۔
خوراک : ۶ ماشہ صبح بغیر پرہیز کا نسخہ۔

درد گردہ : اجزاء و ترکیب ساخت : سہاگہ خام یک تولہ۔ پیڑیا کھار یک تولہ۔ نوشادر ۸ ماشہ۔ جواکھار ایک تولہ۔ ہیرا ہینگ عمدہ ۱۵ ماشہ۔ نمک لاہوری ۴ ماشہ نمک سیندھا ۲ تولہ۔ قلمی شورہ یکتولہ۔ سرکہ انگوری ترش ۹ تولہ سب ادویات کو سرکہ میں ملا کر لعوق بنا لیں۔ دوا کھاتے ہی مریض جانبر ہو جاتا ہے۔
خوراک : ۴ ماشہ دوا ... آب تازہ سے استعمال کروائیں۔

اکسیر ممسک : اجزاء و ترکیب ساخت : افیون ۶ ماشہ شنگرف ۶ ماشہ۔ جائفل یک تولہ۔ عقرقرحا یکتولہ۔ کیترا یکتولہ۔ کشتہ زہر مہرہ ۳ ماشہ چنے کے برابر گولیاں

بنائیں۔ سونے سے دو گھنٹہ پہلے ہمراہ دودھ آدھ سیر استعمال کریں
گرم اور تیل والی چیزوں سے پرہیز کریں۔

حکیم پروفیسر ہدایت اللہ

آپ یکم ستمبر ۱۹۵۸ء کو بمقام چورہ ڈھیری ضلع مردان میں پیدا ہوئے۔ ابتدائی دینی و درسی تعلیم کے بعد ۱۹۷۴ء میں میٹرک کا امتحان پاس کرکے لاہور سے ڈی۔ ایم۔ پی۔ ایس کا ڈپلومہ حاصل کیا اور ضلع بونیر میں مطب شروع کیا۔ ۱۹۸۱ء میں طب اسلامی کی تعلیم کے لئے اجمل طبیہ کالج راولپنڈی میں داخلہ لیا اور ۱۹۸۴ء میں فاضل الطب والجراحت کی سند امتیازی حیثیت سے حاصل کی۔ اور آبائی گاؤں چورہ ڈھیری میں عملی مطب اور ادویہ سازی کا کام شروع کیا ۱۹۸۶ء میں سرحد طبیہ کالج میں بطور پروفیسر تعینات ہوئے اور فن طب کیلئے تدریسی خدمات کے ساتھ ساتھ خلق کی خدمت میں مصروف ہیں۔

حکیم پروفیسر ہدایت اللہ صاحب
بمقام چورہ ڈھیری، ضلع مردان

مجربات

برائے ذیابیطس: اجزاء و ترکیب ساخت: کشتہ فولاد چاس والا ایک تولہ۔ افیون ایک تولہ۔ مغز تخم جامن دس تولہ۔ کشتہ بیضہ مرغ دو تولہ۔ جملہ ادویہ سفوف بنا کر محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک: ایک ماشہ صبح و شام ہمراہ عرق گاؤزبان۔

فوائد: ذیابیطس سادہ شکری و سلسل البول میں مفید ہے۔

حکیم محمد حلیم خان

ابتدائی دینی و درسی تعلیم کے بعد آپ فن حکمت کی طرف مائل ہوئے آپکے والد طبیہ کالج دہلی کے مستند طبیب تھے اور دادا جان بھی اسی فن سے منسلک تھے چنانچہ فن طب کا شوق آپ کو وراثتاً منتقل [illegible] آپ کے اجداد ضلع ہوشیار پور ہندوستان کے نامور اطباء میں شمار ہوتے ہیں۔ آپ نے فن طب کی تعلیم سبقاً و عملاً اپنے والد گرامی سے حاصل کی اور عملی مطب کے ذریعے خدمت خلق میں مصروف ہیں۔

حکیم محمد حلیم خان ولد حکیم علی محمد مستند (دہلی)
شاہی ہیلتھ سنٹر بنک روڈ مردان

مجربات

حب کثیر الفوائد: اجزاء و ترکیب ساخت: شنگرف رومی۔ افیون۔ زعفران۔ جوز بوا۔ عاقرقرحا جملہ ادویہ ہموزن ایک ایک تولہ عرق گلاب ایک بوتل میں کھرل کرکے حبوب بقدر ارتی بنالیں۔

مقدار خوراک: ۱ گولی۔

فوائد: مقوی باہ۔ کھانسی۔ دمہ۔ اسہال میں مفید ہے۔

نوٹ: قوت باہ کے لئے ایک گولی ہمراہ مسکہ گاؤ تین تولہ دودھ کے ساتھ۔ کھانسی اور دمہ کیلئے چینی ملاکر ہمراہ شیر نیم گرم یا چائے اسہال کیلئے اسبغول کے ہمراہ شربت انجبار کے ساتھ۔

حب فالج: اجزاء و ترکیب ساخت: فلفل سیاہ۔ مگھاں،

زنجبیل۔ عود غرقی۔ مالکنگنی۔ کچلہ مدبر۔ میٹھا تیلیہ مدبر ہر ایک تین ماشہ۔ سب کو سولہ تولہ۔ رس ادرک میں کھرل کرکے آب لیموں چار تولہ میں کھرل کریں اور حبوب بقدر دانہ موٹھ بنالیں۔

مقدار خوراک: ایک یا دو گولی مزاج کے مطابق ہمراہ شیر بز۔

دیگر دافع فالج: اجزاء و ترکیب ساخت: اسگند، اجوائن، پوکھر مول۔ راسن۔ زنجبیل۔ گوگل سب ہموزن کوٹ کر شہد ملا کر معجون بنالیں۔

مقدار خوراک: چھ ماشہ صبح و شام۔

معجون اذراقی: اجزاء و ترکیب ساخت: کچلہ مدبر چھ ماشہ گل گاؤزبان۔ کھجور۔ گوند کتیرا۔ اسطوخودوس نارجیل دمغز چلغوزہ۔ شقاقل ہر ایک تین ماشہ۔ الائچی دانہ دو ماشہ آملہ منقی۔ ہلیلہ سیاہ ہر ایک پانچ ماشہ سب کو سفوف بنا کر چند شہد میں ملا کر معجون تیار کریں۔

مقدار خوراک: ۱ ماشہ سے دو ماشہ۔

فوائد: امراض مفاصلیہ۔ فالج لقوہ میں مفید ہے نیز مقوی باہ ہے۔

عمر خطاب الماہر

آپ ۳۰ رجون ۱۹۵۰ کو ریاست سوات کے موضع شینگل علاقہ تیرات میں پیدا ہوئے آپ کا تعلق ایک علمی گھرانہ سے ہے آپ نے ابتدائی دینی و درسی تعلیم اپنے والد گرامی سے حاصل کی۔ بعد ازاں مین کے ہائی سکول میں داخلہ لیا۔ مزید تعلیم کیلئے جامعہ حنفیہ قاسمیہ لاہور سے اسلامی تعلیم مکمل کی۔ دوران تعلیم حکیم آغا دوست محمد خان سے استفادہ کیا اور ان کے مطب پر عملی تجربہ اور طبی کتب کی تعلیم حاصل کی۔ آپ نے ایف اے اور بی اے کے امتحانات پشاور سے پاس کیے اس کے ساتھ ہی پشتو آنرز اور مولوی فاضل کی سند حاصل کرکے محکمہ تعلیم سے وابستہ ہوئے۔

عمر خطاب الماہر ولد مولوی طالب جان
موضع سعید آباد۔ لونڈ خور ضلع مردان

مجربات

مرہم باد فرنگ: اجزاء و ترکیب ساخت: مردار سنگ ۱ تولہ گندھک آملہ سار ۱ تولہ۔ کافور قیصوری آدھا تولہ۔ نیلا تھوتھا تین ماشہ۔ ویزلین حسب ضرورت جملہ ادویہ کپڑ چھان کرکے ویزلین میں ملالیں۔ اگر مرہم نرم ہو تو موم شامل کرلیں۔ مقام ماؤف پر حسب دستور استعمال کریں۔

فوائد: داد۔ چنبل۔ دھدر۔ بھگندر۔ خارش وغیرہ میں مفید ہے۔

طلائے اعظم: اجزاء و ترکیب ساخت: روغن خراطین روغن بیر بہوٹی۔ روغن مورچہ تمام کو بطریق معروف مصفی کریں ایک آتشی شیشی میں سرکہ انگوری اتنا ڈالیں کہ ڈوب جائیں اسی طرح تینوں کو الگ الگ عمل کرکے روغن تیار کریں۔ پانچ دن کے بعد روغن کنجد ڈال کر بائیس دن تک دھوپ میں رکھیں بعدہٗ چھان کر محفوظ کریں اور بطریق معروف طلاء کریں۔ بغیر آبلہ طلاء ہے جملہ نقائص عضو میں مفید ہے۔

حکیم محمد زبیر

آپ ۱۹۶۰ء کو ضلع مردان کے ایک نواحی گاؤں کٹہ خٹ

میں پیدا ہوئے۔ ابتدائی دینی و درسی تعلیم حاصل کرنے کے بعد ۱۹۷۸ء میں گورنمنٹ ہائی سکول گجرات (مردان) سے میٹرک کا امتحان امتیازی حیثیت سے پاس کیا۔ چونکہ آپ کے والد گرامی ضلع مردان کے ایک ماہر طبیب اور نباض کی حیثیت سے جانے جاتے ہیں۔ اسی لئے فن طب کیطرف آپ کا فطری رجحان رہا۔ ۱۹۷۹ء میں طب کی تعلیم کیلئے طبیہ کالج لاہور میں داخلہ لیا۔ اور ۱۹۸۳ء میں فاضل الطب والجراحت کی سند حاصل کرنے اپنے والد گرامی سے عملی مطب کا تجربہ حاصل کیا ۱۹۸۴ء میں اپنا الگ مطب شروع کیا اور خدمت خلق میں مصروف ہوئے۔ قومی دواخانہ جناب حکیم محمد یعقوب صاحب کی زیر نگرانی علاقہ کے عوام کو علاج معالجہ کی سہولت فراہم کرنے کی خدمات انجام دے رہے ہیں۔

حکیم محمد زبیر ولد حکیم محمد یعقوب
قومی دواخانہ سیداں ڈھیری ڈاک خانہ کٹہ خٹ
تحصیل و ضلع مردان

مجربات

اکسیر احتلام: اجزاء و ترکیب ساخت: گوندکتیرا، سنگھاڑہ خشک ہر ایک تین ماشہ، ثعلب مصری دو ماشہ، تالمکھانہ دو ماشہ، مازو، مصطگی ہر ایک ڈیڑھ ماشہ، کشتہ قلعی چھ رتی نبات سفید بوزن جملہ ادویہ۔

تمام دواؤں کو کوٹ چھان کر سفوف بنائیں۔

مقدار خوراک: ۸ ماشہ۔ اکسیر احتلام پاؤ بھر دودھ یا آب تازہ کے ہمراہ کھائیں۔ مادہ منویہ کی اصلاح کرکے کثرت انزال کا خاتمہ کرتی ہے۔

حب مقوی اعصاب: اجزاء و ترکیب ساخت: کچلہ مدبر، زعفران ہر ایک ۲ تولہ۔ دارچینی، جاوتری، سورنجاں ہر ایک ۸ تولہ الائچی کلاں ۱۰ تولہ، سونٹھ ۴ تولہ۔ سب ادویہ کو باریک ... آب ادرک میں گوندھیں اور نخودی گولیاں تیار کریں ... کو قوت دینے میں مجرب ہے۔

مقدار خوراک: ایک گولی صبح ایک گولی شام کھانے کے بعد کھائیں۔

اکسیر خارش: اجزاء و ترکیب ساخت: گندھک آملہ سار، پارہ مصفٰی، کالا پتھر، سفیدہ کاشغری ہر ایک تین ماشہ۔ پارہ اور گندھک کو ایک گھنٹے تک کھرل کریں پھر دوسری دوائیں باریک پیس کر ملائیں۔

ترکیب استعمال: تولہ بھر مکھن لیکر اسے ۱۰۰ سو بار دھوئیں۔ اور اس میں دو ماشہ یہ اکسیر ملاکر بدن پر ملیں۔ خشک اور تر خارش کیلئے مفید ہے۔ ایک مرتبہ کے استعمال سے تمام عوارض کا خاتمہ ہو جاتا ہے۔

حب آتشک: مغز جمالگوٹہ، کٹکی، توتیا ہر ایک ۲ ماشہ ترکیب: تینوں کو پانی میں خوب کھرل کرکے چھ گولیاں بنالیں۔

مقدار خوراک: آم کے اچار کے چھلکے میں ایک گولی رکھ کر نگل لیں۔ چند دست اور قے ہوں گی۔ روزانہ ایک گولی کھائیں استعمال دوا کے دوران میں قابض اور بادی اشیاء سے پرہیز کریں۔ آتشک دور کرنے میں بے حد مفید ہے۔

حب بواسیر: اجزاء و ترکیب ساخت: مغز تخم نیم، مغز تخم بکائن، مغز خشفتالو، رسوت خالص، جملہ ادویہ ہموزن سب ادویہ کو باریک پیس کر مولی کے پانی میں کھرل کرکے ایک ایک رتی کی گولیاں بنائیں۔

مقدار خوراک: ۱ گولی صبح و شام پانی کے ساتھ کھائیں۔ بواسیر خونی اور بادی کے لئے نافع ہے۔

حب جریان :

اجزاء و ترکیب ساخت : آرد سنگھاڑہ کو برگد کے دودھ میں گوندھ کر جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنائیں۔

مقدار خوراک : ایک گولی صبح ایک شام، شیر گاؤ کیساتھ استعمال کریں۔ جریان، احتلام کے لئے بہت مفید ہے۔

حب صرع :

اجزاء و ترکیب ساخت : کندر، صبر زرد، جندبیدستر تینوں ہموزن۔

ترکیب : جملہ ادویہ کو کترل کر کے پانی میں گوندھیں اور دانہ مونگ کے برابر گولیاں بنائیں۔

مقدار خوراک : بڑوں کو دو سے تین گولی صبح پانی سے دیں بچوں کو ایک گولی ماں کے دودھ میں حل کر کے دیں۔ صرع کیلئے مفید ہے۔

روغن کچلہ :

اجزاء و ترکیب ساخت : افیون ایک تولہ روغن تل پندرہ تولہ۔ گائے کا دودھ تیس تولہ۔ کچلہ پانچ تولہ۔ کچلوں کو برادہ کر کے دودھ اور تیل میں اس قدر پکائیں کہ دودھ جل کر کے تیل باقی رہ جائے اب اس تیل کو چھان لیں اور اس میں افیون ملا دیں۔

ترکیب استعمال : عضو ماؤف پر نیمگرم تیل کی مالش کریں اور اوپر روئی باندھیں۔

فوائد : فالج۔ لقوہ۔ رعشہ کے لئے مجرب ہے۔

حکیم حاجی مولوی محمد رفیق

آپ ابتدائی دینی و درسی تعلیم مکمل کرنے کے بعد فن طب کیطرف مائل ہوئے حکیم مولانا محمد سلطان صاحب سے مبتدا و علاً فن طب کی تعلیم حاصل کی ان کی وفات کے بعد حکیم مولانا [illegible] صاحب [illegible] کی خدمت میں رہ کر علم طب کی بڑی فارسی کتب کی تدریس کے علاوہ عملی مطب کا تجربہ حاصل کیا۔ علاوہ ازیں فارسی، عربی، نحو صرف و نحو تفسیر حدیث کی تعلیم مکمل کی

حکیم حاجی مولوی محمد رفیق ولد الحاج مولانا محمد [illegible]

موضع جب ڈاک خانہ کوہالہ براہ ہری پور ہزارہ

مجربات

نسخہ باہ اسرار صدری :

اجزاء و ترکیب ساخت : سم الفار تولہ روغن سرشف ۱۰ تولہ میں ڈال کر ایک کڑاہی میں جو آہنی ہو رکھ کر راکھ چرچڑہ ایک سیر ۵ سیر پانی میں تر کر کے اس کا آب زلال قدرے قدرے اس ڈلی پر ڈالتا جاوے وہ ڈلی شگفتہ ہو جاوے گی اس میں سے نصف چاول حلوہ ۵ تولہ میں صبح کو ۷ روز کھلا دے نامرد، مرد ہو جاوے گا۔ اس کے علاوہ طبیب اور کام بھی لے سکتا ہے۔ اس کے ساتھ یہ طلا استعمال کرے۔ آرد گندم ۱۰ تولہ کو شیر مدار میں تر کر کے اس کی روٹی پکائیں۔ اس میں ایک تولہ سم الفار رکھ دیوے۔ اور وہ روٹی زمین کو گرم کر کے پکا دے جب روٹی پختہ ہو جاوے اس سے سم الفار نکال کر اس کو شیر گاؤ ۲ سیر میں ڈال کر جما دیویں صبح کو جب وہ دودھ دہی ہو جاوے گا۔ اس میں سے مسکہ نکالو۔ اس مسکہ میں زعفران ۲ ماشہ ملا کر ہفت روزہ تک قضیب پر مالش کرو ہر قسم نامرد، مرد ہو جاوے گا۔ یہ نسخہ بھی اسرار صدری سے ہے۔

اکسیر درد سر :

اجزاء و ترکیب ساخت : صندل سفید کتیرا پوست ہلیلہ۔ کابلی۔ خشخاش۔

آملہ۔ ہلیلہ زرد مکد ۵ ر تولہ۔ گل سُرخ ۹ ر تولہ۔ ہلیلہ سیاہ گودہ املتاس بریان۔ مکد ۲ ر تولہ۔ تربد ۸ ر تولہ۔ کشنیز خشک ۸ ر تولہ۔ مغز بادام ۶ ر تولہ۔ سب کو کوٹ چھان کر ۵ تولہ روغن یا بادام روغن سے چرب کرکے ۲ ر پاؤ کھانڈ کے قوام میں ملا کر تو صبح شام شیر گاؤ سے۔ مجرب بارہا پرانا نیا سردرد آزمودہ ہمیشہ درد سر رہے۔ برسوں کے سردرد کو آرام۔ پرہیز دور غذا دال ماش۔ مونگ، پالک، کدو و توری شوربہ سربز۔ یخنی مرغ و بز شوربہ نخود۔ پھوڑی دودھ۔ مکھن شیر بکثرت جماع سے پرہیز۔

مانع تصعید بخارات بدماغ :

اجزاء و ترکیب ساخت: کشنیز خشک ا تولہ بادیان تولہ۔ طباشیر تولہ مصری یک نیم تولہ۔ ہمراہ سائیدہ خلط کردہ۔ خوراک ۹ ر ماشہ۔ حریرہ مقوی باہ دماغ کہ از کثرت جماع وافراط جریان منی مجلوق و نعوظ بسیار مفید است۔ مغز بادام ۱۱ عدد مغز پستہ تولہ۔ مغز چلغوزہ تولہ۔ مغز نارجیل تولہ۔ خولنجان ۳ ر ماشہ۔ الائچی خورد ۱۰ ر ماشہ۔ باڑنگ ۳ ر ماشہ۔ دارچینی ۳ ر ماشہ۔ زنجبیل ۳ ر ماشہ از جملہ شیرہ کشیدہ ہمراہ ۵ عدد زردی بیضہ مرغ در یک پاؤ شیر گاؤ دیکتولہ۔ نشاستہ محلول یا سہ دام۔ روغن گاؤ در پتیلہ انداختہ بدستور حریرہ بہ آتش نرم بقوام آرند و بنجدام نبات کوزہ شیرینی کردہ شیر گرم جملہ نوشند۔

علاج زکام مجرب :

اجزاء و ترکیب ساخت: بیار د زنجبیل و اجوائن برابر در شیر جوشانیدہ پارچہ بیز کردہ وقت خفتن بنوشد و بخشید تا کہ عرق خواہد آمد۔ بفضلہ تعالیٰ صبح تندرست شدہ برخیزد۔

بلغمی کھانسی کہنہ مجربہ و مصدقہ :

اجزاء و ترکیب ساخت: معبتر ا ر ماشہ۔ سوہاگہ ۶ ر ماشہ۔ اجوائن ۶ ر ماشہ۔ شورہ ۶ ر ماشہ۔ نوشادر ۶ ر ماشہ۔

فلفل دراز ۶ ر ماشہ۔ سونٹھ ۶ ر ماشہ۔ جملہ ادویہ پیس کر کپڑ چھن کرکے پانی سے جب کناری پر گھنٹہ بعد گولی شرطیہ مجربہ۔

کشتہ شنگرف مجربہ بارہا :

اجزاء و ترکیب ساخت: شنگرف تولہ۔ تھوم سُرخ چھیلا ہوا ۱۰ پاؤ کے نغدہ کے درمیان تواپر اور پیالہ اوندھا نیچے رکھ کر ہیر ہلاؤ حتی کہ پیس برابر تھوم کے اور خامی رہے اردگرد سیاہ ہو۔ اتارلو۔ سرد بعد پیسکر رکھو۔

مقدار خوراک: نصف چاول کھانڈ یا مسکہ میں۔ فالج۔ لقوہ۔ ادھرنگ۔ گنٹھیا۔ مقوی باہ۔ زبردست ہیکی و عضو پر کام نہ سے۔

ہضم طعام دفع بادہا :

اجزاء و ترکیب ساخت: گندھک آملہ سار ۲ ر تولہ۔ اجوائن ۲ ر تولہ ہمراہ آب کوار گندل یکپاس خرل نمودہ حب بمقدار کوکن بیر بستہ بالا طعام خورند ہاضمہ طعام دفع ریح مجرب باد شکلے دائمی را شفا دہد، ہضمی خورد کلاں کے سُدے نکالے۔

اکسیر جگر :

خبث الحدید پانی سے دھو کر مصفیٰ شدہ۔ پوست ہلیلہ زرد۔ پوست بہیڑہ۔ آملہ مکد پاؤ۔ سب کو باریک کرکے برتن گلی میں پا کر اور دہی گاؤ کو ۴ انگل اوپر آجانے پر روز پلاؤ۔ نیا دہی ڈالا کرو ۴ دن بعد بسایہ خشک کرکے پیسکر فلفل سیاہ۔ فلفل دراز۔ سونٹھ مکد ۳ تولہ باریک کرکے ملاؤ تیار ہے۔ ۲ ر ماشہ صبح دہی سے غبار سی سے ۱۵ دن کے استعمال سے یرقان مکمل دو اضعف طلابت گرمی و جگر دم چڑھنا ضعف معدہ گرمی مثانہ۔ کمی خون اورام۔ دست باؤ دور ہو۔ بنا کر آزما لو۔ کل امراض جگر میں مفید بجائے دہی گھی لسی سے بھی تیار ہو۔

حکیم پروفیسر محمد زبیر حمید

آپ کا تعلق علاقہ کے ایک انتہائی معزز علمی ادبی مذہبی اور طبی گھرانہ سے ہے جو فن طب میں ممتاز مقام کا حامل ہے۔ آپ ۸ ستمبر ۱۹۴۸ء کو پیدا ہوئے ابتدائی دینی و درسی تعلیم کے بعد فنی تعلیم کے لئے لاہور طبیہ کالج سے طب کی سند امتیازی حیثیت سے حاصل کی۔ اس شاندار کامیابی پر آپ نے کالج سے گولڈ میڈل حاصل کیا۔ ساتھ ہی بی اے کی سند حاصل کرنے کے بعد عملی مطب کا سلسلہ شروع کیا اور مختصر مدت میں ایک نامور ماہر طبیب کی حیثیت سے اپنا آپ منوا لیا۔ آپ کو بلوچستان طبیہ کالج کے بانی پرنسپل ہونے کا اعزاز حاصل ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ آپ طبی سیاست میں انتہائی اہم کردار ادا کر رہے۔ عرصہ چودہ سال سے نیشنل کونسل فار طب کے رُکن اور کونسل میں نائب صدر کے عہدہ پر خدمات انجام دے چکے ہیں آپ نے متعدد بار بلوچستان اطباء کی نمائندگی کی۔ آپ کو دو مرتبہ حج میڈیکل مشن میں شمولیت کی سعادت حاصل ہوئی۔ طبی وفود کے ساتھ مختلف ممالک کے دورے کئے۔ ریڈیو اور ٹی وی پر صحت کے پروگراموں خصوصاً یونانی طب سے متعلق آپ نے اہم خدمات انجام دیں۔ یہ پروگرام تقریباً دو سال تک انتہائی دلچسپی سے دیکھا جاتا رہا۔ آپ بلوچستان طبی کانفرنس بلوچستان کے جنرل سیکرٹری پاکستان طبی کانفرنس کی مجلس عاملہ کے رکن اور بلوچستان کے اطباء کی نمائندگی کر چکے ہیں۔ آپ ممتاز طبیب سماجی کارکن اور ہر دلعزیز شخصیت کے حوالے سے علاقہ میں انتہائی باعزت حیثیت کے حامل ہیں۔

حکیم محمد زبیر حمید ولد حاجی عبدالحمید

مسجد روڈ کوئٹہ،

مجرّبات

برائے حمی یوم:
اجزاء و ترکیب ساخت: کشتہ سنکھیا ایک تولہ، لوبان کوڑیہ ایک تولہ سفوف بنالیں

مقدار خوراک: تین رتی دن میں چار بار مجرب ہے۔

برائے زحیر عام و دموی:
اجزاء و ترکیب ساخت: ہلیلہ سیاہ، سونف، دانہ انار ہموزن سفوف بنالیں۔

مقدار خوراک: ایک سے تین ماشہ۔

برائے اختلاج ریاحی:
اجزاء و ترکیب ساخت: فلفل سیاہ تولہ۔ نوشادر تولہ۔ الائچی خورد دو تولہ کشنیز خشک تین تولہ سفوف بنالیں۔

مقدار خوراک: چوتھائی چمچ بعد از غذا۔

حکیم محمد سرفراز کلانوری

آپ ۱۹۵۴ء کو کوئٹہ میں پیدا ہوئے ابتدائی دینی و درسی تعلیم کے بعد گورنمنٹ سپیشل ہائی سکول سے میٹرک کا امتحان امتیازی حیثیت سے پاس کرنے کے بعد فن طب کی تعلیم کیلئے لاہور طبیہ کالج میں داخلہ لیا۔ اور فاضل الطب والجراحت کی سند امتیازی حیثیت سے حاصل کی۔ بلوچستان طبیہ کالج کے قائم ہونے پر شعبہ تدریس سے منسلک ہوگئے

اور واٰئس پرنسپل کے عہدہ پر فائز ہوئے۔ آپ کو حج بیت اللہ کی سعادت حاصل ہوئی۔ ٹی دی پر صحت کے پروگراموں میں فن طب کی ترویج و ترقی میں نمایاں خدمات انجام دیں آپ بلوچستان طبیہ کالج کی گورننگ باڈی کے ممبر بھی ہیں۔ آپ نے فن طب میں حکیم محمد شریف جگرانوی صاحب اور اپنے والد گرامی حکیم محمد نواز صاحب سے خصوصی استفادہ کیا اور بخر وقت عملی مطب کے ذریعے فن طب اور خلق خدا کی خدمت میں مصروف ہیں

حکیم محمد سرفراز کلانوری ولد حکیم محمد نواز کلانوری
مطب سعید احمد روڈ۔ کوئٹہ

مجرّبات

جوارش سعدی: اجزاء و ترکیب ساخت: انار دانہ دس تولہ۔ کشمش دس تولہ۔ مصطگی رومی ایک تولہ۔ دانہ الائچی ایک تولہ۔ طباشیر ایک تولہ۔ فلفل سیاہ ایک تولہ فلفل دراز ایک تولہ۔ عود ہندی ایک تولہ۔ کمون ایک تولہ نمک سنگ ایک تولہ۔ مصری کوزہ ڈیڑھ کلو بطریق معروف جوارش تیار کریں۔

مقدار خوراک: تین گرام بعد از غذا۔

فوائد: جملہ امراض معدہ میں مفید ہے مقوی ہاضم و قبض کشا ہے

برائے سیلان الرحم: اجزاء و ترکیب ساخت: سنگجراحت دو تولہ۔ مائیں خورد ایک تولہ۔ بودھ پٹھانی چھ ماشہ۔ کمرکس چھ ماشہ۔ کوزہ مصری دو تولہ۔ سفوف بنالیں۔

مقدار خوراک: تین سے پانچ ماشہ ہمراہ شیر نیم گرم صبح و شام

فوائد: سیلان الرحم میں مفید ہے۔

حکیم محمد سلیم

آپ ۱۹۶۶ء کو کوئٹہ میں پیدا ہوئے۔ ابتدائی دینی درسی تعلیم کے بعد میٹرک کا امتحان ۱۹۸۳ء میں کوئٹہ بورڈ سے پاس کیا۔ اور فن طب سے خصوصی لگاؤ کے باعث ہمدرد طبیہ کالج کراچی میں داخلہ لیا۔ دوران تعلیم نصابی وغیر نصابی سرگرمیوں میں بڑھ چڑھ کر حصّہ لیا۔ آپ کالج کے سالانہ مجلّہ نوائے زندگی سے منسلک رہے۔ ۱۹۸۸ء میں فاضل الطب والجراحت کی سند امتیازی حیثیت سے حاصل کی اور عملی تجربہ کے لئے مختلف نامور اطباء سے استفادہ کیا۔ آپ کی عملی قابلیت کو پیش نظر رکھتے ہوئے بلوچستان طبیہ کالج میں بطور لیکچرار منتخب کیا گیا اور ایک سال بعد طبیہ کالج کے شفا خانہ میں بطور انچارج طبیب خدمات انجام دیں۔ اس طرح آپ شعبہ درس و تدریس کے ساتھ ساتھ مطب کے ذریعے خدمت خلق میں مصروف ہیں۔

حکیم محمد سلیم ولد شوکت علی
الصحت دواخانہ میگانگی روڈ کوئٹہ۔

مجرّبات

حب وجع المفاصل: اجزاء و ترکیب ساخت: زنجبیل پچیس گرام۔ سورنجاں شیریں دس گرام۔ عقرقرحا پندرہ گرام۔ سفوف بناکر شہد کی مدد سے حبوب نخودی تیار کریں۔

مقدار خوراک: دو گولی صبح۔ دوپہر۔ شام۔

سفوف مقوی معدہ :

اجزاء و ترکیب ساخت : زیرہ سفید سلیمہ ۔ نانخواہ ۔ کرفس ، دانہ الائچی جملہ ادویہ ہموزن یکصد گرام ۔ قرنفل ۔ زنجبیل ۔ فلفل دراز ہر ایک ہموزن پچھتر گرام ۔ سفوف بنالیں ۔

مقدار خوراک : دو سے تین گرام بعد از غذا ۔

فوائد : اپھارہ ۔ بدہضمی ، درد معدہ ۔ ضعف ہضم میں مفید ہے ۔

سفوف مقوی مغلظ و ممسک :

اجزاء و ترکیب ساخت : شقاقل مصری ۔ تخم پیاز سفید خرما ۔ تخم گندنا ۔ تعلب مصری ۔ ریگ ماہی جملہ ادویہ ہموزن بیس بیس گرام سفوف بنالیں ۔

مقدار خوراک : دو گرام سے تین گرام تک صبح شام ہمراہ شیر نیم گرم وقت ضرورت پانچ گرام ہمراہ شیر نیم گرم ۔

حکیم محمد شاہد کلانوری

آپ کوئٹہ کے ایک خاندانی طبیب گھرانہ میں پیدا ہوئے ۔ ابتدائی دینی و درسی تعلیم کے بعد گورنمنٹ اسپیشل ہائی سکول سے ۱۹۸۰ء میں میٹرک کا امتحان پاس کیا ۔ اسی دوران مدرسہ عمر سے عربی اور قرآن کی تعلیم مکمل کی اور ۱۹۸۲ء میں فن طب کی تعلیم کیلئے لاہور طبیہ کالج میں داخلہ لیا ۔ فاضل الطب والجراحت کی سند حاصل کرکے واپس کوئٹہ اپنے والد گرامی حکیم محمد نواز کلانوری صاحب کے مطب سے منسلک ہو گئے اور عملی تجربہ کے ساتھ ساتھ فن طب کے رموز و نکات سے آگاہی حاصل کی ۔ اسکے ساتھ ساتھ ہومیو پیتھک طریقہ علاج کی سند بھی حاصل کی ۔

آپ ایک نوجوان پُرعزم طبیب ہیں جو خدمت خلق میں مصروف ہیں ۔

ہومیو ڈاکٹر حکیم محمد شاہد کلانوری ولد حکیم محمد نواز کلانوری
مطب فتح محمد روڈ کوئٹہ

مجرّبات

برائے اُمّ الصبیان :

اجزاء و ترکیب ساخت : گوگل تین ماشہ ، سنبل الطیب تین ماشہ حب بلسان تین ماشہ ۔ عنبر زرد تین ماشہ ۔ کندر تین ماشہ جند بیدستر تین ماشہ ۔ پیس کر عرق گاؤزبان یا عرق سونف کی مدد سے حبوب بقدر دانہ باجرہ بنالیں ۔

مقدار خوراک : ایک گولی ہمراہ شیر مادر

فوائد : بچوں کی مرگی اور اعصابی بیماریوں میں مفید ہے ۔

برائے قلت اللبن :

اجزاء و ترکیب ساخت : تخم ترب دو تولہ ، بادیان چار تولہ ، زیرہ سفید چار تولہ ، مغز خیارین دو تولہ ، مغز پنبہ دانہ دو تولہ ، تعلب مصری دو تولہ ، مغز بادام شیریں دو تولہ ، تخم پیاز دو تولہ ، سفوف بنا کر شہد خالص تین گنا میں معجون بطریق معروف بنالیں ۔

مقدار خوراک : چھ ماشہ ہمراہ بدرقہ مناسب صبح شام ۔

فوائد : دودھ کی کمی کے علاوہ جگر اور گردوں کیلئے بھی مفید ہے ۔

حکیم اخوندزادہ عبدالباری

آپ ۱۹۶۵ء کو کوئٹہ کے ایک انتہائی دیندار گھرانہ میں

پیدا ہوئے۔ آپکے والدگرامی مدرسہ مظہر العلوم میں عرصہ ستائیس سال تک شیخ الحدیث کے مرتبہ پر فائز رہے۔ آپ کو فنِ طب پر کامل عبور حاصل تھا۔ آپ نے ابتدائی دینی تعلیم مدرسہ مظہر العلوم میں حاصل کی۔ اور والدگرامی سے فنِ طب کی تعلیم سبقاً و عملاً حاصل کرتے رہے والد صاحب کی وفات کے بعد تکمیل طب کیلئے بلوچستان طبیہ کالج میں داخلہ لیا اور فاضل الطب و الجراحت کی سند حاصل کی۔ والدگرامی کے مطب کو جاری رکھا۔ بعدازاں طبیہ کالج میں بطور اسسٹنٹ لیکچرار مقرر ہوا۔ اس طرح آپ شعبہ تدریس اور مطب کے ذریعے خدمتِ خلق و فن میں مصروف ہیں۔

حکیم اخوندزادہ عبدالباری ولد حکیم مولانا عبدالعزیز رح
عزیزی دواخانہ کانسی روڈ۔ کوئٹہ

مجرّبات

کُشتہ صدف:

اجزاء و ترکیب ساخت: صدف پانچ تولہ آب بھنگ دس تولہ۔ آب بھنگ میں صدف کھرل کرکے بھنگ کے نغدہ میں رکھ کر پندرہ سیر اوپلوں کی آنچ دیں تکرار عمل تین مرتبہ کریں۔ خام رہ جائے تو ایک مرتبہ مزید دہرائیں۔

مقدار خوراک: دو رتی سے چار رتی صبح و شام۔

فوائد: سیلان الرحم۔ جریان حار سنگرہنی۔ ذیابیطس میں معمول مطب ہے۔

کشتہ شنگرف خاص:

اجزاء و ترکیب ساخت: شنگرف ڈھائی تولہ۔ اجوائن خراسانی دس تولہ۔ دونوں کو اس قدر کوٹیں کہ بغیر پانی کے گولی بننے کے قابل ہو جائے۔

مقدار خوراک: بقدر دانہ فلفل سیاہ صبح و شام

فوائد: ممسک، مقوی باہ ہے۔ امراض مفاصل میں

حکیم ممتاز علی انصاری

قیام پاکستان کے وقت آپ کے آباؤ اجداد ہندوستان کے صوبہ یوپی ضلع ہردوئی سے ہجرت کرکے کوئٹہ میں آباد ہوئے اور اپنا آبائی پیشہ حکمت جاری و ساری رکھا۔ ۱۹۵۰ء میں پنسار کا کاروبار وسیع پیمانہ پر شروع کرکے فنِ طب کے فروغ میں اہم کردار ادا کیا۔ آپ نے ابتدائی دینی و درسی تعلیم کے بعد بی اے کی سند حاصل کی اور طب کی تعلیم والدگرامی جناب حکیم شوکت علی انصاری سے سبقاً و عملاً حاصل کی۔ جو اپنے وقت کے ممتاز اطباء میں شمار ہوتے تھے۔ جنہیں فنِ تشخیص و تجویز اور ادویہ سازی پر عبور حاصل تھا۔ آپ نے جڑی بوٹیوں کے افعال و خواص اور شناخت کے ساتھ ساتھ نسخہ نویسی کا فن اپنے والدگرامی سے حاصل کیا۔ اُن کے وفات کے بعد ان کے کاروبار اور عملی مطب کو جاری رکھے ہوئے ہیں اور اس فنِ شریف کے ذریعے خدمتِ خلق میں مصروف ہیں۔

حکیم ممتاز علی انصاری ولد حکیم شوکت علی انصاری
مطب یوپی پنسار سٹور مصری گشن روڈ لیاقت بازار کوئٹہ

مجرّبات

اطریفل فولادی:
اجزاء و ترکیب ساخت: کشتہ فولاد دو تولہ پوست ہلیلہ زرد دو تولہ۔ مویز منقیٰ چودہ ماشہ۔ نمک لاہوری چودہ ماشہ۔ فلفل دراز چودہ ماشہ ستاور تین تولہ۔ اصل السوس مقشر چار تولہ۔ آملہ خشک دس تولہ روغن بادام شیریں پانچ تولہ۔ کوزہ مصری بیس تولہ، شہد خالص تیس تولہ۔ ادویہ کوٹ چھان کر روغن زرد میں بریاں کریں مصری اور شہد کا قوام بنا کر ملائیں اور کشتہ شامل کریں۔

مقدار خوراک: پانچ ماشہ۔ سوتے وقت ہمراہ عرق گاؤزبان دس تولہ۔

فوائد: امراض چشم بالخصوص نزول الماء (موتیا بند) درد شقیقہ بواسیر خونی و بادی اور ضعف معدہ میں مفید و معمول ہے۔

برائے بندش حیض:
اجزاء و ترکیب ساخت: گڑ پرانا دو تولہ سویا چار ماشہ۔ تخم قرطم تین ماشہ برگ بانسہ تین ماشہ۔ باؤبڑنگ تین ماشہ۔ پرسیاؤشاں تین ماشہ، اجوائن تین ماشہ۔ جملہ ادویہ ایک گلاس پانی میں بھگو دیں۔ رات کو جوش دے کر چھان لیں اور چائے کی طرح پی لیں دو خوراک میں مطلوبہ نتائج حاصل ہو جائیں گے۔

حکیم اکرام اللہ خان

آپ کا تعلق ایک معروف طبی گھرانہ سے ہے۔ آپ ۲۳ فروری ۱۹۶۲ء کو کوئٹہ میں پیدا ہوئے۔ ابتدائی دینی و درسی تعلیم والد گرامی کی زیر سرپرستی حاصل کی۔ ۱۹۷۸ء میں میٹرک کا امتحان پاس کیا بعد ازاں پشتو فاضل اور ایف اے کا امتحان پاس کیا۔ طب کی تعلیم والد گرامی سے سبقاً و عملاً حاصل کرتے رہے۔ ۱۹۸۳ء میں بلوچستان طبیہ کالج کے قیام پر داخلہ لیا اور فاضل الطب والجراحت کی سند حاصل کی۔ ۱۹۹۱ء میں حج طبی وفد کے ساتھ خدمت انجام دینے کی سعادت حاصل ہوئی۔ آپ ایک نوجوان طبیب پُرعزم سماجی کارکن کی حیثیت سے عملی مطب کے ذریعے خدمتِ خلق میں مصروف ہیں۔

حکیم اکرام اللہ خان ولد حکیم عبدالکریم
نورانی دواخانہ سورج گنج بازار۔ کوئٹہ

اکسیر البول:
اجزاء و ترکیب ساخت: جوکھار۔ نمک ترب شورہ قلمی ہموزن ایک ایک تولہ باہم کریں

مقدار خوراک: تین گرام صبح و شام ہمراہ شربت بزوری۔

فوائد: سوزاک جدید قرحہ گردہ مثانہ و سوزش بول میں مفید ہے۔

حب ملین:
اجزاء و ترکیب ساخت: ایلوا، مصطگی ایک ایک تولہ، ریوند چینی دو تولہ۔ حبوب نخودی تیار کریں۔

مقدار خوراک: دو گولی بوقت شب۔

حب مدر حیض:
اجزاء و ترکیب ساخت: مرمکی، اسارون مصبر، ابہل۔ تخ قلمی ہموزن ایک ایک تولہ۔ زعفران چھ ماشہ۔ حبوب نخودی تیار کریں۔

مقدار خوراک: دو گولی صبح شام ہمراہ شیر۔

فوائد: ایام سے تین دن قبل شروع کریں، بہترین مدر حیض ہے

حکیم عبدالکریم

آپ کا تعلق علاقہ کے معروف طبی گھرانہ سے ہے۔ ابتدائی دینی و درسی تعلیم حاصل کرنے کے بعد ۱۹۴۶ء میں میٹرک کا امتحان پاس کیا۔ اسی دوران سول ہسپتال کوئٹہ سے منسلک رہے۔ طب کی تعلیم اپنے والد گرامی جناب حکیم مولوی نور محمد مرحوم و مغفور سے حاصل کی اور ان کے مطب میں معاونت کرتے رہے۔ انکی وفات کے بعد مطب کا کام سنبھالا۔ ۱۹۸۳ء میں حج طبی وفد میں حجاج کرام کی خدمت کرنے کی سعادت حاصل کی۔ ۱۹۸۹ء میں ورلڈ ہیلتھ آرگنائزیشن کے تعاون سے بطور طبیب ہندوستان کا تحقیقی دورہ کیا۔ آپ بلوچستان طبی کانفرنس کے صدر اور بلوچستان طبیہ کالج کے گورننگ باڈی کے چیئرمین کی حیثیت سے ممتاز مقام کے حامل ہیں۔ طبی سیاست اور فن طب کی ترویج و ترقی کے لئے گرانقدر خدمات انجام دے رہے ہیں۔

حکیم عبدالکریم ولد حکیم مولوی نور محمد
نورانی دواخانہ سورج گنج بازار کوئٹہ

مجربات

حب مدر حیض: اجزاء و ترکیب ساخت: شورہ قلمی، جوا کھار، مصبر، زعفران، مرمکی، بھنگ بریاں، فولاد بتری، قرنفل، اجوائن دیسی ہموزن سفوف بنا کر حبوب نخودی تیار کریں۔

مقدار خوراک: ایک گولی دوپہر شام ہمراہ شیر۔

فوائد: پرانے بند حیض کیلئے انتہائی مفید ہے۔

معجون جریان نورانی: اجزاء و ترکیب ساخت: بہ... دو تولہ، مغز چلغوزہ ڈھائی... مغز خیارین دس تولہ، خشخاش سفید دو تولہ، زنجبیل دو تو... شقاقل مصری دو تولہ، تودری سرخ دو تولہ، تخم گذر دو تو... تخم ہلیون ڈیڑھ تولہ، تخم خرفہ ڈیڑھ تولہ، آرد خرما دس تو... کشتہ قلعی چھ ماشہ۔ بطریق معروف شہد یا قند سفید میں معجون بنائیں۔

مقدار خوراک: تین سے چھ گرام روزانہ۔

فوائد: مغلظ ہے نیز جریان احتلام میں مفید ہے۔

حکیم تنویر سرور خان لودھی

آپ ۵ جنوری ۱۹۶۷ء کو بلوچستان ایک معزز گھرانہ میں پیدا ہوئے ابتدائی دینی و درسی تعلیم حاصل کرنے کے بعد گورنمنٹ ٹیکنیکل ہائی سکول کوئٹہ سے میٹرک کا امتحان پاس کیا۔ پھر شعبہ طب کیطرف راغب ہوئے ۱۹۸۴ء میں بلوچستان طبیہ کالج میں داخلہ لیا اور فاضل الطب والجراحت کی سند درجہ اول میں امتیازی حیثیت سے حاصل کی۔ دوران تعلیم آپ نصابی اور غیر نصابی سرگرمیوں میں ممتاز مقام رکھتے۔ کالج کیلئے مختلف کارہائے نمایاں انجام دیئے۔ فراغت کے بعد طبیہ کالج فری ڈسپنسری میں بطور طبیب خدمات انجام دیں۔ عملی تجربہ کے لئے حکیم زبیر حمید صاحب کے مطب سے وابستہ رہے اور فن طب میں عملی طور پر اکتساب کیا۔ بلوچستان طبیہ کالج میں انچارج شعبہ ادویات کی حیثیت سے گرانقدر خدمات کے ساتھ ساتھ عملی مطب کے ذریعے خدمت خلق میں مصروف ہیں

حکیم تنویر سرور خان لودھی ولد حاجی غلام سرور خان لودھی
شاہ وکہنا روڈ۔ کوئٹہ

مجربات

حب ملد: اجزاء و ترکیب ساخت: زرد چوب، بادیان۔ رب السوس ہموزن ایک ایک تولہ حبوب بقدر نخود تیار کریں۔

مقدار خوراک: دو گولی صبح شام شدید حالت میں تین مرتبہ۔

فوائد: سعال بلغمی۔ کثرت بلغم میں مفید ہے۔

جوہر ہاضم: اجزاء و ترکیب ساخت: الائچی خورد، نمک سیاہ فلفل سیاہ۔ نوشادر جملہ ادویہ ہموزن سفوف بنالیں

مقدار خوراک: تین گرام تک ہمراہ آب تازہ بعد از غذا۔

فوائد: جملہ امراض معدہ میں مفید ہے۔

حب عجیب: اجزاء و ترکیب ساخت: سلاجیت بیس تولہ کچلہ مدبر دس تولہ۔ زعفران ڈیڑھ تولہ۔ فلفل سیاہ دس تولہ۔ خولنجان دس تولہ۔ بہمن سفید دس تولہ۔ کشتہ فولاد ڈیڑھ تولہ۔ ادویہ کا سفوف بنا کر زعفران عرق گلاب میں ملا کر کھرل کر کے شامل کریں۔ اور حبوب نخودی تیار کریں۔

مقدار خوراک: صبح و شام ایک گولی ہمراہ شیر۔

فوائد: مقوی اعضائے رئیسہ۔ ممسک و ملذذ ہیں۔ سلسل البول قلت کرم منی ورم غدہ قدامیہ میں مفید ہے۔

حب بواسیر: اجزاء و ترکیب ساخت: پوست ریٹھہ۔ (بندق ہندی) ایک تولہ۔ جوکھار ایک تولہ مغز تخم نیم ایک تولہ۔ ریوند چینی ایک تولہ۔ آب ترب (مولی کا پانی) ایک پاؤ میں کھرل کر کے حبوب نخودی تیار کر لیں۔

مقدار خوراک: ایک گولی صبح و شام ہمراہ آب تازہ۔ دودھ گھی کا استعمال رکھیں۔

فوائد: بواسیر ریکی و دموی میں مفید ہے۔

حکیم عارف نسیم سعید

آپ ۱۹۶۵ء کو کوئٹہ کے ایک معزز و معروف علمی ادبی و طبی گھرانہ میں پیدا ہوئے آپ کے والد گرامی فن طب میں ایک ممتاز مقام کے حامل ہیں آپ نے ابتدائی دینی و درسی تعلیم مقامی سطح پر حاصل کی میٹرک میں کوئٹہ بورڈ سے امتیازی حیثیت حاصل کی۔ بعد ازاں تعلیم جاری رکھتے ہوئے بی اے کی سند حاصل کی۔ ۱۹۸۴ء میں لاہور طبیہ کالج میں داخلہ لیا۔ دوران تعلیم آپ ایک سرگرم سماجی کارکن رہے۔ نصابی و غیر نصابی سرگرمیوں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیتے رہے۔ اور اعزازات حاصل کئے۔ ۱۹۸۸ء میں فاضل الطب والجراحت کی سند حاصل کر کے حکیم غلام محمد صاحب کے مطب واقع انارکلی بازار میں عملی تجربہ حاصل کیا بعد ازاں کوئٹہ منتقل ہو کر اپنا مطب جاری کیا۔ آپ کی قابلیت کو پیش نظر رکھتے ہوئے آپ کو بلوچستان طبیہ کالج میں لیکچرار مقرر کیا گیا۔ آپ نے تدریس اور مطب کی مصروفیات کے ساتھ ساتھ ہومیوپیتھک طریقہ علاج کا ڈپلومہ حاصل کیا۔

طبی سیاست میں آپ ایک فعال کردار ادا کر رہے ہیں۔ قومی طبی کونسل کے انتخابات منعقدہ ۱۹۹۳ء میں اساتذہ کی نشست کیلئے حصہ لیا۔ اطباء کی نمائندہ جماعت طبی کانفرنس بلوچستان کے جوائنٹ سیکرٹری کے عہدہ پر کام کر رہے ہیں۔ آپ طب اسلامی کے علمبردار اور اطباء کے حقوق کیلئے ہر وقت کوشاں

ہیں ایک نوجوان طبیب اور مدرس کی حیثیت سے علاقہ میں
ممتاز مقام حاصل کر چکے ہیں۔

حکیم وہومیو ڈاکٹر عارفین سعید ولد حکیم محمد سعید
سعید دواخانہ کانسی روڈ۔ کوئٹہ

مجرّبات

مہزل خاص: اجزاء و ترکیب ساخت: مصبر پچاس گرام
فلفل سیاہ تیس گرام۔ تنکار پانچ گرام
اجوائن خراسانی تین گرام سفوف تیار کر کے درمیانہ سائز کیپسول
مقدار خوراک: صبح و شام ایک ایک کیپسول ہمراہ آب تازہ
نوٹ: نازک مزاج افراد کیلئے صرف ایک کیپسول کافی ہے
فوائد: جسم سے زائد چربی بڑھی ہوئی توند اور غیر ضروری فربہی
کیلئے مفید ہے۔ جسم کو اعتدال پر لاتی ہے۔

سفوف حیات: اجزاء و ترکیب ساخت: تخم ریحان مسلم
پچاس گرام، اندر جو شیریں پچیس گرام۔ عقر قرحا پچیس گرام۔ قند
سفید ساٹھ گرام۔ پہلی دوا کے علاوہ سفوف بقیہ بنالیں اور
تخم ریحان شامل کرلیں۔
مقدار خوراک: اسے دو گرام صبح و شام ہمراہ آب یا دودھ۔
فوائد: مغلظ ہے سرعت جریان واحتلام میں مفید ہے۔

برائے ذیابیطس: اجزاء و ترکیب ساخت: مغز گٹھلی آم
مغز جامن، مغز املی۔ مغز لوکاٹ
زنجبیل۔ گڑمار بوٹی۔ پوست ڈوڈا جملہ ادویہ ہموزن سفوف بنالیں
مقدار خوراک: دو گرام سے تین گرام تک صبح و شام۔
فوائد: ذیابیطس شکری وسادہ نیز سلسل البول میں مفید ہے۔

اکسیر وجع المفاصل: اجزاء و ترکیب ساخت: پوست ہلیلہ
زرد پچیس گرام، سنا درپچیس گرام
تربد مجوف پچیس گرام۔ سورنجاں شیریں پچیس گرام، گل
گرام، مصبر پچیس گرام۔ انیسون نو گرام۔ سقمونیا اصلی نو
ادویہ کا سفوف بناکر درمیانہ سائز کیپسول بھرلیں۔
مقدار خوراک: ایک ایک کیپسول صبح و شام۔
فوائد: تمام امراض مفاصلیہ نیز کمر درد میں مفید ہے۔

حکیم محمد سعید

آپ ۱۹۲۷ء کو دہلی کے
قریب ایک قصبہ میں پیدا ہوئے
آپ کا خاندان علاقہ میں علمی و
ادبی اور دینی حیثیت سے ممتاز رہا۔ ابتدائی دینی و درسی
تعلیم مقامی سطح پر حاصل کی۔ ۱۹۳۵ء میں کوئٹہ آگئے۔ یہاں
فن طب سے دلی لگاؤ پیدا ہوا۔ اور طب کی تعلیم سبقاً و عملاً
حاصل کرتے رہے۔ اور اس شوق کی تکمیل کے لئے علاقہ کے
نامور اطباء سے استفادہ کیا۔ ۱۹۶۵ء میں رجسٹریشن کے
بعد عملی مطب شروع کیا۔ اور علاقہ کے اطباء کی فلاح و بہبود
میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیتے رہے آپ بلوچستان طبی کانفرنس
سے منسلک ہوگئے۔ اور فن طب نیز بلوچستان طبیہ کالج
کے اجراء میں گرانقدر خدمات انجام دیں۔ آپ ایک خدا ترس
طبیب اور سرگرم سماجی کارکن اور دینی علمی و ادبی شخصیت
ہیں جو فن طب کے ذریعے خدمت خلق میں مصروف ہیں۔

حکیم محمد سعید ولد اللہ دین
سعید دواخانہ کانسی روڈ۔ کوئٹہ

مجرّبات

حب ملین سعیدی: اجزاء و ترکیب ساخت: مصبر پچاس گرام۔ عصارہ ریوند بیس گرام۔ زنجبیل تیس گرام۔ ہینگ پانچ گرام۔ تمام ادویہ کا سفوف بنائیں اور پانی سے حبوب بقدر نخود تیار کرلیں۔

مقدار خوراک: ایک سے دو گولی ہمراہ آب نیم گرم یا دودھ۔

مرہم مسیحائی خاص: اجزاء و ترکیب ساخت: زنجبیل بیس گرام۔ پیاز تازہ ایک عدد بڑا جابلقل پچیس گرام۔ حرمل تیس گرام۔ روغن زرد یکصد پچاس گرام۔ پیاز خشک کاٹ لیں۔ اور بقیہ ادویہ جو کوب کرلیں پھر ایک کڑاہی آہنی میں روغن زرد ڈال کر تمام ادویہ شامل کرلیں اور دھیمی آنچ رکھیں ادویہ جل جانے پر ادویہ کھوٹ لیں ضرورت پر روغن قدرے شامل کرلیں۔ روزانہ ایک ایک پٹی لگائیں۔

فوائد: یہ مرہم پرانے زخموں کیلئے اکسیر ہے۔

حکیم نور احمد قادری
(شاہوانی)

آپ نے ابتدائی دینی و درسی تعلیم مقامی طور پر حاصل کی ۱۹۶۰ء میں گورنمنٹ ہائی سکول خضدار سے میٹرک کا امتحان پاس کیا اور محکمہ تعلیم سے وابستہ ہوگئے ۱۹۷۹ء میں بی ایڈ ٹریننگ بلوچستان یونیورسٹی کوئٹہ سے پاس کرکے ہائی سکول مشکے میں ۱۹۸۳ء تک خدمات انجام دیں بعد ازاں سینیئر مدرس کے طور پر خدمات انجام دیتے رہے۔ مولانا عبدالکریم صاحب قریشی بیر شریف تعلقہ قمبر سندھ سے قادری سلسلہ کے بیعت ہیں۔ دوران ملازمت طب کی تعلیم اور ساتھ ساتھ ہومیو طریقہ علاج کی سند بھی حاصل کی۔ درس و تدریس کے علاوہ طب کے ذریعے خدمت خلق میں مصروف ہیں۔

حکیم نور احمد قادری شاہوانی ولد جہان خان شاہوانی

مشکے ضلع خضدار (بلوچستان)

مجرّبات

تحفہ درویش: اجزاء و ترکیب ساخت: اسگند اور تخم ریحان باریک کرکے رکھ لیں اور شام کو ایک پاؤ دودھ میں جوش دیں۔ جوش دیکر پیالے میں رات بھر رکھیں۔ صبح کھیر بنا ہوگا۔ کھالیں جریان کو چند دن میں جڑ سے ختم کردے گا۔ ہاضمہ اور جریان و ضعف باہ کے لئے اکسیر ہے۔

تحفہ قریشی: اجزاء و ترکیب ساخت: چاکسو ۲ گوگل ۳ مصبر ۴۔ رسونت ۵ چھلکہ ہلیلہ زرد ۶۔ آملہ ۷ مغز تخم نیم ۸۔ انجرٹی (چھوٹی مرڑ) باریک کرنے کے بعد مولی کے پتوں کے پانی میں نخودی گولیاں بناکر ایک دو گولی رات کا کھانا کھانے کے بعد کھائیں۔ خدا کا کرشمہ دیکھیں۔ ~~جو نہایت مجرب ہے~~ جو استعمال کریگا دعا دے گا۔ یہ نسخہ بواسیر کا ہے۔

سفوف مردمی: اجزاء و ترکیب ساخت: اسگند ناگوری ثعلب مصری۔ تخم ریحان۔ سب ہموزن باریک کرکے خمیر برگد (دوگنا) دو چند میں بھگو کر خشک کرلیں۔ اور دوبارہ باریک کرلیں۔

مقدار خوراک: یہ سفوف بقدر چار ماشہ دودھ کے ہمراہ بوقت صبح استعمال کرائیں۔ سبحان اللہ۔ اس کی نظیر مشکل سے ملے۔ اس قدر مقوی ہے کہ ایک ہفتہ استعمال کرنے سے برداشت ناممکن ہوتی ہے آزمائیں اور دعائے خیر دیں۔

ٹوٹکہ قادری: اجزاء و ترکیب ساخت: الائچی سفید، مغز بادام، لسن مقشر ہر ایک دو تولہ۔ سب کو کوٹ چھان کر آدھ سیر گائے یا بھینس کے دودھ میں اس قدر جوش دیں کہ نصف رہ جائے پھر شہد ملا کر نوش کریں جادو کی اثر رکھتا ہے چہرہ انار کی طرح سُرخ ہو کر عمر بھر قوت باہ کمزور نہیں ہوتا۔

طلسمی نسخہ: اجزاء و ترکیب ساخت: ستاور ایک تولہ رات کو پانی بھگو کر صبح گھوٹ کر آٹا ملا لیں اور پراٹھا یا مال پوڑے تل کر اکیس دن یا ایک ماہ کھائیں۔ اور کرشمہ خداوندی ملاحظہ فرمائیں۔ جو یہ دوا بنا کر استعمال کرے یا کرلے گا۔ نیک دُعا دے گا۔ جلوق اور ضعف باہ کے مریضوں کے لئے نعمت خداوندی یعنی آب حیات بڑے شاہ دیمک خشک کردہ ۲ عدد سم الفار سفید چھ ماشہ۔ دونوں کو ملا کر خوب کھرل کریں۔ اور پھر نرم آگ پر جوہر اڑائیں یہ جوہر انتہائی لطیف ہوں گے۔

مقدار خوراک: صرف ایک تنکہ مکھن کے ساتھ دیگر بعد ازاں یعنی اوپر دودھ اور گھی زیادہ استعمال کریں۔

معجون باہ: اجزاء و ترکیب ساخت: ہر قسم کے ضعف باہ اور نامردی کے لئے چاہے سوزاک، آتشک جلق یا کثرت جماع سے قوت باہ ضائع ہو۔ یہ معجون ہر موسم اور ہر عمر کے انسان کیلئے مجرب ہے۔

تالمکھانہ، عقر قرحا، سمندر سوکھ، موچرس، میدہ چوب تخم اوٹنگن، بہمن ہر ایک دو تولہ۔ ان کو سفوف کر کے بھیڑ کے دودھ میں بھگوئیں۔ دودھ اتنا ہو کہ سفوف سے دودھ ایک انچ اوپر آجائے۔ جب دودھ خشک ہو جائے تو دوبارہ ڈالیں تین بار ایسا کریں۔ اس کے بعد ناریل میں سوراخ کر کے تمام دوا بھر دیں۔ ناریل کا ٹکڑا سوراخ پر رکھ کر گیہوں کا آٹا لپیٹیں اور نرم آگ پر رکھیں جب آٹا سُرخ ہو جائے تو آٹا دور کریں۔ ناریل کو پیس لیں بعد ازاں تخم میتھی، تخم جرجیر خولنجان، کباب چینی، اسپند، موصلی سفید، تعلب مصری، بسفائج شقاقل، بہمن سُرخ، بوزیدان ہر ایک تین ماشہ، مغز چلغوزہ بادام، مغز پستہ، مغز خربوزہ ہر ایک پانچ تولہ، سنبل کی جڑ بے ریشہ آٹھ آٹھ تولہ۔ سب کو کوٹ چھان کر مصری ہم وزن معجون بنائیں۔

مقدار خوراک: پانچ سے آٹھ ماشہ۔

حکیم مولوی رضا محمد میروانی بروہی

آپ فروری ۱۹۲۸ء کو پیدا ہوئے ابتدائی دینی و درسی تعلیم کے بعد مدرسہ دارالہدیٰ ٹھری شریف (سندھ) سے مولوی فاضل کی سند حاصل کی۔ یہیں علاقہ کے معروف معالج حکیم و ڈاکٹر محب اللہ صاحب مستند دہلی سے طب کی تعلیم سبقاً و عملاً حاصل کی پھر حکیم عبدالغنی صاحب سے استفادہ کیا۔ بعد ازاں دینی تعلیم کے ساتھ ساتھ عملی مطب شروع کیا۔ آپ کو علوم اسلامیہ و طب یونانی کے علاوہ جفر، نجوم کیمیا، عربی اور فارسی پر دسترس حاصل ہے۔ آپ ایک علوم اسلامیہ کے دیندار، استاد اور ماہر طبیب کی حیثیت سے ممتاز مقام رکھتے ہیں۔

حکیم مولوی رضا محمد میروانی بروہی معرفت مولوی دوست محمد
توکل اسٹور جناح روڈ۔ خضدار (بلوچستان)

مجرّبات

سفوف تلتریک: اجزاء و ترکیب ساخت: (غذا کو ہضم کرتا ہے بھوک لگاتا ہے اور معدہ کو قوت دیتا ہے) مزید تجربہ اگر سفوف موٹا ہو قبض کشا ہے۔ ۷ ماشہ بعد از غذا دونوں وقت تازہ پانی کے ساتھ استعمال کریں۔ انار دانہ ترش خشک ۵ تولہ، سونٹھ ۷ ماشہ، زیرہ سفید ۷ ماشہ۔ تربد سفید ۳ ماشہ۔ مدبر مجوف زیرہ سیاہ ۳ ماشہ، سماق ہندی ۳ ماشہ۔ پوست ہلیلہ زرد ۳ ماشہ۔ پوست بلیلہ ۳ ماشہ نمک سنگ ۹ ماشہ۔ جدا جدا کوٹ چھان کر سفوف تیار کریں۔

جلاب شاہی: اجزاء و ترکیب ساخت: عمدہ گلقند ایک پاؤ۔ سقمونیا ولائتی عمدہ مدبر ایک تولہ سقمونیا باریک کر کے پھر کھرل میں خوب حل کر کے خوراک ایک تولہ کھا کر اوپر سے گرم دودھ ایک پاؤ نوش کریں دوران جلاب غذا نرم استعمال کریں۔ ایک دو اسہال سے شکم کی صفائی ہو جائے گی۔

سید احمد علی شاہ بخاری

آپ کے آباؤ اجداد سلطان محمد غوری کے دورِ حکومت میں بابوزئی ضلع مردان سے غور غشتی میں آباد ہوئے۔ آپکا تعلق ایک علمی ادبی اور دیندار گھرانہ سے ہے۔ آپ نے ابتدائی دینی و درسی تعلیم مقامی سطح پر حاصل کی۔ تعلیم مکمل کرنے کے بعد شعبہ تدریس سے منسلک ہو گئے۔ آپ کو علم الطبیعات والکیمیا سے خصوصی لگاؤ رہا۔ چنانچہ علم طب کی تعلیم کے ساتھ عملی تجربات کا سلسلہ جاری رہا۔ علاوہ ازیں بائیوکیمک۔ ہومیوپیتھی۔ ایلوپیتھک طریقہ علاج کی اسناد بھی حاصل کیں۔ ۱۹۷۳ء میں امراض قلب اور ان کا علاج کے موضوع پر مقالہ لکھ کر ہمدرد فاؤنڈیشن سے خصوصی انعام حاصل کیا۔

سید احمد علی شاہ بخاری ولد سید نواب شاہ بخاری
مقام و ڈاکخانہ غور غشتی محلہ مانگلی ضلع اٹک

مجربات

اکسیر جگر: اجزاء و ترکیب ساخت: قلمی شورہ، نوشادر ٹھیکری ریوند خطائی ہموزن ایک ایک تولہ علیحدہ علیحدہ کھرل کر کے بدرقہ مناسب یعنی عرق کاسنی، عرق سونف، عرق بادیان عرق گلاب یا شربت زرشک کے ہمراہ استعمال کریں۔
مقدار خوراک: ایک ماشہ سے تجاوز نہ کرے۔ اور صبح و شام استعمال میں لائیں۔
فوائد: جملہ امراض جگر و امراض بول میں مفید ہے۔

شربت زرشک: اجزاء و ترکیب ساخت: زرشک، تخم کاسنی پانچ پانچ تولہ، مغز خیارین سونف بلیٹھی ہموزن اڑھائی تولہ۔ چینی ایک سیر حسب دستور شربت تیار کریں۔ امراض جگر و گردہ و مثانہ

اکسیر اعظم برائے بواسیر: اجزاء و ترکیب ساخت: گندباری المعروف بواسیری بوٹی بمقدار چھ ماشہ تازہ صورت میں ورنہ خشک حالت میں تین ماشہ لیکر اس میں پانچ عدد فلفل سیاہ ملاکر بطور سردائی یا سفوف ہمراہ آب تازہ ایک ماہ تک صبح و شام بواسیر خونی و بادی میں انتہائی مفید ہے۔ اس بوٹی کا بھرتہ بنا کر مستوں پر نیم گرم باندھ کر لنگوٹ کریں۔

حکیم احمد حسن قریشی

آپ ۱۹۲۵ء کو پیدا ہوئے ابتدائی تعلیم مقامی طور پر حاصل کی ۱۹۳۹ء میں مڈل کے ساتھ ساتھ دینی تعلیم کا سلسلہ بھی شروع کیا پھر مدرسہ حسینیہ گجرات سے علم حدیث، علم تفسیر، نحو، منطق، علم اصول فقہ، لغت وادب عربی، علم معانی، ریاضی، ہیئت، مناظرہ وغیرہ حاصل کی۔ علم کبیر شاگرد رشید حضرت شیخ الہند، شیخ الحدیث مولانا سلطان محمود سے علم حدیث اکتساب کیا۔ دینی علوم سے فراغت کے بعد فن طب کیطرف مائل ہوئے اور اپنے چچا حکیم مولانا محبوب عالم مستند طبیہ کالج دہلی سے رموز و نکات طب سے آگاہی ملی۔ بعد ازاں شمس الاطباء کی سند حاصل کی۔ آپ نے درس تدریس کا شعبہ اختیار کیا اور ساتھ ساتھ فن طب پر گرانقدر تحقیقی مقالات

کے علاوہ بیاض ہاشمی کے نام سے خاندانی معالجات کو تحریر کیا۔ آپ ایک جامع العلوم ماہر طبیب ہیں جو پیچیدہ امراض پر دسترس رکھتے ہیں اور فن شریف کی خدمت میں مصروف ہیں

حکیم احمد حسن قریشی ولد حضرت مولانا حکیم عبدالحی قریشی
(سابق ممبر طبی بورڈ) مقام بھوئیگاڑ، براہ فاروقیہ اٹک

مجربات

برائے بانجھ پن: اجزاء و ترکیب ساخت: ہزاردانی (بوٹی) خشک ایک حصہ، شکرتری ۱ حصہ، چینی ایک حصہ سفوف ملالیں۔

خوراک: ۹ ماشہ صبح و شام ہمراہ دودھ (مدت علاج چھ ماہ) مغلظ اور باہ کیلئے مفید ہے۔ مردوں کا بانجھ پن دور کرتی ہے

حکیم محمد عثمان

آپ ایک علمی و روحانی خاندان کے چشم و چراغ ہیں۔ آپ کے دادا علاقہ کی ممتاز علمی و روحانی شخصیت تھی جن کا اسم گرامی عبداللہ جی تھا۔ مسجد میں درسگاہ تھی جس میں افغانستان، کوہستان، شمال مغربی سرحدی صوبہ اور پنجاب کے طلبہ علمی پیاس بجھانے کے لئے ہر وقت موجود رہتے اس کے علاوہ آپ ایک اعلیٰ پایہ کے طبیب بھی تھے۔ غرباء اور امراء کو مفت نسخے بتایا کرتے۔ غرباء کو نسخہ کی قیمت بھی ادا کر دیتے آپ کے فرزند ارجمند حکیم حبیب الرحمان صاحب ہیں۔ جنہوں نے امرتسر میں مفتی محمد حسن مرحوم جامعہ اشرفیہ مسلم ٹاؤن لاہور سے علمی فیض حاصل کیا بعد میں حزب الاحناف لاہور کے مولینا دیدار علی کے ہاں سے سند فراغت حاصل کی۔ طبیہ کالج دھنولہ نابھہ اسٹیٹ سے طب میں ایل ایم پی کی سند حاصل کی عرصہ ۵۰ سال سے مطب کر رہے ہیں۔ حکیم محمد عثمان انہی کے لڑکے ہیں جنہوں نے میٹرک پاس کرنے کے بعد درس نظامی کے لئے مختلف مدارس سے رجوع کیا۔ جن میں فیصل آباد مدرسہ اشاعت العلوم اور لاہور کا جامعہ اشرفیہ ہے آپ کے اساتذہ کرام میں ممتاز مقام کے حامل مولینا مفتی سیاح الدین کاکاخیل رکن اسلامی مشاورتی کونسل مولینا معین الدین صاحب اور شیخ الحدیث مولینا عبدالمالک شامل ہیں آپ اشاعت دین کے ساتھ ساتھ خدمت خلق میں مصروف ہیں۔

حکیم محمد عثمان ولد حکیم حبیب الرحمٰن
بمقام حیدر تحصیل و ضلع اٹک

مجربات

۱۔ حب اکسیر باہ: اجزاء و ترکیب ساخت: کچلہ مدبر، کشتہ شنگرف، کشتہ فولاد۔ قرنفل ہر ایک ۶ ماشہ جوہر سین ۵ ماشہ افیون۔ زعفران۔ جائفل۔ جاوتری ہر ایک ۲ ماشہ عقرقرحا ۶ ماشہ۔ مرواریدہ ۶ ماشہ۔

حسب ترکیب: حبوب بقدر نخود بنا کر محفوظ کر لیں۔

ترکیب استعمال: ایک گولی صبح ایک گولی شام کھانے مرغن غذا کھانے کے بعد استعمال کریں۔

فوائد: ضعف باہ کو دور کرنے میں اکسیر الاثر ہیں بنائیں اور فائدہ اٹھائیں۔

۲۔ اکسیر پیچش: اجزاء و ترکیب ساخت: سیماب گندھک ہر ایک ۶ ماشہ تاڑی ایک تولہ خوب ملالیں تیار ہے۔

فوائد: پیچش صادق و کاذب، سنگرہنی اور ہر قسم کے

دستوں کے لئے مفید ہے۔

۲۔ اکسیر سنگ گردہ و مثانہ: اجزاء و ترکیب ساخت: جوکی سہاگہ بریاں۔ قلمی شورہ حجرالیہود۔ سنگ سرماہی۔ پھٹکری بریاں۔ نوشادر۔ کلمتی۔ زیرہ سفید۔ ریوند چینی۔ تخم ترُب۔ تخم شبت۔ دانہ الائچی کلاں کباب چینی ہر ایک ۶ ماشہ۔ نبات سفید ۷ تولہ۔

تمام اجزاء اصلی وزن سے کچھ زیادہ لے کر کوٹ پیس کر پھر وزن پورا کرکے باہم یکجان کر لیں۔

مقدار خوراک: ۲۰۳ ماشہ صبح شام تازہ پانی یا شربت بزوری کیساتھ استعمال کرائیں۔

پرہیز: ثقیل۔ بادی۔ دیر ہضم چیزوں سے غذا مولی کی سبزی نہایت مفید ہے۔ آب نخود یا شوربے سے چپاتی۔ مونگ کی دال چپاتی۔ گائے کا گھی۔ انجیر پستہ۔ تربوز بادام وغیرہ

فوائد: پتھری کو گلا کر نکال کر دیتا ہے۔ اور درد کو ختم کرتا ہے۔ کامیاب چیز ہے۔ بنائیں اور خلق خدا کو فائدہ پہنچائیں۔

حکیم محمد رفیق

آپ نے ابتدائی تعلیم کے بعد ۱۹۶۹ء میں امتحان فاضل جامعہ عربیہ چنیوٹ سے دیا۔ پھر جامعہ علوم الاسلامیہ کراچی میں داخلہ لیا۔ ۱۹۷۱ء میں شہادت اتمام الدراسۃ عالیہ" کی سند حاصل کی ۱۹۷۳ء میں میٹرک ۱۹۷۵ء میں ایف اے اور ۱۹۷۸ء میں بی۔ اے کراچی یونیورسٹی سے کر کے گریجویشن کی سند حاصل کی۔ ۱۹۷۴ء میں ہمدرد طبیہ کالج کراچی میں داخلہ لیا۔ اور ۱۹۷۷ء میں فاضل طب و جراحت کی سند پاکستان طبی بورڈ بورڈ سے حاصل کی۔ ۱۹۷۳ء میں جامعۃ الریاض (سعودی عرب) میں داخلہ لیا۔ ۱۹۸۲ء میں جامعہ مذکورہ کی جانب سے دو گولڈ میڈل حاصل کئے۔

آپ ایک مستند ماہر معالج کی حیثیت سے فن طب کی ترویج و ترقی میں بھرپور خدمات انجام دے رہے ہیں۔

حکیم محمد رفیق ولد حکیم احمد خان صاحب
موضع لاڈہ تحصیل تلہ گنگ ضلع اٹک

مجربات

برائے حبس صادق و کاذب: اجزاء و ترکیب ساخت: بادیان ایک تولہ۔ مرچ سیاہ ایک تولہ زنجبیل ۳ تولہ۔ پوست خشخاش چار ماشہ پہلے تین اجزاء کو روغن زرد میں بریاں کریں۔ باریک کرکے چاروں چیزیں ملا لیں۔ اور اس کے ہموزن قند سفید ملا دیں۔ اور بوقت ضرورت کام میں لائیں۔

مقدار خوراک: تین ماشہ ہمراہ آب تازہ۔

برائے جگر: اجزاء و ترکیب ساخت: نوشادر قلمی شورہ قلمی سوڈا خوردنی چاروں اجزاء پانچ پانچ تولہ ہیراکسیس ایک تولہ کشتہ فولاد۔ اڑھائی تولہ سفوف بناکر ایک ماشہ خوراک مناسب بدرقہ کیساتھ استعمال کریں

برائے بدہضمی اطفال: اجزاء و ترکیب ساخت: ایک بوتل چو عرق میں ایک تولہ منجمد چونا ڈالیں اور دن میں کئی بار ہلاتے رہیں۔ چوبیس گھنٹے کے بعد نتھار کر دوسری بوتل میں ڈال لیں۔ دودھ پیتے بچوں کے لئے ہر قسم کی خرابی کے لئے آزمودہ اور مجرب ہے۔

حکیم حاجی فضل حسین

آپ ۱۹۱۴ء کو بمقام سگھر فی تحصیل جنڈ ضلع اٹک میں پیدا ہوئے۔ ابتدائی تعلیم مقامی طور پر حاصل کرنے کے بعد ۱۹۲۰ء میں مڈل کا امتحان پاس کیا۔ آپ کو ابتدا سے ہی دینی تعلیم سے دلچسپی تھی۔ قاضی محمد رفیق مرحوم و مغفور سے دینی تعلیم حاصل کرنے کے بعد بطور خطیب چالیس سال تک خدمات انجام دیں دوران تعلیم طب کی طرف راغب ہوئے۔ درس و تدریس کے ساتھ اعظم دارالصحت کے نام سے مطب شروع کیا۔ طبی بورڈ سے رجسٹرڈ ہوئے۔ آپ ایک عالم خطیب استاد اور ماہر طبیب کی حیثیت سے جانے جاتے ہیں۔

حکیم حاجی فضل حسین ولد نور احمد
فتح جنگ روڈ نزد چونگی نمبر ۶ شہر اٹک

مجربات

اکسیر مدر حیض: اجزاء و ترکیب ساخت: زراوند مدحرج ۱ تولہ۔ ایلوا ۱۰ تولہ۔ افسنتین ۱ تولہ۔ زعفران کشمیری ۳ ماشہ ہر ایک دوا کو جدا جدا باریک کرلیں۔ اور ملاکر کیپسول بھرلیں۔
مقدار خوراک: ایک کیپسول صبح و شام ہمراہ شیر نیم گرم۔
فوائد: مدر حیض ہے۔ مقررہ ایام سے ایک روز قبل اس کا استعمال جملہ عوارض میں مفید ہے۔

برائے گنٹھیا: اجزاء و ترکیب ساخت: حنظل ۱۰ عدد لے کر تمام چار چار عدد ٹکڑے کرکے کسی برتن میں ڈال کر تین یوم دھوپ میں رکھیں تاکہ زہریلا پانی خارج ہو۔ چھلکا اتار کر صرف گودا کڑاہی میں ڈال کر دگنا پانی کرکے دھیمی آنچ پر رکھیں جب چوتھائی پانی رہ جائے تو ٹھنڈا ہونے پر ہاتھوں سے خوب مل کر فضلہ نکال دیں۔ دوبارہ آنچ پر چڑھائیں۔ اب نصف کلو چینی اور نصف کلو خالص ڈال کر شیرہ بننے پر اتار لیں۔ اور حبوب بقدر نخود تیار کریں۔

خوراک: گھی، دودھ بکثرت رکھیں۔
مقدار خوراک: ۲ سے ۴ چار گولی حسب برداشت صبح شام۔
فوائد: گندے فضلات خارج کرکے گنٹھیا و دیگر امراض میں مفید ہے۔

قاری حکیم محمد عرفان احمدی علوی

(فاضل الطب والجراحت)

آپ تیرہ نومبر ۱۹۶۵ اوکاڑہ میں پیدا ہوئے ابتدائی تعلیم اپنے والد صاحب جناب حکیم علامہ ابوالعرفان غلام مرتضیٰ عزیز (ایم اے) کی زیر سرپرستی حاصل کی بعد ازاں اسلام آباد بورڈ سے میٹرک کا امتحان پاس کیا۔ دین سے والہانہ لگاؤ کی بنا پر ۱۹۸۶ء میں دارالعلوم جامع حنفیہ لاہور سے القراۃ والتجوید للقرآن المجید کی سند حاصل کی طب سے گہری وابستگی کی وجہ سے والد صاحب کی خواہش کے مطابق طبیہ کالج لاہور میں داخلہ لیا اور ۱۹۸۹ء میں فاضل الطب والجراحت کی سند حاصل کرکے عملی مطب شروع کیا۔ آپ تا حال علوم دینیہ کی تبلیغ اور فن شریف کے ذریعے انسانیت کی خدمت میں مصروف ہیں۔

حکیم قاری محمد عرفان احمد علوی فاضل الطب والجراحت
ولد حکیم غلام مرتضیٰ علوی
علوی دواخانہ چوک دیپالپور مقام اوکاڑہ

مجرّبات

علوی گھٹی: اجزاء و ترکیب ساخت: پوست ترید سفید (تردی) پوست ہلیلہ زرد، برگ پودینہ تینوں اجزاء ہموزن علیحدہ علیحدہ پیس کر ملالیں اور محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک: تین ماہ تک کے بچوں کیلئے ایک رتی ایک سال تک کیلئے دو رتی تین سال تک چار رتی حسب طاقت عمر اور وزن کے مطابق دن میں دو بار ہمراہ بدرقہ مناسبہ۔

فوائد: بچوں کی اکثر امراض میں تریاق کا حکم رکھتا ہے۔ اُم الصبیان، پیٹ درد، نفخ شکم و دیگر امراض معدہ کھانسی متلی قے، نمونیہ اور سردی کے عوارضات میں مفید ہے۔

تریاق اعظم (معمول مطب) اجزاء و ترکیب ساخت: حب الملوک مصفٰے و مدبر بار وغن گاؤ پانچ حصہ تخم جودماثل سیاہ ایک حصہ، سورنجاں شیریں ایک حصہ مصبر سیاہ ایک حصہ، شنگرف خام آدھا حصہ۔ حب الملوک مدبر کو پانچ چھ گھنٹے آب لیموں سے کھرل کریں تاکہ چکنائی دور ہو جائے۔ پھر باقی ادویہ شامل کریں شنگرف علیحدہ پیس کر ملالیں۔ اور ہمراہ آٹھ گھنٹے آب لیموں میں کھرل کر کے حبوب بقدر نخودی تیار کریں۔

مقدار خوراک: ایک گولی صبح و شام بعد از غذا۔

فوائد: ہر قسم کے ریاحی، بلغمی، اعصابی دردوں کیلئے تریاق الاثر ہے۔ نیز گھٹیا مزمن اور فالج کے دردوں میں بھی فائدہ مند ہے۔

حکیم غلام یٰسین شمسی قریشی عباسی

آپ جنوری سنہ ۱۹۳۹ء موضع سکندر کے تحصیل فاضلکا ضلع فیروزپور (انڈیا) میں پیدا ہوئے تقسیم کے بعد آپ کے والد صاحب سکنہ نظام الدین نزد دیپال پور میں سکونت پذیر ہوئے۔ ابتدائی تعلیم ڈی۔ بی ہائی سکول دیپالپور ضلع ساہیوال میں حاصل کی سنہ ۱۹۵۵ء میں والد صاحب موضع جلانوالی کلاں نزد منڈی ہیرا سنگھ ضلع ساہیوال میں بطور امام مسجد آکر سکونت پذیر ہو گئے۔ ابتدائی دینی تعلیم گھر پر والد صاحب سے حاصل کی اور عرصہ بیس سال پیشہ امامت اختیار کیا اور طبی تعلیم حکیم غلام حیدر سہیل صاحب منڈی ہیرا سنگھ سے حاصل کی اور پھر اپنا مطب موضع جلانوالی ہی میں بنا دیا سنہ ۸۳-۱۹۸۲ء میں مطب بصیرپور لے گئے۔ بعد میں بزرگوں اور دوستوں کے مجبور کرنے پر دوبارہ مطب موضع جلانوالی میں لے گئے۔ اور تا حال یہ سلسلہ جاری ہے۔ آپ ایک انتہائی دیندار اور فراخ دل خوش اخلاق معالج ہیں۔

حکیم غلام یٰسین شمسی قریشی عباسی ولد محمد عبد الحق
سکنہ جلانوالی ڈاکخانہ منڈی ہیرا سنگھ تحصیل دیپالپور
ضلع اوکاڑہ

برائے بواسیر: بارہ سنگا خام ½۱ تولہ۔ گھونگی سفید ½۱ تولہ۔ ایک ہفتہ میں مسّے سوکھ کر گر جاتے ہیں۔

نوٹ: مریض اپنے اوپر موٹا کپڑا اوڑھے تاکہ دھواں ناک منہ اور آنکھوں میں نہ جائے۔

برائے دائمی قبض: مصطگی رومی ۱ تولہ، سقمونیا ۱ تولہ۔ ایلوا ۱ تولہ ریوند عصارہ ۱ تولہ۔ عرق گلاب کی مدد سے

نخودی گولیاں بنالیں۔ ایک گولی صبح و شام ہمراہ پانی تازہ۔

مجرب چنبل اور دھدری :

سبز طوطیا بریاں ا تولہ۔ زنک آکسائیڈ ۲ تولہ ویزلین سادہ ۱۰ تولہ، سندھور ۳ ماشہ۔ مرہم بنالیں۔ صبح شام استعمال کریں (خود ساختہ مجرب)

دمہ، کھانسی، ضیق النفس :

بیخ مدار، چاول ملٹھی در بستہ پانی چار کلو میں پکائیں جب پانی خشک ہونے کو آئے تو پوٹلی نکال لیں اس پر جھاگ لگی ہوگی۔ اس کو ہاتھ سے صاف کریں پانی سے نہ دھوئیں۔ چاول سایہ میں خشک کریں، سفوف بنا کر ا تا ۲ رتی ہمراہ مکھن استعمال کرائیں اور اوپر سے دودھ پلائیں۔ انشاء اللہ برسوں کا جما ہوا بلغم خارج ہوگا۔

منضج، تپ محرقہ :

گاؤزبان ۲ ماشہ۔ خوب کلاں ۲ ماشہ عناب ۵ دانہ، منقہ ۵ دانہ۔ انجیر ا عدد۔ ہفتہ استعمال کرائیں مریض کمزور ہو تو صبح شام دیں۔

جلوتری ا ماشہ۔ جیفل ا ماشہ۔ مروارید ۲ رتی۔ زعفران کرم ا ماشہ۔ صدف سوختہ ۴ رتی سفوف بنا کر حسب ضرورت کشمش ملا کر معجون بنالیں۔

خوراک : ۴ رتی تا ایک ماشہ ہمراہ جوشاندہ مندرجہ بالا دیں ایک ہفتہ کے بعد شیر نیم گرم کے ساتھ ایک ہفتہ کھلادیں۔ مجرب ہے۔

حکیم دل محمد فریدی

آپ کا آبائی گاؤں چک محمد خاں کھوکھر ہے جہاں آپ ۱۹۴۲ء میں پیدا ہوئے چونکہ والد محترم علاقہ کے جانے پہچانے ہر دلعزیز طبیب تھے [...] کی ابتدائی تعلیم اپنے والد بزرگوار سے حاصل کرنے [...] ہوا اور دلی لگاؤ رکھنے کی وجہ سے طبی کتب سے حاصل [...] بھی شوق پورا کیا۔ میٹرک پاس کرنے کے بعد اس کو با [...] طور پر عوام کی خدمت کے جذبہ سے پیشہ کو اپنا لیا۔ اس شوق [...] تکمیل کی خاطر طبی بورڈ آف یونانی اینڈ ویدک سسٹم آف [...] پاکستان کے تحت امتحان پاس کیا اور سند حاصل کی [...] بعد ۶۹-۱۹۶۸ء میں پاک میڈیکل پریکٹیشنرز کالج لاہور سے [...] ایم۔ پی۔ ایس کا ڈپلومہ حاصل کیا ۱۹۷۳ء میں ضلع ساہیوال [...] ایسوسی ایشن کا جنرل سیکرٹری ہونے کے ناطے اپنی خدمات پیش کیں۔ آج کل فریدیہ شفاخانہ بنک روڈ بصیر پور میں [...] خدمت کی خاطر دکھی انسانوں کی خدمت کر رہے ہیں۔

حکیم دل محمد فریدی ولد حاجی محمد داؤد
فریدیہ شفاخانہ بنک روڈ بصیر پور ضلع اوکاڑہ

مجربات

برائے درد زانوں :

اجزاء و ترکیب ساخت : سم الفار ایک ماشہ۔ طباشیر اصلی تین ماشہ۔ دانہ الائچی خورد تین ماشہ۔ کتھہ سفید تین ماشہ۔ پہلے سم الفار کو اکیلے ہی ایک گھنٹہ کھرل کریں بعد میں باقی تینوں ادویہ ملا کر کھرل کریں اور آب لیموں کی مدد سے دانہ موٹھ کے برابر گولیاں بنائیں۔

خوراک : ایک گولی صبح ایک گولی شام کو ہمراہ دودھ اور غذا مرغن کھانے دیں۔

نوٹ : یہ گولیاں کچھ کھانے کے بعد کھلائیں خالی معدہ نہ کھائیں۔

فوائد : جوڑوں کے درد۔ اعصابی دردیں اور قوت باہ کیلئے بھی مجرب ہے، سوزش وغیرہ ان کے کھانے سے بالکل نہیں رہتی

قوتِ باہ، اعصابی کمزوری:

اجزاء و ترکیب ساخت: سم الفار، مدبر ڈیڑھ ماشہ۔ ست لوبان تین ماشہ۔ زعفران تین ماشہ۔ کشتہ فولاد تین ماشہ کچلہ مدبر ڈیڑھ تولہ۔ ورق نقرہ اسی عدد۔ ورق طلا اسی عدد۔ مشک خالص ایک ماشہ۔

ترکیب: پان کے پتوں کے پانی میں کھرل کر کے گولی بقدر دانہ ماش بنائیں۔

خوراک: ایک سے دو گولی ہمراہ دودھ بعد از غذا۔

سم الفار مدبر کرنے کی ترکیب یہ ہے۔ سم الفار سفید ایک تولہ ململ کے کپڑے کی پوٹلی بنا کر دیگچی میں دو سیر دودھ ڈال کر چولہے پر چڑھائیں نیچے آگ جلائیں۔ جب دودھ تین حصے خشک ہو جائے یعنی چوتھائی دودھ رہ جائے تو اتار کر پوٹلی مذکور سم الفار والی نکال لیں اور دودھ کو زمین میں گڑھا کھود کر دفن کر دیں اور مذکورہ بالا نسخہ میں شامل کر لیں۔

فوائد: اس کے بہت ہیں مگر قوتِ باہ اور اعصاب کیلئے تو بہترین چیز ہے۔ اور استعمال کے بعد انشاء اللہ تعالیٰ داد دیں گے۔

حکیم علامہ غلام مرتضیٰ علوی

آپ نے ۱۹۵۶ء میں میٹرک کا امتحان امتیازی پوزیشن سے پاس کیا۔ ۱۹۵۶ء سے ۱۹۶۵ء تک استاذ العلماء شیخ القرآن شیخ الحدیث ابو الفضل مولینا غلام علی اوکاڑوی مدظلہ العالی سے اور شیخ القرآن، شیخ الحدیث حکیم الامت احمد یار خاں رح گجراتی اور استاذ العلماء شیخ القرآن اور شیخ الحدیث مولینا ابو العلا محمد عبد اللہ مدظلہ العالی صاحب قصوری سے اور شیخ المدرسین استاذ العلماء بحر العلوم مولینا محمد عبد العزیز صاحب دامت برکاتہم العالیہ جیسے جلیل القدر اکابر علمائے اہل سنت سے علوم درس نظامی اور علوم طب اسلامی کی ۹ سال تک تعلیم حاصل کی اور بالآخر ۱۶ شوال ۱۳۸۴ھ مطابق ۱۹ فروری ۱۹۶۵ء کو دار العلوم جامعہ حنفیہ (رجسٹرڈ) قصور سے سند فضیلت حاصل کی۔ اس سند فضیلت کو اب حکومت پاکستان کیطرف سے ایم۔ اے عربی کا مقام حاصل ہے۔ ۱۹۶۷ء میں پنجاب یونیورسٹی سے گریجوایشن کرنے کے بعد حکمت کی باقاعدہ سند لی اور بعد ازاں ۱۹۸۵ء میں ایم اے اسلامیات کی ڈگری حاصل کی۔

بورڈ آف یونانی اینڈ آیورویدک سسٹم آف میڈیسن نے اے کلاس کی سند عطا کی اور اب تک طب اسلامی کی پریکٹس میں عوام کی خدمت سر انجام دے رہے ہیں۔ پریکٹس کے دوران حکیم قادر بخش صاحب مرحوم جویلی لکھا سے اور پیر حکیم سید محبوب الٰہی دہلوی مدظلہ العالی دیپالپور سے بھی اکتساب فن حاصل کیا۔ طب اسلامی کی خدمت کیساتھ ساتھ ایک دار التجارب بھی بنایا ہوا ہے۔

ابو الفرقان حکیم علامہ غلام مرتضیٰ علوی ایم۔ اے
ولد مولینا الحاج حکیم محمد یوسف علوی
علوی دواخانہ رینالہ جاگیر تحصیل دیپالپور ضلع اوکاڑہ

مجربات

اکسیر الارواح: اجزاء و ترکیب ساخت: کشتہ عقیق پودینہ دیسی والا ۲½ تولہ۔ کشتہ شاخ مرجان گاؤزبان والا ۲½ تولہ کشتہ صدف مروارید گاؤزبان والا ۲½ تولہ۔ کشتہ زمرد گاؤزبان والا ۲½ تولہ۔ زہر مہرہ خطائی اصلی ۲½ تولہ۔ جدوار خطائی خالص ۲½ تولہ۔ طباشیر اصلی ۲½ تولہ۔ برادہ صندل سفید

خالص پاؤڈر ۲/۱ ۲ تولہ، ورق نقرہ بڑی دفتری ۲ عدد۔ ۲ عدد دفتری۔ رُوح کیوڑہ خالص۔ ۲ شیشی۔

سب اشیاء علیحدہ علیحدہ کھرل کرکے ملا کر اسمیں ورق شامل کریں اور رُوح کیوڑہ قطرہ قطرہ ڈال کر کھرل میں خشک کریں۔ اکسیر الارواح تیار ہے۔

مقدار خوراک: ۲ رتی سے نصف ماشہ تک ہمراہ خمیرہ گاؤزبان سیاہ۔

فوائد: خفقان قلب۔ ضعف قلب، وجع القلب عظم قلب غرضیکہ دل کی تمام امراض کا شافی علاج ہے۔ لیکوریا جریان جدید ہوں یا مزمن دونوں کیلئے تریاق ہے' عورتوں' مردوں دونوں کے اعضائے رئیسہ کو طاقت دیتا ہے۔ ہزار ہا بار کا آزمایا ہوا معمول مطب نسخہ۔ جسکے مجموعی فوائد کی نظر ہومیوپیتھک ایلوپیتھک پیش نہیں کر سکتی۔ بنا کر آزمائیں اور ہماری بخل شکنی کی داد دیں۔

نوٹ: کشتہ جات ان مذکورہ بوٹیوں میں خود تیار کریں

مُلیّن قوی:

اجزاء و ترکیب ساخت: جلاپہ ۵ تولہ۔ الائچی خورد ۶ ماشہ۔ سقمونیا اصلی ۶ ماشہ گل سرخ ۳ تولے۔ مغز بادام ۲ تولے۔ کوزہ مصری ۵ تولے

ترکیب: حسب اشیاء کو باریک کرکے رکھیں۔

خوراک: ۳ ماشہ بعد از غذا صبح یا شام۔

فوائد: ریاح بلغمی۔ ریاح بواسیر۔ نفخ شکم۔ تبخیر معدہ اور جمیع عوارضات قبض کو دُور کرنے کے لئے بے ضرر اور گراں قدر تحفہ بنائیں اور فوائد اٹھائیں۔

تریاق اعظم:

ہر قسم کے ریاحی۔ بلغمی اور اعصابی درد دل کا تریاق اعظم معمول مطب نسخہ جو مریض ایلوپیتھک ادویات کھاتے کھاتے تنگ آ گئے۔ ہوں۔ ان مایوس العلاج مریضوں کے لئے آب حیات خاص راز۔ بنائیں اور خلق خدا کی دعائیں لیں۔

حب الملوک مصفیٰ مدبر یا روغن گاؤ۔ ۵ تولہ۔ ...۔ سیاہ ۱ تولہ۔ سورنجان شیریں ۱ تولہ۔ معبر سیاہ ۱ تولہ۔ ... خام ۲ ماشہ۔

ترکیب: حب الملوک مدبر کو ۵، ۶ گھنٹہ آب لیموں سے کھرل کریں۔ چکنائی دور ہوگی پھر شنگرف شامل کرکے ۸ گھنٹے کھرل کریں۔ پھر باقی ادویات کا سفوف شامل کریں آب لیموں سے ہی حبوب نخودی بنادیں۔

مقدار خوراک: ۱ گولی صبح ۱ گولی شام بعد از غذا استعمال کریں۔ اگر دوا شروع کرنے سے پہلے مریض کو کوئی ملین دے دیں اور پھر استعمال کریں تو شافی مطلق کا کرشمہ دیکھیں گنٹھیا مزمن اور رنگیں مزمن۔ استسقاء مزمن کے مریض بھی تندرست ہوکر دعائیں دینے لگیں گے۔

حکیم محمد ریاض چوہدری

آپ مورخہ ۲ اکتوبر ۱۹... چک ۲۲ میں پیدا ہوئے ابتدائی تعلیم میٹرک تک کھڈیاں ضلع قصور میں حاصل کی اور امتیازی حیثیت حاصل ہوئی اوکاڑہ گورنمنٹ ڈگری کالج سے ایف اے کرنے کے بعد طبیہ کالج لاہور میں داخل ہوئے اور فاضل الطب والجراحت کی سند درجہ اوّل ۱۹۷۴ میں حاصل کی۔

بعد ازاں حکیم محمد عبداللہ جہانیاں کے صاحبزادہ اور چکوال میں حکیم محمد یار للیانی والے کے شاگرد حکیم محمد زمان سے اکتساب کیا کچھ عرصہ حکیم محمد اسحاق وزیر آبادی سے نباضی اور تشخیص و تجویز میں مہارت حاصل کی۔

اس کے علاوہ حکیم محمد لطیف اندرون موچی دروازہ سے بھی کسب کمال حاصل کیا۔ جامعہ طبیہ اسلامیہ میں حکیم محمد اشرف کے زیر سرپرستی فیصل آباد میں کچھ عرصہ خدمت کا موقع بھی ملا۔ اور وہاں ایک سال تک تدریسی خدمات سرانجام دیں۔ اور لائبریری سے استفادہ کیا حکیم محمد ظفر احمد پرنسپل صاحب سے اور حکیم صلاح الدین نعمانی صاحب سے جو مشہور مصنف ہیں سے بھی علمی و عملی استفادہ کرتے رہے۔ پھر عملی مطب کیطرف توجہ ہوئے آپ ایک خدا ترس، نیک دل اور خوش اخلاق معالج ہیں۔ اپنے علاقہ میں ایک مشہور طبیب کی حیثیت سے جانے جاتے ہیں۔

حکیم محمد ریاض چوہدری ولد چوہدری محمد صدیق
۲۴/۵ تحصیل و ضلع اوکاڑہ

مجرّبات

برائے امراض معدہ: اجزاء و ترکیب ساخت: جوز ماثل ۲ تولہ نمک سیاہ ۱۰ تولہ، فلفل سیاہ ۵ تولہ نوشادر ٹھیکری ۵ تولہ، کشتہ فولاد ۲ تولہ۔ ۴ رتی پانی کیساتھ وجع الفواد، درد معدہ و پیٹ۔ گیس۔ تبخیر کیلئے انتہائی مفید ہے۔

دیگر: شاہترہ۔ چرائتہ۔ عشبہ۔ گاؤزبان۔ برابر وزن۔ درد معدہ بوجہ ورم۔ تبخیر گیس ٹرائیٹس السر اور زخم معدہ میں انتہائی لاجواب ثابت ہوا ہے۔

حب بواسیر: اجزاء و ترکیب ساخت: مصبر، ہڑ سیاہ، نمک سیاہ، حنظل۔ برابر وزن حبوب بقدر نخود۔ بواسیر کیلئے کثیر الفوائد کثیر الاستعمال اور مسلسل زیر استعمال آرہی ہیں۔

فولادی: اجزاء و ترکیب ساخت: ریوند چینی ۵ تولہ، ریوند عصارہ ۱ تولہ، نوشادر ٹھیکری ۲ تولہ، کافور ۱ تولہ کونین فولادی ۱ تولہ، کشتہ فولاد ۱ تولہ، گوند کیکر ۱ تولہ، حبوب نخودی تیار کریں۔

مقدار خوراک: ۱ سے ۴ گولی تک ہمراہ شربت فولاد یا عرق مکو

فوائد: ہر قسم خرابی جگر، ورم جگر، تلی جگر، کمزوری جگر کی خون وغیرہ

برائے اورام: اجزاء و ترکیب ساخت: ریوند خطائی، فلفل سیاہ، سنڈھ، فلفل دراز، نوشادر، سہاگہ، چرائتہ، مکو کے بیج ہر ایک ۶،۶ ماشہ، اجوائن دیسی ۱ تولہ، آب بیخ سہانجنہ ایک پاؤ۔ تمام کا سفوف کر کے آب سہانجنہ میں کھرل کرتے جائیں اور تمام پانی کھرل کر کے گولیاں باریک تیار کریں۔

مقدار خوراک: ۱ تا ۲ رتی صبح شام ہمراہ عرق سونف یا گاؤزبان ۵ تولہ کے دیں۔

فوائد: ہر قسم کا ورم پرانا یا نیا، ورم معدہ، ورم جگر، ورم رحم ہاتھ پاؤں کا ورم، رحم میں کوئی بھی کہیں بھی ورم ہو تلی کے ورم سب میں مجرب ہے۔ ضعف ہضم و قبض کو دور کرتی ہے۔ غذا اجزاء بدن بننا شروع ہو جاتی ہے۔ پاؤ گولہ ختم ہو جائے گا۔

حکیم سعید احمد صاحب

آپ موضع بوالہ کلاں تحصیل فاضلکا ضلع فیروزپور میں پیدا ہوئے وہیں اپنے ماموں حکیم محمد عبداللہ مولوی فاضل منشی فاضل سے پرائمری تک تعلیم حاصل کی ۱۹۴۴ میں مڈل تک ہائی سکول حریلی حاصل کی بعد ازاں مفردات کی دوکان کھولی اور ساتھ طبی تعلیم حکیم محمد الدین ستند

طبیہ کالج پٹیالہ سے حاصل کی جو آپ کے حقیقی چچا ہیں کچھ کتب طب حکیم مولوی محمد عبداللہ مولوی فاضل منشی فاضل سے حاصل کیں تعلیم مکمل ہونے پر مطب کا سلسلہ جاری کیا آپ کے خاندان میں طب کا سلسلہ عرصہ تین سو سال سے جاری ہے۔ کتابیں مجربات قادری کتاب المجربات زیر طبع ہیں۔

حکیم سعید احمد ولد حکیم قادر بخش
دواخانہ حکیم قادر بخش حویلی لکھا ضلع اوکاڑہ

مجرّبات

اکسیر ذیابیطس شکری: اجزاء و ترکیب ساخت: رُب گڑمار رُب جامن۔ اقاقیا بہ خود ساختہ کشتہ فولاد۔ رُب جامن والا کچلہ مدبر۔ کشتہ چاندی۔ پوست جامن والا شیر پھل کیکر خشک۔ کشتہ زمرد۔ کشتہ یاقوت۔ افیون زعفران ہر ایک تولہ نخودی گولیاں بنائیں۔

مقدار خوراک: ۲ گولی صبح و شام ہمراہ دودھ میں کھلادیں

فوائد: ذیابیطس شکری کے تریاق کامل ہے بارہا کا مجرب نسخہ ہے۔

حب مقوی ممسک: پارہ گندھک جائفل جلوتری لونگ۔ کباب چینی۔ جوزماثل سیاہ۔ افیون۔ زعفران۔ فلفل سیاہ۔ عقرقرحا۔ مشک خالص ہر ایک ۳ ماشہ بعرق پان میں کھرل کر کے خشک کر لیں شہد کے ہمراہ نخودی بنالیں۔

خوراک: ۱ گولی سے ۲ گولی تک ہمراہ دو گھنٹے پہلے۔

کشتہ نقرہ: اجزاء و ترکیب ساخت: جریان، احتلام سرعت، نزال کے لئے مفید ہے۔ پوست جامن سبز کا نغدہ بنا کر ۱ تولہ تیزا نقرہ خالص رکھ دیں کوزہ میں بند کر کے گل حکمت کر کے دس سیر اوپلوں کی آگ دیں اس سے (سات) آنچ دیں یہ کشتہ ذیابیطس کیلئے مفید ہے۔ نسخہ ما [illegible] پورا لیں۔

کشتہ طلاّ مرکّب: اجزاء و ترکیب ساخت: ورق [illegible] یاقوت تولہ۔ زمرد جان تولہ [illegible] تولہ جملہ ادویہ کو باریک کر کے عرق لیموں ۲ تولہ کو [illegible] ۲ سیر اوپلہ صحرائی آگ دیں نکال کر آب ادرک ۲ تولہ [illegible] ۲ سیر اوپلہ صحرائی آگ دیں اس کے آب برگ پان کو [illegible] ۲ سیر اوپلہ صحرائی آگ دیں۔ اس کے بعد آب برگ تلسی میں کھرل کر کے ۲ سیر اوپلہ صحرائی آگ دیں۔ اس کے بعد آب برگ لاجونتی کھرل کر کے ۲ سیر اوپلہ صحرائی کی آگ دیں۔ کشتہ طلاّ مرکّب تیار ہے۔

فوائد: اعضائے رئیسہ۔ ذیابیطس شکری ہر طرح کی کمزوری مثلاً مردمی طاقت۔ تقویت باہ جگر دل و دماغ۔ معدہ کیلئے اکسیر اعظم ہے۔

حب جریان: تخم جوزماثل سیاہ تولہ۔ فلفل سیاہ تولہ۔ کشتہ بیضہ مرغ تولہ۔ کشتہ نقرہ جدید ۶ ماشہ جملہ ادویہ باریک کر کے عرق سونف کے ہمراہ کھرل کر کے گولیاں نخودی بنالیں۔

مقدار خوراک: ۲ گولی صبح ۲ گولی شام ہمراہ شیر گاؤ۔

کشتہ نقرہ جدید: اجزاء و ترکیب ساخت: سم الفار تولہ گندھک آملہ سار تولہ، برادہ نقرہ تولہ ملا کر ۱ سیر اوپلہ صحرائی کی آنچ دیں۔ کشتہ نقرہ تیار ہے۔
مندرجہ بالا میں حب جریان شامل کریں۔

حکیم محمد زُبیر قیصر

آپ قصبہ حویلی لکھا ضلع اوکاڑہ بمطابق یکم اگست ۱۹۳۴ء میں پیدا ہوئے۔ ابتدائی تعلیم مقامی طور پر حاصل کرنے کے بعد اپنے چچا حکیم حاجی محمد الدین صاحب سے فن طب میں اکتساب کیا۔ ۱۹۵۵ء میں طب کی باقاعدہ تعلیم حاصل کرنے کی غرض سے طبیہ کالج لاہور میں داخل ہوئے اور حکیم حاذق کی اعلیٰ سند حاصل کی۔ تعلیم سے فراغت کے بعد اپنے چچا جان کی سرپرستی میں حویلی لکھا میں مطب کرتے رہے بعد ازاں بصیر پور میں ذاتی مطب شروع کیا۔ ۱۹۸۱ء میں بلدیہ بصیر پور کیطرف سے طبی ڈسپنسری کے اجراء پر آپ بطور انچارج مقرر ہوئے۔ اس طرح آپ تاحال خدمت خلق میں مصروف ہیں۔

حکیم محمد زبیر قیصر ولد حکیم حاجی قادر بخش
قیصر یونانی ڈسپنسری بصیر پور تحصیل دیپالپور ضلع اوکاڑہ

مجربات

مقوی و ممسک: اجزاء و ترکیب ساخت: شنگرف ۲ ماشہ خراطین مصفیٰ ۱ تولہ۔ عقر قرحا ۸ ماشہ بیر بہوٹی ۱۰ ماشہ۔ جائفل ۱۰ ماشہ افیون ڈھائی ۲½ ماشہ۔ سب ادویہ علیحدہ علیحدہ سفوف کریں اور ملا کر گولی بقدر نخود تیار کریں۔

مقدار خوراک: دو گولی رات کو ہمراہ دُودھ نیم گرم۔

سفوف تبخیر معدہ: اجزاء و ترکیب ساخت۔ افسنتین ۳ ماشہ۔ کسرخ ۲ تولہ۔ الائچی خورد ۱ تولہ۔ عود خام چھ ماشہ مصطگی رُومی ۱ تولہ۔ طباشیر ۲ تولہ۔ کشتہ عقیق ۳ ماشہ۔ صندل سفید ۱ تولہ تمام ادویہ سفوف بنالیں

مقدار خوراک: ایک ماشہ ہمراہ عرق گاؤزبان صبح و شام۔

نوٹ: تبخیر زیادہ ہو تو چھوٹی چندن باریک کر کے صبح و شام ہمراہ آب تازہ ایک ماشہ کھلائیں۔

حکیم عبدالقادر کھوکھر علوی

آپ کی پیدائش قصبہ حجرہ شاہ مقیم ضلع اوکاڑہ میں ۱۹۲۵ء کو ہوئی۔ آپ کے جدِ امجد مستقل حجرہ شاہ مقیم کے رہائشی ہیں۔ آپ نے مڈل تک تعلیم حاصل کی بعدہٗ والد محترم کے ہاں معاون کام شروع کیا۔ کیونکہ والد صاحب درویش طبع تھے۔ اور عمر رسیدہ ہونے کیوجہ سے تمام مطب کا کام آپ ہی سرانجام دیتے تھے۔ بندہ کے والد محترم حکیم محمد بخش ۱۹۳۰ء سے مطب کر رہے تھے۔ آپ طبیہ کالج دہلی کے مستند تھے۔ بندہ نے والد صاحب کے ہاں عملی تربیت اور طبی کتب کا مطالعہ کیا اور ۱۹۵۲ء میں جامعہ طبیہ لاہور کے امتحان میں کامیابی حاصل کر کے طبیب کامل کی سند حاصل کی اور والد محترم کے ساتھ مطب کرتے رہے۔ والد محترم حکیم محمد بخش ۱۹۵۷ء میں ۹۰ سال کی عمر میں دُنیا فانی سے رحلت فرما گئے تو آپ نے مطب کا نظام مکمل طور پر سنبھال لیا۔ بعدہ ۱۹۶۵ء بورڈ یونانی سے سند حاصل کی اور خُدا کے فضل سے تاحال مطب کر رہے ہیں جس سے خلق خُدا استفادہ کر رہی ہے۔

حکیم عبدالقادر علوی ولد حکیم محمد بخش کھوکھر
علوی دواخانہ (رجسٹرڈ) حجرہ شاہ مقیم ضلع اوکاڑہ

مجرّبات

۱۔ پتھری، ریگ گردہ کی اکسیری دوا: اجزاء و ترکیب ساخت: کشتہ بلادر۔ رماد کرمک۔ رماد عقرب۔ ملیخ الطلیخ۔ کشتہ سنگ یہود۔ نمک چرچٹہ نمک ترب۔ نمک جواکھار جملہ اشیاء ہموزن آمیختہ محفوظ رکھیں۔

خوراک: ۱ ماشہ ہمراہ چھاچھ دن میں تین بار۔

فوائد: گردہ و مثانہ کی پتھری کا حتمی و شرطیہ علاج ہے۔

مندرجہ بالا سالہا سال کے تجربہ کا نچوڑ ہے۔ پتھری کو ریزہ ریزہ کرکے پیشاب کے راستے خارج کرنا اس کا ادنیٰ کرشمہ ہے۔

۲: اکسیر ذیابیطس صدری: اجزاء و ترکیب ساخت: کشتہ فولاد سرد۔ ۱ ماشہ۔ کشتہ عقیق ۱ ماشہ۔ ست سلاجیت ۱ ماشہ۔ مغز جامن ۱ تولہ کشتہ زمرد ۱ ماشہ۔ گڑمار بوٹی ۲ تولہ۔ ست گلو ۳ ماشہ۔ طباشیر ۲ ماشہ۔ دانہ الائچی خورد ۳ ماشہ۔ افیون ۲ ماشہ۔ کشتہ بیضہ مرغ ۲ ماشہ۔

ترکیب: کشتوں کے علاوہ تمام ادویہ باریک کرکے بعد کشتہ جات ملا دیں۔

فوائد: ذیابیطس شکری اور جملہ امراض ذیابیطس کا مجرب علاج ہے۔

۳: حب المسک: اجزاء و ترکیب ساخت: زعفران ۴ رتی۔ ریگ ماہی نر ۱ ماشہ۔ مشک خالص ۱ ماشہ۔ دار چینی ۱ ماشہ مازو ۴ رتی۔ کندش ۳ رتی افیون ۱ ماشہ۔ کابچھل ۳ رتی۔ لونگ ۲ رتی۔ ورق نقرہ ۴ رتی

جملہ ادویات کو باریک کرکے آب ادرک میں گولیاں ...

خوراک: ۱ گولی ہمراہ دودھ شیر گرم۔ فوری امساک ۲ ... ہمراہ دودھ شیر گرم۔

حکیم ظفراللہ

پیشہ حکمت خاندانی ہے اور میں نے بچپن میں دادا جان جناب استاد محترم حکیم محمد یوسف صاحب اور حکیم محمد موسیٰ صاحب دونوں بھائی تھے۔ جو کہ سابق ناگوری ضلع حصار تحصیل فتح آباد میں مقیم تھے اور کافی مشہور تھے۔ والد صاحب نے بچپن ہی سے دادا جان کی جھولی میں ڈال دیا۔ انہوں نے مجھے چھٹی جماعت تک پڑھایا اور اس کے بعد کیونکہ وہ ضعیف ہو چکے تھے اسلئے تمام کاروبار کشتہ جات، نسخہ جات اور تمام کاروبار میرے کاندھوں پر آپڑا۔ اسلئے تعلیم کو ترک کرکے کام سنبھالا۔ جب دادا جان وفات پا گئے تو مطب شروع کر دیا اور ان کے تمام مجربات ہمارے پاس ہی محفوظ رہے ان کا حکیم محمد عبداللہ صاحب جہانیہ منڈی والوں سے بہت گہرا تعلق تھا۔ خداوند کریم انہیں غریق رحمت کرے آمین! اور ان کی زندگی میں ہم نے ۱۹۷۰ء میں طبیہ کالج میں امتحان دے کر سند حاصل کی۔

حکیم ظفراللہ ولد حافظ خلیل احمد
چاہ پپلی والا۔ اٹاری روڈ حجرہ شاہ مقیم تحصیل دیپالپور ضلع اوکاڑہ

مجرّبات

۱۔ محلول سم الفار: اجزاء و ترکیب ساخت: یہ نسخہ میرے دادا جان حکیم مولوی عطا محمد نشتر ہجرانوی

جوکہ کاتب مجربات سلیمانی کتب خانہ ضلع حصاران کا ہے اپنی تمام زندگی استعمال کیا۔ اللہ کے فضل و کرم سے جلا کتا چند دن میں صحت یاب۔ خواہ آتشک ہے جذام تک نوبت پہنچ چکی ہو۔ خدا شافی بہتر ہے۔

اجزاء وترکیب ساخت: چرچٹہ کھار ۱۰۰ گرام اور سفید سم الفار ۵ گرام کے درمیان دیگر سکورہ گل کو گل حکمت کرکے ۲ کلو اوپلوں کی آنچ بشکل بھٹی دیدیں۔ بعدہٗ سرد ہونے کے نکالیں اور چینی کی پیالی میں رکھدیں تمام روغن بن جاوے گا۔

خوراک: ۲ قطرے ڈراپر سے مکھن میں استعمال کرادیں۔ پہلے کوئی چیز بن غذا استعمال کرالیویں اور بعدہٗ میں جوش شدہ شیر پلادیں دنوں میں دس سالا مرض رفع ہوگی اور نئے تجربات روغن مذکور نزلہ زکام۔ بخار۔ احتلام۔ دمہ کے لئے اکسیر کا حکم رکھتا ہے تمام امراض کو مکھن میں استعمال کریں۔

کشتہ شنگرف:

اجزاء وترکیب ساخت: جو کہ امراض مذکور کیلئے انشاء اللہ اکسیر کا حکم رکھتی ہے جن کا ذکر درج ذیل ہے۔

فالج۔ لقوہ۔ رعشہ۔ رینگن۔ گنٹھیا اور تمام ریحی امراض سردی کا بخار۔ ملیریا بخار۔ نزلہ۔ زکام۔ کھانسی وغیرہ امراض پر اور ذات الجنب۔ ذات الصدر وغیرہ وغیرہ کیلئے۔

اجزاء شنگرف ۱۰ گرام اور پھٹکڑی سفید ۲۰ گرام دونوں کو ملاکر کھرل کریں۔ جب بالکل یک جان ہوجاوے تو توا پر رکھ کر کوئلوں کی آنچ اتنی دیں کہ اس کی نمی ختم ہوکر خشک ہوجاوے نیچے اتار کر کھرل کرکے سنبھال رکھیں۔

مقدار خوراک: بڑے آدمیوں کو ا رتی خوراک ہمراہ دودھ۔ غذا مرغن استعمال کرائیں۔

فوائد: چوٹ کا ہر قسم کا درد خواہ نیا ہو یا پرانا کیلئے بھی کشتہ مذکور فائدہ مند ہے۔

اکسیر ضعف باہ:

اجزاء وترکیب ساخت: نامردی ہر قسم پارہ ۱۰ گرام۔ گوگرد ۱۰ گرام دونوں کی کجلی تیار کریں۔ جب کجلی تیار ہوجاوے تو قرنفل ۵ گرام کو کھرل کرکے ملالیں اور بعدہٗ اچھی طرح ۶ گھنٹہ کھرل کریں۔ اور زردی بیضہ مرغ ۴ عدد میں کھرل کرکے جذب ہونے پر حب نخودی تیار کریں۔

خوراک: ایک گولی رات کو سوتے وقت ہمراہ دودھ جس کے اندر سفوف جس کا نسخہ نیچے درج ہے ۶ ماشہ نصف کلو دودھ میں شامل ہو کھلاویں

نسخہ سفوف: مصطگی رومی ۱۰ گرام اور چھلکا اسپغول ۴۰ گرام ملاکر سفوف بنائیں۔

حکیم محمد ساغر

ابتدائی تعلیم حاصل کرنے کے بعد آپ شعبہ طب سے منسلک ہوئے کچھ عرصہ پنسار سٹور چلاتے رہے اسی دوران حکماء نامدار سے ملاقات اور مجربات کی جستجو رہی اور مطب کا سلسلہ شروع کیا اب علمی مطب کے ذریعہ خدمت فن میں مصروف ہیں۔

حکیم محمد ساغر ولد حکیم میاں علی محمد خان
موضع شاہ پور۔ نزد حجرہ شاہ مقیم تحصیل دیپالپور ضلع اوکاڑہ

مجربات

۱۔ کشتہ حجر الیہود در شورہ: اجزاء وترکیب ساخت: شورہ پچاس گرام۔ شب یمانی سفید

پچاس گرام حجر الیہود خالص پچیس گرام۔ شورہ اور شب یمانی ملالیں بعدہٗ کھرل کریں۔ پھر اس میں آب بھنکل جس کو عام بجتل بھی کہتے ہیں۔ ۵۰۰ گرام ڈال کر ہانڈی میں ڈال کر منہ پر سرپوش دیکر بند کرکے چولہا پر سوار کریں۔ بعدہٗ پانی خشک ہونے پر اتارلیں اور ٹھنڈا ہونے پر کھرل کرکے سفوف بنادیں۔

حجر الیہود کو ایک لوہے کے ڈھکن والے کڑچھ میں ڈالکر اس میں ۲۵۰ گرام آب بھنکل ڈالیں جب آگ کے قریب کریں گے تو اس میں سے آواز پیدا ہوگی۔ آگ سے دُور کریں اسی طرح جب مکمل کشتہ ہوجاوے تو نیچے اتارلیں پھر نمبر ۱ اور نمبر ۲ کو ملالیں۔ پھر جب مریض کو دورہ کی حالت ہو یعنی درد شروع ہو تو اسکو جوشاندہ دال کلتھی میں ۶ گرام سفوف مذکور دیں اللہ کے فضل سے ایک ہی خوراک سے پتھری ریزہ ریزہ ہوکر نکل جاوے گی۔ تجربہ کریں اور دعائے خیر سے یاد فرمائیں۔

۲۔ اکسیر درد گردہ:

اجزاء و ترکیب ساخت: بھلانواں دو عدد اور شورہ پچاس گرام کے درمیان دیکر آگ پر سوار کریں۔ جب دھواں ختم ہوجاوے تو اُتارلیں۔ شورہ سوختہ ہوجاوے گا۔

خوراک: ۱ تا ۲ گرام تک ہمراہ آب دیں مجرب ہے۔

نوٹ: اس کے دُھواں سے بچیں کیونکہ جہاں دُھواں پڑے گا وہاں جسم پر ورم ہوجاوے گا۔

حکیم رحمت علیخاں

آپ اکتوبر ۷ ۱۹۲۷ء کو دہلی کے قریب میوات کے معروف قصبہ کہوری کلاں میں پیدا ہوئے۔ ابتدائی تعلیم مقامی طور پر اور مڈل ملحقہ قصبہ تاؤ میں کیا۔ اس کے بعد دینی تعلیم اور (درس نظامی) دہلی کے معروف استاد مولانا سید حشمت علی شاہ صاحب سے حاصل کی۔

اور انہی سے رُوحانی استفادہ حاصل کیا۔ طب کا بچپن ہی سے شوق تھا۔ اسلامی تعلیم کی تکمیل کے بعد اسی شوق نے اورنگ آباد دکن حیدر آباد (انڈیا) پہنچا دیا۔ وہاں طب کی باقاعدہ تعلیم ایک ہندو حکیم و ڈاکٹر لالہ موہن لعل سے حاصل کی لالہ موہن لعل صاحب بڑے پایہ کے حکیم تھے اور ان کا شمار اپنے زمانہ کے مایہ ناز حکماء میں ہوتا تھا۔ ان کے پاس چار سال تعلیم حاصل کی۔ طب کی تعلیم سے فارغ ہوکر واپس گھر لوٹے۔ قیام پاکستان کے بعد پاکستان پہنچ کر مہاجرین کے کیمپ میں لوگوں کو مفت طبی سہولتیں فراہم کیں۔ طبیہ کالج مسیح الملک پاپڑ منڈی چوک لاہور سے سند حاصل کی اور رحمت دواخانہ کے نام سے مطب کا آغاز کیا۔ اپنے علاقہ کے طبی کمیٹی کے سیکرٹری اور نائب صدر رہے مطب سے ہزاروں مریض اللہ کے فضل سے شفایاب ہوچکے ہیں۔

حکیم رحمت علی خان ولد چوہدری ملے خان
امداد کالونی۔ حجرہ شاہ مقیم تحصیل دیپالپور ضلع اوکاڑہ

مجرّبات

۱۔ رحمت شربت فولاد خاص:

اجزاء و ترکیب ساخت: کلیجی بکرا ½ کلو۔ کھاڈی اپاؤ، کمو خشک اپاؤ۔ تخم کاسنی ۵ تولہ۔ جڑ کاسنی ۵ تولہ۔ جڑ سونف ۵ تولہ۔ تخم سونف ۵ تولہ۔ تخم خیارین ۵ تولہ۔ کھیرا سبز ۱ تولہ جڑ جواسرہ ۵ تولہ۔ دستیاب ہو تو ٹماٹر اپاؤ۔ ان کا عرق نکال کر چینی ڈال کر شربت پکائیں۔

مقدار خوراک: ۵ تولہ صبح و شام پانی ملاکر۔

فوائد: ضعف جگر۔ یرقان۔ کمی خون۔ گردوں کی گرمی۔ مثانہ کی گرمی۔ عظم طحال۔ ورم جگر۔ صلابت جگر کیلئے بیحد مفید ہے۔

۲: جگرول:

اجزاء و ترکیب ساخت: قلمی شورہ ۱۰ تولہ۔ کونین سلفاس ۵ تولہ۔ ریوند خطائی ۱۰ تولہ۔ فلفل سیاہ ۵ تولہ۔ سنڈھ ½۲ تولہ۔ نوشادر ۱۰ تولہ۔ کشتہ فولاد ½۲ تولہ۔ فلفل دراز ½۲ تولہ۔ باریک پیس کر بقدر کنار دستی گولیاں بنائیں۔

مقدار خوراک: ایک گولی صبح و شام ہمراہ شربت رحمت خاص۔

فوائد: خرابی جگر۔ جگری بخار۔ ملیریا سے کمزوری۔ تلی بڑھ جانا۔ کیلئے بیحد مفید ہے۔

۳: سفوف ملینؒ:

اجزاء و ترکیب ساخت: قبض خرابی خون پھوڑا پھنسی۔ پھلبہری داد اور چنبل اور کل امراض خون کیلئے مفید ہے۔ بواسیر۔ قبض وغیرہ کیلئے بھی ہے الرجی کیلئے شافی ہے۔

نسخہ: منقی ۵ تولہ۔ سنا مکی ۵ تولہ۔ سونف ½۲ تولہ۔ گندھک آملہ سار ½۲ تولہ۔ چینی ۱۵ تولہ۔ کوٹ کر سفوف بنائیں۔

خوراک: ۴ سے ۸ ماشہ صبح و شام۔

۴: عرق برائے ضعف قلب:

اجزاء و ترکیب ساخت: اختلاج القلب۔ ضعف قلب۔ خفقان اور دماغی امراض مقوی معدہ جگر۔ بلڈ پریشر کیلئے مفید ہے۔

ابریشم خام ۲۰ تولہ۔ گاؤزبان ۱۰ تولہ۔ بادرنجبویہ ۱۰ تولہ۔ گل گاؤزبان ۱۰ تولہ۔ اسطخودوس ۱۰ تولہ۔ صندل سفید ۵ تولہ پوست ترنج ۱۰ تولہ۔ لہسن ½ کلو پانی ۱۵ سیر عرق کشید کریں ۵ سیر۔

۵: حب سیاہ:

اجزاء و ترکیب ساخت: پانی لکرونذہ سبز (لکر چھڈی) پانی شاہترہ سبز ½ سیر۔ پانی گندی بوٹی ½ سیر۔ پانی آکسن ½ سیر۔ فلفل سیاہ اپاؤ۔ سنامکی اپاؤ۔ مصبر زرد اپاؤ۔ قند سیاہ کہنہ ½۲ سیر۔

ترکیب تیاری: پہلے چاروں پانی ملا کر آگ پر رکھیں۔ جب گاڑھا ہونے کے قریب ہوں۔ تو باقی ادویہ باریک پیس کر ڈال دیں۔ گولی بنانے قابل قوام کرکے نیچے اتار لیں اور بقدر مٹر گولی بنائیں۔

خوراک: دو گولی صبح و شام ہمراہ تازہ پانی۔

فوائد: بواسیر بادی۔ خونی۔ ریح المعدہ۔ ریح البدن دائمی قبض۔ اپھارہ۔ خرابی خون ہر قسم کے لئے بے حد مفید ہے۔

حکیم چوہدری عبدالمجید گورداسپوری

آپ گاؤں موضع بھٹیاں نمبر حدبست ۵۹ ۵ تحصیل و ضلع گورداسپور میں پیدا ہوئے۔ آپ کے خاندان کو عہد مغلیہ میں جاگیریں ملی ہیں جو بعد ازاں انگریز دور میں موضع بھٹیاں جاگیر تک محدود رہ گئیں۔ آپ نے قصبہ کاہنووان (گورداسپور) میں مڈل کا امتحان پاس کیا اور طب کیطرف مائل ہوئے ابتدائی تعلیم حکیم سراج سے حاصل کی اور سند پائی پھر پاکستان میں گورنمنٹ ٹریننگ سکول گکھڑ سے سینئر کلاس کی سند حاصل کی اور گورنمنٹ مڈل سکول رو ہیلہ تیجیکا میں بطور ہیڈ ماسٹر تقرری ہوئی۔ آپ کے نانا حکیم خیر الدین ایک طبیب حاذق اور فاضل طب الجراحت تھے۔ جن کی نظر عنایت سے آپ طب کیطرف راغب ہوئے۔ بعد ازاں عملی مطب کے ذریعے رفاع عامہ اور خدمت خلق میں مصروف ہیں۔

حکیم چوہدری عبدالمجید گوداسپوری ولد میاں کریم بخش
بمقام روہیلہ تبجکا تحصیل دیپالپور ضلع اوکاڑہ

مجرّبات

برائے قوت باہ: اجزاء و ترکیب ساخت: شنگرف ۲ تولہ افیون ۲ تولہ، شراب برانڈی ایک بوتل انڈے سات عدد ایک عدد کبوتر جنگلی۔ گھی گائے ½ نصف سیر شنگرف ۲ تولہ۔ حام دستہ میں کھرل کریں اور قطرہ قطرہ ڈال کر کھرل کریں۔ پھر افیون کو اس میں کھرل کریں۔ پھر ہر دو کھرل شدہ ادویہ کو انڈوں کی زردی حل کریں کبوتر کا پیٹ چاک کر کے اندر سے انتڑیاں نکال دیں بال وغیرہ نہ رہنے دیں اور ادویات پیٹ میں سی دیں اور گھی کڑاہی میں ڈال کر چولہے پر گرم کریں۔ گھی گرم ہونے پر کبوتر گھی میں بھون لیں سرد ہونے پر باریک پیس کر شیشی میں ڈال لیں۔
خوراک: ایک چاول ہمراہ مکھن۔ نہار منہ نہ کھائیں۔

طلاء: تیل کنجد ۲ رباؤ۔ پھول چنبیلی ۲ تولہ۔ زرد بھڑ چالیس عدد۔ جونک خشک چار عدد کیچوے صاف لسی چھاچھ میں کئے ہوئے چار تولہ بڑی ٹانگوں والے چیونٹے یکصد عدد سک۔ یعنی (بیر بہوٹی) ۶ ماشہ۔
ترکیب: ایک بڑی بوتل ڈال کر دھوپ میں رکھیں۔ صاف کر کے بوتل میں ڈال لیں اور اس میں چنبیلی کا تیل ملا دیں۔ بطریق معروف استعمال کریں۔

بچھو: اجزاء و ترکیب ساخت: میتھی لینڈ سپرٹ ۳ تولہ۔ ست اجوائن ا تولہ۔ ست پودینہ ایک تولہ۔ کافور ۲ تولہ کلورل ہائیڈریٹ ا تولہ۔ بچھو جو جل جائے اس میں ڈال دیں
ترکیب: تمام ادویات کو کھرل کر کے ملا کر شیشی میں محفوظ رکھیں۔ پانچ قطرے ڈنگ کی جگہ سوئی سے پہلے چھیڑ کر لگا دیں۔

درد فم معدہ: اجزاء و ترکیب ساخت: ہینگ اصلی سیاہ۔ مصطگی رومی ہر ایک ا تولہ ز ۲ تولہ۔ زعفران ۶ ماشہ۔ مویز منقی دس تولہ۔ سب کو کوٹ کر معجون سی بنا لیں۔
مقدار خوراک: چھ ماشہ۔ کافی گرم پانی سے کھائیں

جریان: برہم ڈنڈی بوٹی۔ گورکھ پان بوٹی۔ بوچھی بوٹی بھنگ بریاں بوٹی بھی برابر وزن بریاں ڈال کر ہر روز پلا دو یا کھلا دو اکسیر ہے۔

تریاق شکم: اجزاء و ترکیب ساخت: زیرہ سفید زیرہ سیاہ۔ کچور۔ سونٹھ۔ لونگ اجوائن دیسی تخم کرفس۔ فلفل دراز۔ فلفل سیاہ۔ تخم شیت۔ پودینہ۔ تخم کاسنی کاہو O نمک سیاہ۔ نمک چوڑی۔ نمک منہاری۔ نوشادر۔ نمک لاہوری۔ نمک سانبھر ہر ایک تیرہ ماشہ۔ زعفران کافور ہر ایک پانچ ماشہ۔ سب کو باریک پیس کر مٹی کی کڑاہی میں ایک سیر آب لیموں اور دو سیر سرکہ انگوری تنک کے ساتھ پکا لیں جب تمام پانی اور سرکہ جذب ہو جائے تو دوبارہ پیس کر رکھ لیں اور غذا کے بعد جب ضرورت ہو دو ماشہ تا چار ماشہ ہمراہ پانی کھائیں۔
فوائد: پیٹ کی جملہ خرابیوں میں عجیب النفع ہے خون صالح پیدا کرتا ہے۔ ہاضم غذا اور مقوی معدہ ہے۔

جنم گھٹی: اجزاء و ترکیب ساخت: سونف ایک تولہ۔ پھول گلاب ڈیڑھ تولہ۔ نوشادر تین ماشہ۔ کچور نصف تولہ۔ املتاس کا گودا نصف تولہ۔ اجوائن ایک تولہ واوڑنگ۔ کالا نمک۔ سناکی کے پتے۔ ہرڑ۔ کاکڑا سنگی۔ سونٹھ اتیس نصف نصف تولہ۔ گلو ایک تولہ۔ ہینگ اور مصبر (ایلوا) تین ماشہ۔ کوٹ کر سفوف بنا لیں۔ شیشی میں بند کریں۔ تین ماشہ لیکر ایک چھٹانک میں جوش دیں۔ ایک دو چمچہ چھان کر پلا دو۔

حکیم محمد اکرم لکھوی

آپ ۱۹۵۴ء کو آبائی گاؤں قلعہ تارا سنگھ میں پیدا ہوئے، ابتدائی تعلیم گاؤں میں حاصل کی۔ ۱۹۷۱ء میں گورنمنٹ تبلیغ ہائی سکول اوکاڑہ میں میٹرک پاس کیا۔ ۱۹۷۲ء میں جامعہ طبیہ اسلامیہ فیصل آباد میں داخل ہوئے۔

۱۹۷۵ء میں فارغ ہو کر ایک سال مطب کیا۔ اس کے بعد جامعہ طبیہ اسلامیہ فیصل آباد میں بطور لیکچرار مقرر ہوئے ۱۹۷۷ء میں دیپالپور شہر میں مطب کیا۔ ۱۹۷۹ء میں پاکستان طبّی ایسوسی ایشن میں بطور سیکرٹری کام کرتے رہے آپ طویل عرصہ سے عملی مطب کے ذریعے فن شریف کی ترویج و ترقی اور خدمت خلق میں مصروف ہیں۔

حکیم محمد اکرم لکھوی ولد حکیم احمد علی لکھوی
قلعہ تارا سنگھ تحصیل دیپالپور ضلع اوکاڑہ

مجربات

سفوف اسہال و سنگرہنی: اجزاء و ترکیب ساخت: بادیان ہلیلہ سیاہ۔ زنجبیل کوکنار برابر وزن کوٹ کر روغن زرد میں چرب کرلیں ۱ ماشہ سے ۴ ماشہ حسب عمر۔

ترکیب استعمال: موسم گرما میں چائے میں برف ملا کر ہر تین گھنٹہ ایک پڑیہ موسم سرما میں چینی ۲ چمچے پانی ۱۰ تولہ ابال کر ہر تین گھنٹہ بعد ایک پڑیہ دیں۔

حبّ بواسیر: چاکسو۔ گل سرخ۔ حُضض۔ ہلیلہ سیاہ۔ صندل سفید۔ مغز نیم پوست بکائن۔ جرائتہ شیریں۔ نمک سیاہ ہر ایک ۵ اگرام۔ آب ترپھلہ میں کھرل کرکے حبوب کنار دشتی بنالیں۔

ترکیب استعمال: ۲ گولی صبح و شام ہمراہ گلقند ۵۰ گرام مغز بادام ۱۱ عدد گھوٹ کر پلائیں۔ تخم پھٹکنڈا کی دھونی دیں نیز مسّوں پر پوٹاشیم پرمیگنیٹ ۱۰ گرام پانی ۲ اونس ملا کر پھایہ سے لگائیں۔ انشاء اللہ العزیز بواسیر کو نیست و نابود کردیگی۔

اکسیر دمہ: نزلہ دائمی: سعال رطب، اجزاء و ترکیب ساخت: اجوائن خراسانی ۱ تولہ پانی ۱۲ اونس میں ابالیں۔ زاج سفید ۵ تولہ کو پانی مذکور ڈالکر بریاں کرلیں خشک ہونے پر محفوظ کرلیں۔

اکسیر دمہ ۴ رتی۔ فولاد مکلس ۴ رتی۔ ابرک سیاہ مکلس ۴ رتی۔ صبح ہمراہ شربت مذکورہ سعال معہ بالائی استعمال کریں۔

شربت سعال: اجزاء و ترکیب ساخت: گاؤزبان، پرسیاؤشاں بنفشہ۔ کوکنار۔ صندل سفید۔ نیلوفر۔ ملٹھی ہر ایک ۶ ماشہ۔ بادیان۔ خوب کلاں۔ مویز۔ سنا مکی۔ گل سرخ برگ بانسہ ہر ایک ۱ تولہ۔ خولنجاں۔ ہلیلہ سیاہ ہر ایک ۳ ماشہ حسب دستور شربت ا بوتل تیار کریں۔ رات کو سوتے وقت درج ذیل مکسچر پلائیں۔ میگ سلف ۳۵۰ گرام۔ فولاد پتری ۳۰ گرام۔ نوشادر ۱۰ گرام۔ عرق سونف حسب ضرورت۔ ایک بوتل مکسچر تیار کرلیں ۵ تولہ سوتے وقت استعمال کرائیں۔

پرہیز: ایک وقت نرم غذا کھلائیں ایک وقت سبزی چپاتی صبح نہار منہ لسّی تازہ استعمال کرائیں تیل والی اشیاء، گرم۔ بادی اشیاء سے پرہیز کریں۔

حکیم حاجی مرزا
محمد شمس الحق

آپ ۲۵ اگست، ۱۹۵۷ء میں پیدا ہوئے ابتدائی دینی تعلیم جناب چوہدری ذکر اللہ صاحب سے حاصل کی اور وہیں قرآن پاک ختم کیا۔ بعدازاں گورنمنٹ ہائی سکول صدر گوگیرہ سے میٹرک اور پھر ایف اے کا امتحان پاس کیا۔

فن طب آپ کا خاندانی پیشہ ہے لہذا طب کیطرف مائل ہوئے اور طبیہ کالج لاہور میں داخل ہوئے ۱۹۷۸ء میں فاضل الطب و الجراحت کی سند حاصل کی۔ دوران تعلیم والدگرامی کے ساتھ کام کرتے رہے جو عرصہ پچاس سال سے کامیاب مطب چلا رہے ہیں۔ آپ کے والدگرامی امرتسر طبیہ کالج کے فارغ التحصیل ہیں آپنے فن تشخیص اور عملی مطب کا تجربہ انہی کی زیرنگرانی حاصل کیا۔ مطب کے علاوہ آپ مختلف سماجی تنظیموں کے ممبر وعہدہ دار ہیں۔ آپ نے ۱۹۸۸ء میں حج بیت اللہ کی سعادت حاصل کی اور ۱۹۸۰ء میں حسن آئی ہسپتال سے ڈاکٹر عبدالحفیظ صاحب کی زیرنگرانی امراض چشم کی تشخیص و معالجہ میں مہارت حاصل کی۔ آپ اپنے والدگرامی کے نقش قدم پر چلتے ہوئے ان کی تعلیمات پرعمل پیرا ہیں۔ اور خدمت خلق میں مصروف ہیں۔

حکیم مرزا محمد شمس الحق ولد حکیم مرزا محمد الدین
بمقام گوگیرہ تحصیل وضلع اوکاڑہ

مجربات

اکسیر معدہ (مجرب و معمول): اجزاء وترکیب ساخت: سونف ایک تولہ، [illegible] ایک تولہ، دانہ الائچی کلاں ایک تولہ۔ ست ملٹھی ایک [illegible] فلفل سیاہ ایک تولہ۔ نمک لاہوری ایک تولہ، نمک [illegible] نو ماشہ۔ نوشادر چھ ماشہ۔ سوڈا بائیکارب دو تولہ۔ ست [illegible] دو رتی۔ جملہ ادویہ کو باریک پیس لیں اور ست اور سوڈا [illegible] ملالیں۔

مقدار خوراک: بعد از غذا دو ماشہ تک۔

فوائد: قراقر معدہ، درد معدہ، نفخ، تبخیر معدہ، اور انتڑیوں کی یبوست میں مفید ہے۔

سفوف ذیابیطس: اجزاء وترکیب ساخت: زنجبیل سونف۔ نوشادر ہموزن سفوف بنالیں۔

مقدار خوراک: ایک سے دو رتی صبح دوپہر شام۔

فوائد: سلسل البول میں مفید ہے۔

حب فالج: اجزاء وترکیب ساخت: لہسن پاؤ، گڑ کہنہ پاؤ باہم کوٹ کر حبوب بقدر نخود تیار کرلیں۔

مقدار خوراک: ایک گولی بوقت شب ہمراہ شیر نیم گرم۔

فوائد: فالج کے لئے مفید ہے۔

سفوف شباب: اجزاء وترکیب ساخت: گھونگچی سفید (مقشر) ستاور ہموزن دونوں کا سفوف بنالیں۔

مقدار خوراک: چار ماشہ بوقت شام ہمراہ دودھ۔

فوائد: ممسک و مغلظ منی ہے۔

حب بندق بواسیری: اجزاء وترکیب ساخت، پوست ریٹھہ ایک چھٹانک۔ گڑ پرانا ایک چھٹانک۔ رسونت مصفیٰ ڈھائی تولہ۔ پوست ریٹھہ کا

سفوف باریک کریں اور رسونت ملا کر یکجان کر لیں۔ بعد ازاں گڑ ملا کر حبوب نخودی تیار کر لیں۔

مقدار خوراک: دو گولی صبح و شام ہمراہ لسی۔

فوائد: بواسیر خونی و بادی میں مفید و معمول ہیں۔

کیمیائے عشرت: اجزاء و ترکیب ساخت: پھٹکی تین رتی، زعفران ا رتی، کاپھل چھ رتی، لونگ چار رتی، شنگرف چھ رتی، مازو چار رتی، ورق طلا چار رتی، دار چینی ا ماشہ، کستوری ا ماشہ، زہر مہرہ ا ماشہ، ورق نقرہ سات رتی، افیون ا رتی۔ جملہ ادویہ علیحدہ علیحدہ سفوف بنا کر باہم ملا لیں۔

مقدار خوراک: ا رتی دودھ میں ڈال کر۔

فوائد: طاقت پیدا کرنے کا ایک بیش بہا خزانہ ہے۔ ایک ہی رات میں کئی سیر دودھ ہضم کرنے کی صلاحیت پیدا کرتا ہے۔ انتہائی ممسک و مقوی ہے۔

نوٹ: پیاس کی صورت میں صرف دودھ استعمال کریں۔

برائے جریان، احتلام، سیلان الرحم: اجزاء و ترکیب ساخت: سنگ جراح ا پاؤ، مولی اکلو۔ مولی کو کدو کش کر کے ہاتھ میں نچوڑ کر جتنا پانی نکلے اس میں سنگ جراح رگڑ کر روٹی سی بنا لیں اور نغدہ مولی میں یہ روٹی رکھ کر کسی سوتی کپڑے میں لپیٹ کر ۲۰ سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ سفید براق کشتہ برآمد ہوگا۔ اگر سیاہ ہو جائے تو دوبارہ اسی طرح مولی کے پانی اور نغدہ میں لپیٹ کر آگ دیں۔

مقدار خوراک: ۴ رتی خوراک صبح خالی پیٹ مکھن میں رکھ کر دیں ۱۴ تا ۲۱ روز استعمال کریں۔

سرمہ ظفر: اجزاء و ترکیب ساخت: آب برگ سرس، نمک شیشہ۔ آب سرس کا پانی نکال کر اس پانی کا عرق کشید کریں اچھا تک عرق میں ا تولہ نمک شیشہ ڈالیں اور ڈھکنا بند کر دیں۔ صبح و شام ۴، ۴ قطرے آنکھوں میں ڈالیں۔ برائے جملہ امراض چشم بے نظیر ہے مسلسل ۲ ماہ تک استعمال کرنے سے نظر کی کمزوری ٹھیک ہو جائیگی اور عینک جاتی رہے گی۔

برائے جذام: اجزاء و ترکیب ساخت: جست ا تولہ، نیلا تھوتھا ا تولہ، گندھک آملسار ا تولہ

تینوں ادویات کو ایک بوتل میں ڈال کر پانی سے بھر دیں اور بوتل کو ایک ماہ سخت دھوپ میں رکھیں۔ بوتل کو روزانہ ہلاتے رہیں اور شام کو اندر رکھ دیا کریں۔ ایک ماہ بعد بوتل سے نکال کر کسی کھلے برتن میں ڈالیں اور کچھ دیر بعد خیال سے نتھار لیں۔ پانی کو کسی تانبہ یا سٹیل کی کڑاہی میں ڈال کر ہلکی آنچ پر نمک بنائیں۔

مقدار خوراک: ایک گولی صبح نہار منہ مکھن میں ۷ دن تک استعمال کرائیں برائے امراض جذامیہ مجرب ہے۔

پرہیز: بڑا گوشت، ترش اور بادی اشیاء سے مکمل پرہیز کرائیں۔

مقدار خوراک: اچاول۔

برائے امراض اطفال: اجزاء و ترکیب ساخت: مروارید ایک ماشہ۔ طباشیر کبود چھ ماشہ دانہ الائچی خورد چھ ماشہ، تخم کرنجوہ چھ ماشہ۔ زبان کوڑیہ چھ ماشہ نوشادر ٹھیکری چھ ماشہ۔ ورق نقرہ پچاس عدد۔ کشتہ ابرک سیاہ ا تولہ۔ زہر مہرہ خطائی چھ ماشہ۔ خاکسی ا تولہ۔ روح کیوڑہ ایک جملہ ادویہ کیوڑہ میں مثل غبار کریں۔

مقدار خوراک: بمطابق عمر

فوائد: تپ محرقہ۔ قے اسہال۔ بدہضمی۔ دق الاطفال سوکھا مسان میں مفید ہے۔

برلئے لکنت: اجزاء و ترکیب ساخت: اجوائن دیسی۔ گندھک آملہ سار، جملہ ادویہ باریک پیس لیں۔

مقدار خوراک: آدھا ماشہ صبح دوپہر شام۔

حکیم میاں انعام اللہ نثار

آپ کا تعلق ایک معروف طبی گھرانے سے ہے یکم فروری ۱۹۵۳ء کو ضلع ساہیوال کے موضع اٹاری ڈنڈیا نوالی میں آنکھ کھولی۔ نانا حضور حاذق الملک حکیم محمد چراغ دین صاحب کے ہاں اولاد نرینہ نہ ہونے کے باعث آپ کو ان کی آغوش عاطفت میں دیدیا گیا۔ آپ نے ابتدائی تعلیم وہیں حاصل کی بعد میں بصیر پور منتقل ہو گئے ابھی پانچویں جماعت میں تھے کہ نانا کا سایہ سر سے اُٹھ گیا۔ میٹرک کرنے کے بعد ان کی وصیت کے مطابق فن کی طرف مائل ہوئے اور ۱۹۶۸ء میں طبیہ کالج لاہور میں داخل لیا۔ اسی دوران ایف اے کا امتحان پاس کیا اور ۱۹۷۲ء میں فاضل الطب و الجراحت کی سند حاصل کی اور بصیر پور میں عملی مطب شروع کیا ۱۹۷۵ء میں بی اے کا امتحان پاس کیا۔ ۱۹۷۹ء میں لاہور منتقل ہو گئے اور عملی مطب کے ساتھ ساتھ تحقیق کا کام شروع کیا اور ادویہ ساز ادارہ کی بنیاد رکھی آپ طب اسلامی کے سرگرم رکن ہیں اور یہ ادارہ آپ کی سرپرستی میں فن اور قوم کی خدمت میں مصروف ہے۔

حکیم میاں انعام اللہ نثار ولد حکیم محمد عبداللہ
محلہ درس بصیر پور تحصیل دیپالپور ضلع اوکاڑہ

مجربات

سفوف اکسیر بخار: اجزاء و ترکیب ساخت: ... نوشادر ٹھیکری تین ماشہ ... آٹولہ قلمی شورہ تین ماشہ بدستور سفوف بنالیں۔

مقدار خوراک: چار رتی دن میں تین مرتبہ ہمراہ آب۔

فوائد: ملیریا بخار اور صفراوی بخاروں کیلئے مفید ہے۔

سفوف ذیابیطس: اجزاء و ترکیب ساخت: ... ایک ماشہ مغز تخم بجائن ... طباشیر تین ماشہ۔ الائچی خورد تین ماشہ۔ گڑمار بوٹی ... بیلہ زرد تین ماشہ مغز تخم جامن تین ماشہ کشتہ زرد ... جملہ ادویہ سفوف بنالیں۔

مقدار خوراک: ایک ماشہ صبح و شام۔

فوائد: سلسل البول و ذیابیطس شکری میں مفید ہے۔

حب پیچش: اجزاء و ترکیب ساخت: مائیں خورد ... گل ارمنی گیرو۔ صمغ عربی۔ ... پھٹکڑی سفید بریاں جملہ ادویہ ہموزن افیون ایک ... نصف حصہ باریک سفوف بنا کر لعاب بہیدانہ کی مدد سے حبوب بقدر دانہ ماش بنائیں۔

مقدار خوراک: بچوں کو ایک گولی بڑوں کو دو گولی حسب ضرورت ہمراہ بدرقہ مناسب۔

ڈاکٹر و حکیم محمد طفیل بھٹی

آپ ۱۵ اپریل ۱۹۴۰ء کو پیدا ہوئے۔ ابتدائی دینی و درسی تعلیم مقامی طور پر حاصل کی

بعدازاں میٹرک اور ایف ایس سی کے امتحانات پاس کیے اور فن شریف کیطرف مائل ہوئے۔ باقاعدہ طبی تعلیم کے لئے طبیہ کالج لاہور میں داخل ہوئے اور ۱۹۷۰ء میں طبیب حاذق کی سند امتیازی حیثیت سے حاصل کی ۱۹۷۶ء میں پنجاب میڈیکل فیکلٹی کیطرف سے فارغ ہونے کے بعد بحیثیت رورل ہیلتھ انسپکٹر کے عہدہ پر فائز ہوگئے اور ۱۹۸۰ء تک اپنی خدمات انجام دیتے رہے بعدازاں ذاتی مطب شروع کیا۔

۱۹۷۵ء میں بی فارمسٹ کی ڈگری امتیازی حیثیت سے حاصل کی اور حکومت کیلئے خدمات انجام دیں۔ آپ طب اسلامی کے سرگرم رکن ہیں اور فن کی ترویج و ترقی کے ساتھ ساتھ خدمت خلق میں مصروف ہیں۔

ڈاکٹر و حکیم محمد طفیل بھٹی ولد میاں احمد دین بھٹی
بھٹی کلینک نزد اٹاری اڈہ حجرہ شاہ مقیم ضلع اوکاڑہ

مجربات

اکسیر دمہ: اجزاء و ترکیب ساخت: سم الفار ۲ ماشہ سہاگہ ایک چھٹانک۔ شیر ڈنڈا تھوہر ایک پاؤ۔ پہلے سہاگہ کو توے پر بریاں کر لیں اور اس میں شیر تھوہر ملا کر حل کریں اور نرم آگ پر پکائیں جب مانند کانچ کے ہو جائے اس کو باریک پیس کر درمیان میں سم الفار رکھ کر کوزہ گلی میں گل حکمت کرکے دس سیر اپلوں کی آگ دیں۔ کشتہ سم الفار برآمد ہوگا۔

مقدار خوراک: ایک چاول ہمراہ مکھن۔

فوائد: دمہ کی تمام اقسام میں مفید ہے۔ نصاب چودہ دن تک کریں۔

پرہیز: بادی اور ترش اشیاء۔

برائے دمہ: اجزاء و ترکیب ساخت: ڈنڈا تھوہر [illegible] حنظل۔ چہار اجزاء۔ جملہ ادویہ ایک ایک پاؤ سب کو علیحدہ علیحدہ جلا کر راکھ سے نمک حاصل کریں چہار نمک ایک چھٹانک لیکر مذکورہ نمک میں حل کریں۔

مقدار خوراک: ۱ ماشہ ہمراہ شہد۔

بچوں کا ٹانک: اجزاء و ترکیب ساخت: برگ سنا مکی ایک چھٹانک۔ املتاس ایک چھٹانک لائم واٹر ایک کلو۔ سونف ایک چھٹانک۔ انگور ادویہ کو لائم واٹر ایک کلو تک عرق کشید کریں اور لائم واٹر کو مصفیٰ کرکے ملا لیں بعدازاں چینی ڈال کر ہلکا سا قوام کر لیں۔

مقدار خوراک: ایک چمچہ حسب ضرورت۔

فوائد: بچوں کی جملہ امراض قبض بدہضمی پیچش وغیرہ میں مفید ہے۔

حکیم محمد رفیق صفدر

لکھوی

آپ ۱۹۴۱ء کو بمقام لکھو کے بہرام فیروزپور جلال آباد (بھارت) میں پیدا ہوئے۔ ابتدائی دینی تعلیم مقامی طور پر حاصل کی بعدازاں مڈل کا امتحان گورنمنٹ ہائی سکول دیپالپور سے پاس کیا۔ چونکہ آپ کے آباؤاجداد فن طب و حکمت اور دینیات کے فاضل تھے۔ لہٰذا آپ کو دینی اور طبی علوم کے حصول کی خواہش ہوئی جو کہ شوق کی حد تک پہنچی۔ اسی سلسلہ میں آپ مولانا محمد اصغر لکھوی جو کہ طب اور دینی

علوم کے فاضل اور خدا رسیدہ بزرگ تھے۔

... ان کی قابلیت سے استفادہ کرتے رہے۔ ان کے مطب سے علمی و عملی تجربات حاصل کئے ۱۹۶۵ء میں رجسٹریشن کے بعد ذاتی مطب کے ذریعے فن طب اور خدمت خلق میں مصروف ہیں۔

حکیم محمد رفیق صفدر لکھوی ولد حکیم مولوی عبدالستار
رتہ کھنہ روڈ مقام دیپالپور ضلع اوکاڑہ

مجربات

سفوف دیدان: اجزاء و ترکیب ساخت: باؤڈرنگ کابلی سفوف تیار کریں۔

مقدار خوراک: چار ماشہ نہار منہ ہمراہ دہی شیریں یا دُلیا بعد ازاں مسہل نمکین (میگ سفوف ۴ تولہ نوش کریں۔

فوائد: ہر قسم کے دیدان شکم کا مجرب اور آزمودہ نسخہ ہے

سفوف تبخیر معدہ: (آزمودہ) اجزاء و ترکیب ساخت: فلفل سیاہ، نوشادر ٹھیکری سونف بریاں۔ کچور۔ ہرڑ سیاہ۔ پودینہ خشک۔ نمک سیاہ نمک سفید جملہ ادویہ پانچ پانچ تولہ باریک سفوف بنالیں

مقدار خوراک: تین ماشہ ہمراہ آب صبح و شام۔

فوائد: پیٹ کی جملہ امراض و تبخیر معدہ میں آزمودہ ہے

حکیم محمد رفیق

آپ پروفیسر حکیم انقلاب فیض محمد فیض کے صاحبزادہ ہیں یکم جنوری ۱۹۶۱ء اوکاڑہ کینٹ میں پیدا ہوئے۔ ابتدائی تعلیم مقامی طور پر گورنمنٹ معین الاسلام ہائی سکول سے حاصل کی۔ اپنے والد گرامی جن کا شمار معروف اطباء میں ہوتا ہے سے طبی تعلیم ...

نکات سے آگاہی حاصل کی۔

محمد رفیق ولد حکیم فیض محمد فیض
فیض عام اسلامی شفاخانہ بوراوالا روڈ ڈیا بچوں شاہ اوکاڑہ

مجربات

مصفی خون: آزمودہ: اجزاء و ترکیب ساخت: سنا مکی پانچ تولہ، تخم جرجیر پانچ تولہ۔ ہلدی دیسی ڈھائی تولہ۔ گندھک آملہ سار پانچ تولہ نمک خوردنی ڈھائی تولہ۔ جملہ ادویہ کا سفوف تیار کریں۔

مقدار خوراک: چار رتی صبح و شام۔

فوائد: معدے کی سوزش خارش پھوڑے پھنسیوں کیلئے مفید ہے۔

سفوف مغلظ: اجزاء و ترکیب ساخت: بیج بند، تخم سریالہ، تالمکھانہ ہر ایک پانچ پانچ تولہ۔ کشتہ فولاد ایک تولہ۔ ہلیلہ سیاہ پانچ تولہ سفوف تیار کریں۔

مقدار خوراک: تین ماشہ ہمراہ دودھ صبح و شام۔

فوائد: جریان، سرعت انزال میں مفید ہے۔

اکسیر لاثانی: اجزاء و ترکیب ساخت: سونف بریاں پانچ تولہ۔ مغز بادام پانچ تولہ۔ ہلدی تین تولہ ملٹھی سفوف پانچ تولہ۔ کالی مرچ تین ماشہ۔ الائچی خورد ۱ تولہ۔ چینی سفید پانچ تولہ سفوف بنالیں۔

مقدار خوراک: ۱ ماشہ ہمراہ آب۔

فوائد: مقوی اعصاب ہے، ہر قسم کی خشکی گلے کی خراش میں مفید ہے۔

محمد صابر ظفر

ابتدائی دینی و درسی تعلیم حاصل کرنے کے بعد اپنے والد گرامی علاقہ کے معروف طبیب حکیم میاں علی محمد صاحب کیوجہ سے حکمت کیطرف راغب ہوئے پھر سنیاسی حکیم باوا بدرالدین مرحوم و مغفور کی صحبت میں رہے۔ اور عرصہ پانچ سال تک ان سے عملی و درسی طب میں اکتساب کیا۔ بعد ازاں ۱۹۷۰ء میں امتحان دیا۔ اور والد صاحب کی سرپرستی میں علیحدہ مطب کا سلسلہ شروع کیا اور تا حال خدمت خلق میں معروف ہیں۔

محمد صابر ظفر ولد حکیم میاں علی محمد
موضع شاہ پور ڈاک خانہ خاص تحصیل دیپالپور ضلع اوکاڑہ

مجربات

شربت شنگرف: اجزاء و ترکیب ساخت: شنگرف ۶ ماشہ ٹارٹرک ایسڈ ۶ ماشہ قاقلہ صغار یا ٹنکچر کاڈکو اور ست پودینہ ہر ۲ ماشہ۔ ترکیب پہلے تمام خشک ادویہ کو ملا کر اتنا کھرل کریں کہ ایک جان ہو جاوے پھر سادہ شربت ایک بوتل پکا کر اس میں گرم حالت میں ملا کر ایک دو جوش آنے پر اتار لیں، اور شربت تیار ہو جاوے گا۔

خوراک: ۱ تولہ تا ۱½ تولہ صبح و شام استعمال کرا دیں۔ اور ساتھ دودھ، گھی بکثرت استعمال کریں۔

فوائد: پٹھوں کا درد کمزوری۔ جریان ضعف جگر دل کی کمزوری وغیرہ کیلئے۔

اکسیر اعصاب: اجزاء و ترکیب ساخت: پٹھوں کی کھچاوٹ کیلئے۔ گوگل بھینسیا ۱ تولہ۔ قند سیاہ کہنہ ۲ تولہ دونوں کو کھرل کرکے کل ۳ گولیاں بنا دیں۔

نوٹ: اگر تکلیف بہت زیادہ ہو تو پہلی رات ۲ گولیاں ہمراہ حلوہ روغن سرشف سے دیویں۔ اور ایک گولی پھر دوسرے دن دے دیویں۔

پیٹ درد قولنج وغیرہ: اجزاء و ترکیب ساخت: شورہ کو کھرل کرکے تیزاب گندھک ملا لیں۔ اور دھوپ میں رکھیں۔ خشک ہونے پر محفوظ رکھیں۔ اور بوقت ضرورت ۳ تا ۵ رتی ہمراہ آب تازہ دیں انشاء اللہ پہلی خوراک میں قولنج ختم ہو جاوے گی۔

کشتہ ہڑتال ورقیہ قائم النار مانند یاقوت: اجزاء و ترکیب ساخت: ہڑتال ورقیہ اعلیٰ قسم کی ۱ تولہ لیکر اس کو تام چینی کی پیالی میں ڈالکر اس پر ۵ تولہ شیر مدار ڈالکر رکھ دیں اور دوسرے دن صبح پیالی کو انگاروں پر رکھ کر شیر مدار جذب کریں۔ بعد جذب اس میں شیر مدار ۵ تولہ اور ڈالیں اور دوسرے دن صبح پھر خشک کریں۔ اسی طرح ۷ دن تک شیر مدار جذب کرا لیں بعد آٹھویں روز ۱ سکوہ ½ کلو نمک طعام دیگچہ نیچے آگ روشن کریں اور اوپر دانہ گندم رکھیں۔ جب وہ گرم ہو جاوے تو آگ بند کر دیں بعد سرد ہونے پر نکالیں۔ انشاء اللہ بالکل سرخ مانند یاقوت ملے گی جو کہ بالکل قائم النار ہو گی۔ اگر کوئی بھائی اس سے مزید کام نکال سکتا ہو تو بہتر اور آگاہ کرے ورنہ ٹائیفائیڈ محرقہ ملیریا، خسرہ، چیچک۔ فالج۔ لقوہ۔ رعشہ۔ تشنج وغیرہ سرد امراض کیلئے اکسیر ہے اور قوت باہ بڑھاتا ہے۔

حکیم نوابُ الدین

قیام پاکستان کے وقت آپ کے آباؤ اجداد جلال آباد ضلع فیروز پور بھارت سے ہجرت کر کے یہاں آباد ہوئے۔ آپ نے ابتدائی دینی و درسی تعلیم کے بعد حکمت کی تعلیم استاذ الحکماء حکیم محمد عبداللہ صاحب سے حاصل کی۔ انہیں سے طب کے رموز و نکات سے آگاہی کے ساتھ ساتھ عملی مطب کا تجربہ حاصل کیا۔ رجسٹریشن ایکٹ کے تحت رجسٹرڈ ہوئے اور مطب کے ذریعے خدمت خلق میں مصروف ہیں۔

حکیم نوابُ الدین راجپوت ولد قمر الدین
غیناں منڈی حویلی لکھا تحصیل دیپالپور ضلع اوکاڑہ

حکیم شاہ محمد جالندھری

آپ نے ۱۹۲۸ء میں استاد حکیم علی محمد قاسو پورہ تحصیل نکودر ضلع جالندھر کے مطب میں چار سال درس طب حاصل کیا۔ اور ایک سال بطور معالج استاد صاحب کی اجازت پر اپنے گاؤں خانپور راجپوتاں تحصیل نکودر ضلع جالندھر میں بندگانِ خدا کی خدمت کرنے کیلئے مطب میں کام شروع کیا۔ ۱۹۴۵ء میں ریاست بہاولپور میں خدمت خلق خدا کرنے کے لئے آئے اور اب منڈی حاصل پور میں مقیم ہیں اور خدمت خلق میں مصروف ہیں

حکیم شاہ محمد جالندھری ولد مولوی [illegible]
بمقام حاصل پور منڈی تحصیل حاصل پور ضلع بہاولپور

مجربات

دوائی حمّی مرکبہ و حصبہ جدری:

اجزاء و ترکیب ساخت: ہڑتال گاؤدنتی ابرک، نوشادر، صدف صادق۔ ناقوس ہر ایک آدھا پاؤ۔ ان [illegible] ادویات کو کوفتہ بختہ کوزہ گلی میں ڈال کر اوشیر زا فی [illegible] کریں۔ خشک ہونے پر گل حکمت کر کے آتش بست انار اوپلہ کی دیں۔ بعد ازاں آب گھیکوار میں کھرل کریں۔ خشک ہونے پر قرص بنا کر خشک کر کے کوزہ گلی میں ڈال کر گل حکمت کر کے آتش بست انار دیں۔ سفید رنگ دوائی میسر ہوگی۔

خوراک: ۲ تا ۴ رتی بمناسب بدرقہ۔

دوائی تپ دق:

اجزاء و ترکیب ساخت: ارزیرہ تولہ صدف مروارید ۱۰ تولہ۔ ارزیرہ در کفچہ آہنی نماختہ بر آتش نہند۔ چون گداختہ شود۔ سفوف صدف قدرے قدرے انداختہ از چوب نیم حرکت دہند قدرے توقف کردہ آب را ریختند۔ بعد ازاں مزید سفوف صدف صادق۔ سیماب ۵ تولہ۔ ارزیر گداختہ ۲ تولہ کوفتہ بیختہ در سفوف ارزیر بالا شامل کنند و از آب گھیکوار ہرل نمودہ خشک کنند۔ بعد ازاں در سوختہ گلی انداختہ گل حکمت نمودہ آتش بست آنار دہند بعد ازاں در عرق گاؤزبان کھرل کردہ بدستور آتش دہند۔

خوراک: یک رتی تا چہار رتی بمناسب بدرقہ۔
سوزاک، جلن پیشاب، یرقان، کے لئے مفید ہے۔

اس کا نام حب شیر ہے۔

نسخہ: شیر گاؤ ۲ سیر۔ پھٹکڑی سفید ا پاؤ۔ الائچی خورد ا تولہ۔ طباشیر کبود ا تولہ۔ سنگ جراح ا تولہ۔

ترکیب: شیر گائے کو کڑاہی میں ڈال کر آگ پر رکھیں اور پھٹکڑی کوفتہ بیختہ شیر میں ڈال دیں اور کفگیر سے شیر ہلاتے رہیں حتیٰ کہ عنقریب کھویہ بننے کے قابل ہو جائے۔ تو باقی ادویہ کوفتہ بیختہ شامل کریں۔ کھویہ خشک ہونے پر گولی بمقدار کنار بنائیں۔

خوراک: صبح و شام ہمراہ لسی شیر کھلا دیں انشاء اللہ ہر سہ امراض کو نافع ہے۔

برائے سلسل البول:

اجزاء و ترکیب ساخت: خرمہرہ زرد۔ صدف صادق۔ قشر البیض مرغ ہر ایک ۵ تولہ۔ کوٹ چھان کر کر انگوری ایک پاؤ میں کھرل کر کے اقراص ساختہ خشک کریں۔ کوزہ گلی میں گل حکمت کر کے آتش بست آثار دیویں دوائی سفید رنگ میسر ہو گی۔

خوراک: صبح مکھن میں ½ ماشہ کھلا دیں۔

اکسیر گردہ:

اجزاء و ترکیب ساخت: پھٹکڑی سفید ۵ تولہ نمک تیزاب ۵۰ تولہ۔ نوشادر ۹ تولہ فلفل دراز ۹ تولہ۔ جوکھار ۳ تولہ۔ آب ترب آدھ سیر۔ قلمی شورہ ۱۸ تولہ۔ حجر الیہود ۱۸ تولہ۔

ترکیب: پھٹکڑی۔ حجر الیہود۔ قلمی شورہ کوٹ کر پانی ترب ۲ تولہ ملا کر کڑاہی میں ڈال کر آگ پر رکھیں۔ جس وقت پانی خشک ہو جائے باقی ادویہ کوٹ چھان کر شامل کریں خشک ہونے پر باریک کوٹ کر رکھیں۔

خوراک: ۲ ماشہ ہمراہ دو چمچے شیر صبح و شام کھلائیں۔ مشاہدہ قوت دیکھیں۔

نسخہ پائیوریا:

اجزاء و ترکیب ساخت: منجن شاہی ا تولہ پھٹکڑی ا تولہ۔ کپلہ ا تولہ۔ ریٹھہ ا تولہ۔ سپاری کا ٹھی ا تولہ۔ کوڑی زرد ا تولہ۔ طوطیا سبز ا تولہ۔ تمام چیزوں کو کوٹ کر کوزہ گلی میں ڈال کر گل حکمت کر کے آتش بست آثار دو پلہ دیں۔ کوفتہ بیختہ نگاہ رکھیں۔ دانتوں پر ملکر آدھ گھنٹہ تک پانی منہ میں ڈالیں۔

نسخہ درد اسنان:

اجزاء و ترکیب ساخت: ٹنکچر آیوڈین رکٹی مائیڈ ۲ ماشہ۔ کریازوٹ ۲ تولہ کلورل ہائیڈریٹ ۲ ماشہ۔ مشک کافور ۲ ماشہ۔ کاربالک ایسڈ ۲ ماشہ۔ ست پودینہ ا ماشہ۔ روغن مصطگی رومی ۲ ماشہ روغن قرنفل ۲ ماشہ جملہ ادویہ ممزوج کردہ نگاہ دارند۔ پنبہ آلودہ کردہ در اسنان نہند و لعاب را ریختند درد اسنان را فوراً بند کنند۔

حکیم عنایت اللہ نواز

۱۹۳۲ء آپکے والد محترم ریاست بہاولپور آباد ہونے پر تشریف لائے۔ ابتدائی دینی و درسی تعلیم آپ نے مقامی طور پر حاصل کی بعد ازاں منڈی یزمان مڈل سکول میں داخل ہوئے۔ یہیں سے مڈل کا امتحان پاس کیا۔ تعلیم سے فارغ ہونے کے بعد اپنے والد گرامی جو کہ شعبہ طب سے منسلک تھے کے ساتھ عملی مطب اور طب کی درسی تعلیم حاصل کرنی شروع کی۔ بعد ازاں چک نمبر ۱۰۶ میں حکیم محمد حنیف صاحب سے فیض حاصل کیا۔ اسکے بعد آپ نے اجمل طبیہ کالج راولپنڈی سے حکمت کی باقاعدہ تعلیم حاصل کی اور والد صاحب کی زیر نگرانی عملی مطب شروع کیا۔ آپ اپنے

علاقہ کے معروف طبیب ہیں جو خدمتِ خلق کے جذبہ سے سرشار مصروفِ عمل ہیں۔

حکیم عنایت اللہ نواز ولد حکیم جمال الدین
چک 103/D.B تحصیل یزمان ضلع بہاولپور

مجرّبات

سفوف آل: اجزاء و ترکیب ساخت: نوشادر، قلمی شورہ برابر وزن لیکر سفوف بنا دیں۔ اس کو کسی شیشی میں محفوظ رکھیں۔ درد کنپٹی

خوراک: ایک رتی ۲ قطرہ پانی میں ملا کر جس طرف درد ہوتا ہے دوسری طرف ناک میں ڈالیں اگر درد نہ رُکے تو پھر دوسری ناک میں ڈالیں پہلے چوری بنا کر رکھیں اگر گلے میں جلن ہو تو پھر جلدی چوری کھا لیویں۔ انشاء اللہ تعالیٰ خدا شفا دے گا۔

حبّ بواسیر: اجزاء و ترکیب ساخت: تخم مُولی اچھانک دلی خشک اچھانک دونوں کا سفوف بنا کر نخودی گولیاں تیار کریں۔

خوراک: پہلے ہفتے میں ۲ گولی صبح ۲ گولی شام۔ ہمراہ تازہ پانی پھر دوسرے ہفتہ میں ایک صبح ایک شام ہمراہ تازہ پانی کے ساتھ۔

پرہیز: کچا میٹھا تیل والی اشیاء سے پرہیز کریں۔ میرا مطلب کا نسخہ ہے۔ جو کہ بروز استعمال کرنا مجرب ہے۔

تریاق بلڈ پریشر: اجزاء و ترکیب ساخت: برادہ صندل سفید پوست زور اترج۔ برگ تلسی۔ چھوٹی چندن بوٹی یا پاپیتہ ولائتی۔ سب اشیاء برابر وزن لے کر پیس کر سفوف بنا دیں۔ پھر ۳ ماشہ شام درود شریف پڑھ کر عرق گاؤزبان کے ساتھ کھا دیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ خدا شفا دیگا۔

برائے سل دق: اجزاء و ترکیب ساخت: کاتو، تخم سینی ۶ ماشہ۔ شکر تیغال ۶ ماشہ۔ رب السوس ۱ تولہ۔ ست گلو، کشتہ ابرک ۱ تولہ۔ کشتہ کوڑی ۱ تولہ۔ سونا ⅛ تولہ۔ ایثم مکرم ½ تولہ۔ سب ادویات کو باریک پیس کر بقدر نخود گولیاں بنا دیں۔ ایک گولی دن میں دو دفعہ غذا عمدہ اور روغن دیں کیونکہ جو کہ نیچے لکھا جا رہا ہے۔ وہ استعمال کرا دیں اور اسہال پاخانہ کی صورت میں حب اسہال کرا دیں جو کہ نیچے لکھا جا رہا ہے۔ بلغم خارج ہو گی۔ انشاء اللہ تعالیٰ ٹھیک ہو جائے گا۔

شربت کھانسی: اجزاء و ترکیب ساخت: گل بنفشہ، ملٹھی، ریشہ خطمی۔ پوست۔ تخم کرفس، پھل گم برابر وزن لیکر رات کو بھگو دیویں پھر اُبال کر اسکو ٹھنڈا کر کے صاف کر کے ۲ پاؤ چینی ڈال کر شربت تیار کریں پھر ۲ چمچ ۳ دفعہ دن میں چٹا دیں انشاء اللہ تعالیٰ خدا شفا دیگا۔

حبّ اسہال: اجزاء و ترکیب ساخت: رال ۱ تولہ، ہیرا ۱ تولہ۔ پودینہ ½ تولہ۔ برادہ اسپغول ½ تولہ سب کو ملا کر باریک کر کے اسپغول کے چھلکا کو بھگو کر اس میں ڈال کر نخودی گولیاں بنا دیں پھر ہمراہ شربت بنفشہ کھا دیں۔

حبّ معیادی: اجزاء و ترکیب ساخت: کشتہ حلزون نو ماشہ، صندل سفید نو ماشہ، دانہ الائچی سفید چار ماشہ، طباشیر چار ماشہ۔ زہر مہرہ چار ماشہ۔ جدوار چار ماشہ ورق طلا چار عدد، خاکسی چار ماشہ۔ منقیٰ دس دانہ۔ مشک کافور دو ٹکیہ جملہ ادویہ کوٹ کر منقیٰ میں ملا کر نخودی تیار کریں۔

مقدار خوراک: ایک گولی صبح دوپہر شام ہمراہ عرق گاؤزبان

فوائد: میعادی بخار میں مفید ہے۔

شربت برائے نزلہ: اجزاء و ترکیب ساخت: صندل سفید دو تولہ۔ منقیٰ دو تولہ۔ گاؤزبان دو تولہ خشخاش دو تولہ۔ عود صلیب دو تولہ۔ پرسوشیاں ۱ تولہ۔ ملٹھی دو تولہ تخم خطمی ۱ تولہ۔ تخم خبازی ۱ تولہ۔ بادیان ۱ تولہ۔ گل سرخ دو تولہ،

حسب دستور شربت تیار کریں۔

مقدار خوراک: ایک تولہ صبح و شام۔

فوائد: نزلہ، زکام، کھانسی خشک و تر میں مفید ہے۔

حکیم سردار رفیق احمد بیتانی

آپ کا آبائی وطن چودھوان ڈیرہ اسماعیل خان ہے۔ آپ ۱۹۵۵ء میں بستی اکوٹ بیتانی ایک چھوٹے سے گاؤں میں پیدا ہوئے ابتدائی تعلیم ضلع ڈیرہ غازیخان میں حاصل کی۔ بعد ازاں شعبہ طب کی طرف راغب ہوئے۔ ۱۹۸۱ء میں بہاولپور گورنمنٹ طبیہ کالج سے طب کا امتحان فرسٹ ڈویژن میں امتیازی حیثیت سے پاس کیا۔ ۱۹۸۲ء میں اسی درسگاہ میں تدریسی فرائض انجام دینے شروع کئے اور ساتھ مطب بلوچ دواخانہ کے نام سے شروع کیا۔ آپ رجسٹرار اتالیقی ہسپتال گورنمنٹ طبیہ کالج کے عہدہ پر بھی فائز ہیں۔ آپ فنی سیاست میں ایک اہم مقام رکھتے ہیں تعلیم حاصل کرنے کے دوران انجمن تحفظ حقوق طلباء اور انجمن تحفظ طب کے صدر، اور ناظم رہے۔ سٹوڈنٹس یونین کے صدر اور آل پاکستان طبیہ کالجز سٹوڈنٹس یونین کے چیئرمین نامزد کئے گئے۔ ۱۹۸۵ء میں نیشنل کونسل فار طب کے انتخابات میں بطور آزاد امیدوار پروفیسر نشست پر کامیاب ہوئے آپ کو کونسل کا سب سے کم عمر رکن ہونے کا اعزاز حاصل ہے۔ آپ طب اسلامی کی ترویج و ترقی کیلئے شبانہ روز کوشاں ہیں آپ ایک نوجوان معلم طب ہونے کیساتھ ساتھ ایک اعلیٰ طبیب اور طبی سیاست میں اہم مقام رکھتے ہیں۔

حکیم سردار رفیق احمد خان بیتانی مدرس و رجسٹرار بیتانی
لیکچرر گورنمنٹ طبیہ کالج بہاولپور

مجربات

برائے تیزابیت و زخم معدہ:

اجزاء و ترکیب ساخت: اسگندھ ایک حصہ، ریوند ایک حصہ، زر ایک حصہ، کشنیز ایک حصہ، چوبچینی مسلم دو حصہ، اسپغول مسلم دو حصہ۔ ۵ گرام عرق گاؤزبان کے ساتھ۔

برائے فالج:

اجزاء و ترکیب ساخت: عاقرقرحا، فلفل دراز ہموزن۔

مقدار خوراک: پانچ سو ملی گرام ہمراہ ماء العسل صبح، دوپہر، شام

فوائد: جس فالج میں ورم اور بلڈ پریشر نہ ہو اس میں اکسیر ہے

سفوف ہاضم:

اجزاء و ترکیب ساخت: کلونجی ایک تولہ، دار فلفل ایک تولہ، پودینہ ایک تولہ۔ مصری تین تولہ سفوف بنالیں۔

مقدار خوراک: تین گرام۔

سفوف محلل خنازیر:

اجزاء و ترکیب ساخت: تربد، سونٹھ، مصطگی ہموزن چینی تین حصے ملاکر سفوف بنالیں۔

مقدار خوراک: ایک تولہ روزانہ صبح

پرہیز: بسیار خوری

برائے ضیق النفس:

اجزاء و ترکیب ساخت: سیماب مصفیٰ، میٹھا تیلیہ، سہاگہ بریاں ہر ایک دس گرام، فلفل دراز، سونٹھ بیس بیس گرام۔ سب کو باریک کھرل کریں پھر سو گرام مرچ سیاہ ایک ایک کرکے اڑتالیس گھنٹے کھرل کریں۔

مقدار خوراک: ایک سرخ ہمراہ شہد چٹا دیں یا ہمراہ ماء العسل

فوائد: دمہ بلغمی و خشک میں مفید ہے ۔ بلغمی میں بعد از تنقیہ دیں

حکیم محمد اقبال کچھی

یکم جون ۱۹۳۵ء بہاولپور میں پیدا ہوئے ۔ ابتدائی دینی و درسی تعلیم حاصل کرنے کے بعد ۱۹۵۳ء میں پنجاب یونیورسٹی سے میٹرک کا امتحان پاس کیا ۔ ۱۹۵۵ء میں عالم فاضل کا امتحان گورنمنٹ جامعہ عباسیہ کالج بہاولپور سے پاس کرنے کے بعد علم طب کی طرف راغب ہوئے اور گورنمنٹ طبیہ کالج بہاولپور سے فن طب کی سند و فضل کی تعلیم سے فارغ ہونے کے بعد کچھ عرصہ معالجات کی عملی تعلیم و تجربہ کے لئے وکٹوریہ ہسپتال سے وابستہ رہے ۔ ۱۹۶۰ء میں چوک شہزادی بہاولپور میں عملی مطب شروع کیا ۔ ۱۹۷۲ء میں حج بیت اللہ کی سعادت حاصل کی ۔ ۱۹۷۹ء میں ورلڈ میڈیسن کے نام سے علاج معالجہ کی کتاب تصنیف کی ۔ ورلڈ چلڈرن بک بھی آپ کی تصنیف ہے ۔ گورنمنٹ طبیہ کالج میں نگران امتحانات کے فرائض بھی ادا کئے ۔ ۲۱ مئی ۱۹۹۰ء میں پاکستان سوشل ایسوسی ایشن کی طرف سے آپ کی خدمات کے اعتراف میں گولڈ میڈل اور ستارہ امان کا لقب دیا گیا ۔

آپ گورنمنٹ طبیہ کالج ، وولڈ برائز ایسوسی ایشن کے ممبر اور ذوق رواں ہیں ۔ آپ ایک ہردلعزیز شخصیت ہیں ۔ [illegible] اور طب اسلامی کی ترویج و ترقی کے لئے [illegible]

محمد اقبال کچھی ولد محمد زید احمد

چوک شہزادی ۔ بہاولپور

حکیم غلام رسول

آپ ۱۹۲۴ء کو ضلع فیصل آباد میں پیدا ہوئے ۔ اور ابتدائی دینی و درسی تعلیم مقامی طور پر حاصل کی ۔ بعد ازاں ۱۹۲۷ء میں نقل مکانی ۔ چک D.N.B/۲۹ ضلع بہاولپور میں مقیم ہوئے ۔ آپ عرصہ پچاس سال سے شعبہ طب سے وابستہ ہیں اور عملی مطب کے ذریعے خدمت خلق میں مصروف ہیں ۔

حکیم غلام رسول ولد میاں فضل الدین
چک نمبر D.N.B/۲۹ ڈاکخانہ شاہی والا تحصیل و ضلع بہاولپور

مجربات

برائے جریان: اجزاء و ترکیب ساخت: ماش سیاہ مع چھلکا دو تولے ۔ بادام مقشر دس عدد الائچی خورد پانچ دانے ، ثعلب پنجہ ڈھائی تولہ ۔ مصری حسب ضرورت ۔ ماش تین چار گھنٹے پانی میں بھگو دیں بعد ازاں بقیہ اجزاء کے ساتھ پیس کر دودھ میں بطور کھیر پکائیں صبح نہار منہ استعمال کریں یہ ایک خوراک ہے ۔

فوائد: جریان ، سرعت احتلام میں نافع ہے ۔

سرمہ برائے امراض: اجزاء و ترکیب ساخت: سرمہ سیاہ ایک چھٹانک ۔ سرمہ سفید آدھ چھٹانک ، قلمی شورہ آدھ چھٹانک ۔ سرد چینی آدھ چھٹانک سمندر جھاگ تین تولہ ۔ سفید مرچ تین ماشہ ۔ کالی مرچ تین ماشہ ۔ الائچی سفید تین ماشہ ۔ آب میرن آب کشمل برئی ۔ آب تمیلا

شریع اور روح کیوڑہ میں کھرل کر کے بشل غبار کر لیں۔

فوائد: یہ سرمہ جملہ امراض چشم میں مفید ہے۔ بچوں کو استعمال نہ کروائیں۔

حکیم حافظ محمد رفیق

آپ بہاولنگر کے ایک قصبہ بستی جودھیکا میں پیدا ہوئے۔ ابتدائی دینی تعلیم مقامی طور پر حاصل کی اور تقریباً دس سال کی عمر میں حفظ قرآن مجید کی سعادت حاصل کی پھر درسی تعلیم کا سلسلہ شروع کیا۔ چشتیاں شریف گورنمنٹ ہائی سکول نمبر ۲ سے میٹرک کا امتحان پاس کیا اور والد محترم کے ساتھ مطب میں کام شروع کیا۔ بعدازاں بہاولنگر کالج میں داخلہ لیا۔ ۱۹۸۵ء میں والد گرامی کی وفات کے بعد نامساعد حالات کا سامنا کرنا پڑا۔ لہٰذا بہاولپور واپس آئے اور ۱۹۸۶ء میں طبیہ کالج میں داخلہ لیا۔ ۱۹۹۰ء میں فاضل الطب و الجراحت کی سند حاصل کی اور والد گرامی کے مطب کو دوبارہ جاری کیا آپ ایک نوجوان باہمت طبیب ہیں اور خدمت فن اور خدمت خلق میں عملی طور پر مصروف ہیں۔

حکیم حافظ محمد رفیق ولد حکیم غلام محمد خان جودھیانہ
بستی جودھیکا ڈاکخانہ خاص براہ چشتیاں تحصیل و ضلع
بہاولنگر

مجربات

برائے قوت باہ: اجزاء وترکیب ساخت: گاجر سرخ (بڑی دور کردہ) چار کلو۔ ناریل ایک پاؤ۔ چھوہارے ایک پاؤ۔ تعلب مصری دو تولہ۔ شقاقل مصری دو تولہ بہمن سفید دو تولہ۔ بہمن سرخ دو تولہ۔ موصلی سفید دو تولہ موصلی سیاہ دو تولہ۔ گاجر، ناریل اور چھوہارے کدوکش کر لیں۔ اور باقی ادویہ سفوف بنا کر باہم کر لیں۔ چار کلو دودھ ڈال کر آگ پر رکھیں۔ جب کھویہ بن جائے۔ ایک سیر گھی دیسی میں بریاں کریں پختہ ہونے پر دو سیر چینی ڈال کر بھون لیں۔ اور اس میں گوند ناگوری چار تولہ۔ کشتہ قلعی آدھ تولہ۔ جائفل آدھ تولہ۔ جاوتری آدھ تولہ۔ اندر جو شیریں ۵ تولہ۔ زعفران دو ماشہ (روح کیوڑہ میں حل کردہ) سفوف بنا کر شامل کر لیں۔

مقدار خوراک: ڈھائی تولہ صبح و شام۔

فوائد: جملہ امراض باہ میں مفید ہے۔ مقوی اعضائے رئیسہ ہے۔ انتہائی مفید غذائی ٹانک ہے۔

رطوبی: اجزاء وترکیب ساخت: پوست خشخاش ڈھائی تولہ نارجیل پانچ تولہ۔ مغز پستہ ڈھائی تولہ۔ کشمش دو تولہ۔ مغز چلغوزہ پانچ تولہ۔ مغز بادام شیریں پانچ تولہ۔ خشخاش دو تولہ۔ روغن زرد ایک پاؤ۔ زردی بیضہ مرغ چار عدد، مصری ایک چھٹانک۔

پہلے پوست خشخاش کو قدرے پانی میں رات کو بھگو دیں صبح اس پانی میں جملہ ادویہ کو ایک ایک کر کے گھوٹ لیں اور نگدہ سا بنالیں بعدازاں روغن زرد کو برتن میں ڈال کر آگ پر رکھیں۔ گھی سرخ ہونے پر نگدہ ملا کر آگ سے اتار لیں۔ بعدازاں زردی بیضہ مرغ ایک چھٹانک مصری کیساتھ شامل کریں۔ اور گھی میں بھون لیں اور باہم کر لیں۔

مقدار خوراک: دو تولہ۔

فوائد: مقوی دماغ ہے۔

ممسک: اجزاء وترکیب ساخت: اکوکنار بتیس ماشہ، پھٹکڑی پنتیس ماشہ۔ تخم چرچٹہ پنتیس ماشہ۔ ہانڈھی

گلی میں پانچ سیر پانی ڈال کر سرپوش کریں اور آگ پر پکائیں چند جوشش آنے کے بعد اتار کر سرد کر کے چھان کر بوتل میں بھر رکھیں۔

مقدار خوراک: بوقت ضرورت ایک تولہ سے دو تولہ ایک گھنٹہ قبل۔

فوائد: مقوی اور ممسک ہے بغیر ترشی انزال نہ ہو۔

حکیم محمد لطیف فیضی

آپ ۱۹۵۸-۵-۱ کو پنجاب میں پیدا ہوئے۔ چک ۱۰۳/۶.R میں ابتدائی تعلیم حاصل کی عربی کی تعلیم بھی حاصل کی اور مڈل تک وہیں رہے۔ اسکے بعد گورنمنٹ ہائی سکول ہارون آباد ۱۹۷۶ء میں میٹرک کیا۔ ایف اے کا پرائیویٹ امتحان دیا لیکن ناساعد حالات کی وجہ سے تعلیم جاری نہ رکھ سکے اور پھر کچھ عرصہ بعد دل میں لوگوں کی خدمت کا جذبہ پیدا ہوا۔ جس کا بہترین طریقہ حکمت کے ذریعے لوگوں کو فیض پہنچانا تھا۔ پھر آپ نے ۱۹۸۲ء میں گورنمنٹ طبیہ کالج بہاولپور سے امتحان پاس کیا۔ مطب کا کام دوران تعلیم بھی رکھا۔ اس طرح آپ فن طب کے ذریعے خدمت خلق میں

حکیم محمد لطیف فیضی ولد غلام رسول موضع چک ۱۰۳/۶.R
تحصیل ہارون آباد ضلع بہاولنگر

مجربات

اکسیر بخار: اجزاء و ترکیب ساخت: کشتہ ہڑتال گاؤدنتی ۱۰۰ گرام۔ کشتہ سنکھ ۵۰ گرام۔ کشتہ ابرک سیاہ ۲۵ گرام۔ کشتہ ہڑتال ورقی ساڑھے بارہ گرام۔ چینی ۵۰ گرام۔

ترکیب: تمام چیزوں کو باریک کر کے سفوف بنالیں۔

مقدار خوراک: ۲ رتی سے ۱ ماشہ گرام پانی چائے پتی یا دودھ سے یا مناسب بدرقہ کے ہمراہ استعمال کریں۔

فوائد: ہر قسم کے بخاروں کے لئے اکسیر اعظم ہے۔

سفوف رحمت: اجزاء و ترکیب ساخت: سوڈا بائیکارب ۵ اکلو۔ ست پودینہ ۲ گرام۔ گیرو ۵۰ گرام۔ نوشادر ۱۰۰ گرام۔ ان چیزوں کو کوٹ چھان کر باریک پیس لیں۔

فوائد: پیٹ کی جملہ امراض مثلاً پیٹ درد۔ متلی قے۔ گیس اور ضعف ہضم و ہیضہ میں مفید ہے۔

اکسیر زعفران: اجزاء و ترکیب ساخت: تخم دھتورہ ۵۰ گرام اجوائن خراسانی ۵۰ گرام۔ زنجبیل ۵۰ گرام زعفران ۱۰ گرام۔

ترکیب: پہلی تینوں چیزیں کوٹ چھان لیں۔ زعفران کو عرق گلاب میں حل کر کے پہلی دواؤں میں شامل کر دیں۔ پھر شہد ملا کر حب بقدر نخود بنائیں۔

مقدار خوراک: ۱ گولی صبح ایک شام دودھ یا عرق گاؤزبان استعمال کریں۔

فوائد: نزلہ زکام۔ کھانسی۔ جریان۔ احتلام کے لئے مفید ہے تحفہ نایاب۔

حکیم راؤ محمد عثمان خان

گھوہانوی

آپکے تایا راؤ مددعلی خان صاحب اپنے وقت کے معروف اطباء میں شامل تھے۔ جب کہ

چچا راؤ عاشق علی شعبہ تدریس سے وابستہ تھے۔ تقسیم کے بعد آپ لوگ پاکستان میں ہجرت کر آئے یہاں آنے کے بعد آپ نامساعد حالات کا شکار ہوئے تھوڑے عرصہ کے دوران تایا، چچا اور والد محترم کا انتقال ہو گیا بہرحال ان ناگفتہ بہ حالات میں بھی آپ اس فن شریف سے وابستہ رہے اور ڈونگا بونگا میں ایک طبیب کے مطب سے وابستہ ہو گئے وہیں حکمت کی درسی اور عملی تعلیم مکمل کی اور طبی بورڈ سے سند حاصل کر کے عملی مطب شروع کیا۔ آپ اس فن شریف کے ذریعے فن طب اور خدمت خلق انجام دے رہے ہیں

حکیم راؤ محمد عثمان خان گوہاوری ولد راؤ سلیمان خان

بمقام ڈونگا بونگا ضلع بہاولنگر

مجرّبات

نسخہ مقوی و مبہی آزمودہ: اجزاء و ترکیب ساخت: شنگرف ورقی ہڑتال۔ لونگ۔ تخم جزماتل سیاہ ۱-۱ تولہ خوب باریک کھرل کریں۔ پھر ۵ تولہ آب پیاز سے کھرل کرکے پانی جذب کریں اور مرچ سیاہ کے برابر گولیاں بنائیں۔ خوراک ایک گولی بوقت شب ہمراہ دودھ کھائیں

طلاء: اجزاء و ترکیب ساخت: گندھک، دبارہ ایک ایک تولہ کو کم از کم تین گھنٹہ کھرل کریں۔ پھر بجرے کی نلی کی چربی (روغن) ملائیں اور احتیاط سے رکھیں طلا تیار ہے بوقت شب مالش کرکے پانی کا پتہ باندھیں ایک ہفتہ کا استعمال کافی ہے نہ پھنسی نہ آبلہ بے ضرر اور تیر بہدف ہے آزمودہ ہے۔

برائے کثرت طمث: اجزاء و ترکیب ساخت: گیرو ۵ تولہ جوکوب کرکے پرانی بوری کا ٹکڑا لپیٹ کر تین سیر اُپلہ کی آگ دیں۔ پھر مع راکھ بوری ایک کھرل کرکے شیشی میں سنبھال رکھیں۔

خوراک: ۳ ماشہ ہمراہ مکھن یا شربت انجبار دیں۔ چند خوراک کافی ہیں۔

نسخہ سیلان الرحم و سوزش بول: اجزاء و ترکیب ساخت: سفوف پھٹکڑی سفید ۵ تولہ۔ کافور ۲ تولہ کوزہ گلی میں نصف سفوف فرش کریں پھر کافور رکھیں پھر باقی ماندہ سفوف ڈال کر گل حکمت کرکے دو سیر اُپلہ کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر نکالیں اور پیس کر رکھیں کیپسول بھر لیں۔

خوراک: ایک کیپسول ہمراہ آب سرد دن میں تین بار دیں چند خوراکوں میں کلی طور پر فائدہ ہو گا۔

- **دیگر:** نسخہ درد گردہ اپنڈکس میں مجرب و آزمودہ۔ کم خرچ بالا نشین۔ قلمی نوشادر ایک تولہ کو ۵ تولہ، آب ترب میں کھرل کریں کہ پانی جذب ہو جاوے۔ دھوپ میں یا آگ پر پانی خشک نہ کریں۔ ورنہ اثرات زائل ہو جائیں گے۔ جب آب ترب خشک ہو جائے تو ایک تولہ مرچ سیاہ باریک پیس کر ملائیں۔ بس دوا تیار ہے۔

خوراک: ایک رتی ایک ماشہ کھانڈ میں ملا کر دن میں تین چار مرتبہ دیں۔

- **دیگر:** کشتہ گودنتی ہڑتال برائے بخار ہر قسم۔ گودنتی ۵ تولہ لیکر برگ مدار ۶ عدد آدھے نیچے اور آدھے اوپر رکھ کر بیس سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر نکال کر پیس کر رکھیں۔

خوراک: ۴ رتی ہمراہ آب دن چار مرتبہ دیں۔ ہر قسم کے بخار کیلئے مفید ہے۔

حکیم محمد رمضان

آپ کا سابقہ وطن ریاست بیکانیر سری کرن پور ضلع گنگانگر ہے۔ آپ ۱۹۴۷ء میں ہجرت کر کے پاکستان آ گئے اور قصبہ ڈونگا بونگا ضلع بہاولنگر میں مقیم ہوئے یہاں آ کر آپ نے اپنے آبائی مطب کا سلسلہ دوبارہ شروع کیا آپ نے علی گڑھ یونیورسٹی یوپی سے ۱۹۲۶ء میں شمس الحکماء کی سند حاصل کی۔ اس کے علاوہ آپ دینیات عربی اور فارسی کے سند یافتہ ہیں۔

حکیم محمد رمضان ولد لال محمد کریمیہ دواخانہ
ڈونگا بونگا ڈاک خانہ تحصیل و ضلع بہاولنگر

مجرّبات

پتھری ہر قسم کا شافع علاج: اجزاء و ترکیب ساخت: شورہ قلمی ۵ تولہ فلفل سیاہ ۲½ تولہ۔ شورہ کڑاہی آہنی میں پگھلا کر ایک ایک مرچ سیاہ ڈال کر شورہ قائم النار ہو گا۔ پس اکسیری نسخہ تیار ہے
خوراک: ہر دو وقت صبح و شام ہمراہ دودھ ہر قسم دیں۔ انشاء اللہ بفضلہ خدا پتھری ریزہ ریزہ ہو کر خارج ہو گی پیشاب برتن میں کرائیں مریض کو ہدایات کریں۔

قوت باہ: نسخہ برائے مایوس مریض، اجزاء و ترکیب ساخت: شنگرف ۳ ماشہ رومی۔ افیون اصلی ۳ ماشہ۔ بیضہ مرغ چھ عدد دیسی مرغی۔
ترکیب تیاری نسخہ: ہر دو اشیاء کو کھرل کریں اور زردی بیضہ مرغ شامل کریں اور کھرل کریں حتکہ ۶ عدد بیضہ زردی ختم ہونے پر مزید تین روز خوب کھرل بعدہ حسب معمول کڑاہی آہنی میں روغن نکالیں جو روغن بیضہ جانتا ہے۔
خوراک: ایک قطرہ بعد از غذا بوقت عشاء مکھن مع دودھ ایک سیر کم از کم ۵ تولہ گھی گائے ڈال کر نوش جاں خدا کی خدائی یاد آ جائے گی۔

حکیم عبد الکریم

آپ کا تعلق ایک کاشتکار گھرانے سے ہے۔ آپ نے ابتدائی دینی و درسی تعلیم حاصل کرنے کے بعد خدمت خلق اور دیہاتی عوام کو علاج معالجہ کی سہولیات فراہم کرنے کے پیش نظر شعبہ طب کو منتخب کیا۔ آپ نے منگل اینیا ہائی سکول سے درنیکلر کا امتحان پاس کیا اور دہلی چلے گئے۔

دہلی میں مسیح الملک حکیم اجمل خان کے دواخانہ سے وابستہ ہو گئے۔ اس وقت حکیم احمد خان صاحب مطب فرماتے تھے۔ دو سال ان کی شاگردی کی پھر واپس آ کر اشرف لیبارٹریز فیصل آباد میں ادویہ سازی کے شعبہ سے منسلک ہوئے آپکے والدین ریاست بہاولپور تحصیل چشتیاں میں بغرض کاشتکاری آباد ہوئے تو آپ نے دہلی کے سند یافتہ حکیم نظام الدین کی معاونت سے مطب قائم کیا بعد ازاں چک ۲۸ گجیانی میں ذاتی مطب کی بنیاد رکھی۔ اس طرح علاقہ کے عوام کو معالجہ کی سہولیات بہم پہنچانی شروع کیں۔

حکیم عبد الکریم ولد حاجی غلام نبی
موضع چک ۲۸ گجیانی تحصیل چشتیاں ضلع بہاولنگر

مجربات

حب کمی حیض: اجزاء و ترکیب ساخت: گوگل ۱ تولہ۔ پرانا گڑ ۱ تولہ۔ جائفل ۲ عدد۔ زردی بیضہ مرغ ۲ عدد۔

ترکیب تیاری: سب چیزوں کو رگڑ کر گولیاں نخود برابر تیار کریں۔ ہمراہ آٹا گندم حسب ضرورت۔

خوراک: صبح و شام ایک گولی ہمراہ پانی تین یوم تک انشاء اللہ تعالیٰ آرام ہوگا۔

لیکوریا و جریان: اجزاء و ترکیب ساخت: ماجو۔ مائیں سپاری۔ سنگ جراح۔ کافور۔ انجبار ہموزن لیکر سفوف تیار کریں۔

خوراک: ۱ تا ۲ ماشہ ہمراہ دودھ دس یوم کھلائیں۔ انشاء اللہ آرام ہوگا۔

تبخیر معدہ چورن: اجزاء و ترکیب ساخت: نمک سیاہ ۳ تولہ مرچ سیاہ ۲ تولہ۔ اجوائن دیسی ۱ تولہ زیرہ سفید ½۱ تولہ۔ نوشادر ۸ ماشہ۔ گوند کیکر ۱ تولہ میٹھا سوڈا ½۲ تولہ۔ نبات ½۲ تولہ۔ پھٹکڑی بریاں ۴ ماشہ۔ لونگ ½۲ ماشہ ست لیموں ½۲ تولہ۔ شیر خشک ۴ عدد۔ ست پودینہ ۱ ماشہ سب ادویہ کو رگڑ کر سفوف تیار کریں۔

خوراک: صبح و شام ۲ ماشہ ۱ ماشہ۔

بہار فردوس: گرمی کے ہر مرض کیلئے: صندل سفید ½۲ تولہ۔ کشنیز خشک ½۲ تولہ۔ نیلوفر ½۲ تولہ۔ طباشیر ۲ تولہ۔ زہر مہرہ خطائی ۲ تولہ۔ نارجیل دریائی ½۱ تولہ۔ الائچی خورد ۱ تولہ۔ کہربا شمعی ½۲ تولہ۔ کشتہ مرجان ۱ تولہ۔ کشتہ سنگ یشب ۱ تولہ۔ کشتہ عقیق ۱ تولہ۔ ورق نقرہ ایک دفتری۔ سب ادویات کا سفوف تیار کریں۔

خوراک: ۴ رتی ہمراہ بدرقہ۔

سفوف پیچش: بچوں کے سبز پیلے دست: اجزاء و ترکیب ساخت: گل دھاوا۔ گل انار۔ خشخاش۔ افیم۔ مائیں۔ ماجو۔ پھٹکڑی خام۔ کتھ سرخ ہموزن لیکر سفوف تیار کریں۔

خوراک: ۱ رتی ہمراہ پانی استعمال کریں۔

سنگرہنی: اجزاء و ترکیب ساخت: ہرڑ سیاہ۔ بہیڑہ سونف۔ چاول ہموزن لیکر سفوف تیار کریں۔ خوراک: ۲ ماشہ ہمراہ کھٹی لسی یا آب الائچی کلاں۔ غذا صرف چاول استعمال کرائیں۔

دردِ شقیقہ: اجزاء و ترکیب ساخت: اسطوخودوس ۹ ماشہ مرچ سیاہ ۳ ماشہ۔ کشنیز ۶ ماشہ۔ کیفین ۱ تولہ۔ اسپرین ۱ تولہ۔ سوڈا بائیکارب ۱ تولہ۔

خوراک: ۱ ماشہ ہمراہ پانی سورج طلوع سے قبل استعمال کرائیں

بچوں کی کالی کھانسی: اجزاء و ترکیب ساخت: افیم۔ ست ملٹھی نشاستہ گندم۔ گوند کیکر ہموزن لیں اور گولیاں دانہ مونگ برابر تیار کریں۔ صبح و شام ایک گولی ہمراہ پانی۔ افیم کا وزن زیادہ ہے۔ اسلئے دوسری ادویہ سے نصف وزن ڈالیں۔

سلسل بول: اجزاء و ترکیب ساخت: باچھڑ۔ ناگرموتھا۔ اسطوخودوس جفت بلوط۔ سماق۔ ریوند عصارہ۔ مرچ سیاہ ہموزن سفوف تیار کریں۔

خوراک: ۱ ماشہ ہمراہ پانی۔ دن میں ایک مرتبہ۔

حکیم خوشی محمد

ابتدائی دینی و درسی تعلیم کے بعد طبی تعلیم اپنے والدگرامی سے حاصل کی جو کہ طبیہ کالج دہلی کے سند یافتہ ہیں ان سے عملی مطب کے علاوہ طبی رموز و نکات و تشخیص میں دسترس حاصل کی۔ اب عملی مطب کے ذریعے علاقے کے عوام کو علاج و معالجہ کی [illegible] لیات فراہم کر رہے ہیں۔

حکیم خوشی محمد ولد حکیم مولوی محمد عمر مستند دہلی
چک ۲۱۲/9-R ڈاکخانہ ۲۱۳/9-R تحصیل فورٹ عباس
اسٹیشن شہباز والا ضلع بہاولنگر

مجرّبات

اکسیر بواسیر: اجزاء و ترکیب ساخت: یہ نسخہ بواسیر کیلئے اکسیر کا حکم رکھتا ہے۔ بواسیر خونی ہو یا بادی اکیس دن کے استعمال سے مکمل طور پر شفا ہو جاتی ہے۔ اسرار صدری میں سے ہے بہت دفعہ آزمایا جا چکا ہے۔

نسخہ: رسکپور ۱ تولہ۔ دانہ الائچی خورد ۱ تولہ۔ انزروت ۲ تولہ

ترکیب تیاری: رسکپور اور انزروت دونوں کو ملا کر ایک دن متواتر کھرل کریں بعد میں دانہ الائچی ملا کر ایک دن پھر کھرل کریں۔ کھرل زوردار ہاتھوں سے کرنا چاہیئے بس نسخہ تیار ہے۔ شیشی میں سنبھال رکھیں۔

خوراک: ۲ رتی ہمراہ مکھن گاؤ بوقت صبح دوا کھانے کے بعد دودھ کی کچی لسی خوب استعمال فرمائیں۔

پرہیز: تیز مرچ مصالحہ۔ گڑ اور بڑے گوشت سے پرہیز۔

نوٹ: دوا کھانے سے پہلے تھوڑی سی مرغن غذا کھا کر بعد میں دوائی استعمال کریں۔

تریاق دردِ گردہ: اجزاء و ترکیب ساخت: اکسیر درد ... تین خوراکیں دینے سے درد گردہ ساری زندگی کیلئے نہیں ہوگا۔ چھوٹی موٹی پتھری ہو یا ریگ سب کچھ خارج ہو جائے گا۔ مجرب و آزمودہ ہے۔

میٹھا سوڈا ۱ تولہ کی تین پڑیہ بنائیں ایک پڑیہ صبح ایک دوپہر ایک شام ہمراہ مندرجہ ذیل جوشاندہ سے دیں اور قدرت خدا کا تماشا دیکھیں۔ جوشاندہ۔ تخم مولی ۲ تولہ۔ تخم گوکھرو ۲ تولہ۔ بال مکئی ۲ تولہ۔ قشر خربوزہ ۲ تولہ۔ تین سیر پانی ڈال کر پکائیں۔ جب پانی تین پیالی کا اندازہ رہ جائے تو اتار کر پُن لیں اور ایک پڑیہ ایک پیالی جوشاندہ سے کھلائیں فوراً درد بند ہو جائیگا۔ تین خوراکوں سے عمر بھر درد نہیں ہوگا۔ تجربہ شرط ہے۔

پرہیز: چاول، آلو، گوبھی اور تمام بادی چیزوں سے گائے کا گوشت تین ماہ کے لئے مکمل طور پر چھوڑ دیں۔

حبّ تریاق: اجزاء و ترکیب ساخت: وجع المفاصل نقرس۔ ریگن کیلئے اکسیر کا حکم رکھتی ہیں زیادہ تعریف فضول ہے۔ استعمال کرنے یا کرانے والا خود ہی دیکھ لے گا۔

پوست بیخ چھلک نرلی۔ پوست بیخ آک۔ پوست بیخ دھتورہ۔ پوست بیخ اسگندھ۔ پوست بیخ حنظل۔ پوست بیخ سہانجنہ۔ پوست بیخ نیم۔ سب پوست ہموزن لیکر باریک پیس کر جہاں تک کہ یکجان ہو جائیں تو گولیاں بمانند جنگلی بیر بنائیں۔

خوراک: ایک گولی صبح / شام بعد از ناشتہ ہمراہ دودھ یا پانی استعمال فرمائیں۔ برسوں کا جڑا ہوا مریض دنوں میں ٹھیک ہو جائیگا۔ مفت کا نسخہ ہے۔ لیکن محنت ضرور ہے۔

کشتہ شب یمانی اکسیر پتھری: اجزاء و ترکیب ساخت:

شب یمانی ۶ ماشہ۔ بچھو ۶ ماشہ دونوں کو آپس میں خوب کھرل کریں اور کوزہ میں بند دگل حکمت کر کے پانچ سیر اپلوں کی آگ دیں۔ سفید براق کشتہ ہوگا۔ باریک پیس کر سنبھال رکھیں۔

خوراک: ایک چاول ہمراہ مکھن اوپر سے دودھ کی کچی لسی خوب استعمال کریں۔ پتھری گردہ میں ہو یا مثانہ میں انشاء اللہ خارج ہو جائے گی۔

نوٹ: بچھو گرمی کے موسم میں مل سکتا ہے ہم نے کوڑا کرکٹ والی جگہوں سے کئی بار حاصل کیا۔ سفید یا سیاہ کی کوئی قید نہیں جس قسم کے بھی مل جائیں بہتر ہیں۔

اکسیر مسیحائی و تپ دق: اجزاء و ترکیب ساخت: ٹی بی کے پہلے اور دوسرے درجے میں اکسیر اعظم ہے۔ مرجھائے ہوئے چہروں پر بہار آجاتی ہے۔ اور مریض دنوں میں معجزانہ طور پر تندرست ہو جاتا ہے۔

جنگلی کبوتر دو عدد ذبح کر کے شکم سے آلائش نکال دیں گردن اور ٹانگیں کاٹ مگر پر و بال رہنے دیں۔ اور لوہے کی کڑاہی میں رکھ کر اوپر دوسری کڑاہی دیکر آگ پر رکھیں اور بارہ گھنٹہ مسلسل آگ دیں۔ بارہ گھنٹہ بعد آگ بند کر دیں اور کڑاہی ٹھنڈی ہونے پر دوائی نکال کر باریک پیس لیں۔ دوائی تیار ہے۔

خوراک: ۲ رتی صبح ۲ رتی شام ہمراہ شربت بزوری۔ اگر گرمی کا موسم ہو تو شربت بزوری بارد سے دیں۔ اور سردی کے موسم میں شربت بزوری معتدل سے استعمال فرمائیں۔ انشاء اللہ بڑی بڑی قیمتی ادویات اسکے مقابلہ میں ہیچ ہیں۔ میرا دعویٰ ہے کہ کوئی انگریزی دوا اس کا مقابلہ نہیں کر سکتی۔ تین دن کے اندر اندر بخار اتر جاتا ہے۔ اور آہستہ آہستہ مکمل طور پر مرض کے عوارضات ختم ہو جاتے ہیں۔ بشرطی

داسراری نسخہ ہے۔ دمہ اور کھانسی کیلئے بھی مفید ہے۔

خوراک: گوشت مچھلی۔ گوشت بکرا اور مرغ دودھ گھی اور مکھن عام استعمال کرائیں۔

حکیم شمس الحق چغتائی

ابتدائی دینی و درسی
تعلیم کے بعد ۱۹۶۳ء میں میٹرک
کا امتحان پاس کیا اس کے بعد
شعبہ طب کی طرف راغب ہوئے طب کی تعلیم اپنے والد محترم اور حکیم نذر محمد صدر طبیہ کمیٹی بہاولنگر سے حاصل کی۔ ۱۹۶۸ء میں پیرامیڈیکل سکول بہاولپور سے ڈسپنسر کورس کرنے کے بعد ایف اے عارف والا کالج سے پاس کیا۔ ۱۹۸۱ء میں فارمیسی اسسٹنٹ کا کورس کیا۔ آپ طبی بورڈ سے رجسٹرڈ ہوئے اور اپنے والد گرامی کی جگہ علاقہ کے عوام کی خدمت میں مصروف ہیں۔

حکیم شمس الحق چغتائی ولد حکیم مولوی عبدالحق
محلہ بستی صدر دین مقام ڈاکخانہ خاص تحصیل و ضلع
بہاولنگر

مجربات

برائے تبخیر معدہ و خفقان: اجزاء و ترکیب ساخت: تخم تلسی (ریحان) تین گرام پھکی استعمال کرائیں۔

برائے ذیابطیس: اجزاء و ترکیب ساخت: ریٹھہ کا چھلکا سفوف بنا لیں اور دانہ نخود کے برابر گولی بنائیں صبح شام ہمراہ آب ایک گھنٹہ بعد از غذا ذیابطیس میں انتہائی مفید ہے۔

حکیم محمد حسین

آپ ۸ اگست ۱۹۴۲ء کو پیدا ہوئے ابتدائی تعلیم حاصل کرنے کے بعد پاک فوج میں بھرتی ہو گئے دورانِ ملازمت آپ نے انتہائی اہم خدمات انجام دیں۔ آپکے والد محترم ملک صالح محمد اعوان جو کہ علاقہ کے معروف طبیب تھے۔ بھلوال ضلع خوشاب میں مطب کرتے تھے۔ انہیں کی وجہ سے آپ شعبہ طب کیطرف راغب ہوئے اور ابتدائی درسی و عملی طبی تعلیم انہیں سے حاصل کی۔ آپ ان کیساتھ مطب میں معاونت کرتے آپ نے کافی عرصہ تحقیق اور سفر میں گذارا۔ زراعت آپکا آبائی پیشہ ہے تاہم فن طب کے ذریعے علاقہ کے عوام کی خدمت میں مصروف ہیں۔

حکیم محمد حسین ولد صالح محمد
بمقام ڈلہ بھدیر تحصیل چشتیاں ضلع بہاولنگر

مجرّبات

برائے نمونیہ: اکسیر اعظم (۳۰ منٹ میں نمونیہ غائب)

اجزاء و ترکیب ساخت: چینی ولائتی ایک چھٹانک پیالی میں ڈال کر اوپر شیر مدار ڈال کر تر کریں۔ خوب تر ہو جاوے تو توا لوہا چولہا پر چڑھا کر چینی بمعہ دودھ آک توا پر الٹ دیں نیچے آگ آہستہ آہستہ جلائیں پھر تیز کر دیں۔ جب اس چینی سے توا سے دھواں نکلنا بند ہو جاوے تو اتار کر پیس لیں۔ اس وقت کچھ مختلف قسم کے رنگ نظر آویں گے۔ ہلا کر پیس لیں۔ چینی بھی لیں۔ ۴ رتی سفوف جلا ہوا کوئلہ کی مانند ۴ رتی ہلدی پیسی ہوئی ۸ رتی چینی ملا کر ۲ پیالی چائے کیبہ کھلا دیں۔ بالغ کو اور پھر موسم کے لحاظ سے اوڑھنا اور ٹیبیر گھڑی کا ٹائم نوٹ کریں۔ جب ۳۰ منٹ ہو جاوے تو مریض سے پوچھ لیں۔ وہ ٹھیک ٹھاک ہو گا۔ اگر معمولی کمی ہو تو دوبارہ ایک خوراک دیں۔ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے نمونیہ ہمسایوں کا بھی چلا جاوے۔ جس طرح یہ نسخہ مجھے ملا ہے وہ تحریر کروں کر ایک کتاب کی شکل بنتی ہے۔ بنائیں فائدہ اٹھائیں کوئی صاحب رقم وصول کرنے کی جرأت نہ کرے ورنہ فائدہ نہ ہو گا۔ فی سبیل اللہ علاج کرائیں۔

برائے نامردی: کمزوری۔ سرعت۔ انزال جریان

اجزاء و ترکیب ساخت: چھوہارے ۸ عدد بڑ کے دودھ میں بھگو دیں۔ ۴ ماشہ افیون ۴ ماشہ زعفران اصلی ۱ تولہ طباشیر ۱ ماشہ کشتہ شنگرف ۸ ماشہ۔ مغز جمالگوٹہ ۸ عدد کو باہم ملا کر سفوف بنا دیں۔ دو دن کے بعد چھوہاروں سے گٹھلیاں نکال کر جتنی دوائی سما سکے بھر دیں۔ دھاگہ سے چھوہارے کو باندھ کر گندم کے آٹے گوندھے ہوئے میں لپیٹ کر گولہ بنا دیں بھوبھل میں داخل کر کے آٹا سرخ ہونے پر نکال لیں۔ رگڑ کر گولیاں بنا دیں۔ مسور کے دانے برابر۔ یا حسب برداشت بھی کھائیں دودھ کے ساتھ ۴ بجے شام۔ زیادہ تکلیف ہو تو صبح نہار منہ بھی کھائیں۔ تیل، اچار، کھٹی چیز سے پرہیز ۸ دن جماع سے بھی پرہیز ۸ دن ہی کافی ہے۔ اور فرصت ہو تو دوبارہ کھائیں۔ دوران استعمال خوب دودھ۔ گھی۔ گوشت بکرا کھاویں بنا دیں دعا سے یاد کریں کوئی نہ بنا سکے تو مجھے بتا دیں۔ میں بنا کر دوں گا۔ مرد کی ہر قسم کی تکلیف دفع ہو جاتی ہے۔

حکیم عبدالرحمٰن

آپ بہاولنگر میں پیدا ہوئے ابتدائی دینی و درسی تعلیم حاصل کرنے کے بعد شعبہ طب کیطرف راغب ہوئے مقامی طور پر ایک ماہر طبیب سے فن طب کے رموز و نکات سے آگاہی حاصل کی۔ اب آپ عملی مطب کے ذریعہ خدمتِ خلق میں مصروف ہیں۔

حکیم عبدالرحمٰن ولد علی محمد
چک نمبر 125/6-R ڈاکخانہ فقیروالی تحصیل ہارون آباد ضلع بہاولنگر

مجربات

حبِ تریاق معدہ: اجزاء و ترکیب ساخت: یہ گولیاں معدہ کی تمام امراض بلکہ پیٹ کی امراض کیلئے بھی ایک لاثانی چیز ہیں۔ پیٹ درد بھوک نہ لگنا بدہضمی۔ کھٹی ڈکاریں۔ اعظم الطحال عظم الکبد۔ بادگولہ بخار قبض وغیرہ کیلئے اکسیر ہیں۔ بھوک بڑھاتی ہیں۔ اور کھائی ہوئی غذا کو جزو بدن بناتی ہیں۔ غرض کہ پیٹ کے اکثر امراض کو دُور کرنے کیلئے آبِ حیات ہیں۔ یہ گولیاں تمام بدنی امراض کا تریاق ہیں اور آزمُودہ مجرب ہیں۔

نسخہ: ایلوا ۲ رتولہ۔ دارچینی ۲ رتولہ مرچ سیاہ ۲ رتولہ۔ زنجبیل ۲ رتولہ۔ فلفل دراز ۲ رتولہ۔ پوست ہلیلہ زرد ۲ رتولہ سہاگہ بریاں ۲ رتولہ۔ بھنگ بریاں ۲ رتولہ۔ شحم حنظل یعنی تمے کا گودا ۲ رتولہ۔ نوشادر ۲ رتولہ۔ نمک سونچر ۲ رتولہ۔ نمک کلر ۲ رتولہ۔ نمک لاہوری ۲ رتولہ۔ نمک سیاہ ۲ رتولہ۔

ترکیب تیاری: سب کو چوبیس گھنٹہ تیز سرکہ میں اور پھر ۲۴ گھنٹہ گھیکوار کے پانی میں کھرل کرکے جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنالیں۔ اور سایہ میں خشک کرکے ڈبوں میں حفاظت سے رکھیں۔

مقدار خوراک: دو گولی صبح و شام بعد از غذا۔

سفوف سلاجیت: اجزاء و ترکیب ساخت: تالمکھانہ تمر ہندی۔ بہمنہ۔ شقاقل مصری الائچی خورد۔ طباشیر کبود۔ سلاجیت خالص، ثعلب مصری ہر ایک ایک تولہ۔ ست گلو کشتہ مرجان چھ چھ ماشہ۔ سب ادویہ کو کوٹ چھان کر باہم ملالیں۔ اور مصری تمام ادویہ کے برابر شامل کریں۔

مقدار خوراک: چار ماشہ صبح و شام ہمراہ شیر

فوائد: قدرتی امساک پیدا کرتا ہے جریان احتلام و سرعت میں مفید ہے۔ نیز مغلظ ہے۔

حبِ نایاب: اجزاء و ترکیب ساخت: کالا دانہ ۶ رماشہ سقمونیا عمدہ ۶ رماشہ۔ جلابہ ۶ رماشہ ریوند چینی ۶ رماشہ باریک پیس کر عرق سونف سے چنے کے برابر گولیاں بنالیں۔

خوراک: ۱ گولی سے ۳ گولی تک سوتے وقت ہمراہ گرم دُودھ یا پانی یہ گولیاں بھی بہت اعلیٰ قبض کشا ہیں۔ اور آزمُودہ مجرب ہیں۔

جادُو کی مرہم: اجزاء و ترکیب ساخت: اُن پھنسیوں کیلئے جادُو کا اثر رکھتی ہیں۔ جو چھوت دار ہوں یعنی جو چھوٹی پھنسیاں ہاتھوں پر یا بچوں کے سر پر نکلا کرتی ہیں اور جن پھنسیوں سے پانی لگ لگ کر آگے بڑھتی جاتی ہیں اُن کیلئے یہ تیر بہدف ہے۔ ہم نے بیشمار مرتبہ آزما کر فائدہ اٹھایا ہے۔ صرف چار پانچ بار لگانے سے ہی تمام شبورات خشک ہو کر آرام ہو جاتا ہے۔

نسخہ: کڑو، کمیلہ، کالی زیری، مردار سنگ ہر ایک تولہ تولہ۔ نیلا تھوتھا ۱ ماشہ۔

ترکیب تیاری: تمام کو باریک پیس کر تھوڑا تھوڑا سرسوں کا تیل شامل کرتے اور کھرل کرتے جائیں۔ جب مرہم کی طرح ہو جائے۔ تو ڈبیوں میں حفاظت سے رکھیں۔ اور آزمودہ مجرب ہیں۔

حکیم سکندر حیات

آپ کے والدین ضلع گجرات کے گاؤں گاکھڑا سے ۱۹۶۰ء میں شہر گجرات آباد ہو گئے آپ نے ابتدائی دینی و درسی تعلیم وہیں حاصل کی ۱۹۷۰ء میں پبلک ماڈل سکول ۲ ریلوے روڈ سے میٹرک کا امتحان پاس کیا۔ بعد ازاں آپ ترک سکونت کر کے ضلع بہاولنگر کے قصبہ فقیر والی میں آباد ہو گئے حکیم محمد حیات سنیاسی عرف بھائی جی سے فن طب آگاہی حاصل کی اور عملی مطب کا کام سیکھا آپ اس فن کے ذریعے خدمت خلق کر رہے ہیں۔

سکندر حیات ولد چوہدری عطا محمد وڑائچ
وارڈ ۱ آفاقی بستی چک نمبر ۱۲۰/۴۔R فقیر والی تحصیل ہارون آباد ضلع بہاولنگر

مجربات

برائے امراض معدہ: اجزاء و ترکیب ساخت: انار دانہ ایک تولہ، زنجبیل ایک تولہ، فلفل سیاہ ایک تولہ، چینی ۱ تولہ۔ تمام ادویہ سفوف بنا لیں۔

مقدار خوراک: دو ماشہ بعد از غذا۔

فوائد: مقوی معدہ ہے۔ جملہ امراض معدہ میں نافع ہے۔

برائے درد دانت: اجزاء و ترکیب ساخت: کار بالک تیل سرسوں، ست پودینہ، تخبیل ہموزن ملا کر شیشی میں سنبھال لیں۔ بوقت ضرورت دوا کی تری دانت پر لگائیں۔ درد دانت میں سریع الاثر ہے۔

برائے بواسیر: اجزاء و ترکیب ساخت: کڑا سنگ ایھٹانک، آب آکاس بیل حسب ضرورت کی مدد سے گولی بقدر جنگلی بیر بنا لیں۔

مقدار خوراک: دو گولی صبح و شام ہمراہ آب۔

تیل برائے مسہ بواسیر: اجزاء و ترکیب ساخت: آب آکاس بیل ایک پاؤ، تیل سرسوں ایک پاؤ دونوں کو برتن میں ڈال کر آگ پر رکھیں۔ یہاں تک کہ پانی جل جائے یہ تیل مسہ بواسیر کو جڑ سے ختم کر دیتا ہے۔ روزانہ ضماد کریں اور چوبیس گھنٹے بعد نہا لیں۔

حکیم راؤ افتخار احمد

آپ کے آباؤ اجداد ۱۹۴۷ء میں کانپور ضلع رہتک (ہندوستان) سے ہجرت کر کے پاکستان آئے۔ آپ نے ابتدائی دینی و درسی تعلیم مقامی طور پر حاصل کی۔ آپ نے مڈل کا امتحان کرنل نجابت تحصیل شجاع آباد ضلع ملتان سے پاس کیا۔ میٹرک کی تعلیم نواں جنڈانوالہ تحصیل کلورکوٹ سے حاصل کی جو ایک دور افتادہ علاقہ ہے۔ بغرض تعلیم روزانہ ریگستان کا سفر طے کر کے اپنے شوق کی تکمیل کرتے رہے۔ اسلام آباد سے ایف اے کا امتحان پاس کر کے سرکاری ملازمت اختیار کی۔ اور مختلف سرکاری محکموں سے وابستہ رہے۔ دوران ملازمت

اپنے بنیادی رُجحان کی وجہ سے فنِ طب کی طرف مائل ہوئے اور
اجمل طبیہ کالج راولپنڈی میں داخلہ لیا۔ ۱۹۸۱ء میں فاضل الطب
والجراحت کی سند امتیازی حیثیت سے حاصل کی اور سلور میڈل
حاصل کیا۔ طبی تعلیم سے فارغ ہو کر راولپنڈی کے نامور اطباء
جناب حکیم سخاوت حسین، جناب حکیم محمود سلطان اور جناب حکیم
شجاع ہاشمی صاحب سے استفادہ کیا اور محکمہ صحت سے بطور طبی
آفیسر منسلک ہوئے۔ اس طرح آپ ایک ماہر نوجوان طبیب کی
حیثیت سے سرکاری اور نجی سطح پر خدمتِ خلق میں مصروف ہیں
آپ طب اسلامی کے بہت بڑے علمبردار اور ایک سماجی کارکن
کی حیثیت سے ممتاز مقام رکھتے ہیں۔

حکیم راؤ افتخار احمد ولد محمد صغیر خان نمبردار
چک 57/D.B براہ نواں جنڈانوالہ تحصیل کلور کوٹ ضلع بھکر

مجربات

روغن صابری: اجزاء و ترکیب ساخت، عرصہ تین سال سے مجرب ہے خصوصاً چوٹ کے درد پر بہت مؤثر پایا۔ خواہ چوٹ کتنی ہی پرانی کیوں نہ ہو۔ میٹھا تیلیہ تولہ، کافور ۲ تولہ، روغن تارپین ۴ تولہ۔ روغن بیدانجیر (کسٹرڈ آئل) ۲ تولہ۔

طریقہ:۔ میٹھا تیلیہ کو چھوٹے بڑے ٹکڑے کر کے روغن بیدانجیر میں جلا لیں روغن سے دھواں ختم ہونے پر کپڑے میں روغن کو چھان لیں اور اس میں باقی ادویہ ملا لیں بس تیار ہے۔ اس دوا کے دیگر استعمال یہ ہیں۔

(۱) اس کی مالش سر درد کا خاتمہ کرتی ہے (۲) چند روزہ استعمال سے ٹوٹی ہوئی ہڈی جڑ جاتی ہے۔ روغن کو مقام ماؤف پر لگا کر ہلکے ہلکے مالش کریں۔ (۳) سوکھے ہوئے اعضاء اس کی مالش سے فربہ ہو جاتے ہیں۔ (۴) جلے ہوئے مقام پر اس کا پھایہ رکھنا سوزش کو ختم کر دیتا ہے۔

تریاقِ زنبور: [illegible]
مؤثر پایا عام قارئین کیلئے بہت نفع [illegible]
[illegible]
[illegible] کرکے [illegible] درد [illegible]

استخارِ مسہل: اجزاء و ترکیب ساخت: [illegible] مسہل، حب السلاطین موجود [illegible] مضر اثرات نہیں ہیں۔ مغز حب السلاطین (پتہ دور کردہ) ½ تولہ، مغز بادام ایک تولہ، مغز تخم ارنڈ ایک تولہ، قند سفید دو تولہ۔
کھرل میں خوب رگڑیں کہ تیل چھوڑ دیں اور بغیر گوند گولی بننے لگے۔ دانہ مونگ کے برابر گولیاں بنائیں ایک تا دو گولیاں تازہ پانی کے ساتھ رات کو دیں عموماً ۲-۳ گھنٹے بعد ایک سے تین اسہال آ کر طبیعت صاف ہو جاتی ہے اس کے بعد اور اسہال نہیں آتے بہت کمزور مریضوں کو صرف ایک گولی کافی ہے۔

حکیم خالد محمود ملک

آپ نے ابتدائی دینی و درسی تعلیم مقامی طور پر حاصل کی دورانِ تعلیم آپ کو طب سے خصوصاً لگاؤ پیدا ہوا۔ میٹرک پاس کرنے کے بعد اپنے شوق کی تکمیل کیلئے طبیہ کالج لاہور میں داخلہ لیا۔ اور ۱۹۷۸ء میں فاضل الطب والجراحت کی سند حاصل کی۔ تعلیم سے فارغ ہو کر فاضل طبیب حکیم سید عبدالفتاح شاہ صاحب سے عملی مطب کا تجربہ حاصل کیا اور فنِ طب کے رموز و نکات سیکھے۔ آپ فنِ طب کو خدمتِ خلق کا بہترین ذریعہ سمجھتے ہیں۔

حکیم خالد محمود ملک (اعوان) ولد محمد عبدالرحمٰن ملک اعوان

چاہ اللہ چراغ والا (اعوانان والا) نزد پٹرول پمپ کلورکوٹ (ضلع بھکر)

مجرّبات

نسخہ ملیّن: اجزاء و ترکیب ساخت: تیزپات مصفا ایک تولہ۔ رائی مصفا ۱ تولہ۔ گندھک آملہ سار مدبر تین تولہ بہ دودھ۔

مقدار خوراک: بعد غذا دن میں ایک تا چار بار۔ ایک چاول تا تین ماشہ تک ہمراہ۔ آب تازہ یا قہوہ سبز الائچی۔ سونف۔ سونٹھ وغیرہ

نوٹ: حاملہ عورتوں کو بھی نقصان نہیں دے گا۔ مگر پیشاب کو ٹسٹ کرنے کے بعد استعمال کریں۔ تمام مریضوں کے لئے تھوڑا پیشاب لیکر لٹمس پاؤڈر نیلا چھڑک دیں پیشاب اگر سرخ رنگ کا ہو جائے تو یہ نسخہ استعمال کریں ورنہ نہ کریں۔

نسخہ اکسیر: اجزاء و ترکیب ساخت: سیماب ایک تولہ۔ گندھک آملہ سار سات تولہ مدبر دودھ۔ سیماب کو نمک خوردنی میں سحق کریں پھر پانی سے نمک کو دھو کر گندھک سے کجلی تیار کریں تقریباً سات گھنٹہ کھرل کریں اور بعد میں ایک چاول تا طبیب اپنی سمجھ سے ایک ماشہ تک استعمال کر سکتا ہے۔ دن میں ایک تا چار بار۔

فیض محمد ساجد

حبّ شفا: اجزاء و ترکیب ساخت: پاپیتہ ۱ تولہ۔ فلفل سیاہ ۱ تولہ۔ فلفل دراز ایک تولہ۔ لونگ مدار ایک تولہ

ان تمام ادویات کو اچھی طرح رگڑ کر لیموں کے پانی کی مدد سے نخودی گولیاں بنائیں ۲ گولی صبح شام۔ چلو دھر باؤ گولہ۔ گنٹھیا کیلئے اکسیری گولیاں ہیں۔ عورتوں کیلئے خاص دوا چاہے جتنا بھی پرانا مرض ہو انشاء اللہ کامیاب ہے۔

تانبے کا تیل: اجزاء و ترکیب ساخت: نیلا تھوتھا ایک پاؤ چھوٹی چھوٹی ڈلیاں کر کے توے پر سفید کریں ½ پاؤ بوتل میں ڈال کر ایک تولہ فاسفورس چمٹی سے پکڑ کر رکھیں اور فوراً دوسرا نیلا سفید اوپر ڈال دیں۔ بوتل کو فوراً بند کر دیں۔ ایک دو گھنٹے میں تیل ہوگا۔ ایک قطرہ بعد از غذا بتاشہ میں یا کھانڈ میں کھلا کر اوپر سے شیر گرم پلائیں نامرد پانچ منٹ میں مرد کامل ہوگا۔ بگڑے ہوئے مریض کیلئے تین خوراکیں کافی ہیں۔ تین دن کا وقفہ رکھیں۔ خوراک ایک قطرہ سے زیادہ نہ ہو۔ بینائی کم ہونے والے یا اپریشن کروانے کی ضرورت نہیں ایک قطرہ کافی ہے کیونکہ فاسفورس کی وجہ سے بینائی جاتی ہے۔ یہ وہ نسخہ ہے کہ اپریشن کی ضرورت نہیں ہوتی۔ ایک قطرہ کھانے سے عینک اتر جاوے گی۔ بخار، سر درد۔ جوڑوں کا درد پیٹ کا پھولنا کا کھنچاؤ تمام کا تمام ایک ہی خوراک میں انشاء اللہ ختم ہے۔ تجربہ سے ثابت ہوگا۔ یہ ایک عجیب تیل ہے۔

اکسیر نامردی: اجزاء و ترکیب ساخت: شنگرف رومی ۱ تولہ افیون ۱ تولہ۔ شنگرف پر افیون کا لیپ کر کے انڈے کے خالی خول میں بند کریں اور دال ماش ½ پاؤ پیس کر لیپ کر کے خشک کریں اور روغن زرد میں رکھ کر ۱۲ گھنٹے درمیانی آنچ میں پکائیں بعدہٗ سرد کر کے مذکورہ شنگرف نکال لیں اور ایک ایک رتی کی گولیاں بنالیں۔ بالکل نامرد کو رات کو ایک گولی بعد از غذا شیر گرم کیساتھ کھلا دیں۔ امساک اور قوت باہ کا تماشہ دیکھیں۔

اکسیر خاص: اجزاء و ترکیب ساخت: طباشیر نقرہ ایک تولہ چینی خالص ایک تولہ سم الفار سفید ۳ ماشہ تینوں کو ۱۲ گھنٹے صاف کھرل میں کھرل کریں۔ ایک رتی کیپسول میں بند کر کے نامرد کو کھلائیں۔ بگڑے ہوئے مریض دردوں سے نڈھال مریض شفا پائیں گے۔

نوٹ : خیال رکھیں خالی پیٹ نہ کھائیں کیونکہ سم الفار ہے پہلے مرغن غذا کھائیں۔ پھر شیر گرم کیساتھ استعمال کرائیں۔ دوسری خوراک پندرہ دن بعد تین دن پیاس رہیگی۔ دودھ سے پیاس دور کراتے رہیں۔ اللہ شافی ہے۔ وہی کامل شفا دینے والا ہے۔

فیض محمد ساجد ولد غلام محمد کھوکھر

بمقام چک ۴۸/T.D.A ڈاک خانہ چک ۴۷/T.D.A تحصیل و ضلع بھکر

حکیم خلیل الرحمن

ابتدائی دینی و درسی تعلیم مقامی طور پر حاصل کی آپکے والد علاقہ کے معروف معالج تھے۔

دوران تعلیم ہی آپ کے والد کا انتقال ہو گیا اور آپ نامساعد حالات کا شکار ہو گئے لیکن اس فن کو جاری رکھنے کا عزم کیا اور والدہ ماجدہ کی حوصلہ افزائی سے منڈی عثمان والا کے حکیم جناب عبدالکریم صاحب کے مطب سے وابستہ ہو گئے کچھ عرصہ بعد ان کا انتقال ہو گیا تو سید فرزند علی شاہ صاحب کیساتھ کام شروع کیا پھر سید محمد عزیز شاہ کے ساتھ ساہیوال آ گئے اور فن طب کے رموز و نکات سے عملاً و سبقاً آگاہی حاصل کی۔ پھر اپنا ذاتی مطب شروع کیا، عرصہ سات سال ۹/۹۶.L میں مطب کیا اور پھر خانپور میں آ گئے بعد ازاں چک ۷۰/D مطب شروع کیا اور خدمت خلق میں مصروف ہوئے

حکیم خلیل الرحمن ولد حکیم محمد عبداللہ

چک ۷۰/D ڈاک خانہ ۷۲/5.L تحصیل پاکپتن ضلع ساہیوال،

مجربات

برائے وجع المفاصل و آتشک :

اجزاء و ترکیب ساخت : رسکپور ایک تولہ اجوائن دیسی ایک چھٹانک، دودھ بھیڑ حسب ضرورت دونوں ادویہ چینی کے پیالے میں ملا کر دودھ بھیڑ اتنا ڈالیں کہ ادویہ ڈوب جائیں۔ رات بھر ڈھانپ کر رکھیں۔ صبح زور دار ہاتھوں سے رگڑ کر حبوب نخودی بنالیں

مقدار خوراک : ایک گولی حلوا سوجی دیسی گھی کا میں لپیٹ کر رات کو کھائیں۔ ایک دن ناغہ کریں۔ وجع المفاصل کیلئے آم کے اچار کے چھلکے میں لپیٹ کر ایک گولی اوپر سے گھی گائے ایک چھٹانک پلائیں۔

حکیم بشیر احمد

ابتدائی دینی و درسی تعلیم سے فارغ ہو کر اپنے والد محترم جناب حکیم مولوی جان محمد صاحب کے مطب پر فن طب کی سبقاً عملاً تعلیم شروع کی اور ان کے ساتھ معاونت بھی کرتے رہے۔ ۱۹۶۰ء میں پنجن آباد شہر میں اپنا علیحدہ مطب شروع کیا۔ ۱۹۶۹ء میں پاک پتن شریف میں مستقل طور پر رہائش پذیر ہوئے اور علمی مطب کے ذریعے خدمت خلق میں مصروف ہوئے۔ آپ ایک خدا ترس طبیب اور سماجی کارکن ہیں۔ مستحق افراد کیلئے علاج معالجہ کی بلا معاوضہ خدمات انجام دے رہے ہیں۔

حکیم بشیر احمد ولد حکیم مولوی جان محمد

دواخانہ نصیر الصحت جاوید مارکیٹ پل نہر کھادر بستی غلام قادر روڈ پاکپتن شریف ضلع ساہیوال

مجربات

برائے حمیات :

اجزاء و ترکیب ساخت : تخم خوب کلاں تین تولہ طباشیر تولہ، الائچی خورد ایک تولہ، سرد چینی

ایک تولہ۔ ورق نقرہ دس عدد، مصری کا پی دو تولہ۔ تخم خوب کلاں کو آردگندم میں ملفوف کرکے بریاں کرلیں۔ جب آرد سرخ ہو جائے بیج نکال کر شامل نسخہ کریں اور سفوف بناکر باہم کرلیں۔

مقدار خوراک: ۱ ماشہ ہمراہ شربت بزوری صبح و شام۔

فوائد: موسمی اور نوبتی بخاروں میں مفید ہے۔

نوٹ (آپ کہنہ دق و سل میں درج ذیل جوشاندہ کے ہمراہ دیں)

جوشاندہ: اجزاء و ترکیب ساخت: سونف چھ ماشہ۔ گل گاؤزبان چھ ماشہ۔ تخم کاسنی چھ ماشہ۔ گل سرخ چھ ماشہ۔ خوب کلاں دو ماشہ بطریق معروف جوشاندہ تین وقت تیار کریں۔

منجن خاص: اجزاء و ترکیب ساخت: کوڑی زرد سوختہ، پھٹکڑی بریاں، نیلا تھوتھا بریاں، انزروت، مازو، الائچی خورد، مساوی الوزن بشکل غبار کریں اور بطور منجن استعمال کرکے رال گرائیں۔

فوائد: جملہ امراض دندان میں مفید ہے۔

حکیم محمد یسین چاولہ

آپ پاکپتن شریف کے معزز راجپوت چاولہ گھرانہ میں پیدا ہوئے آپ کے والد محترم ایک علم دوست عالم اور ماہر کیمیا گر تھے فن طب کا شوق انہیں سے منتقل ہوا۔

ابتدائی طبی تعلیم اپنے ماموں جناب حکیم پیر صوفی ثناء اللہ، بابا حکیم جمال دین صاحب بابا حکیم سردار علی صاحب سنیاسی اور دیگر ماہرین طب سے حاصل کی۔ قانون مفرد اعضاء کی سند حاصل کرنے کے بعد طبیہ کالج لاہور سے فاضل الطب و الجراحت کی سند حاصل کی اور وہاں عظیم محقق اساتذہ پروفیسر حکیم محمد یت ملک عطاء اللہ علیگ حکیم فضل الٰہی جیسی نابغہ روزگار ہستیوں سے استفادہ کیا آپ دوران تعلیم جناب حکیم آفتاب احمد قرشی سے فیض حاصل کرتے رہے۔

بعد ازاں پاکپتن کی معروف درویش ہستی ماہر علوم و فنون و لسانیات حکیم رانا خداداد خاں مستند دہلی سے رموز و نکات فن سے آگاہی حاصل کی۔

آپ کو تمام مروجہ طریق ہائے معالجہ پر مہارت حاصل ہے علاوہ ازیں آپ شعبہ صحافت سے بھی منسلک ہیں اور قومی اخبارات و جرائد میں اپنی صلاحیتوں کا اظہار کررہے ہیں۔

تحقیق کے شعبہ میں نامور طبی محقق جناب حکیم عبدالمالک مجاہد جناب حکیم غلام نبی ایم اے گولڈ میڈلسٹ جیسی ہستیوں کے ساتھ کام کرنے کا موقع ملا۔

(۱) طبی شعبہ میں آپ کی کئی تصانیف منظر عام پر آچکی ہیں جن میں بلڈ پریشر اور اس کا علاج (۲) تبخیر معدہ کا اصولی علاج (۳) ریبر علاج بالغذاء (۴) قبض کوئی مرض نہیں۔ (۵) مجربات حکیم محمد... (۶) بیکار رہنا چھوڑیئے (۷) قانون مفرد اعضاء کی مختصر تشریح شامل ہیں۔ آپ ایک نوجوان طبیب ماہر علوم اور ہمہ جہت شخصیت ہیں اور شعبہ طب میں گرانقدر خدمات انجام دے رہے ہیں۔

حکیم محمد یسین چاولہ ولد محمد ابراہیم چاولہ
ابراہیمی دواخانہ حکیم سٹریٹ نیو ہسپتال روڈ پاکپتن شریف

مجربات

دوائے نایاب: اجزاء و ترکیب ساخت: زردی بیضہ مرغ دیسی پندرہ عدد، شنگرف آدھ تولہ۔

سم الفار ا تولہ، خراطین ا تولہ، ریگ ماہی ا تولہ، کچلہ ا تولہ، جلوتری ا تولہ۔ لونگ تولہ، جائفل تولہ۔ زعفران ۳ ماشہ، مغز سر گنجشک پندرہ عدد۔ جملہ ادویہ پیس کر مغز اور زردی بیضہ میں ملا کر غولہ بنائیں۔ اور بذریعہ جالی جنتر تیل کشید کریں۔

مقدار خوراک: پانچ قطرے

برائے طلاء: چند قطرے بطریق معروف مالش کریں۔

فوائد: ضعف باہ، سستی، کجی، لقوہ، فالج، وجع المفاصل، ذرہ لقمی لیسکوریا وغیرہ میں مفید ہے۔

حکیم باسط عزیز رانا

ابتدائی دینی و درسی تعلیم کے بعد ۱۹۷۷ء میں سیکنڈری سکول کا امتحان امتیازی حیثیت سے پاس کیا اس کے بعد ۱۹۸۰ء تک پرائیویٹ ہسپتال میں ٹریننگ حاصل کی ۱۹۸۱ء میں جناح پوسٹ گریجویٹ سے ڈپلومہ حاصل کیا پھر میڈیکل سنٹر کراچی سے ڈسپنسر ٹریننگ کر کے سندھ سٹیٹ میڈیکل فیکلٹی سے ڈپلومہ حاصل کیا۔ آپ کے والد محترم حکیم بشیر احمد عزیز ایم اے اور تایا جان حکیم محمد اقبال مستند کا شمار علاقہ کے معروف اطباء میں ہوتا ہے۔ اسی وجہ سے آپ کو فن طب سے خصوصاً لگاؤ رہا۔ بطور معاون عملاً و سبقاً طب کی تعلیم اپنے بزرگوں سے حاصل کی اور خدمت خلق میں مصروف ہوئے۔

باسط عزیز رانا ولد حکیم بشیر احمد عزیز ایم اے
باسط میڈیکل سٹور کچی آبادی۔ ٹھکرانوالہ کارخانہ کمالیہ
ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ

مجرّبات

سفوف عجیب: اجزاء و ترکیب ساخت: نمک لاہوری ۵ تولہ نمک سیاہ ۵ تولہ۔ ہلیلہ سیاہ ۵ تولہ، ہلیلہ پوست ۵ تولہ۔ پوست بلیلہ ۵ تولہ، آملہ خشک ۵ تولہ، سونف ۱۰ تولہ سنا مکی صاف شدہ ۵ تولہ۔ کوٹ چھان کر سفوف بنا دیں۔

مقدار خوراک: ½ ۱ ماشہ سے ۲ ماشہ۔

فوائد: دائمی قبض، سر درد، نظر کی کمزوری، دانتوں کا ہلنا کے مسلسل استعمال سے دور ہو جاتا ہے۔

خوشخبری بے اولاد: اجزاء و ترکیب ساخت: برادہ صندل نیل ۵ تولہ، ناگ کیسر ۵ تولہ، بہمن سفید ۵ تولہ، کھانڈ ۵ تولہ۔ سفوف تیار کریں۔ ۴ ماشہ صبح ہمراہ دودھ کھا لیا کریں (عورتوں کے لئے)

اکسیر دردِ گردہ: اجزاء و ترکیب ساخت: سفید بیٹ جنگلی کبوتر۔ جو کھار، چھلکا ریٹھہ۔ برابر وزن سفوف بناؤ۔

مقدار خوراک: ا ماشہ ہمراہ پانی ہر دو گھنٹے کے بعد خوراک انشاء اللہ صحت کاملہ حاصل ہو گی۔

مجرّب دردِ گردہ: اجزاء و ترکیب ساخت: ریٹھے کا مغز ایک عدد، مصبر ایک ماشہ، کوزہ مصری ایک ماشہ، سفوف بنا کر تین کیپسول میں بھر لیں۔ ایک کیپسول ہمراہ پانی دیں۔ اسی طرح دو گھنٹے وقفے بعد تین کیپسول دیدیں۔ کل شفاء حاصل ہو گی بفضل خداوند تعالیٰ۔

حب احتلام: اجزاء و ترکیب ساخت: پھلی ببول ۲ تولہ۔ دودھی خورد ۲ تولہ، تخم سنبل ا تولہ، موصلی سفید ا تولہ، اندر جو شیریں ۶ ماشہ۔ جڑ پان ۶ ماشہ تالمکھانہ ۶ ماشہ ثعلب مصری ا تولہ، کشتہ قلعی ۲ تولہ۔ گوند کیکر ۶ ماشہ۔ بڑ کے دودھ میں چنے کے برابر گولیاں بنائیں۔

جریان احتلام۔ سُرعت انزال۔ رقت مادہ منویہ کیلئے مجرب ہے (ایک سے دو گولی ہمراہ دودھ) صبح و شام۔

حب رال : اجزاء و ترکیب ساخت : سفید رال ۵۰ گرام۔ گوند کیکر ۲۵ گرام۔ گولیاں بنائیں مقدار صبح و شام دو دو گولی دیں۔ معدہ اور آنتوں کی کمزوری سے آنے والے دستوں کو روکتی ہے۔ سنگرہنی میں مفید ہے۔ آنتوں کی خراش کے لئے مفید ہے۔

حب رسونت : اجزاء و ترکیب ساخت : پوست ہلیلہ زرد۔ رسونت۔ گوگل ہموزن (گولیاں تیار کریں)

بواسیر خونی و بادی کو مفید ہے۔

کشتہ سنگ پشت : سنگ پشت لیکر کو ٹکوں (کچھوا) کی آگ پر جلا دیں پھر ہاون دستہ سے باریک کوٹ کر برگ بانسہ دس تولہ کے جوشاندہ میں پیس کر ٹکیہ بنا کر گل حکمت کریں اور نکال کر رکھ لیں۔ اگر اچھی طرح تیار نہ ہو تو پالک ساگ کے پانی میں کھرل کریں ٹکیہ بنا کر آگ دیں۔ عمدہ بے حد مفید ہو گا۔

مقدار خوراک : ۲ رتی سے ایک ماشہ عرق شیر ۷ تولہ۔ شربت اعجاز تین تولہ کے ہمراہ صبح و شام دیں۔

فوائد : سل۔ دق۔ سوکھے ہوئے بچوں کیلئے بیحد مفید ہے

حکیم سید علی حیدر شاہ نمبردار

آپ کا تعلق علاقہ کے معروف معزز طبی و رُوحانی جعفریہ خاندان سے ہے۔ ابتدائی دینی و درسی تعلیم کے بعد طب اسلامی کیطرف راغب ہوئے مئی ۱۹۲۲ء میں لاہور یونیورسٹی سے حکیم حاذق کی سند درجہ اول میں حاصل مدرسہ ہاشمیہ کمالیہ سے فارغ التحصیل ہوئے اور اکمل الاطباء خطاب اور سند ملی۔ آپ کے جدِ امجد کا دربار عالیہ درگاہ حضرت ابن شاہ شیرازی مشہور ہے۔ آپ دربار ہذا کے سجادہ نشین بھی آپ کو طب کے علاوہ رُوحانی علوم پر بھی عبور حاصل ہے۔ آپ طبابت اور رُوحانیت سے دُور دراز تک کے عوام فیضیاب ہو رہے ہیں۔

حکیم سید علی حیدر شاہ نمبردار سید سردار شاہ
بستی سردار کوٹ چک 15/گ ب براہ تحصیل کمالیہ ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ

مجرّبات

اکسیر جریان : اجزاء و ترکیب ساخت : ریشم ڈنڈی پانچ تولہ۔ برگ قنب پانچ تولہ۔ گورکھ پان پانچ تولہ۔ پوٹاشیم برومائیڈ دو تولہ سفوف بنا کر محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک : چار ماشہ ہمراہ شیر۔

فوائد : جریان۔ احتلام و سُرعت انزال میں مفید ہے۔

سفوف ہاضم : اجزاء و ترکیب ساخت : سوڈا بائیکارب پانچ تولہ۔ نمک سیاہ پانچ تولہ۔ ست پودینہ دو ماشہ ست اجوائن دو ماشہ۔

مقدار خوراک : دو ماشہ بعد از غذا۔

فوائد : جملہ امراض معدہ میں مفید ہے۔

حکیم محمد صادق

ابتدائی دینی و درسی تعیم کے بعد میٹرک کا امتحان اسلامیہ ہائی سکول جھنگ سے پاس کیا۔ پھر فیصل آباد سے ہومیوپیتھی کا کورس کر کے لاہور آ گئے۔ ۱۹۶۲ء میں طبیہ کالج لاہور سے حکیم حاذق کی

سند حاصل کی اور عملی تجربہ کے لئے حکیم آغا دوست محمد تحصیلی صاحب کے مطب میں ایک سال تک کام کرتے رہے۔ بعد ازاں ہرنس پورہ لاہور میں ذاتی مطب شروع کیا۔ ۱۹۶۵ء میں اپنے آبائی گاؤں چک ۲۸۲/ج ب میں آکر مطب شروع کیا۔ ۱۹۸۲ء میں ٹوبہ ٹیک سنگھ میں رہائش اختیار کر لی اور مطب کا سلسلہ جاری کرکے خدمت خلق میں مصروف ہیں۔

حکیم محمد صادق ولد حاجی اللہ بخش
۱۶۷۔ اقبال نگر ٹوبہ ٹیک سنگھ۔

حکیم مرزا علی اختر

آپ نے ابتدائی دینی و درسی تعلیم حاصل کرنے کے بعد میٹرک کا امتحان پاس کیا اور خدمت خلق کے جذبے کے تحت طبی تعلیم حاصل کرنے کا شوق پیدا ہوا۔ آپ نے نامور اطباء سے فن طب کی عملاً وسبقاً تعلیم حاصل کی۔ چنانچہ ۱۹۶۷ء میں بورڈ آف یونانی آیورویدک پاکستان سے رجسٹریشن حاصل کی۔ اس کے بعد ۱۹۷۴ء میں ایلوپیتھک فارماسسٹ میں کیٹگری (بی) میں پنجاب فارمیسی کونسل لاہور سے رجسٹریشن حاصل کی۔ اسکے بعد عوام کی فلاح و بہبود کی خاطر اپنے شہر میں ایک سوشل ویلفیئر کونسل منظوری حاصل کی ۱۹۷۸ء میں رجسٹریشن حاصل کی اور پھر ایک فری ڈسپنسری (شفاخانہ) قائم کر دیا۔ اسکے علاوہ دستکاری سکول قائم کیا گیا کچھ عرصہ کے بعد اس سکول کو پائلٹ سنٹر کا درجہ دلوایا گیا۔ ڈسٹرکٹ طبیہ کمیٹی جہلم سے ممبر شپ حاصل کی گئی۔ پھر انجمن بہبودی مریضاں، رجسٹرڈ ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر سول ہسپتال جہلم سے ممبر شپ حاصل کرکے لاتعداد لوگوں کی آنکھوں کے مرض موتیا کا مفت علاج کرایا گیا۔

آپ ایک ماہر طبیب اور جذبۂ خدمت سے سرشار بے لوث سماجی کارکن کی حیثیت سے علاقہ میں جانے جاتے ہیں۔

حکیم مرزا علی اختر ولد مرزا محمد اکبر
بمقام ڈاک خانہ ڈومیلی تحصیل و ضلع جہلم

مجربات

دردِ سر: اجزاء و ترکیب ساخت: اسپرین (ست کاسنی) ۳ ماشہ۔ اسطوخودوس ۱ ماشہ اور گیرو ۱ ماشہ شامل کرکے خوب باریک پیس لیں اور تین خوراکیں بنالی جائیں جونہی سر کا درد محسوس ہو ایک خوراک چائے کے ہمراہ کھائیں غذا کے بعد انشاء اللہ پانچ منٹ میں درد رفع ہوگا۔ مجرب ہے۔

[illegible] ضعف قلب: اجزاء و ترکیب ساخت: ست کاسنی ۳ ماشہ۔ دھنیا ۳ ماشہ۔ چینی یا مصری ۳ ماشہ۔ گیرو ۱ ماشہ۔ تمام کو باریک پیس چھان کر سفوف کی تین پڑیا بنالی جائیں۔ اور ایک خوراک بوقت ضرورت گرم دودھ سے کھلائیں مجرب ہے۔

اعصابی درد کیلئے: اجزاء و ترکیب ساخت: ست کاسنی ۱ تولہ۔ شنگرف ۱ تولہ۔ پپلی ۱ تولہ کالی مرچ ۱ تولہ۔

مقدار خوراک: ۲ رتی ہمراہ نیم گرم دودھ غذا کے بعد استعمال کریں۔

مسکن خاص: اجزاء و ترکیب ساخت: سر چکرانا۔ نیند کا نہ آنا یا کم آنا۔ خفقان۔ احتلام۔ سرعت انزال جریان کیلئے مفید ہے۔ پوٹاشیم برومائیڈ ۱ تولہ۔ دھنیا خشک ۱ تولہ۔ چینی ۲ تولہ۔ سب کو باریک سفوف بنالیں اور ۶ ماشہ صبح اور چھ ماشہ شام ہمراہ پانی یا شربت انار۔

حکیم سعید احمد

آپ ۶ جون ۱۹۴۹ء کو غریب وال تحصیل پنڈدادنخان میں پیدا ہوئے۔ ابتدائی دینی و درسی تعلیم مقامی طور پر حاصل کی۔ پرائمری تک تعلیم حاصل کرکے اپنے چچا جان حکیم عبدالحکیم صاحب پاس لاہور آگئے اور انہیں کی زیرنگرانی درسی و طبی تعلیم حاصل کرنا شروع کی تعلیم مکمل کرنے کے بعد فن طب سے سبقاً عملاً آگاہی حاصل کی فن طب پر عبور حاصل کرنے کے بعد واپس گاؤں آگئے اور عملی مطب کے ذریعے خدمت خلق میں مصروف ہوئے۔

حکیم سعید احمد ولد حکیم عبدالمجید
مقام غریب وال تحصیل پنڈدادنخان ضلع جہلم

مجرّبات

اکسیر معدہ: اجزاء و ترکیب ساخت: پیٹ درد، قے، اپھارہ، بدہضمی وغیرہ۔
نوشادر ۵ گرام۔ فلفل سیاہ ۵ گرام۔ گیرو ½۲ گرام۔
تینوں اجزاء کو کوٹ چھان کر سفوف تیار کریں۔
ترکیب استعمال: ایک گرام ہمراہ تازہ پانی استعمال کریں۔
اللہ تعالیٰ شفا دے گا۔

دیگر: اجزاء و ترکیب ساخت: چار نمک ۲۰ گرام۔ چار اجوائن ۲۰ گرام۔ ترپھلہ ۱۵ گرام۔ فلفل سیاہ ۱۰ گرام۔ آملہ ۵ گرام معتبر ۳ گرام۔ موٹی الائچی ۴ گرام۔ دارچینی ۵ گرام۔ کوٹ چھان کر سفوف تیار کریں۔
ترکیب استعمال: کھانا کھانے کے بعد ہمراہ تازہ پانی

ایک گرام دن میں تین مرتبہ کھائیں۔

کشتہ ہڑتال گئودنتی: اجزاء و ترکیب ساخت: [illegible] ملیریا بخار، جریان، سیلان رحم اور ہر قسم کے درد کے لئے موزوں ہے۔ گئودنتی کو بکائن کے نرم پتوں میں کشتہ حسب دستور کریں۔

کشتہ سنکھ: اجزاء و ترکیب ساخت: بخار، درد ہر قسم [illegible] ہوا، خون کی کمی کیلئے موزوں ہے وجہ تسمیہ دیکھ کر ہمراہ مکھن، ملائی، مربہ سیب یا عرق گاؤزبان کے ساتھ استعمال کرائیں۔ سنکھ کو حسب دستور بکائن میں کشتہ کریں۔

مقدار خوراک: ½ گرام سے زائد نہ ہو۔

اکسیر پیچش: اجزاء و ترکیب ساخت: فلفل دراز ۱ تولہ۔ چینی ۵ تولہ۔ سفوف بنا کر چٹائیں اور ہمراہ پانی استعمال کرائیں۔ اور اللہ تعالیٰ شفاء دے گا۔

حکیم ظہور حسین

آپ ۲۵ نومبر ۱۹۴۸ء کو جہلم میں پیدا ہوئے۔ ابتدائی دینی و درسی تعلیم مقامی طور پر حاصل کی۔ میٹرک کا امتحان ٹی آئی ہائی سکول جہلم سے پاس کیا۔ ۱۹۶۹ء میں ڈسپنسر کا امتحان پاس کیا اسی دوران علاقہ کے معروف طبیب حکیم محمد حسن راٹھور سے علم طب کی تعلیم سبقاً و عملاً حاصل کی۔ ۱۹۸۴ء میں فارمیسی اسسٹنٹ کی سند حاصل کرکے باقاعدہ مطب کے ذریعے خدمت خلق میں مصروف ہیں۔

ظہور حسین ولد غلام حسین
ظہور ڈسپنسری ٹاہلیانوالہ۔ جہلم

مجربات

برائے معدہ: اجزاء وترکیب ساخت: عرق الائچی ٹھنڈا کر کے دو چمچ ہر دو گھنٹہ بعد دینے سے قے کو بند کرتا ہے نیز خرابی معدہ میں مفید ہے۔

حکیم غلام نبی قاضی

آپ نے ابتدائی دینی و درسی تعلیم کے بعد ۱۹۳۲ء میں زمیندارہ ہائی سکول سے میٹرک کا امتحان پاس کیا پھر جلالپور شریف میں ڈسپنسر کورس کیا اور ۱۹۴۰ء میں طبیہ کالج ڈنگہ میں داخلہ لیا۔ طبی تعلیم سے فارغ ہو کر عملی مطب شروع کیا اور ساتھ ساتھ تصنیف و تحقیق کا کام بھی جاری رکھا۔ ایک تحقیقی تاریخ تاریخ جلالپور گرجاکھ کوہستان نمک لکھی جو کہ امریکہ کی تحقیقی انجمن نے اپنی ۲۲ لائبریریوں میں شامل کر کے اعزاز دیا۔ اور حکومت پاکستان نے اسے نیشنل لائبریری میں شامل کیا۔ آپ کی کئی تصانیف زیر طبع ہیں آپ نایاب اور نادر طبی کتب پر بھی تحقیقی کام کر رہے ہیں۔

حکیم غلام نبی قاضی ولد قاضی غلام یٰسین
جلالپور شریف تحصیل پنڈ دادن خان ضلع جہلم

حکیم ملک محمد حسین کھوکھر

آپ یکم اکتوبر ۱۹۴۶ء مُرادوالا تحصیل و ضلع جھنگ میں پیدا ہوئے۔ ابتدائی تعلیم مقامی طور پر حاصل کی اور گورنمنٹ ڈگری کالج سے ایف اے کیا۔ فن طب آپ کو وراثتاً ملا چنانچہ فطری لگاؤ کی وجہ سے آباؤ اجداد کے فن کو اپنایا طبی بورڈ سے مستند ہوئے اور باقاعدہ مطب کا آغاز کیا تو تاحال خدمت خلق میں مصروف ہے۔

حکیم ملک محمد حسین کھوکھر ولد میاں ولی محمد کھوکھر
مقام چک نمبر ۲۶۱ مرادوالا ڈاکخانہ موچیوالہ
تحصیل وضلع جھنگ

مجربات

شربت اکسیر جگر: اجزاء وترکیب ساخت: تخم کشوث ۱ تولہ۔ سعد کوفی ۱ تولہ۔ افسنتین ۱ تولہ گل سرخ ۱ تولہ۔ گاؤزبان ۱ تولہ۔ تخم خیارین ۲ تولہ۔ بیخ کرفس ۲ تولہ۔ بیخ اذخر ۲ تولہ۔ بیخ کاسنی ۲ تولہ۔ ریوند خطائی ۱ تولہ۔ منقیٰ مویز ۵ تولہ۔ عناب ۲۰ دانے۔ لسوڑیاں ۳۰ عدد۔ سنا مکی ۱ تولہ۔ تخم کشوث کو پوٹلی میں سربستہ کریں اور سوا سیر پانی ڈال کر رات کو بھگو رکھیں۔ اور صبح کو چینی سفید ۴ چھٹانک ملا کر حسب دستور شربت تیار کریں۔

مقدار خوراک: ۲½ تولہ شربت ہمراہ عرق مکو ۱۲ تولہ کے دیویں۔

فوائد: یہ شربت جگر کی اصلاح کرتا ہے اور جملہ امراض جگر میں مفید ہے۔

سفوف اکسیر جگر: اجزاء وترکیب ساخت: ریوند خطائی ۵ تولہ نوشادر ۱ تولہ۔ قلمی شورہ ۱ تولہ۔ کالی مرچ ۱ تولہ سنبل الطیب ۱ تولہ۔ ساذج ہندی ۱ تولہ۔

مقدار خوراک: ۱ ماشہ ہمراہ عرق کاسنی دن میں تین بار دیویں۔

فوائد: جگر کے تمام امراض، ضعف جگر، یرقان، تاپ تلی، سوء القینہ، ملیریا بخار کے لئے عجیب الاثر ہے۔

پیام صحت: اجزاء وترکیب ساخت: تخم دھتورہ سیاہ، نوشادر، فلفل سیاہ ہر ایک برابر وزن لیکر کوٹ چھان کر سفوف بنا دیں۔

مقدارِ خوراک: ایک ماشہ ہمراہ آب تازہ استعمال کرائیں۔
فوائد: برائے ضعف معدہ۔ دردِ شکم غثیان ضعف اشتہا۔

حکیم مولوی محمد شفیع

آپ نے ۱۹۵۵ء میں ورنیکلر مڈل کا امتحان اوّل درجہ میں پاس کیا اور اپنے چچا مولانا سلطان محمود سے ابتدائی کتب فارسی پڑھیں بعد میں جھنگ صدر میں حضرت مولانا جان محمد مرحوم فاضل دارالعلوم دیوبند مستند طبیب حاذق جامعہ امینیہ دہلی سے بقایا فارسی کی کتابوں کے ساتھ میزان طب۔ طب اکبر قانونچہ۔ تشریح الطب۔ موجز القانون۔ قرابادین مجددی خلاصہ المطب فارسی میں پڑھیں۔ جھنگ صدر میں حضرت حسین احمد مدنی کے نام پر مدنی شفاخانہ کھولا جو آج تک اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے دکھی انسانیت کی خدمت میں دن رات مشغول ہے اس کے ساتھ ساتھ مختلف اوقات میں مختلف مساجد میں خطابت کے بھی فرائض سرانجام دیتے رہے اور مختلف تحریکوں میں بھرپور حصہ لیا۔ اور کئی بار جیل بھی گئے۔ آپ کی زیرِ صدارت دارالمطالعہ خلفائے راشدین کے نام پر ایک بہت بڑی لائبریری قائم ہے۔ آپ طبی بورڈ سے مستند ہیں اور بایوکیمک کی سند بھی حاصل کر چکے ہیں۔ آپ ایک ہمہ جہت دینی اور طبی شخصیت ہیں۔

حکیم مولوی محمد شفیع ولد میاں محمد بخش
مدنی شفاخانہ محلہ دھوپ سڑی جھنگ صدر

مجرّبات

اکسیر ثلاثہ:

اجزاء و ترکیب ساخت: سنگ جراح عمدہ نسل ۱۰ تولہ۔ شب یمانی سفید ۱۰ تولہ۔ افیون ...

سنگ جراح کو کمن جو دریائی علاقہ میں عام دستیاب ہے ... سیر لیکر کوٹ کر نغدہ بنالیں اور سنگ جراح کو اس ... رکھ کر گل حکمت کر کے ایک من اوپلہ دشتی کی بند آگ دیں ... ہونے پر نکال لیں بعدہٗ شب یمانی سفید کو صاف ... توا پر کھیل کر لیں اور اسی میں افیون بھی ڈال دیں۔ جب ... کا پھلا تیار ہو جائے تو اُسے اتار لیں۔

تینوں دواؤں کو کھرل میں مثل غبار کریں۔

فوائد: نفث الدم جملہ اقسام۔ یہاں تک کہ چھری چاقو کے تازہ زخموں پر خون رکنے سے بندہ استعمال کرتا ہے۔ سوائے محرقہ بخار کے جملہ حمیات میں استعمال کرتا ہوں اور اللہ تعالیٰ شفا دیتا ہے۔

حکیم محمد بشیر چشتی

آپ ۲۲ مئی ۱۹۵۹ء کو ایک متوسط گھرانے میں پیدا ہوئے جب ہوش سنبھالا تو اردگرد ادویہ سازی کا سلسلہ دیکھا والد گرامی اور دادا جان اس فن شریف سے منسلک تھے جب آپ پہلی جماعت میں تھے۔ تو ایک سال کے وقفہ کے بعد فن طب کی طرف راغب ہوئے اور کتب طبی سے استفادہ کیا حکیم بابا غلام احمد حکیم عبدالغفور اور حکیم محمد عارف سے اکتساب کیا آپ مختلف دواخانوں سے منسلک رہے بعد ازاں سند حاصل کر کے اپنا مطب اور پنسار خانہ شروع کیا جو تا حال جاری ہے۔

حکیم محمد بشیر چشتی دہمی روڈ۔ کوچہ نہال سنگھ
جھنگ صدر

مجربات

ممسک چٹکلہ: اجزاء وترکیب ساخت: قبل ایک گھنٹہ پہلے ایک چھٹانک بھنے ہوئے چنے اور ایک چھٹانک کوزہ مصری کھاؤ پانی نہ پیو۔ بیحد ممسک ہے۔

(معمول مطب)

حبوب قوت باہ: اجزاء وترکیب ساخت: پوست بیخ کیکر سفید، گوگل سفید، تخم کوچنج ہر ایک پانچ پانچ گرام موم شہد ڈالی ۲۰ گرام۔ پہلی اشیاء کو خوب باریک مثل میدہ کرلیں۔ پھر موم پگھلا کر ملالیں۔ اچھی طرح کوٹ کر یکجا کرلیں۔ ایک سو بیس عدد حبوب بنالیں۔ اوپر ورق نقرہ چسپاں کریں۔ ایک گولی صبح ایک شام ہمراہ دودھ۔ قوت باہ کو بڑھانے کیلئے اکسیر ہے۔ سات تا ۱۵ یوم تک دودھ میں دیسی گھی ضرور ڈالیں حسب ضرورت۔

فوائد: مقوی وممسک ومغلظ بیحد ہے۔

۲ گولی گرم کرکے عضو کو دھو کر رگڑ کر سرخ کریں اور گرم کی ہوئی گولیاں لگادیں۔ سست رگیں چست ہوجائیں گی۔ اور عضو میں سختی خوب ہوگی۔ شبہ ہو تو بھی گرم کرکے لگائیں لیکن تکلیف نہ ہوگی۔

(معمول مطب)

سفوف مقوی باہ: ہریڑ کابلی کا چھلکا پہلی ہموزن ملاکر دس گنا گائے کے دودھ میں پکائیں اور کھویا بنالیں۔ اور سکھا کر ہموزن شکر ملاکر تولہ تولہ کے لڈو بنالیں۔

مقدار خوراک: ایک بوقت شب ہمراہ شیر۔

فوائد: قبض کشا، مقوی معدہ وباہ ہے۔

(آزمودہ)

سنیاسی چٹکلہ: شوقین حضرات طبیب کی زیرنگرانی استعمال کریں۔ سنکھیا دھنیہ ملی حسب ضرورت لے کر باریک کرلیں۔ ایک تا ۲ رتی کوئلہ کیکر پر ڈالیں۔ فوراً کانچ کا گلاس اوپر اوندھا کردیں۔ جب دھواں ختم ہوجائے تو گلاس میں دودھ ڈال کر پی لیں۔ قوت باہ کے لئے اس کا تعارف کرانا کوئی ضروری نہیں نہایت بے ضرر اور کیمیائی ترکیب ہے دودھ، گھی خوب کھائیں۔ سات روز میں نامردی دور ہوکر جماع کی طاقت آئے گی۔ باہ اور امساک دونوں سے لطف اٹھائیں ہر عمر ہر موسم، ہر مزاج کو مفید ومجرب ہے۔

پرہیز: ترشی اور لال مرچ نہ کھائیں۔ دوران استعمال جماع نہ کریں۔

حکیم اللہ دتہ خان محسن
بلوچ

آپ اگست ۱۹۴۰ء کو چک نمبر ۲۷۰ جی بی ضلع جھنگ میں کبیر خان ولد دریام خان قوم بلوچ کے ہاں پیدا ہوئے آپ کے آباؤاجداد کا پیشہ کھیتی باڑی تھا۔ مگر والد صاحب نے ریلوے میں ملازمت اختیار کی۔ میٹرک تک تعلیم کے بعد پاک جامعہ طبیہ کالج لاہور میں داخل ہوئے۔ ساتھ ہی ایک دینی مدرسہ میں کچھ وقت نکال کر دورۂ حدیث تک مطالعہ کیا۔ لاہور سے طبی تعلیم مکمل کرنے کے بعد کچھ عرصہ روڈ سلطان میں حکیم غلام شبیر صاحب کے ہاں عملی تجربہ حاصل کیا۔ پھر قصبہ کوٹ نہال ضلع جھنگ میں مطب کی ابتداء کی جہاں ایک بزرگ حکیم صاحب غلام جعفر سیال سے مزید فن طب کے ضروری اہم نکات حاصل کئے پھر عرصہ دو سال کے بعد حسو بلیل ضلع جھنگ میں پریکٹس شروع کی یہیں پر رجسٹریشن ہوئی۔ آپ یہاں پر بڑی کامیابی کے ساتھ مطب کے ذریعے خدمت فن اور خدمت انسانی میں مصروف ہیں

آپ طب اسلامی کی ترویج و ترقی کے لئے عملی طور پر مصروف ہیں۔ ملک کے مختلف طبی مجلوں میں آپ کے تحقیقی مضامین شائع ہو چکے ہیں۔ آپ گڑھ مہاراجہ جھنگ میں پاکستان طبی کانفرنس کے صدر چیئرمین ہربل ریسرچ کونسل ممبر موتمر عالم اسلامی ممبر اسلامک میڈیسن ریسرچ کونسل انجمن دوکانداراں حسو بلیل کے صدر پالیوشن ویلفیئر ڈویژن کے سرگرم رکن اور سماجی کارکن ہیں اور طبی سیاست میں آپ کا نمایاں مقام ہے۔

حکیم اللہ دتہ خان محسن بلوچ ولد کبیر علیخان بلوچ
خان دواخانہ مقام ڈاکخانہ حسو بلیل ضلع جھنگ

مجربات

شربت دلشاد: اجزاء و ترکیب ساخت: تازہ دودھی بوٹی ۵ تولہ۔ تازہ گوکھرو ایک تولہ۔ تازہ کاسنی کا سالم پودا ½ ۱ تولہ ½ ۱ کلو پانی میں جوش دیں۔ ایک کلو پانی باقی رہ جانے پر ۲۴ گھنٹہ تک رکھ دیں۔ تاکہ مٹی وغیرہ تہ نشین ہو جائے۔ پھر صاف شدہ پانی میں ۸۰۰ گرام ولائتی چینی ملا کر بدستور معروف شربت تیار کریں۔

مقدار خوراک: صرف ½ ۱ تولہ شربت صبح، دوپہر، شام ہمراہ چہار عرق یا سادہ پانی پلائیں۔

فوائد: گرمی مثانہ۔ ضعف مثانہ۔ ضعف جگر۔ گھبراہٹ لو لگنا وغیرہ تمام گرم امراض میں مجرب ہے۔ دل کو بیحد تسکین پہنچاتا ہے۔

۲۔ سفوف مسہل: سنا مکی۔ زنجبیل۔ پوست ہلیلہ زرد۔ سنا۔ نمک سیاہ۔ سب ادویہ ہموزن لیکر علیحدہ علیحدہ کوٹ چھان کر سفوف تیار کریں۔

مقدار خوراک: ۶ ماشہ تا ایک تولہ ہمراہ گرم پانی کھلادیں۔

فوائد: درد شکم۔ قولنج اور دیدان شکم کے رفع کرنے میں قابل تعریف چیز ہے۔ جملہ اخلاط کا بہترین مخرج ہے۔ اعلیٰ درجہ کا مسہل ہے۔

۳۔ سفوف اسہالی: اجزاء و ترکیب ساخت: بیل گری ۱۰۰ گرام۔ سونف ۵۰ گرام۔ کنوچہ ۵۰ گرام۔ زہر مہرہ خطائی ۵۰ گرام۔ تاس پال ۵۰ گرام۔ دانہ الائچی کلاں ۱۰ دانہ۔ سب ادویہ کو علیحدہ علیحدہ کھرل کر کے ملالیں۔ سفوف تیار ہے۔ جس کا رنگ بھورا ہوگا۔

مقدار خوراک: ۲ ماشہ تا ۶ ماشہ بحیثیت عمر ہمراہ پانی یا عرق سونف کھلادیں۔

فوائد: پیچش ہر قسم میں مجرب ہے۔

۴: تریاق نزلہ: اجزاء و ترکیب ساخت: زنجبیل۔ دار چینی دانہ الائچی کلاں ہموزن لیں۔ تمام ادویہ کو علیحدہ علیحدہ کوٹ چھان کر سفوف تیار کریں۔

مقدار خوراک: ۱ رتی صبح دوپہر، شام ہمراہ چائے یا نیم گرم دودھ کھلادیں۔

فوائد: نزلہ۔ زکام۔ انفلوئنزا۔ اوجاع مفاصل وغیرہ میں اکسیر اعظم ہے۔

حکیم شمس الدین ناصح

آپ ۱۹۴۲ء کو ایک روحانی اور طبی گھرانہ میں پیدا ہوئے۔ ابتدائی تعلیم مقامی مدرسہ سے حاصل کی۔ حکیم صاحب کے آباؤ اجداد فن طب و جراحی میں عالمی شہرت رکھتے تھے۔ ان بزرگان میں میاں نور محمد مشہور جراح تھے۔ اسی بناء پر حکیم شمس الدین نے دینی اور طبی تعلیم جناب صاحبزادہ الحاج حضرت خواجہ سلطان محمود

صاحب القادری حکیم حاذق، زبدۃ الحکماء سے حاصل کی جو حضرت سلطان باہوؒ کے چشم و چراغ ہیں۔

مزید طبی کتب متعدد اساتذہ کرام سے پڑھیں۔ اور فن طب میں مہارت حاصل کی۔ دربار عالیہ حضرت سلطان باہوؒ پر دواخانہ سلطانیہ سروریہ کے نام سے مطب کر رہے ہیں۔ آپ موضع حضرت سلطان باہوؒ کے مستقل قدیمی باشندے ہیں۔ اور بچپن ہی سے فن طبابت میں دلچسپی رکھتے ہیں۔ آپ کا مطب مرجع خلائق بنا ہوا ہے۔ غرباء مساکین کو مفت دوا دیتے ہیں۔ آپ مہمان نواز، ملنسار، فراخ دل اور کریمانہ طبع کے مالک ہیں۔ تشخیص و تجویز کے ماہر ہیں۔ سادگی آپ کا امتیازی نشان ہے ہمیشہ بزرگان کی خدمت کر کے اچھے اچھے نسخہ جات کے متلاشی رہتے ہیں۔ اور آپ کے مطب میں ہر وقت مریضوں کا جمگھٹا لگا رہتا ہے اور دور دراز علاقوں سے پیچیدہ اور لاعلاج امراض کے مریض رجوع کرتے ہیں۔

حکیم شمس الدین ناصح ولد میاں جیون بخش
دواخانہ سروریہ سلطانیہ قادریہ دربار عالیہ
حضرت سلطان باہوؒ تحصیل شورکوٹ ضلع جھنگ

مجربات

محبوب بواسیری: اجزاء و ترکیب ساخت، آب ترب ۴ سیر، قلمی شورہ ۵ چھٹانک کڑاہی میں ڈال کر آگ پر پکائیں۔ جو کھویا سا بن جائیگا۔ گولیاں بقدر جنگلی بیر بنا کر دہی کے ادھ رڑکے کیساتھ کھلائیں اور ایک ایک گولی سات دن تک استعمال کرائیں۔ شرطیہ آرام ہوگا۔ ہر قسم کی بواسیر کے لئے مجرب ہے۔

اکسیر غدہ قدامیہ: اجزاء و ترکیب ساخت: جب غدہ قدامیہ بڑھ جاتا ہے۔ تو پیشاب رک رک کر آتا ہے اس کیلئے شرط ہے۔ صدف خورد جو دریا میں ہوتی ہے۔ اس کا کشتہ بنائیں۔ ۳ ماشہ ہمراہ گرم دودھ دن میں تین بار دینے سے پیشاب فوراً کھل آتا ہے۔

بول الدم: جب مریض خونی پیشاب کی تکلیف میں مبتلا ہو۔ تو گل پلاس ساڑھے چار تولہ رات کو مٹی کے برتن میں بھگو دیں اور صبح کو زلال میں تھوڑی مصری ملا کر پلائیں۔ مجرب ہے۔

ریگ و سنگ گردہ و مثانہ: رماد عقرب ایک رتی ہمراہ سکنجبین لیموں کاغذی ۲ تولہ دیں۔ اور سات دن استعمال کریں ریت اور پتھری ٹکڑے ٹکڑے ہو کر نکل جاتی ہے۔

مجرب سوزاک: اجزاء و ترکیب ساخت: لوبان کوڑیہ روغن صندل خالص ہر ایک چھ ماشہ کھرل میں یکجان کریں۔ روزانہ تازہ تیار کر لیا کریں۔ پہلے مریض کو مرغ کا گوشت ایک پاؤ جس میں مرچ سرخ، گرم مصالحہ ڈال کر دیسی گھی کافی ڈال کر اس سے شام کو روٹی کھائیں۔ اور رات کو بارہ بجے ادویہ مذکورہ چاٹ لیں۔ اور بد پرہیزی بھی کراتے رہیں۔ انشاء اللہ تین روز میں آرام ہوگا۔ اگر باقی کسر رہ جائے۔ تو تین روز اور استعمال کریں مجرب و آزمودہ ہے۔

تریاقی: اجزاء و ترکیب ساخت: کالی زیری۔ بیخ دھتورہ مساوی الوزن۔ رسوت کے پانی میں گولیاں جس قدر افیون کھاتا ہو۔ اس وزن سے کم استعمال کریں۔ فوراً ترک ہو جائے گی۔ افیونیوں کے لئے آب حیات ہے۔

روغن مجلوق: اجزاء و ترکیب ساخت: لوبان کوڑیہ، جوز بوا۔ بسباسہ۔ عقرقرحا۔ قرنفل ہر ایک ڈیڑھ دام۔ رال تین پاؤ۔ مشک خالص ۷ ماشہ آتشی شیشی سے

بطریق معروف تیل نکالیں۔
فوائد: بطور طلاء سستی کی لاغری میں مفید ہے نیز ہر طرح کے زخموں کو مندمل کرتا ہے۔

حکیم عبدالحکیم عابد چوہدری

آپ ۱۹۵۲ء میں اپنے آبائی گاؤں چک کرداالاتھانہ بھوانہ تحصیل چنیوٹ میں پیدا ہوئے والد محترم شعبہ تدریس میں ہونے کی وجہ سے ان کی زیر نگرانی ابتدائی تعلیم حاصل کی پھر اسلامیہ ہائی سکول جھنگ صدر سے میٹرک کا امتحان ۱۹۷۰ء میں امتیازی نمبروں سے پاس کیا۔ دیہاتوں میں علاج معالجہ کی سہولیات کے فقدان کے باعث خدمت خلق کا جذبہ پیدا ہوا اور آپ ۱۹۷۲ء میں ربوہ طبیہ کالج میں داخل ہو گئے۔ فاضل الطب والجراحت کی سند حاصل کرنے کے بعد دو سال تک علاقہ کے عوام کی بے لوث خدمت کی پھر ۱۹۸۰ء میں ضلع کونسل جھنگ کی یونانی ڈسپنسری میں شعبہ دواسازی سے منسلک ہو گئے اور تا حال فن طب کی ترویج و ترقی میں مصروف ہیں۔

چوہدری حکیم عبدالحکیم عابد ولد چوہدری فیض محمد
چک کاردالا ڈاکخانہ بھوآنہ موضع سلیمان
تحصیل چنیوٹ ضلع جھنگ

مجربات

اجزاء و ترکیب ساخت: مرچ سیاہ ۵۰ گرام۔
برائے حیض: عنبر سیاہ ۵۰ گرام۔ ہیرا ہینگ ۵۰ گرام۔ تج... نوشادر ۵۰ گرام، شہد خالص ۵۰۰ گرام۔ تمام ادویات کو علیحدہ علیحدہ باریک کریں۔ اس کے بعد شہد میں ملا کر گولیاں بقدر نخود تیار کریں۔
مقدار خوراک: ایک گولی صبح نہار منہ گائے کے دودھ کے ... ایک گولی بوقت عصر دودھ کے ساتھ استعمال کرائیں۔
موقع استعمال: حیض کی بندش، تبخیص کا کم مقدار ... رحم میں ہوا کا ہونا وغیرہ۔
نوٹ: اس دوائی کے استعمال کے دوران اگر حیض ... جائیں تو ایک یا دو دن کا وقفہ کر لیا جائے۔ اس کے ... کوئی ایک طاقت کی دوائی بھی ساتھ استعمال کرائیں ... فائدہ مند ہے۔

حکیم محمد انور خان السابقی

ضلع جھنگ میں رہائش پذیر مشہور قوم "بلوچ" کے ایک زمیندار گھرانہ میں ۱۹۴۸ء میں پیدا ہوا۔ گورنمنٹ ہائی سکول گڑھ مہاراجہ (جھنگ) سے مڈل عربی اور اور سائنس کے ساتھ امتیازی حیثیت سے پاس کیا چونکہ بچپن ہی سے علم طب کا دلی شوق تھا۔ اس لئے دوران تعلیم ہی طبی کتب و رسائل وغیرہ کا مطالعہ بھی باقاعدہ کرتا رہا۔ مگر بعض ناگزیر حالات کے سبب مزید تعلیم جاری نہ رکھ سکا۔ اور مشہور و معروف معالج سید رحمان شاہ مرحوم بانی دارالعلاج رحمانیہ کے پاس بھیج دیئے گئے۔ جن کے زیر سایہ عرصہ چار سال تک قانونچہ۔ میزان الطب۔ طب اکبر۔ شرح اسباب مکمل۔ نفیسی۔ مخزن حکمت۔ مفتاح الخزائن و دیگر معاون طبی کتب سبقاً پڑھیں۔ اور ساتھ ساتھ عملی تجربہ بھی کیا۔ بعد ازاں رجسٹریشن ایکٹ کے تحت درجہ اول میں رجسٹرڈ ہوئے۔ اس کے بعد اپنے آبائی وطن

کوٹ بہادر شاہ میں اجمل دواخانہ کے نام سے اپنے مطب کا آغاز کیا۔ ملک کے مختلف طبی رسائل آپ کے مضامین و طبی مجربات اکثر شائع ہوتے رہتے ہیں۔ آپ کی لائبریری میں تاریخی، اسلامی اور طب سے متعلق معیاری ذخیرہ کتب موجود ہے۔ آپ طب اسلامی کے زبردست علمبردار اور علاقہ کی جانی پہچانی شخصیت ہیں۔

حکیم محمد انور خان السابقی ولد اللہ دتہ خان
اجمل دواخانہ کوٹ بہادر شاہ ضلع جھنگ

مجربات

اکسیر اٹھرا: اجزاء و ترکیب ساخت: پوست ہلیلہ زرد۔ افسنتین ہر دو ادویہ مساوی الوزن باریک پیسکر کیپسول بھر لیں۔ مریضہ کو قیام حمل سے لیکر بچہ کے دودھ پینے تک ایک کیپسول روزانہ پانی یا عرق گاؤزبان کے ساتھ کھلائیں۔ جب بچہ پیدا ہو تو اُسے کیپسول کا چوتھائی حصہ شیر مادر میں حل کر کے پلا دیا کریں، جب تک بچہ دودھ پیتا رہے۔ یہ سلسلہ جاری رکھیں۔

جن عورتوں کے بچے پیدا ہوتے ہی مر جاتے ہیں، یا پیدا ہونے سے کچھ عرصہ بعد مختلف قسم کے رنگ بدل کر ام الصبیان (صرع اطفال) میں مبتلا ہو کر والدین کو داغ مفارقت دے جاتے ہیں۔ ان کے لئے اکسیر ہے۔

دوران علاج: دال مسور، ماش دال، بینگن، کریلا، اچار اور چاول وغیرہ سے پرہیز کریں۔

معجون شباب: میرے دواخانہ کا مایۂ ناز نسخہ ہے۔ اجزاء و ترکیب ساخت: کچلہ مدبر، فلفل سیاہ، فلفل سفید، فلفل دراز، جائفل جاوتری، لونگ دار چینی، زنجبیل، بادیان دیسی، صندل سفید، سعد کوفی، بالچھڑ

تخم زعفران، یہ ادویہ مساوی الوزن لیکر نہایت باریک کوٹ چھان کر اور تین گنا شہد خالص میں ملا کر معجون بنا دیں۔
مقدار خوراک: ایک ماشہ ہمراہ شیر گاؤ نیم گرم بعد از طعام۔
فوائد: مقوی اعصاب و باہ اور اعلیٰ درجہ کا ممسک ہے۔

حکیم اللہ بخش جنجوعہ

آپ ۱۵ مارچ ۱۹۶۷ء کو پیدا ہوئے۔ ابتدائی تعلیم گورنمنٹ پرائمری سکول مدّو کی میں حاصل کی۔ بعد ازاں گورنمنٹ مڈل سکول اصحابہ سے گورنمنٹ ہائی سکول بانغ سے تعلیم مکمل کی۔ ۱۹۸۴ء میں میٹرک کرنے کے بعد طبی کتب کیطرف رجحان ہوا۔ آپ کے دادا اپنے وقت کے نامور درد دل رکھنے والے طبیب تھے۔ انکی کتب سے استفادہ کیا اور ساتھ ساتھ علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی سے عربی فاضل کی سند حاصل کی۔ ۱۹۸۷ء میں پنجاب طبیہ کالج میں داخلہ لیکر طب کی اعلیٰ تعلیم حاصل کی۔ آپ ایک نوجوان طبیب ہیں علم و ادب اور شعر و شاعری سے دلچسپی رکھتے ہیں۔

حکیم اللہ بخش ولد کریم بخش جنجوعہ
چاہ رحیم بخش والا ڈاکخانہ موضع مدّو کی تحصیل و ضلع جھنگ

مجربات

حب شفا: اجزاء و ترکیب ساخت: تخم دھتورہ ساڑھے ۲ تولے ریوند چینی ۲ تولے ۴ ماشے، زنجبیل چودہ ماشے گوند کیکر چودہ ماشہ حب بقدر نخود بنالیں۔
مقدار خوراک: اسے ۲ گولی تک صبح۔ دوپہر، شام ہمراہ بدرقہ مناسب۔

فوائد: ہر قسم کے ملینات میں زود اثر ہیں۔

حبِ درد: اجزاء و ترکیب ساخت: کچلہ مدبر۔ بیخ اندرائن۔ فلفل سیاہ ہر ایک ۲ تولہ ۴ ماشہ کوٹ چھان کر ہمراہ شہد حبوب بقدر بنالیں۔

مقدار خوراک: ایک سے دو گولی بعد از غذا ہمراہ شیر۔

فوائد: ہر قسم کے اعصابی ریحی دردوں میں مفید ہے۔ بھوک بڑھاتی ہے۔

حکیم غلام محمد

آپ ۱۸ر فروری ۱۹۲۹ء کو رجوعہ سادات تحصیل چنیوٹ ضلع جھنگ میں پیدا ہوئے آپ والد گرامی حکیم نذیر احمد صاحب جو کہ حکیم شاہ محمد صاحب کے صاحبزادے تھے اپنے وقت کے نامور طبیب تھے انہوں نے حکیم مولوی نور احمد گھمی آف رضیہ برخوردار سے کسب فیض کیا اور رجوعہ میں اپنا مطب قائم کیا۔

آپ بچپن میں ہی اس مطب میں آتے جاتے اور فن شریف سے دلچسپی رکھنے لگے۔ ابتدائی تعلیم کے بعد گورنمنٹ الاصلاح ہائی سکول چنیوٹ سے ۱۹۵۶ء میں میٹرک کیا۔ اور والد گرامی سے علمی اور عملی تربیت حاصل کرنی شروع کی ۱۹۶۱ء میں الحاج حکیم ظہور احمد صدیقی آف جھوک چوغطہ سے کسب فیض کیا۔ اور ۱۹۶۳ء میں استاد گرامی اور والد محترم حکیم نذیر احمد صاحب کی اجازت سے چک ۱۸۴ جانگلو میں اپنا ذاتی مطب شروع کیا جو بعد ازاں رجوعہ سادات میں منتقل کر لیا گیا جہاں خدمتِ خلق اور خدمتِ فن کا سلسلہ جاری و ساری ہے آپ کے صاحبزادے حکیم اجمل حسین بھی اسی شعبہ سے منسلک ہیں اور فنِ طب کی ترقی کے لئے عملی طور پر کوشاں ہیں۔

حکیم غلام محمد ولد حکیم نذیر احمد
رجوعہ سادات تحصیل چنیوٹ ضلع جھنگ

مجربات

حبِ پیچش: اجزاء و ترکیب ساخت: سُرمہ سیاہ ۱ تولہ [illegible] پاپڑی ۱ تولہ۔ افیون ۳ ماشہ الگ الگ [illegible] کر ہمراہ آب گولی بقدر نخود بنالیں۔

مقدار خوراک: ایک گولی صبح و شام ہمراہ آب بچوں کو حسب عمر و برداشت بقدر خشخاش ہمراہ گلوکوز۔

سفوف تبخیری: اجزاء و ترکیب ساخت: سونڈھ ۲ تولہ سنا مکی مصفیٰ ۲ تولہ، اجوائن دیسی ۲ تولہ گل سرخ ۲ تولہ، دھنیا خشک ۲ تولہ، نمک سیاہ ۳ تولہ، پوست ہلیلہ کابلی ۱ تولہ، انار دانہ ۱ تولہ۔ انار دانہ ۱ تولہ۔ نوشادر ۱ تولہ، سونف ۲ تولہ، پودینہ خشک ۲ تولہ سفوف بنالیں۔

مقدار خوراک: ۳ ماشہ صبح و شام بعد از غذا ہمراہ آب۔

فوائد: امراض معدہ و تبخیر میں مفید ہے۔

حکیم احمد علی جاوید

آپ انیس مارچ ۱۹۴۴ء کو چنیوٹ کے ایک گاؤں چک نمبر ۱۲۷ ج ب بھٹی والا میں پیدا ہوئے۔ پرائمری تعلیم گاؤں میں ہی حاصل کی۔ اسکے بعد میٹرک تک تعلیم فیصل آباد کے سیکنڈری سکول میں حاصل کی۔ آپکو دوران تعلیم طب کا شوق پیدا ہوا۔ ساتھ ہی ساتھ طبی کتب کا بغور مطالعہ کرتے رہے میٹرک کی تعلیم کے بعد طبیہ کالج ربوہ میں داخلہ لیا۔

ایک سال کے بعد فیصل آباد میں جامعہ طبیہ اسلامیہ کالج میں داخلہ لے لیا۔ اطبا حضرات کی بڑی بڑی مجالس میں شمولیت کرتے رہے یہ چار سالہ طبی کورس ۸۰-۱۹۷۹ء کو تکمیل پذیر ہوا۔ اس کے بعد ۱۹۷۹ء سے مطب کھول کر عوام کی خدمت سرانجام دے رہے ہیں۔

حکیم احمد علی جاوید ولد اللہ یار

بمقام چک نمبر ۱۲۷ ج ب بھٹی والا تحصیل چنیوٹ ضلع جھنگ

مجربات

اکسیر اسہال: اجزاء و ترکیب ساخت: بادیان ۱/۲ ۲ تولہ اجوائن دیسی ۱/۲ ۲ تولہ۔ ہلیلہ سیاہ ۱/۲ ۲ تولہ۔ انار دانہ ۱/۲ ۱ تولہ۔ صمغ عربی ۳ تولہ۔ کیولین ۱ تولہ۔ ٹیٹراسائیکلین پوڈر ایک پتہ۔ کاپی مصری ۲ تولے۔

سب سے پہلے ہلیلہ سیاہ کو گھی میں بریاں کر کے گھوٹ کر سفوف کرلیں۔ اس کے بعد بادیان اور اجوائن دیسی کو نیم بریاں یعنی (کچی بھنی) کرلیں پھر گھوٹ کر سفوف کرلیں۔ پھر انار دانہ اور صمغ عربی کو علیحدہ علیحدہ کوٹ کر ان تمام ادویہ میں کیولین اور ٹیٹرا پوڈر اور کاپی مصری ملا کر شیشی میں رکھیں۔

مقدار خوراک، ۲ تا ۴ ماشہ ہمراہ آب استعمال کریں۔

سفوف تبخیر: اجزاء و ترکیب ساخت، دانہ الائچی کلاں ۱/۲ ۱ تولہ۔ نوشادر ٹھیکری ۱/۲ ۱ تولہ۔ فلفل سیاہ ۹ ماشہ۔ نمک سیاہ ۹ ماشہ۔ ہرڑ ہی ۱ تولہ۔ ست پودینہ ۲ ماشہ۔ تمام ادویات کو سفوف بنا کر محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک، ۶ رتی سے ۱ ماشہ پانی کے ساتھ استعمال کریں۔

حکیم سید مظہر الحسن مظہر

آپ کا سلسلہ نسب جھنگ کے مشہور و معروف بزرگ حضرت شاہ جیونہ رحمۃ اللہ علیہ سے ملتا ہے۔ آپ جن کی گیارہویں پشت میں ہیں۔ آپ ضلع جھنگ کے موضع بیگ ماہنی میں بمطابق ۲ / نومبر ۱۹۵۴ء میں پیدا ہوئے ابتدائی تعلیم مقامی طور پر حاصل کی۔ موضع مکھیانہ سے مڈل کرنے کے بعد میٹرک چک نمبر ۵، اے پاس کیا بعد ازاں گورنمنٹ کالج جھنگ سے ایف اے تک تعلیم حاصل کی۔ ۱۹۷۲ء میں روایتی تعلیم سے فارغ ہو کر اپنے موروثی فن کی طرف راغب ہوئے اور طب یونانی سبقاً اور عملاً حاصل کرنا شروع کی مختلف طبی اداروں سے استفادہ کیا اور پوری لگن سے فن اور عوام کی خدمت میں مصروف ہیں۔

حکیم سید مظہر الحسن مظہر ولد سید فدا حسین شاہ

بمقام بستی لوہے بھاکس شاہ نزد جنرل بس سٹینڈ جھنگ صدر

مجربات

اسفوف اسہال: اجزاء و ترکیب ساخت: دانہ چینی جلوتری ہر دو ڈیڑھ ڈیڑھ تولہ قرنفل ۶ ماشے ہر سہ ادویہ را کوفتہ بیختہ سفوف باریک سازند۔

مقدار خوراک: دو رتی ہمراہ چائے۔

فوائد، درد پیٹ۔ قے۔ درد شقیقہ۔ اگر بائیں ہو۔ تو دایاں طرف ناک میں بصورت نسوار لیں۔ اگر دائیں ہو۔ تو مخالف سمت میں خاص الخاص اسہال کے لئے تیر بہدف ہے۔

۲۔ سفوف احتلام: اجزاء و ترکیب ساخت، گوند پھلاہی۔ موصلی سفید۔ چھلکا اسپغول۔ بہیدانہ۔

الائچی خورد مصری کوزہ ہموزن لیکر سفوف بنائیں۔

مقدار خوراک: رات کو سوتے وقت چھ ماشہ نیم گرم دودھ کیساتھ۔

فوائد: جریان۔ دھات۔ احتلام وگرمی مثانہ کیلئے مفید ہے۔

حکیم محمد ذوالحسنین بخاری

ایک متوسط کشمیری سید گھرانے سے تعلق رکھنے والے نوجوان حکیم سید محمد ذوالحسنین بخاری نے ۱۹۶۳ء میں جھنگ صدر میں آنکھ کھولی اور ۱۹۷۷ء میں میٹرک کے بعد گورنمنٹ ڈگری کالج میں داخلہ لے لیا۔ کالج میں سٹوڈنٹ کی حیثیت سے کالج انتظامیہ کے چیف پراکٹر سوشل ورکر رہنے کے علاوہ نیشنل کیڈٹ کور کے سیکنڈ کمانڈر رہے اور دوران تعلیم اکثر ورائٹی پروگراموں میں حصہ لیتے رہے۔ فاضل طب والجراحت کا امتحان ۱۹۸۴ء میں پاس کیا۔ زمانہ تعلیم میں سٹوڈنٹس طبی کونسل کے کنوینر رہے طبی شعبہ سے وابستگی کی بناء پر جلیقہ ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ لاہور سے ہائی جین کا کورس مکمل کر کے سند حاصل کی۔ اسلامک میڈیسن ریسرچ کونسل کے رکن ہیں تنظیم شہری دفاع حکومت پنجاب کی جانب سے بطور ڈپٹی پوسٹ وارڈن اعزازی خدمات سرانجام دے رہے ہیں۔ آپ طبی خدمات کے ساتھ ساتھ مختلف رفاعی فلاحی سماجی اور قومی امور میں خاصی دلچسپی رکھتے ہیں۔ اس جذبہ کے تحت مختلف شعبوں سے ہمہ وقت تعلق رکھتے ہیں۔

انجمن شہریاں جھنگ کے پبلسٹی سیکرٹری پاکستان رنگ طبی کونسل کے رکن مجلس تحفظ ختم النبوت کے ایڈیشنل سیکرٹری پاکستان یوتھ ویلفیئر آرگنائزیشن کے کنوینر اور موتمر عالم اسلامی کے رکن ہیں۔ تعلیم الاسلام کا کورس مکمل کر کے اسناد حاصل کر چکے ہیں۔ کھیلوں میں خصوصی دلچسپی رکھتے ہیں۔ ڈسٹرکٹ بیڈمنٹن ایسوسی ایشن جھنگ کے مجلس عاملہ کے رکن اور ینگ بیڈمنٹن کلب رجسٹرڈ کے جنرل سیکرٹری ہیں کھیلوں میں خصوصی دلچسپی اور اعلیٰ صلاحیت کی بناء پر کئی ایوارڈز اور گولڈ میڈل حاصل کر چکے ہیں مطالعہ کتب اور شعر و شاعری ان کے فارغ وقت کا مشغلہ ہے۔ الغرض جھنگ کے ابھرتے ہوئے نوجوانوں میں ان کا شمار ہوتا ہے۔ اور آج کل خدمت انسانیت کے جذبہ سے سرشار ہو کر تحصیل ہیڈکوارٹر ہسپتال شعبہ طب میں طبی خدمات سے مریضوں کو مستفید کر رہے ہیں۔

حکیم سید محمد ذوالحسنین بخاری ولد حکیم سید مفتی محمد یٰسین شاہ بخاری
حسنین کلینک ۶۵/۲ کوتوالی روڈ جھنگ صدر۔

مجربات

صرع (مرگی) کیلئے: گڑ پرانا پر سکڑی جالا لپیٹ کر مریض نگل جائے۔ چند روز کے استعمال سے مرگی جاتی رہے گی۔

برائے سعال کہنہ: تازہ مچھلی سالم بغیر نالیوں کے توے پر رکھ کر کوئلہ کر لیں۔ ۲ رتی ہمراہ شہد چٹائیں مجرب ہے۔

برائے زخم معدہ وہاضمہ: کلونجی، ہلدی، ملٹھی، سونف ہموزن کوٹ کر صبح و شام بعد از غذا استعمال کرائیں۔ کم قیمت اور بلا نشہ ہے۔

حکیم حافظ
حکیم شفاعت احمد خان شیروانی

آپ پانی پت ضلع کرنال ۱۸۹۹ء میں پیدا ہوئے بچپن میں قرآن شریف حفظ کیا اور کچھ اردو کی تعلیم پانی پت ہی میں حاصل کی۔ اس کے بعد سہارنپور مدرسہ تجوید القرآن جس کے بانی قاری عبدالخالق صاحب تھے داخل ہو کر کچھ دینیات کی کتابیں اور سبقاً پڑھیں اور سند حاصل کی اس کے بعد گنور ضلع رہتک میں حکمت پڑھنا شروع کی اور ۲۳ سال کی عمر میں سند حکمت حاصل کی۔ سنہ ۱۹۳۰ء سے مطب شروع کیا۔ اور سنہ ۱۹۴۷ء میں پاکستان آئے۔ یہاں آکر ممتاز دواخانہ کے نام سے مطب شروع کیا جو بحمد اللہ اب تک موجود ہے۔ آپ نے اپنے بچوں کو حکمت کی تعلیم دی اور بچوں کو قرآن شریف پڑھانے کا سلسلہ ہنوز جاری رکھا ہے۔

حکیم حافظ شفاعت احمد خان شیروانی
ولد محمد رضا خان شیروانی ممتاز دواخانہ چناب روڈ
جھنگ صدر

مجربات

دوائے مجلوق: اجزاء و ترکیب ساخت، روغن گاؤ زرد ۵ تولہ سم الفار ۲ تولہ کھرل میں ڈال کر تین روز کھرل کریں۔ پھر چینی کی رکابی میں ڈالکر دھوپ میں رکھ دیں۔ جب روغن الگ ہو جائے تو نتھار لیں اور اس میں بیر بہوٹی، عقر قرحا، جائفل، زعفران، قرنفل ہر ایک ایک ماشہ ۲ رتی ڈال کر کھرل کر لیں اور شیشی میں محفوظ رکھیں۔ جب مرہم کی مانند ہو جائے کام میں لائیں۔

مقدار اور ترکیب استعمال: ایک رتی کھانے کو دیں چوری میں ملاکر اور دو رتی طلاء کے طریق پر استعمال کریں۔
افعال و منافع: اعصاب کو تقویت دیتی ہے اور [illegible] کیلئے مفید ہے۔

سفوف اندری جلاب: اجزاء و ترکیب ساخت: قلمی شورہ [illegible] ایک ماشہ تو اکھار چار رتی دونوں کو ملا کر سفوف بنائیں۔

قلمی شورے کے گندھک میں مدبر کرنے کی ترکیب یہ ہے۔ کہ ایک پاؤ قلمی شورہ کو پگھلائیں اور اس میں گندھک آملہ سار باریک پسی ہوئی چٹکی دیتے جائیں جب گندھک جل جائے۔ تو دوسری چٹکی دیں۔ اور اس طرح سے ۲ تولہ گندھک صرف کر دیں۔

مقدار و ترکیب استعمال: ۸ رتی سفوف کو خار خسک کے خیساندہ اور شربت بزوری کے ہمراہ دن میں تین مرتبہ دیں اور کم از کم تین یوم تک استعمال کرائیں۔

افعال و منافع: یہ سفوف سوزاک کی ابتدائی حالت میں بہت فائدہ کرتا ہے۔ زخموں کو دھو کر صاف کر دیتا ہے۔

سفوف درد گردہ: اجزاء و ترکیب ساخت: کبوتر کی بیٹ کی سفیدی کو علیحدہ کر لیں اگر فرصت نہ ملے تو تمام بیٹ کو کوٹ چھان کر رکھ لیں۔

مقدار و ترکیب استعمال: ایک ماشہ کی مقدار میں گرم پانی کے ہمراہ کھلا دیں۔ یہ مقدار بڑھا بھی سکتے ہیں۔

افعال و منافع: درد گردہ کیلئے بہت مفید اور عجیب دوا ہے چند مرتبہ کا استعمال کافی ہوتا ہے ۶ ماشہ کی پتھری بھی نکل جاتی ہے۔

سفوف ذیابیطس: اجزاء و ترکیب ساخت: ایک حصہ قرنفل دو حصہ کشتہ فولاد اور ۱۲ حصہ خستہ جامن باہم کوٹ کر سفوف بنائیں۔

مقداد و ترکیب استعمال: خوراک ایک ماشہ سے دو ماشہ تک ہمراہ عرق گاؤزبان استعمال کرائیں۔

افعال و منافع: پیشاب کی کثرت خصوصاً ذیابیطس کے مرض میں بہت مفید ہے۔

حکیم ایم ایچ شاد زبیری

آپ ۱۹۴۳ میں ہندوستان کے معروف شہر پانی پت کے زبیری گھرانے میں پیدا ہوئے قیام پاکستان کے وقت جھنگ میں مقیم ہوئے ابتدائی تعلیم ایم بی ہائی سکول جھنگ سے حاصل کی بعدازاں ادیب اور فاضل کی اسناد کے علاوہ لاہور طبیہ کالج سے فاضل الطب والجراحت کی سند حاصل کی۔ آپ کئی طبی و ادبی جرائد میں اپنی خدمات انجام دے چکے ہیں۔ شاد زبیری فن طب کے علاوہ دنیائے شعر و ادب میں ایک جانا پہچانا نام ہیں۔ آپ کاروان ادب و ثقافت جھنگ کے مشیر خاص ہونے کے علاوہ کئی ادبی تنظیموں کے رکن ہیں۔ فی الوقت پنجاب طبیہ کالج جھنگ میں بطور انچارج لائبریری خدمات انجام دے رہے ہیں اور ساتھ ساتھ زبیری دواخانہ کے نام سے مطب کا سلسلہ بھی جاری ہے

حکیم ایم ایچ شاد زبیری ادیب ولد مقرب حسین زبیری
بازار لوہاراں جھنگ صدر

مجربات

برائے داغ سیاہ: اجزاء و ترکیب ساخت: شاہترہ، چرائتہ، سرپھوکہ، منڈی، ہلیلہ سیاہ، عشبہ مغربی ہر ایک ۷ گرام۔ عناب ۵ دانہ رات کو گرم پانی میں بھگو کر صبح کو مل چھان کر

شربت عناب ۳ گرام ملا کر ایک ماہ تک استعمال کروائیں۔ باریک سفوف مکھن میں ملا کر رات کو چہرے پر لگائیں دن میں سے دھولیں۔

فوائد: چہرے کے داغ دھبے کیل مہاسوں کیلئے مفید ہے

حکیم نعیم احمد توصیف

آپ پانچ اپریل ۱۹۶۵ء چنیوٹ شہر میں پیدا ہوئے۔ ابتدائی تعلیم ایم سی پرائمری ماڈل سکول ہٰذا سے حاصل کی۔ بعدازاں میٹرک کا امتحان امتیازی نمبروں سے پاس کیا اور فن طب کی طرف مائل ہوئے ۸۳ء میں جامعہ طبیہ اسلامیہ فیصل آباد کلینک کے نام سے مطب کا آغاز کیا پھر دوسرا مطب علی کلینک کے نام سے شروع کیا۔ آپ ایک نوجوان طبیب ہیں جو خلق خدا کی خدمت کو اپنا شعار بنائے ہوئے ہیں۔

حکیم نعیم احمد توصیف ولد سعید احمد
گڑھا بازار چنیوٹ ضلع جھنگ

مجربات

حب شیر مدار: اجزاء و ترکیب ساخت: فلفل دراز ۱۰ تولہ شیر پوست بیخ مدار ۲۰ تولہ۔ فلفل دراز کو باریک پیس لیں مدار کے پودے کی جڑ نکالیں اس کو پانی سے اچھی طرح صاف کر کے چھال اتار کر کونڈی میں ڈالکر خوب رگڑیں جو دودھ برآمد ہوگا۔ کسی موٹے کپڑے سے چھان لیں۔ پھر سفوف ملا کر تقریباً چھ گھنٹے گھوٹیں جب لعاب نکلے اور آمیزہ لیسدار ہوجائے گولیاں بقدر نخود تیار کر لیں۔

مقدار خوراک: ۱ گولی صبح و شام ہمراہ دودھ دیں۔
پرہیز: ٹھنڈی بادی اور کھٹی اشیاء سے پرہیز کریں۔
فوائد: ریاحی و بلغمی دردوں، پٹھوں کی کمزوری اور قوت باہ کیلئے اکسیر کا کام کرتی ہے۔

مغلظ و ممسک:

اجزاء و ترکیب ساخت: تخم بھنڈی ۵ تولہ، موصلی سفید ۵ تولہ، پھلی ببول ۱۰ تولہ، سنگھاڑہ ۵ تولہ، سبوس اسبغول ۱۰ تولہ، الائچی خورد ½ ۱ تولہ، گوند کتیرا ۵ تولہ، صندل سفید ۵ تولہ، کوزی مصری ۲۰ تولہ، تمام ادویہ سفوف بنا کر محفوظ کرلیں۔
مقدار خوراک: ۳ ماشہ سے ۶ ماشہ ہمراہ دودھ نیم گرم۔
فوائد: جریان احتلام و سرعت کیلئے از حد مفید ہے۔

حکیم فتح محمد بدھڑ

آپ ضلع جھنگ کے گاؤں جبانہ میں ۱۹ اگست ۱۹۴۴ء ایک متوسط گھرانے میں پیدا ہوئے ابتدائی تعلیم مقامی طور پر حاصل کی بعد ازاں لالیاں میں ہائی سکول سے تعلیم مکمل کرنے کے بعد حکمت کا شوق پیدا ہوا تو مولوی احمد بخش مخدوم مونشی ڈاور سے فن طب کے رموز و نکات سے آگاہی کے ساتھ ساتھ عملی مطب سیکھا بعد ازاں فاضل نظریہ مفرد اعضاء کی سند حاصل کی اور مطب کے ذریعے خدمت خلق میں مصروف ہیں۔ اس فن شریف سے لگاؤ کی بناء پر اپنے بیٹے کو بھی طب کی اعلیٰ تعلیم سے آراستہ کر رہے ہیں۔

حکیم فتح محمد ولد احمد خاں بدھڑ
یونانی دواخانہ مسجد شیراں والی مقام جبانہ ضلع جھنگ

مجربات

برائے بواسیر خونی و بادی

اجزاء و ترکیب ساخت: [illegible] ۱ تولہ، [illegible] ۱ تولہ دونوں کو باریک سفوف کرکے عرق گلاب میں کھرل کریں اور حب بقدر نصف ونگ بنائیں۔
مقدار خوراک: ۱ گولی نہار منہ ہمراہ آب باسی ۱ گولی شام۔
فوائد: ایک ماہ کے استعمال سے بواسیر ہر دو قسم ختم ہوجائیگی۔

برائے جریان و لیکوریا:

اجزاء و ترکیب ساخت: سبوس اسبغول ۵ تولہ، پھلی کیکر ۵ تولہ، قند سفید ۱۰ تولہ۔ قند اور دونوں ادویہ الگ الگ سفوف بنالیں اور سبوس اسبغول شامل کریں۔
مقدار خوراک: چھ ماشہ صبح و شام ہمراہ دودھ۔
فوائد: جریان، احتلام، سرعت و لیکوریا کیلئے مفید ہے

برائے قوت باہ:

اجزاء و ترکیب ساخت: شنگرف ۱۰ ماشہ، سم الفار ۱۰ ماشہ۔ آب ادرک ۲ کلو
شنگرف اور سم الفار کو سفوف بنا کر تھوڑا تھوڑا آب ادرک ڈال کر کھرل کریں حتیٰ کہ تمام پانی ختم ہو۔
مقدار خوراک: ۲ چاول ہمراہ شیر نیم گرم پندرہ دن تک یہ کافی ہے۔

حکیم حاجی اللہ دتہ

آپ کا تعلق علاقہ کے ایک قدیم طبی گھرانے سے ہے آپ نے ابتدائی تعلیم دستور کے مطابق گھر میں حاصل کی پھر مڈل پاس کرنے کے بعد اپنے چچا حکیم عبدالرحمٰن

صاحب سے بھی تعلیم مکمل کی آپ نے اُن سے سبقاً و عملاً فنِ طب سیکھا۔ رجسٹریشن ایکٹ کے تحت رجسٹرڈ ہوئے آپ نے عملی مطب پہلے چک نمبر ۱۶۵ میں شروع کیا۔ جو انتہائی کامیاب رہا۔ تاہم اپنے چچا حکیم حافظ محمد صادق کی وفات کے بعد جھنگ صدر میں مطب شروع کیا۔ اور خلقِ خدا کے ساتھ ساتھ فنِ طب کی ترویج و ترقی میں مصروف ہوئے۔

حکیم حاجی اللہ دتہ ولد میاں جان محمد بھٹی
محلہ چندانوالہ۔ بھکر روڈ جھنگ صدر

مجرّبات

اکسیر اسہال اطفال: اجزاء و ترکیب ساخت: زہر مہرہ خطائی، نارجیل دریائی۔ انار دانہ، طباشیر، الائچی خورد ہموزن سفوف بنالیں۔

مقدار خوراک: ۱ تا ۲ ماشہ ہمراہ آب دن میں تین مرتبہ۔

فوائد: بچوں کے اسہال بوجہ بدہضمی و جملہ امراض معدہ میں مفید ہے۔

اکسیر مروارید: اجزاء و ترکیب ساخت: طباشیر کبود چھ ماشہ، الائچی خورد چھ ماشہ، الائچی خورد چھ ماشہ، زہر مہرہ چھ ماشہ۔ مروارید ۳ ماشہ، روح کیوڑہ ۲۰۰ گرام جملہ ادویہ پیس لیں اور رُوح کیوڑہ میں کھرل کریں۔ جب رُوح کیوڑہ آدھا جذب ہو جائے تو رکھ لیں۔

مقدار خوراک: شیر خوار بچوں کو آدھا چمچ صبح دوپہر شام بڑوں کو حسب عمر۔

فوائد: تپ محرقہ (ٹائیفائیڈ)، اسہال عطش وغیرہ میں نہایت مفید ہے۔

دوائے جریان: اجزاء و ترکیب ساخت: ثعلب مصری ۵ تولہ، موصلی سفید ۵ تولہ، برنج ساٹھی ۵ تولہ۔ سنگھاڑا خشک ۵ تولہ۔ کشتہ قلعی ۱ تولہ۔ چینی سفید ادویات ہموزن یعنی اکیس تولہ سفوف بنالیں۔

مقدار خوراک: ۱ تولہ صبح و شام ہمراہ شیر گاؤ۔

فوائد: جریان احتلام و سرعت میں مفید ہے۔

برائے امراض معدہ: اجزاء و ترکیب ساخت: نانخواہ ۵ تولہ، بادیان ۵ تولہ۔ زنجبیل ۵ تولہ، فلفل [illegible] ۵ تولہ۔ نمک سیاہ ۵ تولہ۔ پودینہ ۵ تولہ۔ جملہ ادویہ سفوف بنالیں۔

مقدار خوراک: ۳ سے ۶ ماشہ ہمراہ آب بعد از غذا۔

فوائد: جملہ امراض معدہ میں مفید ہے۔

حکیم رانا نذیر حسین

آپ نے ابتدائی تعلیم حاصل کرنے کے بعد عملی طب کی طرف رجوع کیا بعد ازاں اپنے استاد حکیم دوست علی خاں صاحب مرحوم جو جھنگ کے بہت معروف طبیبوں میں سے تھے۔ سے طب سبقاً و عملاً پڑھی۔ آپ نے ان سے بھرپور استفادہ کیا اور انہی رُوحانی بزرگ کے طفیل یہ مقام حاصل ہوا۔ اور آج کامیاب مطب کے ذریعے فن اور عوام کی خدمت میں مصروف ہیں۔

حکیم رانا نذیر حسین ولد رانا دین محمد
سرور کلینک نزد مسجد حبیب ریلوے روڈ جھنگ شہر

مجرّبات

۱۔ دوائی اسود: اجزاء و ترکیب ساخت: زنجبیل ۱ تولہ، دارچینی ۱ تولہ۔ قرنفل ۱ تولہ۔ جڑیاں ۱ تولہ، تیزاب گندھک ۱ تولہ۔ تیزاب گندھک کے علاوہ درج بالا ادویہ کو

خوب کوٹ چھان کر ایک کھلے منہ والی شیشی میں ڈال دیں۔ بعد ازاں تیزاب گندھک ڈالیں۔ فوراً دھواں اُٹھے گا۔ اس سے اپنے آپ کو بچائیں۔ اور کارک لگا کر چوبیس گھنٹہ تک بند رکھیں۔ تین تین گھنٹہ بعد اس بند بوتل کو ہلاتے رہیں تاکہ تمام اجزاء یکجان ہو جائیں۔

فوائد: ہیضہ کے لئے ایک انمول موتی ہے۔ اس کے علاوہ دیگر امراض معدہ ریاحی مثلاً تبخیر، بھوک نہ لگنا، غذا کا ہضم نہ ہونا۔ ان تمام کیلئے مفید الاثر ہے۔

اب ایک مفرد دوائی تحریر کرتا ہوں بنائیں

۲۔ جادُو اثر:

اور اس کا جادُو اثر کام دیکھیں۔ ریٹھہ مسلم لیکر اس کا چھلکا اتار کر خوب باریک پیس لیویں۔ بلکہ کپڑے میں چھانیں۔

فوائد: بواسیر خونی میں جس کا خون کسی دوائی سے بھی نہ رُکتا ہو۔ سفوف مذکورہ ۵ رتی کو بدرقہ ذیل سے استعمال کرائیں۔ سوجی ۱ تولہ۔ قند سفید ۱ تولہ۔ گھی دیسی ۲½ تولہ ان اشیاء کا بغیر پانی کے حلوہ تیار کریں۔ اب اس نصف حلوہ کو ہاتھ پر رکھ کر ۵ رتی دوائی ڈال کر حلوہ سے بند کریں اور اس کو نگل لیں۔ بعد ازاں بقیہ حلوہ اور گھی کو بھی کھا لیویں۔ انشاءاللہ العزیز تین خوراکوں میں خون بند ہو گا۔ اکسیری نسخہ ہے

۳۔ شربت پیغام شفاء:

اجزاء و ترکیب ساخت: برگ گاؤزبان اپاؤ۔ نیلوفر ۳ تولہ۔ گل نیلوفر ۱۰۔ خوب کلاں ۱۰ تولہ۔ ملٹھی کوفتہ ۱ تولہ۔ سرطان (کیکڑا) ۲ تولہ برگ اڑوسہ ایک سیر۔ تمام ادویہ کو بارہ سیر پانی میں بھگوئیں رات کو بھگوئیں اور صبح کو بارہ بوتل عرق کشید کریں اس کشیدہ عرق میں کیلشیم ہائپو فاسفیٹ ۴ ڈرام ملا دیں اور ۱۰ سیر قند سفید ڈال کر شربت بہترین تیار کریں اگر مناسب سمجھیں تو سُرخ رنگ شیریں ملا دیں اور اب اس تیار شربت کو درج

امراض استعمال کریں۔ بچوں کے دق اطفال میں نہایت ہی اکسیر ہے۔ چند ہی دنوں میں بچہ کو موٹا تازہ کر دیتا ہے۔

مقدار خوراک: بچوں کے لئے ۳ تا ۶ ماشہ تک ہے۔ پانی میں ملا کر بلحاظ عمر کم و بیش کر لیں۔ علاوہ بڑے آدمیوں میں ہمراہ کشتہ مرجان اور حب شفاء جو معروف نسخہ ہے۔ بلحاظ عمر ہر مریض دق و سل میں بھی مستعمل ہے۔

حکیم میاں خلیل احمد

آپ کا تعلق ایک راجپوت گھرانے سے ہے۔ والد بزرگوار قیام پاکستان سے پہلے محکمہ ڈاک سے وابستہ تھے بعد ازاں خدمت خلق کے پیش نظر شعبہ طب کی طرف راغب ہوئے انہوں نے ۱۹۴۰ء میں ملازمت چھوڑ کر شورکوٹ میں دیسی دواخانہ کے نام سے مطب شروع کیا آپ کے والد ایک خدا رسیدہ نیک بزرگ تھے وہ فارغ وقت کھیتی باڑی میں صرف کرتے آپ نے ۱۹۷۷ء میں ایف اے کرنے کے بعد والد صاحب کے حکم کے مطابق طبیہ کالج لاہور میں داخلہ لیا۔ فاضل الطب والجراحت کی سند حاصل کر کے والد صاحب کی نگرانی میں عملی مطب شروع کیا جو سلسلہ رفاہ عامہ کیلئے تاحال جاری ہے۔

حکیم میاں خلیل احمد ولد حکیم میاں غلام علی
میاں مطب دواخانہ نواں شہر شورکوٹ
(ضلع جھنگ)

مجرّبات

دوائے الائچی دانہ: اجزاء و ترکیب: پارہ ۱ تولہ۔ قلعی ۱ تولہ

سکہ ا تولہ ۔ الائچی خورد ا تولہ ۔ مصری کا یسی ۱۰ تولہ۔

پہلے پارہ کو صاف کپڑے میں مصفیٰ کریں اور کسی لوہے کے برتن میں ڈال کر قلعی اور سکہ کو ملائیں اور آگ پر رکھیں لوہے کی سلاخ سے ہلاتے رہیں ۔ جب باہم مل جائیں ۔ تو مصری کے سفوف اور پھر الائچی خورد اور طباشیر ملا کر اچھی طرح کشتہ تیار ہے۔

مقدار خوراک : ۳ ماشہ سے چھ ماشہ ہمراہ دہی یا لسی۔

فوائد : یہ ہمارے مطب کی مشہور دوا ہے گرمی جگر مثانہ۔ ضعف باہ کیلئے اکسیر ہے۔

اکسیر جگر : اجزاء و ترکیب ساخت : بادام ۸ عدد سونف چھ ماشہ، کاسنی چھ ماشہ۔ الائچی خورد چار عدد چہار مغز چھ ماشہ۔ تخم قرفہ چھ ماشہ۔ جملہ ادویات کو گھوٹ کر صبح و شام چینی ملا کر بطور سردائی استعمال کروائیں۔

فوائد : ضعف جگر، ضعف معدہ اور یرقان کیلئے مفید ہے

برائے باہ : اجزاء و ترکیب ساخت : لونگ ۱۰ عدد عقر قرحا ۴ ماشہ، دارچینی چھ ماشہ۔ شنگرف چھ ماشہ۔

تمام ادویہ سفوف بنا کر شہد کی مدد سے گولی بقدر نخود بنا لیں۔

مقدار خوراک : ۱ گولی صبح و شام بوقت خاص دو گولی قبل ہمراہ دودھ۔

فوائد : اعصابی کمزوری کیلئے مفید ہے۔

حکیم ملک صالح محمد مشتاق

آپ ۱۲ جولائی ۱۹۰۴ء کو رجوعہ سادات میں پیدا ہوئے آپ کے آباؤ اجداد ضلع جہلم سے نقل مکانی کرکے یہاں آباد ہوئے تھے ابتدائی دینی تعلیم حاصل کرنے کے بعد پرائمری سکول میں داخل ہوئے پھر اسلامیہ ہائی سکول چنیوٹ میں داخلہ لیا۔ ۱۹۲۵ء میں میٹرک پاس کیا پھر صادق ریجرٹن کالج ریاست بہاولپور میں داخل ہوئے اور ۱۹۲۷ء میں ایف اے کا امتحان پاس کیا۔ کالج میں آپ نے تعلیم کے ساتھ ساتھ غیر نصابی سرگرمیوں میں بھی حصہ لیا۔ بزم حمیدیہ اور میر مشاعرہ کے فرائض بھی انجام دیتے رہے۔

بعد ازاں فن طب سے دلچسپی کی بنا پر مطالعہ اور تجربات کی ابتداء کی فن کیمیاء میں آپ کی دلچسپی زیادہ رہی۔ تاہم ۱۹۴۵ء میں ذاتی مطب کی ابتداء کی۔ آپ نے تحریک آزادی میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیا۔ حتیٰ کہ رجوعہ سادات کے انگریزی مڈل سکول کی ملازمت ترک کر دی۔ قیام پاکستان کے بعد مہاجرین کی آباد کاری میں نمایاں خدمات انجام دیں اور انہیں بلا معاوضہ طبی سہولیات فراہم کرتے رہے رجوعہ سادات میں ہائی سکول کے قیام کیلئے آپ کی خدمات نمایاں ہیں ۱۹۶۷ء میں طبی بورڈ سے طب کی سند حاصل کی۔ مطالعہ کیساتھ آپ نے تصانیف و تالیفات کا سلسلہ بھی جاری رکھا۔

تصانیف :

مرغ زریں (کیمیاء)

مشتاق المعارف تین حصہ

رسالہ غذائیات

اختصار نظریہ مفرد اعضاء

علاج بالالوان والانفاس

معالجات تپ دق وسل (منتخب مجربات)

حکیم ملک صالح محمد مشتاق ولد ملک اللہ دتہ

مشتاق دار الکیمیا رجوعہ سادات ضلع جھنگ

مجرّبات

برائے سوزاک: اجزاء وترکیب ساخت: تیل بیروزہ، تیل صندل، تیل کباب چینی ہموزن ملالیں۔

خوراک: ایک قطرہ بتاشہ میں۔

مرہم اعجاز: اجزاء وترکیب ساخت: روغن کنجد بیس تولہ برگ نیم پانچ تولہ۔ مردہ سنگ پانچ تولہ سندھور پانچ تولہ۔ رائی تین تولہ۔ موم دیسی تین تولہ۔ سفیدہ کاشغری دو تولہ۔ کافور تولہ۔ بیروزہ دو تولہ۔ نیلا تھوتھا چار ماشہ پہلے موم اور تیل پگھلا کر بطریق معروف مرہم تیار کریں۔

فوائد: ہر قسم کے پھوڑے پھنسی اور جلدی امراض میں مفید ہے۔

اکسیر الامراض: اجزاء وترکیب ساخت: ہرمچی ا تولہ نوشادر ایک تولہ۔ فلفل سیاہ ا تولہ۔ تخم دھتورہ سیاہ ایک تولہ۔ ست گلو ا تولہ۔ ست الائچی خورد تین ماشہ ست پودینہ تین ماشہ۔ ست اجوائن تین ماشہ جملہ ادویہ کوٹ چھان کر سفوف بنالیں اور ست باریک شامل کریں۔

مقدار خوراک: ا رتی صبح وشام۔

فوائد: جملہ امراض معدہ درد وبخار میں مفید ہے۔

ظفر چٹکی: اجزاء وترکیب ساخت: سرد۔ شیر خشت ۲ تولہ طباشیر ۴ ماشہ۔ زعفران ۴ ماشہ۔ دانہ ہیل ۴ ماشہ بازور ۲ ماشہ۔ بادام ۲ عدد۔ گل سرخ ۲ تولہ۔ کباب چینی ½ تولہ گلابی کتھ ۹ ماشہ۔ سفوف سازند۔

خوراک: ۲ ماشہ ۲ بار ہمراہ عرق کاسنی گلاب۔

برائے امراض شکم: اجزاء وترکیب ساخت: بادیان ۲ سیر کاسنی ایک سیر۔ پودینہ دو سیر۔ گل سرخ ڈھائی سیر۔ الائچی سیاہ تین پاؤ۔ سونٹھ دو سیر۔ [illegible] اجوائن دیسی ½ سیر۔ ڈیڑھ سیر پانی [illegible] عرق کشید کریں اور کافور تھوڑا ماشہ۔ [illegible] سیر۔ ریکٹی فائیڈ دو تولہ حل کر کے شامل عرق کریں۔

مقدار خوراک: عمر کی مناسبت سے۔

فوائد: جملہ امراض معدہ میں مجرب ہے۔

چٹکی: اجزاء وترکیب ساخت: نوشادر [illegible] زعفران ا ماشہ۔ پودینہ ا تولہ۔ بادیان ا تولہ الائچی کلاں ا تولہ۔ فلفل گرد ۶ ماشہ چینی برابر۔

خوراک: چٹکی بھر [illegible] میں دیں۔

فوائد: جملہ امراض معدہ میں انتہائی مفید ہے۔

حب مسکن: اجزاء وترکیب ساخت: سوڈا سلی سلاس ۲ تولہ۔ فنیسٹین ا تولہ۔ سورنجان تلخ ۶ ماشہ جوہر لوبان ۶ ماشہ۔ بیش مدبر ۶ ماشہ۔

دردغائب: اجزاء وترکیب ساخت: فنیسٹین ۲ تولہ۔ کیفین ا تولہ۔ پوٹاسی برومائیڈ ۶ ماشہ نشاستہ ۴ تولہ۔ گیرو ا ماشہ۔ الائچی سفید دانہ ۳ ماشہ۔

خوراک: ½ ماشہ۔ ہمراہ نیم گرم دودھ۔ یا نیم گرم آب۔

برائے کھانسی خشک: اجزاء وترکیب ساخت: ملیٹھی زرد خشخاش سفید۔ بادیان رب السوس۔ شکر تیغال۔ مغز بادام مکہ چینی ہموزن منہ میں رکھ کر چوسیں۔

غذا ہضم: اجزاء وترکیب ساخت: چھال سنگترہ ۳ تولہ سوڈا بائیکارب ۶ تولہ۔ نمک سیاہ ا تولہ فلفل سیاہ ۲ تولہ۔ ٹاٹری ا تولہ۔ دانہ سرخ ۳ تولہ۔ بگھار ۶ ماشہ۔ الائچی سفید ا تولہ۔ ست پودینہ ۶ ماشہ۔ ہینگ ۳ ماشہ

خوراک: چٹکی بھر کھائیں۔

(روغن برقی) کافور ۲ تولہ۔ ست اجوائن

اکسیر الامراض: ۱ تولہ۔ ست پودینہ ۱ تولہ۔ تارپین ۱ تولہ
کاربالک ۲ ماشہ۔ ٹنکچر کارڈ کو ایک ڈرام۔
خوراک: ۲ قطرہ ۲ بار ہمراہ پتاشہ۔
فوائد: مسکن۔ مخدر۔ کاسر ریاح۔ دافع تشنج۔ دافع بخار
اوجاع۔ اعصاب۔ زخم۔ درد شکم۔ بدہضمی۔ ہیضہ۔ اسہال
مروڑ۔ تپ محرکہ۔ معرق در بخار۔ ذائل۔ پرانی و کالی کھانسی
درد دانت۔ درد سر۔ شقیقہ۔ احتلام، سیلان میں مفید ہے

حکیم خورشید احمد

آپ ۲ / جنوری ۱۹۶۰ء
کو پیدا ہوئے۔ ابتدائی تعلیم
مقامی طور پر حاصل کی بعد ازاں
گورنمنٹ ہائی سکول چک $\frac{۲۳۷}{\text{ج ب}}$ ضلع جھنگ سے ۱۹۷۶ء
میں میٹرک کا امتحان نمایاں حیثیت سے پاس کیا۔
آپ فطری طور پر شعبہ طب کی طرف مائل تھے چنانچہ
دکھی انسانیت کی خدمت کو نصب العین بنا کر ربوہ طبیہ کالج
میں داخلہ لیا پھر جامعہ طبیہ اسلامیہ کالج فیصل آباد میں داخل
ہو کر ۱۹۸۲ء میں فاضل الطب والجراحت کی سند حاصل
کی۔ پھر عملی مطب کیلئے فیصل آباد میں حکیم ظہور احمد بھجنا سے
استفادہ کیا اور عملی مطب کے رموز و نکات سے آگاہی حاصل
کی۔ اس دوران حکیم اجمل خان کے پوتے حکیم غلام نبی احمد
کے مطب سے بھی استفادہ کیا۔
بعد ازاں عملی مطب کی صورت میں خدمت خلق میں
مصروف ہوئے۔

حکیم خورشید احمد ولد ملک شہادت خان
چک نمبر $\frac{۱۵۱}{\text{ج ب}}$ ڈاکخانہ امین پور بنگلہ
تحصیل چنیوٹ ضلع جھنگ

مجربات

حب مغلظ: اجزاء و ترکیب ساخت: مازو مدبر چار ماشہ
برگ بھنگ چھ ماشہ۔ بزرالبنج چھ ماشہ۔ کمنال چھ ماشہ۔ زردی
بیضہ مرغ دو عدد، سلاجیت چھ ماشہ۔ کشتہ فولاد تین ماشہ
حبوب بقدر نخود بنالیں۔
مقدار خوراک: صبح و شام ہمراہ شیر نیم گرم۔
فوائد: مقوی باہ۔ مغلظ۔ جریان، احتلام و سرعت میں
مفید ہیں۔

معجون مقوی: اجزاء و ترکیب ساخت: مربہ آملہ بنارسی
مربہ ہریڑ کابلی۔ مربہ سیب، مربہ بہی
ہر ایک ایک پاؤ۔ الائچی خورد ڈھائی تولہ۔ طباشیر ڈھائی
تولہ۔ روغن بادام چھ تولہ۔ ورق نقرہ ساٹھ عدد۔ ورق طلا
تیس عدد بطریق معروف معجون تیار کر لیں۔
مقدار خوراک: ایک تولہ صبح و شام ہمراہ دودھ
فوائد: مقوی اعضائے رئیسہ ہے۔
نوٹ: ورق طلا سردیوں میں تیس عدد ڈالیں اور گرمیوں
میں ۱۵ عدد۔

حکیم نصیر احمد تنویر

آپ تحصیل حافظ آباد
کے گاؤں مانگٹ اوچا میں
۱۵ / نومبر ۱۹۵۰ء کو پیدا

ہوئے۔ پرائمری تعلیم ابتدائی طور پر حاصل کی ایم بی ہائی سکول حافظ آباد سے میٹرک کا امتحان پاس کرنے کے بعد لاہور سے ڈی ایم پی ڈپلومہ حاصل کرکے ۱۹۷۶ء میں ربوہ طبیہ کالج میں داخلہ لیا بعد ازاں طبیہ اسلامیہ فیصل آباد میں منتقل ہو کر تعلیم مکمل کی اور فاضل الطب والجراحت کی سند حاصل کر کے ربوہ میں ساجد دواخانہ کے نام سے عملی مطلب شروع کیا۔

حکیم نصیر احمد تنویر ولد حکیم میاں محمد فیروز
ساجد دواخانہ ربوہ۔ ضلع جھنگ

مجربات

شوگر کنٹرول: اجزاء و ترکیب ساخت: تخم جامن دو تولہ۔ گڑمار بوٹی دو تولہ۔ موصلی سفید دو تولہ۔ زنجبیل دو تولہ۔ کشتہ نقرہ چھ ماشہ۔ کشتہ فولاد چھ ماشہ۔ تمام ادویہ کا علیحدہ علیحدہ سفوف کر کے باوزن ملا لیں۔ اور آب کریلے سے سحق بلیغ کر کے حب نخودی تیار کر لیں۔

مقدار خوراک: دو گولی صبح قبل ناشتہ دو گولی رات ہمراہ آب تازہ۔

فوائد: سلسل البول اور ذیابیطس میں مفید ہے۔

گیسٹولیکس: اجزاء و ترکیب ساخت: رائی، ہلیلہ سیاہ بریاں (در روغن ارنڈ) سہاگہ بریاں، برگ سنا، مغز کر نجوہ، اجوائن دیسی، فلفل سیاہ، سفید نمک۔ نمک سیاہ، نوشادر، کشتہ سنکھ، سوڈا بائیکارب ہر ایک پانچ پانچ تولہ۔ ہینگ بریاں ا تولہ جملہ ادویہ سفوف بنا کر باہم کریں۔

مقدار خوراک: چار ماشہ دن میں تین مرتبہ۔

فوائد: جملہ امراض معدہ خصوصاً تبخیر معدہ میں مفید ہے۔

کفسوڈین: اجزاء و ترکیب ساخت: گودا گھیکوار ایک کلو چینی آدھ کلو، سوم کلپا (ایفیڈرین) دو تولہ فلفل سیاہ تین تولہ۔ جملہ ادویہ یکجان کر کے برتن کو تین دن دھوپ میں رکھیں بعد ازاں پندرہ دن تک بھوسی میں دبا دیں پھر نکال کر چھان پن کر استعمال میں لائیں۔

مقدار خوراک: دو چمچ بڑے صبح و شام۔

فوائد: سینے کے جملہ امراض کھانسی نزلہ زکام، بلغم کی زیادتی دمہ وغیرہ میں مفید ہے۔

حکیم پروفیسر سیّد محمد اجمل شاہ بخاری

آپ کا تعلق سرزمین کشمیر کے معروف علمی، ادبی اور طبّی سادات گھرانے سے ہے۔ آپ ۱۹۵۸ء کو پیدا ہوئے۔ ابتدائی تعلیم اپنے والد محترم مفتی اعظم پیر سید مفتی محمد یٰسین شاہ صاحب فاضل دیوبند دہلی سے حاصل کی ۱۹۷۵ء میں گورنمنٹ اسلامیہ ہائی سکول جھنگ سے میٹرک پاس کیا۔ خدمت خلق کا جذبہ شروع ہی سے بدرجہ اتم موجود تھا اس ارادہ سے طبیہ کالج لاہور میں داخل ہو کر چار سالہ کورس فاضل طب والجراحت امتیازی نمبروں سے پاس کیا۔ دوران تعلیم اپنی قابلیت کی بنا پر گولڈ میڈل اور اعزازی اسناد حاصل کیں اور دوران تعلیم سٹوڈنٹس طبی کونسل پاکستان کے سرگرم کونسلر رہے۔

قومی طبی کونسل پاکستان سے طب میں کوالیفائیڈ ہونے کے بعد رجسٹریشن سرٹیفکیٹ درجہ اوّل میں حاصل کیا۔ پنجاب فارمیسی کونسل لاہور سے ڈسپنسر بی کیٹگری کی سند حاصل

کی صحت وحفظان صحت کا سپیشل کورس اور ڈپلومہ ان میڈیسن اینڈ سرجیکل پریکٹشنز کا کورس امتیازی نمبروں سے پاس کیا۔ عربی تعلیم کے لئے لاہور سے سند حاصل کی بعد ازاں علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد سے عربی کی تعلیم اللسان العربی اور انٹرمیڈیٹ عربی کا کورس اعلیٰ نمبروں سے پاس کیا۔ طبی تعلیم حاصل کرنے کے بعد رانا آئی اینڈ جنرل ہسپتال جھنگ میں عرصہ دراز تک عملی تعلیم علاج معالجہ کی خصوصی تربیت کیساتھ ساتھ اپریشن تھیٹر اور ڈسپنسری میں نہایت محنت لگن سے سرگرم عمل رہے۔

چونکہ آپ کو بچپن سے مذہبی اور دینی علوم سے گہرا لگاؤ رہا اسلیئے تمام فقہ۔ احادیث۔ تفاسیر کی کتب کا مطالعہ کیا۔ عملیات وظائف کے عامل باعمل ہیں روحانی سلسلہ کے اعتبار سے حضرت پیر مہر علی شاہ صاحبؒ سے تعلق ہے۔

علم طب۔ علم ہندسہ۔ علم جفر وغیرہ میں خاص مہارت رکھتے ہیں۔ فلاحی، قومی اور ملی امور میں خصوصی دلچسپی رکھتے ہیں آپ دارالافتادی پاکستان کے نائب مفتی موتمر عالم اسلامی ضلع جھنگ کے معاون سیکرٹری پاکستان ینگ طبی کونسل کے معاون سیکرٹری اسلامک میڈیسن ریسرچ کونسل پاکستان کے رکن۔ پاکستان طبی کانفرنس ضلع جھنگ کے ضلعی کونسلر انجمن نونہالان ملت کے سیکرٹری فنانس۔ حلقہ احباب ذوق کے سیکرٹری۔ محبان کشمیر کے رکن۔ پاکستان یوتھ ویلفیئر آرگنائزیشن کے رکن پاپولیشن ویلفیئر ڈویژن حکومت پاکستان پروگرام زچہ بچہ صحت حکیم پراجیکٹ کے جھنگ میں بطور ایریا حکیم انچارج اور سول ہسپتال گوجرہ میں بطور طب آفیسر اور بازار لوہاراں جھنگ میں فنی اور خدمت انسانیت کے جذبہ سے سرشار ہو کر عوام الناس کا جسمانی روحانی ہر دو طریق سے کامیاب علاج معالجہ ملی وعلاقائی رسائل۔ اخبارات میں آپ کے اکثر مضامین شائع ہوتے رہتے ہیں۔ آپ کی تفسیر سورۃ فاتحہ، مسئلہ تقدیر، فضائل نوافل شب قدر واحادیث نبویؐ تفسیر سورۃ فاتحہ۔ قصہ یوسفؑ۔ علم جفر اور سیارگان پر تصانیف منصہ شہود پر آ چکی ہیں۔ فیضان اجمل کے نام سے عملیات وظائف کی کتاب زیر طبع ہے۔ آپ کی علمی اور فنی خدمات کی بناء پر آپ کو پنجاب طبیہ کالج جھنگ کا پرنسپل مقرر کیا گیا جہاں آپ فن طب کی تدریس اور عملی مطب کے ذریعے خدمت خلق میں

حکیم پروفیسر سید اجمل شاہ بخاری
ولد حکیم سید مفتی محمد یٰسین شاہ بخاری
دہلی دواخانہ بازار لوہاراں جھنگ صدر

مجرّبات

چورن اجملی: اجزاء و ترکیب ساخت: ترپھلہ (پوست)، ترکٹہ، زیرین بادیان۔ اجمائن دیسی، اجوائن خراسانی، الائچی کلاں، الائچی خورد، دارچینی، قرنفل۔ چیتا، سنا مکی، فلفل سیاہ ہلیلہ سیاہ، نوشادر، کلونجی۔ گل سرخ۔ زنجبیل تیزپات، چہار نمک، فلفل دراز، پودینہ خشک انار دانہ، نرکچور، مغز کنول گٹہ، باؤبڑنگ۔ سہاگہ بریاں، ہر ایک پچیس گرام، ست لیموں بارہ گرام، ست پودینہ ایک گرام جملہ ادویہ سفوف بنا کر محفوظ کرلیں۔

مقدار خوراک: تین گرام صبح وشام۔

فوائد: جملہ امراض معدہ وضعف جگر ومعدہ میں دہلی دواخانہ کا معمول مطب ہے۔

نوٹ: تمام ادویہ 30-30 گرام لیں تو ایک کلو پورا سفوف بنے گا۔

حکیم محمد نواز

آپ ۲ مئی ۱۹۴۲ء کو ایک نیک نفس، علمی پٹھان گھرانے میں پیدا ہوئے۔ آباؤ اجداد غزنی سلطان محمود غزنوی کے ساتھ آئے اور بعد میں یہیں کی سکونت اختیار کی۔ میٹرک کا امتحان ہائی سکول ٹمن سے ۱۹۵۷ء میں امتیازی نمبروں کے ساتھ پاس کیا۔ جس کے بعد اپنے ماموں محمد عثمان صاحب اور جناب حکیم عبدالرحیم صاحب رئیس اعظم میانوالی کے ایماء پر ڈاکٹری کی بجائے طب اسلامی کو ترجیح دیتے ہوئے طبیہ کالج انجمن حمایت اسلام میں داخلہ لیا۔ ۱۹۶۰ء میں کالج سے سند فراغت حاصل کی۔ کالج سے فراغت کے بعد جناب الحاج حکیم عبدالرحمان صاحب ہاشمی کے ہاں طبی تشخیص کے ساتھ ساتھ درس قرآن وحدیث بھی حاصل کیا۔ ان کے بعد جناب محترم حکیم حافظ عبدالمجید صاحب نابینا بی اے مرحوم سے طبی تشخیص و تجویز کے مرحلے پر عبور حاصل کیا۔ ۱۹۶۲ء میں پنجند میں اپنی طبی پریکٹس شروع کر دی بعد میں ڈسپنسر کورس میں داخلہ لے لیا۔ ڈسپنسر کورس کے بعد ذاتی مطب کے ساتھ ساتھ سروس بھی شروع کر دی اور ۱۹۶۹ء کے بعد سے بطور ڈسپنسر انچارج اور ہر طرح سے دکھی انسانیت کی خدمت سرانجام دے رہے ہیں۔

حکیم محمد نواز ولد حاجی فیروزالدین خان بابا
میانوالی روڈ۔ محمد آباد تحصیل تلہ گنگ ضلع چکوال

مجربات

گرمی: اجزاء وترکیب ساخت: پارہ مصفیٰ، گندھک آملہ سار مصفیٰ، نوشادر ٹھیکری، قلمی مصفیٰ ہر ایک ۵۰ گرام۔ قلمی شورہ ۱۰ گرام (کل ۱۵ اجزاء)

پہلے قلمی و پارہ کا گٹکا تیار کریں۔ یہ نسخہ تو دراصل کشتہ مرگانک کلاں ہے۔ لیکن خام حالت میں میرے تجربے میں ہر قسم کے کیڑوں کے لئے مفید ہے۔ ایک ایک گرام کے کیپسول میں بھر لیں۔ رات کو سوتے وقت خوب شیرینی کھلا کر ایک تا ۲ کیپسول کھلا دیں۔ ورنہ انتڑیوں میں مادہ متعفن ہو کر ٹائیفائیڈ کا خطرہ پیدا ہو جائیگا۔ نمکین جلاب و غذا سے پرہیز کریں۔ کیونکہ یہ خوراک پارہ کے منافی ہے۔

عرق النساء: اجزاء وترکیب ساخت: کچلہ مدبر، ہینگ، گوند ببول، گوگل مصفیٰ تینوں ہموزن۔ تیل تل بقدر ضرورت آٹا خمیر بقدر ضرورت (کل ۵ اجزاء)

پہلی تینوں ادویہ کو ملا کر گولہ بنائیں اور گندم کے خمیر کا دو دو انگل لیپ کریں۔ تیل تل کو گرم ہونے پر بذریعہ ڈول جنتر اس تیل میں پکائیں۔ تاکہ گولہ پیندے میں نہ لگے۔ آٹا کے سرخ ہونے پر گولے کو نکال کر گرما گرم حالت میں توڑ کر ادویہ نکال لیں۔ ٹھنڈا ہونے پر گولہ نہیں ٹوٹے گا۔ اب حبوب نخودی بنا کر رکھ لیں۔ ایک گولی دوپہر اور ایک رات سوتے وقت ہمراہ شیر گرم نیم گرم روغن زیتون دو چمچ ملائے ہوئے سے دیں انشاء اللہ ایک ہفتہ میں مکمل آرام۔

نکسیر: اجزاء وترکیب ساخت: مجیٹھ سفوف ۵۔۵ گرام صبح۔ دوپہر۔ شام ہمراہ شربت انجبار دیں انشاء اللہ ایک ہفتہ میں نکسیر کا مکمل طور پر قلع قمع۔

نکسیر کی زیادتی کے وقت اونٹ کے بال جلا کر بطور نسوار لیں فوری طور پر نکسیر رک جائے گی۔

مرہم سبز: اجزاء و ترکیب ساخت: نیلا تھوتھا سفوف ۱۰ گرام آملہ سار سفوف ۴۰ گرام۔ بورک ایسڈ ۱۲۰ گرام زنک آکسائیڈ ۱۲۰ گرام۔ ایسڈ کاربالک ۲ ڈرام۔ ویزلین ۲/۱ کلو کل ۶ اجزاء) تمام اجزاء لیے بعد دیگرے ملائیں۔

مرہم سیاہ: اجزاء و ترکیب ساخت: سندھور ۱۰۰ گرام مردہ سنگ ۵۰ گرام۔ نیلا تھوتھا ۱۰ گرام گندہ بیروزہ ۱۰ گرام۔ رال ۲۰ گرام۔ روغن تولہ ۲۵۰ گرام بطریق معروف تیار کریں۔ پھوڑے کو پکانے پھوڑے کو خشک کرنے میں لاثانی ہے۔

سفوف ہاضم: اجزاء و ترکیب ساخت: ترپھلہ۔ ترکٹہ۔ ہر سہ اجوائن۔ ہر سہ نمک (کل ۱۲ اجزاء) ہموزن سفوف تیار کریں۔ خوراک ایک تا ۳ گرام مقوی معدہ۔ ہاضم کاسر ریاح ہے۔ تقویت معدہ اور اشتہاء کے لئے بے نظیر ہے۔

آب سلفر: اجزاء و ترکیب ساخت، گندھک آملہ سار ۱۲۵ گرام۔ چونا ۲۵۰ گرام۔ پانی ایک لیٹر سب کو ملا کر مٹی کے برتن میں آگ پر گرم کریں حتیٰ کہ نصف رہ جائے بعدہٗ نتھار لیں۔ بطور مالش و خوراک اپنی صوابدید کے مطابق استعمال کریں۔ خوراکاً پانچ سے دس قطرے پانی میں ملا کر ہمراہ شیر صبح و شام بہترین مصفیٰ خون اور خارش کے لئے مفید ہے۔

حکیم راجہ محمد نواز

آپ ۱۵ مارچ ۱۹۴۶ء کو تحصیل و ضلع چکوال میں پیدا ہوئے ابتدائی دینی و درسی تعلیم کے بعد ۱۹۶۳ء میں اسلامیہ ہائی سکول سے میٹرک کا امتحان پاس کیا پھر گورنمنٹ کالج چکوال سے ۱۹۶۸ء میں بی اے کی ڈگری حاصل کی۔ اور اسی کے ساتھ ہی جناب حکیم سید ... شاہ صاحب خلیفہ دربار موہڑہ شریف کوہ مری سے طب ... اجمل تیبہ ... بھی حاصل کی ... راولپنڈی سے فاضل الطب و الجراحت کی سند حاصل کرکے ... مطب کے ذریعے خدمت خلق میں مصروف ہوئے۔ آپ طب اسلامی کی ترویج و ترقی کے لئے گرانقدر خدمات انجام دے رہے ہیں۔

حکیم راجہ محمد نواز ولد راجہ فیروز خان
قصرالشفاء میڈیکو زاینڈ ہیلتھ سنٹر راجہ مارکیٹ، چکوال

مجرّبات

کشتہ شنگرف: اجزاء و ترکیب ساخت: شنگرف رومی ڈلی ۱ تولہ۔ لونگ ۱ تولہ۔ جائفل ۱ تولہ جلوتری ۱ تولہ۔ بھلاوے ایک پاؤ۔ روغن کنجد ۱ پاؤ۔ مالکنگنی ۱ پاؤ۔ شہد خالص ۱ پاؤ۔

لونگ۔ جیفل۔ جلوتری تینوں کو کوٹ کر باریک کریں۔ اس کے بعد ایک کڑاہی لے کر اس میں نصف بھلاوے ڈالکر اوپر نصف مالکنگنی ڈال دیں۔ اسکے بعد اس کے اوپر پسا ہوا (لونگ۔ جیفل جلوتری) نصف ڈال دیں اور درمیان میں شنگرف کی ڈلی رکھ کر بقیہ لونگ۔ جیفل اور جلوتری ڈال دیں اور پھر بقیہ مالکنگنی اور پھر بھلاوے ڈالکر اوپر آہستہ سے روغن کنجد اور شہد ڈال دیں۔ اس کے بعد کڑاہی کے نیچے آگ جلائیں۔ دوا کے اندر بھی آگ لگ جائے گی۔ جب تمام اجزاء جل جائیں تو دوا کو نیچے الٹ دیں۔ اور شنگرف اٹھالیں اور پیس کر محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک: ۲ چاول سے ایک رتی تک حسب عمر و برداشت

کیپسول میں بند کرکے صبح وشام دیں۔ نہار مُنہ نہ دیں۔ ٹھنڈے پانی اور ٹھنڈی اشیاء سے پرہیز کریں۔ فالج۔ لقوہ اور نمونیہ کیلئے مجرب ہے۔

پرہیز: جب پسینہ آئے تو ہوا قطعی نہ لگنے دیں اور پسینہ تولیہ سے خشک کرتے رہیں فالج اور لقوہ کے لئے ساتھ مندرجہ ذیل مالش استعمال کریں۔

نسخہ مالش: اجزاء و ترکیب ساخت: جیفل ۲ تولے جلوتری ۲ تولے۔ داسوس ۲ تولے۔ بالنگنی ۲ تولے دارچینی ۲ تولے۔ لونگ ۲ تولے۔ ناگ کیسر ۲ تولے جرجل ایک پاؤ شنگرف ایک تولہ۔ مرغی کے انڈوں کی زردی ۲ درجن۔ روغن کنجد ۳ پاؤ۔

انڈوں کی زردی اور شنگرف کے علاوہ تمام اشیاء کو ۵ سیر پانی میں ڈال دیں اور آگ پر چڑھائیں اور جب اتنا خشک ہوجائے کہ نچوڑنے سے ½ سیر پانی نکل آئے۔ تو نیچے اُتار لیں اس کے بعد حاصل شدہ پانی میں روغن کنجد ڈال کر آگ پر رکھیں اور آہستہ آہستہ پانی آگ پر جلائیں یہاں تک کہ تمام پانی خشک ہوجائے اور صرف روغن کنجد رہ جائے۔ اس کے بعد انڈوں کی زردی کو توا پر ڈال دیں اور نیچے آگ جلائیں۔ اور شنگرف کو پیس کر اوپر ڈالتے جائیں اور بطریق معروف تیل نکالیں اسکے بعد حاصل شدہ روغن کنجد اور روغن بیضہ کو ملالیں مالش تیار ہے

ترکیب استعمال: روزانہ تھوڑا سا تیل لیکر متاثرہ حصہ پر مالش کریں۔ دوران مالش ٹھنڈے پانی کا استعمال بالکل نہ کریں لقوہ اور فالج کے لئے اکسیری مالش ہے۔

حکیم محمد اسلم ضیاءؔ

آپ نے ابتدائی دینی و درسی تعلیم مقامی طور پر حاصل کی۔ دس سال کی عمر میں حکیم مولوی سید امیر صاحب فاضل دیوبند اور فاضل طب و الجراحت اجمل طبیہ کالج دہلی اور موضع ڈلوال تحصیل پنڈدادنخان کی مسجد خواجگان میں درس نظامی کے صدر مدرس، جو مدرسہ مذکور کی اعانت بلکہ کفالت کیلئے جز وقتی طبی پریکٹس بھی کرتے تھے۔ کے حضور زانوئے تلمبذ تہہ کیا۔ اور تین چار سال تک فارسی درسی کتب اور صرف و نحو کے علاوہ قانونچہ، میزان طب اور رباعیات طب یوسفی سبقاً پڑھیں۔ پھر کچھ عرصہ خاندانی طبیب جناب حکیم قاضی حبیب الرحمٰن صاحب پنڈدادنخان سے دوا سازی وغیرہ طبی امور میں استفادہ کیا۔ اور تشخیص و تجویز میں راہنمائی حاصل کی۔

۱۹۴۸ء میں دارالعلوم عالمگیر مشرقی طب جدید شاہدرہ سے شمس الاطباء اور ۱۹۵۶ء میں لاہور طبیہ کالج سے حکیم حاذق کے امتحان پاس کئے۔ آپ ایک طویل عرصہ سے اس فن شریف کے ذریعے خدمت خلق میں مصروف ہیں۔ آپ طب اسلامی کے بہت بڑے علمبردار اور ایک ماہر طبیب کی حیثیت سے جانے جاتے ہیں۔

حکیم محمد اسلم ضیاءؔ ولد حکیم مولوی عبدالرحمٰن
بینظیر دواخانہ۔ قادر مارکیٹ چکوال

مجربات

برائے فالج ولقوہ:

(۱) حب منقی دماغ: اجزاء و ترکیب ساخت: زراوند مدحرج، تج بالچھڑ، اسارون، حب بلسان، زنجبیل، عود بلسان، غاریقون سفید شحم حنظل ہر ایک ساڑھے دس ماشہ۔ ایلوا ساڑھے سترہ ماشہ افتیمون بسفائج فستقی ہر ایک پونے دو تولہ۔ سب کو کوٹ چھانکر پانی سے حبوب بنالیں۔

استعمال: ہر آٹھویں دن مریض کو ۳ تا ۵ ماشہ رات کو نیمگرم پانی سے کھلایا کریں؟

فوائد: بلغمی سودائے محترق اور اخلاط فاسدہ کو براہ اسہال خارج کرتی ہے عوارض دماغی و اعصابی فالج، لقوہ، سرسام سدر و دوار بے خوابی، سبات، کابوس، جنون و صرع میں مفید مؤثر ہے۔

حب اکسیر فالج:

اجزاء و ترکیب ساخت: کچلہ ہفتہ بھر نمناک زمین میں دفن رکھ کر نکالیں اور دھو کر پتہ وقشر دور کر کے ہموزن فلفل سیاہ ملا کر حسب معروف حب بقدر فلفل سیاہ بنالیں اگر رس ادرک سے ایک دو دن کھرل کر کے حبوب بنائیں۔ تو مفید تر ہوگی۔

استعمال: ایک گولی صبح و شام نیمگرم پانی یا بدرقہ مناسب سے دیا کریں۔

فوائد: فالج ولقوہ و استرخاء میں اکسیر ہے۔

حب لقوہ:

اجزاء و ترکیب ساخت: قشر ریٹھہ، سفوف ۲ تولہ قند سیاہ ۲ تولہ حب بقدر نخود بنالیں۔

استعمال: ایک گولی صبح و شام بعد طعام پانی سے کھلایا کریں۔

فوائد: لقوہ میں خصوصی مجربات سے ہے۔

روغن مالش:

اجزاء و ترکیب ساخت: مرچ سیاہ رات کو اتنے پانی جسمیں ڈوب جائے، تر رکھیں۔ صبح پانی سے نکال کر سائے میں نیم خشک کر کے چھلکا اتاریں اور مکمل خشک ہو جانے پر باریک پیس لیں اب اس میں سے ۱ تولہ لیکر دس تولہ روغن کنجد میں حل کر کے مفلوج حصہ پر مالش کیا کریں۔ مگر پہلے ایک دو ہفتے ماء العسل پلانے سے بعد مالش شروع کریں۔

غذا میں پہلے چند روز صرف ماء العسل اور پھر شوربہ چوزہ کا رکھیں۔ زردی بیضہ مرغ یخنی۔ تیتر و بٹیر پلایا کریں۔

پرہیز: جملہ ترش، ٹھنڈی۔ بادی اور ثقیل اشیاء ٹھنڈے پانی سے غسل، سردی، سرد ہوا، مرطوب بستر و او کس میں لیٹنے سے اجتناب برتیں۔

کشتہ حجر الیہود:

اجزاء و ترکیب ساخت: حجر الیہود ۵ تولہ سنگ سرماہی ۳ تولہ، سنگ لاجورد ۳ تولہ، سنگ پارسنج ۲½ تولہ۔ سنگ مقناطیس ۵ تولہ سب کو شیرہ گھیکوار ایک پاؤ میں کھرل کر کے ٹکیہ کوزہ گلی میں گلحکمت کر کے پانچ سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ سرد ہو چکے تو نکال کر ایک پاؤ شیرہ گھیکوار سے پھر کھرل کر کے حسب سابق آگ دیں۔ اور تکرار عمل سے دس آگ پوری کریں اور پیسکر محفوظ رکھیں۔

استعمال: بقدر ۲ تا ۴ رتی بدرقہ مناسب سے دیں۔

فوائد: ریگ و پتھری گردہ میں اکسیر ہے۔ عموماً ایک دو ہی خوراک سے پتھری خارج ہو کر درد گردہ حصاتی سے مستقلاً نجات مل جاتی ہے۔

اکسیر ذیابیطس:

اجزاء و ترکیب ساخت: سم الفار سفید ۱ تولہ، رس پیٹھہ ۲½ سیر میں نرم آنچ پر پکائیں عرق جذب ہو جانے تو سم الفار پیسکر رکھ دیں۔

استعمال: ۱ تا ۲ چاول بعد ناشتہ مکھن یا بالائی میں رکھیں اور کھلائیں اور عصر کو گڑمار بوٹی ۳ ماشہ۔ گلو سبز ۶ ماشہ کا گھوٹہ پن چھانکر گرما میں یونہی اور سرما میں نیمگرم پلائیں۔

فوائد: ذیابیطس مع ضعف باہ و ضعف اعصاب میں بیحد

مفید ہے۔

نوٹ : ذیابیطس جاری میں نہ دیں۔

حبِ ذیابیطس :

اجزاء و ترکیب ساخت : گڑمار بوٹی بسایہ خشک شدہ ۱ تولہ، افیون ۶ ماشہ، کشتہ فولاد ۲ تولہ، مغز خستہ جامن ۸ تولہ، حب نخودی بنالیں۔

استعمال : ۱ تا ۲ گولی مکھن یا دودھ سے کھلائیں۔

فوائد : چند روز میں شکر آنا موقوف ہو جاتا ہے۔

حبِ مبہی :

اجزاء و ترکیب ساخت : شترمایۂ اعرابی ۱ تولہ، زعفران اصلی ۳ ماشہ، مشک خالص ۴ رتی شہد سے حب بقدر فلفل سیاہ بنائیں۔

استعمال : رات کو ایک گولی دودھ سے کھلائیں۔

فوائد : پہلے ہی روز طوفانی انقلاب بپا کر دیتی ہے۔

حبِ حافظ الحمل :

اجزاء و ترکیب ساخت : چاکسو شیر پروردہ و بسایہ خشک کردہ پیس کر حب نخودی بنالیں۔

استعمال : آغاز حمل سے ایک گولی صبح و شام پانی سے کھلایا کریں۔

فوائد : عادت اسقاط و اٹھراہ زائل ہو کر بچہ صحت مند و سلامت پیدا ہوگا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

حبِ سوزاک :

اجزاء و ترکیب ساخت : چاکسو مقشر پوست ریٹھہ۔ ہموزن حب بقدر نخود بنالیں۔

استعمال : ایک گولی صبح و شام زلال حنا یا دودھ کی لسی سے دیں۔

فوائد : سوزاک میں بے مثال دوا ہے۔

حکیم محمد عارف

آپ اکتوبر ۱۹۲۲ء کو پیدا ہوئے ابتدائی دینی و درسی تعلیم سے فارغ ہو کر ۱۹۵۰ء میں مڈل کا امتحان پاس کیا۔ ۱۹۵۱ء میں جے وی کا امتحان پاس کر کے محکمہ تعلیم سے وابستہ ہوئے۔ ...... علاقہ میں علاج معالجہ کی سہولیات کے فقدان نے خدمت خلق کا جذبہ پیدا کیا اور طبی تعلیم کیطرف راغب ہوئے اور دور دراز علاقوں کے اطباء سے فن طب کے رموز و نکات سے آگاہی حاصل کی۔ مسیح الملک طبیہ کالج سے وابستہ رہے اور رجسٹریشن ایکٹ کے ذریعے رجسٹرڈ ہو کر عملی مطب کے ذریعے خدمت خلق میں مصروف ہوئے۔

حکیم محمد عارف ولد اللہ دین

بمقام نمازیاں براہ ملہال مغلاں تحصیل و ضلع چکوال

مجربات

اکسیر امراض دماغ :

اجزاء و ترکیب ساخت : پوست ہرڑ زرد، پوست ہرڑ سیاہ، پوست ہرڑ کابلی۔ پوست بہیڑہ۔ پوست آملہ ہموزن پانچ پانچ تولے روغن زرد۔ حسب ضرورت میں چرب کریں اور شہد تین گنا میں ملا کر ورق نقرہ کا اضافہ کریں۔

مقدار خوراک : ایک ماہ کے بعد استعمال کریں دو تولہ ہمراہ شیر

فوائد : امراض دماغ میں مفید و مجرب ہے۔

اکسیر معدہ و جگر :

اجزاء و ترکیب ساخت : فلفل سیاہ ڈھائی تولہ، مصبر پانچ تولہ، سہاگہ سوا تولہ، اجوائن خراسانی ڈھائی تولہ۔ باریک سفوف کر کے گردہ گھیکوار میں حبوب بقدر نخود تیار کریں۔

مقدار خوراک : ۱ گولی بوقت شب۔

فوائد : امراض معدہ و جگر میں مفید ہے۔

حکیم محمد عمر فاروق اعوان

آپ ۵ اکتوبر ۱۹۶۵ء کو ڈھوک دارا میں پیدا ہوئے ابتدائی دینی و درسی تعلیم والد ماجد کے زیر سایہ مدرسہ قاسم العلوم سے مکمل کر کے ۱۹۸۰ء میں میٹرک کا امتحان ہائی سکول خوشاب سے پاس کیا۔ پھر مزید تعلیم کے لئے لاہور آگئے۔ ۱۹۸۲ء میں جامع عثمانیہ سے درس نظامی کے ابتدائی دو سال مکمل کرنے کے بعد طبیہ کالج لاہور میں داخلہ لیا اور ۱۹۸۵ء میں فاضل الطب و الجراحت کی سند حاصل کی اور لاہور میں ہی ایک دواخانہ سے منسلک ہو گئے۔ دو سال عملی مطب کا تجربہ حاصل کرنے کے بعد جہلم میں میڈیکل ٹیکنیشن کا کورس پاس کیا اور ۱۹۸۹ء میں اپنے آبائی گاؤں میں آکر والد محترم کی زیر نگرانی عملی مطب شروع کیا۔ دوران مطب تعلیم کا سلسلہ جاری رہا۔ بی اے کی تعلیم کے ساتھ ساتھ ہومیوپیتھک کی تعلیم بھی حاصل کی۔ علاقہ میں آپ ایک پُرعزم نوجوان طبیب اور سماجی کارکن کی حیثیت سے جانے جاتے ہیں۔ جو ہمہ وقت خدمتِ خلق میں مصروف ہیں۔

برائے وجع المفاصل: اجزاء و ترکیب ساخت: پوست ہلیلہ زرد، ایلوا۔ سورنجاں شیریں سناء مکی ہر ایک پانچ پانچ تولہ۔ گودہ گھیکوار میں کھرل کر کے حبوب نخودی بنالیں۔

مقدار خوراک: صبح دوپہر شام ایک گولی ہمراہ دودھ۔

فوائد: جملہ امراض مفاصلیہ میں مفید ہے۔

حکیم راجہ امتیاز احمد جنجوعہ

آپ کا تعلق علاقہ کے معروف دینی و طبی گھرانہ سے ہے۔ آپ ۱۹۵۶ء میں موضع پنڈی بارڈے حافظ آباد میں پیدا ہوئے۔ ابتدائی دینی و درسی تعلیم مقامی طور پر حاصل کی۔ مڈل سے ایف اے تک حافظ آباد میں تدریس کا سلسلہ جاری رہا بعد میں اپنے دادا جان حکیم اکبر علی مرحوم کی وصیت پر طبیہ کالج لاہور میں داخلہ لیا۔ دوران تعلیم آپ ایک ہونہار محنتی طالب علم تھے آپ نے نصابی و غیر نصابی سرگرمیوں میں مختلف اعزازات حاصل کئے آپ طبیہ کالج میگزین کی ادارت کے فرائض بھی انجام دیتے رہے آپ کے والد گرامی ایک مستند طبیب اور دار العلوم چشتیہ نظامیہ منڈی سکھیکی کے مہتمم اور صدر مدرس کی حیثیت سے ممتاز مقام رکھتے ہیں۔ فاضل الطب و الجراحت کی سند حاصل کرنے کے بعد ڈویژنل ہیڈ کوارٹر ہسپتال میں انچارج شعبہ طب یونانی کے عہدہ پر اپنے فرائض سرانجام دے رہے ہیں۔

حکیم راجہ امتیاز احمد جنجوعہ ولد حکیم نذیر احمد جنجوعہ
موضع پنڈی بارڈے تحصیل حافظ آباد ضلع

مجرّبات

برائے حمّی: اجزاء و ترکیب ساخت: پھٹکڑی بریاں آدھا پاؤ۔ نوشادر آدھا پاؤ۔ قلمی شورہ آدھا پاؤ باریک سفوف بنالیں۔

مقدار خوراک: چار رتی ہمراہ بدرقہ مناسبہ۔

فوائد: ہر قسم کے بخار خصوصاً وبائی بخار میں مفید ہے۔

سفوف ذیابیطس: اجزاء و ترکیب ساخت:

Scanned with CamScanner

خولنجان ۔ مازو ۔ تخم کریلا ۔ گڑمار ہر ایک سفوف سازند سفید ۱/۲ حصہ ۔ ٹی سپون صبح ۔ دوپہر ۔ شام پانی کے ساتھ کھلائیں

ریاحی: اجوائن دیسی اکلو ۔ اجوائن خراسانی ا پاؤ ۔ نمک سیاہ ۲ پاؤ پیس کر سفوف تیار کریں ۔

فوائد: محلل ، کاسر ریاح ، مسکن دار ، مقوم مفرح بلغم ہونے کے علاوہ احتراق البول پر بھی مفید اثرات دیتی ہے ۔

نوٹ: مندرجہ بالا نسخہ جات میرے ذاتی ترتیب دیئے ہوئے ہیں ۔

نسخہ نمبر ۱: ایک عمر رسیدہ طبیب کا عطیہ ہے ۔

حب آواز کشا: اجزاء و ترکیب ساخت: مغز بادام شیریں سات دانہ ۔ مغز تخم کدو شیریں چھ ماشہ گوند ببول بریاں چھ ماشہ ۔ کتیرا بریاں چار ماشہ ۔ تخم خشخاش نو ماشہ گلنار فارسی چار ماشہ ۔ عناب ولائتی نو دانہ ۔ رب السوس چار ماشہ تخم کتاں چھ ماشہ ۔ ست گلو چار ماشہ ۔ زنجبیل نو ماشہ ۔ مویز منقی پندرہ دانہ ۔ نشاستہ نو ماشہ ۔ دانہ الائچی کلاں چار ماشہ ۔ تخم میتھی چھ ماشہ سب کو سفوف بنا کر بقدر نخود گولیاں تیار کر لیں ۔

مقدار خوراک: ایک ایک گولی بوقت ضرورت چوس لیں ۔

فوائد: کالی کھانسی خشک و بلغمی کھانسی کیلئے معمول مطب ہے ۔

ہربل امرت دھارا: اجزاء و ترکیب ساخت: گھیکوار ، نوشادر سائیدہ ۔ گھیکوار کو درمیان سے کاٹ کر نوشادر چھڑک کر لٹکا دیں ۔ نیچے چینی کا برتن رکھیں ٹپکنے پر محفوظ کریں ۔

مقدار خوراک: چند قطرے چینی ملا کر صبح و شام ۔

فوائد: دائمی قبض اور موٹاپے کیلئے مفید ہے ۔

برائے نزلہ: اجزاء و ترکیب ساخت: ہڑ زنگی بیس تولہ ۔ سرکہ خالص پچیس تولہ ۔ شہد پچیس تولہ ۔ آب باراں (بارش کا پانی) آدھ سیر ۔ ہلیلہ کو آٹھ پہر پانی میں تر رکھیں بعدہ پانی سے دھو ڈالیں ۔ خشک کر کے کھرل کریں ۔ پھر شہد اور پانی کو آگ پر رکھ کر قوام تیار کر کے سفوف شامل کر لیں معجون تیار ہے ۔

مقدار خوراک: چار ماشہ صبح و شام ۔

فوائد: حضرت پیر جماعت علی شاہؒ کے تبرکات میں سے ہے ۔ سینے کا راز ہے ۔ نزلہ زکام میں مفید ہے ۔

حکیم محمد فاضل شارق

آپ ۸ جون ۱۹۴۳ء کو پیدا ہوئے ۔ ابتدائی دینی و درسی تعلیم سے فارغ ہو کر ۱۹۶۰ء میں میٹرک کا امتحان امتیازی حیثیت سے پاس کیا ۔ نامساعد حالات کے باوجود تعلیم کا سلسلہ جاری رکھا ۔ اور بی اے کرنے کے بعد محکمہ تعلیم سے وابستہ ہو کر درس و تدریس کا شعبہ اختیار کیا پھر طب اسلامی کی طرف راغب ہوئے ۱۹۷۸ء میں طبیہ کالج خوشاب سے فاضل الطب والجراحت کی سند حاصل کی اور ذیشان دواخانہ کی بنیاد رکھی ۔ اس طرح آپ ان دونوں پیشوں کے ذریعے خدمت خلق میں مصروف ہیں ۔

حکیم محمد فاضل شارق ولد ملک غلام علی
بمقام انگہ ڈاکخانہ خاص تحصیل و ضلع خوشاب ۔

مجربات

سفوف ہاضم: اجزاء و ترکیب ساخت: سونف ۲۰ گرام آملہ بیس گرام ۔ انار دانہ دس گرام ۔ پودینہ خشک دس گرام ۔ الائچی خورد ۱۰ گرام ۔ زیرہ سفید دس گرام ۔ نمک سونچر دس گرام ۔ کوزہ مصری ۱۵۰ گرام ۔ معروف طریقہ سے سفوف بنائیں ۔

مقدار خوراک: ۳ ماشہ سے ۶ ماشہ تک۔

(حلفیہ مجربات از: حکیم محمد عبداللہ) میرے معمولات میں سے ہے!

سفوف کثیر النفع: اجزاء و ترکیب ساخت: الائچی خورد ۲۰ گرام اسپرین ۲۵ گرام۔ فیناسٹین ۲۵ گرام کیفین سائٹراس ۱۵ گرام۔ نوشادر دیسی ۳۰ گرام۔ گیرو ۴ گرام طباشیر ۲۰ گرام۔ برادہ صندل سفید ۲۰ گرام۔ گل سرخ ۲۰ گرام تمام ادویہ کو علیحدہ علیحدہ پیسکر اور باہم کھرل کر کے ملا لیں۔

مقدار خوراک: ۲ رتی صبح اور ۲ رتی شام ہمراہ شربت بزوری معتدل استعمال کرایا کریں۔

فوائد: دردگردہ دردسر اور درد معدہ کیلئے مجرب ہے۔

نوٹ: یہ سفوف دردسر، دردگردہ، درد شکم، بھوک نہ لگنا، قے، متلی، ابکائیاں، بدہضمی، پیاس، دل کی جلن وغیرہ کیلئے مجرب ہے، نازک مزاج انسانوں خصوصاً صنف نازک کیلئے میرا تجربہ شدہ ہے۔ (حلفیہ مجربات سے)

روغن احمر: اجزاء و ترکیب ساخت: آب اسپند ایک پاؤ، آب برگ مدار ایک پاؤ، آب پیاز ایک پاؤ، سفوف رتن جوت ایک پاؤ، روغن کنجد ۲ کلو تمام ادویہ کو روغن کنجد میں ڈال کر ایک بڑی کڑھائی میں ڈال کر بالکل دھیمی آگ دیں۔ صاف کر کے آخر میں ۲ تولہ کاربالک ایسڈ ملا لیں۔

کان درد کے لئے چند قطرے نیم گرم، بہرا پن کے لئے ہمراہ بادام روغن، خارش کیلئے بدن پر مالش کریں۔ قلاع کیلئے چند قطرے کسٹر آئیل میں ملا کر منہ میں لگائیں۔ بہترین چیز ہے۔ (عطیہ استاذ محترم حافظ محمد رمضان خوشاب)

مرہم: اجزاء و ترکیب ساخت: ویزلین سادہ ۵ تولہ۔ پنسلین بنزائیل ۱۰ لاکھ انجکشن ایک عدد باہم ملائیں، پھوڑے پھنسیوں اور زخموں پر لگائیں۔

ویزلین سادہ ۵ تولہ سٹریپٹومائی سین انجکشن ... بچوں کے سر کے ثبورات کیلئے اور آنکھوں میں لگانے کیلئے آئنٹمنٹ ہے۔

(عطیہ ایک تبلیغی دوست محمد یوسف جراح لاہور)

دوائے ریٹھہ: اجزاء و ترکیب ساخت: عام خارش خود بواسیر فساد خون کیلئے ہے اور تاثیر ... ہے۔ کتھ سفید درجہ اول ۵ تولہ پوست ریٹھہ محرق (یا سادہ غیر محرق) الگ الگ پیسکر باہم ملائیں۔

خوراک: ۱ رتی تا ۲ رتی سفوف۔

دوائے کمیلہ: اجزاء و ترکیب ساخت: کمیلہ ۱ پاؤ، آملہ سار ½ پاؤ، زیرہ سفید ۵ تولہ، نیلا طوطیا ۶ ماشہ۔ پہلے نیلا طوطیا کو باریک کریں پھر آملہ سار کو باریک کریں بعدہٗ زیرہ سفید کو کوٹ کر اور پھر کمیلا کو ملا کر سفوف تیار کریں۔ درج بالا امراض کیلئے مفید ہے۔

نوٹ: (نسخہ جات سفوف ہاضم، اکسیر صحت مانع پیاس اسگندی) اور متذکرہ نسخہ جات اور چند دیگر نسخہ جات میرے زیر استعمال ہیں بفضل خدا صد درجہ مفید ہیں۔

حکیم مقبول الٰہی

آپ یکم اکتوبر ۱۹۵۲ء موضع سہرال وادی سون سکیسر میں پیدا ہوئے ابتدائی دینی و درسی تعلیم مقامی طور پر حاصل کی۔ ۱۹۷۰ء میں گورنمنٹ ٹیکنیکل ہائی سکول جوہرآباد سے میٹرک کا امتحان پاس کیا۔ اور محکمہ تعلیم سے وابستہ ہو گئے چونکہ حکمت سے آپ کو خصوصی لگاؤ

تھا لہٰذا اس شوق کی تکمیل کیلئے گورنمنٹ یونانی میڈیکل کالج خوشاب میں داخل ہوئے اور ۱۹۸۰ء میں فاضل الطب والجراحت کی سند حاصل کی۔ ۱۹۸۱ء میں ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال سرگودھا میں ڈسپنسر کا کورس کیا اور ملازمت ترک کرکے خدمت خلق کے پیش نظر ذاتی مطب شروع کیا جو تاحال مصروف خدمت ہے۔

حکیم مقبول الٰہی ولد غوث محمد
ڈیرہ ڈھولو نزد چونگی نمبرا جوہر آباد تحصیل و ضلع خوشاب

مجرّبات

برائے بواسیر: اجزاء و ترکیب ساخت: رسکپور ایک تولہ دودھ بکری یا گائے ۵ کلوگرام۔

کھلے منہ والے برتن میں ۵ کلو دودھ ڈال کر رسکپور کی پوٹلی باندھ کر اس کے اندر لٹکا دیں۔ اور نیچے آگ جلانا شروع کردیں۔ جب دودھ کا کھویا بن جائے تو نیچے اتار دیں۔ رسکپور نکال لیں۔ اور سفوف کرکے صاف شیشی میں محفوظ رکھیں اور نام کا لیبل ضرور لگائیں۔

مقدار خوراک: ایک چاول ہمراہ مکھن ملائی وغیرہ۔

فوائد: ہر قسم کی بواسیر کیلئے اکسیر کا حکم رکھتا ہے بنائیں اور اس موذی مرض میں مبتلا مریضوں کی دعائیں حاصل کریں۔

برائے بواسیر (دیگر): اجزاء و ترکیب ساخت: برگ سہانجنہ ایک تولہ۔ برگ مدار ایک تولہ۔ دونوں اجزاء کو باہم کھرل کریں۔ لیپ سا تیار ہوجائیگا۔

فوائد: یہ مرہم یا لیپ بواسیر کے مسّوں کو دور کرنے کیلئے بیحد مفید ہے۔ صبح و شام مسّوں پر لگایا کریں۔

برائے اسہال: اجزاء و ترکیب ساخت: دارچینی ایک تولہ۔ کمرکس ایک تولہ۔ افیون ۲ ماشہ۔ مذکورہ بالا ادویہ کو کوٹ چھان کر سفوف کرلیں۔

مقدار خوراک: ایک رتی تا ایک ماشہ ہمراہ آب تازہ استعمال کریں۔ دن میں ۲ دفعہ دیں۔

فوائد: ہر قسم کے اسہال کے لئے از بس مفید ہے۔

حکیم محمد ممتاز جعفری

آپ گیارہ نومبر ۱۹۵۶ء کو سرزمین خوشاب میں پیدا ہوئے۔ آپ کا تعلق ایک معزز پٹھان گھرانے سے ہے۔ ابتدائی دینی و درسی تعلیم مقامی طور پر حاصل کی پھر نامساعد حالات کی بناء پر تعلیم کا سلسلہ ترک کرنا پڑا۔ لیکن آپ نے تکمیل شوق کا عزم کر رکھا تھا ۱۹۷۳ء میں راولپنڈی بورڈ سے میٹرک کا امتحان پاس کیا اور طب کی تعلیم کیلئے طبیہ کالج خوشاب میں داخل ہوئے۔ ۱۹۸۰ء میں فاضل الطب والجراحت کی سند حاصل کی۔ ایلیمنٹری کالج شادیوال سے ٹیچرز ٹریننگ کورس کیا اور شعبہ تعلیم کے ساتھ وابستہ ہوگئے۔ تاہم فارغ اوقات میں ذاتی مطب کے ذریعے عوام کو علاج معالجہ کی سہولیات صرف خدمت خلق کے نظریہ کے تحت مہیا کر رہے ہیں۔

حکیم محمد ممتاز جعفری ولد محمد سلطان
محلہ سید الوالہ، آہرانوالہ تحصیل و ضلع خوشاب

مجرّبات

تپ دق: اجزاء و ترکیب ساخت: طباشیر، زہر مہرہ خطائی۔ کہربائے شمعی، ست گلو، صمغ عربی، سرطان محرق ہر ایک تولہ۔

مقدار خوراک: ۲ ماشہ صبح و شام ہمراہ شیر بز۔

برائے دمہ : اجزاء و ترکیب ساخت ، نزلہ۔ زکام۔ کھانسی وغیرہ۔ گل بنفشہ ۵ ماشہ۔ عناب ایرانی ۷ دانہ۔ سپستاں ۲۵ دانہ۔ خطمی ۹ ماشہ خبازی ۹ ماشہ۔ اصل السوس ایک تولہ۔ بہیدانہ ۶ ماشہ۔ انجیر زرد ۳ عدد۔ مویز منقیٰ ۱۵ دانہ۔ گاؤزبان ۵ تولہ۔ تخم مکو ۲ تولہ۔ تخم السی تولہ۔ گڑ پرانا مناسب حسب منشاء پانی ۱/۲ سیر۔

تمام کو پانی میں ڈال کر آگ پر چڑھائیں۔ جب اچھی طرح پک جائے اتاریں ایسی خوراک صبح۔ دوپہر۔ شام۔

دوائے جریان : اجزاء و ترکیب ساخت ، احتلام۔ جریان مولد، مغلظ۔ ممسک وغیرہ۔ ثعلب مصری تولہ۔ موصلی سیاہ و سفید ۲-۲ تولہ۔ بہمن سرخ سفید ۲-۲ تولہ۔ تالمکھانہ تولہ۔ ستاور تولہ۔ لونگ تولہ۔ کمر کس ۲ تولہ۔ گوند کتیرا تولہ۔ صمغ عربی ۲ تولہ۔ اسپغول ۵ تولہ۔

ست اسپغول کے علاوہ تمام ادویہ کو کوٹ چھان لیں۔ اسکے بعد اسپغول ملائیں۔

مقدار خوراک : صبح و شام ہمراہ دودھ چھ ماشہ۔

حکیم محمد علی ملک

آپ پندرہ نومبر ۱۹۵۰ء کو پیدا ہوئے۔ ابتدائی دینی درسی تعلیم مقامی طور پر حاصل کی۔ ۱۹۶۷ء میں ڈی۔ سی ہائی سکول گوندل سے میٹرک کا امتحان پاس کیا۔ ۱۹۶۸ء میں پاک فوج میں شمولیت اختیار کر لی۔ اور اٹھارہ سال تک وابستہ رہے۔ دوران ملازمت آپ اپنے شوق کے پیش نظر اجمل طبیہ کالج میں داخل ہوئے اور ۱۹۸۲ء میں فاضل الطب و الجراحت کی سند ملازمت سے فارغ ہونے کے بعد شعبہ درس و تدریس عملی مطب کے ذریعے علاقہ کے عوام کی خدمت میں ہیں آپ طب اسلامی کے علمبردار اور متحرک کارکن ہیں۔

حکیم محمد علی ملک ولد عالم شیر ملک
محب پور۔ ضلع خوشاب

مجرّبات

طحال و جگر : اجزاء و ترکیب ساخت ، طب اسلامی کا ایک نہایت مؤثر سہل الحصول بارہا کا تجربہ شدہ پیش خدمت ہے۔ فیری ایٹ کونین سائٹراس ۱ تولہ ۳ ماشہ۔ میگنیشیا سلفاس ۱/۲ تولہ پانی خالص یا عرق مکو ۳ پاؤ والی بڑی بوتل کے لئے مندرجہ دوا کافی رہے گی۔ پانی میں دونوں اجزاء حل ہو جاتے ہیں۔

مقدار خوراک : ۱/۲ چھٹانک دوا صبح و شام بعد از طعام لیں۔ پاخانہ سیاہ رنگ کا آئے گا۔ گھبرانا نہیں چاہیئے بلکہ مریض کو باور کرائیں کہ گرمی' بادی خارج ہو رہی ہے۔ ہاضمہ درست ہو جاتا ہے مولد خون ہے۔ امراض طحال و جگر میں از حد مفید ہے۔

اکسیر سیلان الرحم : اجزاء و ترکیب ساخت ، طباشیر۔ چھلکا اسپغول ہر ایک دو تولہ۔ چوب چینی بیخ حب الآس۔ گل دھاوا۔ سنگ جراح۔ صندل سفید' الائچی خورد۔ الائچی کلاں ہر ایک ایک تولہ۔ سمندر جھاگ ڈیڑھ ماشہ۔ ورق نقرہ چار ماشہ۔ ورق طلا چار عدد۔ مصری کوزہ ۵ تولہ۔ تمام اشیاء کو الگ الگ باریک کریں پھر تمام سفوف مشترکہ رگڑیں۔ دو تولہ دوا الگ کر لیں۔ باقی ادویہ میں ۵ تولہ کوزہ مصری شامل کر کے رکھ لیں۔ دو تولہ الگ رکھیں۔ دوا میں

۱/۲ تولہ مائیں باریک کر کے ملالیں۔ اس دوا کے ۳ برابر حصے کر کے ۳ پوٹلیاں بنائیں۔ ایک پوٹلی سے شام دوسری شام سے صبح اور تیسری پھر صبح سے شام تک رحم میں رکھوائیں باقی دوا ۱ تولہ ہمراہ باسی پانی لیں۔ انشاءاللہ ایک ہی دن میں آرام آئے۔ چند روز استعمال جاری رکھیں۔ نسخہ اگرچہ طویل اجزاء کا حامل اور قیمتی ہے۔ تاہم وثوق سے کہا جا سکتا ہے کہ ایک مرتبہ استعمال کرائے گا۔ دوبارہ کوئی اور نسخہ استعمال کرنا مناسب نہ سمجھے گا۔

اکسیر سوزاک: اجزاء و ترکیب ساخت: طباشیر ۱ تولہ، دانہ الائچی خورد ۱ تولہ، مغز تخم ریٹھہ ۱ تولہ، روغن ۱ تولہ۔ پہلی تین ادویہ کو باریک پیس کر روغن ملائیں تین ماشہ تازہ پانی کے ساتھ لیں۔ نئے و پرانے سوزاک کا اکسیر نسخہ ہے۔ کھٹی میٹھی اور تیل سے تیار شدہ اشیاء سے پرہیز کرائیں۔

میٹھی کونین: اجزاء و ترکیب ساخت: شیر مدار ایک حصہ، مصری دس حصے باہم کھرل کریں۔

مقدار خوراک: آدھی رتی سے دو رتی تک ہمراہ شیر گرم۔

فوائد: تمام ملیریائی و نوبتی بخاروں میں مفید ہے۔

کف سیرپ: اجزاء و ترکیب ساخت: شب یمانی دو ماشہ، سہاگہ ایک ماشہ، جملہ ادویہ کھرل کر کے تین چھٹانک پانی میں حل کریں۔

مقدار خوراک: ایک تولہ دن میں تین مرتبہ۔

فوائد: سعال خشک تر دونوں میں مفید ہے۔

اکسیر ہیضہ: اجزاء و ترکیب ساخت: پھٹکڑی بریاں ۱ ماشہ، ہلدی دو ماشہ، تخم مرچ سرخ ۱ ماشہ سفوف بنالیں۔

مقدار خوراک: ۱ رتی ہمراہ آب۔

فوائد: ہیضہ کیلئے سہل الحصول مجرب نسخہ ہے۔

حکیم لیاقت علی ونی

آپ پندرہ ستمبر ۱۹۵۳ء کو پیدا ہوئے۔ ابتدائی دینی تعلیم کے بعد ۱۹۶۹ء میں میٹرک کا امتحان فرسٹ ڈویژن میں پاس کیا۔ ۱۹۷۱ء میں ایف اے کرنے کے بعد طب کی طرف مائل ہوئے۔ اور طبیہ کالج لاہور میں داخلہ لیا۔ سال اوّل میں سٹوڈنٹس یونین میں نمائندہ کلاس رہے۔ سال دوئم میں یونین کے جنرل سیکرٹری منتخب ہوئے اور آل پاکستان طبیہ کالجز یونین کے جائنٹ سیکرٹری بھی مقرر ہوئے اور گولڈ میڈل سے نوازے گئے۔

۱۹۷۵ء میں فاضل الطب و الجراحت کی سند حاصل کی اور عملی مطب شروع کیا۔ ۱۹۸۰ء میں حکیم سیٹ پر میڈیکل ٹیکنیشن کا کورس کیا۔ اور بطور میڈیکل ٹیکنیشن گورنمنٹ کی ملازمت اختیار کی اور بنیادی طبی مرکز کے انچارج کی حیثیت سے خدمات انجام دینے کے ساتھ ساتھ طب اسلامی کے ذریعے خدمت خلق میں مصروف ہیں۔

حکیم لیاقت علی ونی ولد ملک عبدالعلی ونی
بمقام و ڈاکخانہ آدھی کوٹ تحصیل نور پور تھل ضلع خوشاب

مجربات

برائے امراض گردہ و مثانہ: اجزاء و ترکیب ساخت: سوڈا بائی کارب، کباب خنداں، کباب چینی ہموزن سفوف بنالیں۔ امراض گردہ و مثانہ میں اکسیر ہے۔

حکیم محمد عبداللہ تبسم

آپ یکم نومبر ۱۹۵۱ء ضلع ہموکہ ضلع خوشاب میں پیدا ہوئے۔ ابتدائی دینی تعلیم حاصل کرنے کے بعد میٹرک کا امتحان پاس کر کے پاک فوج سے منسلک ہوئے اور شعبہ طب میں چھ سال تک خدمات انجام دیں۔ پھر مستقل رخصت لے کر ۱۹۷۶ء میں یونانی میڈیکل کالج خوشاب میں داخلہ لیا۔ طبی تعلیم حاصل کرنے کے دوران فوجی فاؤنڈیشن سے وظیفہ حاصل کیا اور فاضل الطب والجراحت کی سند حاصل کی اور عملی مطب کے ذریعے خدمت خلق میں مصروف ہوئے۔

حکیم محمد عبداللہ تبسم ولد غلام نبی
بمقام ہموکہ ڈاکخانہ ہموکہ تحصیل و ضلع خوشاب

مجربات

تریاق ذیابیطس شکری:

اجزاء و ترکیب ساخت: مغز جامن۔ گڑمار بوٹی۔ برگ لوکاٹ برابر وزن علیحدہ علیحدہ باریک پیس کر ملالیں۔

مقدار خوراک: چھ گرام صبح بعد ناشتہ چھ گرام شام کھانے کے بعد۔

فوائد: پینتالیس دن کا باپرہیز استعمال انشاء اللہ مرض کو ہمیشہ ختم کر دے گا۔

پرہیز: چکنی میٹھی۔ نشاستہ دار اور ترش اشیاء نیز چاول اور زمین کے اندر پیدا ہونے والی اشیاء سے پرہیز انتہائی ضروری ہے۔

غذا: آرد گندم۔ آرد نخود بمع چھلکا۔ آرد جو، جو برابر وزن ملا کر روٹی پکا کر مریض کو کھلائیں اور گوشت اُبال کر مریض کو حسب حاجت دیں۔

نوٹ: بخار کی صورت میں بخار کا علاج کریں۔ اور نمک کا استعمال ترک کرادیں۔ اگر مریض چائے کی زیادہ ضرورت محسوس کرے تو دودھ میں چائے پتی ڈال کر جوش دیں۔ اور چینی کے بجائے سوٹیکس کی ایک یا دو گولی ایک پیالی میں حل کر کے استعمال کرائیں۔ تقویت کیلئے فولاد کے مرکبات استعمال کرائیں۔

صفرادی مزاج کیلئے اس سے بہتر دوا ملنی نہایت مشکل ہے۔ مریض کو ایمانداری اور صبر سے پرہیز کرنا چاہیئے۔

اکسیر ذیابیطس شکری:

اجزاء و ترکیب ساخت: مغز جامن، برگ لوکاٹ۔ کریلے پختہ۔ (جملہ ادویہ سایہ میں خشک شدہ) آرد نخود بریاں بمعہ چھلکا ہر ایک دوائی تین تولہ۔ افیون مصفیٰ ایک تولہ۔ تمام ادویہ علیحدہ علیحدہ باریک پیس کر کپڑے سے چھان لیں اور افیون بریاں کر کے کپڑے سے چھنے ہوئے سفوف میں خوب ملالیں

مقدار خوراک: نصف ماشہ صبح۔ نصف ماشہ شام حسب برداشت۔

فوائد: بارد امزجہ کیلئے اکسیر سے کم نہیں انشاء اللہ باپرہیز استعمال سے مرض ہمیشہ کیلئے ختم ہو جائے گا۔

پرہیز: تریاق ذیابیطس شکری (۱ نسخہ) کی تحریر پر نظر فرمادیں۔

غذا: آرد گندم۔ آرد نخود بریاں۔ آرد جوار اور آرد باجرہ برابر وزن ملالیں۔ اور اس آٹے کی چپاتی پکا کر کھلائیں۔ نیم اُبلا ہوا انڈہ کھانے کو دیں۔ سوٹیکس گولیاں (بوٹس) کمپنی بناتی ہے اور تمام میڈیکل سٹورز سے دستیاب ہیں۔ ایک دو گولیاں ایک پیالی چائے کو میٹھا کرنے کے لئے۔

کافی ہیں۔

نوٹ: اگر مریض تپ دق میں مبتلا ہو تو تپ دق کا علاج کریں رُب انار اور رُب جامن چھ ماشہ سے ایک تولہ تک روزانہ استعمال بہت مفید ہے۔ تیز بخار کے سلسلہ ا بالقرص کیا کر کھلانا بھی مفید ہے۔ دونوں نسخے تصدیق شدہ ہیں

حکیم غلام مصطفیٰ

آپ نے ابتدائی دینی و درسی تعلیم مقامی طور پر حاصل کی ۱۹۶۷ء میں میٹرک کا امتحان پاس کیا۔ آپ کے علاقہ میں علاج معالجہ کی سہولیات کا فقدان تھا اس صورت حال کے پیش نظر آپ نے عوام کی خدمت کو نصب العین بنایا اور طبی تعلیم حاصل کرنے کے لئے طبیہ کالج خوشاب میں داخلہ لیا۔ ۱۹۸۲ء میں فاضل الطب والجراحت کی سند حاصل کرنے کے بعد عملی مطب کے ذریعے دُکھی انسانیت کی خدمت میں مصروف ہوئے۔

حکیم غلام مصطفیٰ ولد دوست محمد
بمقام ڈاک خانہ کُنڈ تحصیل و ضلع خوشاب

مجرّبات

برائے ادرار حیض: اجزاء و ترکیب ساخت: بالچھڑ، تخم کلکروی، تخم مولی، تخم سوئے، تخم میتھی، تخم کسوت، تخم کاسنی، سونف، مجیٹھ، تخم کرفس، باؤبڑنگ، کلونجی، اجوائن، تگر، گاؤزبان، پوست املتاس، برگ سداب ہر ایک تین تین ماشہ۔

ان سب ادویات کو کوٹ کر آدھ سیر پانی میں بھگو دیں

ایک ہفتہ بعد [illegible] تک [illegible] جب تک [illegible] رہ جائے [illegible] ہیں۔ [illegible] اس [illegible] کو دن میں دو بار [illegible] ہیں۔

اس کے علاوہ بندش حیض [illegible] میں بھی مفید ہے۔ بندش حیض کے سبب [illegible] سیاہی کو دور کرتا ہے۔

نسخہ برائے محافظ حمل: اجزاء و ترکیب ساخت: چینی سپاری [illegible] ماشہ۔ لونگ ۵ ماشہ۔ افیون ۱ ماشہ۔ بھنگ کے پتے ۲ ماشہ جائفل ایک ماشہ۔ زعفران ایک ماشہ۔ مشک ایک رتی۔ سب ادویات کو کھرل میں نہایت باریک کریں اور تین تین رتی کی گولیاں بنالیں حیض سے فارغ ہونے کے بعد ہر روز ایک گولی معجون موچرس ۶ ماشہ کے ساتھ لیں۔ یہ نسخہ رحم کی خرابیوں کو دور کرتا ہے۔ اولاد کے قابل بناتا ہے۔

نوٹ: حاملہ عورت استعمال نہ کرے۔

سفوف ہاضم: اجزاء و ترکیب ساخت: نمک سیاہ [illegible] نمک لاہوری ۲ تولہ۔ نمک سیاہ ۱½ تولہ۔ نمک سانبھر ۲ تولہ۔ نمک سمندر ۲ تولہ۔ جوکھار ۲ تولہ۔ دھنیا خشک ۱ تولہ۔ بڑی پیپل تولہ۔ [illegible] تولہ۔ ناگ کیسر تولہ۔ سونٹھ تولہ۔ باؤبڑنگ تولہ تیزپات ۶ ماشہ دانہ الائچی ۶ ماشہ۔ زیرہ سیاہ ۶ ماشہ۔ زیرہ سفید ۶ ماشہ کالی مرچ ۶ ماشہ۔ سماق دانہ ۶ ماشہ۔ نوشادر [illegible] ماشہ انار دانہ ۲ تولہ۔ تمام ادویات کوٹ کر سفوف بنالیں اور شیشی میں بند کر کے رکھیں۔

مقدار خوراک: ۲ ماشہ سے ۳ ماشہ تک بعد غذا دیں۔

فوائد: بدہضمی، پیٹ کا درد، سینہ کی جلن، [illegible] التہاب جگر، التہاب معدہ، [illegible] اور [illegible] مفید ہے

حکیم حافظ حاجی محمّد رمضان

فن طبابت آپکا خاندانی پیشہ ہے۔ آپکے پردادا حکیم سلطان محمود اور دادا حکیم حاجی علی محمد صاحب اسی فن سے منسلک تھے۔ آپ کے والد گرامی حکیم حافظ امیر الدین صاحب اپنے علاقہ کے معروف اور درویش سیرت طبیب تھے۔ آپ نے قرآن شریف کی تعلیم اپنے والد بزرگوار سے حاصل کی۔ بعد میں درسی تعلیم حاصل کی۔ عربی مدارس میں بھی تعلیم حاصل کرنے کے بعد جناب قبلہ والد صاحب سے علم طب کا اکتساب فیض کیا۔ بعدہٗ حکیم عبداللہ صاحب پپلاں والے کے پاس تھوڑی مدت علم طب پڑھا اور سیکھا۔ بعد میں باقاعدگی سے یونانی میڈیکل اسکول میں داخلہ لیا اور کامیابی کے بعد باقاعدگی سے اپنا علیحدہ مطب بنایا۔ اسی دوران یونانی میڈیکل میں بطور پروفیسر کے دس سال تک فن طب کی تعلیم دی۔ لیکن بعض ناگزیر حالات کی بنا پر آپ نے یہ سلسلہ منقطع کر دیا۔ تاہم طب کی تدریس مطب پر جاری ہے۔ آپ ایک ماہر طبیب عربی، فارسی اور طب کے قابل استاد اور طب اسلامی کے علمبردار ہیں جو کہ دُکھی انسانیت کی خدمت میں ہمہ وقت مصروف ہیں۔

حکیم حافظ حاجی محمد رمضان ولد حکیم حافظ امیر الدین
محلہ تاج پورہ خوشاب

مجربات

دوائے ریٹھہ: اجزائے و ترکیب ساخت: پوست ریٹھہ محرق دس تولہ، کتھہ سفید دس تولہ دونوں ادویہ کو خوب سحق بلیغ کر کے محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک: چار سے آٹھ رتی تک ہمراہ بدرقہ مناسب۔

فوائد: بواسیر خونی، استحاضہ، سیلان الرحم۔ قرحہ سوزاک اور ہر قسم کی خارش کیلئے مجرب خاندانی تجربہ شدہ نسخہ ہے۔

نوٹ: ریٹھہ محرق کی ترکیب: پوست ریٹھہ ایاؤ۔ اوپلے خشک دس سیر۔ پوست ریٹھہ کو کوزہ گلی میں بند کر کے آگ دیں یہی ریٹھہ محرق ہے۔ (دیہاتی اور متعدد ماکولات امراض)

دوائے مجربیت: اجزاء و ترکیب ساخت، جو کہ تمام امراض دموی سوداوی میں انتہائی مفید و مجرب ہے خاص کر کے خنازیر میں بیحد مفید ہیں ہر قسم کی خارش میں تو تھوڑے ہی دن علاج کرنے سے فوری طور پر آرام آجاتا ہے۔ یہ بھی نسخہ اور اس نسخے کی ترکیب دیسی طریقہ علاج سے دلچسپی اور دل لگی ہے اور ہزاروں مریضوں پر تجربہ شدہ چیز ہے۔

آملہ سار ایاؤ۔ گودا گھیکوار ایاؤ۔ آملہ سار کو کھرل میں ڈال کر آب گھیکوار سے کھرل کرنا شروع کریں۔ جب گودا مکمل طور پر ختم ہو جائے اور آملہ سار مکمل طور پر سحق بلیغ ہو جائے تو شیشی میں محفوظ رکھیں۔

خوراک: ایک رتی سے ۲ رتی تک ہمراہ بدرقہ مناسب کے ملفوف کر کے کھلائیں اور قدرت کا کرشمہ دیکھیں۔ ہمہ قسم کے دیدان شکم اور فساد خون کیلئے اکسیر ہے۔

حکیم نواب الدین

آپ ۱۹۲۵ء ریاست پٹیالہ ہندوستان میں پیدا ہوئے ابتدائی دینی تعلیم حاصل کرنے کے بعد عربی اور فارسی کی تعلیم حاصل کی۔ اس کے ساتھ ساتھ گرمکھی زبان پر عبور حاصل کیا۔ اور ویدک طب سے آگاہی حاصل کی۔ کیونکہ آپ کو وراثت میں ملی تھی چنانچہ تعلیم مکمل کرنے کے بعد ۱۹۴۵ء میں مطب شروع کیا پاکستان بننے کے وقت ہجرت کر کے یہاں مطب کا سلسلہ دوبارہ شروع کیا۔ ۱۹۶۵ء میں طبی بورڈ سے رجسٹرڈ ہوئے اور بحر الصحت لیبارٹری رجسٹرڈ کروائی۔ اس طرح آپ فن اور خلق خدا کی خدمت میں مصروف ہیں۔

حکیم نواب الدین ولد شہاب الدین
دواخانہ بحر الصحت چک ۶L/۱۵L ضلع خانیوال

مجربات

برائے ادرار حیض: اجزاء و ترکیب ساخت: ہیرا ہینگ، شنگرف رومی، ہیرا کسیس، سہاگہ بریاں، تکہ، مصبر سیاہ، نوشادر، تخم حنظل ہر ایک ایک تولہ، ریوند خطائی دو تولہ، تخم مکو دو تولہ، زعفران تین ماشہ کوٹ چھان کر حبوب بقدر نخود تیار کریں۔

مقدار خوراک: ا گولی صبح و شام

فوائد: ایام سے ہفتہ قبل شروع کروائیں۔

برائے ضعف دماغ: اجزاء و ترکیب ساخت: لسی کی تلچھٹ پن کر نکال میں تین تولہ اور برابر وزن چینی ملا کر گھوٹیں اس میں کشتہ مرجان ار رتی رکھ کر نہار منہ سات دن استعمال کریں۔

فوائد: ضعف دماغ، سردرد، چکر وغیرہ میں مفید ہے۔

حکیم محمد یوسف اسرار سروری قادری

آپ بمطابق ۱۹۴۷ء میانچنوں میں پیدا ہوئے۔ ابتدائی دینی و درسی تعلیم کے بعد ایم بی ہائی سکول سے میٹرک کا امتحان پاس کیا۔ پھر اسلامیہ ڈگری کالج سے ایف۔ ایس سی کا امتحان امتیازی حیثیت سے پاس کیا۔ اور مدرسہ احیائے علوم عظیم آباد سے فن خطابت کی سند حاصل کی اور اس شعبہ سے منسلک ہو گئے۔ اسی دوران طب اسلامی کی طرف مائل ہوئے۔ اور حکیم ثناء اللہ ہاشمی صاحب حاذق الحکماء سے طب کی عملی و درسی تعلیم کیلئے رجوع کیا۔ ۱۹۶۵ء میں طبی بورڈ سے درجہ اول میں رجسٹرڈ ہوئے اور عملی مطب کے ذریعے دکھی انسانیت کی خدمت میں مصروف ہیں۔

حکیم محمد یوسف اسرار سروری قادری ولد میاں محمد یعقوب سروری قادری
محمدیہ دواخانہ محسن وال ضلع خانیوال

مجربات

سفوف اکسیری: اجزاء و ترکیب ساخت: گل سرخ، بادیان بریاں، سنا مکی، اجوائن دیسی، نمک سیاہ

نمک خوردنی ہموزن سفوف بنالیں۔

مقدار خوراک: تین ماشہ صبح و شام بعد از غذا۔

فوائد: جملہ امراضِ معدہ میں مفید ہے۔

برائے سیلان الرحم: اجزاء و ترکیب ساخت: بیگری، الائچی خورد، طباشیر، مصری کوزہ۔ ککر کس ہر ایک ہموزن سفوف بنالیں۔

مقدار خوراک: دو ماشہ ہمراہ شیر۔

فوائد: سیلان الرحم، جریان و سرعت انزال میں مفید ہے

حکیم احمد الدین

آبائی وطن ضلع فیروز پور (بھارت) کا گاؤں شیر پور تایاں ہے۔ پیدائش ۲۵ اپریل ۱۹۱۲ء میں ہوئی۔ گھریلو ماحول مذہبی رنگ میں رنگا ہوا تھا۔ اس لئے ابتدائی تعلیم میں مکتب و مدرسہ کا حسین امتزاج رہا۔ امتحان مڈل پاس کرنے کے بعد تقریباً دو اڑھائی سال تک مختلف مدرسوں میں درس و تدریس کے فرائض انجام دیئے علم طب اور علم دین میں جو چولی دامن کا ساتھ ہے اس کے زیرِ اثر سرکاری ملازمت کو خیرباد کہہ کر پیشہ طبابت ہی کا ہو کر رہ گئے، اس پیشے میں رہنمائی کے لئے حکیم امام الدین صاحب (مرحوم) جو دہلی کے طبیہ کالج کے فارغ التحصیل اور تجربہ کار معالج تھے۔ ان سے کسبِ فیض کا شرف حاصل ہوا انہوں نے میزان طب، طب اکبر، اور ترجمہ کلیات نفیسی وغیرہ کی توضیح و تشریح سے علم طب سے متعارف کرایا۔ ۱۹۳۵ء میں اپنے ہی گاؤں میں مطب قائم کرکے دکھی انسانوں کی خدمت شروع کی اور ساتھ ہی مذہب کی وادیوں میں اپنے مطالعہ و مشاہدہ سے گامزن رہے ۱۹۴۷ء کے خونی انقلاب نے ترک سکونت پر مجبور کیا تو نئی امنگوں آرزوؤں کی ہزار جنتیں دیدہ و دل میں بسائے دارالامان "پاکستان" میں وارد ہوئے اکتوبر ۱۹۴۷ء موجودہ جائے پنج کسی ضلع خانیوال میں فنِ طب کے ذریعے خدمت میں مصروف ہوئے۔ آپ طب اسلامی کی ترویج و ترقی سے گذشتہ پچاس سال سے سرگرم عمل ہیں۔

حکیم احمد الدین ولد حاجی محمد اسماعیل

پنج کسی ڈاکخانہ براستہ کڑھی والا تحصیل کبیر والا ضلع خانیوال

مجرّبات

حب ملین بیضرر: اجزاء و ترکیب ساخت: مغز بادام مقشر ۲½ تولہ۔ مویز منقیٰ ۲½ تولہ، سقمونیا اصلی ۲½ تولہ۔

پہلے سقمونیا کو باریک پیس کر علیحدہ رکھیں، پھر مغز بادام کو باریک کوٹیں اور بعد میں منقہ شامل کریں جب دونوں یک جان ہو جائیں تو بعد میں سقمونیا باریک کیا ہوا ملالیں بس تیار ہے گولیاں نخودی تیار کریں۔

فوائد: دائمی قبض، بہترین ملین ہے بچوں، بوڑھوں کے لئے یکساں مفید ہے۔

اکسیر کرنجوی: اجزاء و ترکیب ساخت: مغز کرنجوہ ۵ تولہ، دانہ الائچی کلاں ۵ تولہ، جدوار خطائی ۶ ماشہ طباشیر اصلی ۲ تولہ، ست گلو خانہ ساز ۵ تولہ، ورق نقرہ کلاں ۳۰ عدد۔ تمام ادویات کو کوٹ چھان کر باریک پیس کر سفوف بنادیں۔ ورق بعد میں ایک ایک کرکے ملالیں۔

مقدار خوراک: ۱ ماشہ سے ۲ ماشہ تک ہمراہ شربت بنفشہ ۲ تولہ، عرق سونف ۸ تولہ۔ ہر قسم کے بخاروں کے لئے مفید

مجرب ہے۔

حب مسکی : اجزاء وترکیب ساخت : سوڈا سیلی سلاکس تولہ اسپرین ۶ ماشہ سوڈا بائیکارب تولہ۔ دوالمسک معتدل بانافہ جواہر دار حسب ضرورت۔ پہلے تینوں ادویات کو ملالیں۔ پھر دوالمسک حسب ضرورت ملالیں۔ جس سے گولیاں بن سکیں خیال رکھیں یہ مرطوب ہوا میں یا موسم برسات میں نہ بنادیں۔ کیونکہ نمی لگنے سے یہ دوائی پانی کیطرح ہو جائے گی اور گولیاں نہیں بن سکیں گی۔

مقدار خوراک ، ۱ تا ۲ گولی ہمراہ شربت بنفشہ یا چائے نیم گرم کے ساتھ استعمال کریں نزلہ و زکام بخار پٹھوں میں درد تھکن وغیرہ کے لئے مفید ہے۔

سفوف پیچش : اجزاء وترکیب ساخت : پوست خشخاس ½۶ تولہ، زنجبیل ½۵ تولہ۔ ہلیلہ سیاہ بریاں ½۵ تولہ۔

تمام ادویات کو کوٹ چھان کر باریک سفوف تیار کریں۔

مقدار خوراک : ۵ گرام صبح و شام پانی کے ساتھ بچوں کو حسب عمر ا سے ۲ ماشہ تک۔

فوائد ، پیچش سُدی ہو یا غیر سُدی۔ خون آتا یا نہ آتا ہو ہر حال میں اس دوائی کا استعمال مفید ہے۔

پروفیسر حکیم محمود خان جعفر

آپ ۸ جنوری ۱۹۵۷ء کو تونسہ شریف ضلع ڈیرہ غازیخان میں پیدا ہوئے۔ آپ کے والد بزرگوار حکیم احمد خان جعفر صاحب تونسہ کے معروف طبیب اور جید عالم تھے جو عرصہ پچاس سال تک طب اسلامی کی ترویج و ترقی میں مصروف رہے۔ آپ نے عربی اور فارسی کی تعلیم انہی سے حاصل کی۔ درس نظامی کے ساتھ ساتھ رائج الوقت تعلیم میں بھی دلچسپی بڑھی تو گورنمنٹ ہائی سکول سے میٹرک کا امتحان پاس کر کے گورنمنٹ کالج بوسن روڈ ملتان سے ایف۔ ایس۔ سی کے بعد بہاؤالدین زکریا یونیورسٹی سے ۱۹۷۸ء میں گریجویشن کیا۔ ۱۹۸۱ء قائداعظم یونیورسٹی سے ایم ایس سی بیالوجی کا امتحان امتیازی حیثیت سے پاس کیا۔ ثقافتی ادارہ فرینچ کلچر سنٹر سے فرانسیسی زبان میں ڈپلومہ حاصل کر کے گورنمنٹ انٹر کالج فورٹ عباس ضلع بہاولنگر میں بحیثیت لیکچرار ملازمت کا آغاز کیا۔ پھر عارف والا سے گورنمنٹ ڈگری کالج خانیوال میں تقرری ہوئی۔ طب اسلامی سے گہری وابستگی کی بناء پر اسلامیہ طبیہ کالج ملتان سے طب کی تعلیم حاصل کی۔ درس و تدریس کے علاوہ جڑی بوٹیوں پر تحقیقی کتب کے تراجم آپ کا خصوصی شعبہ ہے۔ علاوہ ازیں عملی مطب کے ذریعے خدمت خلق میں مصروف ہیں۔

حکیم پروفیسر محمود سلطان جعفر
گورنمنٹ ڈگری کالج خانیوال

مجربات

سنگرہنی : اجزاء وترکیب ساخت : معجون سنگدانہ مرغ ایک چمچ جوارش جالینوس آدھا چمچہ نہار منہ و شام خالی پیٹ۔ شربت فولاد بعد از غذا۔ حب جواہر ایک گولی بوقت شب۔

حکیم عبدالعزیز صابری

آپ ۱۹۲۸ء کو بمقام چک ۲۴۰/۱۰-R تحصیل وضلع خانیوال میں پیدا ہوئے ابتدائی دینی ودرسی تعلیم مقامی طور پر حاصل کی۔ میٹرک پاس کرنے کے بعد دین کی مزید تعلیم صرف ونحو فارسی درسِ نظامی چک ۲-۱۰ کے مولانا عبداللہ صاحب سے حاصل کی۔ پھر فوج سے منسلک ہوگئے۔ دورانِ ملازمت اُردو اور انگریزی تعلیم حاصل کی۔ بعدازاں ملازمت ترک کرکے طب کیطرف راغب ہوئے۔ طب کی تعلیم سبقاً وعملاً حاصل کرنے کے بعد طبی بورڈ سے رجسٹرڈ ہوئے اور عملی طب شروع کیا۔ آپ طب اسلامی کی ترویج وترقی اور خدمتِ خلق کو اپنے مقصدِ حیات بنائے ہوئے ہیں۔

حکیم عبدالعزیز صابری ولد نواب دین
العزیز یونانی لیبارٹریز (رجسٹرڈ) کالونی نمبر ۳ خانیوال

مجربات

تریاق برائے اعصابی تبخیر معدہ: اجزاء وترکیب ساخت: زنجبیل۔ ریوند خطائی، نانخواہ سوڈا بائیکارب ہر ایک دو سو گرام۔ نوشادر ٹھیکری، مرچ سیاہ ہر ایک سو گرام جملہ ادویہ کا سفوف بنالیں۔

مقدار خوراک: ایک ماشہ سے ڈیڑھ ماشہ تک بعد از غذا۔

قرص سعال: اجزاء وترکیب ساخت: مغز بادام مقشر، مغز کدو شیریں۔ تخم خشخاس۔ صمغ عربی ست ملٹھی ہر ایک ۲۰ بیس گرام چینی ایک سو پچاس گرام (۱۵۰) جملہ ادویہ الگ الگ سفوف کرکے باہم کریں اور پانی کی مدد

سے رگڑیں۔ روغن نکلنے پر قرص بنائیں۔

مقدار خوراک: دو قرص دن میں تین مرتبہ۔

فوائد: نزلہ حار، گلے کی خراش اور کھانسی میں مفید

تریاق نزلہ: اجزاء وترکیب ساخت: بزرالبنج، خشخاس ہموزن باریک سفوف بنا کر کیپسول بھریں۔

مقدار خوراک: ایک کیپسول صبح وشام ہمراہ قہوہ۔

فوائد: نزلہ وزکام میں انتہائی مفید ہے۔

حکیم نذیر احمد چوہدری

آپ ۱۶ جنوری ۱۹۶۲ء کو موضع کوٹ بہارا تحصیل وضلع خانیوال میں پیدا ہوئے ابتدائی دینی ودرسی تعلیم مقامی طور پر حاصل کی۔ چک نمبر ۱۴۲/۱۰-R سے مڈل کا امتحان پاس کرنے کے بعد گورنمنٹ ہائی سکول جہانیاں سے میٹرک کا امتحان کیا۔ آپ کو بچپن سے ہی طب اسلامی سے خصوصی لگاؤ تھا چنانچہ اسی شوق کی تکمیل کے لئے اسلامیہ طبیہ کالج میں داخل ہوئے اور ۱۹۸۶ء میں فاضل الطب والجراحت کی سند حاصل کی۔ اور رازی ہسپتال کے نام سے عملی طب کا آغاز کیا۔ علاوہ ازیں آپ ایک سماجی کارکن کی حیثیت سے معروف فلاحی ادارہ تعمیر ویلفیئر ٹرسٹ ملتان سے منسلک ہوکر سماجی خدمات انجام دے رہے ہیں اور ساتھ ساتھ فن شریف کے ذریعے دکھی انسانیت کی خدمت میں مصروف ہیں۔

حکیم نذیر احمد چوہدری ولد شمس الدین
چک ۱۱۱/۱۰-R ڈاکخانہ جہانیاں تحصیل ضلع خانیوال

شفاء العین: اجزاء و ترکیب ساخت: عرق گلاب خالص ایک بوتل۔ پھٹکڑی سفید بریاں ایک تولہ، ست پودینہ ۱ ماشہ۔ تمام دواؤں کو باریک کپڑچھان کر کے اور عرق گلاب میں حل کریں تیار ہے۔

مقدار خوراک: دو قطرے صبح و شام ڈراپر سے آنکھوں میں ٹپکائیں۔

فوائد: آنکھوں کی سُرخی جلن، درد خارش میں مفید ہے

سفوف ہاضم: اجزاء و ترکیب ساخت: نمک سیاہ، نمک شیشہ، نوشادر ٹھیکری، زیرہ سفید ست لیموں، فلفل سیاہ، فلفل دراز، زنجبیل ہر ایک پانچ تولہ، ست پودینہ ایک تولہ، ست اجوائن تولہ، ہینگ بریاں دو تولہ۔ باریک سفوف بنالیں۔

مقدار خوراک: ۱ ماشہ سے ڈیڑھ ماشہ تک بعد از طعام۔

فوائد: جملہ امراض معدہ کیلئے معمول مطب ہے۔

سفوف اکسیری: اجزاء و ترکیب ساخت: موصلی سفید پانچ تولہ، گوند چھوہارہ پانچ تولہ۔ ثمر ببول پانچ تولہ۔ فوفل پانچ تولہ۔ گوند ببول پانچ تولہ تخم حرمل پانچ تولہ۔ مغز تخم ثمر ہندی کلاں پانچ تولہ۔ کچلہ مدبر (در شیر) ایک تولہ۔ جملہ ادویہ باریک سفوف بنالیں۔

مقدار خوراک: دو ماشہ ہمراہ دودھ صبح و شام۔

فوائد: جریان احتلام، رقت سرعت و ذکاوت حس میں مفید ہے۔

حکیم شیر محمدؐ

آپ ۱۹۲۳ء کو چک دولت تحصیل میاںچنوں ضلع خانیوال کے ایک معزز گھرانے میں پیدا ہوئے۔ ابتدائی دینی و درسی تعلیم حاصل کرنے کے بعد میٹرک کا امتحان پاس کرنے ادیب [illegible] کی سند [illegible] شعبہ طب سے خصوصی لگاؤ کی بنیاد پر طبیہ کالج [illegible] سے ۱۹۲۲ء میں حکیم حاذق کی سند حاصل کی۔

برصغیر کی تقسیم کے وقت پاک فوج میں اپنی [illegible] خدمات انجام دیں پھر اپنے آبائی گاؤں دولت پور میں [illegible] مطب کے ذریعے خدمت خلق میں مصروف ہیں۔

حکیم شیر محمد ولد محمد بخش
چک دولت پور تحصیل میاںچنوں ضلع خانیوال

مجربات

برائے امراض جلد: اجزاء و ترکیب ساخت: [illegible] تین ماشہ دار چکنہ تین ماشہ، زنگ [illegible] ایک ماشہ۔ ویزلین سادہ ڈھائی تولہ باہم ملا کر مرہم تیار کریں۔

فوائد: داد، چنبل میں مفید ہے۔

برائے بواسیر: اجزاء و ترکیب ساخت: بلیلہ سیاہ [illegible] آملہ ایک تولہ۔ بہیڑہ ایک تولہ۔ گوگل تین تولہ۔ گوند کیکر [illegible] پانی حسب ضرورت ملا کر حبوب بقدر نخود تیار کریں۔

مقدار خوراک: تین ماشہ صبح دوپہر شام۔

فوائد: بواسیر، شقاق مقعد، درد، جلن میں مفید ہے۔

قبض کشا: اجزاء و ترکیب ساخت: حب [illegible] ڈھائی تولہ بلیلہ سیاہ ڈھائی تولہ، [illegible] ڈھائی تولہ۔ آب لیموں کی مدد سے حبوب بقدر نخود تیار کریں۔

مقدار خوراک: دو گولی سے چار گولی تک بمطابق [illegible]

فوائد: بے ضرر مسہل ہے۔

برائے پیچش:

اجزاء و ترکیب ساخت: مازو ایک تولہ پوست خشخاش ایک تولہ۔ افیون چھ ماشہ۔ کتھ سفید چھ ماشہ۔ گوند کیکر چھ ماشہ حبوب نخودی تیار کریں۔

مقدار خوراک: ایک گولی صبح دوپہر شام۔

فوائد: اسہال و پیچش میں مفید ہے۔

حکیم خالد محمود کمبوہ احمی

آپ یکم جون ۱۹۵۵ء کو کچا کمبوہ خانیوال کے ایک معزز گھرانہ میں پیدا ہوئے ابتدائی دینی و درسی تعلیم کے بعد والد بزرگوار سے قرآن حکیم ناظرہ کی تعلیم حاصل کی گورنمنٹ ہائی سکول کچا کمبوہ سے میٹرک کا امتحان پاس کرنے کے بعد والد محترم جو کہ علاقہ کے نامور طبیب ہیں سے فن طب کی عملی و درسی تعلیم مکمل کی۔ پنجاب یونیورسٹی سے بی فارمیسی کی سند حاصل کی۔ آپ ایک نوجوان پرعزم طبیب ہیں۔ جو طب اسلامی کی ترویج و ترقی کے ساتھ ساتھ عملی مطب کے ذریعے دکھی انسانیت کی خدمت کا فریضہ انجام دے رہے ہیں۔

حکیم خالد محمود کمبوہ احمی ولد حکیم محمد یونس احمی
زرشاب مجرب دواخانہ وہاڑی روڈ کچا کمبوہ خانیوال

مجربات

محرک و مقوی اعضائے رئیسہ:

اجزاء و ترکیب ساخت: جوزبوا۔ بسباسہ۔ قرنفل دارچینی۔ شگوف۔ روی۔ عقرقرحا۔ اجوائن خراسانی جملہ ادویہ ہموزن سفوف بنائیں اور آب ادرک کی مدد سے حبوب بقدر نخود تیار کرلیں۔

مقدار خوراک: ا۔ گولی صبح و شام ہمراہ شیر۔

فوائد: مقوی و محرک اعضائے رئیسہ ہے۔

ممسک و مقوی:

اجزاء و ترکیب ساخت: جو نشہ زر دارچینی۔ عود ہندی۔ زنجبیل ہر ایک ماشہ۔ عود ہندی تین ماشہ۔ تمام ادویہ سفوف ہر دو چند گلوکوز ملائیں۔

مقدار خوراک: ڈیڑھ ماشہ صبح شام۔

فوائد: ممسک مقوی و محرک ہے۔

حکیم مسعود احمد نظامی

آپ پندرہ مارچ ۱۹۶۹ء کو بمقام چک ۱۳ ڈی تحصیل ۱۰۔۹ و ضلع خانیوال کے ایک معزز گھرانہ میں پیدا ہوئے۔ ابتدائی دینی و درسی تعلیم مقامی طور پر حاصل کی۔ بعد ازاں میٹرک کا امتحان گورنمنٹ ہائی سکول سے پاس کیا۔ گورنمنٹ اسلامیہ ڈگری کالج سے فارغ ہو کر زکریا یونیورسٹی سے ایم اے اسلامیات کی ڈگری حاصل کی فن طب آپ کو وراثتاً منتقل ہوا تھا۔ آپ کے والد محترم دادا حکیم رحمت اللہ اور چچا جان حکیم الحاج عبداللہ مرحوم ہی والے نامور حکماء تھے آپ نے ابتدائی طبی تعلیم اپنے والد الحاج حکیم محمد فاروق نظامی صاحب سے حاصل کی۔ پھر درسی تعلیم کیلئے اسلامیہ طبیہ کالج ملتان سے فاضل الطب والجراحت کی سند حاصل کرکے عملی مطب کے ذریعے خدمت فن اور خدمت خلق میں مصروف ہوئے۔ آپ ایک نوجوان پرعزم طبیب اور طب اسلامی کے علمبردار ہیں۔

حکیم مسعود احمد نظامی ولد الحاج حکیم محمد فاروق نظامی
نظامی دواخانہ ٹھٹھہ صادق آباد ضلع خانیوال

مجربات

اکسیر نسواں: اجزاء و ترکیب ساخت: کشتہ فولاد جالن والا ایک تولہ، مرمکی ایک تولہ، بھنگ تین ماشہ ایلوا مصفیٰ ا تولہ، زعفران تین ماشہ کھرل کرکے حبوب نخود تیار کرلیں۔

مقدار خوراک: ایک گولی روزانہ ہمراہ شیر۔
فوائد: جملہ امراض نسواں ایام کی بے قاعدگی۔ بندش ورم رحم، کمزوری رحم، درد کمر، بانجھ پن کیلئے مفید ہے۔

اکسیر لیکوریا: اجزاء و ترکیب ساخت: صلایہ قرش بیضہ مرغ دو تولہ، کشتہ مرجان دو تولہ۔ ست مازو دو تولہ، کشتہ فولاد دو تولہ۔ تخم سریالہ پانچ تولہ۔ سمندر سوکھ پانچ تولہ۔ جفت بلوط پانچ تولہ علیحدہ علیحدہ سفوف بنا کر باہم کرلیں۔

مقدار خوراک: دو ماشہ صبح و شام ہمراہ شیر۔
فوائد: سیلان الرحم کی ہر قسم میں مفید ہے۔

اکسیر کثرت طمث: اجزاء و ترکیب ساخت: مائیں مدبر (آب پتہ گاؤ) دو تولہ، دم الاخوان دو تولہ، رال سفید سوختہ پانچ تولہ، توے کی سیاہی تین تولہ رال کو پگھلا کر توے کی سیاہی ملاتے جائیں جب سیاہی ختم ہو اتار کر جملہ ادویہ شامل کرکے سفوف تیار کرلیں اور بڑے کیپسول بھرلیں۔

مقدار خوراک: ایک کیپسول صبح و شام ہمراہ شربت انجبار۔
فوائد: کثرت طمث میں مفید ہے۔

حکیم بشیر احمد چوہدری

آپ ۱۵ اپریل ۱۹۳۷ء بمقام شادی وال ضلع فیروزپور (بھارت) میں پیدا ہوئے اور ابتدائی دینی و درسی تعلیم مقامی طور پر حاصل کی۔ بعد ازاں ہجرت کرکے پاکستان چلے آئے اور میٹرک کا امتحان گورنمنٹ ہائی سکول چک ۱۳۵/10-R تحصیل و ضلع خانیوال سے پاس کیا۔ کراچی یونیورسٹی سے بی اے کی سند حاصل کی اور طب اسلامی سے خصوصی دلچسپی کی بنا پر اسلامیہ طبیہ کالج ملتان میں داخلہ لیا۔ ۱۹۸۲ء میں فاضل الطب والجراحت کی سند حاصل کی۔ طبی تعلیم کے دوران فارمیسی اسسٹنٹ کا کورس پاس کیا۔ اور عملی طب شروع کیا۔ آپ طب اسلامی کی ترویج و ترقی اور خدمت خلق میں مصروف ہیں۔

حکیم بشیر احمد چوہدری ولد چوہدری فتح محمد
چوہدری میڈیکل ہال ٹھٹھہ صادق آباد، خانیوال

مجرّبات

برائے دیدان شکم: اجزاء و ترکیب ساخت: باؤبڑنگ ۲ تولہ مغز خروٹ تین تولہ۔ کھانڈ دیسی پانچ تولہ سفوف تیار کرلیں۔

مقدار خوراک: ۱ ماشہ سے دو ماشہ تک ہمراہ میٹھا۔
فوائد: دیدان شکم ہر قسم کیلئے مفید ہے پانچ گھنٹہ تک خوراک دیں دوبارہ نہیں ہوں گے۔

سفوف اکسیری عرق النساء: اجزاء و ترکیب ساخت: موصلی سفید دو تولہ۔

اسگند ناگوری دو تولہ۔ بیلگری دو تولہ۔ سورنجاں شیریں دو تولہ۔ فلفل سیاہ دو تولہ۔ فلفل دراز دو تولہ۔ کوزہ مصری دو تولہ سفوف تیار کریں۔

مقدار خوراک: دو ماشہ ہمراہ شیر نیم گرم۔

فوائد: عرق النساء میں مفید و معمول ہے۔

حکیم محمد فاروق نظامی

حکیم الحاج محمد فاروق نظامی سرسہ ضلع حصار (بھارت) میں بمطابق مورخہ ۱۰ اپریل ۱۹۴۰ء میں پیدا ہوئے۔ ابتدائی دینی و درسی تعلیم مقامی طور پر حاصل کی پھر میٹرک کا امتحان چک ۱۳۵/۱۰-R گورنمنٹ ہائی سکول سے پاس کیا۔ فن طب آپ کو وراثت میں ملا۔ آپ کے والد بزرگوار ایک نامور طبیب اور گرانقدر کتب کے مؤلف تھے۔ ارزاں چٹکلے اور صحیفہ رحمت انکی معروف کتب ہیں آپ نے فن طب کے رموز و نکات سے آگاہی اپنے والد صاحب جناب حکیم رحمت اللہ سلمانی مرحوم و مغفور سے ہی حاصل کی اور عملی مطب بھی انہی سے سیکھا۔ آپ طب اسلامی کے علمبردار ہیں ایک ماہر طبیب کی حیثیت سے خدمت خلق میں مصروف ہیں۔

حکیم الحاج محمد فاروق نظامی ولد حکیم رحمت اللہ سلمانی ٹھٹھہ صادق آباد تحصیل و ضلع خانیوال۔

مجربات

اکسیر مقوی باہ و مہی:

اجزاء و ترکیب ساخت: شقاقل مصری دو تولہ۔ پنیر مایہ خر اعرابی نو ماشہ۔ ریگ ماہی سات ماشہ۔ عنبر اشہب ۱ ماشہ۔ زعفران تین ماشہ مغز سر گنجشک نر سات ماشہ۔ جڑ پان، شہد کی مدد سے حب بقدر نخود تیار کریں۔

مقدار خوراک: ایک سے دو گولی حسب برداشت ہمراہ شیر۔

فوائد: مقوی اعضائے رئیسہ مقوی باہ و مہی خاص ہے

روغن مقوی اعصاب (طلاء خاص)

اجزاء و ترکیب ساخت: روغن بیضہ مرغ، چربی سانڈہ ہر ایک تولہ۔ عود سک چھ ماشہ فرائی پان میں ڈال کر روغن حاصل کریں بعدہ زعفران چار رتی۔ کستوری چار رتی۔ جلوتری دو ماشہ، عقرقرحا دو ماشہ جائفل دو ماشہ شامل کرکے تین یوم کھرل کریں۔

استعمال: بوقت ضرورت دو رتی یک مالش کریں ٹھنڈے پانی سے پرہیز۔

فوائد: عضو کے جملہ عوارضات میں مفید ہے۔

تریاق ذیابیطس:

اجزاء و ترکیب ساخت: کندر، کریلا خشک، برگ نیم خشک، مغز جامن، کلونجی ہر ایک پانچ تولہ باریک سفوف بنالیں۔ گڑمار بوٹی ایک پاؤ لے کر دو سیر پانی میں رات بھر بھگو کر صبح جوش دیں۔ جب پانی تین پاؤ رہ جائے تو چھان لیں اور دوبارہ آگ پر رکھیں۔ جب قوام گاڑھا ہو جائے مذکورہ سفوف شامل کرکے حبوب بقدر نخود تیار کریں۔

مقدار خوراک: دو گولی بوقت صبح ہمراہ آب۔

پتھری توڑ:

اجزاء و ترکیب ساخت: کشتہ سنگ یہود پانچ تولہ (درخندہ ریٹھا ایک پاؤ) سنگ سرماہی پانچ تولہ پھٹکڑی پانچ تولہ۔ سوڈا بائیکارب پانچ تولہ۔ باریک سفوف بنالیں اور کیپسول بھر لیں۔

مقدار خوراک: ایک کیپسول صبح دوپہر شام ہمراہ شربت دیں۔

فوائد: سنگ گردہ کے اخراج میں مفید ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت: جوکھار۔ قلمی شورہ۔ کلتھی

شربت: کرفس۔ ریش مکئی، چھلکا خربوزہ، چینی تین پاؤ

بطریق معروف شربت تیار کریں۔

مقدار خوراک: ایک سے دو تولہ پانی ملا کر۔

حکیم میاں عقیل الرحمٰنؒ

آپ پندرہ جنوری ۱۹۶۰ء کو خانیوال کے ایک معزز گھرانے میں پیدا ہوئے ابتدائی دینی و درسی تعلیم مقامی طور پر حاصل کی چونکہ آپ کے خاندان کے اکثر افراد اس فن شریف سے منسلک ہیں لہذا فطری لگاؤ کی وجہ سے طب کیطرف مائل ہوئے۔ ۱۹۸۲ء میں بطور ڈسپنسر محکمہ صحت سے وابستہ ہوئے۔ فن طب کے رموز و نکات سے آگاہی حاصل کرنے کیلئے دور دراز علاقوں کا دورہ کیا بعدازاں ابن سینا طبیہ کالج میں داخل ہوئے۔ عملی مطب کے ذریعے خدمت خلق میں مصروف ہیں۔

حکیم میاں عقیل الرحمٰن

مکان نمبر ۲۵ بلاک نمبر ۱ لائن نمبر ۳۔ خانیوال

مجربات

اکسیر نسواں: اجزاء و ترکیب ساخت: ثعلب مصری، مغز تخم سرس، سنگجراحت۔ لاکھ (مغسول) گل سپاری، زہر مہرہ خطائی ہر ایک ایک تولہ، صمغ عربی چھ ماشہ کشتہ صدف تین ماشہ سفوف بنا کر شہد کی مدد سے حبوب نخودی تیار کرلیں۔

مقدار خوراک: [illegible] گولی صبح دوپہر شام

فوائد: [illegible]

برائے تقویت قلب: اجزاء و ترکیب ساخت: [illegible]

[illegible] چاندی کے درمیان [illegible] چاندی [illegible] کی دو دو تہ آگ دیں پھر عرق گلاب اور بیدمشک میں کھرل کرکے محفوظ کریں۔

مقدار خوراک: ارتی ہمراہ بدرقہ مناسب۔

فوائد: تقویت قلب کیلئے مفید ہے۔

حکیم محمد رمضان نیاز

آپ ۷ ۱۹۵۷ء کو تحصیل کبیر والا کے معروف شہر مخدوم پور پہوڑاں میں پیدا ہوئے آپ کے والد گرامی علاقہ کے معروف ماہر طبیب کی حیثیت سے جانے جاتے ہیں۔ آپ نے ابتدائی دینی و درسی تعلیم مقامی طور پر حاصل کی۔ میٹرک کا امتحان امتیازی حیثیت سے پاس کرنے کے بعد طب اسلامی سے خصوصی لگاؤ کی بناء پر ۱۹۷۴ء میں جامع طبیہ اسلامیہ فیصل آباد میں داخلہ لیا اور ۱۹۷۸ء میں فاضل الطب والجراحت کی سند حاصل کی۔ دوران تعلیم والد صاحب سے عملی مطب اور طب کے رموز و نکات سے آگاہی حاصل کی اور تعلیم سے فارغ ہو کر ان کے ساتھ ہی مطب میں معاونت کرتے رہے۔ بعدازاں علیحدہ مطب شروع کیا۔ اور خدمت خلق میں مصروف ہوئے۔

حکیم محمد رمضان نیاز ولد حکیم غلام حسین
چوہان دروازہ مخدوم پور پہوڑاں تحصیل کبیروالا ضلع خانیوال

مجربات

سفوف ہیضہ: اجزاء و ترکیب ساخت: زنجبیل ایک تولہ۔ فلفل سیاہ ایک تولہ۔ سہاگہ بریاں ایک تولہ۔ نمک سونچر ایک تولہ۔ حلتیت چھ ماشہ۔ آب سہانجنہ بقدر ضرورت۔
تمام ادویہ کو کوٹ چھان کر باہم ملالیں۔ اور آب سہانجنہ میں نخودی گولیاں تیار کر لیں۔
فوائد: درد شکم۔ نفخ شکم۔ قے۔ اسہال وغیرہ غرضیکہ معدہ کی ہر تکلیف میں کارگر ہے۔ ۲ گولی صبح دو گولی شام ہمراہ آب تازہ استعمال کرائیں۔

مرہم کافور: اجزاء و ترکیب ساخت: کافور ایک تولہ۔ سلفانا مائیڈ پوڈر دو تولہ۔ سیبا زول گولی ۸ عدد۔ ایکری فلوین چھ ماشہ۔ ویزلین پانچ تولہ۔
تمام ادویہ کو باریک پیسکر باہم ملالیں اور ویزلین میں یک جان کریں۔
ترکیب استعمال: مرہم جلے سڑے زخم۔ پھوڑے پھنسی غرضیکہ تمام قسم کے جلدی زخموں کو بہت ہی جلد اندمال کرتی ہے۔

سفوف نزول: اجزاء و ترکیب ساخت: خشخاش ۱۰ تولہ کشنیز خشک ۵ تولہ۔ بادیان ½۲ تولہ زنجبیل ۱ تولہ۔ کچور ½۲ تولہ۔ چاکسو ½۱ تولہ۔ دال چنے خستہ ۱۰ تولہ فلفل سیاہ ۱ تولہ۔ روغن زرد (دیسی گھی خالص) حسب ضرورت۔
ترکیب: ماسوائے روغن زرد باقی تمام ادویہ کو الگ الگ باریک پیس لیں۔ اور پھر تمام ادویہ کو باہم ملالیں۔ بعدہ خالص روغن زرد جذب کر کے محفوظ رکھیں۔
استعمال: رات کو سوتے وقت دو تولہ کھلائیں۔ پرانا نزلہ زکام۔ کھانسی اور درد شکم وغیرہ میں بے حد مفید ہے۔ [illegible] دماغ۔ مقوی معدہ ہے۔

برائے ذیابطیس: اجزاء و ترکیب ساخت: گڑمار بوٹی [illegible] گلو خشک ۲ تولہ۔ مغز [illegible] بیخ مرجان یعنی بسد محرق ۳ ماشہ۔ کشتہ فولاد ۳ ماشہ۔ [illegible] خستہ ۱ تولہ۔
ترکیب و استعمال: تمام ادویہ کو باریک پیس کر باہم ملائیں۔ [illegible] صبح و شام ہمراہ آب تازہ استعمال کریں۔
ذیابطیس سادہ شکری میں بیحد مفید ہے۔ اس نسخہ سے مرض کلی طور پر تو رفع نہیں ہوتی۔ لیکن ۷۰ فیصد اس دوا سے فائدہ رہتا ہے۔ اور مسلسل استعمال کرنی پڑتی ہے میرا معمول مطب ہے۔ اور مفید ثابت ہوئی ہے۔

حکیم غلام محمد قاسمی

آپ نے ابتدائی دینی و درسی تعلیم حاصل کرنے کے بعد اپنے والد ماجد قاری میاں محمد بخش مرحوم سے عربی و فارسی کی تعلیم کے ساتھ ساتھ طبی تعلیم حاصل کی اور حاذق الاطباء حکیم میاں سلطان محمود صاحب سے بھی عملاً و سبقاً استفادہ کیا۔ بعد ازاں عملی مطب کے ذریعے خدمت خلق میں مصروف ہوئے۔

حکیم غلام محمد قاسمی ولد میاں محمد بخش۔
چاہ مرید ڈاک خانہ کوٹ والا براہ سرائے سدھو تحصیل کبیر والا
ضلع خانیوال

مجربات

برائے دق الاطفال:

اجزاء وترکیب ساخت: طباشیر، الائچی خورد، کہربا شمعی، مرجان محرق، صمغ عربی، کتیرا، بست گلو خالص، رب السوس ہموزن سفوف تیار کریں۔

مقدار خوراک: جوانوں کو ½ ۱ ماشہ، بچوں کو ۲ رتی سے ۴ رتی تک حسب عمر، بچوں کے سوکھا پن خصوصاً جس کے ساتھ کھانسی بھی ہو مفید ہے۔ بڑوں کے نفث الدم، ابتدائے سل و دق میں مفید ہے نیز مقوی قلب، ذرہ قلبی، انجکشن شاک میں دل کی قوت کو بہت جلد بحال کر دیتا ہے۔

شربت برائے امراض قلب و صدر:

اجزاء وترکیب ساخت: گاؤزبان ۳ تولہ، ابریشم مقرض ۲ تولہ، الائچی خورد ۶ ماشہ، قند سفید ۳ پاؤ حسب دستور شربت تیار کریں۔

مقدار خوراک: ½ ۲ تولہ مناسب بدرقہ کے استعمال کریں۔

فوائد: ضعف قلب، اختلاج قلب، خفقان القلب، ورم حجاب القلب، یا غلاف قلب کے جوف میں رطوبت تراوش پا جانا نیز ضعف دماغ الرجک، زکام، نزلہ کھانسی، غلاف شش میں ملف (ہائیڈرو تھوریکس) میں مفید ہے۔

حکیم سید قربان حسین شاہ ہمدانی

آپ ۶ جون ۱۹۲۷ء کو پیدا ہوئے۔ آپ کا تعلق علاقہ کے ایک معزز سید گھرانہ سے ہے۔ ابتدائی دینی و درسی تعلیم سے فراغت کے بعد فن طب کی طرف راغب ہوئے اور نامور حکماء سے علماً و سبقاً استفادہ کیا۔ بعد ازاں عملی مطب کے ذریعے خدمت خلق میں مصروف

مجربات

اکسیر سنگرہنی:

اجزاء وترکیب ساخت: [illegible] ایک تولہ، طباشیر کبود ایک تولہ، تخم [illegible] ۲ تولہ، گل دھاوا ۲ تولہ، پوست سماق ۶ ماشہ، بادیان [illegible] ۱ تولہ، افیون مصفیٰ ۳ ماشہ، کچلہ مدبر، کشتہ فولاد ۱ تولہ ملا کر ۴ رتی کے قرص بنائیں۔

فوائد: سنگرہنی، اسہال و پیچش کی نہایت مؤثر دوا ہے

طریقہ استعمال: اسے صبح و شام چھاچھ، آب چاول یا پانی سے کھائیں۔ اسے سنگرہنی کی آخری دوا کہا جائے تو مبالغہ نہ ہوگا۔

مقدار خوراک: ۲۔۲ قرص صبح و شام۔

اکسیر حمی:

اجزاء وترکیب ساخت: آمیں عمدہ ۲ تولہ، گلو تازہ برگ چرائتہ، برگ نیم مقشر سیاہ ہر ایک ۱۰ تولہ سب کو ۳ سیر پانی میں جوش دیں۔ کہ ۱۰ تولہ پانی رہ جائے۔ چھان کر اس میں مندرجہ ذیل اشیاء باریک پیس کر کھرل کریں۔ مغز کرنجوہ ½ ۲ تولہ، کونین سفید اصلی، ریوند عصارہ ہر دو ۶۔۶ ماشہ دانہ الائچی خورد ۳ ماشہ، بست گلو خانہ ساز، کشتہ ہڑتال، گاؤدنتی ہر ایک ۶۔۶ ماشہ، دانہ الائچی خورد ۳ ماشہ۔ کشتہ ابرک سفید، کشتہ ابرک سیاہ ہر دو ایک ایک تولہ، طباشیر عمدہ ۶ ماشہ۔ سب کو خوب ملایہ کر کے حبوب بقدر نخود بنائیں۔ ہر ایک قسم کے بخاروں کے لئے اکسیر لاجواب ہے۔

ترکیب استعمال: صبح و شام ایک یا دو گولیاں بقدر ضرورت ہمراہ

آب یا مناسب بدرقہ دیں۔

نوٹ : اس میں کشتہ جات۔ کشتہ ابرک سفید۔ قلمی شورہ دگھوتازہ میں تیار شدہ۔ کشتہ ابرک سیاہ۔ قلمی شورہ کے بعد شرخریں تیار شدہ کشتہ گئورنتی بھاتل میں تیار شدہ شامل کئے جائیں۔

جریانول : اجزاء و ترکیب ساخت : کتیرا۔ کاہو مقشر۔ موصلی سفید۔ حجر الیہود۔ بادیان۔ تخم کاسنی۔ کشنیز۔ سبوس اسپغول۔ ستاور۔ دانہ الائچی خورد۔ بیروزہ خشک ہر ایک ۲-۲ تولہ۔ کشتہ قلعی ایک تولہ یا کشتہ سردھاتہ ایک تولہ۔ مصری نصف پاؤ۔

خوراک : ۳ ماشہ یا حسب ضرورت ہمراہ شیر گاؤ۔ جریان حار میں بھی مفید ہے۔ منی کی اصلاح بھی کرتا ہے۔

اکسیر نسواں : اجزاء و ترکیب ساخت : شنگرف رومی۔ سہاگہ بریاں۔ ناگیسر۔ فلفل سیاہ ہر ایک ایک تولہ۔ عنبر زرد۔ ہینگ خالص ۲-۲ تولہ۔ دارچینی ایک تولہ۔ ہیراکسیس۔ زعفران خالص ۶-۶ ماشہ۔ تمام ادویہ کو باریک پیسکر لعاب گھیکوار یا آب ادرک تازہ کے ہمراہ حبوب نخودی تیار کریں۔

فوائد : عسر طمث۔ ورم رحم۔ بے قاعدگی ایام۔ احتباس نفاس پرسوت وغیرہ اور امراض نسوانی کا تریاق کامل ہے۔

مقدار خوراک : دو (۲) گولیاں صبح و عصر کو ہمراہ عرق بادیان استعمال کرائیں۔

حکیم رحیم الدین خلجی

آپ ۲۵ مارچ ۱۹۲۶ء کو پیدا ہوئے ابتدائی دینی و درسی تعلیم کے بعد ۱۹۴۵ء کو پنجاب یونیورسٹی سے میٹرک کا امتحان پاس کیا۔ آپ کو بچپن سے ہی طب سے لگاؤ تھا کیونکہ جناب استاذی حکیم امام احمد صاحب کلیانوی والد بزرگوار سے گہرے دوست تھے اُن کی مشفقانہ محبت نے طب کی طرف مائل کیا۔ ۱۹۴۲ء سے جناب ... مرحوم سے طبی تعلیم حاصل کی اور قبلہ حکیم مسیح الدین صاحب فتح پور بلوچ سے اُن کے مطب پر باقاعدہ تعلیم طب حاصل کی۔ گیارہ فروری ۱۹۴۶ء کو استاذی حکیم مسیح الدین صاحب نے اپنے دست مبارک سے سند جاری فرمائی اور مطب کی اجازت بخشی جن کی کم و بیش بارہ کتب جو کہ ان مخصوص ... کی تھیں جو کہ آپ نے اپنے دست مبارک سے خود لکھی تھیں بوقت وفات آپ کو بخش دیں۔

حکیم عبدالسلام صاحب ہزاروی حکیم نور احمد صاحب گوالیاری اور دیگر اطباء حضرت سے فیض حاصل کیا قیام پاکستان کے بعد خانیوال میں رہائش کی اور عملی مطب شروع کیا۔

۱۹۵۴ء سے پنجاب پراونشل طبی کانفرنس کے ممبر ہیں۔ اور ۱۹۵۴ء سے (انجمن اطباء خانیوال) آنریری جنرل سیکریٹری کے فرائض انجام دے رہے ہیں۔ غسلی آبی۔ علاج شمسی۔ جزئیات میں بھی عبور حاصل ہے۔ اس طرح آپ طویل عرصہ سے عوام کی خدمت میں مصروف ہیں۔

حکیم رحیم الدین خلجی ولد حاجی رحیم بخش خلجی

مکان نمبر ۳۵ گلی نمبر ۲ بلاک نمبر ۷ خانیوال

مجربات

اکسیر سیلان الرحم : اجزاء و ترکیب ساخت : رال سفید ۸ تولہ۔ کشتہ شاخ مرجان ۱ تولہ سب کو یکجان کریں۔ شکر سفید ۸ تولہ شامل کریں۔

مقدار خوراک : چھ ماشہ صبح ہمراہ آب تازہ دیں۔

برائے کثرت طمث : اجزاء و ترکیب ساخت : کہربا شمعی ۱ ماشہ۔ رال صاف عمدہ ۱ ماشہ

۔۔۔ ۱ ماشہ۔ سنگ جراحت ۱ ماشہ۔ دم الاخوین ۲ ماشہ۔ کوزہ مصری ۶ ماشہ۔ ہمراہ شربت نیلوفر ۲ تولہ۔ عرق گاؤزبان ۵ تولہ صبح و شام دیں انشاء اللہ دو تین خوراک میں آرام آجائے گا۔

اکسیر ضعف معدہ: اجزاء و ترکیب ساخت: عرق گلاب سہ آتشہ ایک بوتل میں لونگ چھٹانک ڈال کر چالیس یوم دھوپ میں رکھیں۔ بعدہٗ چھان کر دوسری صاف بوتل میں عرق مذکور رکھیں۔

مقدار خوراک: ۱ ماشہ تا ۲ ماشہ صبح نہار منہ استعمال کرائیں۔ انشاء اللہ معدہ کی حالت درست ہوگی۔ خوب بھوک لگے گی۔ اس مرض میں کبھی بھوک نہ کبھی دست وغیرہ ہوتے ہیں یہ عرق ہر حالت میں بہت مفید ہے۔

اکسیر سنگرہنی: اجزاء و ترکیب ساخت: اعلیٰ قسم سنگ بصری چار تولہ کو ترش دہی کے پانی میں ایک سو بار بجھا دیں۔ پھر باریک پیس کر ۳ ماشہ جاوتری کا سفوف بنا کر خوب اچھی طرح ملا دیں۔

مقدار خوراک: ۱ تا ۲ رتی ہمراہ ملائی یا مسکہ میں ملا کر دیں۔ معدہ کی سستی دیں۔ ضعف معدہ۔ بدہضمی۔ پرانے دست اور سنگرہنی کو بہت مفید ہے۔

مقوی باہ ممسک: اجزاء و ترکیب ساخت: جاوتری ۴ ماشہ زعفران اصلی ۴ ماشہ۔ دارچینی ۴ ماشہ بہمن سرخ ۴ ماشہ۔ بہمن سفید ۴ ماشہ۔ شقاقل مصری ۴ ماشہ۔ خولنجان ۴ ماشہ۔ ۔۔۔ ۴ ماشہ۔ مشک خالص ۲ سرخ۔ عنبر اشہب ۲ سرخ ورق نقرہ ۲۰ سرخ۔ مصری ۲ تولہ۔ عنبر و مشک و ورق علیحدہ کھرل کریں تمام ادویات سفوف کریں۔ بعدہٗ خوب اچھی طرح کھرل میں سب کو یک جان کریں۔

مقدار خوراک: ۱ ماشہ ہمراہ دودھ نیم گرم استعمال کریں بوقت شب۔

دافع سرعت انزال مقوی اعضاء رئیسہ بھی۔ ممسک مفرح ہے۔ مجرب اور بیش قیمت چیز ہے۔

حب صحت: اجزاء و ترکیب ساخت: مصبر ۵ تولہ سفوف سناء مکی ۵ تولہ۔ بادام ۔۔۔ ۵ تولہ ہڑ بڑی ۵ تولہ ہڑ چھوٹی ۵ تولہ، سب کو شہد کے ہمراہ برابر نخودی گولیاں بنائیں۔

مقدار خوراک: صبح و شام بعد طعام ایک گولی ہمراہ آب تازہ دیں دائمی قبض میں اکسیر ہے۔

مقوی دماغ: اجزاء و ترکیب ساخت: کشتہ فولاد ۱ رتی کچلہ مدبر ½ رتی موصلی سفید ۲ ماشہ صبح و شام ہمراہ دودھ دیں۔ انشاء اللہ چند یوم کے استعمال سے دماغ میں بہت قوت پیدا ہوگی۔ حافظہ درست ہوگا۔

سفوف سوزاک: اجزاء و ترکیب ساخت: طباشیر اصلی ۲ تولہ۔ پھٹکڑی خام سفید ۱ تولہ۔ سنگ جراحت ۱ تولہ، سفوف بنائیں۔

مقدار خوراک: چھ ماشہ ہمراہ لسی شیر خام کر دیں۔ ایک ہفتہ میں مکمل طور سے آرام ہوگا۔ انشاء اللہ!

حب ضعف مثانہ: اجزاء و ترکیب ساخت۔ مغز پستہ مغز بادام چھوہارہ ہموزن لیکر جنگلی بیر برابر گولی بنائیں۔ صبح و شام ہمراہ شیر نیم گرم دیں۔

تقطیر بول: اجزاء و ترکیب ساخت: کنول گٹہ۔ گل نیلوفر۔ کھیل دھان۔ مکہ ۴ ماشہ پانی میں بھگو دیں یہ ایک خوراک کا نسخہ ہے۔ دن میں ۳، ۴ مرتبہ پلائیں۔ انشاء اللہ آرام نصیب ہوگا۔

حب پیچش: اجزاء و ترکیب ساخت: برادہ صندل سفید۔ ہلیلہ سیاہ خورد۔ مغز املتاس جملہ ہموزن لیکر خوب پیس کر برابر نخودی گولیاں بنائیں صبح و شام ایک دو گولی ہمراہ آب

تازہ کھلائیں خونی اسہال و پیچش میں اکسیر ہے۔

حکیم محمد بخش

آپ ۱۹۱۰ء کو مخدوم پور پہوڑاں تحصیل کبیروالا میں پیدا ہوئے۔ بعد ازاں نقل مکانی کر کے چک 5/15.L آباد ہوئے۔ آپ کا تعلق ایک دیندار طبی گھرانہ سے ہے۔ طب اسلامی سے دلی لگاؤ کی بنا پر طبی تعلیم کے لئے اپنے والد گرامی اور علاقہ کے نامور اطباء سے استفادہ کیا۔ بعد ازاں عملی مطب کے ذریعے خدمت خلق میں مصروف ہوئے۔

حکیم محمد بخش ولد میاں لعل
چک نمبر 5/15.L ڈاکخانہ 59/15.L تحصیل و ضلع خانیوال

مجرّبات

برائے سوزاک: اجزاء و ترکیب ساخت: ہربیڑہ ۵ عدد۔ مصطگی رومی ۳ ماشہ۔ دونوں کا سفوف کر کے صبح نصف رتی مکھن میں ملا کر لیں۔
بارہا کا تجربہ ہے۔ کہنہ سوزاک کی بیخ اکھاڑتا ہے۔

برائے سوزاک: اجزاء و ترکیب ساخت: زاج سفید ۵ تولے گاچنی مٹی ۱۰ تولے۔ پانی ۵ سیر تینوں اجزاء پانی میں حل کریں۔ ۱۰ منٹ بعد پانی نتار لیں۔ اور کڑاہی میں ڈال کر پانی خشک کریں۔ جو دوائی کڑاہی میں لگ جائے۔ اس کو کھرچ کریں۔ ۴ رتی سے ۱ ماشہ تک ہمراہ دودھ کی لسی میں پلا دیں۔ انشاء اللہ نسخہ بر آئے گا۔

برائے کھانسی و تپ بلغمی: اجزاء و ترکیب ساخت: ہڑتال گاؤدنی ۲ تولے۔ نیلو فر ۵ تولے میں ہڑتال کی ڈلی رکھ کر گیڑوٹی کریں اور ۵ سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ پر کشتہ تیار ہوگا۔ ۴ رتی بدرقہ مناسب میں نوش کرادیں۔ نسخہ بر آئے گا۔

حکیم محمد منیر جہانگیر

ابتدائی دینی و درسی تعلیم سے فراغت کے بعد آپ طب اسلامی کی طرف راغب ہوئے مزید طبی تعلیم کیلئے طبیہ کالج لاہور میں داخلہ لیا اور ۱۹۹۰ء میں فاضل الطب والجراحت کی سند حاصل کی۔ دوران تعلیم نامور طبیب سے عملی مطب کے سلسلہ میں استفادہ کیا۔ تعلیم سے فارغ ہو کر ذاتی مطب شروع کیا اور خدمت خلق میں مصروف ہوئے۔

حکیم محمد منیر جہانگیر ولد شیخ منظور احمد
چک 12/8.R ڈاکخانہ 2/8.R تحصیل و ضلع خانیوال

مجرّبات

اکسیر سعال: اجزاء و ترکیب ساخت: صمغ عربی، گوند کتیرا، رب السوس، کاکڑا سنگی، تخم باقلا سیاہ۔ تخم کتان، شکر تیغال جملہ ادویہ ہموزن سفوف بنالیں۔
مقدار خوراک: ۱ ماشہ سے تین ماشہ تک ہمراہ آب نیم گرم۔
فوائد: ہر قسم کی کھانسی میں مفید ہے۔

تریاق معدہ: اجزاء و ترکیب ساخت: زنجبیل چھ ماشہ۔ فلفل سیاہ تین تولہ۔ پودینہ تین تولہ۔ انار دانہ تین تولہ۔ زیرہ سیاہ تین تولہ۔ زیرہ سفید تین تولہ۔ فلفل دراز بارہ ماشہ۔ مغز کنول گٹہ بارہ ماشہ۔ الائچی خورد دو تولہ۔ ست لیموں اٹھارہ ماشہ۔ ست پودینہ بارہ ماشہ۔ نمک سفید آٹھ تولہ۔ قند دیسی

اکو سفوف بنالیں۔

مقدار خوراک: چھ ماشہ بعد از غذا۔

فوائد: جملہ امراض معدہ و تبخیر کا مجرب نسخہ ہے۔

حبوب وجع المفاصل: اجزاء و ترکیب ساخت: سورنجاں شیریں، پوست ہلیلہ زرد، صبر سیاہ ہموزن لیکر کوٹ کر گھیکوار میں کھرل کرکے حبوب نخودی تیار کریں۔

مقدار خوراک: دو گولی صبح و شام ہمراہ عرق سونف۔

فوائد: عرق النساء، گھنٹیا اور دیگر ریاحی امراض میں مفید ہے۔

برائے ملیریا: اجزاء و ترکیب ساخت: گیرو دو تولہ، نوشادر ٹھیکری تین تولہ، کونین سلفاس ۱ تولہ نوشادر ٹھیکری ۱ تولہ، طباشیر ۱ تولہ، زعفران عمدہ تین تولہ۔ جملہ ادویہ سفوف بنالیں۔

مقدار خوراک: تین ماشہ صبح دوپہر شام۔

فوائد: ملیریائی اور نوبتی بخاروں میں مفید ہے۔

معجون ملین: اجزاء و ترکیب ساخت: گل نیلوفر دس تولہ، گل بنفشہ دس تولہ، گل سرخ دس تولہ، تربد سفید دس تولہ۔ جملہ ادویہ کوٹ چھان کر سفوف بنالیں پھر ترنجبین کو عرق گلاب میں بھگو کر چھان کر صاف کریں۔ آدھ سیر اور شہد خالص ۱ سیر ملا کر قوام درست کریں اور آخر میں کشمش سبز ایک سیر پیس کر قوام میں ملالیں اور بقیہ ادویہ کا سفوف روغن بادام میں چرب کرکے شامل کرلیں۔

مقدار خوراک: چھ ماشہ تک۔

فوائد: بے ضرر اعلیٰ ملین ہے۔

حکیم محمد صدیق ایاز

آپ گیارہ نومبر ۱۹۳۸ء کو حسین آباد اول میں پیدا ہوئے ابتدائی تعلیم فونی دستور میں ہی اپنے نانا قبلہ قاری حافظ محمد بخش صاحب سے قرآن پاک ناظرہ اور قرأت سے فراغت کے بعد دینی تعلیم سے فارغ ہوئے اور اپنے ماموں حکیم غلام محمد صاحب سے طب کی تعلیم حاصل کی جو علاقہ کے معروف طبیب اور روحانی شخصیت میں آپ نے طب کی علمی اور درسی تعلیم سے فراغت کے بعد عملی مطب شروع کیا اور خدمت خلق میں مصروف ہوئے۔

حکیم محمد صدیق ایاز ولد مولوی محمد بخش

حسین آباد اول ڈاکخانہ کرتو براہ رہنے ضلع ...

مجربات

حب مقوی باہ: اجزاء و ترکیب ساخت: ریگ ماہی شترف رومی، مازو، لونگ ہر ایک چار گرام زعفران، مشک، افیون ہر ایک ایک گرام ورق طلاء، تج قلمی ہر ایک تین گرام، کائپھل، دارچینی، کشتہ نقرہ ہر ایک سات گرام سب ادویہ کو حسب قاعدہ کوٹ چھان کر شہد کی مدد سے گولیاں بقدر نخود بنائیں۔

مقدار خوراک: ایک گولی صبح و شام ہمراہ نیم گرم دودھ استعمال کروائیں۔ امساک کیلئے وقت خاص سے دو گھنٹے قبل کھلائیں۔

فوائد: ضعف باہ سرعت انزال کیلئے مفید ہے۔ شہوت جماع اور نظام شہوانی کو تقویت و تحرک دیتی ہے اور قضیب کا امساک پیدا کرتی ہے۔

اکسیر سیلان الرحم: اجزاء و ترکیب ساخت: سپاری چکنی دس تولہ، مائیں خورد پانچ تولہ، کمرکس پانچ تولہ، مصری دس تولہ، شیر گاؤ دو سیر۔ سپاری کو باریک کرکے دودھ میں ڈال کر ہلکی آگ پر پکائیں۔ جب دودھ خشک

ہو جائے بقیہ اجزاء شامل کریں اور سرد ہونے پر محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک : چھ ماشہ ہمراہ دودھ۔

فوائد : جملہ امراض نسواں خصوصاً سیلان الرحم میں مفید ہے۔

حب اذراقی :

اجزاء وترکیب ساخت : اذراقی مدبر ایک تولہ مغز بادام شیریں ایک تولہ۔ موریز منقی ا تولہ

جملہ ادویہ سفوف بنا کر حبوب نخودی تیار کریں۔

مقدار خوراک : ا رگولی بوقت شب ہمراہ دودھ۔

فوائد : مقوی اعصاب اور امراض مفاصلیہ میں مفید ہے۔

حکیم محمد خان جعفر

آپ جنوری ۱۹۴۸ء میں پیدا ہوئے۔ ابتدائی دینی ودرسی تعلیم مقامی طور پر حاصل کی۔

۱۹۶۵ء میں طب کی تعلیم کیلئے طبیہ کالج لاہور میں داخلہ لیا اور ۱۹۶۹ء میں فاضل الطب والجراحت کی سند حاصل کی اور اپنے والد گرامی کے ساتھ مطب کی عملی تربیت حاصل کرنا شروع کی۔ عملی تربیت سے فارغ ہو کر ۱۹۷۲ء میں اپنا ذاتی مطب شروع کیا۔ آپ تصنیف و تالیف کے علاوہ جڑی بوٹیوں پر تحقیقاتی کام میں دلچسپی رکھتے ہیں۔ خدمت خلق اور رفاہی کاموں میں بھرپور کردار ادا کرتے ہیں جس کی بنا پر علاقہ کے عوام نے بلدیاتی انتخابات میں کونسلر منتخب کیا۔

آپ سماجی تنظیموں کے علاوہ طبی تنظیموں سے بھی وابستہ ہیں اور طب سیاست میں مؤثر کردار ادا کر رہے ہیں۔ آپ طب اسلامی کے علمبردار ہیں اور خدمت خلق میں مصروف ہیں۔

حکیم محمد خان جعفر ولد حکیم احمد خان
تونسہ شریف ضلع ڈیرہ غازیخان

حکیم منظور احمد

آپ ۱۹۴۴ء کو جام پور شہر میں پیدا ہوئے ابتدائی تعلیم جام پور ہی میں حاصل کی اور مڈل کا امتحان بھی امتیازی نمبروں میں جام پور ہی سے پاس [illegible] کی زبردست خواہش اور اپنی دلچسپی کے باعث [illegible] کی خدمت کیلئے زندگی وقف کرنے کا تہیہ کر لیا [illegible] تربیت یہاں کے معروف اور قدیمی حکیم احمد بخش صاحب [illegible] حاصل کی جو کہ آپکے ماموں ہیں۔ انہوں نے نہایت توجہ [illegible] کی باریکیوں اور طب کے مشہور و معروف اساتذہ [illegible] روشناس کرایا۔ علم اکسیری پر جابکدستی سے دسترس [illegible] عرصہ تین چار سال طبیہ کالج لاہور کے استاد مکرم سید [illegible] صاحب کیساتھ صحبت رہی۔ وہاں سے کافی معلومات کا ذخیرہ حاصل کیا۔

حکیم منظور احمد ولد میاں اللہ بخش
نظامی دواخانہ محلہ چمن شاہ جام پور ضلع راجن پور۔

مجربات

اکسیر یرقان :

اجزاء وترکیب ساخت : عناب ۵ دانہ آلو بخارا ۵ دانہ۔ تخم کاسنی ۵ ماشہ۔ مکوہ خشک ۵ ماشہ گل نیلوفر ۵ ماشہ۔ گرم پانی میں بھگو کر صبح کو مل چھان کر آب مکوہ سبز ۴ تولہ۔ مروق آب کاسنی سبز ۴ تولہ۔ مروق ملا کر شربت بزوری ۲ تولہ ملا کر ۷ روز متواتر پلائیں (مروق یعنی پھاڑا ہوا پانی)

اجزاء و ترکیب ساخت: ریحان سفید ۵ ماشہ

ضعف جگر: گل بنفشہ ۷ ماشہ، منقی ۹ دانہ، بادیان ۵ ماشہ، گاؤزبان ۵ ماشہ، سکو خشک ۵ ماشہ، رات کو بھگو کر صبح چھان کر شربت بنفشہ ملا کر صبح و شام پیا کریں۔ غذا شوربا چپاتی، شیر، چقندر کی ترکاری کھائیں۔

کھانسی کیلئے بے نظیر نسخہ:

اکسیر سرفہ: اجزاء و ترکیب ساخت: کاکڑا سنگی ۱ ماشہ، ست ملٹھی ۱ ماشہ، زنجبیل ۱ ماشہ، پیپل مول ۱ ماشہ باریک پیس کر شہد خالص ۴ تولہ میں ملا کر تھوڑا تھوڑا چاٹتے رہیں۔

آدھے سر کا درد: اجزاء و ترکیب ساخت: اسطوخودوس ۶ ماشہ، دھنیہ خشک ۴ ماشہ، کالی مرچ ۷ عدد کو رات پانی میں بھگو کر چھان کر ذرا سی شکر ملا کر سورج نکلنے سے پہلے پی لیا کریں۔

سیلان الرحم: اجزاء و ترکیب ساخت: کشتہ سنگ جراحت ۲ تولہ، ماجو خورد ۱ تولہ، دودھ پٹھانی ۶ ماشہ، [illegible] ۶ ماشہ، مصری ۲ تولہ کوٹ چھان کر سفوف بنائیں اور صبح و شام ۶ ماشہ گائے کے دودھ کے ساتھ استعمال کریں۔

دیگر برائے سیلان الرحم: معجون سپاری ۷ ماشہ گائے کے دودھ کے ساتھ کھائیں۔ تو بہت مفید ہے۔

اکسیر قلب: یہ نسخہ دل کی دھڑکن کو بھی دور کرتا ہے۔ اجزاء و ترکیب ساخت: مفرح بارد ۶ ماشہ، عرق گاؤزبان ۵ تولہ، شربت نیلوفر ۲ تولہ، ادویہ [illegible] [illegible]

اکسیر قبض: دائمی قبض، [illegible]، کھانسی، [illegible] تبخیر معدہ۔ اجزاء و ترکیب ساخت: [illegible] ۱ تولہ، ست ملٹھی [illegible] ۱ تولہ، [illegible] ۵ تولہ، تمر ہندی [illegible] کی گٹھلی نکال کر [illegible] ملا کر گولیاں بنا[illegible] آدھا چنے کے برابر ۲ گولی رات کو سوتے وقت۔

چوہدری ریاض احمد وڑائچ گجراتی

آپ ۵ ۱۹۴۲ء کو ضلع رحیم یار خان میں پیدا ہوئے۔ آپ کے آباؤ اجداد کا تعلق ضلع گجرات سے ہے۔ ابتدائی دینی و درسی تعلیم مقامی طور پر حاصل کی۔ ۱۹۶۱ء میں میٹرک کا امتحان پاس کیا تعلیم کے دوران ایک سنیاسی سے ملاقات کی جس سے فن کیمیا گری کیطرف مائل ہوئے پھر علم طب کا شوق ہوا علاقہ کے معروف نیک صفت طبیب محمد دین صاحب سے استفادہ کیا۔ آپ کے مجربات درج ذیل ہیں۔

چوہدری ریاض احمد وڑائچ گجراتی
بمقام چک ۹۲/N.P تحصیل خانپور ضلع رحیم یار خان

مجربات

اکسیر ذیابیطس: اجزاء و ترکیب ساخت: کشتہ مرجان جوہر والا ۳ ماشہ، تخم سردالی ۶ ماشہ، صندل سفید اصلی ۴ ماشہ، کافور ۴ ماشہ، دھنیہ ۴ ماشہ، خشخاش ۶ ماشہ، نیلوفر ۶ ماشہ، گل سرخ ۶ ماشہ، دارچینی ۴ ماشہ، ستاور ۶ ماشہ، گلو خشک ۶ ماشہ، گوند کیکر ۶ ماشہ، گل انار ۶ ماشہ، گل ارمنی ۶ ماشہ، موصلی سفید ۶ ماشہ، گاؤزبان ۶ ماشہ، ملٹھی ۶ ماشہ، مروارید کو عرق گلاب میں بھگا دیں اور باریک پیس لیں۔ باقی تمام ادویات باریک پیس لیں۔ میٹھا نہ کھاویں

مقدار خوراک: ۲ ماشہ ہمراہ آب دہی یا آب کدو۔ غذا پرندوں کا گوشت زیادہ سے زیادہ کھلاویں۔ گھی کم کھاویں۔

روٹی خشک کھا دیں۔ روٹی کی نسبت دس سیر جو دس سیر چنا اور ۳۰ سیر گندم ملا کر پیس کر روٹی پکا دیں اور تین ماہ تک دوائی استعمال کریں بعض دفعہ اگر پرندوں کا گوشت نہیں مل سکا تو ہلکا نمک روٹی میں ملا کر کھلا دیں لیکن گوشت ضرور استعمال کرائیں

شربت صدر: کھانسی پھیپھڑے کے امراض گرمی کو فائدہ کرتا ہے دل کو طاقت بخشتا ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت: گل سرخ ۱ تولہ۔ گل نیلوفر ۱ تولہ۔ گل بانسہ ۱ تولہ۔ زوفا ۱ تولہ۔ پرسیاؤشاں ۱ تولہ۔ ملٹھی ۱ تولہ۔ عناب ۲ تولہ۔ سوڑیاں ۲ تولہ۔ انجیر ۳ عدد۔ سرطان ہندی ۱/۲ ۱ تولہ۔ الائچی سفید ۲ تولہ۔ گوساختہ ۲ تولہ۔ گل گاؤزبان ۲ تولہ۔ بکری کا دودھ ۱ سیر تمام ادویات کو کوٹ کر تین سیر پانی میں بھگو دیں۔ صبح کو دودھ ڈال کر دو بوتل عرق کشید کریں۔ اور ۱/۲ ۱ سیر پانی ڈال کر شربت بنا دیں۔ رنگ رس بھری حسب ضرورت۔ ایسنس رس بھری حسب ضرورت ایک چھٹانک شربت دودھ میں ملا کر دیا جاتا ہے۔ حکیم لوگ مناسب طریقے سے استعمال کرا سکتے ہیں۔

اکسیر جریان: اجزاء و ترکیب ساخت: موصلی سفید۔ موصلی سیاہ۔ ستاور۔ ثعلب دانہ۔ موچرس۔ گوند کتیرا۔ بیج کونچ۔ تودری سرخ۔ تالمکھانہ۔ سمندر سوکھ۔ تخم اوٹنگن۔ برہمی۔ چہار مغز ہر ایک ایک تولہ۔ کشتہ قلعی ۱ تولہ۔ کشتہ ابرک ۲ ماشہ۔ کشتہ مرجان ۳ ماشہ۔

تمام ادویات باریک کر کے کشتہ جات ملا لیں۔

خوراک: ۳ ماشہ صبح شام ہمراہ دودھ گائے۔

پرہیز: مرچ۔ گڑ۔ نمک زیادہ نہ کھائیں۔

❖ ❖ ❖

حکیم عبدالرحمن

آپ ۱۶ اکتوبر ۱۹۴۸ء کو ایک معزز طبی گھرانے میں پیدا ہوئے۔ ابتدائی دینی و درسی تعلیم مقامی طور پر حاصل کی۔ ۱۹۶۵ء میں ملتان بورڈ سے میٹرک کا امتحان پاس کیا۔ فن طب سے خصوصی لگاؤ کی بنا پر ۱۹۶۷ء میں گورنمنٹ طبیہ کالج بہاولپور میں داخلہ لیا اور ۱۹۷۱ء میں فاضل الطب والجراحت کی سند حاصل کر کے اپنے والد محترم کے ساتھ عملی مطب کا تجربہ حاصل کیا۔ ۱۹۷۲ء میں پنجاب فارمیسی کونسل کی سند حاصل کی اور کچھ عرصہ ڈینٹسٹ کا کام سیکھا۔ ۱۹۸۲ء میں بی فارماسسٹ کا امتحان پنجاب یونیورسٹی سے نمایاں پوزیشن میں پاس کر کے سند حاصل کی اور عملی مطب کے ذریعے خدمت خلق میں مصروف ہوئے۔

حکیم عبدالرحمن ولد حکیم عبدالعزیز
رحمن میڈیکل سٹور چک ۸۳/A فیروزہ۔ ضلع رحیم یار خان

مجربات

گنوریا: اجزاء و ترکیب ساخت: ست بیروزہ۔ دانہ الائچی خورد۔ سرد چینی ہر واحد ۱/۲ ۲ تولہ۔ طباشیر نقرہ تولہ۔ روغن صندل تولہ۔ تمام ادویہ کو باریک پیس کر روغن صندل اصلی ملا کر محفوظ رکھیں۔

فوائد: سوزاک اور پیشاب کے جل کر آنے کیلئے مفید ہے۔

خوراک: ۲ ماشہ صبح ۲ ماشہ شام ہمراہ لسی یا دودھ وغیرہ دیں۔ سردیوں میں صرف ہمراہ دودھ دیں۔

اکسیر سیاہ: اجزاء و ترکیب ساخت: سیماب ۲ تولہ۔ گندھک

...ندسار ۴ تولہ۔ دونوں کی کجلی بنالیں۔ مردار سنگ تولہ۔ نیلہ توتیا ۴ ماشہ
...بی ۲ تولہ۔ ان تینوں ادویہ کو باریک پیسکر کجلی میں ملاکر کھرل کریں۔
...بس تیار ہے۔
...موبری کیلئے خالص زخم پر ڈال کر ویزلین سادہ کی پٹی کر دیں۔
...تمام گندے زخموں جسمانی خارش۔ جلدے مخصوصہ کی خارش کیلئے اور
...داد۔ چنبل کیلئے مکھن۔ ویزلین میں ملاکر مالش کریں اور لگائیں تو
...انشاءاللہ اکسیر سے کم نہ ہوگی۔

مرہم قرنفل :

اجزاء وترکیب ساخت : چربی بز۔ موم ولائتی ہر واحد ایک پاؤ۔ روغن تارپین ۲ تولہ۔ روغن
...بابونہ ۲ تولہ۔ روغن ناریل ۲ تولہ۔ جلوتری تولہ۔ جائفل اعدد۔ قرنفل
۵ تولہ۔ روغن سرشف ۲۰ تولہ۔ روغن سرشف میں جائفل اور قرنفل کا
سفوف ملاکر جلائیں۔ بعدہٗ چربی اور موم ملاکر لیں اور باقی دواؤں
کو باریک کوٹ چھان کر شامل کر دیں اور محفوظ رکھ لیں۔
فوائد : مفلوج شدہ جسم اور کمزور بازو اور ٹانگوں کی مالش کر دیں
ٹوٹی ہوئی ہڈی کے مقام کے درد اور چوٹ۔ ریح وغیرہ کے لئے
بینظیر مجرب اور آزمودہ ہے۔

مرہم رسکپوری :

اجزاء وترکیب ساخت : رسکپور ½ تولہ کافور تولہ۔ شنگرف تولہ۔ سفیدہ کاشغری
½ تولہ۔ مردہ سنگ تولہ۔ سندھور ½ ۱ تولہ۔ بورک ایسڈ ۲ تولہ کیھتھ
...آیوڈو فارم تولہ۔ پوست بیخ مدار تولہ۔ جملہ ادویات کو باریک
پیسکر دوچند ویزلین ملائیں۔ بس تیار ہے۔
(کشتہ گئوخورد نیتی ۲ تولہ)
فوائد : تمام قسم کے زخموں۔ ناصور۔ بھگندر۔ قروح۔ خبیثہ
کیلئے اکسیر ہے۔

آئیزون :

اجزاء وترکیب ساخت : قلمی شورہ تولہ۔ شب یمانی خام ۲ ماشہ۔ شب یمانی بریاں ۴ ماشہ۔ کافور
خالص اماشہ۔ عرق گلاب ایک بوتل۔ تمام دواؤں کو باریک پیسکر
عرق گلاب میں ملاکر نتھار کر چھان لیں۔ دن میں تین چار دفعہ
قطرہ قطرہ آنکھ میں ڈالیں۔
فوائد : آشوب چشم۔ درد چشم۔ خارش اور سرخی کیلئے مفید ہے
نوٹ : آئیزون کے استعمال سے قبل بورک ایسڈ کے لوشن سے آنکھ کو دھونے سے درد اور لیسدار وغیرہ دور ختم
کر دیتا ہے۔

روغن سُرخ :

اجزاء وترکیب ساخت : روغن سرشف ½ کلو میں رتن جوت ½ تولہ۔ ابہیر بستہ
ڈالکر پکائیں۔ جب جھاگ ختم ہو جائے ٹھنڈا ہونے پر بالنگ لیٹر
۲ تولہ ملاکر سنبھال رکھیں ہر قسم کے کٹے پھٹے زخموں کیلئے اور
کان کے زخموں کیلئے اکسیر ہے۔

ڈینٹول :

اجزاء وترکیب ساخت : کلورل ہائیڈریٹ، کافور روغن لونگ ہموزن شیشی میں ملاکر دھوپ میں
رکھیں۔
فوائد : دانت درد میں مفید ہے۔

کمند :

اجزاء وترکیب ساخت : گندم جلی ہوئی۔ انجبار، نبات سفید ہموزن سفوف بنالیں۔
مقدار خوراک : چھ ماشہ۔ شربت انجبار تین تولہ کے ہمراہ۔
فوائد : خونی پیچش۔ نکسیر۔ کثرت طمث میں مفید ہے۔

حکیم اختر علی ظفر

آپ نے ابتدائی درسی و دینی تعلیم مقامی طور پر حاصل کی ۱۹۷۱ء میں میٹرک کا امتحان
پاس کیا۔ فن طب سے خصوصی لگاؤ کی وجہ سے نظریہ مفرد اعضاء
سے متاثر ہوئے۔ اور لٹریچر کا مطالعہ کیا۔ آپ نے طبی ڈائریکٹری
کیلئے درج ذیل نسخہ جات ارسال کئے ہیں۔

اختر علی ظفر
بمقام چک ۴۸/B.R عباسیہ تحصیل لیاقت پور ضلع رحیم یار خان

مجرّبات

اکسیر جگر: اجزاء و ترکیب ساخت: قلمی شورہ ۱ تولہ۔ نوشادر ٹھیکری ۱ تولہ۔ ریوند چینی ۱ تولہ۔ کشتہ فولاد دیسی ۲ تولہ۔

خوراک: ۲ تا ۴ رتی صبح کھانا کھانے کے بعد۔

پرہیز: تیل والی چیزیں نہ کھائی جائیں۔

اکسیر باہ: یہ نسخہ ایک فقیر آدمی سے حاصل ہوا۔ جو بعد میں مجھے نہیں مل سکا میں نے اس نسخہ کو استعمال کروایا اور خود بھی استعمال کیا اور کامیاب پایا۔

اجزاء و ترکیب ساخت: شنگرف۔ میٹھا تیلیہ۔ افیون۔ لونگ سونٹھ۔ سہاگہ۔ زیرہ سفید ہر ایک ایک تولہ لیں۔

تمام اشیاء کو کھرل کریں جب چمک ختم ہو جائے تو منقہ ملا کر چنے کے برابر گولیاں بنا لیں۔

مقدار خوراک: ایک گولی روزانہ شام سوتے وقت ۱۵ دن استعمال کریں روزانہ گوشت استعمال کریں رنگ سرخ ہو جائیگا۔

پرہیز: عورت سے پرہیز کیا جائے ایک ماہ تک۔

اکسیر پیچش: اجزاء و ترکیب ساخت: اجوائن دیسی ۲ تولہ گندھک ۳ تولہ۔ نمک سیاہ ۲ تولہ اور نشادر ٹھیکری ۱/۲ تولہ۔ سب کو کوٹ کر کپڑ چھان کر کے رکھ لیں

مقدار خوراک: ضرورت کے وقت ایک ماشہ سے ۴ ماشہ تک دن میں چار مرتبہ دیں۔

فوائد: مقوی معدہ۔ درد شکم معدہ کی اشتہا اور خونی پیچش میں مفید ہے۔

حکیم محمد خلیق الرحمٰن

آپ کا تعلق ایک معزز علمی ادبی و طبی گھرانے سے ہے۔ ابتدائی دینی و درسی تعلیم مقامی طور پر حاصل کی۔ ۱۹۷۵ء میں میٹرک کا امتحان نمایاں حیثیت سے پاس کیا۔ ایف ایس سی کا امتحان بھی امتیازی حیثیت سے پاس کیا۔ چونکہ آپ کو خاندانی حوالے سے فن طب سے خصوصی لگاؤ تھا۔ اسی شوق کی تکمیل کیلئے طبیہ کالج لاہور میں داخلہ لیا۔ دوران تعلیم آپ ایک ہونہار طالب علم کے ساتھ ساتھ سرگرم سماجی کارکن کی حیثیت سے نمایاں رہے۔ ۱۹۸۲ء میں فاضل طب والجراحت کی سند حاصل کر کے عملی مطب شروع کیا۔

اپنی پیشہ وارانہ مصروفیات کے باوجود مختلف سماجی اور دینی کاموں میں خصوصی دلچسپی رکھتے ہیں۔ مقامی طور پر تنظیم ینگ اسلامک مشن کے چیئرمین، مؤتمر عالم اسلامی کے رُکن کے علاوہ طبی سیاست میں اہم کردار ادا کر رہے ہیں علاوہ ازیں ادبی رجحان کی وجہ سے انجمن ترقی ادب کے جنرل سیکرٹری کے عہدہ پر فائز ہیں۔ آپ نے طب اسلامی کی ترویج و ترقی کیلئے ایک طبی مجلہ بھی شائع کیا۔ آپ ایک نوجوان مستند طبیب سماجی کارکن علم و ادب کے سرپرست کی حیثیت سے ممتاز مقام کے حامل ہیں۔

حکیم محمد خلیق الرحمٰن ولد حکیم حبیب اللہ سید
الحبیب دواخانہ ۵۔ شاپنگ سنٹر۔ رحیم یار خان

مجرّبات

دوائے فشار: (بلڈ پریشر مالیخولیا) اجزاء و ترکیب ساخت: اسرول ۵ تولہ۔

فلفل دراز ۲ تولہ۔ باریک کرلیں اور ۲ رتی سے ۱ ماشہ تک صبح و شام ہمراہ پانی استعمال کریں۔

سفوف طیب : (بخار خصوصاً حمیٰ اطفال اور بول الفراش)

اجزاء و ترکیب ساخت : لوبان کوڑیہ سفید ۵ تولہ، کشتہ سنکھ ۶ ماشہ۔ باریک سفوف بنا کر ۲ رتی سے ۱ ماشہ تک ہمراہ عرق گاؤزبان یا آب تازہ استعمال کرائیں۔

ضماد عجیب : (محلل اورام صلبہ و قرحہ وغیرہ)

اجزاء و ترکیب ساخت : تخم کتان ۱۰ تولہ تخم حلبہ ۱۰ تولہ، اشق گوند ۱۰ تولہ۔ مقل ازرق ۱۰ تولہ جاؤشیر ۵ تولہ کتان، حلبہ کو خوب باریک کریں۔ اشق، مقل اور جاؤشیر کو کم از کم ایک گھنٹہ علیحدہ چوٹ لگائیں پھر یک جان کرکے دوبارہ کوٹیں۔ اب بقدر حاجت دوا لے کر آب برگ مکو سبز یا آب برگ مکو سبز نہ مل سکے تو آب تازہ میں سرکہ میں ملا کر ضماد کریں۔

حکیم حضور بخش خان پتافی

آپ ۵ اپریل ۱۹۵۵ء کو پیدا ہوئے ابتدائی دینی و درسی تعلیم مقامی طور پر حاصل کی ۱۹۷۱ء میں میٹرک کا امتحان پاس کیا۔ آپ کو فن طب سے قدرتی لگاؤ تھا۔ طبی تعلیم ایک غیر مسلم حکیم سیر مل سے حاصل کی جو فن نبض شناسی میں ماہر تھا۔ انہی سے فن کے رموز و نکات سے آگاہی حاصل کی۔ ۱۹۷۸ء میں واپس چلے آئے اور خدمت خلق میں مصروف ہوئے۔

حکیم حضور بخش خان پتافی ولد فقیر محمد خان پتافی بمقام چک ۱۹۸/P ڈاکخانہ چک ۱۷۳/P تحصیل صادق آباد ضلع رحیم یار خان

مجرّبات

کشتہ شنگرف : اجزاء و ترکیب ساخت

شنگرف رومی دو تولہ، کچلہ مدبر چار عدد۔ گھی گائے ایک کلو۔ شہد اصلی ایک کلو۔ شنگرف کو کچلوں میں لپیٹ کر اس پر تار کس کے باندھ دیں تاکہ محفوظ الہوا رہے۔ اب تار کا سرا کپڑے سے باندھ لیں۔ گھی کو آگ پر گرم کریں۔ پہلے ڈلی کو گرم گھی میں ڈبوئیں جب گرم ہو جائے تو شہد میں بجھا دیں۔ یہ عمل گھی کے جلنے تک کریں۔ کشتہ شنگرف اعلیٰ برآمد ہوگا۔ گھی ضائع نہ کریں مقوی اعصاب ہے۔

حکیم قاضی شکور اللہ

آپ یکم مئی ۱۹۴۷ء کو بمقام شیر گڑھ ضلع اوکاڑہ میں پیدا ہوئے۔ ابتدائی دینی و درسی تعلیم مقامی طور پر والد محترم سے حاصل کی اور اسلامیہ ہائی سکول اوکاڑہ سے میٹرک کا امتحان پاس کیا۔ ۶۳-۱۹۶۲ء میں ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال ساہیوال سے ڈسپنسر کا کورس پاس کیا۔ ۱۹۶۷ء سے ۱۹۷۸ء تک حکومت کی مختلف ڈسپنسریوں میں بطور ڈسپنسر خدمات انجام دیتے رہے۔ طب یونانی سے خصوصی لگاؤ کی وجہ سے ۱۹۷۸ء میں ملازمت سے مستعفی ہو کر اجمل طبیہ کالج میں داخلہ لیا۔ ۱۹۸۴ء میں فاضل الطب والجراحت کی سند حاصل کی۔ ذاتی مطب شروع کیا اور خدمت خلق میں مصروف ہوئے۔

حکیم قاضی شکور اللہ ولد قاضی محمد لطیف (ہیڈ ماسٹر)
۱۶۔ کچنار روڈ۔ واہ کینٹ ضلع راولپنڈی

مجرّبات

اکسیر خاص: برائے لیکوریا، احتلام، سرعت انزال
اجزاء و ترکیب ساخت: طباشیر ۴ تولہ۔ موصلی سفید ۵ تولہ۔ ست اسپغول ۴ تولہ۔ الائچی خورد ۲ تولہ۔ تعلب دانہ ۲ تولہ۔ تخم ریحان ۲ تولہ۔ تخم بھنگ ۱½ تولہ۔
تمام ادویہ کو باریک پیس کر ۶ ماشے صبح۔ دوپہر، شام ہمراہ کچی لسی یا شربت بزوری۔

ماسخورہ: اجزاء و ترکیب ساخت: ملتے دانت، بیپ خون دانت درد کے لئے بیحد مفید ہے۔ توتیا ۲ تولہ کتھا ۶ ماشہ۔ پھٹکڑی ۶ ماشہ۔ مازو ۶ ماشہ۔ گیرو ۹ ماشہ۔ برگ ۵ ماشہ۔ سوائے گیرو کے باقی تمام ادویہ کو باریک پیس کر کریں سے رخشک کریں۔ بعد میں گیرو کے پیس کر اس میں شامل کر کے پیس لیں۔ رات کو سوتے وقت تھوڑا دانتوں پر مل کر سو جائیں صبح کو کلی کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ شفا ہو گی۔

اکسیر کلیہ: درد گردہ کیلئے، اجزاء و ترکیب ساخت: شورہ قلمی ۱۰ تولہ۔ بھلانوہ ۸ عدد۔ افیون ۱ تولہ۔ قلمی شورہ کو لوہے کی کڑاہی میں گرم کریں۔ جب قلمی شورہ پانی بن جائے تو ایک عدد بھلانوہ اس میں ڈالیں وہ حل ہو جائے گا۔ اسی طرح آٹھ عدد بھلانوے جلائیں۔ پھر تمام ادویہ کو باریک پیس کر اس میں ۱ تولہ افیون شامل کریں۔ ۴ ماشہ ہمراہ کچی لسی کے ساتھ دیں۔

حکیم عنایت اللہ ساہی

آپ گوجرانوالہ کے ایک ممتاز گھرانہ میں پیدا ہوئے ابتدائی دینی و درسی تعلیم سے فارغ ہو کر اعلیٰ تعلیم حاصل کی۔ آپ نے ایم اے (اُردو) ایم اے اسلامیات ایم اے سیاسیات۔ سی ایم آئی بی پی۔ ڈی اے آئی بی پی ٹی (انعام یافتہ) بی آئی ایم ایس۔ ایم ڈی ایچ۔ ڈی۔ ایم پی ایس کی اعلیٰ ترین اسناد کے علاوہ انگلینڈ سے انڈسٹریل مینجمنٹ اور بلڈنگ سپرویژن میں ڈپلومہ جات حاصل کئے۔ چونکہ آپ کا تعلق ایک علمی ادبی اور طبی گھرانہ سے ہے۔ اس لئے آباؤ اجداد کے اس فن شریف سے منسلک رہنا پسند کیا۔ ابتدائی طبی تعلیم اپنے والد محترم بابو نذیر احمد صاحب سے حاصل کی۔ جو علمی اور طبی لحاظ سے ایک ممتاز مقام رکھتے ہیں۔ ازاں بعد کئی ایک ممتاز اطباء کرام سے استفادہ کیا جن میں گجرات کے معروف طبیب حکیم سوہنے شاہ راولپنڈی کے حکیم محمد اسلم صاحب، حکیم

ظفر شاہ صاحب حکیم شرف الحق صاحب اور گوجرانوالہ کے حکیم برکت صاحب و حکیم ابراہیم صاحب شامل ہیں۔

اسی شوق کی تکمیل کیلئے اجمل طبیہ کالج سے فاضل الطب والجراحت کی سند حاصل کی اور لاہور کے کئی طبی اداروں سے منسلک رہے۔ آپ سٹیٹ بنک آف پاکستان راولپنڈی میں میڈیکل اور انجینئرنگ سیکشن میں بطور انچارج خدمات انجام دے رہے ہیں۔ اور فارغ اوقات میں طب کے ذریعے خدمتِ خلق میں مصروف ہیں۔

حکیم و ڈاکٹر عنایت اللہ ساہی ولد بابو نذیر احمد

مکان نمبر ۲/۹۴۸ ڈھیری حسن آباد راولپنڈی صدر

مجرّبات

برائے استقرارِ حمل: (برائے مرد) اجزاء و ترکیب ساخت: ستاور، ست گلو، طباشیر، دانہ الائچی خورد، ست سلاجیت، اندر جو شیریں، پکھان بید ہر ایک دس ماشہ۔ ورق نقرہ بیس عدد۔ موصلی سفید چار تولہ، موصلی سینبھل آٹھ تولہ، سپاری چار تولہ، ثعلب مصری چار تولہ، مصطگی رومی ایک تولہ، چہار مغز آٹھ تولہ، کشتہ قلعی اعلیٰ پانچ تولہ، قند سفید ہم وزن جملہ ادویہ معجون بطریق معروف بنالیں۔

مقدار خوراک: چھ ماشہ ہمراہ شیر گاؤ۔

برائے عورت: اجزاء و ترکیب ساخت: بادرنجبویہ، گل گاؤزبان، سداب، گل سرخ۔ برادہ صندل سفید، جادوتری، مغز کشنیز ہر ایک سات ماشہ۔ زعفران، دم الاخوان، گل ارمنی، کہربا۔ برادہ ہاتھی دانت۔ بسد۔ مرجان مروارید ناسفتہ۔ شاخ گوزن سوختہ۔ ہر ایک تین ماشہ۔ مشک عنبر دو ماشہ۔ ورق نقرہ ایک ماشہ۔ اول مرجان بسد مروارید کو دو یوم عرق گلاب میں کھرل کریں بعد میں ورق نقرہ ملا کر ایک روز مزید ملایہ کریں بقیہ ادویہ سفوف بنا کر ملالیں۔

مقدار خوراک: ۱ ماشہ ہمراہ عرق گلاب۔

فوائد: درج بالا دونوں نسخہ جات سے مرد اور عورت دونوں کے نقص سے اولاد کا نہ ہونا۔ کی صورت میں استقرار حمل میں مفید ہے۔

برائے بواسیر: اجزاء و ترکیب ساخت: نخود خام صبح کو پانی میں بھگو دیں۔ شام کو خشک کپڑے میں رکھ کر تکیے کے نیچے دے کر سوئیں۔ جب خشک ہو جائیں بھاڑ میں بھنوالیں۔

مقدار خوراک: روزانہ دو سے چار تولہ کھائیں۔

روزانہ آب دست سے پہلے آک کے پتے سے صفائی کریں پھر پانی سے مسّوں کو دھولیں روزانہ ایک پتہ اضافہ کریں سات دن کے بعد ایک ایک پتہ کم کرتے جائیں۔ بواسیر کا خاتمہ ہو جائے گا۔

حکیم تنویر احمد

آپ ۱۹۶۳ء کو راولپنڈی کے نواحی قصبہ کہوٹہ میں پیدا ہوئے۔ ناظرہ قرآن پاک اور دینی تعلیم اپنے والد محترم حکیم محمد شفیع صاحب سے حاصل کی جو کہ اپنے علاقہ کے معروف طبیب اور معزز دیندار شخصیت تھے انہوں نے طویل عرصہ تک فن طب کی خدمت کی اور علاقہ کے عوام کو مستفیض کیا وہ امراض چشم کے خصوصی معالج تھے۔

آپ نے ۱۹۸۰ء میں میٹرک کا امتحان امتیازی حیثیت سے پاس کیا۔ ۱۹۸۱ء میں طب کی مزید تعلیم کیلئے راولپنڈی کی قدیم طبی درسگاہ اجمل طبیہ کالج میں داخلہ لیا۔ ۱۹۸۵ء میں فاضل الطب والجراحت

کی سند حاصل کی اور اپنے والد محترم کے ساتھ مطب میں معاونت شروع کی۔ اس طرح عملی مطب کا تجربہ والد صاحب کی زیر نگرانی حاصل کیا۔ ۱۹۸۸ء میں اپنے والد کی وفات کے بعد مطب کی ذمہ داری سنبھالی اور خدمتِ خلق میں مصروف ہوئے۔

حکیم تنویر احمد ولد حکیم حاجی محمد شفیع
اسلامی دواخانہ مین بازار کہوٹہ۔ ضلع راولپنڈی

مجرّبات

حب سیاہ مسہل: اجزاء و ترکیب ساخت، پوست آملہ پوست بہیڑہ۔ پوست ہرڑ۔ تربد مجوف بادیح۔ نوشادر۔ کرنجوہ ہر ایک ایک تولہ۔ گندھک آملہ سار چھ ماشہ پارہ تین ماشہ۔ جمالگوٹہ مدبر ایک تولہ۔ گندھک اور پارہ کی کجلی بنالیں اور بقیہ ادویہ باریک سفوف بنا کر شامل کریں اور آب انار کی مدد سے حب بقدر فلفل سیاہ بنالیں۔

مقدار خوراک: دو گولی ہمراہ آب

فوائد: زہر خوردنی، زہریلے اور فاسد مادوں کے اخراج میں مفید ہے۔

برائے بخار ملیریا وبائی: اجزاء و ترکیب ساخت: فلفل سیاہ نوشادر، گیرو ہر ایک ہموزن ایک تولہ باریک سفوف بنا کر محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک: چار رتی دن میں دو یا تین مرتبہ۔

فوائد: وبائی بخاروں ملیریا۔ ورم جگر و طحال میں مفید ہے۔

حکیم محمد شبیر احمد ملک

آپ ۲ مئی ۱۹۵۲ء کو مری کے ایک گاؤں روات میں پیدا ہوئے۔ ابتدائی دینی و درسی تعلیم مقامی طور پر حاصل کی۔ ۱۹۷۰ء میں گورنمنٹ ہائی سکول سے میٹرک کا امتحان پاس کیا۔ ڈگری کالج مری میں داخل ہوئے۔ چونکہ فن طب آپ کا خاندانی سلسلہ ہے اس لئے بچپن سے ہی فطری طور پر اس طرف رجحان رہا۔ ایف اے کرنے کے بعد کشمیری بازار مری میں اپنے تایا جان کے مطب سے وابستہ ہوئے۔ اور فن طب کے رموز نکات اور عملی تجربات سے آگاہی حاصل کی۔ ۱۹۸۴ء میں تعلیم کے لئے طبیہ کالج میں داخلہ لیا۔ ۱۹۸۸ء میں فاضل طب والجراحت کی سند حاصل کی۔ دورانِ تعلیم عملی مطب شروع کیا۔ آپ کے بڑے بھائی بھی اسی فن شریف سے وابستہ ہیں بحمد اللہ آپ اپنی تمام تر صلاحیتوں کے ساتھ خدمتِ خلق میں مصروف ہیں۔

حکیم محمد شبیر احمد ملک ولد محمد یعقوب ملک
باب الحکمت، سروس روڈ۔ صادق آباد۔ راولپنڈی

مجرّبات

برائے جریان: اجزاء و ترکیب ساخت: پھلی ببول (خام خشک دو سایہ) سفوف بنا کر شہد کی مدد سے حبوب بقدر بیر بنالیں۔

مقدار خوراک: ایک گولی صبح و شام ہمراہ دودھ۔

فوائد: جریان و سرعت انزال میں مفید ہے۔

برائے اطفال: اجزاء و ترکیب ساخت: بنسلوچن زیرہ سفید۔ تخم الائچی خورد سفوف بنالیں۔ بچوں کے منہ آنے یا چھالوں میں لگانا فائدہ مند ہے۔

حکیم غلام جیلانی زرگر

آپ نے ابتدائی دینی و درسی تعلیم کے بعد طب کی تعلیم اپنے والد محترم حکیم حسن الدین زرگر صاحب سے حاصل کی وہ اپنے وقت کے ماہر طبیب اور سنیاسی تھے انہیں فن کشتہ سازی پھر عبور حاصل تھا۔ آپ نے فن کیمیاگری اور فن طب کے رموز و نکات سے آگاہی انہیں سے حاصل کی۔ بورڈ آف یونانی اینڈ آیورویدک سسٹم آف میڈیسن کے تحت رجسٹرڈ ہوئے۔ اور عملی مطب کے ذریعے خدمت خلق میں مصروف ہوئے۔ آپ علاقہ کی ایک معزز شخصیت اور سماجی کارکن کے حوالے سے ممتاز ہیں اور مقامی سیرت کمیٹی کے ممبر بھی ہیں۔

حکیم غلام جیلانی زرگر ولد حکیم حسن الدین زرگر
مقام چوہا خالصہ۔ تحصیل کہوٹہ۔ ضلع راولپنڈی

مجربات

برائے درد گردہ: اجزاء و ترکیب ساخت: فلفل سیاہ بقدر ضرورت گائے کے پتے میں بھر کر خشک ہونے پر سفوف بنالیں۔

مقدار خوراک: حسب مزاج و قامت دو رتی تک۔

فوائد: درد گردہ میں مفید ہے۔

برائے سنگ گردہ و مثانہ: اجزاء و ترکیب ساخت: حجر الیہود آب مولی میں کھرل کر کے ٹکیہ بنالیں۔ اور کوزہ گلی میں گودا گھیکوار نیچے اوپر رکھ کر گل حکمت کر کے دس سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر سفوف بنالیں۔

مقدار خوراک: ڈیڑھ رتی ہمراہ جوشاندہ مکی۔

فوائد: سنگ گردہ و مثانہ کے اخراج میں مفید ہے۔

حب تنکار: اجزاء و ترکیب ساخت: سہاگہ بریاں دو تولہ اجوائن خراسانی ڈھائی تولہ فلفل سیاہ بارہ تولہ صبر سقوطری اٹھارہ تولہ جملہ ادویہ سفوف بنا کر گودہ گھیکوار کی مدد سے حبوب بقدر نخود بنالیں۔

مقدار خوراک: ۱ گولی سے چار گولی تک۔

فوائد: جملہ امراض معدہ میں مجرب ہیں۔

حکیم مولوی محمدّ نذیر

ابتدائی دینی و درسی تعلیم مقامی طور پر حاصل کی۔ جناب مولوی عطا محمدّ و مولا بخش نیز مولوی لعل الدین صاحب سے فارسی عربی اور طب کی تعلیم کیلئے اکتساب کیا اور مطب کا عملی تجربہ حاصل کرنے کے لئے طویل عرصہ تک مطب سے منسلک رہے۔ پھر محکمہ مال میں بحیثیت پٹواری علاقہ کے نکاح رجسٹرار اور جامع مسجد میں بطور خطیب خدمات انجام دیتے رہے اس کے ساتھ ساتھ آپ عملی مطب کے ذریعے خدمت خلق میں مصروف ہوئے۔

مولوی حکیم محمد نذیر ولد حکیم محمد خلیل
سکنہ لک تحصیل و ضلع سرگودھا

مجرّبات

تیل نوشادر برائے داد و چنبل: اجزاء و ترکیب ساخت:

صدف خورد آدھ سیر۔ نوشادر ٹھیکری آدھ سیر دونوں کو ملا کر کوزہ گلی آب نارسیدہ میں ڈال کر حسب معمول کشتہ بنا لیں۔ کشتہ شدہ کو نکال کر کھلے برتن میں رکھیں کچھ دیر تک تیل بن جائے گا۔ بطور تحریری مقام ماؤف پر استعمال کریں۔

الحاج حکیم ملک رحیم بخش

آپ ۱۹۱۲ء کو پیدا ہوئے۔ ابتدائی دینی و درسی تعلیم مقامی طور پر حاصل کی۔ ابتداء سے ہی عربی تعلیم کا شوق ہوا لہٰذا درسی تعلیم کیطرف متوجہ ہوئے اور نظم، صرف و نحو، منطق، فقہ، اصول فقہ، حدیث، تفسیر، مناظرہ وغیرہ کی تعلیم مکمل کی۔ بعد ازاں والد صاحب کی خواہش کا احترام کرتے ہوئے طبیہ کالج لاہور میں داخلہ لیا۔ لیکن عربی کتب کے اردو تراجم شامل رضا تھے اور آپ کو عربی پر عبور تھا لہٰذا کالج کو خیر باد کہا اور عربی دان حکما کی تلاش شروع کی تاکہ طب کو عربی زبان میں پڑھا جائے۔ آخر کار علاقہ تھل کے شہر پنڈیال کے حضرت مولوی فضل الکریم نے عربی نصاب مکمل کروایا۔ تعلیم مکمل کرکے عملی مطب کے ذریعے خدمت خلق میں مصروف ہوئے۔

الحاج حکیم ملک رحیم بخش ولد الحاج ملک اللہ یار
بمقام نواں لوک ڈاکخانہ راہ سلانوالی ضلع سرگودھا

مجربات

اکسیر ضعف باہ: اجزاء و ترکیب ساخت: یکمشت ناجیل تازہ لیں جس میں اس کا اپنا پانی بھی موجود ہو۔ اس کی اوپر والی چوٹی کو سوراخ کرکے نیچے گری والے گولا کو بھی سوراخ کرلیں اور ادویات ذیل اس میں [illegible] چھوہارہ چھ عدد کو رات دودھ میں بھگو دیں۔ [illegible] سے دبا کر نرم کرکے گٹھلی نکال کر ہر چھوہارے میں شنگرف ۲ ماشہ ڈال کر ناریل میں داخل کر کے [illegible] برگد سے پُر کرکے اوپر آرد گندم کا ایک ایک انچ [illegible] کر اندر رکھ دیں۔ اکتالیس دن کے بعد اوپر والی [illegible] کر گری والا کھوپرا نکال کر اس پر پھر ایک ایک انچ [illegible] چڑھا کر آتنا روغن زرد جس میں گولا ڈوب جائے [illegible] کر آٹا سرخ ہو جائے۔ اب آٹا اتار کر گولا کو کوٹ کر [illegible] کے جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنا لیں۔

خوراک: ایک گولی روزانہ ہمراہ دودھ۔

حکیم بشیر احمد

۲۰ جون ۱۹۳۶ء کو ضلع سرگودھا کے ایک گاؤں کوٹ خدا بخش میں پیدا ہوئے سلسلہ طبابت خاندانی ہے آپ کے جد حکیم حافظ حاجی محمد صاحب ضلع سرگودھا میں ایک مشہور فاضل طبیب ہو گزرے ہیں۔ آپ کے بڑے برادران حکیم محمد صدیق صاحب اور حکیم محمد رفیق صاحب بھی اسی پیشے سے منسلک ہیں۔ اس طرح یہ پیشہ آپ کا خاندانی بن چکا ہے۔ آپ کے والد صاحب بہت عرصہ تک آبائی گاؤں کوٹ خدا بخش میں پریکٹس کرتے رہے لیکن اس کے بعد آپ وہاں سے منتقل ہو کر لک تشریف لے آئے اور وہاں پریکٹس شروع کر دی جلد ہی آپ کی شہرت کا چرچا پھیل گیا۔

آپ نے ابتدائی تعلیم اپنے والد صاحب سے ہی حاصل

بعد کھانسی نزلہ، زکام کا مکمل خاتمہ۔

اکسیر چنبل: اجزاء و ترکیب ساخت: سنکھیا سفید چھ ماشہ لیکر اچھی طرح باریک کر لیں پھر اس کو ۵ تولہ مٹی کے تیل میں اچھی طرح ملا کر ۲۴ گھنٹے مکمل کریں مُرغی کے پَر سے چنبل پر ایک بار لگائیں۔ اگر ضرورت پڑے تو دُوسری بار لگائیں۔ انشاء اللہ تیسری بار دوا لگانے کی نوبت نہ آئے گی۔

دیگر: سانپ کی کینچلی لیکر اُسے تیل تل میں جلالیں جب کینچلی جل جلئے اور تیل کالا ہو جائے تو اس کو مرغی کے پَر سے چنبل پر لگائیں۔ انشاء اللہ چند دن میں آرام آجائیگا۔ یہ نسخہ بندہ کا تجربہ شدہ ہے۔

حب مقوی باہ: اجزاء و ترکیب ساخت: جائفل ۳ ماشہ مصطگی رومی چار ماشہ۔ حرمل سات ماشہ جلوتری ۷ ماشہ۔ اجوائن خراسانی ۴ ماشہ۔ عقرقرحا دو ماشہ الائچی خورد ۲ ماشہ۔ افیون ۶ رماشہ۔ کافور ۳ ماشہ۔ زعفران ایک ماشہ تمام ادویات کو باریک کر کے بقدر نخود گولیاں بنالیں۔ ایک گولی بوقت عصر ہمراہ دودھ لیں۔ بیحد مفید ہے مقوی باہ ہے۔

حکیم میاں محمد شفیع قریشی

آپ ۱۰ اپریل ۱۹۴۶ء کو موضع شیخوالی ضلع خوشاب کے ایک صوفی علمی ادبی اور دینی معزز گھرانہ میں پیدا ہوئے۔ آپ کے آباؤ اجداد علاقہ میں تبلیغ دین کا فریضہ انجام دیتے رہے۔ آپ نے ابتدائی دینی درسی تعلیم مقامی طور پر حاصل کی۔ میٹرک کا امتحان خوشاب ایف اے جوہر آباد اور بی اے کی سند پنجاب یونیورسٹی سے حاصل کی اس کے بعد دس سال تک معروف دینی درسگاہ ضیاء الشمس الاسلام سیال شریف ضلع سرگودھا سے تدریس سے منسلک رہے اور ساتھ ساتھ دینی تعلیم کا [illegible] جاری رکھا وہاں سے دورہ حدیث شریف اور [illegible] عربی فاضل کی سند حاصل کی۔ بعد ازاں ۱۹۷۸ء میں [illegible] تعلیم کے حصول کی خاطر طبیہ کالج خوشاب میں داخلہ لیا [illegible] ۱۹۸۲ء میں فاضل الطب والجراحت کی سند امتیا[illegible] سے حاصل کی۔ دوران تعلیم ہر سال نیشنل کونسل فار طب [illegible] امتحانات میں اوّل اور امتیازی پوزیشن حاصل کی۔ تعلیم سے فارغ ہو کر ذاتی مطب کا سلسلہ شروع کیا اور خدمت خلق [illegible] معروف ہوئے آپ ایک ماہر طبیب دینی سکالر اور سماجی کارکن کی حیثیت سے ممتاز مقام رکھتے ہیں۔

حکیم میاں محمد شفیع ولد میاں محمد شریف
الحامد دواخانہ بمقام ڈاک خانہ حکڑالہ تحصیل شاہ پور ضلع سرگودھا

مجرّبات

اکسیر خسرہ، حمیات اطفال: اجزاء و ترکیب ساخت: آرد گلو ۱ تولہ۔ طباشیر نقرہ ۵ تولہ۔ الائچی کلاں ۵ تولہ۔ خرب کلاں ۲ تولہ۔ دارچینی ۶ ماشہ۔ فلفل دراز ۶ ماشہ۔

تمام ادویات کو علیحدہ علیحدہ باریک سفوف بنالیں حسب عمر ہمراہ بدرقہ مناسبہ آب تازہ صبح، دوپہر، شام استعمال کرائیں اور بچہ کو کھانے کیلئے نرم غذا دیں۔

سفوف ضیق النفس: اجزاء و ترکیب ساخت: اسطوخودوس منڈی۔ پرسیاؤشاں۔ برگ بادیان۔ کباب چینی۔ زوفہ گل بنفشہ۔ اصل السوس مقشر۔ تخم خشک

ہر ایک دوا پانچ تولہ۔ چینی سفید تین پاؤ۔
ترکیب تیاری: تمام ادویات کا حسبِ دستور سفوف تیار کر لیں
مقدار خوراک: ۳-۱ ماشہ ہمراہ بدرقہ مناسبہ دن میں تین بار کھلائیں
افعال و خواص: ضیق النفس و دیگر ششی امراض کے لئے اکسیر ہے نزلہ زکام نیا ہو یا پرانا۔ صداع۔ شقیقہ۔ سعال بخار حمّی کرتپ دق میں بھی مفید ہے۔

حکیم میاں غلام رسول

آپ نے ابتدائی دینی و درسی تعلیم سے فارغ ہو کر ۱۹۵۲ء میں میٹرک کا امتحان پنجاب یونیورسٹی سے پاس کیا۔ مزید دینی و طبی تعلیم کیلئے معروف درسگاہ دار العلوم ضیاء شمس میں شیخ المشائخ قبلہ خواجہ محمد قمر الدین کی زیر نگرانی دس سال تک حصولِ علم میں مصروف رہے۔ یہاں سے دینی اور طبی سند حاصل کی۔ آپ نے پنجاب یونیورسٹی سے بی اے کا امتحان پاس کیا اس کے ساتھ ساتھ عربی، فارسی اور انگریزی تعلیم بھی حاصل کی۔ آپ کا سلسلہ نسب حافظ چغتا خان صاحب سے ملتا ہے۔ سلسلہ ملاقات چشتی اجمیری سے ہے اس مناسبت سے مطب کا نام چشتی اجمیری دواخانہ رکھا۔ حضرت خواجہ محمد سلیمان تونسوی سے علم بصیرت عطا ہوا۔ آپ ایک دینی و روحانی شخصیت کے علاوہ ماہر طبیب کی حیثیت سے علاقہ میں قدر و منزلت کی نگاہ سے دیکھے جاتے ہیں۔

حکیم میاں غلام رسول ولد مولانا مولوی محمد ہاشم
چشتی اجمیری دواخانہ چک نمبر ۲۱ جنوبی براہ کوٹ مومن
تحصیل بھلوال ضلع سرگودھا

مجرّبات

ایک نادر نسخہ: اجزاء و ترکیب ساخت: سم الفار سفید ۲ تولہ اور پٹاس ۴ تولہ۔ سم الفار سفید کو باریک پاؤڈر کر کے پٹاس ملا کر لوہے چینی کے برتن میں رکھ کر سلگتے ہوئے کوئلوں پر رکھ دو۔ دستی پنکھا سے ہوا دو۔ دو منٹ میں پٹاس دھواں معمولی دیکر چلی جائے گی۔ اور سم الفار کو قائم النار جاری کر جائیگی۔ پھر اس میں سفید گلیسرین ملا کر آگ پر رکھ دو تاکہ محلول بن جائے اگر مس کو کئی بار مذکورہ محلول میں بجھا دیئے جائیں تو مس کو طلا کرے گا۔ میرا ذاتی تجربہ ہے۔ یہ محلول اور کشتہ امراض کمزوری، نامردی میں اکسیر ہیں اور طلا کے طور پر بھی مستعمل ہے۔

(نوٹ) پٹاس پٹاخوں والی درکار ہے سرخ سم الفار کو قائم اور جاری نہ کریگی۔ کیونکہ اس میں گندھک ہے۔ آواز دیگر پھٹ جائے گی۔

اکسیر نامردی اور کمزوری: اجزاء و ترکیب ساخت: بیر بہوٹی ایک سیر لیکر مصفا کر لیں سالنشی شیشی میں ڈال کر چاولوں کی دیگ لیں دم پخت کے وقت دیگ میں رکھ دیں۔ دیگ کا دم کھلنے پر حفاظت سے نکالیں تو سرخ رنگ کا آتشی تیل برآمد ہوگا۔ یہ تیل بطور طلا استعمال کرنے میں معجزہ نمائی دکھاتا ہے بلکہ عورت کو زندگی بھر غلام بنا دیتا ہے۔ بلکہ شیدائی ہوجاتی ہے یہ تیل اگر ڈلی شنگرف کو پلایا جائے تو شنگرف کو مومیا کر دیتی ہے جو کہ امراض نامردی میں بیمثال ہے۔

روغن شنگرف: اجزاء و ترکیب ساخت: دو درجن انڈے مرغ کے لیکر اچھی طرح ابال لیں ٹھنڈا ہونے پر سفیدی اور زردی علیحدہ کریں۔ زردی میں شنگرف سفوف کو اچھی طرح کھرل کریں اور دھوپ میں رکھیں۔ ایک گھنٹہ بعد تیل برآمد ہوگا۔ یہ تیل خوراکی طور پر بھی

استعمال ہوتا ہے۔ نمونیا، سرسام، فالج، لقوہ، استرخاء، رعشہ و دیگر امراض میں بھی مفید ہے۔ بہ رقہ مناسبہ برائے طبیب کامل یہ تیل بیرونی طور پر بھی مستعمل ہے۔ سوکھے ہوئے بچوں کی مالش میں اعجاز نمامخفی ہے۔ جن بچوں کی ٹانگیں سوکھ گئی ہوں روغن زیتون میں ملا کر مالش کریں اور خالص دودھ چائے میں ملا کر روزانہ استعمال کریں تو بچے ٹھیک ہو جاتے ہیں۔ اکثر بڑے بزرگوں اور بچوں کو اس تیل میں سے بے مثال فائدہ ہوگا۔ مفید ترین دوائیوں میں اس تیل کا شمار ہے۔ لائق طبیب اپنی اپنی بصیرت کے مطابق استعمال کرا سکتے ہیں۔ اس طریقہ سے دیگر روغنی اجزاء کا بھی تیل برآمد ہو سکتا ہے مگر وہ اجزاء زہریلے ہیں۔ سوچ سمجھ کر انکو استعمال کریں۔

کشتہ ہڑتال ورقیہ:

اجزاء و ترکیب ساخت: سنکھ کو کسی معتبر طریقے سے کشتہ کر لیں ہڑتال ورقیہ کو شہد خالص میں لت پت کر کے کسی گل برتن میں ہڑتال ورقیہ کے زیر و بالا کشتہ سنکھ دیکر گل حکمت کریں اور اچھی طرح خشک کریں۔ ۲۰ سیر اوپلوں کی رات کو گڑھے والی آگ دیں۔ سرد ہونے پر ہڑتال ورقیہ نکال کر پیس لیں۔ تیار ہے۔ امراض نسواں میں اپنی مثال آپ ہے۔ اس سے بڑھ کر میرے ذہن میں اور کوئی دوا امراض نسواں میں نہیں ہے۔ بہ رقہ مناسبہ برائے طبیب امراض رعشہ، لقوہ، استرخاء، فالج دیگر ایسے امراض میں [illegible] ہے۔

حکیم مہر احمد یار لالی

ابتدائی دینی و درسی تعلیم کے بعد میٹرک کا امتحان پاس کیا فن طب سے آپ کو ابتداء سے ہی خصوصی دلچسپی تھی۔ چنانچہ طبی تعلیم کے لئے جناب حکیم نور زمان چشتی صاحب سے فن طب میں درسی و عملی اکتساب کیا۔ تعلیم کے بعد آبائی گاؤں چک نمبر ۱۳۳ میں عملی طب شروع کیا [illegible] میں مصروف ہوئے۔

حکیم مہر احمد یار لالی ولد مہر میر خان لالی چک [illegible] ڈاکخانہ سلانوالی تحصیل و ضلع سرگودھا

مجربات

قوت باہ:

اجزاء و ترکیب ساخت: ایک عدد [illegible] صاف کر کے درمیان میں دیسی گھی [illegible] رکھ کر بیٹ سی کر ڈولی میں گل حکمت کر کے دو سیر [illegible] آگ دیں۔ ٹھنڈا کر کے نکال لیں۔ بعد میں نکال کر سفوف کر کے شہد وغیرہ میں ایک خوراک دو رتی ہر روز استعمال کریں۔ قوت باہ کیلئے موسم سرما میں استعمال کریں۔ اگر بعد میں کشتہ قلعی سفید شیر مہر والا ساتھ ملا لیں تو اکسیر کا درجہ رکھتا ہے۔

فوائد: قوت باہ، دردِ رینگن، لقوہ، رعشہ وغیرہ میں مفید ہے۔

برائے بواسیر:

اجزاء و ترکیب ساخت: ریٹھہ، مغز تخم نیم۔ ترکیب: مذکورہ تینوں کو علیحدہ علیحدہ سفوف کر کے پھر ملا لیں۔ ایک بڑی مولی ڈبی نما دونوں میں سوراخ کر کے مرکب ڈال دیں۔ اور تخم بستہ مولی کا حصہ بند کر کے دو انگل مولی کو گل حکمت کر کے دھوپ میں خشک کر کے تین سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ ٹھنڈا ہونے پر نکال لیں۔ مولی کے اوپر سے مٹی اتار کر دونوں طرف سے ۴۔۴ انگل کاٹ دیں۔ درمیان والے حصہ کو کوٹ کر گولیاں بقدر جنگلی بیر بنا لیں۔

خوراک: ۱۔۱ گولی صبح و شام ہمراہ شربت صندل۔

برائے دمہ بلغمی:

اجزاء و ترکیب ساخت: مرغ نر سیاہ رنگ جوان کا گوشت ایک پاؤ کوٹ کوٹ کر باریک کر لیں اور چہار مغز، تقوم، تخم [illegible]

ایک پاؤ کوٹ کر دونوں ملا کر نغدہ تیار کریں۔ درمیان شنگرف ۱ تولہ رکھ کر کپڑا ململ میں باندھ میں باندھ کر دیسی گھی نصف کلو میں پکائیں۔ آہستہ آہستہ پکانے سے جب گھی ختم ہونے پر آجائے اور نغدہ پک کر سُرخ ہو جائے نکال کر شنگرف کا سفوف بنائیں دُمر بلغمی کے لئے شہد میں نہار منہ دانہ گندم برابر استعمال کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ دُمر بلغمی ہمیشہ کے لئے ختم ہو جائیگا۔ ایک ہفتہ دینے سے دُمر بلغمی کا خاتمہ ہو جائیگا۔

اکسیر پتھری:

اجزاء و ترکیب ساخت: برو گھاس کی جڑیں پانی سادہ سے دھو کر کوٹ کر پانی نچوڑ لیں۔ صبح نہار منہ مریض کو نصف کلو دیسی چھوٹا گھاس پانی بڑا گھاس میں قدرے نمک ملا کر پلا دیں۔ تین روز روزانہ تکرار عمل کرنے سے تمام پتھری ریت بن کر پیشاب کے ذریعے نکل آئے گی بعد میں مریض کو زخموں کیلئے روغن بہروزہ قطرہ قطرہ بتاسہ میں نہار منہ استعمال کرائیں۔

اکسیر ذیابطیس:

اجزاء و ترکیب ساخت: گڑمار بوٹی ۱ تولہ مغز خستہ جامن ۱ تولہ۔ زنجبیل ۶ ماشہ کافور قائم انار۔ بے بو ۲ ماشہ (آب عنبر بیل اور ان بجھ چونا میں قائم شدہ ہوتا ہے)
تمام دوا کھرل کر کے سفوف بنالیں اور جوشاندہ بوٹی گڑمار کی مدد سے گولی دانہ چنے برابر بنالیں (استعمال) ایک گولی روزانہ صبح نہار منہ جوشاندہ گڑمار سے استعمال کرائیں۔ انشاء اللہ مرض کا ایک دو ہفتہ کے اندر خاتمہ ہو جائیگا۔

حکیم ملک طالب حُسین

آپ نے ابتدائی دینی و درسی تعلیم مقامی طور پر حاصل کی ابتدا ہی سے آپکو فن طب سے خصوصی لگاؤ تھا۔ چنانچہ میٹرک کا امتحان پاس کرنے کے بعد والد محترم کی خواہش کے مطابق ربوہ طبیہ کالج میں داخلہ لیا۔ عرصہ تین سال بعد طبیہ کالج لاہور میں داخلہ لے کر تعلیم مکمل کی اور فاضل الطب و الجراحت کی سند امتیازی حیثیت سے حاصل کی ۱۹۷۵ء میں کالج سے فارغ ہو کر علاقہ تھل سکنہ بلو ضلع جھنگ صدر میں عملی مطب شروع کیا گیارہ سال تک علاقہ کے عوام کی خدمت کرنے کے بعد اپنے آبائی چک ۱۲۶ شمالی میں آگئے اور اس فن کے ذریعے خلوص نیت سے دُکھی انسانیت کی خدمت میں مصروف ہیں۔

حکیم ملک طالب حسین ولد حاجی ملک غلام محمد
بمقام چک ۱۲۶ شمالی (سلانوالی) تحصیل و ضلع سرگودھا

مجرّبات

سفوف مغلّظ:

اجزاء و ترکیب ساخت: موصلی سفید۔ موصلی سیاہ۔ تالمکھانہ۔ بہمنید ثعلب مصری۔ ثعلب پنجہ۔ بہمن سُرخ۔ بہمن سفید۔ ستاور۔ شقاقل ۔ ایک ایک ہموزن ۱ تولہ ۱ تولہ۔ کا پی مصری ۲/۱ ۲ چھٹانک۔ اسپغول سالم ۲ تولے۔

ترکیب تیاری: پہلی دس ادویہ کو اکٹھا کوٹ چھان لیں۔ بعد مصری کا پی کوٹ کر ملا لیں۔ اس کے بعد آخر میں اسپغول سالم ویسے بغیر کوٹے ملا لیں۔

ترکیب استعمال : ۶ ماشہ صبح اور ۶ ماشہ شام دودھ سے کھائیں۔ یہ نسخہ ہمارا معمول مطب ہے، اور جریان۔ احتلام بغلظ منی کمزوری۔ قوت باہ اور منی کو گاڑھا کرتا ہے۔ جریان کو بالکل ختم کر دیتا ہے۔

سفوف مدر : اجزاء و ترکیب ساخت : قلمی شورہ ۵ تولہ۔ ریوند چینی ۵ تولے۔ جوکھار ۵ تولے۔ زیرہ سفید ۵ تولے۔ شکر سفید ۱ تولے، ان تمام ادویہ کو کوٹ چھان کر سفوف بناؤ۔ یہ سفوف مدر بول ہے اور حیض کیلئے جو کہ درد سے آتا ہو کو مفید ہے۔

خوراک : ۳ ماشہ عرق بادیان سے یا پانی سے استعمال کر دیں۔

سفوف ہاضم : اجزاء و ترکیب ساخت : برگ پودینہ بادیان۔ فلفل سیاہ۔ نمک سانبھر۔ نمک شیشہ۔ نوشادر ٹھیکری اجوائن دیسی۔ سہاگہ۔ سُنڈھ زیرہ سیاہ ہر ایک ۱۰، ۱۰ تولے ہموزن۔

ترکیب : تمام ادویہ کو اکٹھا کوٹ لیں اور سفوف بنالیں۔

خوراک : ۳ ماشہ سے ۵ ماشہ تک خوراک ہے۔

فوائد : یہ نظام ہاضم اور تبخیر معدہ۔ قبض۔ گیس۔ نفخ شکم بدہضمی وغیرہ کیلئے مفید ہے۔

حاجی محمد سلیم اعوان

آپ ۱۹۳۵ کو بمقام تحصیل بھلوال ضلع سرگودھا میں پیدا ہوئے بعد ازاں آپکے والدین بوجہ زمینداری رتوکالا تحصیل بھلوال میں مقیم ہو گئے۔ آپ نے ابتدائی دینی و درسی تعلیم مقامی طور پر حاصل کی۔ ۱۹۵۳ء میں میٹرک کا امتحان پاس کیا۔ بچپن سے ہی آپ کو فن طب سے خصوصی لگاؤ رہا حکیم راجہ شاہ صاحب کے مطب ... پھر آپ نے سیشن جج کی کچہری ملازمت اختیار کر لی میں انٹرمیڈیٹ کا امتحان پاس کیا۔ پھر حکیم حاجی باد... سنیاسی انبالوی اور شمس الدین سنیاسی انبالوی سے ملاقات ہوئی اور فن طب میں ان سے اکتساب ... میں ملازمت سے سبکدوش ہو کر فیصل آباد سے طب کی ... حاصل کی اور خدمت خلق میں مصروف ہوئے۔

حکیم حاجی محمد سلیم اعوان ولد حاجی محمد شریف
۱۱ جناح پارک۔ ریلوے روڈ سرگودھا

سفوف جریان : اجزاء و ترکیب ساخت : کشنیز خشک۔ کوکنار۔ چھلکا اسبغول۔ قند سفید۔ کشتہ فولاد ہر ایک تین ماشہ۔ کشنیز اور کوکنار کو علیحدہ علیحدہ کوٹ چھان لیں اسطرح قند سفید علیحدہ باریک کر لیں۔ تینوں اجزاء ملا کر کشتہ فولاد اور چھلکا اسبغول شامل کر لیں۔ (چھلکا سالم ملائیں)

مقدار خوراک : تین ماشہ صبح نہار منہ ہمراہ شربت بزوری

فوائد : مغلظ ہے جریان احتلام وسرعت انزال میں مجرب ہے۔

سفوف ہاضم : اجزاء و ترکیب ساخت : فلفل سیاہ بیس تولہ۔ نمک لاہوری پانچ تولہ۔ تیزاب گندھک پانچ تولہ۔ آب لیموں ایک پاؤ۔ چینی کے پیالے میں فلفل سیاہ ڈال کر اور سفوف نمک ڈال دیں اور اس پر گندھک کا تیزاب اور آب لیموں ڈال کر برتن کو ڈھانپ دیں جب تمام پانی جذب ہو جائے۔ فلفل سیاہ محفوظ کر لیں۔

مقدار خوراک : پانچ سے سات عدد فلفل سیاہ بعد از غذا۔

فوائد : ہاضم اور پیٹ درد قے و متلی میں مفید ہے

راجہ معظم طاہر

آپ ۵ فروری ۱۹۶۲ء میں پیدا ہوئے۔ ابتدائی دینی و درسی تعلیم مقامی طور پر حاصل کی۔ طب یونانی اور آیورویدک طریقہ علاج سے آپ کو خصوصی لگاؤ ہے۔ طبی ڈائریکٹری کیلئے آپ کے مجربات درج ذیل ہیں۔

شیدائے فن راجہ معظم طاہر
چک نمبر ۲۶ جنوبی ڈاک خانہ خاص براہ بلنہ پل تحصیل سلانوالی ضلع سرگودھا

مجربات

برائے جریان و سرعت: اجزاء و ترکیب ساخت: آرد سنگھاڑا، سبوس اسپغول، گوند ببول، پستان کابلی، مصطگی، ثعلب مصری، گوکھرو، ستاور، تالمکھانہ، تخم اوٹنگن، مغز تخم کرنج، موصلین، تودرین، بہمن، ست برگد، بوہلی۔ جملہ ادویہ ایک ایک تولہ، مصری ہم وزن ادویہ۔ اگر اس میں کشتہ قلعی جست والا، مرجان و کشتہ عقیق چھ چھ ماشہ ملالیں تو قوی الاثر ہے۔

مقدار خوراک: تین ماشہ صبح و شام ہمراہ شیر گاؤ۔

فوائد: جریان، احتلام، سرعت اور ضعف باہ میں مفید ہے نیز مغلظ ہے۔

حب ممسک: اجزاء و ترکیب ساخت: عقرقرحا، زنجبیل، جائفل، بلوتری، قرنفل، زعفران، پیپل، تریاق (در عرق گلاب سائیدہ) جملہ ادویہ ہم وزن سفوف بناکر شہد کی مدد سے حبوب بقدر دانہ ماش بنالیں۔

مقدار خوراک: ۱ گولی ہمراہ شیر دو گھنٹہ قبل۔

تصحیح اکسیر ذیابیطس: (طبی ڈائریکٹری جلد دوم صفحہ ۶۴) حکیم محمد اسلم ضیا چکوال

اجزاء و ترکیب ساخت: سم الفار ایک تولہ۔ رس پیٹھہ ڈھائی سیر میں نرم آگ پر پکاکر بعدہ ایک دو چھٹانک رس میں سحق بلیغ کریں اور ٹکیہ بناکر خشک کریں۔ اس ٹکیہ کو ایک کلو پیٹھہ میں رکھ کر بیس سیر اوپلوں کی آگ دیں تو کشتہ مذکورہ اکسیری فوائد کا حامل ہوگا جیسا کہ مفتاح الخزائن کے باب القصا دلیق میں تصدیق ہو چکی ہے۔

مقدار خوراک: آدھا چاول بعد از ناشتہ مکھن یا بالائی میں رکھ کے کھلائیں اور عصر کے وقت گڑمار بوٹی تین ماشہ، گلو سبز تین ماشہ کا گھوٹہ پن چھان کر پلائیں۔ گرمی میں یونہی اور سرما میں نیم گرم۔

فوائد: ذیابیطس مع ضعف اعصاب و ضعف باہ میں مفید ہے۔

برائے ضغطۃ الدم: (میرا ذاتی مجرب ہے) اسرول، سرپ گندھا لیکر سفوف بنالیں

مقدار خوراک: چھ رتی

فوائد: مسکن، منوم اور ضغطۃ الدم میں مجرب ہے۔

برائے جریان: اجزاء و ترکیب ساخت: بیج بند، ستاور، بہمن، ثعلب مصری، تالمکھانہ، ریش برگد ہر ایک ڈھائی تولہ، مصطگی رومی دو تولہ، دانہ الائچی خورد ایک تولہ تمام ادویہ کا سفوف بنالیں۔

مقدار خوراک: چھ ماشہ صبح و شام ہمراہ شیر۔

فوائد: مغلظ ہے نیز جریان احتلام و سرعت انزال میں مفید ہے

حکیم فضل الرحمٰن شاہپوری

آپ ۱۹۴۴ء میں ایک معزز علمی خاندان میں پیدا ہوئے ابتدائی دینی و درسی تعلیم مقامی سطح پر حاصل کیا۔ ایف۔ ایس۔ سی مرے کالج سیالکوٹ میں کرنے کے بعد طبیہ کالج لاہور میں طبی تعلیم حاصل کی۔ دوران تعلیم

نمایاں حیثیت کے طالب علم ہونے کیوجہ سے طبیہ کالج میگزین کی مجلس ادارت میں شامل ہوئے۔ آخری سندی امتحان میں اوّل آئے اور گولڈ میڈل حاصل کیا۔ خاندان کے سبھی افراد حکماء اور ڈاکٹر ہیں۔ آپ کے والد مرحوم نے ۱۹۲۰ء میں "الحیات" دواخانہ کی بنیاد رکھی جو بفضل تعالیٰ آج تک فن و قوم کی خدمت بجالا رہا ہے۔ آپ طبِ اسلامی کے علمبردار ہیں۔ ایک ماہر طبیب علمی، ادبی اور سماجی شخصیت ہونے کیوجہ سے علاقہ میں ممتاز حیثیت رکھتے ہیں۔

حکیم فضل الرحمٰن شاہ پوری ولد حکیم حیات اللہ شاہ پوری
الحیات دواخانہ، ایبٹ روڈ سیالکوٹ

مجرّبات

بواسیر خونی: اجزاء و ترکیب ساخت: مازو سبز تیس عدد، مرمکی بارہ گرام دونوں ادویہ کو صاف ستھرا کر کے باریک سفوف بنا کر محفوظ رکھیں۔
تین گرام یہ سفوف دودھ کے ہمراہ دیں۔ سات یوم کا استعمال کافی ہوگا۔ انشاء اللہ صحت کلی ہوگی۔

حکیم عامر شہزاد شیخ

آپ ۳۱ اگست ۱۹۷۰ء کو محلہ کھنکیاں سیالکوٹ کے ایک معزز گھرانہ میں پیدا ہوئے ابتدائی دینی تعلیم حاصل کرنے کے بعد خواجہ ماڈل اکیڈمی سکول میں داخلہ لیا۔ میٹرک کا امتحان پائنٹ ہائی سکول سے درجہ اوّل میں پاس کیا علاقہ کے معروف طبیب فضل الرحمٰن شاہ پوری گولڈ میڈلسٹ سے متاثر ہو کر فن طب کی طرف مائل ہوئے اور طبیہ کالج راولپنڈی میں داخلہ لیا اور ہر کلاس میں نمایاں حیثیت میں کامیاب ہوتے رہے۔ دوران علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی سے ایف اے کا امتحان پاس کیا اور ساتھ ہی تحریک تجدید طب اور تجویز و تشخیص میں مہارت حاصل کی۔ ۱۹۹۰ء میں فاضل الطب و الجراحت کی سند حاصل کی اور خدمت خلق میں مصروف ہوئے آپ ایک نوجوان طبیب اور سرگرم سماجی کارکن ہیں۔

حکیم عامر شہزاد شیخ ولد شیخ محمد شریف
مکان نمبر ۱/۸۲-F محلہ مبارکپورہ سیالکوٹ شہر

مجرّبات

برائے ذکاوتِ حس: اجزاء و ترکیب ساخت: لوبان کوڑیہ ایک تولہ، اجوائن خراسانی ۲ تولہ۔ کا وزن تین ماشہ سفوف بنالیں۔
مقدار خوراک: آدھا ماشہ ہمراہ آب بعد از غذا۔
فوائد: ذکاوتِ حس و سُرعت انزال کیلئے مفید ہے۔

برائے سیلان الرحم: اجزاء و ترکیب ساخت: رال سفید پانچ تولہ۔ گوندکیکر پانچ تولہ۔ مرچرس پانچ تولہ۔ بلگری پانچ تولہ۔ تیری فولاد ڈھائی تولہ۔
مقدار خوراک: تین ماشہ صبح اور بوقت عصر ہمراہ بدرقہ مناسب۔
فوائد: سیلان الرحم کیلئے مجرب و آزمودہ ہے۔

حاجی برکت علی ڈوگر

آپ ۲۷ دسمبر ۱۹۱۸ء کو موضع بگرال تحصیل ڈسکہ ضلع سیالکوٹ میں پیدا ہوئے دینی تعلیم سے فارغ ہو کر مڈل کا امتحان امتیازی حیثیت سے پاس کیا۔ فن طب سے آپکے خاندان کا عرصہ دراز سے تعلق چلا آ رہا ہے۔ آپ کے برادر حکیم ذوالفقار علی ڈوگر دادا جان حاجی حکیم جلال الدین اپنے عہد کے نامور طبیب تھے۔ آپ کے بڑے بھائی جناب حکیم شاہ سوار صاحب کا بھی ایک کامل طبیب کی حیثیت سے کافی شہرہ ہے۔

آپ کا بھی ابتدا ہی سے فن طب سے فطری لگاؤ تھا چنانچہ درسی تعلیم سے فارغ ہو کر طب کی تعلیم کا شوق ہوا۔ حکیم غلام محمد عرف نور دین صاحب عالم گڑھ ضلع گجرات سے دینی کی تعلیم حاصل کی۔ اور طب کی تعلیم کے لیے حکیم نذیر احمد موضع بگرال سے استفادہ کیا۔ آپ تقریباً پچیس سال سے خدمت خلق میں مصروف ہیں۔ آپ کے صاحبزادہ سکندر ذوالقرنین صاحب بھی اسی شعبے سے منسلک ہیں۔

حکیم حاجی برکت علی ڈوگر ولد حکیم محمد دین ڈوگر
منظور دواخانہ۔ محلہ مغلپورہ۔ ڈسکہ
ضلع سیالکوٹ

مجربات

برائے سرعت انزال: اجزاء و ترکیب ساخت: قلعی پارہ ہموزن ایک ایک تولہ مجلا کر کے کر دہ کر لیں۔ پھر کٹرول میں ڈال کر آب لہسن جذب کر لیں۔ جب تک یہ بن جائے۔ تو خشک کر کے کوزہ گلی میں رکھ کر دس سیر اوپلوں کی آگ دیں سرد ہونے پر سفوف کر لیں تیار ہے۔

مقدار خوراک: ا رتی ہمراہ مکھن۔ دودھ۔ گھی کا استعمال ضرور کریں

فوائد: جریان۔ سرعت۔ احتلام میں مجرب ہے۔

برائے پیچش: اجزاء و ترکیب ساخت: موچرس۔ سنگدانہ مرغ رال سفید۔ بیلگری جملہ ادویہ ہموزن سفوف تیار کر لیں۔

مقدار خوراک: برائے اطفال دو رتی بڑوں کیلئے دو ماشہ دہی میں ملا کر دیں۔

فوائد: پیچش کی ہر قسم میں مفید ہے۔

حکیم محمد داؤد قریشی ہاشمی

آپ کا تعلق علاقہ کے ایک معروف معزز علمی و طبی گھرانے سے ہے۔ آپکے آباؤ اجداد محمود غزنوی کے عہد میں افغانستان کے مشہور شہر جلال آباد سے ہجرت کر کے برصغیر میں مقیم ہوئے۔ آپکے خاندان میں بڑے نامور اطباء اور علمائے دین پیدا ہوئے۔ عہد حاضر میں حکیم خادم علی سیالکوٹی اور حکیم محمد اسحاق وزیر آبادی جیسے طبیب اور بزرگان کا تعلق بھی اسی خانوادے سے ہے۔ ابتدائی دینی و درسی تعلیم کے بعد آپ نے ایف اے کا امتحان پاس کیا۔ طب کی تعلیم اپنے والد بزرگوار جناب حکیم عبدالحئی سے حاصل کی۔ علاوہ ازیں اپنے نانا جان سے بھی فیض حاصل کیا۔ جو ریاست جموں و کشمیر میں ایک معروف طبیب اور خدا ترس بزرگ تھے۔ آپ عملی مطب کے ذریعے خدمت خلق میں مصروف عمل ہیں۔

حکیم محمد داؤد قریشی ہاشمی ولد حکیم عبدالحئی
موضع سا ہو والہ تحصیل ڈسکہ ضلع سیالکوٹ

مجرّبات

برائے یرقان: اجزاء و ترکیب ساخت: نہایت آسان۔ کم قیمت اور فوائد میں بے نظیر۔ سمندر جھاگ خوب باریک کرکے ۱ر تولہ۔ میٹھا سوڈا ۴ر تولہ (چار تولہ) اچھی طرح ملالیں۔ بقدر تین ماشہ رات کو ایک پاؤ جوشاندہ ٹھنڈے کئے ہوئے دودھ میں اچھی طرح حل کرکے عنان لگادیں۔ صبح بلو کر پی لیں۔ سات یوم کافی ہے۔

سفوف اکسیری: اجزاء و ترکیب ساخت: ذکاوت حس کثرت احتلام۔ جریان۔ سرعت انزال اور رقت منی کے لئے انتہائی مفید ہے۔ کشتہ قلعی پارہ شورے والا ۱ر تولہ۔ پھٹکڑی اور افیون کا مرکب ۱ر تولہ۔ رال سفید عمدہ ۱ر تولہ۔ چھوٹی چندن ۱ر تولہ۔ رال اور چندن کو خوب باریک کریں کہ سرمہ کی طرح ہو جائیں۔ پھر دوسرے اجزاء ملا کر تھوڑی دیر کھرل کریں تیار ہے۔

مقدار خوراک: ۱ر ماشہ صبح ۱ر ماشہ شام ہمراہ دودھ یا بدرقہ مناسب پھٹکڑی اور افیون کا مرکب۔ پھٹکڑی چار تولہ خوب باریک پیس کر درمیان میں افیون رکھ کر تھوڑے سے چورہ اوپلوں کی آنچ دیں۔ تاکہ پھٹکڑی اچھی طرح بریاں ہو جائے کچی نہیں رہنی چاہیئے۔ اگر چکھنے پر خام معلوم ہو تو پھر تھوڑے سے چورہ اوپلوں کی ایک اور آنچ دیں۔

معجون برائے باہ: اجزاء و ترکیب ساخت: بعض مزاجوں میں حیرت انگیز فائدہ کرتی ہے۔ زنجبیل ۱ر تولہ۔ جوز بوا ایک تولہ۔ جلوتری دو تولہ۔ مصطگی ایک تولہ دار چینی ایک تولہ۔ عود خاص دو تولہ۔ کلونجی دو تولہ۔ قند سیاہ دو تولہ۔ شہد خالص دو چند بطریق معروف معجون تیار کریں۔
مقدار خوراک: ۱ر تولہ۔ بے حد مقوی اور ممسک ہے۔

برائے اولاد نرینہ: اجزاء و ترکیب ساخت: نہایت کام[یاب] نسخہ ہے۔ بیخ مرجان ۳ر ما[شہ] صدف مروارید ۳ر ماشہ۔ زہر مہرہ خطائی ۳ر ماشہ۔ ا[...] ۳ر ماشے۔ مروارید ناسفتہ ایک ماشہ۔ ورق نقرہ کلاں [...] سب کو تین روز کسی مناسب عرق یا پانی میں کھرل کریں ڈیڑھ ڈیڑھ رتی کی گولیاں بنائیں۔ حمل ظاہر ہونے پر ایک ایک گولی روزانہ ہمراہ پانی کھلائیں۔ سب کھلادیں۔

منجن: اجزاء و ترکیب ساخت: درد دنداں خصوصاً [...] ٹھنڈا پانی بالکل برداشت نہ ہوتا ہو۔ مرڑ[...] کالی مرچ برابر وزن۔ دونوں اشیاء الگ الگ سرمہ کی ما[نند] باریک کرکے ملالیں۔ بوقت ضرورت دانتوں پر مل کر رال [...] نیز ایک ماشہ۔ پانی سے کھلائیں۔

حکیم مشتاق احمد چغتائی

آپ ۱۹۴۳ء کو بمقام عالوکا ضلع بہاولنگر کے ایک معروف و معزز طبی گھرانہ میں پیدا ہوئے۔ ابتدائی دینی و درسی تعلیم کے علاوہ فارسی تعلیم اپنے دادا جان حکیم عبدالحق صاحب سے مکمل کی جو اپنے وقت کے ممتاز عالم اور ماہر طبیب تھے۔ ۱۹۵۸ء میں قبولہ شہر میں منتقل ہو گئے اور ۱۹۶۰ء میں میٹرک کا امتحان پاس کیا اور دو سال تک اپنے والد محترم حکیم حافظ محمد نورالحق صاحب سے طب کا عملی تجربہ حاصل کیا اور مطب میں معاونت کی۔ مزید طبی تعلیم کیلئے طبیہ کالج لاہور میں داخلہ لیا اور ۱۹۶۷ء میں زبدۃ الحکماء کی سند امتیازی طور

حکیم جلال الدین

آپ یکم جنوری ۱۹۱۹ء کو پیدا ہوئے۔ ابتدائی دینی تعلیم کے بعد ۱۹۳۵ء تک درسی طبی تعلیم حاصل کرتے رہے۔ آپ کا آبائی پیشہ کاشتکاری ہے اس میں بھی دلچسپی رہی۔ تعلیم سے فراغت کے بعد ایک ماہر طبیب حکیم ماہا رام سکنہ سب والا کے پاس طبی تعلیم کیلئے رجوع کیا اور ۱۹۴۰ء تک ان سے فن طب کے رموز و نکات سے آگاہی حاصل کی۔ پھر عملی مطب شروع کر کے خدمت خلق میں مصروف ہوئے۔

حکیم جلال الدین ولد شاہ محمد عرف شاماں
بمقام چک ۵/۲۲ تحصیل ننکانہ ضلع شیخوپورہ

مجرّبات

برائے نمونیا: اجزاء و ترکیب ساخت، کشتہ بارہ سنگھا دو گرین، نوشادر دو گرین۔ سوڈا اسی سلاس دو گرین، کشتہ گاؤ دنتی دو گرین۔ یہ ایک خوراک کا وزن ہے ہمراہ جوشاندہ اصل السوس تین ماشہ۔ سوڑی تین ماشہ، خطمی خبازی تین ماشہ۔ پرسیاؤشاں تین ماشہ۔ آدھ سیر پانی میں جوش دیکر نصف رہ جائے تو چینی ملا کر ایک خوراک دیں۔ مقام درد پر رائی کا لیپ کریں۔

برائے تپ محرقہ اسہالی: اجزاء و ترکیب ساخت، طباشیر ایک تولہ، کافور ایک ماشہ، دانہ الائچی خورد ا تولہ۔ ست گلو ایک تولہ، مصری کوزہ دو تولہ سفوف بنالیں۔

مقدار خوراک: تین ماشہ ہر چار گھنٹہ بعد ہمراہ لعاب تین ماشہ، لعاب بہیدانہ تین ماشہ۔ تین دن میں یقیناً [illegible] ہوتی ہے۔

حکیم سید سبط حسن شمسی سبزواری

آپ فیصل آباد کے قریب ایک گاؤں چک نمبر ۲۶۸ گ ب تحصیل جڑانوالہ میں پیدا ہوئے ابتدائی تعلیم اسی گاؤں کے سکول سے حاصل کی اور میٹرک ہائی سکول سیال سے پاس کیا۔ ۱۹۷۱ء میں میٹرک کے بعد جامعہ طبیہ اسلامیہ میں داخلہ لیا۔ ۱۹۷۵ء میں طبیہ کالج سے طب کی سند حاصل کی۔ ۱۹۷۶ء میں ایف۔ اے کا امتحان پاس کیا اور شیخوپورہ کے ایک قصبہ بچیکی میں عملی مطب شروع کیا۔ آپ کے والد صاحب سید ملازم حسین شمسی صاحب نامور حکیم ہیں اور طب سے بڑا لگاؤ رکھتے ہیں۔ کچھ ان کی رغبت کیوجہ سے اور کچھ طب سے فطری لگاؤ کیوجہ سے طب کی طرف مائل ہوئے۔ والد صاحب نے بھی شعبہ طب کو پسند کیا تاکہ آپ فن طب کے ذریعے دکھی انسانیت کی خدمت کر سکیں۔ آپ ایک نوجوان پُرعزم طبیب اور طب اسلامی کے علمبردار ہیں۔

حکیم سید سبط حسن شمسی سبزواری ولد سید ملازم حسین شمسی سبزواری
شمسی کلینک بچیکی تحصیل ننکانہ۔ ضلع شیخوپورہ

مجرّبات

اکسیر درد گردہ: اجزاء و ترکیب ساخت: پھٹکڑی سرخ ۲ تولہ۔ خون مرغ ۶ تولہ۔ پھٹکڑی کو

کی آری کڑاہی یا ٹھیکرے وغیرہ پر رکھ کر نیچے آگ جلائیں اور اُوپر سے مرغا ذبح کر کے خون ڈال دیں۔ جب پھٹکڑی میں خون خوب ہو کر اچھی طرح مل جائے تو خشک ہونے پر نیچے اتار لیں درد گردہ کے لئے ایک ماشہ بھر کی پڑیہ چائے کے ساتھ مریض کو کھلا دیں۔ انشاء اللہ بفضل تعالیٰ پانچ منٹ میں درد سے نجات ہو جائے گی خواہ کتنی درد کیوں نہ ہو اکسیں دوا کی صورت نوعیت کے کمال سے لا علاج درد گردہ ٹھیک ہو جائے گی بس ۱۵ سال سے یہ نسخہ میرا معمول بنا ہوا ہے۔

اکسیری نسخہ :

اجزاء و ترکیب ساخت : نمک برگ بانسہ ۱ تولہ۔ نمک پھٹکڑی ۱ تولہ۔ نوشادر ٹھیکری ۱ ماشہ۔ گل بنفشہ ۱ تولہ۔ زُوفہ خشک ۱ تولہ۔ دونوں نمک علیٰحدہ علیحدہ حاصل کر کے ملا دیں۔ دُوسری ادویات خوب باریک پیس کر چھان کر دونوں نمکوں میں ملا دیں۔ ایک رتی صبح و شام، شربت بنفشہ جو کہ ۱۲ تولہ گل بنفشہ سے ایک بوتل تیار ہو، کے ہمراہ کھلائیں خداوند مالک حقیقی کے فضل و کرم سے پرانا سے پرانا نزلہ، زکام دُور ہو جائیگا اور مریض کو کھانسی کیلئے خصوصاً کالی کھانسی کیلئے بھی بہت مفید ہے۔

حکیم شمس الحق

آپ ضلع شیخوپورہ کے گاؤں رشو لپور (؟) جہاں میں پیدا ہوئے آپ کے خاندان کو حکمت سے خاص لگاؤ تھا۔ آپکے والد جناب حکیم حاذق محمد خورشید عالم صاحب بھی ساری زندگی حکمت سے ہی وابستہ رہے آپ اپنے والد زبدۃ الحکماء حکیم سخی رحمت علی کے ہی شاگرد ہیں۔

دادا جان اور والد صاحب نے اسی پیشے میں کئی سال خدمت انجام دی۔ اہل خاندان نے کبھی حکمت کو آمدنی کا ذریعہ نہیں بنایا بلکہ خدمت خلق کو پیش نظر رکھا۔ یہ سعادت آپ کو وراثتی طور پر نصیب ہوئی۔

ابتدائی دینی تعلیم حاصل کرنے کے بعد آپ نے ۱۹۷۲ء میں میٹرک کا امتحان پاس کیا اور والدین کی خواہش پر طبیہ کالج لاہور میں ۱۹۷۷ء سے میں طب کا کورس پاس کیا۔ اور گاؤں میں پریکٹس شروع کر دی۔ چند سال بعد نانا زاد قصبہ میں دارالشفاء کے نام سے مطب بنایا اور آج بھی وہیں دکھی انسانوں کی خدمت میں مصروف ہیں جو خلوص اور دیانتداری اپنے بزرگوں سے وراثتی طور پر ملا ہے۔ وہی آپ کے اصول زندگی ہیں۔

اکسیر سہنہ :

اجزاء و ترکیب ساخت : قرنفل ۲ ماشہ، ۔۔۔ ۱۰ ماشہ۔ موم سفید ۱ تولہ سفوف بنائیں۔ شیشی میں محفوظ رکھیں۔ یا گولیاں بنائیں جس مریض کو دست اسہال بہت زیادہ آتے ہوں کسی چیز سے نہ رُکتے ہوں تو ایک رتی کی گولی یا سفوف ہمراہ تازہ پانی کھلائیں۔ اگر پہلی خوراک سے نکل جائے تو دوسری خوراک دے دیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ تیسری خوراک کبھی نہیں نکلے گی۔ اور ایسی اسہال ختم ہو جائے گی۔

اکسیر معدہ :

اجزاء و ترکیب ساخت : ست پودینہ ۶ ماشہ۔ نوشادر ایک تولہ۔ نمک سیاہ ۱ تولہ۔ عرق سونف ایک بوتل۔ ادویہ کو باریک کھرل کر کے عرق میں حل کریں۔

مقدار خوراک : ایک تولہ بعد از غذا پانی ملا کر۔

فوائد : درد گردہ، قولنج، متلی، ورم جگر و بادگولہ میں مجرب ہے۔

ملذذ :

اجزاء و ترکیب ساخت : مازو چینی، عقرقرحا دو دو تولہ۔ شہد ۱ تولہ کھس کر لیپ کریں اور خشک ہونے پر معروف ہوں۔

چک ۱۲، دھو بیوڑ (؟) تحصیل و ضلع شیخوپورہ

محمد شفیق خان میو

آپ یکم مئی ۱۹۶۷ء کو پیدا ہوئے ابتدائی دینی تعلیم ایم سی ہائی سکول میں داخل ہوئے میٹرک کا امتحان پاس کر کے ڈگری کالج ننکانہ میں داخلہ لیا۔ بعد ازاں نیشنل بینک سے منسلک ہو گئے۔ چونکہ آپ کا خاندان فن طب سے منسلک تھا لہذا طب کیطرف فطری رجحان ہونے کیوجہ سے الصحت یونانی کالج میں داخلہ لیا۔ آپ نے طب کی ابتدائی تعلیم اپنے والد محترم جناب محمد ارشاد خاں سے حاصل کی۔ اور فن طب کے رموز و نکات سے آگاہی حاصل کی۔ آپ ایک نوجوان پُرعزم طبیب اور خدمت خلق کے جذبہ سے سرشار ہیں۔

حکیم محمد شفیق خان میو ولد حکیم محمد ارشاد خان نوشاہی
گلی جامع مسجد اہلحدیث۔ ننکانہ صاحب ضلع شیخوپورہ

مجربات

سفوف کرکس: اجزاء و ترکیب ساخت: موچرس ایک تولہ، ثمر کس ایک تولہ، تالمکھانہ ا تولہ، شعب مصری ایک تولہ، کشتہ مروارید چھ ماشہ۔ زعفران چھ ماشہ جملہ ادویہ سفوف بنالیں۔

مقدار خوراک: چھ ماشہ صبح و شام ہمراہ شیر نیم گرم۔

فوائد: جریان، لیکوریا کیلئے مفید ہے مقوی باہ اور مغلظ ہے۔ کرم تنائی کی [illegible] کیلئے ہمراہ سفوف پیپل ایک چمچ استعمال کریں۔

برائے آشوب چشم: اجزاء و ترکیب ساخت: فنی خورہ چار تولہ، پھٹکڑی خام ا تولہ، پھٹکڑی [illegible] تولہ کافور تین [illegible] جملہ ادویہ سفوف بنا کر عرق گلاب ایک بوتل میں حل کریں۔

مقدار خوراک: تین قطرے آنکھ میں ڈالیں۔

فوائد: آشوب چشم، درد، سرخی، خارش چشم میں [illegible]

حکیم بابا فضل محمد

آپ کے بزرگ ہجرت کے بعد نکودر میں آباد ہو گئے تھے ابتدائی تعلیم قرآن مجید کی حاصل کی آپ کی والدہ ماجدہ اپنے وقت کی نامور طبیبہ [illegible] آپ نے ابتدائی طبی تعلیم انہیں [illegible] کی [illegible] سے طب کی تعلیم کے بعد فوج میں ملازمت اختیار کر لی [illegible] کے بعد پاکستان میں ہجرت کی اور مہاجرین کیلئے بے شمار خدمات انجام دیں۔ اسی دوران فاروق آباد میں آباد ہو گئے [illegible] سے ننکانہ صاحب منتقل ہو گئے [illegible] طب کے [illegible] دی اور والدین کے زیر سرپرستی [illegible] طب [illegible] اور خدمت خلق [illegible] مصروف ہوئے۔ آپ فن طب کے علاوہ تبلیغ دین کے سلسلہ میں بھی [illegible]

حکیم بابا فتح محمد [illegible] ولد سردار [illegible]
سیٹلائٹ ٹاؤن روڈ وارڈ نمبر ۳ ننکانہ صاحب [illegible]

مجربات

اکسیر ذبۃ الاطفال: اجزاء و ترکیب ساخت: [illegible]
مغز [illegible] تخم کرفس [illegible] مرزنجوش، فلفل سیاہ۔ زنجبیل، [illegible] بوٹی [illegible] تمام ادویہ ہموزن ایک ایک [illegible] ایک تولہ [illegible] سفوف دو دو [illegible] پانی کے [illegible] کریں۔

نخود بقدر دانہ مونگ تیار کریں۔

مقدار خوراک: دو گولی یا بقدر برداشت ہمراہ شیر مادر تین وقت

فوائد: ڈبہ اطفال اور اُم الصبیان میں اکسیری علاج ہے۔

یوناکونین: اجزاء و ترکیب ساخت: ہڑتال گاؤدنتی دس تولہ۔ کشتہ سنکھ پانچ تولہ۔ کشتہ ابرک سفید پانچ تولہ۔ کشتہ صدف مروارید پانچ تولہ۔ ست گلو مصفیٰ پانچ تولہ۔ سنکھ کو کھرل کرکے جملہ ادویہ باہم کریں۔ دو گھنٹہ متواتر کھرل کریں۔

مقدار خوراک: ایک تا تین رتی تین مرتبہ دن میں۔

فوائد: ہر قسم کے بخار ملیریا۔ تپ محرقہ۔ سل، دق، کھانسی۔ نزلہ و زکام میں مفید ہے۔

نسوانی: اجزاء و ترکیب ساخت: ست صبر سقوطری چار تولہ۔ مرمکی چار تولہ۔ زعفران تولہ۔ کشتہ فولاد تولہ۔ بینگ بریاں تولہ جملہ ادویہ سفوف بنا کر کشتہ شامل کریں اور حبوب بقدر نخود تیار کریں۔

مقدار خوراک: ایک گولی صبح و شام ایام سے چند دن پہلے شروع کروائیں۔

فوائد: جملہ امراض نسواں بے قاعدگی۔ درد۔ کمی خون، اختناق الرحم۔ نفخ۔ ضعف جگر وغیرہ میں مفید ہے۔

اکسیر مالیخولیا: اجزاء و ترکیب ساخت: اسگندھ ناگوری قسط شیریں، اجمود۔ زیرہ سیاہ و سفید زنجبیل۔ فلفل گرد، فلفل دراز۔ پارہ۔ سیندھا نمک۔ سنکھاہولی جملہ ادویہ ہموزن سفوف تیار کریں اور ادویہ کے ہموزن سفوف بنا شامل کریں اور عرق برہمی میں دس مرتبہ خشک و تر کریں۔

مقدار خوراک: تین ماشہ ہمراہ شہد صبح و شام۔

فوائد: مالیخولیا اور جنون کی ابتدائی علامات میں مجرب نسخہ ہے۔

حکیم خان محمود

آپ یکم ستمبر ۱۹۵۶ء مچھرالہ گاؤں میں پیدا ہوئے آپ کا تعلق ایک زمیندار گھرانہ سے ہے۔ دو سال کی عمر میں شفقت پدری سے محروم ہو گئے۔ ابتدائی دینی و درسی تعلیم کے بعد گورنمنٹ وار برٹن ہائی سکول سے تعلیم مکمل کی۔ دوران تعلیم فن طب سے خصوصی لگاؤ رہا۔ ۱۹۷۲ء میں بی اے کی سند حاصل کرنے کے بعد تحقیق و جستجو کے جذبہ کے تحت کئی نامور اطباء سے استفادہ کیا۔ ۱۹۸۱ء میں نیشنل بنک سے منسلک ہو گئے۔ ۱۹۸۷ء میں طب کی تعلیم باقاعدہ حاصل کرنے کیلئے طبیہ کالج میں داخل ہوئے۔ آپ اس فن شریف کو جذبہ خدمت کیلئے استعمال کرنے کے خواہاں ہیں۔

خالد محمود خان ولد محمد صاحب
بمقام مچھرالہ۔ تحصیل ننکانہ ضلع شیخوپورہ

مجربات

روغن چنبل: اجزاء و ترکیب ساخت: پھٹکڑی سفید آدھ سیر۔ پیاز ایک عدد۔ ایک قلعی شدہ تانبہ کے برتن میں پیاز کو رکھ کر اس کے اوپر پھٹکڑی ڈال دیں۔ اور برتن کے منہ پر کانسی کا کٹورا رکھ دیں۔ گل حکمت کرکے آگ پر رکھیں۔ اوپر رکھے ہوئے برتن میں ٹھنڈا پانی ڈال دیں اور عرق معروف روغن تیار کر لیں۔

فوائد: چنبل کیلئے مفید ہے پھریری سے مقام ماؤف پر استعمال کریں۔

حکیم حاجی محمد اسلم خان

آپ ۱۹۳۷ء میں چک ۶۹ گ ب ملکی کے افغان پٹھان گھرانہ میں پیدا ہوئے میٹرک تک تعلیم حاصل کرنے کے بعد واپڈا میں سیکورٹی انسپکٹر بھرتی ہو گئے۔ چند سال بعد واپڈا سے ملازمت چھوڑ کر گورنمنٹ ٹرانسپورٹ میں بطور سیکورٹی انسپکٹر منسلک ہو گئے۔ طب کا شوق بچپن سے ہی تھا۔ اسی شوق نے ملازمت سے خیر باد کہلوائی بعد ازاں حکیم الحاج محمد عبداللہ صاحب مرحوم پاپڑ منڈی لاہور کے قائم کردہ مسیح الملک کالج سے طبی تعلیم حاصل کی اور حکیم الحاج محمد عبداللہ صاحب مرحوم کی شاگردی کی۔ ۱۹۷۲ء میں پاکستان طبی بورڈ لاہور سے B کلاس رجسٹریشن کروائی۔ اور افغان دواخانہ کے نام سے مطب کھولا۔ ۱۹۸۲ء میں حج بیت اللہ کیا۔ اور ایک سال سعودی عرب میں بطور میڈیکل اسسٹنٹ ایک فرم میں کام کیا۔ آج کل اپنے مطب موسومہ افغان دواخانہ میں دن رات مریضوں کی خدمت میں کوشاں ہیں۔

حکیم حاجی محمد اسلم خان ولد محمد یعقوب خان
افغان دواخانہ ۶۹ گ ب ملکی ڈاکخانہ خاص تحصیل جڑانوالہ
ضلع فیصل آباد

مجربات

اکسیر میعدہ: ست لیموں ۳ ماشہ، کھانڈ سفید ۵ تولہ، زردہ رنگ ۲ رتی، پانی ۵ تولہ۔

ترکیب: پہلے کسی صاف بوتل میں پانی، کھانڈ اور زردہ رنگ ڈال کر حل کریں۔ پھر ست لیموں باریک کرکے ڈال دیں۔

سرخ رنگ کا شربت تیار ہو جائیگا۔ اب اس ... ڈال کر بوتل کا منہ بند کر دیں۔ مریض کو ہر ... دیتے ہیں۔ بچوں کو حسب عمر دیں۔ دستوں اور ... آ رہے ہوں۔ فوری آرام آجاتا ہے۔

کثرت حیض: سنگ جراحت ... ایک تولہ ... اس کا سفوف بنا کر دو ماشہ ... یا خمیرہ خشخاش سے کھلائیں، جاری خون، نفث الدم ... خونی اسہال، کثرت حیض کے لئے معجزہ نما اثر رکھتی ہے۔

اکسیر قلب: اجزاء و ترکیب ساخت: الائچی کلاں ... ہر ایک تولہ تولہ، آملہ ۹ ماشہ، کشنیز ... سفید ۶ ماشہ، کشتہ عقیق ۲ ماشہ، کوزہ مصری ایک چھٹانک ... ادویہ علیحدہ علیحدہ سفوف بنا کر مصری شامل کرکے باہم کریں۔

مقدار خوراک: ۳ ماشہ صبح شام ہمراہ شیر بز۔

فوائد: خفقان و اختلاج قلب میں مفید ہے۔

ہاضمی: اجزاء و ترکیب ساخت: نوشادر ٹھیکری ۲ تولہ ... ۲ تولہ، دانہ الائچی کلاں، گیرو، قرنفل ہر ایک ... ست لیموں چھ ماشہ، ست پودینہ چھ ماشہ۔ ادویات علیحدہ علیحدہ پیس کر ست شامل کریں۔

مقدار خوراک: ۱ ماشہ ہمراہ آب۔

فوائد: جملہ امراض معدہ میں مفید ہے۔ زود ہضم ... دعا ... کرنے سے فوائد دو چند ہو جاتے ہیں۔

حکیم سید منظور حسین مسکین

حکیم سید منظور حسین مسکین گیلانی ۱۹۵۳ء تاندلیانوالہ تحصیل سمندری ضلع فیصل آباد میں پیدا ہوئے۔

میٹرک کی تعلیم تاندلیانوالہ ہائی سکول میں حاصل کی۔ اسکے بعد ایف ایس۔سی میڈیکل گروپ گورنمنٹ اسلامیہ کالج فیصل آباد میں تعلیم حاصل کی۔ بعدازاں طبیہ کالج لاہور میں داخل ہوئے آپ نہایت قابل اور محنتی طالب علم تھے۔ طبیہ کالج میگزین کے ۱۹۷۲ء میں معاون ایڈیٹر رہے۔ تعلیمی قابلیت کیوجہ سے آپ کو کالج کیطرف سے اعزازی سرٹیفیکیٹ اور سلور میڈل دیا گیا۔ آپ نے ۱۹۷۷ء میں فاضل الطب والجراحت کا امتحان پاس کیا۔ اس کے بعد یونانی پریکٹس شروع کی۔ آپ کے والد حکیم سید اکبر علی شاہ گیلانی خود ایک ماہر طبیب ہیں۔ آپکے دادا بھی اسی پیشہ سے منسلک تھے اسیلئے آپ اپنے والد صاحب کیساتھ ہی مطب کرتے ہیں۔ بالخصوص غریب اور مستحق مریضوں کا علاج مفت کرتے ہیں۔ آپ بہت نیک، رحمدل، پرکشش ہر دلعزیز طبیب ہیں۔

حکیم سید منظور حسین مسکین ولد ڈاکٹر حکیم سید اکبر علی شاہ گیلانی
تھانہ بازار تاندلیانوالہ ضلع فیصل آباد

مجربات

سفوف نظامی: اجزاء: بیلگری ۲ تولہ، حب الآس ۲ تولہ۔ نبات سفید ۱½ تولہ۔ کوٹ چھانکر سفوف بنالیں

بچوں کے ہرے پیلے دستوں کے لئے نہایت مفید و مجرب ہے۔

مقدار خوراک: ۲ تا ۴ رتی پڑیاں بناکر صبح دوپہر و شام ہمراہ پانی یا مناسب بدرقہ لیں۔

سفوف نظامی عورتوں کے امراض مزمنہ جریان خون بالخصوص کثرت الطمث نکسیر کے لئے بہت مفید ہے۔

سفوف تسکین: اجزاء: تخم خرفہ ۵ تولہ۔ نبات سفید ۵ تولہ۔ (یا گلوکوز ڈی) سفوف بنالیں۔

مقدار خوراک: ۴ ماشہ ۴ ماشہ صبح شام ہمراہ پانی یا شربت صندل کیساتھ

فوائد: اختلاج القلب۔ پیاس، حدت جگر۔ پیشاب کی جلن کے لئے مجرب ہے۔

سفوف عطائی: اجزاء: ریوند خطائی ۵ تولہ، زیرہ سفید ۵ تولہ، قلمی شورہ ۵ تولہ، جوکھار ۵ تولہ، دانہ کو ۵ تولہ، کشتہ فولاد ۲½ تولہ (تیزی فولاد) پھٹکڑی بریاں ۱½ تولہ۔ کوٹ چھان کر سفوف بنالیں۔

فوائد: یرقان کیلئے ۳ ماشہ کی پڑیاں ہمراہ لسی دن میں تین بار استعمال فرمائیں۔ انشاءاللہ شدید یرقان صرف سات یوم میں مکمل ہوجائیگا۔ (انگریزی ادویہ استعمال نہ کریں)

عورتوں کے امراض میں بالخصوص عسر الطمث (حیض کی تنگی) یا حیض کے دوران کی تکالیف کیلئے پیشاب کی جلن۔ خون کی ضعف جگر چہرے پر چھائیاں پڑجانا۔ رنگت زرد ہوجانا ان تمام امراض میں نہایت مفید ہے۔

اکسیر قلب: اجزاء: طباشیر اصلی ۲ تولہ۔ زہر مہرہ ۲ تولہ عرق گلاب ایک بوتل دونوں ادویہ کا سفوف بنا کر ایک بوتل عرق گلاب میں کھرل کریں۔

مقدار خوراک: ۱ تا ۲ رتی روزانہ صبح وشام ہمراہ آب تازہ، عرق بید مشک و شربت صندل کے ساتھ۔

فوائد: خفقان، اختلاج القلب، کمزوری کی وجہ سے دورے پڑنا دل کی گھبراہٹ۔ عام کمزوری، مقوی اعضائے رئیسہ کیلئے نہایت مجرب ہے

اکسیر کامل: اجزاء: بزرالبنج (اجوائن خراسانی) صرف ایک تولہ کوٹ کر سفوف بنائیں۔

مقدار خوراک: ایک تا ½۱ رتی کھانا کھانے کے بعد ہمراہ تازہ پانی استعمال کریں۔ بالخصوص جوان مریض جو کہ جریان، احتلام، سرعت انزال کے مایوس ترین مریضوں کیلئے اکسیر حیات ہے۔

حب شباب آورشاہی: اجزاء: سم الفار سفید ۱ تولہ، افیون ۱ تولہ زعفران اصلی ۱ تولہ، عرق گلاب اصلی ایک بوتل۔ تینوں ادویہ کو عرق گلاب میں کھرل کرکے دانہ مسور کے

برابر گولیاں بنالیں۔ قوت باہ کیلئے بیمثال چیز ہے مقوی اعصاب ہے۔ سختی اور تندی بہت پیدا کرتی ہیں۔ بالخصوص امساک بہت پیدا کرتی ہیں عضو خاص میں خاص قسم کی شوخی اور طاقت پیدا ہو جاتی ہے۔ کبر سنی کے مریضوں کیلئے بہت مفید ہے۔

ترکیب استعمال: بوقت ضرورت استعمال کیلئے ایک گولی شام ۴ بجے ہمراہ نیم گرم دودھ اور دوسری گولی۔ وقت خاص سے ڈیڑھ گھنٹہ قبل استعمال کریں۔

عام جسمانی واعصابی کمزوری، ضعف باہ کیلئے روزانہ ایک گولی روزانہ شام ہمراہ دودھ صرف تین ہفتہ استعمال کریں بلاضرورت استعمال نہ کریں۔

حکیم خالد محمود شیخ

آپ پندرہ جون ۱۹۳۲ء کو کلکتہ میں پیدا ہوئے۔ اور ابتدائی تعلیم میٹرک تک وہیں حاصل کی تقسیم کے بعد پاکستان منتقل ہوئے۔ بچپن میں والدہ محترمہ کی وجہ سے طب اسلامی کیطرف راغب ہوئے چنانچہ اسی لگاؤ اور شوق کیوجہ سے اس فن شریف کو اپنانے کا فیصلہ کیا۔ ابتداء میں زبدۃ الحکماء حکیم سید منظور احمد زیدی الہڑی صاحب سے حکیم حاذق کا نصاب مکمل کیا۔ پھر زبدۃ الحکماء سید حبیب اللہ صاحب سے طب اسلامی کے رموز ونکات سے آگاہی حاصل کی انہوں نے کمال شفقت سے آپ کی علمی اور عملی راہنمائی فرمائی پھر عملی مطب کی طرف متوجہ ہوئے اور تا حال خدمت خلق میں مصروف ہیں۔

حکیم خالد محمود شیخ ولد حاجی رحیم بخش کلکتوی
P ۲/۳ بلاک 2 گلی 2 مدینہ ٹاؤن فیصل آباد،

مجربات

دوا الابیض:

اجزاء وترکیب ساخت: قلمی شورہ ... تیزاب گندھک (تیز) ایک تولہ ... مثل غبار کریں۔ پھر تیزاب ملا کر خوب کھرل کریں ... پر پلاسٹک کی بڑی ڈبیہ میں ڈال کر بند کریں دوا چند دن بعد ہلکا بسنتی رنگ ہوگا۔ بعد ازاں سفید سفوف تیار ہوگا ... پیس لیں۔

مقدار خوراک: ۲۰ سال سے زائد کیلئے ۱ ماشہ تک

فوائد: درد معدہ، ہیضہ، سوء الہضمی تبخیر معدہ میں دن میں تین مرتبہ درد گردہ میں مفید ہے۔

فوائد مزید: دوا الابیض دس تولہ، سرمہ سیاہ غبار کی طرح باریک کرلیں بہترین سرمہ تیار ہے۔ لگر سے رہے خارش چبھن میں مفید ہے۔

خارش کیلئے ۱ تولہ دوا الابیض ۵ تولہ تیل سرسوں میں ملا کر بدن پر ملیں گھنٹہ بعد غسل کریں۔

منجن کیلئے دوا الابیض ۵ تولہ نمک خوردنی سفوف بنا کر کپڑ چھان کرلیں۔ دانتوں کی جملہ امراض میں مفید ہے۔

لال دوا:

اجزاء وترکیب ساخت: مغز کرنجوہ ۹ تولے قلمی شورہ ڈھائی تولے، نوشادر ٹھیکری ڈھائی تولے گیرو ڈلی ڈھائی تولے باریک سفوف بنالیں۔

مقدار خوراک: ڈیڑھ ماشہ ہمراہ چائے صبح دوپہر شام۔

فوائد: نزلہ زکام وموسمی بخاروں میں مفید ہے۔

حکیم محمد فاروق

آپ بمطابق ۱۹۵۷ء جھنگ صدر میں پیدا ہوئے ابتدائی تعلیم مقامی طور پر حاصل کی۔ آپ کا تعلق ایک طبی اور علمی ادبی معزز گھرانہ سے ہے۔ آپ کے والد گرامی پروفیسر حکیم ظفر حسین صاحب زبدۃ الحکماء (گولڈ میڈلسٹ) جامع طبیہ اسلامیہ فیصل آباد کے پرنسپل ہیں۔ آپ نے انہیں کی توجہ اور سرپرستی میں طبی تعلیم حاصل کی۔ ۱۹۷۷ء میں جامعہ طبیہ اسلامیہ سے فاضل الطب والجراحت کی سند امتیازی حیثیت سے حاصل کی بعد ازاں ۱۹۸۲ء میں سرگودھا سے تجدید طب کی سند حاصل کی۔ آپ نے اپنے والد گرامی کی صحبت میں علمی اور عملی اکتساب کیا اور رموز فن سے آشنا ہوئے بعد ازاں عملی مطب کے ذریعے خدمت خلق میں مصروف ہیں۔ آپ ایک نوجوان پرعزم اور ہر دلعزیز طبیب اور طب اسلامی کے علمبردار ہیں۔

حکیم محمد فاروق ولد زبدۃ الحکماء حکیم ظفر حسین (گولڈ میڈلسٹ)
مین بازار ڈگلس پورہ فیصل آباد

مجربات

جریانی: اجزاء و ترکیب ساخت: شیر برگد ۲۰ تولہ، دال ماش ۲۰ تولہ، افیون ۲ تولہ، دال ماش کو شیر برگد میں بھگو دیں اور افیون مصفیٰ ملا کر رکھیں روزانہ ہلائیں اور سایہ میں خشک ہونے دیں بعدہٗ حبوب بقدر نخود بنائیں۔

مقدار خوراک: ایک گولی روزانہ ہمراہ شیر نیم گرم۔

فوائد: جریان، احتلام، سرعت میں مفید ہیں نیز مغلظ اور ممسک ہے۔

حکیم محمد لقمان خان

آپ فیصل آباد میں پیدا ہوئے آپ کے آباؤ اجداد اسی فن شریف سے منسلک رہے چنانچہ فن طب آپ کو وراثتاً منتقل ہوا۔ آپ کے آباؤ اجداد قصور سے دہلی گئے۔ جہاں اس فن میں کمال حاصل کیا۔ آپ کے والد گرامی تحریک پاکستان کے ایک سرگرم رکن رہے جن کی خدمات ناقابل فراموش ہیں تقسیم کے بعد یہ خاندان فیصل آباد منتقل ہوا۔ آپ کے دادا حکیم سلطان خان (دہلی) اپنے عہد کے نامور طبیب تھے جبکہ آپ کے والد گرامی جناب حکیم سلیمان خان صاحب بھی ماہر طبیب کی حیثیت سے عوام و خواص میں مقبول ہیں۔ آپ اپنے اجداد کے نقش قدم پر چلتے ہوئے اس فن شریف سے منسلک اور خدمت خلق میں مصروف ہیں۔

حکیم محمد لقمان ولد حکیم محمد سلیمان خان
صابری لطیفی کلینک ۲۷۵/K علامہ اقبال کالونی فیصل آباد

مجربات

تریاق معدہ: اجزاء و ترکیب ساخت: گندھک آملہ سارہ تولہ، فلفل سیاہ سوا تولہ، الائچی کلاں سوا تولہ سفوف بنا لیں۔

مقدار خوراک: ۱ ماشہ سے ۲ ماشہ تک بعد از غذا ہمراہ آب۔

فوائد: معدہ کی جملہ امراض میں مفید ہے۔

اکسیر قلب: اجزاء و ترکیب ساخت: مصطگی رومی سوا تولہ، دار چینی ڈھائی تولہ، گلاب ڈھائی تولہ، صندل سرخ ڈھائی تولہ، طباشیر نقرہ سوا تولہ، تیزپات چھ ماشہ، شہد حسب ضرورت

ادویہ سفوف بنا کر شہد ملائیں۔
مقدار خوراک: ۳ ماشہ صبح شام ہمراہ عرق گاؤزبان۔
فوائد: امراضِ قلب خفقان اختلاج ضعف میں مفید ہے۔

حکیم محمد اعظم بھٹی

آپ مورخہ ۵ مئی ۱۹۵۶ء کو فیصل آباد کے نزدیک تاندلیانوالہ میں پیدا ہوئے ابتدائی تعلیم مقامی طور پر اعلیٰ نمبروں سے میٹرک تک حاصل کی بعد ازاں فیصل آباد اسلامیہ کالج میں داخلہ لیا لیکن والد محترم کی خواہش کے مطابق طبیہ کالج لاہور میں داخل ہوئے اور ۱۹۷۷ء میں فاضل الطب و الجراحت کا امتحان نمایاں حیثیت سے پاس کیا اور والد صاحب کے ساتھ مطب میں مصروف ہوئے اور یہ سلسلہ تاحال جاری ہے۔

حکیم محمد اعظم بھٹی ولد حکیم اصغر علی بھٹی
موضع چک نمبر ۴۳۱ گ ب تاندلیانوالہ تحصیل سمندری ضلع فیصل آباد۔

مجربات

بغیر تکلیف کے داڑھ نکالنے کیلئے:
ڈاکٹر صاحبان ٹیکہ لگا کر نکالتے ہیں مگر بعض اوقات پھر بھی زور سے داڑھ ٹوٹ جاتی ہے۔ زخم بن جاتے ہیں۔ انفکشن ہو جاتی ہے۔ مگر طبی نسخہ جو کہ فوری اثر رکھتا ہے۔ اس سے کہیں بہتر ہے گھکھر بیل کے تازہ پھول کا رس نچوڑیں۔ انگلی کی مدد سے داڑھ کے دونوں طرف لگائیں اور چند سیکنڈ میں انگلی کی مدد سے نکال دیں۔

اکسیر نامردی:
اجزاء و ترکیب ساخت: عنبر ۶ رتی، زعفران ۱½ ماشہ، کشتہ سفید ۱½ ماشہ، آب برگ پان ۵۰ عدد میں ادویہ مذکورہ کھرل کر کے گولیاں بقدر دانہ مونگ تیار کریں۔ ایک گولی روزانہ ہمراہ دودھ۔

ایک ہفتہ کے استعمال سے تیس سال تک قوت کم نہیں ہوگی۔

حب ممسک:
اجزاء و ترکیب ساخت: حسب ضرورت موچرس ایک چینی کے برتن میں ڈال کر شیر بڑھ میں تر و خشک کریں۔ سات بار کریں اور حبوب بقدر نخود تیار کریں۔ اگر دو گولیاں وقت خاص سے ایک گھنٹہ قبل ہمراہ دودھ کھاوے۔ جب تک نخود بریاں نہ کھاویں انزال نہ ہوگا۔ سفوف دردِ گردہ اور دافع اخراج سنگ درد۔
قلمی شورہ ۱ تولہ۔ انگورہ ۱ تولہ۔ جو کھار ۱ تولہ۔ نمک سیاہ ۶ ماشہ۔ ۶ ماشہ۔ اجوائن خراسانی ۹ ماشہ۔ سونف ۹ ماشہ۔ مرچ سیاہ ۹ ماشہ۔ تمام ادویہ کو کوٹ چھان کر سفوف بنا دیں۔ صبح و شام ہمراہ پانی مریض کی عمر و وزن جسم کے مطابق۔

برائے سوزاک:
سنگجراحت۔ کتھہ سفید سفوف تیار کریں۔
خوراک: ڈیڑھ ماشہ ہمراہ گاؤ۔

سفوف مسہل:
اجزاء و ترکیب ساخت: برگ حنا، تربد مجوف، حب النیل ہر ایک چار تولہ۔ پوست ہلیلہ زرد دو تولہ۔ نمک ہندی۔ سنڈھ۔ کتیرا ہر ایک چھ ماشہ کوٹ چھان کر روغن بادام یا روغن گل سے چرب کریں۔
خوراک: نصف تا ایک تولہ ہمراہ شربت دینار۔

حکیم محمد ارشد سلیمی

آپ یکم جنوری ۱۹۵۲ء کو پیدا ہوئے ابتدائی تعلیم مقامی طور پر حاصل کرنے کے بعد ۱۹۷۲ء میں ایف اے کا امتحان پاس کیا اور شعبہ طب کی طرف مائل ہوئے۔ اس سلسلہ میں ۱۹۷۳ء میں طبیہ کالج لاہور میں داخل ہوئے اور فاضل الطب والجراحت کی سند امتیازی حیثیت سے حاصل کی اور عملی مطب شروع کیا ۱۹۸۱ء میں جامعہ طبیہ اسلامیہ فیصل آباد میں بطور لیکچرار مقرر ہوئے اور اس طرح آپ فن طب کی ترویج و ترقی میں نمایاں خدمات انجام دے رہے ہیں۔

حکیم محمد ارشد سلیمی ولد چوہدری محمد علی
ڈگرانواں روڈ ارشد سٹریٹ فیصل آباد

مجرّبات

اکسیر بواسیر خونی: اجزاء و ترکیب ساخت پھول ہار سنگھار ایک تولہ بھنگ چھ ماشہ۔ مرچ سیاہ تین ماشہ۔ جملہ ادویہ سفوف بنالیں۔

مقدار خوراک: تین ماشہ ہمراہ آب۔

ترکیب استعمال: نہار منہ استعمال کریں اور جس قدر پانی پی سکیں پئیں بقیہ سارا دن جلیبیاں کھلائیں صرف ایک پڑیہ استعمال کریں۔

حکیم غلام مرتضیٰ

آپ نے ابتدائی دینی درسی تعلیم حاصل کرنے کے بعد فن طب کی خدمت کی فیصلہ کیا اور جامعہ طبیہ اسلامیہ فیصل آباد سے فاضل الطب والجراحت کی سند امتیازی حیثیت سے حاصل کی اور عملی مطب شروع کیا۔

آپ جڑی بوٹیوں پر تحقیقی کام کر رہے ہیں۔ آپ ایک نوجوان پرعزم طبیب ہیں اور فن طب کی ترویج اور اشاعت کے لئے عملی طور پر کوشاں ہیں۔

حکیم غلام مرتضیٰ ولد مولوی قمر الدین
چک نمبر ۲۳۷ گ۔ ب شمالی ڈاک خانہ چک ۲۳۸ ر۔ب تحصیل و ضلع فیصل آباد

مجرّبات

اکسیر سعال: اجزاء و ترکیب ساخت: دانہ الائچی خورد ا تولہ دانہ الائچی کلاں ا تولہ۔ طباشیر اصلی ا تولہ۔ دار چینی ا تولہ۔ ناگ کیسر ا تولہ۔ فلفل سیاہ ۶ تولہ۔ صندل سفید ۱۲ تولہ۔ چینی سفید ۲۰ تولہ ورق طلاء ۳ رتی۔ کستوری ۴ رتی۔

ترکیب: ورق طلاء کو چینی میں کھرل کریں۔ حتیٰ کہ چمک باقی نہ رہے۔ باقی ادویہ یکے بعد دیگرے ملا کر کھرل کریں۔

مقدار خوراک: ا ماشہ صبح ا ماشہ شام کو ہمراہ عرق کیوڑہ یا تازہ پانی میں دیں۔ نئی پرانی۔ تر و خشک کھانسی کیلئے نہایت سریع الاثر مجرب دوا ہے۔

نوٹ: غلیظ بلغم کی حالت میں پہلے بلغم کو خارج کرنا ضروری ہے۔

حب ممسک و مقوی باہ: اجزاء و ترکیب ساخت: عاقر قرحا ا ماشہ۔ دار چینی

۱ماشہ۔ قرنفل ۱ماشہ۔ زعفران ۱ماشہ۔ شنگرف ۱ماشہ ہر ایک ایک ماشہ سفید ارزیز (قلعی کا کشتہ) جائفل کلاں ایک عدد۔ کنجشک نر خانگی۔ اندر سے ½ ماشہ جائفل کو کارد سے خالی کرکے افیون جسقدر اس میں آوے ڈالیں۔ اور شکم کنجشک کا آلائش سے پاک کرکے جائفل کو اس میں ڈالیں اور تار سے باندھیں۔ اور روغن زرد میں بریاں کریں۔ بعدہٗ نکال کر کوٹیں اور باقی ادویہ ہر ایک جُدا جُدا کوٹ کر ملادیں اور ۲۰ گولیاں بنائیں۔ چار گھڑی قبل مجامعت کے ایک حب کھائیں۔

حکیم مولوی شاہ محمدؒ

ملیّن خاص: اجزاء و ترکیب ساخت: سقمونیا ولائتی منقیٰ۔ سورنجان شیریں۔ گری بادام ہر ایک مساوی الوزن۔ سب کو پیسکر گولیاں بقدر نخود بنائیں ایک گولی رات کو سوتے وقت ہمراہ پانی۔ صبح کو اجابت کھل کر آوے گی۔

سفوف اطفال: اجزاء و ترکیب ساخت: ریوند خطائی پوست ہلیلہ زرد۔ نرکچور۔ سوڈا بائیکارب سب کو علیحدہ علیحدہ پیس کر سفوف بنائیں۔ ایک چٹکی ہمراہ شیر مادر دیں۔ اگر قے ہوجاوے تو دوسری بار اس وقت نہ دیں۔ صبح و شام دیویں۔ انشاءاللہ بچوں کے سبز رنگ کے دستوں کیلئے بہت فائدہ مند ہے۔

نسخہ: اجزاء و ترکیب ساخت: نوشادر ۵ تولے۔ فلفل گرد ۲ تولہ۔ گیرو ۲ تولے۔ ست اجوائن ۳ ماشہ۔ ست الائچی۔ مشک کافور ۳ ماشہ۔

خوراک: ۲ رتی سے ۶ رتی تک ہمراہ آب گرم۔

فوائد: ہیضہ۔ بھوک نہ لگنا۔ ترش ڈکاروں کا آنا۔ قراقر۔ سوہضم۔ پیٹ درد۔ اپھارا سب کیلئے یکساں مفید ہے۔

اکسیر قلب: اجزاء و ترکیب ساخت: ضعف دل خفقان دل کی دھڑکن وغیرہ۔ تمام امراض میں مجرب اور بے نظیر دوائی ہے۔

نسخہ: کشتہ عقیق۔ کشتہ مرجان۔ کشتہ سنگ یشب ست گلو اصلی۔ طباشیر۔ کبود۔ الائچی خورد۔ مغز کنول گٹہ ہر ایک تولہ۔ ورق نقرہ ایک دفتری۔ ورق طلاء ۲۰ عدد جملہ ادویہ کو باریک کرکے رکھیں۔

ترکیب استعمال: ۴ رتی شام ہمراہ مکھن یا ملائی۔ اوپر سے پاؤ بھر دودھ گاؤ دیں۔ دل کی تمام بیماریوں کیلئے اکسیر حیات ہے۔

حب اسہال: اجزاء و ترکیب ساخت: شنگرف رومی ۱ تولہ سہاگہ ۱ تولہ۔ مصطگی رومی ۱ تولہ۔ اندر جو شیریں ۱ تولہ۔ افیون ۱ تولہ۔ تمام چیزوں کو کوٹ کر گولیاں ہمراہ پانی بقدر نخود بنائیں۔

خوراک: ایک گولی صبح۔ ایک شام ہمراہ بدرقہ مناسب دستوں کو پہلی ہی خوراک سے آرام ہوگا۔ انشاءاللہ!

حبّ ہاضم طعام: اجزاء و ترکیب ساخت: نوشادر قلمی۔ مصبر۔ زنجبیل۔ فلفل گرد ہموزن لیکر کنزار گندل کے گودہ میں ایک گھنٹہ کھرل کرکے گولیاں نخودی بنائیں۔ ایک گولی بعد از غذا پانی کے ہمراہ استعمال کریں۔

اکسیر ذیابیطس: اجزاء و ترکیب ساخت: گڑمار بوٹی ۸ تولے گٹھلی جامن ۲۰۰ عدد۔ فلفل سیاہ سفوف ۵۰۰ عدد سفوف تیار کریں ۳ ماشے صبح ۳ ماشے شام۔ ہمراہ

آب تازہ استعمال کریں۔ ذیابطیس شکری وغیر شکری میں مفید ہے۔

حکیم مولوی شاہ محمد ولد عمرالدین
موضع گگوالہ چک ۱۹۹ ر۔ب تحصیل و ضلع فیصل آباد

حکیم محمد سلیم اختر

آپ مئی ۱۹۲۷ء کو ضلع فیصل آباد کے ایک مشہور قصبے ۲۶۷ ر۔ب چک جالندھر میں پیدا ہوئے۔ آپکے والد حکیم محمد طفیل صاحب اسی گاؤں میں عرصہ سے طبابت کا پیشہ اختیار کئے ہوئے تھے

آپکے آباؤ اجداد سے طبابت کا پیشہ چلا آرہا ہے۔ آپ نے ابتدائی تعلیم گاؤں کے سکول میں حاصل کی۔ آپ نے ۱۹۵۴ء میں میٹرک کا امتحان پاس کیا۔ اس کے بعد اسلامیہ کالج فیصل آباد میں میڈیکل گروپ میں داخلہ لیا چند ماہ بعد گورنمنٹ طبیہ کالج بہاولپور میں داخلہ کا اعلان ہوا۔ آپکے والد صاحب نے طب یونانی سے لگاؤ رکھتے ہوئے آپکو گورنمنٹ طبیہ کالج بہاولپور میں داخل کروایا۔

آپ کا خاندان طبی دنیا میں کافی مشہور و معروف تھا۔ لہٰذا آپ طبی تعلیم میں کافی دلچسپی لیتے تھے۔ آپ نے ۱۹۵۷ء میں کالج کا کورس ختم کیا۔ اس کے بعد آپ نے اپنے والد بزرگوار کے ساتھ مطب میں کام شروع کردیا اور بڑی کامیابی کیساتھ مطب چلا رہے ہیں آپکے والد بزرگوار ۱۹۷۱ء میں وفات پا چکے ہیں۔ اس کے بعد اب تک آپ بڑی دلچسپی سے مطب چلا رہے ہیں آپکے والد مرحوم کی کافی تعداد میں طبی کتابیں اور طبی رسائل مکمل لائبریری آپ کے پاس ہے۔ آپ گورنمنٹ طبیہ کالج بہاولپور کی اولڈ بوائز ایسوسی ایشن کے سرگرم رکن ہیں آپ طبیہ کالجز گریجویٹ فیڈریشن پنجاب کے بھی رکن ہیں۔

حکیم محمد سلیم اختر ولد حکیم محمد طفیل
سلیم کلینک چک ۲۶۷ آر۔بی جالندھر ضلع فیصل آباد

مجربات

برائے کمزوری: اجزاء و ترکیب ساخت: زردی بیضہ مرغ اُبالی ہوئی بریاں کردہ ۴۰ عدد۔ زنجبیل ۳ تولہ۔ فلفل دراز ۳ تولہ۔ قرنفل ۳ تولہ۔ جاوتری ۳ تولہ۔ زعفران اعلیٰ قسم ۱ تولہ۔ خولنجاں ۳ تولہ۔ آب پیاز ۱۰ تولہ۔ آب ادرک ۱۰ تولہ۔ باریک پیسکر شہد چند ماشہ ملا کر معروف طریق سے معجون بنا دیں۔

خوراک: علی الصبح ۱ تولہ ہمراہ شیر گاؤ۔

طلاء مقوی: اجزاء و ترکیب ساخت: افیون خالص ۱/۲ ۴ ماشہ زعفران ۱ ماشہ ۴ رتی۔ مشک خالص ۲ رتی روغن یاسمین ۱/۲ ۲ تولہ۔ اشیاء باریک پیسکر روغن میں ملا کر جوش دیں طلاء تیار ہے۔ جو مریض مجلوق کو بہت فائدہ دیتا ہے۔

برائے آتشک: اجزاء و ترکیب ساخت: زعفران ۱ تولہ قرنفل ۲ تولہ۔ کافور بھیم سینی ۲ تولہ۔ تیل قلمی ۲ تولہ۔ رسکپور ۳ تولہ۔ دانہ الائچی خورد ۳ تولہ۔ بھیڑ کا گھی ۴ تولہ۔ مردہ سنگ ۲ تولہ۔ اول رسکپور کے جوہر لےلیں۔ بعدہٗ سب کو گھی میں ۹۰ روز تک کھرل کریں کھرل لوہے کا ہو۔

خوراک: ۴ رتی صبح و شام دیویں انشاءاللہ شفا ہو گی۔

اکسیر جریان: اجزاء و ترکیب ساخت: کشتہ سہ دھاتہ ۱ رتی۔ پوٹاشیم برومائیڈ ۳ رتی۔ ایسی ایک خوراک صبح و ایک شام۔ جریان، احتلام۔ ذکاوت حس کیلئے مفید ہے۔

حکیم محمد اکرم

آپ ۱۹۵۱ء میں پاک آرمی سے منسلک ہوئے مختلف فیلڈ میڈیکل یونٹ اور ملٹری ہسپتالوں میں ٹریننگ حاصل کی۔ اور ساتھ ہی ساتھ طب کیطرف متوجہ رہے بہترین مہربان افسران کی زیر نگرانی اپنے پیشے میں مہارت حاصل کی۔ پاک بھارت جنگوں ۱۹۶۵ء، ۱۹۷۱ء میں زخمیوں کی دیکھ بھال طبی امداد اور علاج معالجہ میں بھرپور حصہ لیا۔ ۱۹۷۳ء میں ملازمت سے فارغ ہوئے چونکہ آپ کے نانا اور چچا پیشہ ور حکیم تھے۔ انکی صحبت میں طب میں دسترس حاصل کی اور کامیابی سے فن کی خدمت میں مصروف ہیں۔

حکیم محمد اکرم ولد چوہدری مہرالدین
چک ۲۴۲ ر ب براہ کھڑیانوالہ ضلع فیصل آباد۔

مجربات

تریاق مارگزیدہ: اجزاء و ترکیب ساخت: سنکھیا دودھیا سفید ۱ تولہ۔ ہڑتال ورقیہ ۱ تولہ پوٹاشیم میگانیٹ ۱ تولہ۔ باریک مثل غبار پیس کر شیشی مضبوط کارک ڈال محفوظ کر لیں۔ ایک چٹکی سانپ کاٹے کے زخم میں بھر دیں انشاء اللہ فوراً زہر زائل ہوگا۔

اکسیر نزلہ: کیلئے اکسیر اور درد شکم معدہ کیلئے۔ اجزاء و ترکیب ساخت: ... نمک چار برابر وزن دودھ مدار میں تر کریں ... کی آگ دیں۔ گل حکمت کرنے کے بعد آگ ٹھنڈی ... مذکورہ دوائی نکال کر تھوڑی چکھ لیں۔ اگر کڑواہٹ ... پھر آگ دیں۔ تاکہ ذائقہ کڑوا نہ رہے۔ ایک تولہ ... آدھ سیر کھانڈ میں ملا کر شیشی میں بند کریں۔

خوراک: تولہ صبح تولہ دوپہر تولہ شام مریض کو دیں۔ یاد رہے دوائی کھلانے کے بعد کم از کم آدھ پون گھنٹہ مریض کو پانی نہ پلائیں۔ درد کی صورت میں اگر پیٹ میں ... اپھارہ ہو تو دوائی مذکور میں سے ۱ رتی تولہ کھانڈ میں ... کھلائیں اور پانی نہ دیں فوراً درد اور اپھارہ غائب ہوگا۔

اکسیر گنٹھیا: جوڑوں کی سوجن وغیرہ کیلئے کندیاری ... اجزاء و ترکیب ساخت: گنٹھیا۔ ریحی درد ... چل۔ سمبھالو کے پتے۔ پیلک ساک۔ دھتورہ۔ امر بیل ... ہرمل سہانجنہ۔ کریر برابر وزن کتر کر پانی میں ڈال کر مثل ساگ کے پکائیں جب پانی آدھ سیر رہ جائے نچوڑ لیں۔ پھوگ وغیرہ پھینک دیں۔ حاصل کردہ پانی آدھ سیر میں گڑ ... سیر۔ سونٹھ ۱ چھٹانک۔ فلفل گردا چھٹانک ڈال کر پکائیں۔ گاڑھا ہونے پر اتار لیں۔ گولیاں بیر کے برابر بنائیں اگر نہ بن سکیں تو مقدار خوراک ۳، ۳ ماشہ ہمراہ ایک گھونٹ دیسی گھی کیساتھ کھائیں۔ نیا اور پرانے سے پرانا گنٹھیا چند دنوں میں ٹھیک ہوگا۔

حکیم مولوی جلال الدین

آپ تقسیم کے بعد پاکستان آئے اور ابتدائی دینی و درسی تعلیم کا سلسلہ شروع کیا دینی تعلیم کیلئے کرڈ پکا میں مدرسہ باب العلوم میں سات سال تک علوم دینیات حاصل کئے بعدازاں خانپور میں مدرسہ عربیہ مخزن العلوم میں شیخ الحدیث مولانا محمد ابراہیم سے اکتساب کیا، جو کہ ایک عالم اور معروف طبیب بھی تھے۔ آپ نے نہیں سے فن طب سے آگاہی حاصل کی۔ بعدازاں دینی علوم کی تدریس کا پیشہ اپنایا اور ساتھ ساتھ طبابت بھی جاری ہے۔

حکیم مولوی جلال الدین ولد اللہ بندہ
خطیب جامع مسجد محمدی اسلامی چوک سول کوارٹرز
غلام محمد آباد۔ فیصل آباد

مجرّبات

حب مقوی اعصاب: اجزاء و ترکیب ساخت: اذراقی مدبر مغز بادام مقشر۔ فلفل سیاہ ہموزن سفوف بنا کر منقی کی مدد سے حبوب نخودی بنالیں۔

مقدار خوراک: ایک تا دو گولی صبح و شام۔

فوائد: نزلہ زکام کھانسی درد ریاحی و اعصابی کمزوری کیلئے مفید ہے۔

سفوف جریان: اجزاء و ترکیب ساخت: کشتہ قلعی ۱ تولہ۔ ورق نقرہ تین ماشہ طباشیر اعلیٰ ڈھائی تولہ۔ الائچی خورد ڈھائی تولہ۔ کشتہ حلزون ۱ تولہ۔ تمام کو باریک سفوف کر کے کشتہ جات ملالیں۔

مقدار خوراک: دو تا چار رتی ہمراہ مکھن۔

فوائد: ذکاوت حس جریان احتلام و سرعت میں مفید ہے

اکسیر درد معدہ: اجزاء و ترکیب ساخت: جوہر نوشادر پانچ تولہ۔ سوڈا بائیکارب دس تولہ ست اجوائن تین ماشہ۔ ست پودینہ تین ماشہ۔ سقمونیا چھ ماشہ سفوف بنالیں۔

مقدار خوراک: دو رتی ہمراہ آب نیم گرم۔

فوائد: درد معدہ و گردہ میں مفید ہے۔

اکسیر جگر: اجزاء و ترکیب ساخت: ریوند خطائی پانچ تولہ فولاد پتری چھ ماشہ۔ قلمی شورہ ایک تولہ۔ نوشادر قلمی ۱ تولہ۔ سفوف بنالیں۔

مقدار خوراک: ایک ماشہ صبح و شام۔

فوائد: امراض جگر میں مفید ہے۔

مہر نوشیر خان شاکر

آپ ۱۹۴۲ء کو چک ۲۵۴ گ۔ب میں پیدا ہوئے ابتدائی دینی و درسی تعلیم حاصل کرنے کے بعد فن طب کیطرف مائل ہوئے حکیم محمد خان چیمہ سے فن طب میں اکتساب کیا۔ بعدازاں مزید تعلیم کیلئے لاہور آگئے کچھ عرصہ ضلع شیخوپورہ میں مطب کیا پھر آبائی گاؤں میں عوام کو علاج معالجہ کی سہولیات فراہم کر رہے ہیں۔

مہر نوشیر خان شاکر ولد مہر لشکر خان
چک ۲۵۴ گ۔ب تحصیل جڑانوالہ ضلع فیصل آباد

مجربات

برائے امراض جگر و مثانہ: اجزاء و ترکیب ساخت: الائچی خورد دو تولہ۔ طباشیر دو تولہ۔ قلمی شورہ دو تولہ۔ نوشادر دو تولہ۔ مشک کافور دو ٹکیہ، کوزہ مصری پانچ تولہ جملہ ادویہ سفوف بنا کر تین حصے کر لیں۔ ایک کلو دودھ اُبلا ہوا لیں، چار کلو پانی ملا لیں اور ایک حصہ دوا شامل کر لیں اور مریض کو سارا دن یہی لسی استعمال کروائیں۔ روٹی بھی اسی کے ساتھ دیں۔

فوائد: حدت مثانہ و جگر یرقان کیلئے سہ روزہ علاج ہے

حکیم رائے اشتیاق احمد

آپ ۱۹۶۶ء کو کھرل گھرانے میں پیدا ہوئے میٹرک کا امتحان کوٹ بھیرے پاس کیا۔ حکمت کا شوق بچپن سے ہی تھا چنانچہ حکیم اسلم خان دہلوی صاحب سے اکتساب کیا۔ آپ طبی اسلامی کے علمبردار ہیں

رائے اشتیاق احمد ولد رائے غلام عباس کھرل
چک نمبر ۳۵۴ گ ب روڑی چک نمبر ۱۲۸ گ ب
تحصیل جڑانوالہ ضلع فیصل آباد

مجربات

برائے بواسیر: اجزاء و ترکیب ساخت: سورنجاں شیریں، ریوند عصارہ، مصبر مصطگی رومی ہموزن آب گھیکوار کی مدد سے حبوب بقدر نخود تیار کر لیں۔

مقدار خوراک: اگولی صبح دوپہر شام۔

فوائد: بواسیر ہر قسم میں مفید ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت: دار چینی قلمی نو ماشہ

ملذذ: عقرقرحا نو ماشہ۔ الائچی خورد نو ماشہ، جوزبوا، مشک خالص چھ ماشہ حبوب بقدر نخود تیار کر لیں۔

مقدار خوراک: ایک سے دو گولی حسب برداشت۔

فوائد: مقوی ہے نیز ایک گولی لعاب سے طلاء کرنا ...

ملک مختار احسن شاد

آپ ۱۴ ستمبر ۱۹۴۳ء کو رجوعہ سادات ضلع جھنگ کے ایک معزز اعوان خاندان میں پیدا ہوئے ابتدائی دینی و درسی تعلیم کے بعد والد بزرگوار حکیم ملک صالح محمد مشتاق صاحب سے جو علاقہ کے معروف طبیب تھے ان سے فن طب کے رموز و نکات سے آگاہی حاصل کی پھر بھی تعلیم کو جاری رکھا۔ تعلیم سے فارغ ہو کر والد صاحب کی زیر نگرانی یونانی طریقہ علاج کے ذریعے خدمت خلق کا سلسلہ شروع کیا آپ اپنے آبائی گاؤں میں بھی علاقہ کے لوگوں کو علاج معالجہ کی سہولیات فراہم کر رہے ہیں۔

ملک مختار احسن شاد ولد حکیم ملک صالح محمد مشتاق (رجسٹرڈ) کلاس اے
ہمدرد شفاخانہ نزد قادر آباد چوک کشمیر روڈ غلام محمد آباد فیصل آباد

مجربات

برائے خارش: اجزاء و ترکیب ساخت: (خوردنی) حب النیم، رسونت، مرچ سیاہ، برگ نیم، گیلشیم جملا ادویہ ہموزن سفوف بنا کر نخودی گولیاں تیار کریں

مقدار خوراک: صبح و شام ایک ایک گولی۔

برائے خارش: اجزاء و ترکیب ساخت: کافور، نیلو، کمیلہ

مرداسنگ۔ گندھک آملہ سار، سہاگہ سفید، جملہ ادویہ کا ہموزن سفوف بنا کر تیل سرسوں میں ملا کر جسم پر مالش کریں آدھ گھنٹہ کے بعد غسل کر لیں۔

برائے دردِ گردہ: اجزاء و ترکیب ساخت: جوکھار، پھٹکڑی سفید، قلمی شورہ۔ نوشادر ٹھیکری، سہاگہ ہموزن۔ جوکھار اور پھٹکڑی توے پر بریاں کر کے شامل سفوف کر لیں۔

مقدار خوراک: تین ماشہ۔

برائے بواسیر: اجزاء و ترکیب ساخت: برگ نیم سبز پاپانچ سیر، حنظل (تمہ) چار عدد، بڑی برنی آدھ سیر۔ رسونت دو چھٹانک۔ ایک بڑے پتیلے میں پانچ کلو پانی ڈال کر برگ نیم بھگو دیں اور اس میں بقیہ ادویہ بمعہ حنظل کاٹ کر شامل کر لیں۔ چوبیس گھنٹہ بعد ہلکی آگ پر جوش دیں۔ جب پانی آدھا رہ جائے۔ ٹھنڈا ہونے پر مل چھان لیں۔ اور پانی دوبارہ آگ پر رکھیں جب رُبّ تیار ہو جائے۔ گولی بقدر ایک ماشہ بنا لیں۔

مقدار خوراک: ایک گولی صبح و شام۔

فوائد: بواسیر خونی و بادی میں مفید ہے نیز مصفی خون ہے۔

حکیم میاں عُمر دراز

آپ فیصل آباد میں پیدا ہوئے ابتدائی دینی و درسی تعلیم کے بعد نامساعد حالات کی بنا پر ملازمت اختیار کی تاہم ساتھ ساتھ تعلیم جاری رکھی ایف اے کا امتحان پاس کرنے کے بعد مقامی ہسپتال میں بطور ڈسپنسر کام شروع کیا۔ بی اے کرنے کے بعد فاضل الطب و الجراحت کا امتحان الصحت یونانی کالج سے پاس کیا۔ آپ ایک پُرعزم نوجوان طبیب اور طب اسلامی کی ترویج و ترقی کیلئے مصروف کار ہیں۔

حکیم میاں عُمر دراز ولد میاں عبدالکریم

یول کراسنگ ڈجکوٹ روڈ فیصل آباد

مجرّبات

خارش سفوف: اجزاء و ترکیب ساخت: گندھک آملہ سار، کافور، کمیلا اصلی۔ زنک آکسائیڈ۔ مردار سنگ۔ ہموزن کھرل کر کے پوڈر بنائیں اور ناریل کے تیل میں ملا کر مالش کریں۔

شربت مصفّی: اجزاء و ترکیب ساخت: شاہترہ ۵ تولہ چرائتہ ۵ تولہ۔ سرپھوکہ ۵ تولہ۔ منڈی ۵ تولہ۔ ہلیلہ سیاہ کوفتہ ۵ تولہ۔ عشبہ مغربی ۲½ تولہ۔ پودینہ خشک ۵ تولہ۔ ولائتی افتیموں ۲½ تولہ۔ عناب ۵ تولہ۔ بادیان ۵ تولہ سنا مکی ۲½ تولہ۔ صندل سفید ۱ تولہ۔ مہندی ۲½ تولہ۔ نسب دواؤں کو رات کو بھگو دیں۔ کہ پانی تر ہو جائے۔ صبح مل چھان کر چولہے پر چڑھا دیں۔ جب ½ پانی رہ جائے تو پانی پھر چھان کریں اور اسکے ساتھ ۲½ کلو شکر شامل کر لیں اور فوراً شربت بنا لیں۔

خوراک: چائے کا ½ کپ صبح اور شام ۵ بجے۔

پرہیز: تیل۔ کھٹائی اور بادی۔

فوائد: پھوڑے پھنسی خارش کیلئے اکسیر ہے اور مصفی خون بھی

نوٹ: یہ شربت تلخ کافی ہوگا مگر فوائد کے اعتبار سے اس کا جواب نہیں۔

حکیم محمد حنیف بھٹی

آپ بروز اٹھارہ اگست ۱۹۲۴ء کو بمقام سہجوال ضلع قصور میں پیدا ہوئے اور ابتدائی تعلیم مقامی طور پر حاصل کی بعد ازاں درس نظامی مختلف مدارس عربیہ سے حاصل کیا اور سند فراغت امرتسر سے حاصل کر کے ۱۹۴۴ء میں فاضل فارسی کا امتحان پنجاب یونیورسٹی سے پاس کیا۔ آپ طویل عرصہ تک شعبہ تدریس سے بھی منسلک رہے۔ طب سے لگاؤ کی بنا پر طبی تعلیم حاصل کر کے ۱۹۵۰ء سے عملی طور پر مطب شروع کیا۔ ۱۹۸۲ء سے ۱۹۸۶ء تک عزیزیہ دواخانہ پتوکی میں بطور انچارج کام کیا بعد ازاں ذاتی مطب پیغام صحت دواخانہ کے نام سے شروع اور یہ سلسلہ تاحال جاری و ساری ہے۔

آپ ۱۹۸۰ء میں نظریہ مفرد اعضاء کے مطالعہ سے متاثر ہوئے اور اسے فطرت کے عین مطابق پاتے ہوئے اسی طریقہ علاج پر کاربند ہیں نیز تحریک تجدید طب سے منسلک ہیں۔

پتہ: حکیم محمد حنیف بھٹی ولد حکیم محمد اسماعیل بھٹی
پیغام صحت دواخانہ۔ فیصل کالونی
پتوکی تحصیل چونیاں ضلع قصور

مجربات

برائے پیچش: اجزاء و ترکیب ساخت: سونف ڈھائی تولہ گلقند ۵ تولہ باریک پیس کر پانی ملا کر چھان لیں۔

مقدار خوراک: اسی قدر دن میں تین مرتبہ دیں۔

برائے وجع المفاصل: اجزاء و ترکیب ساخت: سورنجان شیریں ۲ تولہ۔ جلابہ ہڑ ۳ تولہ۔ سقمونیا عمدہ ۲ تولہ باریک پیس کر گولی بقدر نخود بنالیں۔

مقدار خوراک: ایک تا دو گولی ہمراہ آب۔

برائے تبخیر معدہ: اجزاء و ترکیب ساخت: بادیان ۵ تولہ نانخواہ ۵ تولہ۔ نوشادر ۵ تولہ، سوڈا بائیکارب ۵ تولہ، دارچینی چھ ماشہ۔ زنجبیل ۱ تولہ، مگھاں چھ ماشہ، ست پودینہ چھ ماشہ، ست لیموں چھ ماشہ۔ پوست ہلیلہ زرد ۱ تولہ۔ زیرہ سیاہ ایک تولہ، فلفل سیاہ ۱ تولہ۔ زیرہ سفید دو تولہ، جفلفل خشک ڈیڑھ تولہ۔ تمام ادویہ صاف کر کے باریک سفوف بنالیں۔

مقدار خوراک: ایک ماشہ ہمراہ آب بعد از طعام۔

حب احتلام: اجزاء و ترکیب ساخت: گوند ببول، گوند کتیرا، سنگھاڑا خشک ہر ایک چار چار تولہ۔ ثعلب مصری تالمکھانہ ہر ایک پونے تین ماشہ۔ مازو سبز دو تولہ، کشتہ قلعی ایک تولہ، رب ازراقی ۳ ماشہ۔ تمام ادویہ باریک پیس کر دو رتی کے برابر گولیاں بنالیں۔

مقدار خوراک: دو دو گولی صبح و شام ہمراہ آب نیم گرم۔

قاطع جریان: اجزاء و ترکیب ساخت: مصطگی رومی، طباشیر اصلی، موصلی سفید ہر ایک تین تین تولہ، سوڈا خوردنی، سوڈا فاسفیٹ ایک ایک تولہ۔ دانہ ہیل ۵ تولہ، کہربا ۲ تولہ، بہمن سفید ۲ تولہ، ست گلو ۲ تولہ باریک سفوف بنالیں چار رتی کے برابر گولیاں بنالیں۔

مقدار خوراک: دو دو گولی صبح و شام ہمراہ دودھ نیم گرم۔

فوائد: جریان کیلئے قابل اعتماد دوا ہے۔

حکیم عبدالرحمٰن عزیز

آپ ضلع اوکاڑہ کے چک 10/1.A.L سردار پور میں ۱۹۲۹ء کو پیدا ہوئے اور ابتدائی تعلیم

سندی طور پر حاصل کی۔ آپ کے والد صاحب فن طب سے منسلک تھے چنانچہ بچپن سے ہی آپ کو طبی اور علمی ماحول ملا۔ آپ نے مختلف مدارس سے درس نظامی حاصل کیا اور سند فراغت ڈھلیانہ ضلع ساہیوال سے حاصل کی۔ بعد ازاں عملی مطب کی طرف راغب ہوئے۔ اور سنہ ۱۹۷۰ء سے باقاعدہ مطب کا آغاز کیا۔

۱۹۸۰ء میں نظریہ مفرد اعضاء کے مطالعہ سے اسی طریقہ علاج سے منسلک اور خدمت خلق میں مصروف ہیں آپ تحریک تجدید طب سے بھی وابستہ ہیں۔

حکیم عبدالرحمٰن عزیز ولد حکیم مولانا محمد حسین صاحب
عزیزیہ مطب فیصل کالونی تترکی ضلع قصور۔

مجربات

برائے تبخیر معدہ: اجزاء و ترکیب ساخت: سونف، الائچی سوڈا بائیکارب، چینی ہم وزن ادویہ ہموزن سفوف بنا لیں۔

مقدار خوراک: ایک ماشہ دن میں تین مرتبہ۔

فوائد: تبخیر معدہ میں مجرب ہے۔

برائے دست و پیچش: اجزاء و ترکیب ساخت: پوست خشخاش، مغز خستہ، انبہ کہنہ بریاں، بلیلہ سیاہ بریاں، بدیان وزیرہ سفید بریاں۔ الائچی خورد، تمام ادویہ ہموزن سفوف بنائیں۔ اسپغول سالم تین گنا شامل کر لیں۔

مقدار خوراک: ۳ ماشہ دن میں تین مرتبہ۔

فوائد: پیچش و دست میں مفید ہے۔

حکیم محمد افضل میو

حکیم محمد افضل میو پندرہ جنوری ۱۹۶۲ء کو ضلع قصور کے چک پڈھانہ ۲۵ میں پیدا ہوئے۔ ابتدائی تعلیم اپنے آبائی گاؤں کے گورنمنٹ سکول سے حاصل کی بعد ازاں گورنمنٹ ہائی سکول پڈھانہ چک ۲۵ سے مڈل اور میٹرک کا امتحان امتیازی حیثیت سے پاس کیا۔ اپنے قریبی عزیز جناب محمد ادریس حکیم حاذق کی وجہ سے طب کا شوق ہوا۔ لہٰذا ابتدائی طبی تعلیم انہیں کی زیر سرپرستی حاصل کی۔ اس کے بعد پاکستان کے نامور حکیم جناب الحاج لقمان حکیم حافظ محمد طیب مرحوم و مغفور سے عملی مطب کے رموز و نکات سے آگاہی ہوئی۔ اس کے بعد حکیم انقلاب جناب دوست محمد صابر ملتانی کے نامور شاگردان حکیم الحاج محمد شریف اور محمد یٰسین آف دُنیا پور (ماہر قانون نظریہ مفرد اعضاء و علاج بالغذا) سے ملاقات ہوئی اور اُن کی شاگردی قبول کی اور اکتساب کیا۔ ۱۹۷۹ء میں زبدۃ الحکماء طبیب فاضل کی اور ۱۹۸۶ء میں فاضل نظریہ مفرد اعضاء کی سند حاصل کی۔ اب آپ ایک دوا ساز ادارہ سے منسلک ہیں اور فارغ اوقات میں قانون نظریہ مفرد اعضاء علاج بالغذاء کے تحت مطب چلا رہے ہیں۔ اور دُکھی انسانیت کی خدمت میں مصروف ہیں۔

حکیم محمد افضل میو ولد محمد حیات خان میو راجپوت
پڈھانہ چک ۲۵ ڈاکخانہ خاص تحصیل چونیاں ضلع قصور

مجربات

محلول طب اسلامی: (آزمودہ) سوڈا ڈھائی تولہ سوڈا بائیکارب

۳ ماشہ۔ نمک طعام ۳ ماشہ ۱ انڈے کی سفیدی ایک عدد پانی ۲۰ تولہ چینی ۵ چمچے چائے والے۔

ترکیب تیاری؛ اسغوف کو جوکوب کر کے پانی میں شامل کر کے جوش دیں۔ جب نصف پانی رہ جائے آتار کر ٹھنڈا کریں بعد میں باقی ادویات باریک پیس کر آب سونف میں شامل کریں اور پلائیں۔ زرد رنگ کا جھاگدار محلول تیار ہوگا۔

ترکیب استعمال؛ ا چمچہ ہر پندرہ منٹ کے بعد استعمال کروائیں۔

فوائد: اسہال اطفال میں نمکیات کی کمی پوری کرنے کے لئے انگریزی ادویہ سے بہتر اور مؤثر محلول ہے۔

اکسیر جگر: اجزاء و ترکیب ساخت؛ قلمی شورہ ۵ تولہ۔ نوشادر ٹھیکری ۵ تولہ۔ ریوند خطائی ۵ تولہ۔ بالچھڑ ۲ تولہ، ہیرا کسیس ۲ تولہ۔ تمام ادویہ کو علیحدہ علیحدہ پیس کر یک جان کریں۔

مقدار خوراک: آدھا ماشہ سے ایک ماشہ تک ہمراہ بدرقہ مناسبہ۔

فوائد، گرمی خشکی سے پیدا ہونے والی تمام علامات یعنی یرقان زرد۔ ضعف جگر، عظم جگر، کمی خون۔ اعصابی کمزوری پیشاب کی جلن اور سوزش جسم میں مفید ہے۔

سفوف مفرح خاص: اجزاء و ترکیب ساخت؛ کشنیز خشک تازہ ا تولہ۔ الائچی خورد سبز ا تولہ۔ گلوکوز ایک چھوٹا پیکٹ۔ ادویہ باریک سفوف کر کے گلوکوز شامل کرلیں۔

مقدار خوراک: ا ماشہ سے ۲ ماشہ تک ہمراہ عرق گاؤزبان، سونف یا گلاب۔ صبح و شام استعمال کریں۔

فوائد: اختلاج قلب، سردرد، تبخیر معدہ، گرمی خشکی کی تمام علامات ضعف جگر، یرقان، کثرت خون حیض، انحبیر پیشاب کی جلن، سر چکرانے کیلئے جادو اثر دوا ہے۔

حکیم بشیر احمد صادق داعوان

آپ ۱۹۲۴ء میں پیدا ہوئے اور ابتدائی تعلیم چونیاں تحصیل و ضلع قصور میں حاصل کی بعد ازاں درس نظامی کی سند جامعہ محمدیہ گوجرانوالہ سے حاصل کی۔ آپ کا رُجحان بچپن سے ہی طب کی جانب تھا چنانچہ ابتدائی تعلیم سے فراغت کے بعد طب کی طرف توجہ کی اور اس فن شریف کے رموز و نقاط سے آگاہی حاصل کی۔ اور عملی مطب شروع کیا۔ اب تقریباً بارہ سال سے فیصل کالونی تتوکی میں اسلامیہ دواخانہ کے نام مطب چلا رہے ہیں آپ ایک دیندار، صالح اور خدا ترس طبیب ہیں اور خدمتِ خلق میں مصروف ہیں۔

حکیم بشیر احمد صادق ولد جان محمد (مرحوم)

اسلامیہ دواخانہ فیصل کالونی تتوکی تحصیل چونیاں ضلع قصور

مجرّبات

برائے ہیضہ اطفال: اجزاء و ترکیب ساخت؛ پودینہ ہرا سبز، تروی جملہ ادویہ ہموزن سفوف بنالیں۔

مقدار خوراک: ۲ رتی یا عمر کے مطابق کم و بیش۔

کثیر الفوائد: اجزاء و ترکیب ساخت؛ کشتہ فولاد چھ ماشہ۔ کشتہ مرجان چھ ماشہ، کشتہ چاندی چھ ماشہ۔ کشتہ ابرک (آب مولی میں تیار کردہ) چھ ماشہ کچلہ مدبر چھ ماشہ۔ مربہ سیب ½ ا پاؤ میں باہم کریں۔

مقدار خوراک: چھ ماشہ ہمراہ دودھ صبح و شام۔

فوائد: ضعف جگر، ضعف اعصاب میں مفید ہے نیز مولد خون ہے،

اجزاء وترکیب ساخت، شنگرف

برائے ضعف باہ: ۵ تولہ، ماکنگنی ایک چھٹانک، شہد ۱ تولہ گھی دیسی ۱ تولہ۔ تمام ادویہ کو کڑاہی میں ڈال کر آگ جلائیں جب دھواں ختم ہو نکال لیں اور سفوف کریں۔

مقدار خوراک: ایک رتی ہمراہ دودھ گھی شامل کردہ صبح وشام۔

حب اٹھرا: اجزاء وترکیب ساخت: مغز کرنجوہ ۵ تولہ۔ مازو ۱ تولہ۔ تزچور تولہ۔ رسونت تولہ۔ مرچ سیاہ تولہ۔ تمام ادویہ سفوف بنا کر شہد کی مدد سے گولی بقدر نخود بنالیں۔

مقدار خوراک: ایک گولی حمل سے بچے کے دودھ چھڑانے تک جاری رکھیں۔

حکیم محمد اسحاق

آپ بمقام گوہڑ دریام والا چک ۵ تحصیل چونیاں ۱۹۲۸ء میں پیدا ہوئے۔ ابتدائی تعلیم گورنمنٹ سکول حسین خانوالہ سے حاصل کی۔ بعدازاں دینی تعلیم جناب مولوی محمد یوسف صاحب سے حاصل کی۔ آپ اوائل عمری سے ہی طب کا شغف رکھتے تھے لہٰذا دینی تعلیم سے فارغ ہو کر کوٹ میر محمد میں جناب حکیم حافظ دوست محمد صاحب سے فن طب و رموز تشخیص سے آگاہی حاصل کی۔ آپ عرصہ بیس سال انہیں کے ساتھ رہے۔ اور بطور معاون معالج کام کر کے عملی مطب کا تجربہ حاصل کیا۔ جنرل پریکٹیشن کے بعد عرصہ پچیس سال سے مطب کر رہے ہیں اور اپنی خداداد صلاحیتوں اور خلوص سے فن شریف کے ذریعے دکھی انسانیت کی خدمت کے لئے شبانہ روز مصروف عمل ہیں۔

حکیم محمد اسحاق ولد حسین صاحب
مدنی دواخانہ پرانی چونگی نزد ریلوے اسٹیشن
پتوکی تحصیل چونیاں ضلع قصور

مجربات

شربت اکسیر جگر: (آزمودہ) اجزاء وترکیب ساخت: گل گاؤ زبان ایرانی ۵ تولہ۔ پودینہ خشک ۳ تولہ دارچینی ڈھائی تولہ چینی ۲ پاؤ، پانی ڈیڑھ کلو بطریق معروف شربت تیار کریں۔

مقدار خوراک: ڈھائی تولہ پانی ملا کر صبح دوپہر شام استعمال کریں۔

سفوف اکسیر جگر: (آزمودہ) اجزاء وترکیب ساخت: تیری فولاد ولائتی ۱ تولہ، کشتہ مرجان ۱ تولہ، کشتہ عقیق ۱ تولہ، طباشیر نقرہ ۱ تولہ، ورق نقرہ ۲۱ عدد جملہ ادویہ باریک سفوف بنالیں۔

مقدار خوراک: ۱ ماشہ ہمراہ شربت اکسیر جگر صبح وشام۔

فوائد: ضعف جگر، عظم جگر، تبخس، کمی خون، یرقان میں مفید ہے۔

حب تبخیر: (آزمودہ) اجزاء وترکیب ساخت: رائی، حنظل خشک (تمہ)، گندھک آملہ سار ہر ایک پانچ پانچ تولہ تمام ادویہ باریک پیس کر حب نخودی بنالیں۔

مقدار خوراک: دو گولی ہمراہ نیم گرم پانی صبح وشام۔

فوائد: گیس، بدہضمی، دائمی قبض، اپھارہ میں مفید ہے۔

حکیم عطا محمد

آپ ۱۹۴۷ء میں بھارت کے ضلع فیروزپور کے قصبہ ہرہ محمد پیدا ہوئے۔ ابتدائی تعلیم گورنمنٹ سکول چک نمبر ۱۲-۲ تحصیل منڈی

ضلع فیصل آباد سے حاصل کی آپ بچپن سے طب میں دلچسپی لیتے تھے۔ چنانچہ خوش قسمتی سے آپ کو طبی ماحول میسر رہا۔ شادی کے بعد اپنے سسر جناب حکیم حاجی محمد شفیع منشی فاضل سے طب کی تعلیم حاصل کی اور مطب میں اُن کیساتھ عرصہ بتیس سال (۳۲) کام کیا۔ اور رموزِ تشخیص و معالجات سے آگاہی حاصل کی ۱۹۵۸ء میں لاہور آگئے۔ یہاں حکیم احمد الدین سے ملاقات ہوئی مزید تحصیلِ علم کیلئے اُن سے استفادہ کیا اور فخر الاطباء کی سند حاصل کی آپ عرصہ ۱۶ سال سے اپنا ذاتی مطب چلا رہے ہیں۔ آپ ایک خدا ترس شریف الطبع طبیب ہیں جو خدمتِ خلق کو مقصدِ حیات بنائے ہوئے ہیں۔

حکیم عطا محمد ولد نظام الدین
دواخانہ حکیم محمد شفیع پرانی منڈی پتوکی تحصیل چونیاں
ضلع قصور

مجرّبات

اکسیر استحاضی: اجزاء و ترکیب ساخت: نسپال خشک، سنگجراحت عمدہ، گوند کیکر ولایتی، گیرو ملتانی ہر ایک پانچ تولہ باریک سفوف بنالیں۔

مقدار خوراک: ۲ سے ۶ ماشہ ہمراہ شربت انجبار۔

فوائد: کثرت طمث، نکسیر، اور خون آنے میں مفید ہے۔

اکسیر بخار: اجزاء و ترکیب ساخت: مغز کرنجوہ ۲ تولہ، نوشادر ٹھیکری ۲ تولہ، فلفل دراز ۲ تولہ، گیرو ۲ تولہ۔ تمام ادویہ باریک سفوف بنالیں۔

مقدار خوراک: ۱ ماشہ ہمراہ بدرقہ مناسبہ۔

اکسیر ہاضم: اجزاء و ترکیب ساخت: سونف، اجوائن دیسی، فلفل سیاہ، نوشادر ٹھیکری، سوڈا بائیکارب، نمک سیاہ، قلمی شورہ ہر ایک ۵۰ گرام، ست پودینہ ۳ ماشہ۔ تمام ادویہ باریک سفوف بنالیں۔

مقدار خوراک: ۳ ماشہ ہمراہ آب بعد از طعام۔

فوائد: گیس، قبض، اپھارہ، بدہضمی، دردِ شکم میں مفید ہے۔

حکیم عبدالستار رانا

آپ بھارت کے ضلع فیروز پور تحصیل زیرہ موضع جو نیانوالہ ۱۹۲۹ء میں پیدا ہوئے تقسیم کے بعد ہجرت کر کے پتوکی سے نزدیک ڈھولن چک میں مقیم ہوئے۔ ابتدائی تعلیم مقامی طور پر امتیازی حیثیت سے حاصل کی۔ دورانِ تعلیم ڈاکٹر جعفری مرحوم سے روابط کی بنا پر طب سے دلچسپی ہوئی۔ دورانِ ملازمت آپ مختلف وسائل سے طب کی تعلیم حاصل کرتے رہے مختلف کالجوں میں انچارج ڈسپنسری کی حیثیت سے خدمات انجام دیں۔ آپ تحریک طبِ جدیدہ سے متاثر ہیں اور انہیں خطوط پر معالجات پسند کرتے ہیں

حکیم عبدالستار رانا ولد ایم بالا بخش
عباس پارک۔ پتوکی تحصیل چونیاں ضلع قصور

مجرّبات

برائے خارش: گندھک آملہ سار سات حصے، پارہ ایک حصہ دبرزلین آدھا کلو یک جان کریں۔ بطور مرہم خارش میں مفید ہے۔

مغلّظ: جڑ بھنڈی توری، مغز تر ہندی ہموزن اور چینی دونوں کے برابر وزن ملالیں اور سفوف کریں۔

مقدار خوراک: ۳ ماشہ نہار منہ ہمراہ آب۔

برائے نزلہ: ہرڑ سوختہ۔ گندھک آملہ سار ہموزن سفوف بنالیں۔

مقدار خوراک: ۱ ماشہ ہمراہ آب یا چائے۔

برائے سوکھا سان: چھلکا جڑ ٹھکنڈا، مرچ سیاہ ہموزن باریک

سفوف بنا کر گولی بقدر دانہ جوار بنالیں۔

حکیم عبدالغفور رانا

آپ ۱۹۳۴ء میں بھارت کے مقام لکھن ہیرا ضلع جالندھر میں پیدا ہوئے ابتدائی تعلیم اختر آباد اور بعد ازاں گورنمنٹ ہائی سکول رینالہ خورد سے حاصل کی۔ طب سے دلچسپی کی بناء پر حجرہ شاہ مقیم میں حکیم مولوی منور صاحب سے طب کی تعلیم حاصل کی اور علمی و عملی طور پر استفادہ کیا۔ پھر گوجرانوالہ میں حکیم غلام مصطفیٰ صاحب سے اکتساب کیا اور فنِ طب کے رموز و نکات سے آگاہی حاصل ہوئی۔ اس عملی تجربہ کے بعد آپ نے جامعہ طبیہ لاہور سے زبدۃ الحکماء طبیب فاضل کی سند حاصل کی اور رجسٹریشن کے بعد عملی مطب شروع کیا۔ آپ عرصہ تیس (۳۰) سال سے فنِ شریف سے منسلک ہیں۔ آپ ایسی ادویات کیساتھ روحانی معالجہ بھی کرتے ہیں اور کلام الٰہی (تریاق خاص) سے خدمتِ خلق میں مصروف ہیں۔

حکیم عبدالغفور رانا ولد دلاور خان
کرما نوالہ شفاخانہ ہلہ روڈ پتوکی ضلع قصور

مجرّبات

اکسیر کثرت طمث: اجزاء و ترکیب ساخت: کنگل بوٹی کا پانی ڈیڑھ چھٹانک، پھٹکڑی سفید پانچ تولہ بوٹی کا پانی تھوڑا تھوڑا ڈال کر پھٹکڑی کو توے پر بریاں کرلیں اور سفوف بنالیں۔
مقدار خوراک: نصف ماشہ ہمراہ دہی کھلائیں۔ کھانے میں صرف دہی دیں۔

حکیم شہادت علی

آپ محلہ اسلام پورہ جڑانوالہ ضلع فیصل آباد میں ۱۹۵۰ء میں پیدا ہوئے۔ ابتدائی تعلیم گورنمنٹ سکول رینالہ سے حاصل کی۔ علم طب سے قدرتی شغف کی بناء پر طبی تعلیم کے لئے حکیم حاذق عبدالغفور صاحب سے اکتساب کیا اور دس سال تک اُن کے مطب میں سبقاً اور عملاً علم طب حاصل کیا۔ آپ کی بہترین طبی خدمات کے پیش نظر طبیہ کمیٹی قصور نے آپ کو حسن کارکردگی کی سند سے نوازا۔ بعد ازاں آپ نے لاہور سے ۱۹۷۸ء میں زبدۃ الحکماء طبیب فاضل کی سند حاصل کی اور اب عرصہ پندرہ سال سے پتوکی میں مطب کر رہے ہیں آپ زیادہ تر کشتہ جات اور مفردات کا استعمال کرتے ہیں اسی لئے عوام میں سنیاسی کے نام سے مشہور ہیں۔

حکیم شہادت علی سنیاسی ولد نواب دین
کرما نوالہ شفاخانہ نزد نسیم محل سینما پتوکی ضلع قصور

مجرّبات

سفوف اکسیری: اجزاء و ترکیب ساخت: موصلی سفید ۱ تولہ، ستاور ۱ تولہ، تخم ریحان ۱ تولہ، عقر قرحا ۱ تولہ، کشتہ چاندی چھ ماشہ۔
تمام ادویہ باریک سفوف بنالیں۔
مقدار خوراک: ۳ ماشہ ہمراہ شیر گاؤ۔
فوائد: جریان، احتلام، سُرعت انزال، ذکاوت حس میں مفید ہے۔

حبوب ممسک: اجزاء و ترکیب ساخت: جڑ بھنڈی توری ۱ تولہ، مغز تمر ہندی کلاں ۱ تولہ، جڑ بینگن ۱ تولہ۔
گڑ پرانا ۵ تولہ۔ تمام ادویہ باریک پیس کر حبوب نخودی کلاں تیار کریں۔

مقدارِ خوراک: دو گولی ہمراہ دودھ صبح شام بوقت ضرورت دو گھنٹے قبل
فوائد: ضعفِ باہ، اور امساک کے لئے فائدہ مند ہے۔

حکیم محمد طفیل تبسم

آپ مورخہ یکم مئی ۱۹۶۵ء میں پیدا ہوئے۔ ابتدائی تعلیم ضلع اوکاڑہ کے مقام پھلکے میں حاصل کی بعد پتوکی میں میٹرک امتیازی حیثیت سے پاس کرنے کے بعد دارالعلوم جامعہ حنفیہ (رجسٹرڈ) قصور سے درس نظامی کی سند حاصل کی۔ علاوہ ازیں طب نبوی کا دو سالہ کورس کرنے کے ساتھ ساتھ ایف اے، فاضل اردو اور فاضل پنجابی کے امتحانات امتیازی حیثیت سے پاس کئے شعبہ تحقیق سے آپ کی خصوصی دلچسپی ہے۔
۱۹۸۰ء سے تاحال آپ ذاتی مطب سے خدمتِ خلق میں مصروف ہیں۔
محمد طفیل تبسم ولد فتح محمد
۱۶۲۔ داؤکے چک نمبر ۹ براہ پتوکی ضلع قصور

مجرّبات

تریاق الحمیات الفصلیہ: اجزاء و ترکیب ساخت: مغز کرنجوہ ۴۰ گرام، ایس ۴۰ گرام، فلفل دراز ۲۰ گرام۔ اے پی سی پاؤڈر جملہ ادویہ باریک پیس لیں۔
مقدارِ خوراک: ۲ گرام صبح دوپہر شام۔
فوائد: تمام موسمی اور نوبتی بخاروں میں مفید ہے۔

برائے اولادِ نرینہ: تخم قنب سفوف ایک ماشہ صبح ہمراہ آب۔ تخم شرلنگی چار عدد۔ بوقت شام ہمراہ آب۔ حمل سے دو ماہ بعد شروع کروا کے تیسرا پورا ماہ استعمال کروائیں۔

دوائے سُرعت: املی تازہ کے بیج ۴۰ گرام، پانی میں تر کریں۔ نرم ہونے پر چھلکا اتار دیں۔ مغز کے ہموزن چینی کو کریں۔ اور گولی بقدر نخود بنالیں۔
مقدارِ خوراک: دو گولی صبح و شام۔
فوائد: کم خرچ مؤثر نسخہ ہے چالیس روز تک کریں۔

دیگر: اجزاء و ترکیب ساخت: مغز املی کلاں ۴۰ گرام، الائچی ۱۰ گرام، تخم ریحان مستم ۲۰ گرام پہلی ادویہ سفوف بنا کر تخم ریحان شامل کریں۔
مقدارِ خوراک: ۲ ماشہ صبح شام۔
فوائد: حار مزاج کے لئے سُرعت و رقت میں مفید ہے۔

حکیم شوکت علی

آپ چک ۲۵ پڈعانہ ضلع قصور میں مورخہ ۵ مئی ۱۹۶۸ء کو پیدا ہوئے۔ ابتدائی تعلیم مقامی طور پر حاصل کی۔ سلسلہ تعلیم جاری رکھتے ہوئے ایف اے پاس کرنے کے بعد فنی تعلیم سی ٹی کی سند حاصل کی۔ آپ کو شروع سے طب اسلامی اور دینی علوم سے شغف رہا۔ دینی تعلیم ابتدائی طور پر جناب مولانا محمد اقبال صاحب سے حاصل کی۔ پھر دورہ قرآن اور درس نظامی کی اسناد جامعہ حنفیہ قصور سے حاصل کیں۔
طبی تعلیم میں آپ جناب حکیم محمد افضل میو صاحب سے بھی اکتساب کیا۔ ۱۹۸۷ء میں طبیہ کمیٹی قصور نے آپ کی طبی خدمات کے پیش نظر سند حسن کارکردگی عطا کی۔ آپ عرصہ چار سال سے طب اسلامی کے اصول و ضوابط کے تحت فن اور انسانیت کی خدمت میں مشغول ہیں۔

حکیم شوکت علی ولد محمد طفیل (آرائیں)
چک نمبر ۲۵ پڈھانہ خاص تحصیل چونیاں ضلع قصور

مجرّبات

سفوف اکسیر معدہ و امعاء: اجزاء و ترکیب ساخت: نمک سانبھر ۲ تولہ، نمک لاہوری ۲ تولہ، نوشادر ٹھیکری ۲ تولہ، تخم کرفس ۱ تولہ، اجوائن دیسی ۱ تولہ، سونٹھ ۱ تولہ، فلفل سیاہ ۱ تولہ، قرنفل ۱ تولہ، زیرہ سفید ۱ تولہ، زیرہ سیاہ آدھا تولہ، جائفل ۱ تولہ، جاوتری ۱ تولہ، سونف ۱ تولہ۔ تمام ادویہ باریک سفوف بنالیں۔

مقدار خوراک: ۲ رتی سے ۴ رتی ہمراہ آب بعد از طعام۔

فوائد: تبخیر معدہ، ضعف ہضم، بدہضمی، درد شکم، قبض میں مفید ہے۔

اندری جلاب: اجزاء و ترکیب ساخت: ریوند چینی ۱ تولہ، کباب چینی ۱ تولہ، الائچی خورد ۱ تولہ، قلمی شورہ ۲ تولہ، گل سرخ ۲ تولہ، چینی سفید ۹ تولہ۔ تمام ادویہ باریک سفوف بنالیں۔

مقدار خوراک: ۳ ماشہ سے چھ ماشہ ہمراہ شربت بزوری یا بدرقہ مناسب۔

فوائد: سنگ گردہ، سوزاک، جلن و بندش بول میں مفید ہے۔

حکیم برکت علی

آپ تمبر خورد تحصیل چونیاں میں ۱۹۴۷ء کو پیدا ہوئے۔ ابتدائی تعلیم یہیں حاصل کی بعد ازاں طب کی طرف راغب ہوئے، ومینی کتب کا مطالعہ شروع کیا اسی شوق کی بناء پر ملک کے نامور اطباء کی خدمت میں رہے۔ اور ان سے فن شریف کے رموز و نکات سے آگاہی حاصل کی۔ عملی مطب کے تجربات کے علاوہ آپ نے امریکن میڈیکل کالج سے ڈینٹل سرجری کا ڈپلومہ بھی حاصل کیا۔ اور اس شعبہ میں مہارت حاصل کی۔ آپ عرصہ بارہ سال سے طب اسلامی کے قواعد و ضوابط کے تحت عملی مطب چلا رہے ہیں۔ اور طبیہ کمیٹی قصور کے سرگرم رکن ہیں۔ طبیہ کمیٹی قصور آپ کی خدمات کو سراہا چکی ہیں۔ علاقہ میں آپ کی فنی اور سماجی خدمات کو قدر کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے۔

حکیم برکت علی ولد صاحب دین
ڈینٹل کلینک دواخانہ مین بازار تپو کی تحصیل چونیاں ضلع قصور

مجرّبات

سفوف مغلظ اکسیری: اجزاء و ترکیب ساخت: موصلی سفید اعلیٰ ۵ تولہ، ثعلب پنجہ ۵ تولہ، ثعلب مصری، مصطگی رومی ڈھائی تولہ، الائچی خورد ڈھائی تولہ، پھلی کیکر ۵ تولہ، تالمکھانہ ۵ تولہ، تخم ریحان ۵ تولہ، چھلکا اسبغول ۱۰ تولہ، کشتہ قلعی (بھنگ والا) ۱ تولہ، کشتہ فولاد ۱ تولہ، کوزہ مصری ۱۰ تولہ، ادویہ کو باریک سفوف بنالیں اور کشتہ جات شامل کرلیں۔

مقدار خوراک: ۱ تولہ رات کو دودھ میں بھگو کر رکھ دیں۔ صبح یہ کھیر کھالیں۔

فوائد: احتلام، جریان، سرعت، رقت اور ذکاوت حس میں مفید ہے۔

سفوف یرقان: اجزاء و ترکیب ساخت: پھٹکڑی سفید بریاں ۲ تولہ، مشک کافور ۳ ماشہ اچھی طرح کھرل کرلیں۔

مقدار خوراک: ۲ رتی ہمراہ بدرقہ مناسب صبح و شام۔

فوائد: یرقان میں قابل اعتماد ہے۔

شربت اکسیر جگر: اجزاء و ترکیب ساخت: پوست جامن تازہ، اکر، پوست انار تازہ ½ پاؤ، پتری فولاد اعلیٰ ۵۰ گرام پانی ڈھائی تولہ، چینی ۲ پاؤ بطریق معروف شربت تیار کریں۔

مقدار خوراک: ڈھائی تولہ صبح شام پانی یا دودھ میں ملاکر۔

فوائد، ضعف جگر، کمی خون، عصبی کمزوری میں مفید ہے۔

حکیم حاجی محمد یونس

آپ ۱۹۳۲ء میں تحصیل چونیاں کے مقام بھویہ آصل میں پیدا ہوئے ابتدائی درسی اور دینی تعلیم مقامی طور پر حاصل کی۔ کوٹ رادھا کشن سے میٹرک کرنے کے بعد آپ طب کی طرف مائل ہوئے اور اس مقصد کے حصول کیلئے لاہور تشریف لے آئے۔ آپ نے طب کی ابتدائی تعلیم جناب حکیم حاجی محمد شفیع نظام پوری صاحب سے حاصل کی جہاں آپ نے فن طب کو سبقاً اور عملاً سمجھا۔ عملی تجربہ اور ڈپلومہ حاصل کرنے کے بعد آپ نے بھیڈیاں کلاں میں مطب کا اجراء کیا اور تقریباً بارہ سال تک علاقہ کے عوام کے لئے علاج معالجہ کی خدمات انجام دیں۔ رجسٹریشن کے بعد دوا سازی کیطرف مائل ہوئے اور یہ سلسلہ تا حال جاری و ساری ہے۔

حکیم حاجی محمد یونس ولد میاں صاحب الدین

سعودیہ دواخانہ حبیب آباد (واں رادھا رام)
ڈاکخانہ خاص تحصیل چونیاں ضلع قصور

مجربات

لیور ٹانک سیرپ: اجزاء و ترکیب ساخت: کشتہ فولاد ۱ تولہ، ترکتاہ ۵ تولہ، ترپھلہ ۱۵ تولہ، اجوائن ۳ تولہ، بابڑنگ ۳ تولہ، ناگر موتھا ۳ تولہ، پستہ ۳ تولہ، گل دھاوا ۲ تولہ، قند مصفی ۳ پاؤ۔ طریقہ معروف سے شربت تیار کریں بعد میں کشتہ فولاد ملائیں۔

مقداد خوراک، ۲ بڑے چمچے صبح دوپہر شام ہمراہ شیر گاؤ۔

فوائد، ضعف جگر، کمی خون میں مفید ہے۔

اکسیر بخار: اجزاء و ترکیب ساخت، مغز کرنجوہ ۵۰۰ گرام، ۲۰۰ گرام، اتیس شیریں ۳۰۰ گرام، فسنتین ... گل نافث ۴۰۰ گرام، عشبہ مغربی ۴۰۰ گرام، قند مصفی، تمام ادویہ ... بوتل عرق کشید کرکے قند سفید ملا کر شربت تیار کریں۔

مقدار خوراک، ۲ چمچے صبح و شام۔

فوائد، ملیریا اور موسمی بخاروں میں مفید ہے۔

تبخیری (سیرپ): اجزاء و ترکیب ساخت، زنجبیل ۵۰ گرام، تیزپات ۵۰ گرام، اجوائن دیسی ۵۰ گرام، سونف ۲۰۰ گرام، سوڈا خوردنی ۱۰۰ گرام، زیرہ سفید ۳۰۰ گرام، کبابہ خنداں ۵۰ گرام، فلفل دراز ۲۰۰ گرام، فلفل سیاہ ۲۰۰ گرام، خولنجاں ۳۰۰ گرام تمام ادویہ کا دس بوتل عرق کشید کریں اور قند سفید آٹھ کلو شامل کرکے شربت تیار کریں۔ اور بعد ازاں ست پودینہ ۲۰ گرام ست اجوائن ۲۰ گرام، مشک کافور ۲۰ گرام شامل کریں۔

مقدار خوراک، ۲ چمچے چائے والے صبح دوپہر شام ہمراہ آب۔

فوائد: تبخیر معدہ، بدہضمی، درد شکم، ضعف ہضم میں مفید ہے۔

اکسیری: اجزاء و ترکیب ساخت، مصبر زرد، ریوند عصارہ ہموزن گولی بقدر نخودی بنالیں۔

مقدار خوراک: ۱ تا ۲ گولی صبح شام ہمراہ آب نیم گرم۔

فوائد: دائمی قبض، اور ہضم کے اخراج میں مفید ہے۔

حکیم عبدالکریم بھٹی

آپ ضلع اوکاڑہ کے مقام یالہ بالا میں ۱۹۳۶ء کو پیدا ہوئے اور ابتدائی تعلیم مقامی طور پر حاصل کی ۱۹۶۵ء میں گورنمنٹ ہائی سکول اوکاڑہ سے میٹرک کرنے کے بعد گورنمنٹ پولی ٹیکنیکل انسٹی ٹیوٹ

ملتان سے ایسوسی ایٹ ٹیکنیکل انجنیئر کا ڈپلومہ حاصل کیا اور ساتھ ساتھ ایف کا امتحان بھی پاس کر لیا۔ تعلیم مکمل کرنے کے بعد واہ کینٹ میں ملازمت کا آغاز کیا۔ دوران ملازمت آپ نے اپنے شوق کی خاطر اجمل طبیہ کالج میں داخلہ لیا اور ۱۹۸۱ء میں فاضل الطب والجراحت کی سند حاصل کی۔ آپ نے خدمت خلق کے پیش نظر ملازمت کو خیر باد کہا اور کل وقتی اس کام میں مصروف ہو کر فن اور انسانیت کی بے لوث خدمت میں مصروف ہیں۔

حکیم عبدالکریم بھٹی ولد حاجی محمد علی بھٹی۔
ناظم اعلیٰ قصر شفا (رجسٹرڈ) حبیب آباد ضلع قصور

مجربات

اکسیر قلب: اجزاء و ترکیب ساخت: پپیتہ، زہر مہرہ، کہربا شمعی، نارجیل دریائی، صدف ہم وزن باریک کر کے حب بقدر نخود تیار کریں۔

مقدار خوراک: ۱ گولی صبح دوپہر شام ہمراہ عرق گاؤزبان

شبابی: اجزاء و ترکیب ساخت: پارہ، گندھک آملہ سار جوز ماثل مکد چھ ماشہ، مسلسل چھ گھنٹہ تک کھرل کریں اور حبوب بقدر دانہ مونگ تیار کر لیں۔

مقدار خوراک: ۱ گولی دو گھنٹہ بعد از غذا ہمراہ شیر نیم گرم مزدوت کے وقت دو گولی۔

فوائد: ممسک اور مقوی ہے۔

برائے امراض سینہ: اجزاء و ترکیب ساخت: عنصل، برگ بانسہ ۴۰ گرام، زوفا ۳۰ گرام، کلیاں اصل السوس، السی، میتھے، حب الآس ہر ایک ۲۰ گرام عرق کشید کر کے ایک بوتل شربت تیار کر لیں۔

مقدار خوراک: دو چمچ صبح دوپہر شام بعد از طعام۔

فوائد: بلغم کھانسی، سل و دیگر امراض سینہ میں مفید ہے۔

حکیم محمد عاشق رسولپوری

آپ یکم دسمبر ۱۹۴۴ء کو ضلع قصور کے مقام رسولپور میں پیدا ہوئے۔ ابتدائی تعلیم ریالہ خورد ضلع اوکاڑہ میں حاصل کی اور بعد ازاں دینی تعلیم کیطرف رجوع کیا اور مدرسہ اسلامیہ ڈھلیانہ سے فیض یاب ہوئے۔

ابتدا ہی میں آپ کا رُجحان طب کی طرف تھا چنانچہ معالجات میں گہری دلچسپی کیوجہ سے طب یونانی اور ہومیو پیتھک طریقہ علاج کا فن مختلف ذرائع سے حاصل کیا رجسٹریشن کے بعد آپ عملی مطب کی طرف متوجہ ہوئے۔ آپ عرصہ طویل سے اس فن شریف سے منسلک ہیں۔ ۱۹۷۶ء میں ریسرچ فارمیسی کا اجراء کیا تحقیقات اور مطب کا یہ سلسلہ تاحال جاری و ساری ہے۔

حکیم محمد عاشق رسولپوری ولد میاں فضل الدین
اتفاق یونانی دواخانہ نئی منڈی حبیب آباد تحصیل چونیاں
ضلع قصور

مجربات

اکسیر حمیات: اجزاء و ترکیب ساخت: مغز کرنجوہ ۲ چھٹانک، نوشادر ٹھیکری ۱ چھٹانک، قلمی شورہ ۱ چھٹانک، گیرو ڈیڑھ چھٹانک، آملہ ۵ چھٹانک، زاج ابیض بریاں ۵ چھٹانک جملہ ادویہ سفوف بنالیں۔

مقدار خوراک: ۱ ماشہ تا دو ماشہ ہمراہ بدرقہ مناسبہ۔

فوائد: ہر قسم کے بخار میں مفید ہے۔

برائے تبخیر معدہ: اجزاء و ترکیب ساخت: ایلوہ ۱ تولہ، سقمونیا ولائتی ۱ تولہ، غاریقون ۱ تولہ، تخم حنظل ۵ تولہ اجوائن خراسانی ۱ تولہ، شہد خالص بقدر ضرورت لیں اور حبوب بقدر نخود تیار کر لیں۔

مقدار خوراک: ۲ گولی صبح شام ہمراہ آب۔

فوائد: تبخیر معدہ اور قبض میں مفید ہے۔

شربت مصفٰی: اجزاء و ترکیب ساخت: افسنتین ۴ تولہ، عشبہ ۱ تولہ چرائتہ ۲ تولہ، منڈی بوٹی ۲ تولہ، برہم ڈنڈی ۴ تولہ، صندل سفید ۲ تولہ، صندل سرخ ۲ تولہ، عناب یمنی ۳ تولہ۔ گل بنفشہ ۴ تولہ، گل سرخ ۲ تولہ، چوب چینی ۲ تولہ، چھال نیم تازہ آدھ پاؤ برادہ شیشم آدھ پاؤ، شاہترہ ۲ تولہ، کھوی ۵ تولہ، ہرڑ سیاہ ۵ تولہ، پانی ۵ کلو بطریق معروف شربت تیار کریں۔

مقدار خوراک: ۲ چمچے صبح دوپہر شام بعد از طعام۔

فوائد: انتہائی مصفی خون اور خارش میں مفید ہے۔

شربت اکسیر جگر: اجزاء ترکیب ساخت: ہرڑ، بہیڑہ، آملہ، جنگ ہرڑ، گل سرخ، بادیان، بیخ بادیان کاسنی، مکو، کھوی، نرکچور، زرشک، پودینہ جنگلی، مجیٹھ، زنجبیل، پتھر کا فولاد، ہر ایک پانچ تولہ۔ پانی دس کلو معروف طریقہ سے شربت تیار کر لیں۔

مقدار خوراک: ۲ چمچہ صبح دوپہر شام بعد از طعام۔

فوائد: ورم جگر، عظم طحال، ضعف جگر میں مفید ہے۔

اکسیر بواسیر: اجزاء و ترکیب ساخت: فلفل دراز ۱۰ تولہ۔ فلفل سیاہ ۵ تولہ۔ رسونت اعلیٰ ۱۰ تولہ، آب مولی ۴ بوتل تمام اشیاء سفوف بنالیں اور کھرل میں آب مولی سے رگڑائی کر کے سایہ میں خشک کریں اور حبوب بقدر نخود تیار کریں۔

مقدار خوراک: ۱ گولی نہار منہ اور بوقت عصر۔

فوائد: بواسیر خونی و بادی میں مفید ہے۔

حکیم عبدالغفور عابد

آپ فاروق آباد چک ۱۲ ضلع قصور میں مورخہ چھ اپریل ۱۹۶۷ء کو پیدا ہوئے آپ نے میٹرک تک ابتدائی تعلیم گورنمنٹ ہائی سکول حبیب آباد میں حاصل کی پھر گورنمنٹ ڈگری کالج پتوکی سے ایف اے کرنے کے بعد اپنے شوق اور دلچسپی کے باعث لاہور طبیہ کالج میں داخل ہوئے اور فاضل الطب و الجراحت کی سند حاصل کی آپ ایک نوجوان طبیب ہیں۔ اور فن شریف کی ترویج و ترقی اور سماجی خدمت کے جذبہ سے سرشار ہیں۔

حکیم عبدالغفور عابد ولد بشیر احمد
عابد یونانی کلینک شیر گڑھ بازار واں رادھا رام
تحصیل چونیاں ضلع قصور

مجرّبات

ہیئر آئل: اجزاء و ترکیب ساخت: سیکا کائی ۳ تولہ۔ آملہ خشک ۲ تولہ، بالچھڑ ۳ تولہ، روغن کنجد ۲۰ تولہ۔ روغن ناریل ۱۰ تولہ۔ حسب ترکیب تیل کر لیں۔

فوائد: بال خشک کر کے استعمال کریں خشکی اور بالوں کو دراز کرنے میں مفید ہے۔

برائے دندان: اجزاء و ترکیب ساخت: عقر قرحا ۲ تولہ، لونگ ۲ تولہ نمک سیاہ ۲ تولہ، فلفل سیاہ ۲ تولہ، فلفل دراز ۱ تولہ۔ پھٹکڑی بریاں ۳ تولہ۔ سفوف کر لیں اور بطور منجن صبح شام استعمال کریں۔

فوائد: دانتوں کی جملہ امراض میں مفید ہے۔

اکسیر جریان: اجزاء و ترکیب ساخت: ثعلب مصری ۳ تولہ، ثعلب پنجہ ۲ تولہ، بہمن سرخ ۱ تولہ، بہمن سفید ۱ تولہ، چھلکا اسبغول ۲ تولہ، تخم ریحان ۲ تولہ، سمندر سوکھ ۳ تولہ، عقرقرحا ۲ تولہ۔ تمام ادویہ باریک سفوف بنالیں۔

مقدار خوراک: چھ ماشہ صبح و شام ہمراہ شیر گاؤ۔

فوائد: احتلام، جریان، سرعت اور ذکاوت حس میں مفید ہے۔

حکیم سعید احمد شہزاد

آپ ضلع اوکاڑہ کے مقام خضر آباد میں مورخہ گیارہ اکتوبر انیس سو ترسیٹھ کو پیدا ہوئے ابتدائی تعلیم اپنے محترم والد صاحب سے مکمل کی بعد ازاں ۱۹۶۵ء میں حبیب آباد میں سکونت اختیار کرلی اور مزید تعلیم کا سلسلہ شروع کیا۔ دینی تعلیم کا سلسلہ بھی اپنے والد صاحب کی زیر سرپرستی جاری رکھا چونکہ آپ کے والد جناب میاں نذیر احمد عالم دین ہیں لہٰذا پرائمری پاس کرنے کیساتھ قرآن مجید کا ناظرہ بھی مکمل کیا۔ ۱۹۷۸ء میں میٹرک کا امتحان پاس کرنے کے ساتھ قرآن مجید کا ترجمہ بھی مکمل کیا۔ گورنمنٹ کالج پتوکی سے گریجویشن مکمل کرنے کے بعد جناب حکیم محمد مشتاق صاحب کی توجہ سے طبی تعلیم کے حصول کا شوق ہوا چنانچہ ۱۹۸۵ء میں طبیہ کالج میں داخل ہوئے اور فاضل الطب والجراحت کی سند حاصل کی۔ آپ نے علوم اسلامیہ سے خصوصی دلچسپی کے باعث پنجاب یونیورسٹی سے ایم اے کرنے کے ساتھ ساتھ ادویہ سازی کیطرف بھی خصوصی توجہ دی ہے آپ ایک پرعزم، باصلاحیت نوجوان طبیب ہیں جو کہ فن شریف کو ایک فطری معالجہ کی حیثیت سے ذہنی اور عملی طور پر اپنائے ہوئے ہیں۔

حکیم میاں سعید احمد شہزاد ولد میاں نذیر احمد
ملت دواخانہ اجنرڈ حبیب آباد دوان ادعارام
ضلع قصور۔

مجربات

برائے قبض دائمی: اجزاء و ترکیب ساخت: مغز بادام ۵۰ گرام، منقی ۵۰ گرام، سقمونیا ولائتی ۵ گرام ادویہ کو باریک کرکے باہم کریں اور گولی بقدر نخود بنالیں۔

مقدار خوراک: دو گولی ہمراہ شیر نیم گرم بوقت شام۔

برائے آبلہ دہن: اجزاء و ترکیب ساخت: زرشک شیریں ۵۰ گرام پودینہ ۵۰ گرام کوٹ کر ملالیں بصورت چٹنی بنے گی۔

مقدار خوراک: آدھا چمچ دن میں چار مرتبہ کھائیں۔

سفوف مغلظ: اجزاء و ترکیب ساخت: ثعلب مصری ۶ ماشہ سمندر سوکھ ۲ تولہ، چھلکا اسبغول ۲ تولہ، تخم ریحان ۱ تولہ، تالمکھانہ ۱ تولہ، بہیدانہ گجراتی ۲ تولہ، موصلی سیاہ ۱ تولہ موصلی سفید ۱ تولہ، تمر ہندی ۸ تولہ، کشتہ قلعی ۶ ماشہ، کوزہ مصری ۱۰ تولہ، تمام ادویہ باریک سفوف بنالیں۔

مقدار خوراک: ۳ ماشہ ہمراہ دودھ صبح شام۔

مدر بول: اجزاء و ترکیب ساخت: اندر جو شیریں ۵ تولہ، قلمی شورہ ۵ تولہ، جوکھار ۵ تولہ، ریوند چینی ڈھائی تولہ، زیرہ سفید ڈھائی تولہ، سوڈا بائیکارب ڈھائی تولہ، گیری حسب ضرورت سفوف تیار کرلیں۔

مقدار خوراک: ۳ ماشہ ہمراہ بدرقہ مناسبہ۔

حکیم مقصود احمد

آپ مورخہ ۹ اپریل ۱۹۶۳ء کو پیدا ہوئے۔ ابتدائی تعلیم حبیب آباد میں حاصل کی اور ایف اے کا امتحان گورنمنٹ ڈگری کالج پتوکی سے پاس کیا۔ آپ نے دینی تعلیم کے لئے حضرت مولانا نذیر احمد صاحب سے فیض حاصل کیا۔ آپ کے والد ایک ماہر طبیب ہیں اسی لئے طب سے شغف اور دلچسپی نے فنی تعلیم کے حصول کی طرف راغب کیا۔ آپ ابتدا میں اپنے والد صاحب کے مطب پر فارغ اوقات میں رموز طب اور عملی مطب کے قواعد و ضوابط سے آشنا ہوئے بعد ازاں طبیہ کالج لاہور میں داخل ہوئے اور فاضل الطب والجراحت کی سند حاصل کر کے عملی مطب شروع کیا اور ساتھ ساتھ والد صاحب کی سرپرستی میں ادویہ سازی کا کام جاری کیا اور یہ سلسلہ جاری و ساری ہے۔

حکیم مقصود احمد ولد حاجی محمد یونس
سعودیہ دواخانہ (رجسٹرڈ) حبیب آباد ضلع قصور

مجرّبات

سیرپ مفرح قلب: اجزاء و ترکیب ساخت: گل گاؤزبان ۲ تولہ، گاؤزبان ۲ تولہ، ابریشم مقرض ۲ تولہ، الائچی خورد ۱ تولہ، بہمن سفید ۲ تولہ، گل سیوتی ۲ تولہ، گل گڑھل ۲ تولہ، زہر مہرہ خطائی ۱ تولہ، بادرنجبویہ ۱ تولہ، تخم بالنگو ۱ تولہ، چینی ۲ پاؤ، پانی ڈھائی کلو، آئل صندل ۲ ماشہ، روح کیوڑہ ۲ ماشہ، روح بید مشک ۲ ماشہ بطریق معروف شربت بنائیں۔

مقدار خوراک: ۲ تولہ صبح دوپہر شام ہمراہ عرق گاؤزبان۔

فوائد: اختلاج قلب، ضعف قلب، گھبراہٹ میں ...

اکسیر یرقان: اجزاء و ترکیب ساخت: تخم کاسنی ۲ تولہ، ۲ تولہ، سونف ۲ تولہ، جڑ سونف ... کشوث ۲ تولہ، کرفس ۱ تولہ، مغز خیار ۳ تولہ، آلو بخارا ... ۵ تولہ، زرشک شیریں ۵ تولہ، چینی ۲ پاؤ بطریق ... تیار کریں۔

مقدار خوراک: ۵ تولہ ہمراہ آب صبح دوپہر شام۔

فوائد: یرقان ہر قسم اور گرمی کے لئے مفید ہے۔

شربت کافور: اجزاء و ترکیب ساخت: سنبل الطیب ۲ تولہ، کچور ۲ تولہ، نمک سیاہ ... اجوائن دیسی ۵ تولہ، پودینہ ۵ تولہ، انار دانہ ۳ تولہ، تخم سداب ... کبابہ خنداں ۲ تولہ، ست پودینہ ۲ ماشہ، مشک کافور ۳ ماشہ، ست اجوائن ۳ ماشہ بطریق معروف عرق کشید کریں اور چینی ملا کر شربت بنا کر تمام ست بعد میں شامل کریں۔

فوائد: دست، ہیضہ، عطش، تبخیر معدہ میں مفید ہے۔

حکیم غلام مصطفےٰ گوہر

آپ یکم اکتوبر ۱۹۷۱ء کو ضلع اوکاڑہ کے مقام عمر سکھا ناد ہرکا میں پیدا ہوئے۔ ابتدائی تعلیم مقامی طور پر حاصل کی اور گورنمنٹ ہائی سکول واں رادھا رام سے ۱۹۸۶ء میں میٹرک کی سند حاصل کی طب سے خصوصی دلچسپی کی بنا پر فنی تعلیم حاصل کرنے کے لئے طبیہ کالج لاہور میں داخلہ لیا اور فاضل الطب والجراحت کی سند حاصل کی۔ آپ ایک نوجوان پرعزم طبیب ہیں جو کہ ادویہ سازی کے شعبہ کی طرف خصوصی توجہ دے رہے ہیں اس غرض سے آپ ایک ادویہ ساز

ادارہ کی بنیاد رکھ چکے ہیں جس کا مقصد خدمت خلق اور سستا علاج فراہم کرنا ہے۔

حکیم غلام مصطفیٰ ولد بشیر احمد
ایم اے دواخانہ (رجسٹرڈ) حبیب آباد تحصیل چونیاں
(ضلع قصور)

مجربات

گیسٹوفیکس سیرپ: اجزاء و ترکیب ساخت: زنجبیل ایک کلو، الائچی کلاں آدھا کلو، فلفل سیاہ ایک کلو، دارچینی آدھا کلو، اجوائن دیسی ایک کلو، زیرہ سفید ایک کلو، سوئے ایک کلو، سنگدانہ مرغ ۳ پاؤ۔ پودینہ خشک ایک کلو، سعد کوفی آدھا کلو، لونگ آدھا کلو، نیز بات آدھا کلو، جنگ ہرڑ ایک کلو، کباب چینی ایک کلو، سونف ۳ پاؤ بطریق معروف شربت تیار کریں چینی ڈھائی من۔
مقدار خوراک: ۲ چمچے صبح دوپہر شام ہمراہ آب۔

الحدید سیرپ: اجزاء و ترکیب ساخت: ہرڑ ایک کلو، بہیڑہ ایک کلو، آملہ آدھا کلو، فلفل سیاہ ایک پاؤ، زنجبیل آدھا کلو، کاسنی دو پاؤ، ناگرموتھا آدھا پاؤ، دارچینی آدھا پاؤ، ٹنکچر فولاد پچاس گرام، الائچی خورد دو تولہ، چینی ۲½ کلو، نوشادری ۲ تولہ شربت تیار کریں۔
مقدار خوراک: ۲ چمچے تین وقت۔
فوائد: امراض جگر کے لئے مفید ہے کاروباری نسخہ ہے۔

لنگزینا سیرپ: اجزاء و ترکیب ساخت: گاؤزبان، سوم کلپا، اجوائن خراسانی، برگ بانسہ، اصل السوس، پرسیاؤشاں، کاکڑاسنگی، زوفا خشک، شاہترہ، پودینہ خشک، کاسنی، سونف، نوشادر، ٹھیکری ست ملٹھی تمام ادویہ آدھا آدھا پاؤ، پانی بمقدار ایک کلو، چینی دس کلو، گلوکوز لیکوڈ ایک کلو بطریق معروف شربت بنائیں۔
مقدار خوراک: ۲ چمچے تین وقت۔

فوائد: خشک و تر کھانسی کے لئے مفید ہے۔

گلوبین سیرپ: اجزاء و ترکیب ساخت: ہرڑ آدھا کلو، بہیڑہ آدھا کلو، آملہ آدھا پاؤ، ناگرموتھا آدھا پاؤ، زنجبیل آدھا پاؤ، دارچینی آدھا پاؤ، کاسنی آدھا پاؤ، کالی مرچ آدھا پاؤ، زعفران آدھا تولہ، چینی حسب ضرورت شربت تیار کریں۔
مقدار خوراک: ۲ چمچے صبح دوپہر شام۔

حکیم محمد ظفر اللہ بھٹی

آپ ۱۹۵۲ء کو تحصیل چونیاں کے مقام سہجووال چک نمبر گیارہ میں پیدا ہوئے ابتدائی دینی تعلیم جناب مولوی عنایت اللہ صاحب سے حاصل کی اور ساتھ ساتھ درسی تعلیم کا سلسلہ بھی جاری رکھا چونکہ آپ کے والد محترم علاقہ کے نامور طبیب تھے جن کے پاس دن رات مریضوں کا ہجوم رہتا تھا۔ اُن کی اس خدمت کو دیکھ کر آپ نے بھی طب کی طرف توجہ دی اور ابتدائی طبی تعلیم نظری و عملی طور پر اپنے والد صاحب سے حاصل کی اور دس سال تک مسلسل آپ اُن کی زیر سرپرستی فن اور علم کا اکتساب کیا۔ آپ طب اسلامی کے علمبردار ہیں عرصہ سولہ سال سے مطب اور ادویہ سازی کا سلسلہ شروع کر رکھا ہے۔ اور اس فن شریف کے ذریعے خدمت خلق میں مصروف ہیں۔

حکیم محمد ظفر اللہ بھٹی ولد زبدۃ الحکماء الحاج حکیم رحمت اللہ بھٹی (مرحوم)
جدہ دواخانہ نئی منڈی حبیب آباد ضلع قصور

مجربات

برائے اطفال: اجزاء و ترکیب ساخت: بچی خورد ۱ تولہ۔ سہاگہ بریاں ۱ تولہ، سونف ۱ تولہ، چینی یا گلوکوز ۱۲ تولہ۔ جملہ ادویہ باریک سفوف بنالیں۔

مقدار خوراک: چھ ماہ تک انگلی سے چٹائیں چھ ماہ سے حسب آٹھ رتی تک۔

اجزاء و ترکیب ساخت: ترپھلہ دس تولہ، زیرہ سفید ۲ تولہ، سوڈا بائیکارب ۲ تولہ، نفل سیاہ ۱ تولہ، الائچی خورد ۱ تولہ، سونف ۲ تولہ، نمک سیاہ ۲ تولہ، گل گلاب خشک ۲ تولہ، ست لیموں چھ ماشہ۔ تمام ادویہ باریک سفوف بناکر ست لیموں شامل کریں۔

مقدار خوراک: چار سے چھ ماشہ تک ہمراہ آب۔

فوائد: امراض معدہ، دماغی نزلہ اور ضعف بصارت کیلئے۔

برائے جریان: اجزاء و ترکیب ساخت: الائچی خورد چھ ماشہ، مغز کشنیز ۵ تولہ، مغز تخم ہندی کلاں ۱ تولہ، سہاگہ بریاں چھ ماشہ، زیرہ سفید ۲ تولہ، چھلکا اسبغول ۲ تولہ سب ادویہ سفوف بنالیں۔

مقدار خوراک: ۴ سے ۶ ماشہ ہمراہ بدرقہ مناسبہ۔

فوائد: جریان، احتلام، ذکاوت حس میں مفید ہے۔

برائے لیکوریا: اجزاء و ترکیب ساخت: گل سپاری ۵ تولہ، گل دھاوا ۵ تولہ، سہاگہ بریاں ۱ تولہ، گوند کتیرا ۵ تولہ، موچرس ۵ تولہ، کشتہ قلعی ۳ ماشہ، کشتہ بیضہ مرغ ۳ ماشہ، ورق چاندی ۱۰ عدد، کوزہ مصری ۲۰ تولہ سفوف بنالیں۔

مقدار خوراک: چھ ماشہ ہمراہ شیر نیم گرم۔

برائے تبخیر معدہ: اجزاء و ترکیب ساخت: سنا مکی ۵ تولہ، گل گلاب خشک ۵ تولہ، نمک سیاہ ۵ تولہ، ہلیلہ ڈھائی تولہ، نوشادر ٹھیکری ڈھائی تولہ، لہسن مقشر ۵ تولہ، مرچ سیاہ ڈھائی تولہ، اناردانہ خشک ڈھائی تولہ۔ تمام ادویہ سفوف بنالیں۔

مقدار خوراک: ۲ ماشہ سے چھ ماشہ تک۔

فوائد: قبض، تبخیر معدہ، موٹاپا کیلئے مفید ہے۔

حکیم محمد اکرم

آپ ۱۹۵۴ء ضلع بہاولنگر کے مقام منچن آباد میں پیدا ہوئے اور ابتدائی تعلیم مقامی طور پر حاصل کی چونکہ آپ کے والد گرامی حکیم حاذق اور اپنے علاقہ کی معروف شخصیت تھے اسی لئے آپ نے بچپن ہی سے طبی ماحول میں پرورش پائی جس کی وجہ سے طب کی طرف فطری لگاؤ رہا آپ کے نانا جان حکیم عنایت اللہ خاں مستند طبیہ کالج دہلی اور والد گرامی حکیم عبدالجبار نے آپ کو فن شریف کے رموز سے آگاہ کیا اور طب کی باقاعدہ تعلیم دی بعد ازاں طبی درسگاہ سے ڈگری حاصل کی۔ اور عملی مطب شروع کیا جو کہ عرصہ تقریباً ... سے جاری ہے علاوہ ازیں آپ نے یونانی فارمیسی بھی شروع کر رکھی ہے اور فن شریف طب کے ذریعے خدمت خلق میں مصروف ہیں۔

حکیم محمد اکرم ولد حکیم عبدالجبار
تمری سٹار یونانی دواخانہ (رجسٹرڈ) چونیاں ضلع قصور

مجربات

پیپرمنٹ کیپسول (خود ساختہ) اجزاء و ترکیب ساخت: ست پودینہ ۱۰ گرام، سوڈا بائیکارب ۱۰ گرام باہم سفوف ملالیں اور ۴ رتی کے کیپسول بھرلیں۔

خوراک: ایک کیپسول۔

فوائد: تبخیر معدہ، درد شکم، اپھارہ، بدہضمی میں مفید ہے۔

شربت ٹھنڈک: اجزاء و ترکیب ساخت: پوٹاشیم برومائیڈ ۵۰ گرام قلمی شورہ ۵۰ گرام ایک پاؤ پانی میں دونوں ادویہ اور ۵۰۰ گرام چینی ڈال کر بوتل شربت تیار کریں۔

خوراک: ایک تا دو چمچے (چائے والے) صبح دوپہر شام۔

فوائد: گرمی مثانہ، پیشاب کی جلن، سوزاک، احتلام، ذکاوت حس وغیرہ میں مفید ہے۔

سفوف استحاضہ: اجزاء و ترکیب ساخت: ملٹھی مقشر، سہاگہ بریاں ہموزن سفوف بنالیں۔

مقدار خوراک: ۳ ماشہ ہمراہ آب صبح دوپہر شام۔

مدر حیض: اجزاء و ترکیب ساخت: شنگرف ۱ تولہ، نمک سیاہ ۱ تولہ غبار کریں۔

مقدار خوراک: ۲ رتی ایام سے پانچ روز پہلے شروع کریں۔ روزانہ رات کو ہمراہ دودھ نیم گرم۔

حب ممسک جدید: اجزاء و ترکیب ساخت: شیر برگد ۱۰۰ گرام اجوائن خراسانی ۱۰۰ گرام کافور ۱۰ گرام شنگرف ۱۰ گرام کھرل کر کے دو رتی کی حبوب بنالیں۔

مقدار خوراک: دو گولی دو گھنٹہ قبل از وقت خاص۔

فوائد: خود ساختہ مجرب ہیں۔ امساک کیلئے مفید ہیں۔

حکیم سید غلام دستگیر نقوی

آپ مرحوم ، اپریل ۱۹۵۵ء بمقام بھبھو علاقہ رائے ونڈ ضلع قصور لاہور میں پیدا ہوئے ابتدائی تعلیم ڈی سی ہائی سکول بھائی پھیرو سے حاصل کی۔

چونکہ آپ کے والد محترم استاد الاطباء اور عالم تھے جن کو عربی، فارسی اور اردو پر کامل دسترس تھی انہیں کے ذریعے آپ کو یہ علم وراثتاً منتقل ہوا۔ آپ نے ابتدائی طبی تعلیم کیلئے اپنے والد صاحب سے استفادہ کیا بعد ازاں ۱۹۷۴ء میں فاضل طبیب اور زبدۃ الحکماء کی اسناد حاصل کر کے عملی مطب شروع کیا کچھ آپ فوج میں خدمات انجام دیتے رہے اور دوران ملازمت مختلف مقامات پر نباتات پر کام کیا۔ اب ملازمت کے بعد عوام کی خدمت میں مصروف ہیں۔

حکیم سید غلام دستگیر نقوی ولد سید نذیر حسین نقوی (مرحوم)
نیو نقوی دواخانہ مارکیٹ بازار بھائی پھیرو (ضلع قصور)

مجربات

سفوف ریح شکن: اجزاء و ترکیب ساخت: زیرہ سفید ۵ تولہ، نوشادر ٹھیکری ۵ تولہ، نمک سیاہ ۱۰ تولہ باریک سفوف بنالیں۔

مقدار خوراک: چھ ماشہ ہمراہ سرکہ انگوری چھ ماشہ پانی میں ملاکر۔

سفوف بخار: اجزاء و ترکیب ساخت: خوب کلاں ۲ تولہ، شکر ۲ تولہ، گل گاؤزبان ۱ تولہ، ریوند چینی ۲ تولہ۔ سفوف بنالیں۔

مقدار خوراک: ایک ماشہ صبح دوپہر شام۔

سلطان نہری مدیر ....

برائے اٹھرہ: مقدار خوراک: ۱ ماشہ نہار منہ سات یوم تک۔

حب ملین: اجزاء و ترکیب ساخت: سقمونیا ۱ تولہ، ست ملٹھی تولہ، گوند کتیرا ۱ تولہ، گل بنفشہ تولہ، شہد ملاکر حبوب بقدر بیر جنگلی بنالیں۔

مقدار خوراک: ایک سے دو گولی مطابق مزاج بوقت شام۔

فوائد: بے ضرر ملین اور تبخیر میں مفید ہیں۔

برائے جریان: اجزاء و ترکیب ساخت: سرمہ سفید چہار مغز، گیرو، سمندر سوکھ، موصلی سفید، قلمی شورہ تولہ

ایک ایک تولہ، معری پانچ تولہ شامل کر سفوف بنالیں۔

مقدار خوراک: ۳ ماشہ صبح اور دوپہر ہمراہ شیر۔

اجزاء و ترکیب ساخت: روغن ناریل ایک پاؤ

برائے خارش: سنبل ۱ تولہ، مشک کافور ایک تولہ، تیزاب

گندھک ایک تولہ، گری فرنیل ایک تولہ۔ روغن ناریل میں تیزاب

ملا کر بعدہٗ بقیہ ادویات شامل کر کے محلول بنالیں۔

فوائد: بیرونی استعمال کیلئے خارش میں مفید ہے۔

حکیم عبدالحمید نظامی

آپ ۱۹۵۲ کو بمقام بٹو لپورہ بھائی پھیرو میں پیدا ہوئے اور ابتدائی تعلیم مقامی طور پر حاصل کی۔ آپ کے والد گرامی حکیم حاذق تھے چنانچہ شروع ہی سے آپ کو فن شریف سے وابستگی رہی۔ درسی تعلیم کے ساتھ ساتھ اپنے والد گرامی اور حکیم حاذق جناب دیوان علی صاحب سے طبی تعلیم حاصل کرتے رہے آپکی اعلیٰ طبی خدمات کے صلے میں طبیہ کمیٹی قصور نے آپ کو حسن کارکردگی کی سند سے نوازا۔ آپ عرصہ دراز سے عملی مطب کے ذریعے خدمت خلق میں مصروف ہیں علاوہ ازیں آپ علاقہ کے ممتاز شاعر ہیں۔ آپ کا کلام قومی اخبارات و جرائد میں شائع ہوتا رہتا ہے۔ آپ کا مجموعہ کلام زیر طبع ہے۔

حکیم عبدالحمید نظامی ولد الحاج حکیم محمد ابراہیم

مدینہ پنسار سٹور و دواخانہ فیصل مارکیٹ بھائی پھیرو

(ضلع قصور)

مجربات

برائے نزلہ و ضعف دماغ: اجزاء و ترکیب ساخت: اسطخودوس ۴ تولہ، منڈی بوٹی ۱ تولہ، جنگلی ہریڑ ۱ تولہ، فلفل سیاہ ۲ ماشہ

بادام ۲ تولہ۔ تمام ادویہ سفوف بنالیں۔

مقدار خوراک: ۴ ماشہ صبح شام ہمراہ شیر نیم گرم۔

فوائد: زکام نزلہ، کیرا اور ضعف دماغ میں مفید ہے

اجزاء و ترکیب ساخت: تخم سونف

شربت ادرار حیض: تخم کاسنی، جڑ کاسنی، تخم خربوزہ

حب القلب، تخم کرفس، جڑ کرفس، الائچی کلاں، گوکھرو کلاں

تخم قرطم جملہ ادویہ دو، دو تولہ چینی ایک کلو، بطریق معروف شربت تیار کریں۔

مقدار خوراک: ۲ چمچے صبح و شام۔

اجزاء و ترکیب ساخت: صندل سفید برادہ

برائے دردِ شقیقہ: ۳ ماشہ، کشنیز خشک ۳ ماشہ، فلفل سیاہ

۳ ماشہ، اسطخودوس ۳ ماشہ۔ تمام ادویہ باریک سفوف کر کے ۹ عدد خوراکیں بنالیں۔

مقدار خوراک: پہلے روز ایک خوراک دوسرے روز صبح و شام۔ تیسرے روز ۲ وقت چوتھے روز صبح شام پانچویں روز صبح۔

حکیم سید ذوالفقار علی شاہ نقوی

آپ گمن تحصیل چونیاں ضلع قصور میں ۱۹۶۴ء کو پیدا ہوئے ابتدائی درسی تعلیم مقامی طور پر حاصل کی اور ساتھ ساتھ دینی تعلیم اپنے والد گرامی سے حاصل کرتے رہے۔ آپ کے گرامی حکیم حاذق اور علاقہ کے معروف معالج تھے چنانچہ آپ بچپن سے ہی اس فن شریف میں دلچسپی لینے لگے۔ میٹرک کے بعد عملی مطب کا تجربہ اور طبی کتب پڑھنے کے سلسلہ میں والد صاحب سے استفادہ کیا۔ ۱۹۷۸ء میں

باقاعدہ طبی تعلیم کی طرف رجوع کیا اور والد صاحب کے ساتھ مطلب شروع کیا۔ اُن کی وفات کے بعد اب عرصہ دراز سے عملی طب کے ذریعے خدمت خلق میں مصروف ہیں۔

حکیم سید ذوالفقار علی شاہ نقوی ولد حکیم سید نذیر حسین شاہ نقوی دواخانہ مارکیٹ بازار بھائی پھیرو تحصیل چونیاں (ضلع قصور)

مجرّبات

حب اکسیر جگر: اجزاء و ترکیب ساخت: نوشادر ٹھیکری ۱ تولہ جوکھار ۲ تولہ، قلمی شورہ ۲ تولہ، ریوند خطائی ۲ تولہ سفوف بنالیں۔

مقدار خوراک: ۱ ماشہ ہمراہ شربت فولاد و حب فولادی۔

حب فولادی: اجزاء و ترکیب ساخت: ترپھلہ ۲ چھٹانک، پتری فولاد ۲ تولہ، نوشادر ٹھیکری ۱ تولہ ریوند چینی ۱ تولہ۔ حبوب بقدر نخود تیار کریں۔

مقدار خوراک: ۲ گولی۔

فوائد: جگر کی گرمی، ضعف جگر، گرمی مثانہ، جریان و احتلام لیکوریا، اعصابی کمزوری میں مفید ہے۔

برائے مثانہ: اجزاء و ترکیب ساخت: جوکھار اصلی ۱ تولہ، قلمی شورہ ۱ تولہ، اندر جو شیریں ۱ تولہ، الائچی خورد ۱ تولہ۔ جملہ ادویہ سفوف بنالیں۔

مقدار خوراک: ۳ ماشہ ہمراہ شربت بزوری۔

برائے سُرعت: اجزاء و ترکیب ساخت: بہیدانہ ۱ تولہ، بہمن سفید ۱ تولہ، بہمن سرخ ۱ تولہ، کرکس ۱ تولہ، تخم سروالی ۱ تولہ، شقاقل مصری ۱ تولہ، ثعلب مصری ۱ تولہ، موصلی سفید ۱ تولہ، موصلی سیاہ ۱ تولہ، خولنجاں ۱ تولہ، تخم فندق ۱ تولہ، مغز نارجیل ۱ تولہ، ریشن برگد سگنہ ۱ تولہ، پھل مکھانہ ۱ تولہ، گوند آم ۱ تولہ، گوند ڈھاک ۱ تولہ، ست بروزہ ۲ تولہ، چھال ارجن ۲ تولہ، سبوس اسبغول ۳ تولہ، ست کچے

برابر وزن چینی ملالیں۔

مقدار خوراک: ۲ ماشہ ہمراہ شیر۔

فوائد: جریان احتلام، ذکاوت حس میں مفید ہے۔

اکسیر لیکوریا: اجزاء و ترکیب ساخت: گٹھلی آم ۲ تولہ، کھجور ۲ تولہ، کیری ۲ تولہ، چھلی ببول ۲ تولہ گوند ببول ۲ تولہ، شیر برگد ۲ تولہ، کونپل برگد ۲ تولہ، ریشہ برگد ۲ تولہ ثمر برگد ۲ تولہ جملہ ادویہ سفوف کرکے شیر میں ملالیں۔

مقدار خوراک: ۱ ماشہ ہمراہ دودھ۔

فوائد: خواتین کی جملہ امراض میں مفید ہے۔

اکسیر پیچش: اجزاء و ترکیب ساخت: گٹھلی آم ۱ تولہ، بیلگری ۱ تولہ، سرنف ۱ تولہ، بیلگری ۱ تولہ، چینی ۱ تولہ۔ تمام سفوف بنالیں۔

مقدار خوراک: ۱ ماشہ سے ۲ ماشہ تک ہمراہ آب۔

حکیم محمد اسماعیل

آپ ۱۹۲۴ء بمقام قلعہ کوٹلہ ضلع شیخوپورہ میں پیدا ہوئے ابتدائی تعلیم مقامی سطح پر حاصل کی اور ساتھ ساتھ دینی تعلیم بھی مکمل کر لی۔ آپ کے والد گرامی حکیم حاذق اور ممتاز معالج تھے چنانچہ طب کی طرف آپ کا رجحان بچپن ہی سے رہا اور والد صاحب سے طبی تعلیم اور رموز و نکات فن حاصل کرتے رہے۔ بعد ازاں مسیح الملک، طبیہ کالج میں باقاعدہ تعلیم کی غرض سے داخلہ لیا اور ۱۹۵۴ء میں حکیم حاذق کی سند حاصل کرکے آپ عرصہ دراز سے اس فن شریف سے منسلک ہیں۔

دیسی معالجات کے ساتھ ساتھ آپ روحانی علاج بھی کرتے

بچوں کی امراض پر آپ کو مہارت حاصل ہے۔ آپ رضاکارانہ طور پر دکھی انسانیت کی خدمت میں مصروف ہیں۔

حکیم محمد اسماعیل ولد حکیم میاں محمد سلیمان
نئی مارکیٹ بھائی پھیرو ضلع قصور

مجرّبات

اندری جلاب (آزمودہ) اجزاء و ترکیب ساخت: اندرجو شیریں طباشیر نقرہ، قلمی شورہ، الائچی خورد، جوکھار جملہ ادویہ ہموزن سفوف بنالیں۔

مقدار خوراک: ۳ ماشہ سے ۴ ماشہ ہمراہ بدرقہ مناسبہ۔

فوائد: گرمی خشکی کی تمام علامات اور گردہ مثانہ کی صفائی میں مفید ہے۔

پتھری توڑ (آزمودہ) اجزاء و ترکیب ساخت: سنگ یہود ۱ پاؤ۔ بھنگرہ سفید ۱ پاؤ۔ کشتہ فولاد کیسی ۵ تولہ۔ سنگ یہود کو بھنگرہ کے نغدہ میں دے کر کوزہ گل میں بند کر کے ۲۰ سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ سنگ یہود ریت ہوگا بعد میں آب مولی دو بوتل۔ آب پتھر چٹ بوٹی دو بوتل میں سنگ یہود باری باری کھرل کر کے خشک کریں۔ اور بڑے بڑے سائز کے کیپسول بھر لیں۔

مقدار خوراک: ۲ کیپسول صبح دوپہر شام ہمراہ شربت بزوری۔

فوائد: گیارہ یوم کے استعمال سے پتھری ریزہ ریزہ ہو کر خارج ہوگی اور دوبارہ پیدا نہ ہوگی۔

سفوف مدر حیض: اجزاء و ترکیب ساخت: سنگھ کلاں ۱ پاؤ کنڈیاری خورد ۱ پاؤ۔ سنگھ کو کنڈیاری کے نغدہ میں دیکر سمپٹ کر کے ایک گڑھے میں ۵ سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر سفوف کر کے محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک: ۱ ماشہ ہمراہ گلقند و دودھ نیم گرم۔

فوائد: انشاءاللہ حیض جاری ہوگا۔

حکیم محمد شریف

آپ ۴ مئی ۱۹۵۷ء بمقام چک ۲۲ چھانگا مانگا تحصیل چونیاں ضلع قصور میں پیدا ہوئے۔ ابتدائی تعلیم مقامی طور پر حاصل کی میٹرک کی تعلیم کیلئے گورنمنٹ ہائی سکول پتوکی میں داخل ہوئے بعد ازاں گورنمنٹ ڈگری کالج سے بی اے کا امتحان پاس کیا۔ فن طب سے خصوصی لگاؤ کے پیش نظر پاک جامعہ طبیہ کالج سے طب کی سند حاصل کی اور عملی مطب شروع کیا۔ آپ علاقہ کے عوام کیلئے علاج معالجہ کی خدمات انجام دے رہے ہیں۔

حکیم محمد شریف ولد مہر جان محمد
چک نمبر ۲۲ ڈاک خانہ چھانگا مانگا تحصیل چونیاں
(ضلع قصور)

مجرّبات

اکسیر موتی جھرا: (ٹائیفائیڈ) اجزاء و ترکیب ساخت: الائچی خورد طباشیر نقرہ، ست گلو (خانہ ساز) کشتہ ابرک سفید، کشتہ ابرک سیاہ، ہموزن سفوف بنالیں۔

مقدار خوراک: ۲ رتی سے ۴ رتی ہمراہ شربت دینار۔

اکسیر نجار: اجزاء و ترکیب ساخت: انیس شیریں ۵ تولہ، مغز کرنجوہ ۳ تولہ، فلفل دراز ۱ تولہ۔ جملہ ادویہ باریک سفوف بنالیں۔

مقدار خوراک: ۴ رتی سے ایک ماشہ ہمراہ چائے۔

دیگر: اجزاء و ترکیب ساخت: افسنتین رومی، مغز کرنجوہ۔۔

سوڈا اسلی سلاکس ہموزن سفوف

مقدار خوراک: ۲ رتی۔

سفوف مغلظ، آزمودہ: اجزاء ترکیب ساخت: کوزہ مصری ۱۰ تولہ، مغز تخم املی کلاں بریاں ۱۰ تولہ، تخم بھنڈی ۱۰ تولہ جملہ ادویہ سفوف بنالیں۔

مقدار خوراک: ۲ ماشہ ہمراہ دودھ صبح شام۔

فوائد: جریان احتلام سُرعت کیلئے مفید ہے۔

سُداجوانی: اجزاء وترکیب ساخت: ثعلب مصری ۵ تولہ، موصلی سفید ۵ تولہ، مغز پنبہ دانہ ۵ تولہ، ستاور ۵ تولہ، زعفران چھ ماشہ، چھلکا اسبغول ۱۰ تولہ سفوف بنالیں۔

مقدار خوراک: ۳ ماشہ ہمراہ دودھ بعد دوپہر۔

(نوٹ) چھ ماشہ پاؤ دودھ میں بھگو دیں صبح کھیر نہار منہ استعمال کریں مفید ہے۔

حکیم محمد اسماعیل طاہر

آپ نے ۱۹۵۴ء میں میٹرک کا امتحان پاس کیا زمانہ طالبعلمی سے ہی طب سے لگاؤ تھا چنانچہ طبی کتب کا مطالعہ شروع کیا۔ دوران تعلیم ہی سہل الحصول، قلیل الاجزاء نسخہ جات بنا کر عملی تجربات شروع کئے۔ اسی دوران طب اکبر، میزان الطب کے علاوہ دیگر طبی کتب سے استفادہ کیا۔ رجسٹریشن ایکٹ کے تحت باقاعدہ رجسٹرڈ ہوئے اور عملی طب کا آغاز کیا۔ آپ یونانی معالجات کے پابند ہیں اور علاج المفردات پر عمل پیرا ہو کر فن اور خدمت خلق میں مصروف ہیں۔

حکیم محمد اسماعیل طاہر ولد میاں مراد علی
موضع سید پور ڈکی نہ کھڈیاں تحصیل و ضلع قصور۔

مجرّبات

کھانسی کا شربت: اجزاء وترکیب ساخت: کنڈیاری بوٹی کا پودا سالم اکٹھا کر لیں وزن آدھا کلو جو کوب کر کے ۳ کلو پانی میں شبانہ روز بھگو رکھیں بعد میں جوش دیں جب پانی ایک کلو رہ جائے مل چھان لیں دو کلو چینی ملا کر بطریق معروف شربت تیار کریں آخر میں نوشادر ٹھیکری ۴ تولہ حل کر لیں۔

مقدار خوراک: ایک چمچہ بڑا تین وقت بچوں کو حسب عمر۔

فوائد: کھانسی بلغمی و خشک اور مداومت دمہ کیلئے مفید ہے۔

دیسی کونین: اجزاء وترکیب ساخت: شیر عشر ۱ تولہ، چینی ۱۰ تولہ ملا کر کھرل کر کے خشک کریں۔

مقدار خوراک: حسب عمر ایک رتی سے ایک ماشہ تک۔

فوائد: تمام اقسام بخاروں میں بدرقہ مناسب سے دینا مفید ہے۔

تریاق معدہ: اجزاء وترکیب ساخت: اجوائن دیسی ۱۰ تولہ، نوشادر ۱ تولہ، تیزاب گندھک ۱ تولہ، ادویہ باریک پیس کر تیزاب ملالیں۔

مقدار خوراک: ۱ رتی سے ۱ ماشہ تک۔

فوائد: جملہ امراض معدہ و جگر میں مفید ہے۔

عصائے پیری: اجزاء وترکیب ساخت: اسگند ناگوری ۵ تولہ، زنجبیل ۱ تولہ، فلفل سیاہ ۱ تولہ، مُغز مشغی ۲ تولہ، کچلہ مدبر ۱ تولہ، جملہ ادویہ سفوف بنالیں اور گودہ گھیکوار میں دو دن کھرل کریں اور حب بکنار وشتی بنالیں۔

مقدار خوراک: ۱ گولی صبح و شام۔

فوائد: سر سے پاؤں تک جملہ امراض میں مفید ہے۔ بلغمی امراض کا تریاق مولد خون مقوی اعصاب اور کایا کلپ ہے۔

بواسیری: اجزاء وترکیب ساخت: بکل نیم خشک ۱۰ تولہ،

فلفل سیاہ ۲ تولہ، گیرو ۲ تولہ جملہ ادویہ سفوف بناکر آب گگروند کیساتھ دو یوم کھرل کریں اور حبوب بقدر کنار وشتی تیار کرلیں۔

مقدار خوراک: ایک گولی صبح و شام۔

فوائد: بواسیر میں مفید اور مصفی خون ہے۔

حکیم افتخار مبین عرشی

آپ ۲۱ جولائی ۱۹۶۴ء بمقام قصور پیدا ہوئے۔ ابتدائی تعلیم قصور ہی میں حاصل کی اور ساتھ ساتھ دینی تعلیم کا سلسلہ جاری رہا۔ بعدازاں آپ نے پنجاب یونیورسٹی سے بی اے کا امتحان پاس کیا چونکہ آپ کے والد گرامی جناب حکیم شہاب الدین زبدۃ الحکماء صدر طبیہ کمیٹی تھے۔ آپ دوران تعلیم اُن سے فنِ شریف کے رموز و نکات سے آگاہی حاصل کرتے رہے بعدازاں باقاعدہ طبی تعلیم کے لئے طبیہ کالج لاہور سے فاضل الطب والجراحت کی سند حاصل کی پھر تجزیاتی تکنیک حاصل کرنے کے لئے کمیونٹی کالج آف میڈیسن لاہور سے لیبارٹری ٹیکنیشن کا امتحان پاس کیا اب آپ عرصہ چھ سال سے طب اسلامی کے تحت عملی مطب چلا رہے ہیں اور معالجہ کی سہولیات فراہم کرکے خدمتِ خلق میں مصروف ہیں۔

حکیم افتخار مبین عرشی ولد زبدۃ الحکماء حکیم شہاب الدین
سرکلر روڈ نزد نیشنل فلور مل قصور

مجربات

مرہم اکسیر: اجزاء و ترکیب ساخت: گندھک آملہ سار ۲ تولہ، پارہ مصفی ۱ تولہ، بورک ایسڈ ۱ تولہ، زنک آکسائیڈ ۱ تولہ، ویزلین ۲۰ تولہ بطریق معروف مرہم تیار کریں اور بیرونی طور پر استعمال میں لائیں۔

اکسیر خارش و الرجی: اجزاء و ترکیب ساخت: پوست ہندی ۱ تولہ، حجر الیہود ۱ تولہ سفوف بنالیں۔

مقدار خوراک: ایک ماشہ ہمراہ آب صبح و شام۔

فوائد: خارش خشک، الرجی، گردوں کی خرابی میں مفید ہے۔

اکسیر مغلظ: اجزاء و ترکیب ساخت: چھلکا اسبغول ۵ تولہ، پوست جڑ بھنڈی ۵ تولہ، مغز تخم ہندی کلاں ۵ تولہ، چینی ولایتی ۱۵ تولہ سفوف تیار کریں۔

مقدار خوراک: ۳ ماشہ نہار منہ ہمراہ بدرقہ مناسبہ۔

فوائد: جریان، احتلام و سُرعت میں مفید اور مغلظ ہے۔

اکسیر نزلی: اجزاء و ترکیب ساخت: ہریڑ سیاہ بریاں ۵ تولہ، گندھک آملہ سار ۵ تولہ سفوف بنالیں۔

مقدار خوراک: ۱ ماشہ ہمراہ چائے یا قہوہ۔

فوائد: نزلہ زکام کھانسی کے لئے مفید ہے۔

حکیم خادم حسین

آپ ۱۹۴۲ء کو بمقام پنڈ چھینہ بدی چند امرتسر (بھارت) میں پیدا ہوئے۔ آپ نے ابتدائی تعلیم اوکھ اوتاڑ میں حاصل کی۔ بعدازاں ککرک آباد گورنمنٹ ہائی سکول سے میٹرک پاس کیا دینی تعلیم جناب مولوی حافظ محمد دین صاحب سے حاصل کی چونکہ آپکا خاندان فنِ شریف سے وابستہ تھا اسلئے آپ کا رجحان قدرتی طور پر طب کی جانب رہا کچھ عرصہ تک آپ نے اپنے بھائی حکیم محمد حنیف صاحب کے پاس مطب پر کام کرکے عملی تجربہ حاصل کیا۔ ۱۹۶۲ء میں طبیہ کالج

لاہور میں داخلہ لیا اور حاذق الحکما کی سند حاصل کی اور عملی مطب شروع کیا۔ رجسٹریشن ایکٹ کے تحت آپ کو درجہ اوّل میں رجسٹرڈ کیا گیا۔ آپ عرصہ دراز سے دُکھی انسانیت کیلئے علاج معالجہ کی خدمات انجام دے رہے ہیں۔

حکیم خادم حسین ولد سراج دین
بمقام چھینہ اوتاڑ تحصیل وضلع قصور

مجرّبات

اکسیر کثرت حیض: اجزاء و ترکیب ساخت: چنے سلم، مسُور مونگ، ماش ہر ایک دو، دو تولہ۔ مازو بلا سوراخ ۱ تولہ۔ مشک کافور اعلیٰ چھ ماشہ، جملہ ادویہ نیم بریاں کرکے سفوف بنالیں اور اچھی طرح کھرل کرلیں۔

مقدار خوراک: چھ ماشہ ہمراہ بدرقہ صبح وشام۔

اکسیر مقوی قلب: اجزاء و ترکیب ساخت: گئودنتی ۱ تولہ، سیب تازہ گولڈن وزن ڈیڑھ پاؤ
سیب میں سوراخ کرکے گئودنتی داخل کریں اور گل حکمت کرکے دس سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر کشتہ تیار ہے۔

مقدار خوراک: ۱ رتی سے ۲ رتی تک۔

فوائد: ضعف قلب، اختلاج قلب میں مفید ہے۔

اکسیر زکام (آزمودہ): اجزاء و ترکیب ساخت: زنجبیل ۱ تولہ، فلفل دراز ۱ تولہ، کوکنار ۱ تولہ۔ جملہ ادویہ سفوف بنالیں۔

مقدار خوراک: آدھ ماشہ تین وقت۔

فوائد: نزلہ، زکام و کھانسی میں مفید ہے۔

حکیم محمد حنیف بھٹی

آپ بمطابق ۱۹۴۸ء شمس آباد ضلع لاہور میں پیدا ہوئے ابتدائی تعلیم حسین خانوالہ ضلع لاہور سے حاصل کی آپ شروع ہی سے طب کی طرف راغب تھے چنانچہ تعلیم کے بعد حکیم محمد علی چغتائی صاحب کے مطب پر آگئے اور طبی تعلیم کے علاوہ عملی مطب کا تجربہ حاصل کیا۔ رجسٹریشن ایکٹ کے تحت رجسٹرڈ ہوئے اور مطب کی اجازت حاصل کی اور عملی مطب کے ذریعے دُکھی انسانیت کی خدمت میں مصروف ہیں۔

حکیم محمد حنیف بھٹی ولد میاں صُوبہ خان
شفائے رحمت مقصود روڈ نزد پٹرول پمپ
ٹھینگ موڑ تحصیل چونیاں ضلع قصور

مجرّبات

برائے باہ: اجزاء و ترکیب ساخت: دارچینی ۱ تولہ، مونگ ۱ تولہ، عقرقرحا ۱ تولہ، شنگرف ۲ تولہ۔ تخم اوٹنگن ۲ تولہ، افیون ۱ تولہ، زعفران چھ ماشہ جند بیدستر ۱ تولہ۔ سفوف بناکر شہد کی مدد سے گولی بقدر نخود بنالیں۔

مقدار خوراک: ۱ گولی صبح وشام ہمراہ شیر نیم گرم۔

مغلظ: اجزاء و ترکیب ساخت: بہمن سرخ ۵ تولہ، بہمن سفید ۵ تولہ، موصلی سیاہ و سفید ۵ تولہ۔ ثعلب دانہ ۳ تولہ، ثعلب پنجہ ۲ تولہ، ثعلب مصری ۳ تولہ، شقاقل مصری ۳ تولہ، عقرقرحا ۲ تولہ، مصطگی رُومی ۵ تولہ، ستاور ۳ تولہ سفوف بنالیں۔

مقدار خوراک: ۱ تولہ ہمراہ شیر گاؤ صبح شام۔

حب اٹھرہ: اجزاء و ترکیب ساخت: عود صلیب ۱ تولہ۔

جدوار ۵ اتولہ، جند بیدستر ا، شہد سنگدانہ مرغ اتولہ، زعفران

چھ ماشہ، شہد حسب ضرورت حب نخودی تیار کریں۔

مقدار خوراک: ایک گولی روزانہ تین ماہ تک۔

اجزاء وترکیب ساخت: منقی ۳ تولہ، بنفشہ

شربت سعالی: ۲ تولہ، زوفا اتولہ، خطمی اتولہ، خبازی اتولہ۔

انجیر زرد ۱۰ تولہ، ریشہ خطمی اتولہ، ابریشم مقرض اتولہ، برگ بانسہ ۳ تولہ

بہیدانہ ۲ تولہ، ملٹھی ۲ تولہ، حب الآس ۵ تولہ، پوست ڈوڈہ ۲ تولہ۔

بطریق معروف شربت تیار کریں۔

مقدار خوراک: ۲ چمچے تین وقت۔

حکیم محمد ابراہیم خلیل

آپ بمطابق ۱۹۴۱ء موضع ڈولی ضلع فیروزپور بھارت میں پیدا ہوئے ابتدائی تعلیم بنگلہ گوگیرہ ضلع اوکاڑہ سے حاصل کرنے کے بعد دینی تعلیم کی طرف متوجہ ہوئے اور جامعہ محمدیہ اوکاڑہ سے سند حاصل کی طب اسلامی سے لگاؤ کے پیش نظر آپ رائے پور میں حکیم محمد علی صاحب کے ہاں چلے گئے اور طبی تعلیم کے ساتھ ساتھ عملی تجربہ حاصل کیا۔ مزید برآں حبیب آباد میں حکیم نواب الدین صاحب سے بھی اکتساب کیا۔

رجسٹریشن ایکٹ کے تحت رجسٹرڈ ہونے اور عرصہ دراز سے علاقہ کے عوام کی خدمت میں مصروف ہیں۔

حکیم محمد ابراہیم خلیل ولد محمد یعقوب

اسلامی دواخانہ نزد شری مرلی سوڑ حویلی تحصیل چونیاں ضلع قصور

مجربات

سفوف مدر بول: اجزاء وترکیب ساخت: زرشک ہیمنی،

طباشیر نقرہ، جوکھار، قلمی شورہ، الائچی خورد، ہموزن ادویہ

بنالیں۔

مقدار خوراک: چھ ماشہ ہمراہ بذرقہ مناسبہ۔

اجزاء وترکیب ساخت: زنجبیل ۲۰ گرام، نمک

تبخیری: ۲۰ گرام، ست پودینہ ۲ گرام، ست اجوائن

سفوف بنا کر ست ملائیں۔

مقدار خوراک: ۳ ماشہ۔

اجزاء وترکیب ساخت: زنجبیل

برائے وجع المفاصل: فلفل سیاہ ۲۰ گرام، فلفل دراز

۲۰ گرام، سورنجان شیریں ۲۰ گرام، صبر سیاہ ۱۰ گرام، منقی ۵۰ گرام

سفوف بنا کر منقی کی مدد سے حبوب بقدر نخود بنالیں۔

مقدار خوراک: ۱ گولی صبح دوپہر شام۔

اجزاء وترکیب ساخت: بادیان ۵ تولہ، زنجبیل

سفوف ہاضم: ۵ تولہ، مونگ ۵ تولہ، مگھاں ۵ تولہ، نوشادر

ٹھیکری ۵ تولہ، فلفل سیاہ ۵ تولہ، زیرہ سفید ۵، زیرہ سیاہ ۵ تولہ،

الائچی کلاں ۵ تولہ، نمک خوردنی ۱۰ تولہ، نمک سانبھر ۵ تولہ۔ جملہ

ادویہ سفوف بنالیں۔

مقدار خوراک: ۲ سے ۳ ماشہ ہمراہ آب بعد از طعام۔

حکیم محمد صدیق

آپ بمطابق ۱۹۵۶ء کو تحصیل و ضلع قصور میں پیدا ہوئے اور ابتدائی تعلیم چک ۱۴ کھڈیاں میں مکمل کی۔ طبی تعلیم کیلئے آپ کا والہانہ شوق آپ کو حکیم محمد افضل بٹر کی صحبت میں لے گیا۔ ان سے طبی تعلیم حاصل کی بعد ازاں تحریک تجدید طب کے ممبر بنے اور نظریہ مفرد اعضاء

سے استفادہ کیا پھر مزید تعلیم کیلئے لاہور آ گئے اور زبدۃ الحکماء و طبیب فاضل کی اسناد حاصل کیں اب آپ عرصہ دراز سے علاقہ میں علاج معالجہ کی خدمات انجام دے رہے ہیں۔

حکیم محمد صدیق ولد محمد بشیر احمد آرائیں

تاراگڑھ چک نمبر ۴۴ تحصیل چونیاں ضلع قصور

مجرّبات

روغن اکسیری (آزمودہ): اجزاء و ترکیب ساخت: زنجبیل، لونگ، جائفل، جلوتری۔ ساذج ہندی، گھونگچی سرخ و سفید، عقرقرحا، زیرہ سیاہ، تل سیاہ، مگھاں مالکنگنی، فلفل سیاہ جملہ ادویہ دو دو سو گرام تیل سرسوں ہزار گرام روغن زیتون ۲۵۰ گرام پانی مصفی ہزار گرام، رتن جوت پچاس گرام۔ ادویات کو جوکوب کر کے پانی میں بھگو دیں۔ صبح جوش دیں پانی آدھا رہ جائے تو مل چھان کر مقطر کر لیں پھر تیل سرسوں ملا کر پکائیں۔ تیل جل جانے پر اتار لیں۔ اور روغن زیتون بھی شامل کریں۔

مقام ماؤف پر مالش کریں اور محفوظ الہوا رکھیں۔

فوائد: جوڑوں کے درد، اعصابی درد، فالج، پولیو، سوکھا میں مفید ہے۔

برائے تبخیر معدہ (آزمودہ): اجزاء و ترکیب ساخت: لیموں خشک، زیرہ سفید، زیرہ سیاہ، نوشادر ٹھیکری، نارنج خشک، دارچینی، فلفل سیاہ، فلفل دراز، زنجبیل، اجوائن دیسی، سونف، گل سرخ، نمک سیاہ، نمک سفید ہر دو پانچ پانچ تولہ چینی ۲۰ تولہ سفوف بنا لیں۔

مقدار خوراک: ۳ ماشہ بعد از طعام۔

فوائد: جملہ امراض معدہ میں مفید ہے۔

حکیم برکت علی

آپ نے ابتدائی تعلیم مقامی طور پر حاصل کی اور فن طب کی طرف فطری رجحان کے پیش نظر طبی تعلیم حاصل کرنے کا تہیہ کیا۔ اس غرض سے آپ نے جناب حکیم محمد علی چغتائی سے سبقاً سبقاً استفادہ کیا بعد ازاں مزید تعلیم کیلئے لاہور آ گئے جہاں سے آپ نے مقامی طبیہ کالج سے طب کی سند حاصل کی اور مطب شروع کیا جو تا حال جاری اور خدمت خلق میں مصروف ہے۔

حکیم برکت علی ولد محمد الدین

بمقام کاندو کھارا ڈاک خانہ سدھاوتاڑ

تحصیل چونیاں ضلع قصور

مجرّبات

تقویت باہ: اجزاء و ترکیب ساخت: شنگرف ۱ تولہ، افیون ۲ ماشہ، شیر مدار ۵ تولہ، برگد کے ڈنڈا میں بھر کے گلحکمت کر کے بیس سیر اوپلوں کی آگ دیں جوہر تیار کر لیں۔

مقدار خوراک: بقدر نخود شام کو ہمراہ شیر نیم گرم۔

اکسیر جگر: اجزاء و ترکیب ساخت: ریوند خطائی ۵ تولہ، نوشادر ۱ تولہ، قلمی شورہ ۱ تولہ، بالچھڑ ۱ تولہ، ساذج ہندی ۱ تولہ سفوف بنا لیں۔

مقدار خوراک: ۸ رتی سے ۲ ماشہ تک ہمراہ بدرقہ مناسبہ۔

اکسیر قلب: اجزاء و ترکیب ساخت: زہر مہرہ ۵ تولہ، کشنیز ۲ تولہ، طباشیر نقرہ ۱ تولہ، الائچی خورد چھ ماشہ عرق گلاب دو بوتل میں کھرل کریں۔

مقدار خوراک: ۲ رتی تا ایک ماشہ ہمراہ مربہ سیب گاجر آملہ۔

فوائد: مقوی قلب ہے اختلاج میں مفید ہے۔

حکیم محمد سلیم

آپ بمقام چھینہ ادنا تحصیل وضلع قصور ۱۹۶۱ء کو پیدا ہوئے ابتدائی تعلیم مقامی طور پر حاصل کی ساتھ ساتھ دینی تعلیم کا سلسلہ بھی جاری رہا۔ طب آپ کو وراثتاً ملی چنانچہ ابتداء سے ہی اس فن شریف کی طرف لگاؤ رہا اور اس خاندانی فن سے آگاہی حاصل کرتے رہے آپ کی تعلیم میں آپ کے والد گرامی کی شفقت اور توجہ شامل رہی۔ کتب کے علاوہ عملی مطب کا تجربہ حاصل کیا۔

بعد ازاں آپ تحریک تجدید طب سے وابستہ ہوئے اور نظریہ مفرد اعضاء سے استفادہ کیا۔

عملی مطب کا سلسلہ شروع کئے ہوئے ہیں اور خدمت فن وخلق خدا میں مصروف ہیں۔

حکیم محمد سلیم ولد حکیم خادم حسین
مقام چھینہ تحصیل وضلع قصور

مجربات

سفوف ضیق النفس: اجزاء وترکیب ساخت: چنے سالم (دیسی) ۲ تولہ، شیر مدار حسب ضرورت چنے شیر مدار میں تر کر کے کوزہ گلی میں گل حکمت کر کے پانچ سیر اوپلوں کی آگ دیں سرد ہونے پر سفوف بنالیں۔

مقدار خوراک: ۱ رتی صبح شام ہمراہ بالائی۔

اکسیر ذکاوت حس: اجزاء وترکیب ساخت: برگ کیکر ایجبند

تخم سرپالی، طباشیر نقرہ ۱ تولہ، ریشہ برگد، کوکنار اجزاء الائچی خورد جملہ ادویہ ایک ایک تولہ، پوٹاشیم برومائیڈ باریک سفوف بنالیں۔

مقدار خوراک: ۱ ماشہ صبح وشام۔

اکسیر بخار: اجزاء وترکیب ساخت: فستنین رومی باریک سفوف بنالیں۔

مقدار خوراک: ۳ ماشہ ہمراہ بدرقہ۔

حکیم اللہ دتہ

آپ نے ابتدائی دینی تعلیم اپنے والد گرامی سے حاصل کی بعد ازاں گورنمنٹ سکول چک 53/W.B تحصیل وضلع وہاڑی سے تعلیم مکمل کرنے کے بعد طب کی طرف مائل ہوئے فن طب آپ کا خاندانی پیشہ ہے لہذا آپ کی دلچسپی اور شوق قدرتی تھا۔ آپ نے فن طب کے رموز ونکات اور عملی مطب کی تعلیم حکیم نفیر احمد صاحب سے حاصل کی جو کہ چک 65/W.B میں مقیم تھے۔ مزید تعلیم کے لئے لاہور بورڈ سے طب کی سند حاصل کی اور نقشبندیہ مرتضائیہ دواخانہ کی بنیاد رکھی دو سال بعد آپ پیال کلاں ضلع قصور منتقل ہوگئے۔ جہاں خدمت خلق کا سلسلہ تاحال جاری ہے۔

حکیم اللہ دتہ ولد حکیم الٰہ دین
مقام پیال کلاں تحصیل وضلع قصور

مجربات

ڈبہ اطفال: اجزاء وترکیب ساخت: قرنفل ۲ ماشہ سہاگہ سفید بریاں ۱ تولہ، مصبر سیاہ چھ ماشہ باہم

ملا کر مسلسل تین گھنٹے کھرل کریں۔

مقدار خوراک: ایک دن سے ایک سال تک ۱ رتی ہمراہ شیر مادر۔ ایک سال سے ۲ سال تک ڈیڑھ رتی مزید حسب عمر دو رتی تک ۲ مرتبہ۔

فوائد: ڈبہ اطفال کے لئے مجرب اور آزمودہ ہے۔

برائے حمی لرزہ: اجزاء و ترکیب ساخت: شب یمانی چھ تولہ، سہاگہ سفید ۱ تولہ، قلمی شورہ آٹھ تولہ، اجوائن دیسی چھ تولہ، فلفل سیاہ ۱ تولہ۔ پہلی تین ادویہ کو آہنی کڑاہی میں ڈال کر آگ پر چڑھائیں۔ پگھلنے پر بقیہ ادویہ کا سفوف اوپر چھڑکتے جائیں ختم ہونے پر اُتار کر سفوف کریں۔

مقدار خوراک: ۱ ماشہ صبح شام۔

حکیم سید مظفر حسین شاہ

آپ کا تعلق علاقہ کے ایک معزز سادات خاندان سے ہے۔ طب کی طرف فطری رُجحان کے پیش نظر دورانِ تعلیم اپنے چچا جان سے عملی مطب کا تجربہ حاصل کرتے رہے۔ ابتدائی تعلیم مکمل کرنے کے بعد ڈاکٹر و حکیم سید خالد حسن صاحب مُستند دہلی طبیہ کالج اور جناب حکیم محمد علی چغتائی صاحب سے باقاعدہ فن طب سیکھتے رہے اور ساتھ ساتھ عملی تجربات حاصل کئے بعد ازاں محکمہ صحت سے ویکسینیشن کا کورس کیا اور بعد یہ چونیاں میں ملازمت حاصل کی دوران ملازمت بھی حصول علم کا سلسلہ جاری رہا۔ طبی بورڈ سے سند حاصل کرنے کے بعد پیرا میڈیکل فیکلٹی سے سینٹیشن کا کورس کیا۔ آپ علاقہ کے معروف طبیب سماجی شخصیت اور طبیہ کمیٹی کے سرگرم رُکن اور اہم عہدہ دار ہیں جو گذشتہ تیس سال سے خدمت خلق میں مصروف ہیں۔

حکیم سید مظفر حسین شاہ ولد سید عارف حسین شاہ مین بازار گلی ڈاکٹر گنیت ۔ مقام چونیاں ضلع قصور۔

مجربات

برائے کثرت حیض: اجزاء و ترکیب ساخت: گل ارمنی ۱ تولہ، زہر مہرہ خطائی چھ ماشہ، سنگجراحت ۱ تولہ، طباشیر نقرہ چھ ماشہ، حجر الجبار ۲ تولہ، گیرو ۲ تولہ، دم الاخوین ۱ تولہ، کہربا شمعی چھ ماشہ جملہ ادویہ سفوف بنالیں۔

مقدار خوراک: چھ ماشہ صبح شام ہمراہ بدرقہ مناسبہ۔

حلوہ مقوی اعضائے رئیسہ: اجزاء و ترکیب ساخت: مغز بادام، شیر گائے ایک کلو، زردی بیضہ مرغ ۲۰ عدد، قند سفید ایک کلو، آب ادرک ۱ کلو، آب پیاز ایک کلو۔ مغز بادام دودھ میں پیس کر زردی بیضہ ملا کر یکجان کریں۔ گھی کو آگ پر رکھیں۔ آب ادرک اور پیاز شامل کرکے ہلائیں۔ خشک ہونے مغز بادام ڈال کر ہلائیں۔ جب اچھا پک جائے۔ چینی شامل کرلیں قوام پختہ کرکے اُتار کر ٹھنڈا کریں اور رُوح کیوڑہ شامل کرلیں۔

مقدار خوراک: ۲ تولہ تک صبح۔

حب خوش کیف: اجزاء و ترکیب ساخت: جدوار خطائی، زعفران، دارچینی، بسباسہ، عقرقرحا، افیون، برگ بھنگ، تمام ادویہ ایک ایک ماشہ، مغز بادام، جوز بوا، خولنجان، ثعلب مصری دو دو ماشہ گولی بقدر نخود بنالیں۔

مقدار خوراک: ایک سے دو گولی تک۔

حلوہ گھیکوار: اجزاء و ترکیب ساخت: گھیکوار، دودھ شیر گاؤ پانچ سیر، مغز بادام ۵ تولہ، مغز پستہ ۵ تولہ، خشخاش ۵ تولہ، ورق نقرہ ۱ تولہ، زعفران ۳ ماشہ، شکر سفید سوا سیر۔ گودا گھیکوار دودھ میں شامل کرکے نرم آگ پر پکائیں۔ گاڑھا ہونے پر شکر اور مغزیات

شامل کریں اور قوام بنائیں۔ بقیہ اجزا عرق گلاب میں ملا کر شامل کرلیں۔

مقدار خوراک: چھ ماشہ۔

فوائد: تمام امراض ریاحی و بلغمی میں مفید ہے۔

سرما کا ناشتہ: اجزاء و ترکیب ساخت: مغز ناریل کوفتہ ایک سیر، کشمش مقشر ایک سیر، مغز پستہ نیم کوب ایک پاؤ، مغز اخروٹ ایک پاؤ، گھی ایک سیر، نشاستہ گندم آدھ سیر، چینی حسب ضرورت گھی نرم آگ پر پکائیں اور نشاستہ گندم ڈالکر بھون لیں بعد ازاں چینی اور مغزیات ملا کر یکجان کریں۔

مقدار خوراک: پانچ تولہ۔

فوائد: مقوی دماغ اور غذائی ٹانک ہے۔

حکیم مہر لیاقت علی حقانی

آپ ۱۹۵۸ء قصبہ راجہ جنگ ضلع قصور میں پیدا ہوئے۔ دو سال کی عمر میں شفقت پدری سے محروم ہوگئے۔ والدہ ماجدہ نے دینی تعلیم کے لئے دارالعلوم ضیاء السنۃ میں داخل کروادیا۔ ۱۹۷۳ء میں میٹرک کا امتحان پاس کرنے کے ساتھ ساتھ قرآن مجید کی تعلیم مکمل کی۔ آپ کو بچپن سے طب کا شوق تھا۔ ابتدائی طبی تعلیم کیلئے زبدۃ الحکماء حکیم خیرالدین صاحب فیروزپوری جناب حکیم محمد یعقوب خان دہلوی سابق پرنسپل مسیح الملک طبیہ کالج اور حکیم قاضی عبدالحکیم صاحب سے بھی اکتساب فیض کیا۔ طبی سند اور بعد ازاں ٹاؤن میڈیکل کالج سے بایوکیمک کی سند حاصل کی اور راجہ جنگ سے قریب موضع جوئیکے میں حقانیہ دواخانہ کی بنیاد رکھی پھر راجہ جنگ میں منتقل ہوگئے اور درس و خطابت کا سلسلہ بھی ساتھ شروع کیا۔ آپ خدمت دین کے ساتھ ساتھ علمی مطب کے ذریعے دکھی انسانیت کی خدمت میں مصروف ہیں۔

حکیم مہر لیاقت علی حقانی ولد [illegible]
حقانیہ دواخانہ مقام راجہ جنگ [illegible]

مجربات

اکسیر یرقان: اجزاء و ترکیب ساخت: پھٹکری سفید، ہیرا کسیس ۵ تولہ۔ ایک کڑاہی میں آدھی پھٹکری باریک کرکے بچھائیں اور قلمی شورہ اور ہیرا کسیس ڈال کر بقیہ پھٹکری بچھادیں اوپر مٹی کا برتن رکھ کر نیچے آگ جلائیں ادویہ پگھل کر دوبارہ سوختہ ہونے پر کڑھائی اتار لیں اور اس میں ۲ تولہ ریوند عصارہ بھی شامل کریں۔

مقدار خوراک: ۲ ماشہ صبح شام ہمراہ بدرقہ مناسب۔

فوائد: تمام امراض کبد و طحال و یرقان میں مفید ہے۔

اکسیر الکبد: اجزاء و ترکیب ساخت: تخم کاسنی، ریوند خطائی، نوشادر ٹھیکری ہر ایک دو، دو تولہ۔ فلفل سیاہ، قرنفل، ہلیلہ زرد ایک ایک تولہ۔ کشتہ فولاد ڈیڑھ تولہ سفوف بنائیں

مقدار خوراک: ۲ ماشہ سے ۴ ماشہ ہمراہ شربت بزوری۔

فوائد: ضعف، ورم و سدہ جگر اور یرقان میں مفید ہے۔

طحالی: اجزاء و ترکیب ساخت: نوشادر ایک تولہ، مصبر زرد ۲ تولہ، قلمی شورہ ۳ تولہ، سہاگہ خام ۴ تولہ، سرکہ انگوری خالص ۱۰ تولہ تمام ادویہ علیحدہ علیحدہ سفوف کرکے سرکہ انگوری میں کھرل کر لیں سرکہ جذب ہونے پر حبوب بقدر نخود تیار کریں۔

مقدار خوراک: ایک گولی تین وقت ہمراہ آب۔

فوائد: تلی کے جملہ امراض میں مفید و مجرب ہے۔

امراض الرجال: اجزاء و ترکیب ساخت: سمندر سوکھ، ہو پھلی، تمر برگد، ستاور، مغز تخم تمر ہندی ہر ایک

پانچ تولہ، کشتہ قلعی دو تولہ، کشتہ سر دھاتہ دو تولہ، کشتہ فولاد دو تولہ، زعفران چھ ماشہ۔ جملہ ادویہ الگ الگ سفوف کر کے کشتہ جات ملا لیں۔ زعفران عرق گلاب میں حل کر کے شامل کریں اور خشک کریں سفوف شیر برگد سے تر کر کے حبوب نخودی بنالیں۔

مقدار خوراک: ایک گولی صبح شام۔

فوائد: جریان احتلام، سرعت میں مفید ہے۔

ابوالقاسم حکیم حفیظ اللہ تائب

آپ ۱۹۲۸ء میں معروف گاؤں گجنہ کلاں بمطابق ۱۹۲۸ ایک تعلیم دینی دلچسپی آرائیں گھرانے میں پیدا ہوئے۔ آپ کا خاندان چار پشتوں سے فن طبابت سے منسلک ہے اپنے اپنے زمانہ میں ہر ایک بزرگ دین متین اور فن شریف میں ید طولیٰ رکھتا تھا۔ آپ کے والد ماجد حکیم نعمت اللہ مرحوم کو اپنے آباؤ اجداد کی طرح دین سے گہری دلچسپی اور حکمت میں مہارت تامہ حاصل تھی۔ یہی وجہ ہے کہ آپ کے سات بھائی دین اور طبابت سے وابستہ ہیں اور شب و روز خدمت خلق میں مصروف ہیں۔

آپ نے ابتدائی تعلیم میٹرک اور درس نظامیہ جامعہ سلفیہ فیصل آباد کے علاوہ ادارہ تقویت الاسلام لاہور سے اسناد حاصل کیں اور درس و تدریس کے ساتھ ساتھ مطب اعظم دار الصحت کے نام سے قائم کیا۔

آپ رجسٹریشن ایکٹ کے تحت رجسٹرڈ ہوئے اور تا حال عملی مطب کے ساتھ ساتھ آباؤ اجداد کے ورثہ فن شریف اور دین متین کی سربلندی کیلئے کوشاں ہیں۔

ابوالقاسم حکیم حفیظ اللہ تائب ولد حکیم نعمت اللہ مرحوم، اعظم دار الصحت مقام عثمانوالہ تحصیل و ضلع قصور

مجربات

اکسیر دمہ: اجزاء و ترکیب ساخت: بیخ حنظل آدھ سیر، تمر کنڈیاری آدھ سیر، پوست کچنار آدھ سیر، برگ نیم آدھ سیر، برگ ببول کیکر آدھ سیر، مصبر سیاہ ۲ تولہ، کوار ۲ تولہ جملہ اجزاء کو چھ سیر پانی میں آٹھ پہر بھگو رکھیں اور بطریق معروف عرق کشید کریں۔

مقدار خوراک: ایک بوتل آٹھ یوم میں بعد از غذا خالی پیٹ نہ لیں۔

عرق اٹھرا: اجزاء و ترکیب ساخت: عناب، عشبہ، صندل سفید، صندل سرخ، گل نیلوفر، کاسنی، بنفشہ، برہم ڈنڈی، مونڈی ہر ایک دو تولہ، رتن جوت تولہ، برگ کرنجوہ تولہ، برگ نیم ۲ تولہ چھلکا بکائن ۲ تولہ، برگ بکائن ۲ تولہ، دھوتیاں بوٹی ۲ تولہ، گلسرخ ۲ تولہ، شاہترہ ۲ تولہ، جلوتری تولہ، برگ حنا تولہ، کچور ا تولہ، چاکسو ۲ تولہ، بادیان ۲ تولہ، کرفس تولہ، سنبل الطیب ۲ تولہ، ہلیلہ ۲ تولہ، بلیلہ ۲ تولہ، برنجاسف ۲ تولہ، سنا مکی تولہ، انجبار ۲ تولہ، آملہ ۲ تولہ گل غافث ۲ تولہ، بالچھڑ ۲ تولہ، افسنتین ۲ تولہ، منقیٰ ۲ تولہ، کوخشک ۲ تولہ، جوکھار ۲ تولہ، پودینہ دیسی ۲ تولہ، اسطوخودوس ۲ تولہ، زنجبیل ا تولہ، انار دانہ ۲ تولہ، سرکہ انگوری ایک بوتل۔ جملہ ادویہ کو (علاوہ سرکہ) باریک کر کے آٹھ پہر بھگو رکھیں۔ بعدہٗ سرکہ ملا کر بطریق معروف عرق کشید کریں۔

مقدار خوراک: ایک چھٹانک روزانہ پانی ملا کر۔

فوائد: اٹھرا کے لئے مفید ہے۔

برائے سیلان الرحم: اجزاء و ترکیب ساخت: چار گوند دودھ پٹھانی، چھلکا اسبغول، بلکتہ گل دھاوا، سنگھاڑا، سنگ جراحت، گل سپاری، کاٹھی سپاری، ثعلب مصری، موصلی سفید و سیاہ، گل انار، مائیں، موچرس، مازو سبز، انجبار ہر ایک ۲ تولہ، اسگند ڈیڑھ تولہ، الائچی خورد تولہ، طباشیر نقرہ تولہ، جملہ ادویہ سفوف بنا کر ہموزن مصری اضافہ کریں۔

مقدار خوراک: چھ ماشہ ہمراہ شیر صبح و شام۔

فوائد: رحم کی جملہ امراض میں مفید ہے۔

اکسیر باہ: اجزاء و ترکیب ساخت: شنگرف رومی ایک تولہ انڈے میں سوراخ کرکے سفیدی نکال لیں اور شنگرف زردی
آٹے ماش سے بند کریں اور تیل سرسوں میں نرم آگ میں سرخ کریں
تین انڈوں میں یہی عمل کریں۔ بعدہٗ ایک عدد چڑا لیکر اسے آلائش
سے پاک کریں اور اس میں شنگرف رکھ کے آٹا لگاکر دس سیر
اوپلوں کی گیری میں رکھیں سرد ہونے پر بمعہ چڑا کوٹ کر بقدر نخود گولی
بنالیں۔

مقدار خوراک: حسب مزاج ایک گولی روزانہ۔

حکیم محمد اسلم بٹ

۱۹۳۲ کو ضلع جالندھر
کے ایک چھوٹے سے قصبہ بلیاں
میں پیدا ہوئے اور آپ نے قصبہ
ہذا کے سکول سے ابتدائی تعلیم حاصل کی اور برصغیر پاک و ہند کی تقسیم
کے بعد آپ ضلع قصور کے قصبہ (للیانی) مصطفٰے آباد میں قیام پذیر
ہوگئے۔ ناسازگار حالات کی وجہ سے آپ مزید تعلیم جاری نہ رکھ سکے
تھا۔ آپ کو شعبہ طب کا شوق
بچپن ہی سے تھا کیونکہ آپ کے دادا جان بھی شعبہ طب سے
منسلک تھے لہٰذا آپ نے بھی ۱۹۵۹ سے اس شعبہ کو اپنایا۔
آپ نے طبی میدان میں طبع آزمائی کی اور اب آپ اچھے شہرت
یافتہ بلند پایہ کے حکیم ہیں۔ آپ شعبہ طب کے ساتھ ساتھ حکیم
پراجیکٹ خاندانی بہبود پروگرام میں بھی حصہ لے رہے ہیں۔ آپ
طب اسلامی کے علمبردار اور سرگرم سماجی کارکن ہیں نیز فن طبابت
کے ذریعے خدمت خلق کا فریضہ انجام دے رہے ہیں۔

حکیم محمد اسلم بٹ ولد خوشی محمد بٹ
مصطفٰے آباد (للیانی) تحصیل و ضلع قصور

مجربات

برائے درد شقیقہ: دھنیا خشک ۳ ماشہ۔ کالی مرچ ۔۔۔ اسطوخودوس ایک تولہ۔ مغز بادام ۔۔۔
نکلنے سے قبل بطور سردائی گھوٹ چھان کر پلائیں۔ کشتہ ۔۔۔ ایک
رتی پتاشہ میں رکھ کر اوپر سے سردائی پلائیں۔ انشاء اللہ ۔۔۔

سفوف کالی کھانسی: گندم ۱ تولہ۔ نمک لاہوری ۱ تولہ ۔۔۔ سیاہ ۲½ تولہ۔ کاکڑا سینگی ۱ تولہ کوزہ
میں گل حکمت کرکے ۱۰ سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ بعد میں پیس کر
کے شیشی میں محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک: ۱ ماشہ دن میں ۳ بار ہمراہ شہد چٹائیں۔

پرہیز: بادی اور کھٹی چیزوں سے پرہیز کریں۔

اکسیر دمہ: سنکھیا سفید ۲ ماشہ۔ نمک لاہوری تولہ۔ دونوں کو کبوتر جنگلی کے پیٹ میں رکھ کر سلائی کر دیں اور
۱۵ سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ دوا سرد ہونے پر کھرل کرکے سفوف
بنالیں۔

مقدار خوراک: ۱ رتی تا ۲ رتی مناسب بدرقہ کے ساتھ۔

اکسیر جگر: نوشادر ٹھیکری ۱ تولہ۔ افسنتین ۱ تولہ۔ قلمی شورہ ۱ تولہ فیری ایٹ کونین۔ سائٹراس ۱ تولہ۔ ریوند خطائی ۱ تولہ
ان سب کو خوب پیس کر محفوظ رکھو۔

مقدار خوراک: عرق کاسنی ۱۰ تولہ کے ہمراہ ایک ایک ماشہ صبح و
شام استعمال کریں۔

فوائد: یرقان۔ ورم جگر۔ ہاتھ پاؤں کا ورم۔ استسقاء لحمی کیلئے
نہایت مجرب ہے۔

دائمی قبض کیلئے: مغز جمالگوٹہ چھلکا دور کیا ہوا ۱ تولہ پوست آملہ

۲ تولہ۔

ترکیب تیاری: آملہ کو قدرے کوٹ کر مٹی یا چینی کے برتن میں ڈال دیں اور اسی طرح جمالگوٹہ بھی تھوڑا تھوڑا کوٹ کر مٹی اسی پیالہ وغیرہ میں ڈال دیں اور گاڑھی لسی اس قدر ڈالیں جس سے دوا خوب ڈھک جائے۔ بلکہ لسی دوا کے اوپر دو انگل چڑھ جائے گرمیوں کے موسم میں ایک دن رات اور سردیوں میں ۳ دن رات پڑا رہنے دیں۔ پھر کھرل میں ڈال کر باریک پیس کر گولیاں ۲، ۲ رتی کی بنالیں خشک ہونے پر شیشی میں حفاظت سے رکھیں۔

مقدار خوراک: ا گولی رات کو سوتے وقت پانی یا دودھ کیساتھ کھلائیں۔ صبح اجابت با فراغت ہو جاتی ہے۔ اگر جلاب لینا مقصود ہو تو تین چار گولیاں کھلا دیں۔ اگر جلن سی محسوس ہو تو مصری کا شربت پلائیں۔

حب مقوی باہ و اعصاب: سم الفار سفید ایک تولہ شنگرف ایک تولہ۔ ہڑتال ورقی ا تولہ کستوری ۲ ماشہ۔ زعفران ۲ ماشہ۔

ترکیب تیاری: سب سے پہلے سم الفار شنگرف، ہڑتال کو دس تولہ آب سفید پیاز میں کھرل کر لیں۔ بعد آب ادرک میں کھرل کریں۔ اس کے بعد آب لیموں دس تولہ میں کھرل کریں۔ اس کے بعد کستوری زعفران شامل کر کے کھرل کریں۔ اگر اس میں ۳ ماشہ کشتہ چاندی بھی شامل کریں تو زیادہ اچھا ہے۔ حب بقدرے مونگ بنالیں۔

مقدار خوراک: ا گولی صبح ایک گولی شام دودھ کے ساتھ استعمال کریں۔ دودھ گھی خوب استعمال کریں۔

اکسیر موتی جھرہ: کشتہ گئودنتی۔ کشتہ صدف مروارید ہر دو کو ملا کر شیشی میں حفاظت سے رکھیں۔

مقدار خوراک: ۲ رتی کھانڈ میں دیں صبح و شام استعمال کریں۔

پرہیز: تیز گرم چیزوں سے مثلاً گوشت۔ انڈا مچھلی گرم مصالحہ وغیرہ

اکسیر جنوں: چھوٹی چندن کو باریک پیس کر کیپسول میں بھر لیں۔ بوقت ضرورت خوراک ایک کیپسول دن میں ۲ مرتبہ استعمال کریں۔

فائدہ: جنوں کے علاوہ مرگی و اختناق الرحم کے لئے بھی لاجواب اکسیر ہے۔

حکیم چوہدری اللہ دتہ

آپ نے ۱۹۵۲ء میں گورنمنٹ ہائی سکول چونیاں ضلع قصور سے میٹرک کا امتحان ۲ ڈویژن میں پاس کیا۔ طب کا شوق ایک دوست کے پاس بیٹھنے کی وجہ سے ہوا۔ ۱۹۵۴ء میں داخلہ نہ مل سکا۔ سارا سال طبی، ایلوپیتھی، ہومیوپیتھی کی کتب کے مطالعہ میں گذارا۔ ۱۹۵۵ء میں گورنمنٹ نارمل سکول کھڑ ضلع گوجرانوالہ میں بطور S.V ٹیچر داخلہ مل گیا۔ وہاں پورا ایک سال ڈسپنسری میں کام کرنے کا موقع ملا لیکن ایلوپیتھی سے ہمیشہ بیزار رہے۔ کتب اور طبی نصاب کو اچھی طرح پڑھ کر کام کا آغاز کیا۔ آپ نے اس مقدس پیشے کو صرف اور صرف خدمت خلق کے لئے اپنایا ہوا ہے اور زیادہ تر معالجات دیسی ادویہ سے کرتے ہیں۔

اکسیر سردرد: گل اسطوخودوس ۵ گرام۔ شحم حنظل ۵ گرام حبوب نخودی ہمراہ پانی دو، دو گولی صبح و شام اگر اجابت زیادہ ہو تو کم کر دیں۔ سردرد ہر قسم کیلئے آزمودہ نسخہ ہے۔

اکسیر بخار: مغز تخم کرنجوا ست گلو۔ کشتہ ابرک سیاہ ہموزن سفوف بنالیں ۲ رتی دن میں تین بار بدرقہ مناسب سے دیں۔ ملیریائی نوبتی بخاروں کو مفید ہے۔ درج ذیل بدرقہ دن میں ایک بار دیں۔

بدرقہ: اجوائن دیسی ۳ گرام، گلو ۳ گرام، مرچ سیاہ ۷ عدد، مغز بادام ۸ عدد گھوٹ کر صبح دیں۔

جوارش کونی ۱۰۰ گرام، مربہ ہیلہ ۱۰۰ گرام، گلقند ۱۰۰

اکسیر معدہ: گرام، بادام روغن ۵۰ گرام ملا رکھیں۔ رات سوتے وقت اتو رچبا کر کھائیں۔ درد معدہ، تبخیر معدہ اور معدہ کی ریاحی تکالیف اور قبض کے لئے انتہائی مفید مرکب ہے۔

کشتہ مرجان جواہر والا انتہائی مفید قلب ہے۔

اکسیر قلب؛

مصفیٰ اعظم: رسونت ۳ گرام، نرکچور ۳ گرام، چاکسو ۳ گرام، کتھ سفید ۳ گرام۔ رات کو آب گرم بقدر ۳ چھٹانک میں بھگو دیں۔ صبح زلال نوش کریں۔

فوائد: انتہائی مصفیٰ خون دوائی ہے۔ آتشک سوزاک بواسیر پھوڑے پھنسی کو نابود کرکے بدن کو کندن بنا دیتی ہے خون سے آتشک وغیرہ کے جراثیم ختم کر دیتی ہے۔

اکسیر قبض: ریوند عصارہ، مصبر، مصطگی رومی ہموزن جوب نخودی بنالیں رات کو سوتے وقت دو تین گولیاں کھائیں ہمراہ گرم دودھ بہترین قبض کشائی ہوگی۔

اکسیر جگر جدید: قلمی شورہ ۱۰ گرام، نوشادر ۱۰ گرام، ریوند خطائی ۱۰ گرام، کشتہ فولاد ۵ گرام سفوف بنالیں ۴ رتی ہمراہ عرق کاسنی سونف، مکو مرکب ۵ تولہ دن میں تین دفعہ انشاء اللہ جگری عوارض دور ہوں گے۔

اکسیر یرقان: بہیدانہ ۱۰ گرام، بسوڑیاں ۱۰ گرام، سونٹھی ۵۰ گرام (بھنے ہوئے چنے کا چھلکا) رات ۱ سیر پانی میں کورے برتن میں بھگو دیں صبح اچھی طرح ملکر سارا پانی دن میں تین مرتبہ پی لیں اور صبح کشتہ قلمی پارے شورے والا بقدر ۴ رتی ہمراہ لسی کھائیں تین چار روز میں یرقان کو آرام ہوگا۔

حکیم چوہدری اللہ دتہ ولد چوہدری وارث علی
بمقام نظام پورہ چک ۲ تحصیل چونیاں ضلع قصور

حکیم محمد احمد امجد رضوی

آپ علاقہ کے معزز دینی وطبی گھرانے میں ۱۹۳۵ء کو پیدا ہوئے۔ ابتدائی تعلیم وان آدھن سے حاصل کی۔ دینی تعلیم کی تکمیل کے لئے ۱۹۵۱ء تک جامع حضرت میاں صاحب شرقپور شریف سے علوم اسلامیہ والسنۃ شرقیہ کی اسناد حاصل کیں فن طب ورثے میں ملا چنانچہ فطری رجحان اور ماحول کی وجہ سے طب کی طرف خصوصی توجہ رہی ۱۹۵۴ء میں پنجاب یونیورسٹی سے فاضل فارسی کی سند حاصل کی۔ وسیع تجربہ اور صلاحیت کی بنا پر رجسٹریشن ایکٹ کے تحت رجسٹرڈ ہوئے آپ ایک خدا ترس معالج ہیں۔ اور دکھی انسانیت کی خدمت میں مصروف ہیں۔

حکیم محمد احمد امجد رضوی ولد میاں محمد عبداللہ
رضوی دواخانہ شارع قائد اعظم پتوکی ضلع قصور

مجربات

برائے اٹھرا: اجزاء وترکیب ساخت: صندل سفید، صندل سرخ، مجیٹھ، کچور، برگ نیم، برگ حنا، برگ ملٹھی، گیری، ہرمچی، کالی زیری، ریوند خطائی، مرچ سیاہ، اجوائن دیسی، کلونجی، دھائیں، سربھوکہ، تخم کاسنی، رسونت جملہ ادویہ ہموزن کوٹ کر گولی بقدر دو رتی بنالیں۔

مقدار خوراک: ایک گولی صبح وشام بعد از غذا ابتدا ارسے وضع حمل تک

فوائد: اٹھرا کی جملہ اقسام میں مجرب ہے۔

اکسیر جریان و احتلام: اجزاء وترکیب ساخت: سمندر سوکھ ۵ تولہ، بیجبند ۵ تولہ، تخم سروالی ۵ تولہ، تخم بھنگ ۵ تولہ، کشتہ شلث ۱ تولہ ادویہ سفوف بنا کر کشتہ ملالیں۔

مقدار خوراک: ۱۰ گرام صبح نہار ہمراہ آب ۱۰ گرام شام ہمراہ سبوس اسبغول سات گرام۔

فوائد: جریان احتلام سرعت میں مفید ہے۔

حکیم محیُ الدین

آپ کے والد گرامی مرحوم حکیم احمد دین علاقہ کے معروف طبیب اور ایک ماہر نباض تھے آپ نے اس طبی ماحول میں آنکھ کھولی۔ اور بچپن سے ہی اس ماحول سے مانوس ہوگئے۔ دینی تعلیم کے ساتھ ساتھ طب کا عملی تجربہ ہوا۔ ابتدائی تعلیم عثمانوالہ سے ہی حاصل کرکے طبیہ کالج سے منسلک ہوئے دو سال بعد والد گرامی کے ساتھ مطب میں معاونت کرتے رہے اور پانچ سال تک ان سے فن طب کا درسی اور عملی تجربہ حاصل کیا رجسٹریشن کے بعد عملی مطب کا سلسلہ شروع کرکے علاقہ کے عوام کے لیے علاج معالجہ کی خدمات انجام دے رہے ہیں آپ کے دادا حکیم محمد صالح صاحب اور سسر حکیم محمد دین صاحب بھی اپنے اپنے وقت کے کامل طبیب تھے۔ جن کے تجربات آپ کے لیے مشعل راہ ہیں۔

حکیم محی الدین ولد حکیم احمد دین (مرحوم)
مقام ڈاک خانہ عثمانوالہ تحصیل وضلع قصور

مجربات

شربت ثنائی: اجزاء و ترکیب ساخت: آلو بخارا ۵۰ گرام املی ۵۰ گرام، گل بنفشہ ۱۰ گرام۔ صندل سفید ۱۰ گرام، سرفت ۱۰ گرام، گاؤزبان ۱۰ گرام، تخم کاسنی ۲۰ گرام۔ زرشک شیریں ۵۰ گرام، الائچی خورد ۱۰ گرام، تخم خربوزہ ۱۰ گرام تخم خیارین ۱۰ گرام کشنیز ۱۰ گرام عینی الکو حسب دستور ۱ بوتل شربت تیار کریں۔

سفوف ثنائی: اجزاء و ترکیب ساخت: الائچی خورد ۱ تولہ، طباشیر نقرہ ۱ تولہ، زہر مہرہ خطائی چھ ماشہ کشتہ قلعی چھ ماشہ، ست گلو چھ ماشہ۔ ست گلو چھ ماشہ، کشتہ صدف چھ ماشہ کشتہ منور چھ ماشہ۔ کشتہ عقیق چھ ماشہ۔ کشتہ مرجان چھ ماشہ کشنیز چھ ماشہ، کوزہ مصری ۱ تولہ۔ جملہ ادویہ باریک سفوف بنالیں۔

مقدار خوراک: شربت ۵۰ گرام پانی ملا کر۔

مقدار خوراک: سفوف ۴ رتی صبح شام ہمراہ شربت۔

فوائد: ہاتھ پاؤں کی جلن، جریان احتلام و دیگری صفراوی امراض میں انتہائی مفید ہے۔ مقوی جگر و مفرح قلب ہے۔

حکیم محمد عالمگیر چشتی

آپ بمطابق ۱۹۴۲ء کوٹ پیراں ضلع قصور میں پیدا ہوئے ابتدائی تعلیم مقامی اداروں سے حاصل کی۔ آپ کے والد گرامی قصور کے نامور طبیب تھے جنہوں نے فن شریف کیلئے گرانقدر خدمات انجام دیں۔ آپ نے انہیں کے زیر سایہ طبی تعلیم حاصل کی بعد ازاں قصور کے فاضل عالم اور نامور معالج جناب حکیم احمد علی صاحب اور صدر طبیہ کمیٹی حکیم محمد شہاب الدین صاحب سے بھی اکتساب فن کیا۔

آپ عرصہ تیس سال سے اس فن شریف سے منسلک ہیں آپ اپنے علاقہ کے سرگرم سماجی کارکن اور مختلف سماجی تنظیموں کے علاوہ اطباء کی تنظیم طبیہ کمیٹی کے جنرل سیکرٹری بھی ہیں۔ آپ اطباء کے حقوق اور طب اسلامی کی ترویج و ترقی کیلئے اہم خدمات انجام دے رہے ہیں۔

حکیم محمد عالمگیر چشتی ولد حکیم محمد صدیق (مرحوم)

تین بار از ڈاکٹر عثمان خان منصور

مجرّبات

برائے فالج ولقوہ: اجزاء وترکیب ساخت: عقرقرحا ڈیڑھ تولہ زنجبیل ڈیڑھ تولہ، فلفل دراز ڈیڑھ تولہ فلفل سیاہ ڈیڑھ تولہ، دانہ الائچی کلاں ۱ تولہ، لونگ ۱ تولہ، جائفل ۱ تولہ، اذراقی مدبّر نو ماشہ، سورنجاں شیریں ۱ تولہ، دارچینی ۱ تولہ، جلوتری ۱ تولہ۔ بیش مدبّر چار ماشہ جملہ ادویہ باریک سفوف بنالیں۔

مقدار خوراک: چھ رتی صبح شام بعد از غذا۔

برائے سنگرہنی واسہال: اجزاء وترکیب ساخت: کشتہ خر مہرہ ۱ تولہ، کشتہ ناقوس ۱ تولہ۔ گندھک آملہ سار چھ ماشہ، سیماب چھ ماشہ۔ فلفل سیاہ چھ ماشہ۔ گندھک پارہ کی باہم کریں جملہ ادویہ شامل کرکے ۱۰ تولہ عرق لیموں میں کھرل کریں۔ اور حبوب بقدر نخود بنالیں۔

مقدار خوراک: ایک گولی تین وقت (دودھ سے پرہیز کریں)

حکیم خوشی محمد

آپ بمطابق ۱۹۱۷ء گاؤں کلیے والا میں پیدا ہوئے ابتدائی تعلیم ممتاز عالم جناب رحمت اللہ صاحب سے حاصل کی بعد ازاں مدرسہ فریدیہ حنفیہ میں داخل ہوئے لیکن بیماری کی وجہ سے سلسلۂ تعلیم قطع کرنا پڑا۔ جب شفایاب ہوئے تو ضلع مظفر گڑھ میں مولوی عبدالستار گیانی صاحب سے عربی فقہ کی تعلیم حاصل کی فن طب کا شوق اور تجربہ ہوا تو رجسٹریشن حاصل کر کے گاؤں میں عملی مطلب شروع کیا۔ اور یہ سلسلہ تاحال جاری ہے آپ علاقہ کے عوام کو علاج معالجہ کی سہولیات فراہم کرنے کی خدمات انجام دے رہے ہیں۔

حکیم خوشی محمد ولد میاں رانا
یونانی دواخانہ کنگن پور ضلع قصور

مجرّبات

برائے تقویت قلب: اجزاء وترکیب ساخت: تربوز [illegible] عدد، چہار اجوائن ۵ تولہ [illegible] ۵ تولہ، کشتہ خبث الحدید ۵ تولہ، جملہ اجزاء سفوف بنا کر تربوز [illegible] سوراخ کریں اور شامل کرکے سوراخ بند کر دیں۔ مٹی کے برتن [illegible] گندم ڈال کر تربوز دبا دیں۔ خشک ہونے پر چھلکوں کے [illegible] سفوف بنالیں۔

مقدار خوراک: پانچ رتی ہمراہ مکھن یا بدرقہ مناسبہ نہار منہ۔

فوائد: جملہ امراض قلب وخفقان میں مفید ہے۔

سفوف سنگرہنی: اجزاء وترکیب ساخت: ہرڑ سیاہ ۱۰ تولہ، سونف ۱۰ تولہ، گوند کتیرہ، ہرڑ سیاہ اور سونف بریاں کریں۔ تینوں یکجان کرکے سفوف بنائیں اور ہموزن قند سفید۔

مقدار خوراک: ۳ ماشہ ہمراہ لسی یا شربت انجبار۔

فوائد: سنگرہنی کی تمام حالتوں میں مفید ہے۔

برائے نزلہ مزمن: اجزاء وترکیب ساخت: بادیان ۱۰ تولہ، کشنیز ۱۰ تولہ، چہار مغز ۱۰ تولہ، میوہ ۱۰ تولہ۔ ناریل ۱۰ تولہ، خشخاش بریاں ۱۰ تولہ، مغز بادام ۱۰ تولہ، ترپھلہ آدھا کلو۔ بیسن ۲۰ تولہ، گھی گاؤ ایک کلو۔ ترپھلہ کو ڈیڑھ کلو پانی میں بھگو کر صبح جوش دیں۔ ڈیڑھ پاؤ رہ جائے تو اتار کر چھان لیں چینی شامل کرکے چاشنی بنالیں۔ بیسن کو گھی میں بریاں کریں اور جملہ ادویہ باریک کرکے ساتھ شامل کریں۔ ورق نقرہ حسب منشاء ڈال کر معجون تیار کریں۔

مقدار خوراک: ۵ تولہ ہمراہ شیر بوقت شب۔

فوائد: نزلہ زکام، کیرہ وغیرہ میں مفید ہے مقوی دماغ ہے۔

حکیم تاج محمد

برائے قوت باہ، شنگرف مدبر

اجزاء ترکیب ساخت

چھ ماشہ بگھاں چھ ماشہ، زنجبیل

چھ ماشہ عقرقرحا، فلفل سیاہ چھ ماشہ، دارچینی چھ ماشہ، کچلہ مدبر تولہ۔ زعفران ۳ ماشہ۔ شنگرف کو بطریق معروف شہد دیسی گھی اور بھلاانواں کی مدد سے مدبر کر لیں۔ جملہ ادویہ باریک کر کے حبوب بقدر نخود تیار کریں۔

مقدار خوراک: ایک گولی صبح و شام ہمراہ دودھ۔

فوائد: قوت باہ اور امراض مفاصلیہ میں مفید ہے۔

برائے پیچش: اجزاء و ترکیب ساخت: گوند کیکر تولہ، کچور تولہ، زنجبیل تولہ، بلیلہ سیاہ تولہ، سونف تولہ، کشنیز تولہ، اناردانہ، گیرو چھ ماشہ۔ پہلے چار اجزاء دیسی گھی میں بریاں کریں بعد میں باقی ادویہ بریاں کر کے باریک سفوف بنالیں۔

مقدار خوراک: ۳ ماشہ ہمراہ شربت انجبار یا بدرقہ مناسبہ۔

حکیم تاج محمد ولد حکیم محمد ابراہیم (مرحوم)
بمقام بھوبہ آصل تحصیل چونیاں ضلع قصور

سید مقصود حسین شاہ

پیدائش ۱۹۳۸ء تحصیل راجوری۔ خاندان سادات میں ہوئی۔ ابتدائی دینی و درسی تعلیم مقامی طور پر حاصل کی۔ کیمیاگری خاندانی پیشہ تھا۔ آپ کے باپ دادا بھی حکیم تھے۔ حکمت کا بیحد شوق تھا اسلیئے والدہ محترمہ نے تایا محترم کے حوالے کر دیا۔ آپ نے انکی زیر سرپرستی کام سیکھا۔ استاد محترم نے جو کہ حکیم سید ولایت حسین شاہ مفتی اعظم تحصیل راجوری کے نام سے جانے جاتے ہیں۔ اُن کیساتھ ہی رہے اور اُن کی زیر نگرانی ہی کام کیا۔ اور ۱۹۶۵ء کی جنگ میں مہاجر ہو کر چلے آئے اور آزاد کشمیر بمقام کھوئی رٹہ میں پنساری کی دوکان رکھی اور ساتھ حکمت کا کام کرتے رہے۔ اس کے بعد میں گوجرانوالہ میں ذاتی مطب شروع کیا اور تاحال اس فن شریف سے منسلک ہیں۔

سید مقصود حسین شاہ ولد سید مقبول حسین شاہ
نئی آبادی کوٹ امیر خان ڈاک خانہ جلہن تحصیل و ضلع گوجرانوالہ

مجربات

شربت اکسیر: اجزاء و ترکیب ساخت: خشکی گرمی کیلیئے شربت دق۔ سل بخاروں کیلیئے ایک تولہ مغز کدو تولہ، مغز خربوزہ تولہ۔ مغز تربوز تولہ۔ مغز بادام تولہ۔ خشخاش تولہ۔ سونف تولہ، کاشنی تولہ، جڑ کاشنی ۵ تولہ، جڑ سونف ۵ تولہ۔ ایک تخم کرفس۔ تخم کشوث ۱ تولہ، انگوری سرکہ ایک پاؤ۔

ترکیب: تخم اور نغدہ الگ پانی میں رات کو بھگو دیں اور جڑ کاشنی، جڑ سونف اور سونف اور کاشنی اور کرفس ۲ سیر پانی الگ پانی میں ڈال کر اس کو جوش دیں اور کشوث کو ایک کپڑے کی تھیلی میں بند کر کے تقریباً آدھا گھنٹہ دیگچی میں ڈال دیں۔ آدھے گھنٹے بعد اس کو نکال لیں۔ اور اُسے پھینک دیں۔ اور پھر جب پانی سیر رہ جائے۔ ان جڑی بوٹیوں کو کپڑے میں چھان لیں اور اس میں تین پاؤ چینی ڈال لیں پھر اس کو آگ پر رکھ دیں۔ اور تمام مفردات کو پیسکر اس میں ڈال دیں اور جب شربت تیار ہو جائے تو اس میں سرکہ ڈال دیں اور جوش

دے کر اتار لیں۔ ٹھنڈا کر کے بوتلوں میں بند کر لیں تو تمیں اچھی طرح بند ہونی چاہئیں۔ ایک چوتھائی تربت تین چوتھائی پانی میں ڈال کر ہمراہ کشتہ ہڑتال ۲ رتی کے ساتھ کھائیں تقریباً ۴۰ دن تک انشاء اللہ تعالیٰ شفا ہوگی۔

پرہیز: گھٹی اور تیل والی اشیاء سے پرہیز کریں۔

اکسیر بخار: برائے دمہ بلغمی اور بلغمی بخار ایک سال کا یعنی دق قسم کا بخار جس کیساتھ کھانسی اور بلغم بہت زیادہ ہو۔

اجزاء و ترکیب ساخت: کشتہ گندھک آملہ سار ۲ تولہ، فلفل دراز ا تولہ، فلفل سیاہ ۶ ماشہ، دارچینی ایک تولہ، جائفل ۶ ماشہ، لونگ ۶ ماشہ، زنجبیل ایک تولہ، زیرہ سیاہ ا تولہ، الائچی کلاں تولہ، جلوتری تولہ، جھڑ گوندی باچھڑ، انیسوں تولہ، پودینہ سیاہ ۲½ تولہ۔

گندھک آملہ سار۔ لوہے کی ایک کڑچھی میں ڈال کر تقریباً ۲½ تولہ گھی دیسی کڑچھی میں ڈال کر گندھک ڈال لیں۔ اور اس کڑچھی کو نیم آگ پر رکھ کر جوش دینا شروع کر دیں۔ اس کڑچھی میں چاقو یا چھری سے گندھک کو ہلاتے رہیں جب گھی اور گندھک ایک ہو جائے تو اُسے ایک پاؤ دودھ میں ڈال دیں۔ دودھ کچا ہونا چاہیے۔ دودھ والا برتن روغنی مٹی کا ہونا چاہیے۔ دودھ سے اس گندھک کی ڈلی کو دوبارہ کڑچھی میں ڈال دیں۔ پھر جوش دیں۔ چھری سے ہلائے جائیں۔ پھر گھی کی ضرورت نہیں ہے۔ سات مرتبہ یہ عمل کریں۔ ہر دفعہ دودھ میں ڈالتے رہیں۔ باقی تمام اشیاء اچھی طرح کوٹ چھان لیں ان میں کشتہ گندھک بھی ملا دیں اور بعد میں ڈیڑھ پاؤ شہد خالص میں ڈال کر معجون تیار کر لیں۔

مقدار خوراک: ۲ ماشہ سے لیکر ۶ ماشہ تک چالیس دن استعمال کرنے سے انشاء اللہ دمہ اور بخار والی کھانسی ختم ہو جائے گی۔

پرہیز: گھٹی تیل والی اشیاء سے پرہیز ... نسخہ سب سے پہلے آپ کو ... آزمودہ نسخہ ہے۔ حکماء لوگ ... قدر کریں۔

حکیم سید کفایت حسین زیدی (چاند میاں)

حکیم سید کفایت حسین زیدی عرف چاند میاں ... ۱۹۳۰ء کے وسط میں یوپی بھارت کے مشہور شہر ... جعفر نواز خاں (کھادہ پار) کے ایک انتہائی معزز ... سید زیدی گھرانہ میں جنم لیا۔ حکیم سید ذاکر علی اختر ... ضلع گوجرانوالہ میں گلدستہ صحت کے نام اپنا ذاتی مطب ... چلاتے رہے۔ اُن سے تشریح کبیر، طب اکبر، میزان ... بیاض کبیر، حمیات القانون و قانونچہ، مخزن الادویہ ... کتاب الکلیس، افادہ کبیر، کلیات نفیسی، کلیات قانون ... علم الادویہ، رسالہ القبض، افادہ جلیل، تجویز جلیل، ... جڑی بوٹیاں از ڈاکٹر سکھا رام، ... طبی کتب پڑھیں ... مطب گلدستہ صحت میں عملی تربیت حاصل کرتے رہے۔ ... مکتبی تعلیم گورنمنٹ ہائی سکول علی پور چٹھہ سے جاری رکھی۔ ... ۱۹۵۷ء میں سائنس کے ساتھ ... میٹرک کیا ... ۵۷ تا ۶۰ مکمل طور پر طبی تعلیم و تربیت کی تکمیل کے ساتھ ... کے ہمراہ مطب میں مصروف رہے علی پور چٹھہ ہی میں ستمبر ... سے مطب جاری کیا۔ جو کہ تا حال بنام چاند شفاخانہ جاری ہے۔ طبی تحقیق کے لیے عربی اور فارسی زبانیں سیکھیں۔ چونکہ تحقیق و تفتیش سے زیادہ شغف ہے۔ ملازمت سے سبکدوش ہونے

کے بعد تحریر و تصنیف کی جانب رجوع کیا۔ طب کے میدان میں زیر تالیف ہیں (۱) کتاب الحکمت مشتمل بر علم الابدان، علم الامراض علم الادویہ، علم العلاج (۲) طب یونانی یا طب اسلامی یہ ایک خالصتاً تحقیقی اور علمی مضمون ہے۔

حکیم سید کفایت حسین زیدی عرف چاند میاں
ولد سید علی اکبر زیدی چاند شفاخانہ علی پور چٹھہ
گوجرانوالہ

مجربات

نسخہ جوہر دافع بخار۔ حمی بلغمی و نوبتی ہر قسم۔

اکسیر بخار: اجزاء و ترکیب ساخت: مغز کرنجوہ تولہ، مرچ سیاہ تولہ۔ طباشیر اصلی ۶ ماشہ۔ گیرو ۵ تولہ۔ کافور ماشہ۔ ست گلو (خانہ ساز) ۶ ماشہ۔ کشتہ گئودنتی ۶ ماشہ ہمراہ لعاب گھیکوار، پھٹکڑی بریاں ۶ ماشہ۔ سفوف سازید۔

مقدار خوراک: ۱ تا ۱ ماشہ ہمراہ آب تازہ یا عرق بادیان یا عرق گلاب بدرقہ مناسبہ مطابق مزاج۔ موسم اور نوعیت مرض۔

نسخہ برائے سلسل البول (ماسک مثانہ)

اکسیر مثانہ: اجزاء و ترکیب ساخت: زعفران تولہ، افیون تولہ، مشک خاص ۳ ماشہ، سنکھیا سفید ۱ ماشہ۔ حبوب بمقدار دانہ فلفل سیاہ سازید۔

مقدار خوراک: ۲ صبح شام بعد طعام ہمراہ شیر نیمگرم شیریں یا بدرقہ مناسبہ۔

سفوف جریان: اجزاء و ترکیب ساخت: مردمان لیکوریا (مستورات) حدت گردہ و مثانہ۔ کشتہ شاخ مرجان (مکھن والا) ۵ تولہ۔ طباشیر اصلی ۲ تولہ۔ دانہ الائچی خورد ۲ تولہ۔ سنگ جراحت سوختہ ۹ تولہ۔ گیرو تولہ۔ سفوف سازید۔

مقدار خوراک: ۴+۴ رتی ہمراہ شربت بزوری سادہ یا شیر گاؤ نیمگرم شیریں۔

اکسیر تبخیر معدہ، نفخ و قراقر شکم: اجزاء و ترکیب ساخت: پوست بلیلہ زرد۔ پوست بلیلہ کابلی۔ بلیلہ سیاہ۔ بلیلہ۔ آملہ منقی۔ زرچوبہ۔ زنجبیل۔ فلفل دراز۔ فلفل سیاہ۔ نوشادر ٹھیکری۔ سہاگہ بریاں۔ نمک لاہوری۔ نمک سانبھر۔ ہمہ ادویہ ہموزن گرفتہ بیختہ سفوف سازید۔

مقدار خوراک: ۱ تا ۲ ماشہ بعد طعام یا وقت ضرورت ہمراہ آب تازہ یا عرق مناسبہ۔

برائے درد دل (انجائنا)

اکسیر قلب: اجزاء و ترکیب ساخت: کشتہ شاخ مرجان ۱ر تولہ۔ دانہ الائچی خورد ۱ر تولہ۔ طباشیر نقرہ ۲ تولہ۔ کشتہ عقیق ۶ ر ماشہ۔ سنگجراحت سوختہ ۳ر تولہ۔ کشتہ چاندی ۲ ر ماشہ۔ سفوف سازید۔

مقدار خوراک: سفوف مذکورہ ۲ ماشہ ہمراہ مربہ سیب ۵ تولہ۔ سفوف بہ ورق طلا کلاں یک عدد روزانہ صبح نہار منہ اور وقت سہ پہر۔

حبوب مقوی باہ: اجزاء و ترکیب ساخت: بیر بہوٹی ۲ تولہ۔ سلاجیت ۲ تولہ۔ جند بیدستر ۲ تولہ۔ زعفران ۲ر تولہ۔ ورق طلا ۳ ماشہ۔ شنگرف رومی ۳ ماشہ۔ افیون ۲ر تولہ۔ جدوار ۲ تولہ۔ بوزن ۲-۲ رتی حبوب سازند۔ ایک گولی وقت سہ پہر اور ایک گولی وقت خفتن ہمراہ شیر نیمگرم روزانہ اور اس کے ساتھ ہی علی الصبح روزانہ نہار منہ۔ مربہ آملہ ۳ تولہ، اور مربہ سیب ۵ تولہ۔ ورق نقرہ ۲ عدد سے سفوف کر کے استعمال کرائیں۔

نسخہ ہائی بلڈ پریشر: ضغطۃ الدم: اجزاء و ترکیب ساخت: نوشادر ٹھیکری

اتولہ۔ گندم کے آٹے کے پیڑے میں محبوس میں پیڑے کو پکا کر مدبر کریں بعدہٗ اسرول اتولہ (چھوٹی چندن) اضافہ کر کے سفوف کریں۔
مقدار خوراک: ۲۔۲ رتی صبح، دوپہر، شام ہمراہ عرق بادیان ۱۰ تولہ استعمال کرائیں۔

حکیم ملک نجیب اللہ اعوان

آپ تیرہ نومبر ۱۹۱۲ء کو پیدا ہوئے۔ ابتدائی دینی و درسی تعلیم مقامی طور پر حاصل کی۔ میٹرک کا امتحان ایف۔ سی ہائی سکول سے پاس کرنے کے بعد طبیہ کالج لاہور میں طب کی تعلیم حاصل کرنے کے لئے داخلہ لیا۔ چونکہ آپ کے والد مرحوم و مغفور اسی فن شریف سے منسلک تھے۔ اور آپ نے ابتدائی درسی طبی تعلیم انہی سے حاصل کی۔ چنانچہ اس سلسلہ کو جاری رکھا، فاضل الطب والجراحت کی سند حاصل کر کے والد صاحب کے مطب کو دوبارہ جاری کیا اور ان کے شروع کئے ہوئے مشن پر عمل پیرا ہو کر خدمت خلق میں مصروف ہیں۔

حکیم ملک نجیب اللہ اعوان ولد حکیم عبدالرحمٰن
دواخانہ رحمانیہ مقام و ڈاک خانہ قلعہ میاں سنگھ
تحصیل و ضلع گوجرانوالہ

مجربات

برائے خنازیر: (کنٹھ مالا) اجزاء و ترکیب ساخت: قلعی چاندی کے گیارہ تعویز بنوائیں جن میں ایک ماشہ سم الفار سفید معدنی فی تعویز ڈال کر اچھی طرح بند کر دیں۔ تاکہ دوائی باہر نہ نکل سکے۔ ... پرو دیں اور مریض کے گلے میں اس طرح ... سے اچھی طرح مس کریں۔ انشاء اللہ العزیز ... نام و نشان باقی نہیں رہیگا۔ نیز یہ تعویز صرف ... پہلے کارآمد ہوں گے۔

برائے دق الاطفال: بچوں کا سوکھا پن: ... پنیر کٹ ۱ تولہ ... اتولہ۔ نمک سیاہ ۶ ماشہ۔ حب بقدر فلفل سیاہ ... ایک ایک گولی ہمراہ عرق ... ہمراہ۔

حب ڈبہ اطفال: اجزاء و ترکیب ساخت: ... سہاگہ سفید خام ۵ ماشہ ... فلفل سیاہ ۵ ماشہ۔ فلفل دراز (مگھاں) ۵ ماشہ ... ۲ ماشہ۔ نیلا تھوتھا بریاں ۲ ماشہ۔ تخم سیاہ ... شامل کر کے حب بقدر گو کنار دشتی بنائیں۔
ایک گولی صبح ایک گولی شام شیر مادر یا مناسب ...

برائے پیٹ درد و پیچش: اجزاء و ترکیب ساخت: مصطگی رومی اصلی اتولہ۔ زیرہ سفید ۲ تولہ۔ گلقند آفتابی ... باہم ملا لیں۔
مقدار خوراک: ۳ ماشہ صبح۔ دوپہر شام۔ عرق بادیان ... کے ہمراہ۔

اکسیر قلب: اجزاء و ترکیب ساخت: برگ گاؤزبان ... ۵ تولہ۔ طباشیر نقرہ۔ اصلی ا تولہ۔ گلوکوز ... دانہ الائچی خورد ۶ ماشہ سفوف بنائیں۔
مقدار خوراک: ۱ ماشہ صبح و شام قبل طعام ہمراہ آب تازہ۔
خفقان۔ اختلاج اور ضعف قلب کے لئے اکسیر ہے۔

حکیم کرامت اللہ

آپ اپریل ۱۹۳۰ء کو مقام سوہدرہ تحصیل وزیر آباد ضلع گوجرانوالہ میں پیدا ہوئے۔
ابتدائی دینی و درسی تعلیم مقامی طور پر حاصل کی۔ آپ کے والد محترم حکیم محمد حسین حکیم حاذق معروف طبیب تھے چنانچہ شروع ہی سے اس فن سے لگاؤ رہا۔ ابتدائی طبی تعلیم سبقاً و عملاً انہیں سے حاصل کی اور مطب میں ان کی معاونت کرتے رہے۔ پھر طبی تعلیم مکمل کر کے ایلوپیتھی میں بھی ڈپلومہ لیا۔ اور طبی بورڈ سے رجسٹرڈ ہو کر اپنا ذاتی مطب شروع کیا۔ آپ مختلف سماجی تنظیموں کے سرگرم رکن اور تحریک خاکسار سے منسلک ہیں۔ فن شریف کے ذریعے خدمت خلق میں معروف ہیں۔

حکیم کرامت اللہ ولد حکیم حاذق محمد حسین
سوہدرہ تحصیل وزیر آباد۔ ضلع گوجرانوالہ

مجربات

جوارش مقوی دماغ و لبصر: اجزاء و ترکیب ساخت: سونف مصفی بریاں سات تولہ۔ مغز بادام شیریں مقشر یکصد پانچ عدد۔ مغز پستہ سبز یکصد پینتیس عدد۔ گلقند آفتابی پندرہ تولہ۔ بطریق معروف معجون تیار کریں۔

مقدار خوراک: چھ ماشہ ہمراہ شیر نیم گرم۔
فوائد: مقوی دماغ اور بصارت کو قائم رکھنے میں مفید ہے

حب ملین: اجزاء و ترکیب ساخت: مغز بادام مقشر ڈھائی تولہ۔ ہرڑ جلایہ ڈھائی تولہ۔ سقمونیا ولایتی ایک تولہ۔ منقی پانچ تولہ گھوٹ کر حبوب نخودی تیار کریں۔

مقدار خوراک: دو گولی ہمراہ بدرقہ مناسب۔

فوائد: دائمی قبض، گیس، اپھارہ میں مفید ہے۔

سفوف اذراقی: اجزاء و ترکیب ساخت: کچلہ مدبر ایک تولہ۔ تخم سیاہ دانہ ایک تولہ۔ زنجبیل ایک تولہ۔ قرنفل ایک تولہ۔ سب کو بیس ایک تولہ سفوف بنالیں۔ اور کیپسول بھر لیں

مقدار خوراک: دو رتی ہمراہ شیر نیم گرم۔
فوائد: وجع المفاصل، اعصابی کمزوری، تقویت باہ، فالج ولقوہ کیلئے مفید ہے۔

حکیم انعام اللہ بھٹی

آپ یکم جون ۱۹۵۲ کو ضلع گوجرانوالہ کے ایک گاؤں میں پیدا ہوئے۔ ابتدائی دینی و درسی تعلیم مقامی طور پر حاصل کی۔ بعد ازاں گوجرانوالہ شہر منتقل ہو گئے اور میٹرک کا امتحان پاس کر کے مقامی بنک کی ڈسپنسری سے منسلک ہو گئے۔ طب کی تعلیم حاصل کرنے کیلئے طبیہ کالج لاہور میں ۱۹۷۲ء کو داخلہ لیا۔ دوران تعلیم طلباء سرگرمیوں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیا۔ ۱۹۷۶ء میں فاضل طب والجراحت کی سند حاصل کی اور گوجرانوالہ میں نوجوان اطباء کی تنظیم کی داغ بیل ڈالی اس کے ساتھ ساتھ مختلف قومی اخبارات میں صحافتی شعبہ اور مقامی سماجی تنظیموں سے منسلک ہیں۔ آپ گوجرانوالہ کارپوریشن میں شعبہ طب میں خدمات انجام دے رہے ہیں۔

حکیم انعام اللہ بھٹی ولد حکیم منظور احمد بھٹی
A/۲۱۱ ماڈل ٹاؤن۔ گوجرانوالہ۔

مجرّبات

برائے نفث الدم: اجزاء و ترکیب ساخت: گیرو۔ کافور گاؤ دنتی برابر وزن پیس کر محفوظ رکھیں۔
مقدار خوراک: دو ماشہ ہمراہ شربت صندل صبح و شام

برائے قوت باہ: اجزاء و ترکیب ساخت: اسپندیدہ سفوف ایک تولہ۔ دارچینی سفوف ایک تولہ۔ ملا کر کیپسول بھر لیں۔
مقدار خوراک: ایک کیپسول صبح و شام ہمراہ شیر۔

زبدۃ الحکماء
حکیم رانا حبیب احمد

آپ کا تعلق پاک و ہند کے معروف دینی و طبی گھرانے سے ہے۔ آپ کے والد بزرگوار حکیم نبی بخش صاحب جالندھری اپنے عہد کے معروف طبیب تھے جنہیں تشخیص و معالجات پر عبور حاصل تھا وہ ایک نیک خدا ترس اور خدا رسیدہ شخصیت ہونے کی وجہ سے علاقہ میں ممتاز اور قابل تکریم تھے۔ حکیم رانا حبیب احمد نے ابتدائی دینی و درسی تعلیم اپنے والد گرامی کی زیر سرپرستی حاصل کی۔ مروجہ علوم کے ساتھ ساتھ فارسی، عربی اور طب کی تعلیم کے لئے والد صاحب نے خصوصی توجہ دی۔ میٹرک کے بعد فن شریف سے والہانہ لگاؤ کے باعث طبیہ کالج لاہور سے زبدۃ الحکماء کی سند امتیازی حیثیت سے حاصل کی اور فن طب کے معروف اور کہنہ مشق اطباء سے زانوئے ادب طے کیا۔ آپ نے اپنے عہد کی جن شخصیات سے کسب فیض کیا ان میں افتخار الاطباء حاذق جناب حکیم محمد عبدالرحیم جمیل کا نام نامی [illegible] آپ ان کی حیات میں باقاعدگی سے ان کے مطب [illegible] دیتے اور ان کی خصوصی نظر کرم عنایت کی وجہ سے رموز و نکات حاصل کرتے رہے۔ حکیم محمد عبدالرحیم جمیل رانا حبیب [illegible] محبت تھی۔ اور آفتاب طب حکیم آفتاب احمد قرشی [illegible] گہرے روابط رہے۔ آپ حکیم محمد ضیاء الرحمن [illegible] میں شامل ہیں۔ طبی سیاست میں آپ نے گرانقدر [illegible] انجام دی ہیں۔ اور سماجی تحریکوں میں بڑھ چڑھ کر حصہ [illegible] آپ عہد حاضر کی ان چند ایک شخصیات میں شامل ہیں جنہیں معالجات پر خصوصی عبور حاصل ہے۔ ایک معروف طبیب کے علاوہ علم و ادب کے سرپرست طبی سیاسی رہنما [illegible] حلیم الطبع شخصیت کے حوالے سے مقبول و ممتاز ہیں۔ [illegible] سے عملی مطب شروع کیا۔ اور تاحال اس فن شریف کے ذریعے خدمت خلق کو اپنا شعار بنا رکھا ہے۔

زبدۃ الحکماء حکیم رانا حبیب احمد
ولد حکیم نبی بخش صاحب جالندھری
طاہر دواخانہ محلہ بجریانوالہ وزیر آباد ضلع گوجرانوالہ

مجرّبات

سفوف شری (چھپاکی): اجزاء و ترکیب ساخت: مالکنگنی ایک کلو ناگیسر ایک کلو عقرقرحا آدھا کلو۔ ناگیسر اور عقرقرحا باریک سفوف بنالیں اور مالکنگنی کو علیحدہ ہاون دستہ میں کوٹیں۔ باریک ہونے پر ناگیسر اور عقرقرحا کا سفوف ملاتے جائیں تاکہ مالکنگنی کا تیل جذب ہوتا رہے۔

مقدار خوراک: ڈیڑھ ماشہ صبح دوپہر شام ہمراہ جوشاندہ سبز برگ پودینہ بیس عدد، شکر دیسی حسب ذائقہ پانی آدھا کو جوش دیں۔

فوائد: یہ عارضی مرض ہے جس کا غلبہ عموماً رات کو ہوتا ہے۔ شدید خارش ہوتی ہے کیلئے انتہائی موثر و مفید ہے۔ جسم کو گرد ہوا سے محفوظ رکھیں۔

حکیم رانا منیر احمد جیلانی

آپ کا تعلق برصغیر کے نامور دینی و طبی گھرانہ سے ہے۔

آپ کے دادا حکیم نبی بخش جالندھری اور والد گرامی زبدۃ الحکماء حکیم رانا حبیب اللہ صاحب ہیں۔ فن طب وراثت میں ملا۔ آپ کی پرورش دینی اور طبی ماحول میں ہوئی دینی و درسی تعلیم کے بعد ۱۹۷۹ء میں ایم سی ہائی سکول وزیر آباد سے میٹرک کا امتحان امتیازی حیثیت سے پاس کیا اور خاندانی فن کو جاری و ساری رکھتے ہوئے مزید طبی تعلیم کے لئے ۱۹۸۰ء میں طبیہ کالج لاہور میں داخلہ لیا۔ ۱۹۸۵ء میں فاضل الطب والجراحت کی سند حاصل کی۔ دوران تعلیم نصابی و غیر نصابی سرگرمیوں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیتے رہے آپ کا شمار کالج کے ہونہار طلباء میں رہا۔ طبی تعلیم مکمل کرنے کے بعد دو سال تک والد گرامی سے فن طب کے رموز و نکات سے آگاہی حاصل کرتے رہے اور عملی طب کا تجربہ حاصل کیا۔

۱۹۸۸ء میں ان کی اجازت سے مطب جیلانی کے نام سے مطب شروع کیا۔ ۹۱-۱۹۹۰ء میں طبی خدمات میں بہترین کارکردگی کے صلہ میں حکومت پاکستان نے خصوصی ایوارڈ سے نوازا۔ آپ ایک نوجوان، پرعزم ماہر طبیب اور سماجی کارکن کی حیثیت سے علاقہ میں ممتاز مقام رکھتے ہیں اور عوام و خواص میں عزت کی نگاہ سے دیکھے جاتے ہیں۔

حکیم رانا منیر جیلانی فاضل الطب والجراحت
مطب جیلانی گوجرانوالہ روڈ وزیر آباد ضلع گوجرانوالہ

مجربات

سفوف زہیر مجرب:

اجزاء و ترکیب ساخت: سنگجراحت، مصطگی پانچ تولہ، تخم ہالوں پانچ تولہ، تخم لاجونتی پانچ تولہ، تخم ریحان پانچ تولہ، سنگجراحت مثل غبار کرکے بقیہ ادویہ سالم شامل کریں۔

مقدار خوراک: تین ماشہ سے چھ ماشہ صبح دوپہر شام ہمراہ بدرقہ مناسبہ۔

فوائد: زہیر ریاحی، زہیر سدی، زہیر دموی و دیگر متعلقہ امراض میں اکسیر ہے۔

سفوف مجرب:

اجزاء و ترکیب ساخت: زیرہ سفید پچاس گرام، سقمونیا دس گرام، نمک خوردنی دس گرام۔ سفوف بنالیں۔

مقدار خوراک: ایک ماشہ صبح شام ہمراہ آب۔

فوائد: دائمی قبض، ترو صفراوی نیز جریان و احتلام میں مفید ہے۔

فشارین:

اجزاء و ترکیب ساخت: دم الاخوین پچاس گرام، چھوٹی چندن پچاس گرام، میگ کاربٹ پچیس گرام، صندل سفید پچاس گرام، پوٹاشیم برومائیڈ پچیس گرام، دانہ الائچی خورد پچیس گرام، طباشیر نقرہ پچاس گرام سفوف بنالیں۔

مقدار خوراک: ایک سے دو گرام تک ہمراہ عرق گاؤزبان پچاس گرام، عرق کاسنی پچاس گرام صبح و شام۔

فوائد: بلڈ پریشر۔ صدر و دفار، مراق، مالیخولیا و دیگر دماغی امراض میں مفید ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت: سوما کلپا ایک تولہ،

موٹاپا دور: آدھ کلو پانی میں بوقت شب بھگو دیں۔ صبح خوب جوش دیں۔ جب پانی ایک پیالی رہ جائے قدرے چینی یا نمک حسب ذائقہ ملا کر صبح نہار منہ استعمال کریں۔

فوائد: جسم سے زائد چربی اور ختم کر کے موٹاپا دور کرتا ہے۔

حکیم پروفیسر سید صابر علی ایم اے

آپ کا تعلق برصغیر کے ایک نامور معزز علمی ادبی۔ دینی وطبی گھرانہ سے ہے۔ آپ کے والد گرامی پروفیسر حکیم سید نذر حسین صاحب ایم اے درس و تدریس، فن طب اور علمی و ادبی اور تبلیغ دین کے حوالے سے ممتاز مقام کے حامل ہیں۔ پروفیسر حکیم سید صابر علی شاہ اپنے ننھیال نو چک شمالی نزد بھلوال ضلع سرگودھا میں پیدا ہوئے۔ ابتدائی دینی تعلیم سے فارغ ہو کر ۱۹۶۴ء میں میٹرک کا امتحان اسلامیہ ہائی سکول جلالپور جٹاں سے اعلیٰ پوزیشن سے پاس کیا۔ ۱۹۶۶ء میں زمیندار ڈگری کالج سے ایف ایس سی کی تعلیم کے بعد ۱۹۶۷ء میں طبیہ کالج لاہور میں داخلہ لیا۔ دوران تعلیم ہر سال بورڈ آف یونانی اینڈ آیورویدک سسٹم آف میڈیسن (نیشنل کونسل فار طب) کے سالانہ امتحانات میں مشرقی و مغربی پاکستان کے تمام طبیہ کالجوں میں پہلی پوزیشن حاصل کرتے رہے ۱۹۷۱ء کے سالانہ امتحان میں بورڈ میں اول آنے اور امراض اطفال پر خصوصی مقالہ پر گولڈ میڈل اور اعزازی اسناد سے نوازا گیا۔ طبیہ کالج کے سالانہ جلسہ تقسیم انعامات میں ہر سال [illegible] حاصل کیا۔ دوران تعلیم آپ طلباء کی نصابی اور غیر نصابی [illegible] میں روح رواں رہے۔ طلباء یونین کے قیام اور اسکول [illegible] میں اہم کردار ادا کیا۔ کالج کے میگزین کے لئے ادارتی [illegible] خدمات انجام دیں۔ انجمن حمایت اسلام کے جشن صد سالہ کی [illegible] میں آپکی خدمات کے اعتراف کے طور پر گولڈ میڈل [illegible] طبی تعلیم کے ساتھ ساتھ آپ نے درسی تعلیم بھی جاری رکھی بی [illegible] امتحان پاس کرنے کے بعد ایم اے سیاسیات اور ایم اے [illegible] کی اسناد امتیاری حیثیت سے حاصل کیں۔ طبی سیاست میں نوجوان اطباء کی ملک گیر تنظیم ینگ طبی کونسل کے نائب صدر کی حیثیت سے گرانقدر خدمات انجام دیں اور اطباء کو ایک پلیٹ فارم پر جمع کرنے کیلئے انتھک جدوجہد کی۔ علاوہ ازیں آپ کی صحافتی خدمات کسی تعارف کی محتاج نہیں۔ روزنامہ جنگ نوائے وقت۔ زندگی قومی صحت چٹان ایشیا طبیب حاذق جیسے قومی اخبارات وجرائد میں آپکے تحقیقی مضامین شائع ہوتے رہتے ہیں۔ روزنامہ نوائے وقت کے ساتھ بطور نمائندہ اعزازی منسلک ہیں۔ علاوہ ازیں برصغیر پاک و ہند کے واحد قدیم باقاعدہ اور کثیر الاشاعت طبی مجلہ کی مجلس ادارت کے اہم رکن ہیں۔ آپ فی الوقت مقامی ڈگری کالج میں شعبہ سیاسیات سے منسلک ہونے کے علاوہ جلالپور جٹاں میں صابریہ شفاخانہ اور گجرات میں علی شفاخانہ کے انچارج کی حیثیت سے فن طب اور خدمت خلق میں مصروف ہیں۔ آپ ایک پرعزم ماہر طبیب سرگرم سماجی کارکن علمی ادبی و طبی شخصیت کے حوالے سے انتہائی اہم مقام کے حامل ہیں۔

حکیم پروفیسر سید صابر علی شاہ ایم اے
ولد حکیم پروفیسر سید نذر حسین شاہ ایم اے

علی شفاخانہ جبر روڈ گجرات

مجربات

برائے برص: اجزاء وترکیب ساخت: تخم سدرہ چھ ماشہ۔ صبح گھوٹ کر چھان کر ایک کپ پانی پلائیں چند دنوں تک متاثرہ جلد پر باریک دانے نکل آئیں گے جن سے نیلا پانی نکلتا ہے۔ اور بعض اوقات جلن پیدا ہوتی ہے۔ چند دنوں کے بعد کا رنگ تبدیل ہونا شروع ہوگا۔ اسکے ساتھ تخم پنواڑ۔ گندھک آملہ سار۔ تخم بابچی ہموزن کا سفوف تیار کریں ایک چمچ بقدر چھ ماشہ پانی میں بھگو کر صبح زلال پئیں اور بقیہ لعاب متاثرہ جلد پر لگائیں۔ آنکھوں کو نہ لگنے دیں چند دنوں تک خاطر خواہ فوائد حاصل ہوں گے۔

برائے ذیابیطس: اجزاء وترکیب ساخت: تخم چاکسو۔ (مدبر در شیر) پوست ہلیلہ زرد۔ تخم کرس سیاہ۔ تینوں ادویہ برابر وزن باریک سفوف بنائیں۔ اور کیپسول درمیانہ سائز بھر لیں۔

مقدار خوراک: دو کیپسول صبح دوپہر شام خالی معدہ۔

فوائد: اگر مریض انسولین استعمال نہیں کر رہا تو ہفتہ عشرہ میں ایلوپیتھی دوا آہستہ آہستہ ختم کی جا سکتی ہے۔ ذیابیطس کی ہر قسم میں مفید ہے۔

برائے فشارالدم: اجزاء وترکیب ساخت: صندل سفید پانچ تولہ۔ افتیمون ڈھائی تولہ۔ درونج عقربی ڈھائی تولہ۔ شاہترہ ڈھائی تولہ۔ پوست بیرون پانچ تولہ۔ کچور دو تولہ۔ گل گڑھل پانچ تولہ۔ جملہ ادویہ کو خشک کر کے صاف چھان کر سفوف بنائیں۔

مقدار خوراک: ایک ماشہ ہمراہ بدرقہ مناسبہ صبح دوپہر شام۔

فوائد: فشارالدم میں مفید ومعمول مطب ہے۔

حکیم سید گل حسین شاہ

آپ کے والد کا نام نامی اسم گرامی سید میراں شاہ ہے۔ آپ نے ابتدائی دینی و درسی تعلیم اپنے والد گرامی سے حاصل کی۔ وہ علوم مخفیہ اور علم طب میں بے مثل عالم تھے۔ آپ ورنیکر مڈل کا امتحان پاس کر کے علم دین کی طرف راغب ہوئے اور مولوی محمد سلام اللہ چک عمر سے علم دین میں اکتساب کیا۔ پھر لقمان الملک شمس الاطباء حکیم مولوی شمس الدین چوکنانوالی سے علم طب سبقاً وعملاً حاصل کیا اور طبیب حاذق کی سند سے نوازا گیا۔

طب کی تعلیم مکمل کر کے اسرار شفاء کے نام سے ذاتی دوا خانہ شروع کیا۔ اور خلق خدا کی خدمت میں مصروف ہو گئے آپ نے مطب کے ساتھ ساتھ درس وتدریس کا سلسلہ بھی جاری رکھا۔ فن طب اور علوم مخفیہ میں آپ کے بے شمار شاگرد ان ہیں۔ علوم مخفیہ خصوصاً رمل، نجوم، علم جفر وعلم الاعداد پر آپ کو کامل دسترس حاصل ہے۔

آپ ایک ماہر طبیب، ماہر علوم مخفیہ اور ایک دیندار باعمل، صاحب کردار شخصیت کے حوالے سے کسی تعارف کے محتاج نہیں۔ زبدۃ الحکماء حکیم محمد عبدالرحیم جمیل سے ذاتی دوستی رہی جسے تمام عمر نبھاتے رہے۔ آپ کے طبی کارنامے کسی تعارف کے محتاج نہیں۔ معروف ومقبول طبی کتب آپ کے تذکرہ سے بھری پڑی ہیں۔ جن میں خصوصی طور پر رموز حکمت

گنج شائیگاں، مجربات نعمانی، مجربات الاطباء، حفظ صحت
سرفہرست ہیں۔ آپ گذشتہ پچاس سال سے ادارہ طبیب حاذق
کی سرپرستی فرما رہے ہیں۔ اور آپ کے تحقیقی و علمی مضامین اکثر

معروف طبی مجلہ کی زینت بنتے رہے ہیں۔
گلزار ہدایت، بجواب البطال غوایت بیاض گل۔
کتاب الحجر، گلزار کیمیا، رسالہ مستعملہ، بیاض گل حصہ دوم جیسی
معرکۃ الآراء تصانیف آپ کی حذاقت علمی کا منہ بولتا ثبوت ہیں۔

حکیم سید گل حسین شاہ گل
چھوکر کلاں تحصیل کھاریاں ضلع گجرات

مجرّبات

زُود اثر: اجزاء و ترکیب ساخت: چھوٹی چندن پانچ تولہ۔ فلفل سیاہ پندرہ ماشہ۔ سنبل الطیب پندرہ ماشہ
اسطخودوس پندرہ ماشہ علیحدہ علیحدہ سفوف بنا کر یکجان کریں
اور حبوب بقدر دو رتی تیار کریں۔
مقدار خوراک: دو سے چار گولی ہمراہ بدرقہ مناسبہ۔
فوائد: سر درد، بخار، نزلہ زکام۔ بے خوابی، گنٹھیا، تشنج۔
درد ایام، کثرت احتلام جریان۔ ذکاوت حس۔ فشار الدم اعصابی
تنفس و اختناق الرحم میں مفید ہے۔

برائے بواسیر خونی: اجزاء و ترکیب ساخت: رسونت ایک تولہ
گگر دندہ بوٹی دو تولہ۔ سفوف بنا کر
حبوب بقدر نخود گولی بنائیں۔
مقدار خوراک: ایک گولی صبح و شام ہمراہ آب تازہ۔
فوائد: بواسیر خونی میں انتہائی مفید ہے۔

حب وجع المفاصل: اجزاء و ترکیب ساخت: سورنجاں
تخم سیر، زنجبیل سفید، سنا مکی
افسنتین، نمک سانبھر، تخم حنظل، اجمود، پوست ...
سیاہ، بادیان، فلفل سیاہ، دار فلفل ...
ہموزن سفوف بنا کر مویز منقی میں گولیاں بقدر نخود ...
مقدار خوراک: ایک گولی صبح و شام ہمراہ آب تازہ

حکیم پیر محمد کاوش

آپ کا تعلق ایک دینی
و طبی گھرانہ سے ہے۔ آپ کے والد
گرامی ایک درویش صفت انسان
تھے۔ آپ نے ابتدائی دینی و درسی تعلیم مقامی طور پر ...
پھر اسلامیہ ہائی سکول میں داخلہ لیا تعلیم سے فراغت ...
۱۹۳۱ء میں خوشنویسی کی طرف راغب ہوئے۔ اور ساتھ ساتھ
فن طب کی تعلیم سبقاً و عملاً حاصل کرنا شروع کی ...
کے دار التجارب سے منسلک رہے اور زبدۃ الحکماء حکیم محمد عبداللہ
جیسی ہستی سے خصوصی مراسم ہوئے۔ علم طب میں اس جلیل القدر ہستی
سے استفادہ کیا اور ادارہ طبیب حاذق کے خصوصی معاونین میں
شامل ہو گئے۔

۱۹۴۷ء میں سمبڑیال ضلع سیالکوٹ میں حفظ صحت کے
نام سے دواخانہ جاری کیا۔ کچھ عرصہ بعد واپس گجرات منتقل ہو گئے
اور تصنیف و تالیف کا آغاز کیا اور آسان حل ...
کا مجموعہ بعنوان بیش قیمت مروارید شائع کیا۔ فن طب کے ساتھ ساتھ
شعر و شاعری سے خصوصی شغف رہا۔ پنجابی زبان کے ...
پیر فضل گجراتی صاحب نے کاوش تخلص عطا کیا۔ گجرات کی ...
تحریکوں میں بھرپور شرکت کی۔ ۱۹۵۶ء میں ماہنامہ ...
کا اجراء کیا جو طبی حلقوں میں مقبول رہا۔ ۱۹۵۷ء میں حفظ صحت

شائع کی جسے خاص و عام میں پسند کیا گیا۔ ۱۹۵۸ء میں باقاعدہ امتحان دے کر حاذق الاطباء کی سند حاصل کی۔ ۱۹۵۹ء میں ناموس الاطباء کی اشاعت کا اعلان کیا۔ جس کی تکمیل کے لئے شب و روز محنت کی اور اطباء کی ایک کثیر جماعت نے اس کتاب کیلئے بھرپور حصہ لیا۔ اطباء کے مجربات و کوائف کا یہ مجموعہ انتہائی مقبول ہوا۔

آپ نے اپنی ساری زندگی علم و ادب و فن طب کی خدمت میں گزاری ہے۔ خصوصاً فن طب کے لئے آپ کی گرانقدر خدمات ہیں۔ خدمت فن اور خدمت خلق کا سلسلہ عملی مطب اور تصانیف و تالیف کی صورت میں تا حال جاری ہے۔ آپ ایک انتہائی کہنہ مشق طبیب معروف دینی و سماجی شخصیت ہیں اور علاقہ میں ممتاز مقام کے حامل ہیں۔

حکیم پیر محمد کاوش خزینہ صحت ہڈدگی
شاہدولہ روڈ گجرات،

مجربات

برائے اطفال: اجزاء و ترکیب ساخت: کچور ایک تولہ۔ زہر مہرہ خطائی ایک تولہ مثل غبار کرلیں۔

مقدار خوراک: ایک سے چار رتی تک ہمراہ عرق گاؤزبان یا سونف صبح۔ دوپہر۔ شام۔

فوائد: بچوں کی پیاس۔ قے۔ دست و بدہضمی کیلئے مفید ہے۔

حب خاص: اجزاء و ترکیب ساخت: تخم املی بریاں، بہیدانہ، مقشر، سپاری دکنی، کشتہ سنگجراحت ہموزن سفوف بنالیں۔ اور گوند کیکر کی مقدار سے حبوب نخودی تیار کرلیں۔

مقدار خوراک: دو سے چار گولی تک۔

فوائد: مردوں کے جریان احتلام اور عورتوں کے سیلان الرحم میں مفید ہے۔

مخرج بلغم: اجزاء و ترکیب ساخت: فلفل دراز ایک تولہ۔ کاکڑا سینگی ایک تولہ۔ نوشادر تین ماشہ۔

تمام ادویہ سفوف بنالیں یا مویز منقی امناسب مقدار شامل کر کے حب نخودی تیار کرلیں۔

مقدار خوراک: دو سے آٹھ رتی تک ہمراہ شربت جوشاندہ تین مرتبہ۔

فوائد: نزلہ و زکام۔ کھانسی۔ تنگی نفس میں مفید ہے۔

حکیم امان اللہ خان

آپ کا تعلق ایک دینی و طبی گھرانہ سے ہے ابتدائی دینی تعلیم کے بعد درسی تعلیم کیلئے میٹرک کا امتحان پاس کیا اور طبی تعلیم اپنے والد گرامی سے سبقاً و عملاً حاصل کی۔ ۱۹۶۴ء سے ۱۹۶۹ء تک والد صاحب کی سرپرستی میں ان کے ساتھ مطب پر کام کیا۔ ۱۹۷۰ء میں طب کی سند حمایت اسلام لاہور سے حاصل کی۔ اور ملک وال شہر میں عملی مطب کے ذریعے خدمت خلق میں مصروف ہیں۔

حکیم امان اللہ خان خضروی ولد حکیم غلام حسین
خضروی دواخانہ ملک وال۔ ضلع گجرات

برائے درد گردہ: اجزاء و ترکیب ساخت: تخم مولی دس تولہ۔ آب مولی بیس تولہ دونوں کو ملا کر رکھ دیں۔ جب پانی خشک ہو جائے سفوف بنالیں۔

مقدار خوراک: ایک ماشہ ہمراہ آب۔

زبدۃ الحکماء حکیم محمد ضیاء الرحمن

آپ کا تعلق برصغیر پاک و ہند کے اس معروف دیندار، اہل علم و اہل حکمت خانوادے سے ہے جس کی علمی، ادبی، دینی و سماجی خدمات کسی تعارف کی محتاج نہیں۔ آپ کے والد گرامی زبدۃ العلماء [illegible] محمد عبدالرحیم جمیلؒ، دادا شمس الحکماء حکیم مولوی شمس الدینؒ، پر دادا حاذق الاطباء حکیم محمد صالح [illegible] صاحب [illegible] اپنے اپنے عہد کے بے مثل صاحبانِ فن و کمال اور خدا رسیدہ ہستیاں تھیں جنہوں نے خدمت دین اور خدمت خلق [illegible] زندگی کا شعار بنائے رکھا۔

حکیم محمد ضیاء الرحمن نے ابتدائی دینی و درسی تعلیم اپنے والد گرامی حکیم محمد عبدالرحیم جمیلؒ اور دادا حکیم مولوی شمس الدین [illegible] زیر سرپرستی حاصل کی۔ میٹرک امتیازی حیثیت سے پاس کیا تو خاندانی نسبت کے حوالے سے طب کی [illegible] طبیہ [illegible] لاہور میں داخلہ لیا۔ ۱۹۶۰ء میں حکیم حاذق اور ۱۹۶۲ء میں زبدۃ الحکماء کی اسناد حاصل کی۔ دوران تعلیم [illegible] ادارت اور شاندار تعلیمی کارکردگی کی بنا پر اعلیٰ ترین اعزازات گولڈ میڈل اور تعریفی و امتیازی اسناد [illegible]

آپ نے طب کی اعلیٰ ترین سند حاصل کرنے کے بعد اپنے والد گرامی سے عملی مطب کا تجربہ حاصل کیا اور مطب [illegible] معاونت کیساتھ ساتھ معروف طبی جریدہ طبیب حاذق کی ادارت کے فرائض بھی سنبھال لئے۔ اور ساتھ ساتھ تصنیف [illegible] اور تحقیقی کام بھی جاری رکھا۔ طبی تحقیق اور طب اسلامی پر آپ کے بے شمار مضامین شائع ہو چکے ہیں۔ ساتھ ساتھ آپ نے طبیب حاذق [illegible] خصوصی اشاعتوں کیلئے گرانقدر تحقیقی خدمات انجام دیں اور بے شمار نادر و قیمتی بیاضوں و مضامین کے تراجم و تزئین طبیب حاذق [illegible] پہنچائے۔

آپ کے تحقیقی کارناموں میں خواجہ بدیع الزمان خوشحالی کی کتاب تجارب خوشحالی کا ترجمہ، اکسیر اعظم کا ترجمہ [illegible] معروف طبی کتاب غنی منی کا ترجمہ، حیات بوعلی سینا اور طب بوعلی سینا پر تحقیق، پاکستان میں پائی جانے والی کم و بیش ایک ہزار جڑی بوٹیوں پر تحقیق، تاریخ ادویہ پر تحقیق ———— کام سرفہرست ہیں۔

تصنیف و تالیفات کے ساتھ ساتھ آپ نے ملک میں طب اسلامی کی ترویج و ترقی، دوا سازی و اطباء کے لئے گرانقدر خدمات انجام دیں۔ آپ نے ماہنامہ طبیب حاذق کے ذریعے اپنے والد گرامی کے مشن کو جاری رکھتے ہوئے طب [illegible] کا جائز مقام دلانے اور اطباء کے حقوق کا تحفظ کرنے کے ساتھ ساتھ اطباء میں اتحاد و یگانگت کی تحریک شروع کی۔ آپ نے طبیب حاذق کے ذریعے طب کو درپیش مسائل کی نشاندہی کی اور ان مسائل کے حل کے لئے ٹھوس اور عملی تجاویز

پیش کیں جنہیں ملک بھر کے اطباء اور ارباب اختیار کی طرف سے پذیرائی ملی۔
انہیں خدمات کے پیش نظر حکومت پاکستان نے آپ کو ۱۹۸۴ء کے حج طبی وفد میں شامل کیا۔ طبی سیاست میں بھی آپ نے کارہائے نمایاں انجام دیئے۔ پاکستان بھر کے نوجوان اطباء کی تنظیم ینگ طبی کونسل کے ایڈیشنل سیکرٹری جنرل اور ممبر سپریم کونسل کے عہدہ پر فائز رہ کر اطباء کے تحفظ کے لئے کارہائے نمایاں انجام دیئے۔
والد گرامی کی وفات کے بعد ادارہ طبیب حاذق اور مطب جمیل کے سرپرست اعلیٰ کے فرائض انجام دے رہے۔

حکیم محمد ضیاء الرحمٰن ایڈیٹر
ولد حکیم محمد عبدالرحیم جمیل مرحوم
ادارہ طبیب حاذق شاہدولہ روڈ گجرات

حکیم حافظ محمد اسلم قادری

آپ ۱۹۲۸ء کو بمقام
راولپنڈی پیدا ہوئے بعد ازاں
بہاولپور منتقل ہوئے اور درسی
تعلیم کے ساتھ ساتھ حفظ قرآن کی سعادت حاصل کی، صادق آباد
میں رہائش کے دوران جناب حکیم عبدالحق صاحب کی صحبت نے
فن طب کی طرف راغب کیا اور انہیں سے اکتساب کیا ۱۹۵۸ء
میں آپ لاہور منتقل ہو گئے اور بیشتر وقت حکیم محمد انور صاحب
بابری کی خدمت میں گذارا اور اُن سے فن شریف کے رموز و
نکات سے آگاہی حاصل کی۔
بوعلی دواخانہ میں خدمت خلق میں مصروف ہیں۔

حکیم حافظ محمد اسلم قادری ولد محمد میر زمان
بوعلی دواخانہ مین بازار داتا صاحب لاہور

مجرّبات

برائے بواسیر: اجزاء و ترکیب ساخت، زہرہ گاؤمیش ۵ تولہ، ماہیں بے سوراخ ۳ تولہ باہم ملا کر حبوب بقدر نخود بنا لیں۔

مقدار خوراک: ا گولی صبح و شام۔

فوائد: بواسیر ہر قسم میں مفید ہے۔

ورم فم معدہ: کے لئے دو رتی انگوزہ کیپسول میں بھر کے ہمراہ آب نیم گرم استعمال کریں۔

برائے جریان و سُرعت: اجزاء و ترکیب ساخت: سم الفار ا تولہ، افیون شدھ ا تولہ اوّل کو پڑ کنڈہ کھرل کر کے تریاق شامل کریں، اور ملا لیں پلاسٹک

کی ڈبیہ میں بند کر کے روڑی گوبر ایک فٹ گہرے گڑھے میں ۴۰ یوم دبا دیں، دانہ باجرہ کے برابر گولیاں بنا کر بعدہٗ ورق نقرہ چڑھائیں۔

مقدار خوراک: ا گولی روزانہ پندرہ دن تک۔

فوائد: جملہ امراض متعلقہ میں مفید ہے۔

حکیم بشیر احمد علوی

آپ بمقام لاہور ۱۹۳۶ء
میں پیدا ہوئے اور ابتدائی تعلیم
پبلک ہائی سکول سے حاصل کی۔
درسی تعلیم کے ساتھ ساتھ آپ نے دینی اور طبی تعلیم کا سلسلہ بھی
جاری رکھا۔ آپ کے والد گرامی علاقہ کے فاضل طبیب تھے چنانچہ
اُن سے فن طب کی تعلیم درسی اور عملی طور پر حاصل کی معالجات کا
شغف اور دلچسپی آپ کو وراثتاً منتقل ہوئے
مطب کے ذریعے خدمت فن اور خدمت خلق میں
مصروف ہیں آپ نہ صرف ایک ماہر فن ہیں بلکہ رموز فن پر کئی اعلیٰ
کتب کے مصنف بھی ہیں جن میں غذاؤں سے علاج، مجربات
صابر، جنسی رموز، رہبر علاج بالغذا جیسی کتب مقبول عام ہیں۔
علاوہ ازیں آپ اس فن شریف کی ترویج و ترقی کے لئے ماہنامہ
طبی ڈائجسٹ کی اشاعت کے علاوہ خزینہ حکمت کے نام سے
اشاعتی ادارہ کے منتظم بھی ہیں۔

حکیم بشیر احمد علوی (مدیر طبی ڈائجسٹ)
ولد الحاج علامہ حکیم غلام نبی ایم اے (گولڈ میڈلسٹ)
مکتبہ و دواخانہ خزینہ حکمت ۹۳ میکلوڈ روڈ لاہور ۶

مجربات

حب اسرار باہ علوی: اجزاء و ترکیب ساخت، شنگرف مدبر ۱ درہم، حل،

ایک تولہ، زعفران، دارچینی، جائفل، عاقرقرحا، لونگ، جند بیدستر، مصطگی رومی، افیون ہر ایک ایک تولہ، عنبر، سم الفار، مروارید تین تین ماشہ ہر دوا علیحدہ علیحدہ سفوف بنا کر ملا لیں اور روغن بیضہ مرغ حسب ضرورت ملا کر حب بقدر دانہ نخود بنا لیں۔

مقدار خوراک: ا گولی روزانہ۔

فوائد: ضعف باہ کیلئے مفید ہے۔

جوارش مفرح: اجزاء و ترکیب ساخت: زنجبیل ا تولہ، سافج ہندی چھ ماشہ، دارچینی چھ ماشہ، قرنفل ا تولہ، خولنجاں چھ ماشہ، سنبل الطیب چھ ماشہ، جوزبوا چھ ماشہ، درونج عقربی ۲ تولہ، ورق نقرہ ا ماشہ، مشک ۳ ماشہ، شہد خالص سے چند بطریقہ معروف معجون بنا لیں۔

مقدار خوراک: ۳ سے چھ ماشہ۔

فوائد: مفرح اور مقوی ہے نیز امراض بارد میں مفید ہے۔

سفوف جریان: اجزاء و ترکیب ساخت: ورق نقرہ ۵۰ عدد، کشتہ قلعی ۳ ماشہ، سرچینی ا تولہ، الائچی خورد ا تولہ، طباشیر نقرہ ۵ ماشہ، ثعلب مصری ۲۱ ماشہ، اصل السوس مقشر ۱۲ ماشہ جملہ ادویہ باریک سفوف کر لیں۔

مقدار خوراک: ۲ ماشہ ہمراہ شیر گاؤ۔

فوائد: جریان میں مجرب ہے۔

تریاق سیلان: اجزاء و ترکیب ساخت: گل دھاوا، ثعلب مصری، گل سپاری، گل پستہ، گوند ڈھک، موچرس، تخم موسری، اسگند ناگوری، کشتہ بیضہ مرغ، موصلی سفید تمام ادویہ ایک ایک تولہ سفوف کر لیں۔

مقدار خوراک: چھ ماشہ ہمراہ دودھ۔

سیلان الرحم: اجزاء و ترکیب ساخت: ستاور ۸ تولہ، بر ڈسیاہ ۸ تولہ، ہیرا کسیس ۴ تولہ، تالمکھانہ ۸ تولہ، گل سپاری ۸ تولہ سفوف بنا لیں۔

مقدار خوراک: [illegible]

طبیب بشیر احمد ظفر عشیک جالندھری

۲۱ اپریل ۱۹۳۶ء کو قصبہ کھجور لا تحصیل نکودر ضلع جالندھر (مشرقی پنجاب) کے مشہور و معروف زمیندار گجر گھرانے میں پیدا ہوئے۔ [illegible] پاکستان آ گئے۔ ۱۹۵۳ء میں اسلامیہ ہائی سکول [illegible] سے پنجاب یونیورسٹی کا میٹرک کا امتحان سائنس مضامین کے [illegible] مشرقی علوم و فنون سے فطری لگاؤ کے باعث [illegible] طب اسلامی (یونانی) کی تحصیل کی طرف متوجہ ہوئے۔ [illegible] ۱۹۵۶ء کو گورنمنٹ عباسیہ طبیہ کالج بہاولپور [illegible] کا آغاز کیا۔ طبی تعلیم کے بعد ماہنامہ رہنمائے صحت [illegible] کے معاون ایڈیٹر بنے۔ مطب اشرف میں بطور طبیب مطب [illegible] کارخانہ بازار فیصل آباد بطور انچارج طبی خدمات سرانجام [illegible] میں جامعہ طبیہ اسلامیہ فیصل آباد میں بطور پروفیسر کام کیا [illegible] میں بطور پروفیسر بھی خدمات سرانجام دیتے رہے۔ ریٹائرمنٹ کے بعد عملی مطب کے ذریعے خدمت خلق میں مصروف ہیں۔

طبیب بشیر احمد ظفر (عشیک) جالندھری
ولد چوہدری فتح محمد
مطب بازار داتا دربار لاہور

مجربات

اکسیر اطفال: اجزاء و ترکیب ساخت: عود صلیب ۴ ماشہ، [illegible] ششی ۴ ماشہ، گل سرخ ۲ تولہ، بادیان ۲ تولہ، طباشیر اصلی ۴ ماشہ، زہر مہرہ خطائی ۴ ماشہ، الائچی خورد یک [illegible]

نمک سنگ ۲ تولہ۔ پودینہ خشک ۲ تولہ۔ شیرہ مویز منقی ۵ تولہ سے ایک رتی کے قرص بنالیں۔

فوائد: بچوں کے اکثر امراض کو دفع کرنے میں صریع الاثر اور لاثانی ہے۔ ہر قسم کے دست، قے، پیچش، اپھارہ، بدہضمی اور قبض کے لئے نافع ہے۔

مقدار خوراک: حسب ضرورت و حسب موقعہ ایک گولی ماں کے دودھ یا پانی میں کھرل کریں۔ شدید صورتوں میں دن میں ۴، ۵ مرتبہ دیں۔

اکسیر بخار: ہڑتال گؤدنتی کو برگ اڑوسہ میں متعدد بار کشتہ کرکے تیار کرلیں۔ ایک رتی کے قرص بنالیں۔

فوائد: ہر قسم کے پرانے بخاروں کیلئے اکسیر ہے۔ تپ لرزہ میں خاص طور پر دی جاتی ہے۔ بخار کے ساتھ کھانسی ہو تو اسے بھی نفع پہنچاتی ہے۔

مقدار خوراک: اسے ۴۔۵ ماشے برگ اڑوسہ کے جوشاندے کے ہمراہ استعمال کرائیں۔ پانی سے بھی کھایا جاسکتا ہے۔

اکسیر پیچش: موچرس ۱ حصہ، گیرو ½ حصہ، کلکریا سلف ۶ ایکس، میگنیشیا فاس ۱۶ ایکس ½ حصہ ملاکر ۲ رتی کے قرص تیار کرلیں۔

فوائد: زحیر صادق اور زحیر کاذب ہر دو صورت میں یکساں مفید ہیں۔ اسے دن میں تین مرتبہ ۴۔۴ گھنٹے کے وقفے سے استعمال کرائیں۔

مقدار خوراک: ۲، ۲ قرص ہمراہ سادہ پانی۔

اکسیر احتلام: گوند کتیرا، سنگھاڑا خشک، صمغ عربی ہر ایک ۴ تولہ، تعلب مصری ۲ تولہ۔ ۹ ماشہ تالمکھانہ دو تولہ ۹ ماشہ۔ مازو سبز ۲ تولہ۔ مصطگی رومی دو تولہ کشتہ قلعی ایک تولہ، سب ادراقی ۲ ماشہ ملاکر ۲ رتی کے قرص بنالیں۔

فوائد: یہ قرص کثرت احتلام اور جریان منی کے بہت مجرب ہے۔ ہفتہ عشرہ میں مرض کا قلع قمع ہوجاتا ہے۔

مقدار خوراک: دو قرص صبح نہار منہ اور بوقت ضرورت شام کو ۵ بجے بھی میٹھے گرم ایک کپ دودھ کے ساتھ دیں۔

اکسیر نسائی: اسگندھ ناگوری، گل سپاری، گل پستہ، صمغ ... ہر ایک ۲ تولہ، کشتہ قلعی، کشتہ مرجان ہر ایک ۲ ماشہ کشتہ عقیق ۲ ماشہ ۲ رتی کے قرص بنالیں۔

فوائد: سیلان الرحم اور ضعف رحم وغیرہ ... کیلئے نہایت مفید مجرب دوا ہے۔ اگر خراش اور زخم رحم کی وجہ سے سیلان کی شکایت نہیں ہے۔ تو محض اسی دوا سے یہ شکایت رفع ہوجاتی ہے۔

مقدار خوراک: اسے ۲ قرص صبح شام یا صرف نہار منہ دودھ یا پانی سے کھلائیں۔

حکیم قاضی ایم اے خالد

آپ نے ۷ نومبر ۱۹۶۶ء میں وزیر آباد کے قریب ایک معروف گاؤں دھونکل کے طبی خانوادے میں ... طبی ماحول کی بناء پر فطری طور پر فن شریف کیطرف رجحان ... میں میٹرک کے بعد طبیہ کالج لاہور میں داخلہ لیا ... الطب والجراحت کی سند حاصل کی۔

دوران تعلیم آپ نے بھارت، نیپال، بنگلہ دیش، تھائی لینڈ، ہانگ کانگ اور چین میں مقامی دیسی طریقہ ہائے علاج کے مطالعہ کی غرض سے دورے کئے۔

آپ ایک نوجوان پرعزم حبیب طب اسلامی کے علمبردار ہونے کے علاوہ بین الاقوامی سطح پر شعبہ صحافت سے منسلک ہیں نیز فن طب کی ترویج و ترقی کے علاوہ سماجی حیثیت سے ایک

فعال کارکن ہیں۔

حکیم قاضی ایم اے خالد ولد حکیم قاضی محمد خورشید عالم (مرحوم)

خالد خاندانی دوا خانہ ۲۲۔ آئے ڈیلدار روڈ اچھرہ لاہور

مجربات

سفوف رال: اجزاء و ترکیب ساخت: سفید رال عمدہ ۱۰۰ گرام سفوف بنالیں۔

مقدار خوراک: ۱ گرام صبح شام ہمراہ بدرقہ مناسب۔

فوائد: سیلان الرحم، جریان، السر، سوزش معدہ و امعاء میں مفید اور معمول مطب ہے۔

سفوف ابیض: اجزاء و ترکیب ساخت: سبوس اسبغول ۵۰ گرام، کتیرا ۲۰ گرام، کوکنار ۲۰ گرام، کشنیز ۲۰ گرام، گل سرخ ۲۰ گرام، مغز تخم املی کلاں (بریاں) ۲۰ گرام، مصری ۱۰۰ گرام۔ ادویہ سفوف بنا کر سفوف اسبغول شامل کرلیں۔

مقدار خوراک: ۵ گرام صبح و شام ہمراہ دودھ۔

فوائد: جریان و احتلام میں مجرب ہے۔

دیگر: اجزاء و ترکیب ساخت: تخم املی کلاں ۲۰ گرام، اذراقی مدبر ۱۰ گرام باریک کرکے حب بقدر نخود بنالیں۔

مقدار خوراک: ۱ گولی صبح و شام۔

فوائد: جریان میں مفید ہے۔

طلاء جندبید ستر: اجزاء و ترکیب ساخت: روغن سانڈہ ۱۰ گرام میں جندبید ستر ۳ گرام کھرل کریں تیار ہے۔ بطریق معروف استعمال کریں۔

فوائد: اعصاب کو برانگیختہ اور عضو میں سختی پیدا کرنے کیلئے موثر اور سہل طلاء ہے۔

طلاء ئے مسمّن: اجزاء و ترکیب ساخت: کاڈلیور آئل۔

(روغن بابونہ) ۱۰۰ گرام، زعفران ۵ گرام، رائی ۲۰ گرام، ۳ گرام، روغن لونگ، روغن دار چینی ۳۰۲۰ گرام، بارہ گھنٹے برابر کھرل کریں تیار ہے۔ ۱ گرام ... کریں اور برگ پان باندھیں۔ فوائد فربہی اور ...

حکیم مقبول احمد

آپ ملتان خورد تحصیل تلہ گنگ ضلع چکوال بمطابق ۲۴ مارچ ۱۹۵۸ء ایک علمی ادبی گھرانے میں پیدا ہوئے۔ ابتدائی تعلیم مکمل کرنے کے بعد طبیہ ... میں داخل ہوئے۔ پرائیویٹ ایف اے کرنے کے ساتھ ... فاضل الطب والجراحت کی سند حاصل کی اور عملی مطب ... شروع کیا۔ آپ طب اسلامی کی ترویج و ترقی کے لئے کوشاں ہیں ایک سرگرم سماجی کارکن ہونے کے ساتھ ساتھ عملی مطب کے ذریعے دکھی انسانیت کی خدمت میں شبانہ روز مصروف ہیں۔

حکیم مقبول احمد ولد میاں محمد موسیٰ

مقبول دواخانہ آسلے بازار لاہور کینٹ۔

مجربات

راحتی: اجزاء و ترکیب ساخت: پھٹکڑی سفید ۲ تولہ، شنگرف رومی ۱ تولہ کو آب گھیکوار میں ایک پہر سحق کریں اور ٹکیہ بنا کر آہنی کڑاہی میں ڈال کر آگ جلائیں اور چھری سے ہلاتے جائیں جب پھول کر خشک ہو ست سلاجیت ۱ تولہ ملا کر سفوف بنالیں۔

مقدار خوراک: ۱ تا ۲ سرخ ہمراہ چائے یا دودھ گرم۔

فوائد: ضربہ و سقطہ درد و الم بیرونی و اندرونی میں مفید ہے۔

خارشی: اجزاء و ترکیب ساخت: اجوائن دیسی ۱ تولہ، تخم حماض ۱ تولہ، صندل سرخ ۱ تولہ، توتیائے سبز چھ ماشہ، گندھک آملہ سار ۱ تولہ، فلفل سیاہ ۵ دانہ باریک سفوف بنا کر دو ادنس کی شیشیوں میں روغن سرشف ۲ تولہ ڈال کر سفوف چھ ماشہ ڈال دیں۔

خارش پر مالش کریں دو گھنٹہ بعد نہا لیں۔

فوائد: خارش خشک و تر میں مفید ہے۔

حکیم محمد رمضان گھاسیڑوی

آپ موضع گھاسیڑہ تحصیل نوح ضلع گڑگاؤں (بھارت) میں ۱۹۳۶ کو پیدا ہوئے تقسیم کے بعد سب اہل خانہ پاکستان منتقل ہو گئے۔ یہاں آپ نے ابتدائی تعلیم برکی ضلع لاہور میں مکمل کی۔ فن طب سے آپ کو فطری لگاؤ تھا۔ چنانچہ طبی تعلیم کی طرف توجہ دی۔ خاندان شریفی کے شاگرد بانی و پرنسپل مسیح الملک طبیہ کالج لاہور جناب حکیم الحاج عبداللہ صاحب سے ملاقات ہوئی اور اُن کی شاگردی میں عملی و علمی مطب کا تجربہ حاصل کیا۔ بعد ازاں آپ نے عملی مطب کا سلسلہ شروع کیا اور علاقہ کے عوام کو علاج معالجہ کی سہولیات فراہم کرنے کی خدمات انجام دے رہے ہیں۔

حکیم محمد رمضان گھاسیڑوی
بمقام گگا گا ڈاک خانہ خاص براہ برکی تحصیل کینٹ ضلع لاہور

مجربات

جلوب سرعت بند: اجزاء و ترکیب ساخت: شنگرف رومی ۱ تولہ، لوبان ۱ تولہ، کافور علی ۱ تولہ، افیون ۱ تولہ۔ شنگرف باریک پیس کر افیون شامل کر لیں جب یکجان ہو لوبان ملا لیں اور بعد ازاں کافور ملا کر کھرل کریں حبوب بقدر نخود بنا لیں۔

مقدار خوراک: ۱ تا ۲ گولی ہمراہ شیر دو گھنٹہ قبل وقت خاص ۱ گولی روزانہ ہمراہ شیر برائے ضعف باہ۔

اولاد نرینہ (آزمودہ) اجزاء و ترکیب ساخت: کشتہ مروارید، کشتہ سنگ یشب، کشتہ مرجان، زہر مہرہ خطائی، دودھی بوٹی (خشک در سایہ) جملہ ادویہ مساوی الوزن سفوف بنا لیں۔

مقدار خوراک: ۱/۲ رتی روزانہ ہمراہ شیر ابتدائے حمل سے

حکیم معشوق احمد علوی

آپ بمطابق ۲۷ اپریل ۱۹۵۸ء جھامیراں شریف ضلع چکوال میں پیدا ہوئے ابتدائی تعلیم مقامی طور پر حاصل کی آپ کو بچپن سے ہی فن شریف سے لگاؤ تھا چنانچہ اس فن کو سیکھنے کا شوق ہوا۔ استاذ گرامی ابوالسنیاس حکیم غلام محمد حکیم حاذق سے ابتدائی طبی تعلیم حاصل کی عملی تجربات اور علمی اکتساب کے بعد پاکستان یونانی طبیہ کالج لاہور سے حاذق الاطباء کی سند حاصل کی اور عملی مطب کے ذریعے علاج معالجہ سے دکھی انسانیت کی خدمت میں مصروف ہیں۔

حکیم معشوق احمد علوی ولد محمد خان علوی
مین بازار برکی تحصیل کینٹ ضلع لاہور

مجربات

اکسیر دمہ: اجزاء و ترکیب ساخت: نوشادر آدھا چھٹانک

سہاگہ سفید اچھٹانک، دار چینی اچھٹانک۔ جملہ ادویہ ایک جنگلی خرگوش کا پیٹ صاف کر کے داخل کریں اور پیٹ سی دیں۔ کوزہ گلی میں بند کر کے ایک من اوپلوں کی آگ دیں سرد ہونے پر کھول کریں اور محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک: ا ماشہ ہمراہ چائے صبح شام۔

فوائد: دمہ کیلئے مفید اور صدری نسخہ ہے۔

برائے سنگ گردہ و مثانہ:

اجزاء و ترکیب ساخت: سنگ یہود ۵ تولہ، قلمی شورہ آدھا پاؤ۔ نوشادر ٹھیکری آدھا پاؤ، جوکھار ۵ تولہ۔ ادویہ یکجان کر کے درمیان میں سنگ یہود رکھیں مٹی کے گھڑے میں آب مولی ایک بوتل ڈال کر ادویہ بھگو دیں۔ دس دن بعد ۲۰ سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ تین مرتبہ عمل کریں آب مولی ڈالتے رہیں۔

مقدار خوراک: ۲ رتی ہمراہ شربت بزوری صبح شام۔

اکسیر امراض خبیثہ:

اجزاء و ترکیب ساخت: کنڈیری خورد اکلو، نیلا تھوتھا ولائتی ا تولہ۔

کنڈیاری کو اتنا کھرل کریں کہ مرہم بن جائے ایک آہنی کڑاہی میں نصف کنڈیاری بچھا کر اوپر نیلا تھوتھا رکھ کر بقیہ کنڈیاری اوپر رکھیں چولہا پر چڑھا کر دو چوبی آگ جلائیں جب کنڈیاری اوپر تک جل جائے۔ سرد ہونے پر نیلا تھوتھا کی ڈلی نکال کے سفوف بنالیں کشتہ برنگ سفید ہوگا۔

مقدار خوراک: اچاول سے ۲ تک ہمراہ مکھن بعد از غذا۔

فوائد: آتشک، قرحہ، سوزاک، ہنجر و دیگر جلدی امراض میں مفید ہے۔

حکیم سیّد نذر حسین شاہ گیلانی

آپ یکم نومبر ۱۹۴۲ء میں پٹی بھارت کے قریب گھڑیالہ شریف کے ایک سادات خاندان میں پیدا ہوئے یہاں دربار بابا شیر شاہؒ ولی کامل زیارت خاص و عام تھا۔ علاقہ میں اس خاندان کی دینی، روحانی، طبی اور سماجی خدمت زبان زد خاص و عام ہیں۔ آپ نے ۱۹۵۸ء میں اخوان برکی سے میٹرک پاس کیا۔ پھر فاضل فارسی کے علاوہ ایم اے اردو ایم ایڈ پنجاب یونیورسٹی سے کیا اور تدریسی شعبہ سے منسلک ہوگئے۔ آپ کے والد گرامی حکیم سیّد عاشق حسین شاہ صاحب امرتسر سے مستند طبیب حاذق تھے چنانچہ اُن کی توجہ اور سرپرستی میں فنِ طب کی تعلیم عملی اور علمی طور پر حاصل کی۔ فنِ شریف سے منسلک اور خدمتِ خلق میں مصروف ہیں۔

حکیم سید نذر حسین شاہ گیلانی ولد حکیم سید عاشق حسین شاہ گیلانی
گورنمنٹ اخوان ہائی سکول برکی تحصیل کینٹ ضلع لاہور

مجرّبات

اکسیر الدم:

اجزاء و ترکیب ساخت: سنگجراحت ۵ تولہ، گیرو ۵ تولہ، مازو سبز بلا سوراخ ۵ تولہ، بیج ابجبار ۵ تولہ۔

سفوف بنالیں۔

فوائد: جسم کے کسی حصہ سے جاری خون کو بند کرنے میں مفید ہے۔

اکسیر نسواں:

(میاد والد گرامی) اجزاء و ترکیب ساخت: کمرکس، مازو، مائیں، پھٹکڑی سفید بریاں، پکھوڑ، پوست فالسہ، سپاری کاٹھیا، سپاری تیلیہ، سنگجراحت ہر ایک ۲ تولہ

معروف خشک حلوہ تیار کرلیں۔

مقدار خوراک: ۲ سے ۳ تولہ تک ہمراہ دودھ۔

فوائد: سیلان الرحم، دردِ کمر، اسقاط۔ اور حیض کی بے قاعدگی میں مفید ہے۔

سفوف خاص: اجزاء و ترکیب ساخت: طباشیر نقرہ ۱ ماشہ، الائچی خورد ۱ ماشہ، مرچ سیاہ ۲ ماشہ نمک سیندھا ۴ ماشہ سفوف بنالیں۔

مقدار خوراک: ۲ ماشہ سے ۴ ماشہ تک ہمراہ شربت سکنجبین صبح شام۔

فوائد: حاملہ کی قے خرابی معدہ اور امراضِ جگر میں مفید ہے۔

شربت سکنجبین: اجزاء و ترکیب ساخت: عرق گلاب ۱ پاؤ، سرکہ انگوری ۱ پاؤ، چینی ۳ پاؤ عرق گلاب کو چینی میں شامل کرکے جوش دیں۔ بعدازاں سرکہ ملاکر قوام بنالیں۔

مقدار خوراک: ۱ چھٹانک شربت تین گنا پانی ملاکر۔

حکیم آفتاب احمد بٹ

آپ ایک معروف طبیب اور علاقہ کی ممتاز سماجی شخصیت ہیں رفاعی اور سماجی سرگرمیوں میں آپ کا نام ہمیشہ سرفہرست رہا۔ ملک کے طول و عرض میں طبی کیمپوں میں آپ نے بے پناہ خدمات انجام دی ہیں۔ جنگ کے دوران آپ نے لاہور کے فوجی ہسپتال میں رضاکارانہ خدمات سرانجام دیں۔

آپ نے ابتدائی تعلیم مکمل کرنے کے بعد طبیہ کالج لاہور سے فاضل الطب والجراحت کی سند حاصل کی۔ آپ ان خوش قسمت اطباء میں سے ہیں جنہیں شفاء الملک حکیم محمد حسن قرشی جیسی شخصیات سے فیض ملا آپ اُن کے شاگردوں میں شامل ہیں اور طویل عرصہ تک اُن کے ساتھ کام کرنے کا اعزاز حاصل کرچکے ہیں۔

فن طب آپ کو وراثتاً منتقل ہوا اور اپنے والد گرامی جناب حکیم عبدالرحیم صاحب سے علمی اور عملی اکتساب کیا اور مطب میں اُن کی معاونت سے علاقہ کے عوام کو علاج معالجہ کی سہولیات فراہم کررہے ہیں فن طب معالجات اور تشخیص پر آپ کے طبی مضامین قومی اخبارات اور جرائد میں شائع ہوتے رہتے ہیں۔ جنہیں طبی برادری میں قدر کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے۔

حکیم آفتاب احمد بٹ ولد حکیم عبدالرحیم
۱۹ مین بازار گڑھی شاہو لاہور نمبر(۵)

حکیم سردار عبدالخالق وصی

آپ ایک ممتاز طبیب وکیل مقرر، ادیب اور نوجوان راہنما ہیں۔ آپ نے انٹرمیڈیٹ تک گورنمنٹ کالج کوٹلی سے تعلیم حاصل کی دورانِ تعلیم طالب علم یونین کے کونسلر نوید سحر کے معاون مدیر سائنس سوسائٹی کے سیکرٹری اور صدر کے علاوہ بہترین مقرر اور طلباء تنظیم کے صدر رہے۔ پھر طبیہ کالج لاہور میں داخل ہوئے دورانِ تعلیم آپ کی ایک پُرعزم باصلاحیت نوجوان کی حیثیت پہچانے گئے۔ کالج میگزین سٹوڈنٹس طبی کونسل کے چیئرمین رہے مباحثوں اور مذاکروں میں اعلیٰ کارکردگی پر گولڈ و سلور میڈل حاصل کئے۔ آپ کی طبی خدمات کے پیشِ نظر قرشی نیشنل فاؤنڈیشن کی طرف سے بھی آپ کو قرشی گولڈ میڈل کے اعلیٰ اعزاز سے نوازا جاچکا ہے۔

آپ قانون کی تعلیم حاصل کر رہے ہیں۔ دوران [illegible] سٹوڈنٹس یونین کے کونسلر اور نمبر سٹوڈنٹس ویلفیئر [illegible] کے صدر رہے۔

آپ دورانِ تعلیم پاکستان طبی کانفرنس [illegible] طبیہ کالج اولڈ بوائز ایسوسی ایشن اور ینگ طبی کونسل کے قانونی مشیر بھی ہیں۔

آپ ایک نوجوان پُرعزم طبیب اور طبابت اسلامی کی ترویج و ترقی کے لئے ہر وقت کوشاں ہیں۔

حکیم سردار عبدالخالق وصی ولد سردار محمد صدیق خان
معرفت دواخانہ شفاء الملک افتخار بلڈنگ چوبرجی لاہور

حکیم امانُ اللہ

آپ ۳ جولائی ۱۹۲۲ء بروز سوموار موضع کرباٹھ تحصیل و ضلع لاہور میں پیدا ہوئے ابتدائی تعلیم مقامی طور پر حاصل کی پھر اسلامیہ ہائی سکول کینٹ سے میٹرک کا امتحان پاس کیا۔ آپ کے والد گرامی حکیم حاذق میاں محمد صاحب علاقہ کے واحد مسلمان مستند تھے فن طب آپ کو وراثتاً منتقل ہوا۔ بعد ازاں حصولِ علم کے لئے ۱۹۴۰ء میں طبیہ کالج لاہور داخل ہوئے جہاں شفاء الملک حکیم محمد حسن قرشی مرحوم حکیم حافظ جلیل احمد انصاری مرحوم حکیم فضل الٰہی مرحوم جیسی نابغۂ روز شخصیات کی شاگردی کا اعزاز حاصل کیا۔

والد گرامی کی وفات کے بعد موضع برکی میں مطب شروع کیا اور [illegible] ڈسٹرکٹ کونسل کے طبی شفاخانہ کے انچارج مقرر ہوئے آپ علاقہ کے نامور طبیب اور سماجی شخصیت ہیں جو خدمتِ خلق [illegible] ہیں۔

حکیم امان اللہ ولد حکیم حاذق میاں محمد مرحوم، موضع برکی تحصیل و ضلع لاہور۔

مجرّبات

برائے اٹھراہ: اجزاء و ترکیب ساخت، چاکسو، رسونت اصلی برگ نیم (خشک) ہموزن عرق گلاب کی مدد سے نخودی حبوب بنالیں۔

مقدار خوراک: ایک گولی صبح و شام نہار منہ ہمراہ دودھ یا عرق سونف آغاز سے وضع حمل تک۔

فوائد: دورانِ حمل جملہ امراض و اٹھراہ میں مفید ہے۔

برائے وجع المفاصل: اجزاء و ترکیب ساخت: فرفیون ۱ تولہ گودہ حنظل خشک ۲ تولہ مصبر ۳ تولہ گوگل بھینسیا ۴ تولہ، مویز منقیٰ۔ ادویہ کوٹ چھان لیں۔ گوگل عرق گلاب میں حل کرکے کھرل کریں منقیٰ ملا کر محلول گاڑھا کریں، در جملہ ادویہ شامل کرکے یکجان کرلیں اور حبوب بقدر نخود تیار کریں۔

مقدار خوراک: دو گولی سے چار تک بوقت شام ہمراہ شیر نیم گرم حسب مزاج کمی و اضافہ کرلیں۔

فوائد: گنٹھیا، نقرس، وجع المفاصل پرانے سر درد میں مفید ہیں تنقیہ دماغ کرتی ہیں (حاملہ کیلئے مضر ہیں)

حکیم میاں انعام اللہ شنار

آپ کا تعلق ایک معروف طبی گھرانے سے ہے۔ یکم فروری ۱۹۵۲ء کو ضلع ساہیوال کے موضع اٹاری ڈنڈیانوالی میں آنکھ کھولی آپ کے نانا حاذق حکیم الملک

محمد داغ دین صاحب کے ہاں اولاد نرینہ نہ ہونے کے باعث آپ کو ان کی آغوشِ عاطفت میں دے دیا گیا۔ ابتدائی تعلیم معاشی طور پر حاصل کی دس سال کی عمر میں تھے کہ نانا کا سایہ سر سے اٹھ گیا۔ تعلیم مکمل کرنے کے بعد اُن کی وصیت کے مطابق طبیہ کالج لاہور میں داخل ہوئے۔ ۱۹۷۱ء میں ایف اے اور ۱۹۷۲ء میں فاضل الطب والجراحت کی اسناد حاصل کیں اور عملی مطب شروع کیا ۱۹۷۵ء میں بی اے کیا اور ۱۹۷۹ء میں لاہور منتقل ہو گئے۔ آپ ایک نوجوان پُرعزم طبیب سماجی کارکن و طب اسلامی کے علمبردار ہیں اور خدمتِ خلق و خدمت فن میں مصروف ہیں۔

حکیم میاں انعام اللہ نثار ولد حکیم محمد عبداللہ
K فہمی سٹریٹ شالامار ٹاؤن لاہور نمبر ۹

مجرّبات

سفوف اکسیر بخار: اجزاء و ترکیب ساخت: گیرو ۱ ماشہ، نوشادر ٹھیکری ۳ ماشہ، کرنجوہ ۱ تولہ، قلمی شورہ ۲ ماشہ سفوف بنالیں۔
مقدار خوراک: ایک ماشہ۔
فوائد: حمی صفراوی میں مفید ہے۔

سفوف ذیابطیس: اجزاء و ترکیب ساخت: صندل سفید ۱ ماشہ، مغز تخم بکائن ۱ ماشہ، طباشیر ۲ ماشہ، الائچی خورد ۲ ماشہ، گڑمار بوٹی چھ ماشہ، پوست بلیلہ زرد، مغز تخم جامن ۲ ماشہ، کشتہ زمرد ۱ ماشہ بدستور سفوف بنالیں۔
مقدار خوراک: ایک ماشہ صبح شام ہمراہ آب۔

اکسیر نزلہ: اجزاء و ترکیب ساخت: گل گاؤزبان ۳ ماشہ، گاؤزبان ۳ ماشہ، عناب و سپستان آٹھ دانہ، خطمی ۳ ماشہ، اور تخم خبازی ۳ ماشہ، بدستور نقوع بنالیں یا بطور جوشاندہ استعمال کریں

حب پیچش: اجزاء و ترکیب ساخت: [illegible] ارسی، کیرو، صمغ عربی، الجبار [illegible] چھالیہ سفید بریاں، رب کوکنار ہمہ ادویہ ہموزن لعاب بہیدانہ سے حبوب بقدر دانہ ماش بنالیں۔
مقدار خوراک: بچوں کیلئے آدھی گولی بڑوں کیلئے دو گولی حسب ضرورت۔

حکیم محمد طارق چوہدری

آپ مورخہ ۱۳ جون ۱۹۵۳ء بمقام لوپوکی چک ۴۲ ضلع فیصل آباد میں کمبوہ برادری کے معزز گھرانے میں پیدا ہوئے۔ ابتدائی دینی تعلیم مقامی طور پر حاصل کی۔ میٹرک [illegible] لاہور سے کیا اور دیال سنگھ کالج سے ایف اے بعد ازاں طبیہ کالج لاہور میں داخل ہوئے۔ اور فاضل الطب والجراحت کی سند امتیازی حیثیت سے حاصل کی۔ آپ ایک نوجوان طبیب سرگرم سماجی کارکن اور طب اسلامی کے علمبردار ہیں۔ عملی طب کے ذریعے خدمتِ خلق میں مصروف ہیں۔

حکیم محمد طارق چوہدری ولد چوہدری عبدالغنی
بمقام چاہ جموں والا نیو سمن آباد، لاہور

مجرّبات

سفوف ٹھنڈک: اجزاء و ترکیب ساخت: قلمی شورہ [illegible] گندھک آملہ سار آدھا پاؤ۔ پہلی مٹی کی ہانڈی میں شورہ ڈال کر اوپر گندھک ڈالیں اور آگ پر رکھیں۔ شورہ پانی بن جائے تو اوپر آگ لگا دیں۔ ٹھنڈا ہونے پر سفوف بنالیں۔
مقدار خوراک: ایک ماشہ۔

فوائد: جگر، مثانہ کی گرمی و سُرعت میں مفید ہے۔

اکسیر جگر: اجزاء و ترکیب ساخت: نوشادر ۱ تولہ، قلمی شورہ ۲ تولہ، افسنتین ۳ تولہ، ریوند چینی ۴ تولہ، تخم کاسنی ۵ تولہ سفوف بنالیں۔

مقدار خوراک: ۳ ماشہ صبح شام ہمراہ شربت بزوری صندل یا عناب۔

فوائد: امراض جگر اور یرقان میں مفید ہے۔

برائے لیکوریا: اجزاء و ترکیب ساخت: سُرمہ سفید ۱ تولہ، مغز کول ڈوڈہ چھ تولہ، پنیر حجزات تازہ ۵ تولہ۔ سُرمہ میں پنیر تھوڑا تھوڑا ڈال کر کھرل کریں جب پنیر ختم ہو مغز کول ڈوڈہ ڈال کر کھرل کریں سفوف بن جانے پر تیار ہے۔

مقدار خوراک: ۲ رتی سے ۴ رتی تک ہمراہ لسی جریان الرحم میں مازو، سپاری دکنی ہموزن سفوف بنا کر ۲ رتی بوقت شام۔

فوائد: جریان الرحم و سیلان میں مفید ہے۔

حکیم کرم نواز صابری

آپ جولائی ۱۹۶۲ء بروز منگل باغبانپورہ لاہور میں پیدا ہوئے۔ پرورش غازی آباد مغلپورہ میں ہوئی۔ ابتدائی دینی تعلیم والدہ ماجدہ سے حاصل کی پرائمری فیڈرل گورنمنٹ سکول ملا لاہور کینٹ سے بعدہٗ میٹرک اسلامیہ ہائی سکول لاہور کینٹ سے اسلامی تعلیمات کا بہت شوق تھا۔ اسی شوق کی بدولت مسجد میں اہل محلہ کے بچوں اور نوجوانوں کو قرآن پاک پڑھانا شروع کیا۔ اس کے بعد کالج میں داخلہ لے لیا۔ درس قرآن پاک کے ساتھ ساتھ ثناخوانِ مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہونے کا بھی شرف حاصل ہے طبیہ کالج داخلہ لینے سے پہلے والد صاحب کے ساتھ عملی مطب کا تجربہ حاصل کیا۔ مئی ۱۹۸۴ء میں فاضل الطب والجراحت کی سند حاصل کی۔ غازی آباد اور شاہراہ قائداعظم بنک اسکوائر میں مطب شروع کیے اور خلق خدا کی خدمت کے علاوہ سماجی رفاہی کاموں اور دینی سرگرمیوں میں مصروف ہیں۔

حکیم کرم نواز صابری ولد حکیم مقبول احمد صابری
مطب صابری مین بازار غازی آباد مغلپورہ لاہور ۱۵

مجرّبات

سفوف اسود اکسیری: اجزاء و ترکیب ساخت: سیماب ۱ تولہ، کبریت ۲ تولہ (گندھک آملہ سار)، ہلیلہ سیاہ ۶ تولہ۔ سب سے پہلے سیماب کو کچی اینٹ میں کھرل کریں۔ بطریق عام اسکے بعد مصفیٰ سیماب برآمد ہوگا۔ اسکو کبریت ۲ تولہ میں ڈال کر سحق بلیغ کریں۔ کہ سیماب کی چمک ختم ہو جائے بعدہٗ ہلیلہ سیاہ عمدہ چھلنی سے چھان کر اس تیار شدہ کجلی (سفوف) میں ڈال کر ہلکے ہاتھ سے کھرل کریں صرف ۵ منٹ۔ بعدہٗ محفوظ طریقے سے صاف شیشی میں بند کر کے رکھیں۔

مقدار خوراک: ۱ سال تا ۱۲ سال: ۲ رتی تا ۴ رتی۔

ترکیب استعمال: ۱۲ سال تا ۲۰ سال ۴ رتی، ۲۰ سال سے زائد ۱ ماشہ ہمراہ دودھ۔ صبح و شام قبل از غذا استعمال کریں۔

فوائد: بول فی الفراش، سلسل بول، ضعف مثانہ، جریان و احتلام، ابتدائی ذیابیطس کیلئے مفید ہے۔

نسخہ ۲: اجزاء: پھٹکڑی سفید ۱ پاؤ، ہیرا کسیس ۱ پاؤ، قلمی شورہ ۱ پاؤ۔

ترکیب تیاری: تمام ادویہ کو نیم کوب کر کے ایک کوزے میں بند کر دیں۔ کوزہ مضبوط اور دوا سے ۴ گنا بڑا ہو اس کے بعد کوزے کو مضبوط گل حکمت کر کے دھوپ میں خشک کر لیں۔ ۵ سیر

حکیم سیف الرحمٰن خالد
فاضل الطب و الجراحت
ضیاء دواخانہ چنا ٹاؤن باغبانپورہ
جی ٹی روڈ شاہدرہ لاہور

مجرّبات

خارش خشک: اجزاء و ترکیب ساخت، گندھک آملہ سار ۱ تولہ، بندق ۱ تولہ، نمک خوردنی ۱ تولہ، اجوائن دیسی ۲ تولہ باریک سفوف بنالیں۔

مقدار خوراک، ۴ رتی سے ایک ماشہ تین وقت۔
بادی و ترش اشیاء تیز مصالحہ جات سے پرہیز کریں۔

سیلان الرحم: اجزاء و ترکیب: گل سرخ ۵ تولہ، تخم کاسنی ۵ تولہ، سہاگہ سفید بریاں ۳ تولہ، شیر عشر آدھا تولہ۔ جملہ ادویہ ملا کر شیر عشر تھوڑا تھوڑا ڈال کر کھرل کریں۔

مقدار خوراک: ۲ رتی ہمراہ دودھ تین وقت۔

برائے قبض دائمی: اجزاء و ترکیب ساخت، اجوائن دیسی ½ ماشہ
مقدار خوراک: بعد غذا ایک ایک گولی ہمراہ آب تازہ استعمال کریں۔

برائے حمیات ہر قسم: کشتہ گئودنتی ۱۰۰ گرام، خاکسیر ½ کلو۔ ترکیب: خاکسیر کو ایک کلو پانی میں جوش دیں۔ جب چوتھائی رہ جائے چھان کر گئودنتی کو اس میں کھرل کریں۔ بس تیار ہے۔

مقدار خوراک، ایک گرین صبح و شام ہمراہ مناسب بدرقہ۔

حکیم سیفُ الرحمٰن خالد

آپ نے ابتدائی تعلیم حاصل کرنے کے بعد اپنے والد بزرگوار کے زیر سایہ گیارہ سال تک عملی مطب کا تجربہ حاصل کیا اور ساتھ ساتھ دینی اور طبی کتب شرح اسباب تک پڑھیں پھر کراچی منتقل ہو گئے اور ہمدرد دواخانہ سے منسلک ہوئے تقریباً ستائیس سال تک وابستہ رہے اور اب لاہور میں ذاتی مطب جاری ہے۔ اور علاقہ کے عوام کیلئے علاج معالجہ کی خدمات انجام دے رہے ہیں۔

کثیر الفوائد: اجزاء و ترکیب ساخت: قلمی شورہ ۵ تولہ، برگد ۵ تولہ، فلفل سفید ...
سفوف سازند خوراک ۳ ماشہ ہمراہ آب تازہ یا شربت ...

فوائد: بلڈ پریشر، چھپاکی (الرجی) مثانہ کی گرمی، پیٹ ...
پودینہ خشک ½ ماشہ حسب دستور قہوہ بنا کر قدرے نمک ...
صبح شام بعد از غذا۔

سید نجم السعید شاہ جیلانی

آپ ضلع سیالکوٹ کے گاؤں موضع بھگوال اعوان مطابق ۱۹۶۴ء میں پیدا ہوئے بعد ازاں آپ کے اہل خانہ گجرات میں منتقل ہو گئے وہاں آپ نے درسی اور دینی تعلیم حاصل کی اور ایف اے کرنے تک اپنے والد گرامی سے طبی تعلیم سبقاً و عملاً حاصل کرتے رہے۔

تعلیم سے فارغ ہونے کے بعد آپ محکمہ عشر و زکوٰۃ حکومت پنجاب سے بطور سٹینوگرافر منسلک ہو گئے۔

آپ نے فن طب میں مہارت حاصل کرنے کے لئے لاہور میں حکیم عارف مبین صاحب اور حکیم حیات اختر صاحب سے اکتساب کیا اور چشتیہ کلینک کے نام سے داتا صاحب کے قرب میں خدمت خلق میں مصروف ہیں۔

فیوض المعید سید نجم السعید شاہ جیلانی
ولد حکیم ابو المصباح سید اصفی اللہ جیلانی
چشتیہ کلینک ۲۰ ذیلدار روڈ، داتا دربار لاہور

مجربات

برائے امراض جلد: اجزاء و ترکیب ساخت: برگ مہندی ۲ تولہ، مردار سنگ ۲ تولہ، کتھ سرخ ۱ تولہ، کیلا ۲ تولہ، مشک کافور دو ٹکیہ، گوڑ ۱ تولہ، کالی زیری ۱ تولہ، نیلا تھوتھا آدھ ماشہ۔ جملہ ادویہ آدھ پاؤ مکھن میں مرہم بنالیں اور مقام ماؤف پر استعمال کریں۔
فوائد: چنبل، داد، خارش میں مفید ہے۔

اکسیر ذیابیطس: اجزاء و ترکیب ساخت: تخم جامن، گڑمار بوٹی، تخم کریلا، پرسیاؤشاں، کشتہ فولاد علیحدہ علیحدہ باریک سفوف بنا کر ملالیں۔
مقدار خوراک: ۳ ماشہ تین وقت ہمراہ قہوہ لونگ دارچینی۔

ممسک مقوی: اجزاء و ترکیب ساخت: عقرقرحا، لونگ، زعفران، دارچینی، جائفل، مصطگی رومی، شنگرف، افیون جملہ ادویہ ہموزن ایک پاؤ آب پیاز میں کھرل کریں اور حبوب بقدر نخود تیار کرلیں۔
مقدار خوراک: دو گولی دو گھنٹہ قبل از وقت ہمراہ شیر، تقویت کے لئے ایک گولی دو یا تین وقت روزانہ ہمراہ قہوہ لونگ، دارچینی

برائے لیکوریا: اجزاء و ترکیب ساخت: کشتہ مرگانگ ۱ تولہ، کشتہ مرجان چھ ماشہ، کشتہ سکہ ۳ ماشہ، مہر سیاہ ۱ ماشہ، کشتہ عقیق چھ ماشہ، کتھ سرخ ۲ تولہ، الائچی سبز ۱ تولہ، دم الاخوان ۲ تولہ، طباشیر اصلی ۲ تولہ، سمندر سوکھ ۲ تولہ، گوند ۱ تولہ، کشتہ فولاد ۱ تولہ۔ جملہ ادویہ علیحدہ علیحدہ پیس کر ملالیں۔
مقدار خوراک: ڈیڑھ ماشہ صبح دوپہر ہمراہ مکھن یا بالائی۔

برائے بندش اجزاء و ترکیب ساخت: [illegible] اور بطور قہوہ یا [illegible] شامل کر کے استعمال [illegible]

نسخہ شافہ: اجزاء ۲ تولہ [illegible] گولیاں بنالیں۔
فوائد: رحم کو تحریک دے کر حیض جاری کرنے میں مفید ہے۔

قاری منیر خان بھٹی

آپ بمطابق ۲۲ اپریل ۱۹۶۵ء لاہور میں پیدا ہوئے ابتدائی دینی و درسی تعلیم مقامی سطح پر حاصل کی۔ گورنمنٹ مسلم لیگ ہائی سکول لاہور سے میٹرک پاس کرنے کے بعد اسلامیہ کالج ریلوے روڈ سے ایف اے کا امتحان پاس کیا۔ پھر سرکاری ملازمت سے وابستہ ہوگئے۔ دوران ملازمت سی ایل۔ آئی۔ ایس ٹی کام اور بی اے کے امتحانات پاس کئے۔ آپ کو حکمت سے دلچسپی عوائل عمری سے ہی تھی۔ آپ نے فن طب پر بہت قابل اور نامور اطباء سے استفادہ کیا بعد ازاں ہومیوپیتھی میں چار سالہ کورس کیا آپ ہومیوپیتھی کیساتھ ساتھ یونانی طریقہ علاج سے بھی علاج کرتے ہیں۔

قاری منیر احمد خان ولد بشیر خان
مکان نمبر ۱۲ گلی نمبر ۳ نواب پارک گھوڑے شاہ روڈ لاہور

مجربات

برائے وجع المفاصل: اجزاء وترکیب ساخت: پوست بیخ آکسن (خشک کردہ درسایہ) چھ تولہ۔ کشتہ شاخ گوزن (در شیر مدار) ۱ تولہ۔ زنجبیل ۱ تولہ۔ فلفل گرد ۱ تولہ، سوڈا سلی سلاس دو تولہ۔ سوڈا بائیکارب تین تولہ ریوند خطائی ۱ تولہ۔ زنجبیل، بیخ آکسن۔ اور فلفل گرد کو سفوف بنالیں بعد میں بقیہ ادویہ شامل کر کے سفوف کریں اور ایک ماشہ کے کیپسول بھریں۔

مقدار خوراک: ۱ ماشہ (ایک کیپسول) صبح و شام۔

فوائد: وجع المفاصل نیز ریاحی دردوں کیلئے مفید ہے۔

روغن حیات: اجزاء وترکیب ساخت: برادہ صندل سفید چالیس تولہ۔ کافور دیسی، دانہ الائچی خورد، کتھ سفید، کباب چینی، رال سفید، دم الاخوین، بیخان بید پھٹکری سفید ہر ایک دس دس تولہ۔ شورہ قلمی دو تولہ۔ سلاجیت اصلی سوا تولہ تمام ادویہ باریک سفوف بنا کر اڑھائی سیر گندہ بیروزہ میں آمیز کر کے آتشی شیشی میں ڈال کر بذریعہ پتال جنتر بیس تولہ روغن کشید کر لیں اور اس میں روغن بلسان پانچ تولہ شامل کر لیں۔

مقدار خوراک: دس قطرے صبح دوپہر شام بتاشے یا چینی کیساتھ۔

فوائد: نئے پرانے سوزاک میں ازحد مفید ہے مثانہ کی جلن میں فائدہ مند ہے۔

حکیم صوفی محمد اکبر

آپ (۱۹۴۰) کو ضلع امرتسر میں پیدا ہوئے۔ ابتدائی دینی و درسی تعلیم مقامی طور پر حاصل کی بعد ازاں لاہور میں تعلیم مکمل کرنے کے بعد اپنے والد گرامی کیساتھ مطب میں حکمت کے رموز و نکات سیکھے حاصل کی اور ان کی زیر نگرانی ادویہ سازی پر تحقیقی کام شروع کیا۔ آپ اس فن شریف کے ذریعے عوام کو علاج معالجہ کی سہولیات فراہم کرنے کے ساتھ ساتھ فن طب کی خدمت میں مصروف ہیں۔

حکیم صوفی محمد اکبر ولد حکیم محمد شفیع
کوٹھی نمبر ۱۶ بلاک نمبر ۱۲ ٹاؤن شپ المدینہ روڈ لاہور

مجربات

برائے اٹھرا و لیکوریا: اجزاء وترکیب ساخت: برادہ ہاتھی دانت ایک تولہ طباشیر نقرہ دو تولہ۔ الائچی خورد دو تولہ۔ سہارہ دو تولہ۔ تمام ادویہ سفوف بنالیں۔

مقدار خوراک: چھ ماشہ نہار منہ اور رات ہمراہ آب تازہ۔

فوائد: دو ماہ کا مکمل استعمال مرض اٹھرا اور لیکوریا کا خاتمہ کرتا ہے۔

برائے ذیابطیس: اجزاء وترکیب ساخت: بیضہ مرغ دیسی ایک عدد، سرکہ انگوری چار سو گرام مصطگی رومی ۱ تولہ۔ انڈے کو سرکہ میں رات بھر بھگو رکھیں صبح جوش دیکر مصطگی رومی کے ہمراہ کھائیں۔

فوائد: سلسل البول و ذیابیطس میں ایک ہفتہ کا استعمال فائدہ مند ہے۔

حکیم محمد انوار الحق

ابتدائی دینی و درسی تعلیم کے بعد ۱۹۳۷ء میں مدرسہ جامعہ قادریہ فیروز پور چھاؤنی میں عربی اور فارسی کی تعلیم تین سال تک حاصل کی اور کتب نحو صرف و نحو سے فارغ ہوئے۔ بعد ازاں دوسری عالمگیر جنگ کے دوران فوج میں بطور حوالدار بھرتی ہوئے پھر ۱۹۴۲ء میں فوج سے رخصت لیکر طب کی تعلیم مکمل کی۔ پاکستان بننے پر آپ نے تحریک پاکستان میں گرانقدر خدمات انجام دیں۔ اور مہاجرین کو علاج معالجہ کی سہولیات مفت فراہم کرتے رہے۔ پنجاب یونیورسٹی سے ادیب فاضل کا امتحان پاس کیا۔ پھر آبائی علاقہ انگہ تحصیل و ضلع خوشاب میں عرصہ دس تک مطب کیا۔ ۱۹۵۶ء میں ساہیوال کی جاگیر پر منتقل ہوئے۔ اور لاہور میں رہائش اختیار کر لی لیکن ہر ماہ میں ایک ہفتہ چک ۹۹/۱۲-ایل میں علاقہ کے عوام کو علاج معالجہ کی سہولیات فراہم کرتے ہیں اس طرح آپ فن طب کے ذریعے دکھی انسانیت کی خدمت میں مصروف ہیں۔

حکیم محمد انوار الحق ولد برہان الدین
مطب انوار الشفاء چشمہ فیض سلطان باہو۔ گلی نمبر 56/B
سید پارک نزد ابدالی چوک اسلام پورہ لاہور ۲

مجربات

سفوف جریان:

اجزاء و ترکیب ساخت: مغز سیتا سپاری، بیجبند، کشنیز، گاؤزبان، تخم تمر ہندی، کوکنار، گل سرخ، گوند کتیرا، سوڈیم بروما ئیڈ چھلکا اسبغول جملہ ادویہ ہموزن اور چھلکا اسبغول پانچ گنا (یک جزو سے) چینی تمام کے ہموزن۔

مقدار خوراک: چھ گرام ہمراہ دودھ۔

فوائد: جملہ امراض سرعت، ذکاوت حس، جریان احتلام میں مفید ہے۔

برائے امراض قلب و فشار الدم:

اجزاء و ترکیب ساخت: چھوٹی چندن، بالچھڑ، دارچینی، دانہ الائچی خورد، بادیان، گل سرخ۔ سوڈیم برومائیڈ کافی مصری تمام اجزاء ہموزن کافی مصری سہ گنا (ایک جزو سے) سفوف بنالیں۔

مقدار خوراک: تین ماشہ صبح و شام۔

فوائد: ہائی بلڈ پریشر اور اس سے متعلقہ امراض قلب میں مفید ہے۔

برائے امراض معدہ:

اجزاء و ترکیب ساخت: بادیان، تخم سداب، زیرہ سفید، بالچھڑ، برگ پودینہ، ہلیلہ زرد، ہیلہ سیاہ، آملہ، برگ سناء، گلسرخ، فلفل سیاہ، تربد مجوف سفید، کشنیز، اجوائن دیسی، نوشادر ٹھیکری، نمک سیاہ، نمک سانبھر، نمک لاہوری، ہر ایک تولہ تولہ۔ ست میوں چھ ماشہ سفوف بنالیں۔

مقدار خوراک: تین ماشہ بعد از غذا۔

برائے وجع المفاصل:

اجزاء و ترکیب ساخت: سورنجاں شیریں، زنجبیل، بہمن سفید، فلفل دراز، بیخ اسگندھ ناگوری، پوست

بیخ آک مضول، سوڈیم سیلی سلاکس فینیٹن ہموزن سفوف بنائیں۔

مقدار خوراک: تین گرام صبح وشام ہمراہ دُودھ۔

فوائد: جملہ امراض مفاصلیہ و درد مفاصلیہ و ریاحی میں مفید ہے۔

تریاق الاطفال: اجزاء و ترکیب ساخت: تربد سفید مجوف، پوست ہلیلہ زرد، برگ پودینہ بائی، سوڈیم بائیکارب، گلسرخ۔ گلوکوز، ہموزن سفوف کپڑ چھان کرلیں۔

مقدار خوراک: ایک ماشہ دبطابق عمر روزانہ ہمراہ عرق بادیان

فوائد: بچوں کی جملہ امراض میں مفید ہے۔

طلاء: اجزاء و ترکیب ساخت: روغن مالکنگنی بذریعہ پتال جنتر کشید کریں اور روغن کے برابر شیر مدار (آک کا دودھ) شامل کرکے آگ پر رکھیں۔ جب دودھ جل جائے اور صرف تیل باقی رہ جائے تو تیل کے برابر وزن روغن بیضہ مرغ اور روغن سانڈہ ملاکر رکھیں بطریق معروف طلا کرکے روغن ارنڈ باندھیں ہفتہ دس میں جملہ نقائص لج لاغری کوتاہی میں انتہائی فائدہ مند ہے۔

❖ ❖ ❖

حکیم حافظ محمد نواز ناوڑا

آپ کا تعلق ایک متوسط گھرانے سے ہے۔ آپ بستی ناوڑا میں پیدا ہوئے اور ابتدائی تعلیم مقامی طور پر ہی حاصل کی پھر دینی تعلیم کیطرف راغب ہوئے۔ اور اسی مقصد کے لئے ملتان لاہور اور حیدر آباد کے سفر کئے۔ دینی تعلیم سے فراغت کے بعد آپ طب اسلامی کی طرف متوجہ ہوئے اور اعظم طبیہ کالج حیدرآباد میں داخلہ لیا۔ وہاں سے فاضل الطب والجراحت کی سند حاصل کی۔ اسکے ساتھ ساتھ جدید تعلیم بھی جاری رکھی اور بی۔ اے کی ڈگری حاصل کی۔ اب آپ حیدر آباد میں ایک مقامی مسجد میں امامت کے فرائض کے ساتھ فن طب کے ذریعے خدمت خلق میں مصروف ہیں۔

حکیم حافظ محمد نواز ناوڑا ولد امیر علی
مقام بستی ناوڑا تحصیل کروڑ۔ ضلع لیہ

مُجرّبات

سفوف عشرت: اجزاء و ترکیب ساخت: نمک چکنی ۳ رتی کائپھل ۴ رتی۔ لونگ ۴ رتی۔ شنگرف ۴ رتی۔ ورق طلاء ۶ رتی۔ زعفران ۱ رتی۔ دارچینی ۱ ماشہ کستوری ۱ ماشہ۔ ریگ ماہی ۱ ماشہ۔ افیون ۴ رتی۔ ورق نقرہ ۷ رتی۔ ہر ایک دوا کو پیس چھان کر سفوف تیار کریں۔

مقدار خوراک: ۲ چاول تا ۶ چاول صبح بعد از مرغن ناشتہ استعمال کریں

نوٹ: یہ نسخہ سخت گرم خشک مزاج والوں کے علاوہ ہر ایک شخص بخوبی فائدہ اُٹھا سکتا ہے۔

برائے جریان: اجزاء و ترکیب ساخت: گوند کتیرا ۲ تولہ۔ موصلی سفید ۲ تولہ۔ ثعلب مصری ۲ تولہ۔ سبوس اسبغول ۲ تولہ۔ طباشیر کبود ۶ ماشہ۔ دانہ الائچی خورد ۱ تولہ۔ مصری ۱۰ تولہ۔ پاؤ دودھ سے استعمال کریں۔ انشاءاللہ دس دن میں کافی فائدہ ہوگا۔

نوٹ: یہ نسخہ صفراوی طبع صاحبان کے لئے ازحد مفید ہے۔

سفوف ہاضم: اجزاء و ترکیب ساخت: سونٹھ ۱ تولہ۔ نمک سیاہ دو تولہ۔ پیپل تین تولہ۔ نمک سیاہ ۲ تولہ۔ گندھک آملہ سار پانچ تولہ۔ ان سب کو عرق لیموں تازہ میں دس روز کھرل کرکے

سفوف بنالیں۔
مقدار خوراک: دو رتی غذا کے پہلے یا بعد میں پانی کیساتھ استعمال کریں۔ قبل از طعام کھانے سے اشتہائے صادق پیدا کرتا ہے۔ بعد از طعام استعمال سے ہاضم ہوتا ہے۔

حکیم صوفی محمد ذکاءُ اللہ نمبردار

آپ ۱۱ اکتوبر ۱۹۴۲ء موضع باراندری شرقپور شریف ضلع شیخوپورہ میں پیدا ہوئے۔ حکمت کا سلسلہ آپ کے خاندان میں پشت در پشت چلا آرہا ہے۔ اپنے محترم والد صاحبؒ سے ہی طب کی تعلیم حاصل کی جس میں شرح اسباب۔ قانونچہ۔ مخزن حکمت۔ طب اکبر۔ قرابا دین۔ علم الادویہ وغیرہ پڑھیں۔ والد محترم سے ہی دینی تعلیم بھی حاصل کی۔ چنانچہ ۱۹۶۸ء کو طبی بورڈ نے رجسٹرڈ کیا۔ اور عملی مطب کے ذریعے خدمتِ خلق میں مصروف ہیں۔ طب کے موضوع پر آپ کی تصنیف ضیاءالمجربات زیرِ طبع ہے۔
حکیم صوفی محمد ذکاءاللہ نمبردار ولد حکیم حاجی غلام رسول مولوی دواخانہ فتح پور۔ تحصیل کروڑ۔ ضلع لیہ۔

مجرّبات

حبّ اٹھرا: اجزاء و ترکیب ساخت: برگ نیم جو خود بخود گرے ہوں۔ اس کو تین یوم کسی مٹکے میں بھگو رکھیں۔ بعد تین یوم کے جوش دیں۔ جب نصف پک چکے تو اتار کر چھان کر دوبارہ آگ پر رکھیں اور رُب حاصل کریں۔ جو کہ گولی بنانے کے قابل ہوجائے گولیاں بقدر مسور بنائیں۔ صبح نہار منہ ایک گولی ہمراہ عرق بید مشک ۱۰ تولہ استعمال کریں۔ اٹھرا کے لئے مجرب ہے۔ علاوہ ازیں ضعفِ قلب۔ فالج۔ اور لقوہ کو مفید ہے۔ آزمائیں اور بندہ کو دعائے خیر سے یاد فرمائیں۔

معجون اٹھرا: اجزاء و ترکیب ساخت: رُب نیم ۲ تولہ۔ مروارید ۱ ماشہ۔ کہربائے شمعی ۲ تولہ۔ طباشیر نقرہ ۱ تولہ۔ عود صلیب ۱ تولہ۔ ورق نقرہ ۱۲ عدد۔ عنبر اشہب ۱ ماشہ۔ شہد خالص حسب ضرورت بطریق معروف معجون تیار کریں۔
مقدار خوراک: چھ ماشہ تا ایک تولہ۔ ہمراہ شیر گائے تازہ بوقت صبح استعمال کرائیں۔ اٹھرا کے لئے تریاق ہے۔ مقوی قلب اور مقوی اعضائے رئیسہ ہے۔

برائے دھدر: اجزاء و ترکیب ساخت: رال سفید ۱ تولہ۔ نیلا تھوتھا چھ ماشہ۔ کمیلہ ۳ ماشہ۔ بابچی ایک تولہ۔ گندھک آملہ سار ایک تولہ۔ چوب چینی ایک تولہ۔ مردہ سنگ ۱ تولہ۔ تمام ادویات کو باریک پیس کر لیموں کے رس میں پتلی سی مرہم بنا کر لگائیں۔ یا مندرجہ بالا ادویات کو باریک پیس کر سرکہ انگوری خالص ۲ چھٹانک میں ملا کر شیشی میں بند رکھیں۔ بوقت ضرورت دھدر پر لگائیں۔ سرکہ ملانے کی صورت میں سب سے پہلے گندھک آملہ سار میں ۱ تولہ پارہ کا اضافہ کریں۔ مرض کا نشان تک نہ رہیگا۔

معجون مقوی دماغ و اعضاء رئیسہ: اجزاء و ترکیب ساخت: پوست ہرڑ زرد ۲ تولہ۔ ہرڑ کابلی دو تولہ۔ ہرڑ سیاہ۔ آملہ مقشر۔ بہیڑہ ہر ایک ۲۔۲ تولہ۔ کشنیز ۲ چھٹانک۔ مغز بادام ۴ چھٹانک۔ مغز کھیرا ایک پاؤ۔ روغن بادام ۵ تولہ۔ چینی ½۲ کلو۔ گل گاؤزبان ۱ تولہ۔ گل سرخ ۱ تولہ۔ سونف ۱ چھٹانک۔ خشخاش ۱ چھٹانک۔ مغز پستہ ½ چھٹانک۔ الائچی خورد ۱ تولہ۔ تمام ادویات کو باریک کرکے معجون تیار کریں۔

مقدار خوراک: صبح نہار منہ ۲ تولہ ہمراہ پانی استعمال کریں۔
اجزاء و ترکیب ساخت: زہر مہرہ خطائی

دوائے جنون:

صندل سفید، کہربا شمعی، جدوار خطائی ابریشم مقرض ہر ایک ایک تولہ۔ افیون خالص ۴ ماشہ، تخم کاہو ۳ تولہ، بادیان ۲ تولہ، بادرنجبویہ ۳ تولہ سفوف تیار کریں۔
ترکیب استعمال: ایک سے ڈیڑھ ماشہ ہمراہ آب تازہ استعمال کریں۔
فوائد: جنون، مالیخولیا، مراقی، ہذیان، بے خوابی، اختناق الرحم میں مفید ہے۔

طلاء اکبر:

اجزاء و ترکیب ساخت: ۵ کلو دودھ لیکر اس میں کنیر سفید کی جڑ کی چھال ایک پاؤ لیکر دودھ میں جوش دیں۔ یہاں تک کہ دودھ پکنے لگے تو دو تولہ سم الفار سفید باریک کرکے ملا دیں۔ تھوڑی دیر پکنے کے بعد دودھ ٹھنڈا کرکے کنیر کی چھال ملکر نکال لیں۔ بعد میں دودھ میں جاگ لگا کر دہی بنالیں۔ دہی کو رڑک کر مکھن نکال لیں۔ مکھن کو کھرل میں ڈال کر اس میں بیر بہوٹی ۱ تولہ جونک ۱ تولہ، عقر قرحا ۱ تولہ۔ زفت رومی ۱ تولہ۔ لونگ۔ جوزبوا دارچینی ہر ایک ایک تولہ۔ زعفران اصلی ۴ ماشہ کھرل کریں۔ انڈہ دیسی۔ مرغی کالی لیکر اس کی زردی پر ادویہ ڈال کر کھرل کریں۔ یہاں تک کہ وہ انڈے کی زردی کھرل ہوجائے۔ پھر پتال جنتر کے ذریعے یا کڑچھی کے ذریعے تیل کشید کریں۔ پکے بعد دیگرے آلہ تناسل پر لگا کر پٹی باندھ دیں۔ تین پٹی کے بعد معمولی دانے نکل آئیں گے تو اس کے اوپر بادام روغن یا مکھن لگائیں۔ صرف دو یوم میں آرام ہوگا۔ تیسرے چوتھے روز پھر ایک پٹی لگائیں۔ مکمل صحت یاب ہوگا۔
فوائد: کمزوری۔ ٹیڑھا پن۔ مردہ رگوں کو زندہ کردیتا ہے۔

حکیم فقیر میاں الٰہی بخش لیکھی سرائی

آپ ۹ ستمبر ۱۹۲۸ء میں پیدا ہوئے۔ پانچ سال کی عمر میں اس زمانہ کے دستور کے مطابق اسلامی پرائمری مدرسہ مسجد محمد بقا صاحب ... چہارم تک حاصل کرنے کے بعد جماعت پنجم میں ... سکول لیہ میں داخل ہوئے۔ بعض ناگزیر حالات کی بنا پر تعلیم کا سلسلہ منقطع کرنا پڑا۔ سکول چھوڑ کر جامع مسجد لیہ کے ... مولوی جناب عبدالرحیم صاحب سے فارسی شروع کی اس کے بعد قاسم العلوم میں جناب غلام حسین صاحب نعمانی سے ایک عرصہ تک فارسی کی تعلیم حاصل کی اسی دوران جناب شیخ ... کریم صاحب جو لیہ کے جید حکیم تھے اُن سے شفاء الامراض ... میں پڑھی ان کے انتقال کے بعد جناب حاجی سید محمد اسلم شاہ صاحب سامانوی سے فارسی میں طب اکبر پڑھی۔ آپ جڑی بوٹیوں اور کشتہ سازی میں مہارت تامہ رکھتے تھے۔ ۱۹۴۶ء میں میونسپل کمیٹی کی ملازمت اختیار کی اور مختلف عہدوں پر خدمات انجام دیں۔ پنشن کی درخواست دی اور طب کے ذریعے خدمت خلق کا فیصلہ کیا۔ عملی مطب کے ذریعے فن شریف اور خدمت خلق میں مصروف ہیں۔ طبی مجلس لیہ کے سیکرٹری نشر و اشاعت اور کئی سماجی تنظیموں میں کارہائے نمایاں انجام دے چکے ہیں۔

حکیم فقیر میاں الٰہی بخش لیکھی سرائی ولد میاں جلال
مطب نزد جنرل پوسٹ آفس۔ لیہ

مجربات

برائے بواسیر خونی:

اجزاء و ترکیب ساخت: قلمی شورہ گندھک آملہ سار ۱ تولہ۔ ہر ایک علیحدہ علیحدہ باریک کر کے رکھیں۔

پہلے قلمی شورہ کی تہہ کسی آہنی برتن میں بچھائیں اسکے اوپر گندھک اسی طرح آخر میں بھی اوپر قلمی شورہ کی تہہ آئے۔ گندھک اچھی طرح سے ڈھک جائے۔ نیچے دہکتے ہوئے کوئلوں کی آگ دیں۔ آگ کی تیزی سے گندھک کو آگ لگ جائے تو علیحدہ باریک شدہ قلمی شورہ کی چٹکی سے آگ کو ختم کریں یعنی قلمی شورہ ڈالیں۔ اس ترکیب سے گندھک بھسم ہو جاتی ہے۔ ٹھنڈا ہونے پر دوائی محفوظ کریں۔

ایک رتی سے دو رتی تک صبح مکھن میں مریض کو دیں، ہفتہ عشرہ کافی ہے۔ انشاءاللہ شفا ہوگی۔ مسّوں پر لگانے کے لئے گائے کا یکصد دو بار دھویا ہوا مکھن ایک شارک، افیون ۲ رتی، سندھور ۲ رتی باہم ملا کر مرہم سی بنالیں۔ مسّوں پر لگایا کریں مجرب ہے۔

برائے چنبل:

اجزاء و ترکیب ساخت: میٹھا تیل ایک پاؤ، برگ مدار دو شارک کپڑے سے صاف کریں، گرد و غبار کو نہ دھوئیں تیل کو آگ پر گرم کریں۔ جب تیل میں جوش آجائے تو برگ مدار سبز جو قینچی وغیرہ سے ٹکڑے ٹکڑے بنے ہوئے ہوں گے احتیاط سے تیل میں ڈالیں آنکھوں اور چہرہ کا خیال رکھیں۔ جب ڈوبتے ڈالے جاتے ہیں تو تیل کی بوندیں بلند ہو کر باہر آجاتی ہیں۔ اسلئے احتیاط ضروری ہے۔ آنکھ چہرہ وغیرہ پر نہ پڑیں۔ جب پتے جل جائیں اتار لیں۔ احتیاط سے پتے جلے ہوئے باہر پھینک دیں۔ تیل مقام مرض پر لگایا کریں۔ انشاءاللہ تعالیٰ جلدی شفا ہوگی۔

برائے بلغمی کھانسی و دمہ:

اجزاء و ترکیب ساخت: نمک سیاہ ایک پاؤ باریک شدہ شیر مدار کسی کھلی برتن میں ڈالیں یہاں تک اس برتن میں ایک پاؤ رہنے دیں۔ جب تک ایک سیر شیر مدار خشک نہ ہو جائے بعدہٗ اس برتن کو گل حکمت کر کے گج پٹ کی آگ دیں، سرد ہونے پر نکال کر باریک کر کے محفوظ کرلیں۔

ایک رتی سے چار رتی تک گرم پانی سے انشاءاللہ تعالیٰ بلغمی کھانسی رفع دفع ہو جائے گی۔

برائے پائیوریا و درد دانت:

اجزاء و ترکیب ساخت: کتھ ایک تولہ، پھٹکڑی سفید ایک تولہ، الائچی خورد ۳ ماشہ۔ ان تینوں ادویات کو باریک کر کے بعدہ ۶ ماشہ کافور باریک کر کے شامل کریں۔ کاگ دالی شیشی میں محفوظ کرلیں۔ دن میں ایک دفعہ منجن کی صورت میں دانتوں کو ملا کریں۔ غلیظ اور عفونت شدہ پانی خارج ہوگا۔ درد پائیریا وغیرہ رفع ہوگا۔ ساتھ ہی ہلتے ہوئے دانت بھی مضبوط ہو جائیں گے۔ انشاءاللہ تعالیٰ۔

جوہر ہاضم:

اجزاء و ترکیب ساخت: سفوف برائے دفع ریاح مقوی ہاضمہ دافع درد شکم بھوک کو بڑھاتی ہے۔ جوہر پودینہ ۶ ماشہ۔ جوہر نوشادر ۳ تولہ، فلفل سیاہ، فلفل دراز۔ جوکھار۔ نمک ٹرلی۔ کھار۔ چرچٹہ۔ کھار کسیلی خورد۔ ہر ایک ایک تولہ۔ دانہ الائچی کلاں ۳ تولہ۔ نمک لاہوری ۳ تولہ ہرمچی مسفٰی ۵ تولہ۔ سب کو باریک کر کے باہم ملالیں۔

مقدار خوراک ۲ رتی ہمراہ عرق بادیان ۶ تولہ لیا کریں مجرب ہے۔

نوٹ: جوہر نوشادر اگر کیلے کی جڑ میں کھول کر کے حل کیا جائے تو زیادہ مفید ہے۔ انشاءاللہ تعالیٰ بہت فائدہ ہوگا۔

حکیم میاں فیض احمد
جھنڈیر عباسی

آپ کا تعلق جھنڈیر کے معروف روحانی خاندان سے ہے جس کا سلسلہ سادات خاندان سے ملتا ہے۔ ان خاندان میں بہت سی عظیم المرتبت ہستیاں ہوگزری ہیں۔ آپ نے ابتدائی دینی و درسی تعلیم اسی ماحول میں حاصل کی۔ برادر جناب میاں محمد غوث جھنڈیر کو طب سے خصوصی لگاؤ تھا۔ ان کی وجہ سے طب کی طرف راغب ہوئے۔ اسی شوق کی تکمیل کیلئے مسیح الملک طبیہ کالج لاہور سے امتحان پاس کرکے رجسٹریشن ہوئی۔ قدیم نادر قلمی کتب سے آپ کو خصوصی لگاؤ ہے۔ ملتان کے معالج حکیم محمد شریف بانی تحریک تجدید طب کی کتابوں سے استفادہ کیا اور نظریہ مفرد اعضاء کے بانی جناب الحاج حضرت حکیم دوست محمد صابر ملتانی سے فیضیاب ہوئے۔ آپ علاقہ کے ایک معروف روحانی، سماجی اور طبی شخصیت ہیں جو خدمت خلق کو اپنا شعار بنائے ہوئے ہیں۔

حکیم میاں فیض احمد جھنڈیر عباسی ولد حکیم میاں نور محمد جھنڈیر مرحوم
فیض انتشار انقلابی دواخانہ۔ محب پور غریب آباد
تحصیل و ضلع لودھراں

مجربات

تسکین قلب:

اجزاء و ترکیب ساخت: قلمی شورہ ۵۰ تولہ صندل سفید ۵ تولہ۔ تخم خشخاش ۵ تولہ۔ دھنیا خشک ۵ تولہ۔ زرشک ۵ تولہ۔ گل سرخ ۳۰ تولہ سب کو خوب باریک کرکے چھان کر سفوف بنائیں تیار ہے۔

نوٹ: اس کے ہمراہ چینی یا گلوکوز ملالیں ... ہوگا۔

مقدار خوراک: ایک ماشہ سے تین ماشہ تک۔ بزوری آب سادہ دودھ کی لسی عرق گاؤزبان

فوائد: یہ دوا دماغ و اعصاب میں تحریک ... میں تحلیل قلب و عضلات میں انتہائی سکون پیدا ... پیشاب کی جلن منٹوں میں دور ہوجاتی ہے جب ... میں جوش اور تیزی ہو جسم پر چھپاکی نکلی ہوئی ہو پیشاب ... ہو صفراوی پتھریاں ہوں ان کے لئے لاجواب ہے ... پریشر کے لئے لاجواب ہے۔

سفوف صحت:

اجزاء و ترکیب ساخت: کرنجوہ ۵ تولہ آملہ ۵ تولہ۔ پھٹکڑی بریاں ۱۰ تولہ ہلیلہ سیاہ بریاں ۲۰ تولہ۔ کشتہ ہڑتال گئودنتی ۴۰ تولہ خوب خوب کھرل کرکے رکھیں بس تیار ہے۔

مقدار خوراک: چار رتی سے ماشہ تک دن میں چار بار ہمراہ قہوہ لونگ دیں۔

فوائد: دل کو تحریک دیکر جگر میں تسکین ہوکر اعصاب میں تحلیل پیدا کرتا ہے۔ بلغمی امراض کو جڑ سے پھینک دیتی ہے۔ بلغمی دمہ، بلغمی کھانسی۔ نزلہ زکام۔ دردسر، زکام، سرسام، بلغمی جریان چیچک، ملیریا بخار، خسرہ، تپ دق۔ تپ محرقہ اسہال اور کالی کھانسی۔ سکون قلب۔ ذیابیطس بھی ... ہے (فرنیا میں مضر ہے)

سفوف مقوی:

اجزاء و ترکیب ساخت: لونگ ۱ تولہ۔ جنوتری ۲ تولہ۔ دارچینی ۲ تولہ۔ کشتہ بارہ سنگا ایک تولہ سب کو خوب کھرل کرکے رکھیں۔

مقدار خوراک: ۴ رتی سے ماشہ تک دن میں چار بار ہمراہ شہد چٹا دیں۔ اور قہوہ دیں۔

فوائد: دل کو طاقت دیگر حرارت غریزیہ پیدا کرتی ہے اس
کے استعمال سے جگر گرم ہونا شروع ہو جاتا ہے۔ نمونیا کے لئے
اعلیٰ ہے محرقہ بخار دستوں کو روکتی ہے۔ مقوی معدہ
واسطے بلغمی دمہ نزلہ۔ زکام چھینکیں زیادہ آنا۔ تھوک کی زیادتی
پرانے دست۔ سنگرہنی۔ کثرت بول کا لوس کھاری ڈکاریں آنا
کالی کھانسی۔ درد اعصابیہ پیٹ و کلوی۔ درد باؤگولہ۔ لیکوریا
فالج۔ لقوہ۔ دل کا پھول جانا۔ مدرحیض۔ پولیو کیلئے لاجواب ہے۔

سفوف صافی: اجزاء و ترکیب ساخت: اجوائن دیسی ۵ تولہ
بابچی ۵ تولہ۔ تیز پات ۵ تولہ۔ رائی ۵ تولہ
گندھک آملہ سار ۲ تولہ۔ خوب کھرل کر کے رکھیں۔

مقدار خوراک: ۲ رتی سے ماشہ تک دن میں چار بار ہمراہ آب تازہ۔

فوائد: یہ دوا جگر کو تحریک عضلات میں تحلیل اعصاب میں
تسکین پیدا کرتی ہے۔ محافظ حرارت غریزی ہے صفرا پیدا
کرتی ہے۔ معدہ و امعاء کے درد بے چینی۔ ریاح شکم۔ یورک ایسڈ
کی زیادتی۔ خونی پیچش۔ قولنج۔ گردہ و مثانہ کی پتھریاں۔ قبض
پھوڑے پھنسی۔ داد۔ چنبل۔ خارش۔ اور سوزش نزلہ۔
مدرحیض۔ چہرے پر سیاہ دھبے۔ بواسیر۔ سرطان۔ خشک دمہ
کھانسی۔ درد دانت۔ تبخیر مفاصل اور رعشہ کیلئے لاجواب ہے۔

سفوف ہاضم: اجزاء و ترکیب ساخت: مرچ سیاہ ۱½
تولہ۔ نوشادر ۲½ تولہ۔ سونٹھ ۵ تولہ
سنامکی ۵ تولہ۔ ریوند چینی ۸ تولہ۔ نمک سیاہ ۲ تولہ۔ سوڈا بائیکارب
۲۰ تولہ کوٹ کر کھرل کر کے رکھیں۔

مقدار خوراک: ماشہ سے تین ماشہ تک ہمراہ عرق سونف
چار جوائن آب تازہ کیساتھ۔

فوائد: یرقان ہر قسم کی بواسیر صفرا کی زیادتی۔ پیشاب
میں جلن و سوزش۔ پھوڑے پھنسیاں۔ خارش پرانی۔
ہیضہ عظم طحال عظم جگر۔ صفراوی بخاروں کے لئے لاجواب
ہے۔ استسقاء ہر قسم کی دلوں کی دوا ہے۔ ہاتھ پاؤں پر
ورم۔ باسس۔ مالیخولیا۔ مراقی جنون۔ کثرت طمث وجع المفاصل
ریاحی درد۔ سرعت انزال۔ احتلام کیلئے لاجواب ہے۔

اورامی: اجزاء و ترکیب ساخت: سہاگہ بریاں ۲ تولہ۔ ملٹھی پوڈر
یا ست ملٹھی خالص ۷ تولہ۔ ریوند خطائی ۱۰ تولہ۔
ہلدی ۱۰ تولہ۔ شیرمدار ۱ تولہ۔ خوب کھرل کر کے رکھیں۔

مقدار خوراک: ۴ رتی سے ماشہ تک دن میں چار بار ہمراہ
آب تازہ یا دودھ کے ساتھ۔

فوائد: پرانی پیچش کیلئے لاجواب ہے۔ تپ دق و سل جریان
خون کو بند کرتی ہے۔ سوزاک۔ تقطیر البول۔ دافع سوزش۔ گردہ
و مثانہ و امعاء دافع حرارت کثرت طمث نزلہ۔ خشک کھانسی
سرعت۔ انزال۔ لیکوریا۔ جلن دار چھپاکی ہر قسم کے
خون کو بند کرتی ہے۔

حکیم محمد رفیق

آپ ۲۵ ۱۹۲۵ء کو ضلع
قصور کے شہر کھڈیاں کے ایک
معروف دینی و طبی گھرانہ میں پیدا
ہوئے۔ آپ کا خاندان چار پشتوں سے فن طب سے منسلک
ہے۔ آپ کے والد ماجد حکیم علاؤالدین مرحوم کو بھی اپنے آباؤاجداد
کی طرح دین سے گہری دلچسپی تھی۔ اور حکمت میں مہارت تامہ
حاصل تھی۔ آپ نے ابتدائی دینی و درسی تعلیم حاصل کرنے کے
بعد اپنے والد محترم کے ساتھ حکمت میں ہاتھ بٹانا شروع کیا۔
اور ساتھ ساتھ طب کی تعلیم علماً و سبقاً حاصل کی۔ ۱۹۵۰ء میں
رجسٹریشن کے بعد باقاعدہ عملی مطب شروع کیا۔ اور اشاعت دین
کے ساتھ ساتھ خدمت خلق میں مصروف ہیں۔

حکیم محمد رفیق ولد حکیم علاؤالدین
قصوری دواخانہ ۳۶ ڈاک خانہ ۳۵ تحصیل وضلع لودھراں

مجربات

اکسیر دق: اجزاء و ترکیب ساخت: ارک محلوب پانچ تولہ۔ ہڑتال ورقیہ چھ ماشہ۔ دونوں کو چار پہر کھرل کر کے گودہ گھیکوار ملا کر ٹکیہ بنائیں۔ خشک ہونے پر کوٹلوں پر سرخ کر کے آب گھیکوار میں بجھا دیں پھر اس گودہ کو کھرل میں ڈال کر مزید چھ ماشہ ہڑتال ورقیہ ملا کر پیس کر پہلے کی طرح عمل دہرائیں یہ عمل دس مرتبہ کریں۔ کشتہ اکسیر دق تیار ہوگا۔

مقدار خوراک: ایک رتی منقیٰ میں رکھ کر دیں۔

فوائد: دق کے لئے تیر بہدف ہے۔

اکسیر اٹھرا: اجزاء و ترکیب ساخت: جدوار خطائی چھ ماشہ عود صلیب نو ماشہ۔ سنگ یہود چھ ماشہ۔ مروارید دو رتی فلفل سیاہ تین ماشہ۔ روح کیوڑہ ایک شیشی ادویہ کو کیوڑہ میں چار یوم کھرل کر کے حبوب نخودی تیار کریں۔

مقدار خوراک: حمل کے تیسرے ماہ سے آخر تک روزانہ ایک گولی نہار منہ ہمراہ آب باسی۔ پیدائش کے بعد بچے کو ماں کے دودھ میں چوتھائی گولی سے آدھی گولی دو ماہ تک دیں۔

برائے حمی اطفال: اجزاء و ترکیب ساخت: دار چینی تین ماشہ۔ الائچی خورد چھ ماشہ گل ایک تولہ۔ طباشیر دو تولہ۔ چینی چار تولہ۔ سفوف بنالیں۔

مقدار خوراک: ایک رتی سے ایک ماشہ تک دودھ یا شہد میں ملا کر۔

روغن بالچھڑ: اجزاء و ترکیب ساخت: ایک عدد مینڈک کو ذبح کر کے ٹکڑوں پہ رکھ دیں سوختہ [illegible] روغن [illegible] میں ملائیں۔ بالچھڑ پر روزانہ جذب کریں۔ مجرب ہے۔

حکیم محمد رفیق

آپ کے آباؤ اجداد ضلع حصار ہندوستان سے ۱۹۴۷ء میں ہجرت کر کے قطب پور میں قیام پذیر ہوئے۔ آپ پندرہ مارچ ۱۹۴۹ء کو قطب پور میں پیدا ہوئے۔ بچپن سے ہی والدین کا سایہ سر سے اٹھ گیا۔ تایا جان حکیم قطب الدین مستند دہلی نے آپکی پرورش کی وہ ایک دیندار خدا ترس اور ماہر طبیب کی حیثیت سے علاقہ میں معروف ہیں۔ آپ نے ابتدائی دینی و درسی تعلیم کے بعد فن طب کے رموز و نکات انہیں سے سیکھے بعد ازاں چار سالہ نصاب مکمل کر کے حکیم قطب الدین صاحب کے مطب میں خدمت انجام دے رہے ہیں۔

حکیم محمد رفیق ولد کوڈا
رحمانی دواخانہ بمقام قطب پور تحصیل وضلع لودھراں

مجربات

حب صرع: اجزاء و ترکیب ساخت: عنبر ایک تولہ۔ مقل ازرق ایک تولہ۔ جند بیدستر تین ماشہ۔ عود صلیب تین ماشہ۔ سب کو پیس کر عرق نیم میں حل کر کے حبوب بقدر دانہ موٹھ بنالیں۔

مقدار خوراک: ایک سے تین گولی روزانہ ہمراہ آب۔

مقوی دماغ: اجزاء و ترکیب ساخت: ترپھلہ پانچ تولہ۔ ترکٹا تین تولہ۔ مغز بادام شیریں ساڑھے تین تولہ مغز کدو سوا تولہ۔ مغز اخروٹ سوا تولہ۔ مغز پستہ سوا تولہ۔ مغز

تربوز سوا تولہ۔ خشخاش سوا تولہ۔ تودری سرخ سوا تولہ۔ تودری سفید سوا تولہ۔ بہمن سرخ سوا تولہ۔ بہمن سفید سوا تولہ۔ برگ بہی دو تولہ۔ زعفران چھ ماشہ۔ ورق نقرہ پچاس عدد۔ شہد خالص ادویہ سے دوگنا سفوف ادویہ روغن گاؤ پانچ تولہ میں چرب کر کے شہد میں معجون بنالیں۔

مقدار خوراک: نو ماشہ روزانہ ہمراہ شیر۔

فوائد: ضعف دماغ، نسیان میں مفید ہے۔ مقوی قلب و جگر، مقوی بدن و مولد خون ہے۔

حب معین حمل: اجزاء و ترکیب ساخت: طباشیر، نقرہ، مجیٹھ، تخم اٹنگن، الائچی خورد، جائفل، زعفران، ناگیسر، لونگ، تخم سرداری، مالکنگنی، گل دھاوا، سپاری کمہ چھ ماشہ سفوف بنا کر حبوب بقدر نخود تیار کریں۔

مقدار خوراک: ایک گولی روزانہ ہمراہ شیر چالیس یوم۔

حکیم محمد شفیع میو

آپ کرور پکا کے نواحی علاقہ نصیر الدین واہن میں پیدا ہوئے۔ ابتدائی دینی و درسی تعلیم مقامی طور پر حاصل کی ۱۹۷۰ء میں میٹرک کا امتحان پاس کیا۔ آپ کا آبائی پیشہ زراعت ہے تاہم آپ کو طب سے خصوصی شغف رہا۔ علاقہ میں علاج معالجہ کی سہولیات کا فقدان تھا۔ چنانچہ آپ نے خدمت انسانی کو پیش نظر رکھتے ہوئے اس فن کی باقاعدہ تعلیم حاصل کی۔ ابتداء میں ایک نیک دل بزرگ استاد اللہ ڈیوایا سے طب کی تعلیم سبقاً و عملاً حاصل کی۔ بعد ازاں ذاتی مطب کے ذریعے خدمت میں مصروف ہیں۔

حکیم محمد شفیع میو ولد کریم خان میو
چاہ کلتان والا موضع نصیر الدین واہن ڈاکخانہ گڑھ بہار
براہ کرور پکا تحصیل و ضلع لودھراں

مجربات

برائے نفث الدم: اجزاء و ترکیب ساخت: گیرو عمدہ ایک تولہ، دم الاخوین ایک تولہ، کشتہ سنگجراحت (بھتل والا) ایک تولہ۔ جملہ ادویہ سفوف بنالیں۔

مقدار خوراک: ایک ماشہ سے ڈیڑھ ماشہ ہمراہ شربت انجبار (ماخوذ شرح اسباب)

کشتہ سنگجراحت (بھتل والا): اجزاء و ترکیب ساخت: سنگجراحت حسب ضرورت روغن گاؤ میں تر کر کے بھتل (جنگلی گوبھی) کے نغدہ میں گل حکمت کر کے بیس کلو اوپلوں کی آگ دیں۔ کشتہ تیار ہوگا۔ یہ کشتہ لیکوریا، جریان، کثرت طمث اور خروج رحم میں مفید ہے۔

وجع المفاصل: (معمول مطب): اجزاء و ترکیب ساخت: سورنجان شیریں، مصبر، مصطگی رومی، ہلیلہ سبز، سنا مکی جملہ ادویہ ایک ایک تولہ۔ سفوف بنا کر عرق بادیان میں حبوب نخودی بنالیں۔

مقدار خوراک: ایک سے دو گولی رات سوتے وقت۔

فوائد: گنٹھیا، عرق النساء اور دائمی قبض میں مفید ہے۔

(ماخوذ طبی ڈائریکٹری ۸۸ء)

کوئی پٹی نہیں باندھنی دن میں دو دفعہ تین دفعہ مالش کریں
پرہیز : جماع۔ ٹھنڈا پانی سے پرہیز کریں۔
نوٹ : ایسا مریض لازمی طور پر دماغی وقلبی کمزوری
مبتلا ہوگا۔ مریض کے مزاج کے مطابق مقوی اعضائے رئیسہ
ادویات استعمال کرائیں۔ اور مالش بھی ساتھ کرائیں

رفیق احمد بھٹّی

آپ کو بچپن سے ہی علم
طب کا بہت زیادہ شوق تھا۔
میٹرک پاس کرکے باقاعدہ
طور پر علم طب کی سند حاصل کی اسکے بعد عالیجناب حکیم شمس الدین
احمد مسیح۔ معالج خاص امراض جنسیات مرحوم ومغفور بیرون
حرم گیٹ اور عالیجناب حکیم مولوی مبارک علی صاحب مرحوم
مغفور جیسے اساتذہ کی شفقت اور نظر عنایت سے فن طب
کے رموز ونکات سے آگاہی حاصل کی۔ آپکے بزرگ جناب
زبدۃ الحکماء۔ افضل الاطباء حکیم میاں عبدالغفور عرشی قادری۔
مؤلف ریاض السکنین فی انوارالعارفین کتاب ہذا اپنے
وقت کی بہت نایاب کتاب ہے۔ آپ کے بزرگ حکیم میاں
عبدالغفور عرشی صاحب گولڈ میڈلسٹ اعلیٰ طبی کونسل کے نائب
صدر ہیں جو آپکے سرپرست اعلیٰ ہیں۔ اور آپ کی ڈویژن
منظور شدہ طبیب ہیں۔ ملتان ہیں
خلق اللہ کی خدمت میں مصروف ہیں۔

حکیم رفیق احمد بھٹی ولد عنایت محمد بھٹی
بھٹی دواخانہ اورنگ زیب روڈ بیرون دہلی گیٹ ملتان

حکیم محمد سلیم

آپ ۲ / فروری ۱۹۴۲ء
کو پیدا ہوئے ابتدائی دینی و
درسی تعلیم مقامی طور پر حاصل کی
ایف اے کرنے کے بعد مسیحائی کی تعلیم مکمل کرکے شعبہ تدریس
سے منسلک ہوئے۔ آپ کے والد گرامی اور دادا جان حکمت
کے شعبہ سے منسلک ہیں۔ چنانچہ آپ کو اس فن سے فطری
لگاؤ رہا۔ ۱۹۷۵ء میں اسلامیہ طبیہ کالج میں داخلہ لیا۔ اور
فاضل الطب والجراحت کی سند حاصل کی۔ ۱۹۸۱ء میں اپنا ذاتی
مطب شروع کیا اور خدمت خلق میں مصروف ہوئے۔

حکیم محمد سلیم فاضل الطب والجراحت ولد حاجی فیض بخش
محلہ ماتم والا بیرون پاک گیٹ ملتان

مجرّبات

طلاء خاص: اجزاء وترکیب ساخت : ½ کلو اسگند ناگوری۔
تیل میٹھا ۱ سیر۔ تیل سانڈھا ۱۰ تولہ بنانے کا طریقہ ½ کلو اسگند ناگوری
کو ۲ حصوں میں کرلیں۔ یعنی ۲۵ گرام اسگند ناگوری الگ
الگ دو برتنوں میں ایک ایک سیر پانی میں بھگو رکھیں صبح
دونوں برتنوں کو جوش دیں جب ½ سیر پانی رہ جائے
تو ایک برتن کے پانی کو ۱ سیر تیل میٹھے میں نرم آنچ پر پکائیں۔
جب پانی اور اسگند جل جائے۔ تو چھان کر ۱۰ تولہ تیل سانڈہ
یک جان کرکے محفوظ رکھیں۔

پہلے نیم گرم پانی سے دھوکر خشک کریں پھر تھوڑا سا
تیل لے کر نرم ہاتھوں سے عضو پر مالش کریں۔ اس کے اوپر

مجرّبات

حبوب ممسک: اجزاء وترکیب ساخت: عنبراشہب ۲ ماشہ۔ شنگرف رومی ۲ ماشہ۔ زنجبیل ۲ ماشہ۔ زعفران کشمیری ۲ ماشہ۔ جوز ماثل سیاہ ۲ ماشہ۔ دار چینی ۲ ماشہ۔ افیون ½ ۱ ماشہ۔ ان ادویہ کو باریک پیس کر آب ادرک ½ پاؤ میں کھرل کرکے حبوب نخودی تیار کریں ایک حب ہمراہ نیم گرم دودھ سے دو گھنٹہ قبل کھائیں۔

حبوب مقوی باہ: اجزاء وترکیب ساخت: ورق طلاء ۱ ماشہ۔ ورق نقرہ ۱ ماشہ۔ مروارید ناسفتہ ۱ ماشہ۔ عنبراشہب ۱ ماشہ۔ کستوری ۱ ماشہ۔ شنگرف مدبّر ۱ ماشہ۔ یاقوت احمر ۱ ماشہ۔ زمرد اخضر ۱ ماشہ۔ ریگ ماہی نر ۲ ماشہ۔ زعفران اصلی ۲ ماشہ۔ افیون ۱ ماشہ۔

ان ادویہ کو باریک پیسکر روح کیوڑہ۔ روح گلاب۔ بیدمشک میں خوب کھرل کرکے گولیاں بقدر نخودی تیار کریں۔

فوائد: قوت باہ جوانی کی کھوئی ہوئی طاقت۔ اعضائے رئیسہ دل جگر۔ دماغ۔ گردہ۔ مثانہ کو بے حد طاقت پیدا ہو جاتی ہے جوانی کی امنگ بیدار ہو جاتی ہے۔ رکاوٹ پیدا کرتی ہے۔

مقدار خوراک: ایک گولی صبح ناشتہ کے بعد رات سوتے ۱۵ دن ہمراہ نیم گرم دودھ۔

لال گولی مقوی باہ: اجزاء وترکیب ساخت: مہاراجوں۔ بادشاہوں کے لائق ہے۔ اپنے فوائد کے لحاظ سے لاثانی ہیں۔ تمام اعضاء رئیسہ کو فوری طور پر قوت دیکر مرد کامل بنا دیتی ہے شرط یہ ہے کہ اجزاء خالص ہوں۔

زعفران کشمیری ۲ تولہ۔ افیون ½ تولہ۔ شنگرف رومی ۱ تولہ۔ شراب برانڈی ۱ پاؤ۔ ان ادویہ کو شراب برانڈی میں کھرل کریں۔ خشک ہونے پر مندرجہ ذیل ادویہ ملا دیں۔ جندبیدستر ۲ ماشہ۔ کہربا شمعی ۲ ماشہ۔ عنبر اشہب ۱ ماشہ۔ کستوری خالص ۱ ماشہ۔ کشتہ طلاء ۱ ماشہ۔ کشتہ جواہر مہرہ ۱ ماشہ۔ ورق نقرہ ۱ ماشہ۔ کشتہ یاقوت ادویہ کو کھرل کرکے شہد کی مدد سے حبوب نخودی تیار کریں۔

مقدار خوراک: ایک گولی رات سوتے وقت ہمراہ نیم گرم دودھ صرف ایک ہفتہ کافی ہے۔ ضرورت ہو تو مزید ہفتہ استعمال کریں۔

طلا برائے مجلوقین: اکسیر اعظم کا حکم رکھتا ہے۔ اجزاء وترکیب ساخت: سم الفار سفید ۲ تولہ۔ بیر بہوٹی ۲ تولہ۔ خراطین مصفّٰی ۲ تولہ۔ جونک خشک ۲ تولہ۔ سیماب ۲ تولہ۔ زردی بیضہ مرغ ۲۵ عدد۔

سم الفار اور سیماب کو اچھی طرح کھرل کریں۔ جب پارہ نابود ہو جائے بقیہ ادویہ کو کوٹ پیسکر زردی بیضہ میں ملا کر کھرل کرکے حبوب مخروطی نما بنا دیں۔ بعد خشک ہونے کے پتال جنتر روغن کشید کریں۔ مجلوقین کے لئے اکسیر اعظم ہے دو رتی عضو مخصوص پر مالش کرکے برگ پان یا پتہ ارنڈ باندھیں۔ صبح کو نیم گرم پانی سے صابن سے دھو ڈالیں۔

فوائد: کمزوری۔ نامردی۔ کوتاہی۔ لاغری۔ ٹیڑھا پن۔ رگوں کا ابھرنا۔ کجی وغیرہ کے لئے۔ اکسیر اعظم ہے۔

سفوف ٹائیفائیڈ: اجزاء وترکیب ساخت: مرجان ناسفتہ ۲ رتی۔ الائچی خورد بند ۳ ماشہ۔ ست گلو خانہ ساز ۲ ماشہ۔ طباشیر نقرہ ۳ ماشہ۔ کشتہ سنکھ ۲ رتی۔ چینی ۹ ماشہ۔

ان ادویہ کو کوٹ پیسکر سفوف بنا دیں۔ ۱ تا ۲ رتی ایک سال کے بچے کے لئے حسب شانہ ذیل سے دیویں۔ تو بچوں

۳ ماشہ۔ عناب ولایتی ۳ ماشہ۔ منقی ۳ ماشہ۔ گاؤزبان
۳ ماشہ۔ پانی میں جوشاندہ بنا کر استعمال کرا دیں اکسیر ہے۔

کشتہ گاؤدنتی : اجزاء و ترکیب ساخت : ہڑتال گؤدنتی ۵ تولہ کو اکاس بیل۔ یا گلو سبز کے

بیس تولہ نگدہ کے درمیان دے کر خفیف گل حکمت کر کے دس اوپلوں کی آگ دیں۔

فوائد : ان بوٹیوں میں جس سے کشتہ کیا جاوے اقسام تپ دق کیلئے مفید ہے بچے سے لے کر بوڑھے تک کو ہر ایک تپ میں موسمی ہو یا تیجہ۔ چوتھیا ہر قسم تپ میں مفید ہے اور اکسیر ہے۔ خوراک ۲ رتی ہمراہ بدرقہ مناسبہ۔

کشتہ ہڑتال گئودنتی : اجزاء و ترکیب ساخت : ہڑتال گئودنتی چار تولہ لیکر

ین پھل آٹھ عدد۔ سحق کر کے اس پر ضماد کریں اور ایک عدد چابک دستی پر رکھ کر اور اپلے جو ہاتھ سے بنے ہوئے ہوں۔ دائیں بائیں رکھ کر گرشہ میں باحفاظت آگ دیویں مثل چونا سفید ہوگا۔

فوائد : امراض بلغمی مثل کھانسی۔ نزد خشک بلغمی دمہ جو بوڑھوں کو ہوتے ہیں۔ اور درد پسلی میں بہت مفید ہے۔

مقدار خوراک : ۲ چاول سے ایک رتی تک یا زیادہ حسب ضرورت، طاقت مریض کو دیویں ہمراہ برگ تنبول استعمال کرا دیں۔ نیز گلے کے واسطے جس کو گھیگا کہتے ہیں نافع ہے۔ خشک مقدار ۱ ماشہ گلے پر مل کر اس پر روئی پرانی خشک باندھیں۔ بس مفید ہے۔

حبوب نزلہ خواب آور : اجزاء و ترکیب ساخت : اجوائن خراسانی۔ زعفران

کشمیری۔ افیون۔ تخم کاہو۔ صمغ عربی۔ اصل السوس مقشر۔ کندر۔ کتیرا۔ مرمکی۔ بہی دانہ ہر ایک ۲۔۲ ماشہ۔ ہر ایک

اجزاء کو علیحدہ علیحدہ کوٹ چھان کر پانی ... بقدر فلفل سیاہ تیار کریں۔ جو لوگ کھانسی ... ایک لحظہ آرام نہ لیتے ہوں۔ ان کیلئے آب ... نزلی میں بھی بہت مفید ہے ایک سے ۲ گولی ... وقت ہمراہ آب تازہ۔

حبوب ریوند : اجزاء و ترکیب ساخت : تخم ... مصبر زرد ۳ ماشہ۔ ریوند چینی ...

کتیرا ۱ ماشہ۔ زنجبیل ۱ ماشہ۔

سب ادویہ کو علیحدہ علیحدہ باریک پیس کر ... میں گولیاں بقدر نخود تیار کریں۔

مقدار خوراک فوائد : ۲ گولی بوقت خفتن دافع قبض ... از حد مفید ہے۔

حبوب قبض کشا اعلیٰ درجہ : اجزاء و ترکیب ... سقمونیا ...

جلاپہ ہیرڑ ۲ تولہ۔ عصارہ ریوند ۲ تولہ۔ مصطگی رومی ... زنجبیل ۱ تولہ۔ مرمکی ۱ تولہ۔ صبر زرد ۲ تولہ۔ ان تمام ... کو پیس کر پانی کی مدد سے حبوب نخودی تیار کریں۔ ... کی قبض کشا دوائی ہے۔ علاوہ ازیں جگر کے سدے ... مفید ہے۔ جن لوگوں کو ہمیشہ قبض کی شکایت رہتی ہو ... کے لئے نعمت غیر مترقبہ ہے۔ اصلاح اخلاط ثلاثہ ... قبض کیلئے بہت مفید پر تاثیر ہے۔

مقدار خوراک : ۲ گولی بوقت خفتن ہمراہ نیم گرم دودھ سے استعمال کرائیں جو اطبا اس نسخہ کو تیار کریں گے وہ اس کے اثرات دیکھ کر حیران رہ جائیں گے۔ منجملہ عجائبات طب میں سے ہے۔

حبوب نقرائی خاص : قوت باہ۔ سرعت انزال۔ جریان کیلئے نایاب ہیں ...

ہیں مفید ہے۔

حکیم محمد غوث شاہ

حکیم محمد غوث شاہ قریشی ہاشمی ایک خاندانی طبیب ہیں در عرصہ پینتالیس سال سے دکھی انسانیت کی خدمت میں مصروف ہیں ۲ ر فروری ۱۹۴۳ء کو اپنے آبائی قصبہ مخدوم رشید میں پیدا ہوئے۔ ابتدائی تعلیم میٹرک تک قصبہ مذکور میں پائی۔ علم طب کے علاوہ عربی۔ فارسی اور دینی تعلیم اپنے والد بزرگوار سے حاصل کی۔ ۱۶ سال کی عمر میں تمام علوم سے فارغ ہو کر اپنے والد محترم کے ساتھ معاون مطب ہو گئے۔ ۱۸ سال جامع مسجد ملحقہ دربار مخدوم عبدالرشید حقانیؒ میں درس و تدریس کا سلسلہ رہا اور خطیب رہے آپ کے والد بزرگوار حکیم محمد شاہ نوبہار مرحوم ایک ماہر نباض ممتاز عالم دین اور شعلہ نوا شاعر تھے۔ جن کی تصنیفات ایک درجن سے زائد کتب سرائیکی میں موجود ہیں۔

والد صاحب مرحوم کی وفات کے بعد حکیم محمد غوث شاہ نے مطب کو اپنی سرپرستی میں لا کر پہلے سے زیادہ جگمگایا۔ اور فن طب میں ایک کتاب "معین العلاج" بھی تصنیف کی ہے جس کی ترتیب دی جا چکی ہے۔ جو عنقریب شائع ہو کر شائقین فن کے لئے مشعل راہ ثابت ہو گی۔ ماشاء اللہ آپ حضرت غوث بہاؤالدین ذکریا ملتانیؒ کے عم زادہ حضرت مخدوم عبدالرشید حقانیؒ کی اولاد سے ہیں جن کا عرس مبارک ہر سال ۱۵ جون سے ۱۵ جولائی تک بڑے دھوم دھام سے منایا جاتا ہے۔ اس خاندانی روایت اور اعزاز کو برقرار رکھنے کے لئے ان کے فرزند ارجمند حکیم محمد عبدالقیوم شاہ نے ۱۹۹۱ء میں اسلامیہ طبیہ کالج ملتان سے فاضل الطب والجراحت کے امتحان میں اول پوزیشن حاصل کی۔ اب دکھی انسانیت کی خدمت میں مصروف ہیں۔

حکیم سید محمد غوث شاہ ولد حکیم محمد شاہ نوبہار
غوثیہ دواخانہ مخدوم رشید تحصیل و ضلع ملتان

مجرّبات

قوت باہ کا شاہی نسخہ مجرّب :

اجزاء و ترکیب ساخت: بیش سیاہ

سالم ٹکڑا یا تھوں قدرے دو سیر میں ڈال کر آگ پر تقریباً ۸ گھنٹے پکائیں اور کس پھیچ وغیرہ سے نکال لیں مگر ہاتھ نہ لگائیں یہ بیش مدبر ہے۔

اب یہ بیش مدبر ۱/۲ ۱ گرام۔ مشک خالص ۱/۲ ۱ گرام زعفران کشمیری خالص ۱/۲ ۱ گرام۔ تریاق خالص ۱/۲ ۱ گرام۔ ہر چہار ادویہ کو آب ادرک مقطر ۱۰۰ ملی لیٹر میں کھرل کر کے جب بقدر دانہ جوار بنا دیں اور چاہیں تو ورق نقرہ وغیرہ چڑھا لیں

فقط سات گولیاں ایک ایک گولی روزانہ ہمراہ مکھن کھلائیں۔ تمام نقائص دور ہو کر قابل شادی ہو گا البتہ مادرزاد ناکارہ نہ ہو۔ یہ نسخہ مہنگا ضرور ہے مگر مشک نایاب نہیں میرا ذاتی تجربہ شدہ ہے۔

اولادِ نرینہ :

یہ نسخہ میرا بارہا کا تجربہ شدہ ہے انشاءاللہ اس کے استعمال کرنے سے مایوس ماں باپ کی جھولی سرسبز ہو گی۔

اجزاء و ترکیب ساخت: اسگند ناگوری ۱۵ گرام۔ کمر کس ۱۵ گرام۔ قند سیاہ کہنہ ۲۰ گرام ہر سہ ادویہ باریک کوٹ کے ملا کر نو عدد گولیاں بنائیں اور دوسرا ماہ شروع ہوتے ہی ایک گولی روزانہ

علی الصبح ہمراہ آب کھلائیں۔ یہ دوائی طاقتور ہے۔ رحم کی خلط کو بدل دیتی ہے۔ یعنی رحم کی سردی کو ختم کرکے گرمی اور طاقت پیدا کر دیتی ہے۔ جسے عورت خود بخود محسوس کرتی ہے یہ نوتے گولیاں ایک گولی روزانہ تین ماہ تک کھلائی جائیں اور دوسرے ماہ سے شروع کرنی ہیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ لڑکا ہی پیدا ہوگا۔ اور ساتھ ہی اس کے یہ عمل بھی کرنا ہے۔ کہ کسی ملحقہ مسجد میں تیل ڈالتے رہیں یا بجلی کے بل میں ہر ماہ حسب توفیق ادائیگی کرتے رہیں اور ہر نماز کے بعد حاملہ عورت اور اس کا خاوند درج ذیل دُعا پڑھتے رہیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ لڑکا ہی پیدا ہوگا۔

ربنا ھب لنا من ازواجنا و ذریتنا قرۃ اعین واجعلنا للمتقین اماما (پ ۱۹، رکوع ۴)

حب بواسیر: (مجرب) اجزاء و ترکیب ساخت: فرفیون، رسونت، عقل مقل، گیرو، کہربا، مصطگی، ہر ایک برابر فرار مفضی، کبریت احمر ہر واحد وزن برابر لعاب گھیکوار میں مسلسل تین گھنٹے کھرل کرکے حب بقدر نخود تیار کریں۔

ترکیب استعمال: ایک ایک گولی صبح۔ دوپہر۔ شام ہمراہ دودھ گائے صرف ہفت یوم کیلئے کافی ہے۔

حب قوت باہ: اجزاء و ترکیب ساخت: زبد اذراقی ولائتی تلمسوامیکا سفوف بیش خام سفید یا سیاہ۔ عقرقرحا۔ جوزبوا ہر واحد وزن برابر باریک پیسکر ہمراہ شیر برگد ۵ حب بقدر دانہ مٹر بنا دیں۔ سرد مزاج والوں کے لئے خاص کر غضب کا کام کرتی ہیں۔ ایک گولی ہمراہ دودھ ہر شب کو استعمال کرائیں صرف ایک ہفتہ تک کافی ہے۔ مجرب ہے۔

رقت منی (جریان) اجزاء و ترکیب ساخت ثعلب مصری موصلی سفید (انڈیا) بادام مقشر شیریں۔ سپاری۔ تیلیا ہر چہار وزن برابر کوٹ پیسکر سفوف بنا کر محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک: چار گرام صبح اور شام ہمراہ دودھ شیریں نیم گرم۔

فوائد: سرعت انزال، جریان اور حدت مثانہ میں مفید ہے۔

دیگر: اجزاء و ترکیب ساخت: موصلی سفید اعلیٰ پچیس گرام ثعلب مصری پچاس گرام۔ سبوس اسبغول پچاس گرام۔ سفوف تر پھلہ پچاس گرام۔ بنسلوچن کبودی پچاس گرام۔ دانہ ہیل خورد بیس گرام، قند سفید یکصد گرام سفوف بنالیں۔

مقدار خوراک: تین سے چھ گرام تک رات کو سوتے وقت ہمراہ شیر گاؤ۔

فوائد: جریان احتلام سرعت میں مفید ہے نیز مغلظ ہے۔

برائے سنگرہنی و تبخیر معدہ: اجزاء و ترکیب ساخت: بادیان۔ ہیل خورد مغز کنول گٹہ۔ بنسلوچن۔ سماق، پودینہ خشک، دار چینی، نمک سیاہ پوست سنگدانہ مرغ ہر ایک تولہ تولہ، سوڈا خوردنی چار تولہ ست پودینہ دو ماشہ۔ علیحدہ علیحدہ سحق بلیغ کرکے یکجان کرلیں۔

مقدار خوراک: تین ماشہ بعد از غذا صبح و شام ہمراہ آب۔

حکیم محمد عبدالقیوم شاہ

آپ ایک خاندانی معالج ہیں۔ حکمت کا سلسلہ آباؤ اجداد سے وراثتاً چلا آ رہا ہے آپکے

والد گرامی جناب حکیم محمد غوث شاہ صاحب کا شمار عہد حاضر کے معروف و ممتاز اطباء میں ہوتا ہے۔ آپ طویل عرصے سے ٹاؤن کمیٹی مخدوم رشید میں مطب کر رہے ہیں۔ اسی جگہ انکے والد جناب حکیم محمد شاہ نوبہار مرحوم و مغفور چالیس سال تک خدمت خلق میں مصروف رہے وہ اپنے عہد کے ماہر طبیب اور نبض شناس تھے۔

ان کا سلسلہ مشہور صوفی بزرگ حضرت مخدوم عبدالرشید حقانیؒ سے جا ملتا ہے۔ جن کا عرس ہر سال پندرہ جون سے ۱۵ جولائی تک رہتا ہے۔ عرس کے دوران چشمہ شفاء سے لاکھوں عقیدت مند فیض ہوتے ہیں۔

حکیم عبدالقیوم شاہ نے گورنمنٹ ہائی سکول مخدوم رشید سے میٹرک کے امتحان میں اول پوزیشن حاصل کی۔ اور انٹرمیڈیٹ کے بعد اسلامیہ طبیہ کالج ملتان سے فاضل الطب والجراحت کی سند حاصل کر کے نشتر ہسپتال سے ڈسپنسر کلاس میں ڈپلومہ حاصل کیا۔ علاوہ ازیں ہومیوپیتھک میڈیکل کالج سے چار سالہ کورس اور اسسٹنٹ فارماسٹ کا امتحان بھی پاس کیا۔ اسی دوران محکمہ صحت سے منسلک ہوئے اور گورنمنٹ ہیلتھ سنٹر میں بطور انچارج خدمات انجام دینے کے علاوہ والد صاحب کے مطب اور ذاتی مطب پر بھی خدمت میں مصروف ہیں۔

حکیم و ڈاکٹر محمد عبدالقیوم شاہ
ولد حکیم سید محمد غوث شاہ
غوثیہ دارالعلاج (رجسٹرڈ) مخدوم رشید ضلع ملتان

مجربات

کشتہ شنگرف: اجزاء و ترکیب ساخت: گندھک سیاہ پانچ تولہ، قلمی شورہ پانچ تولہ، بلادر پانچ تولہ، شنگرف چار تولہ۔ عملی ترکیب نمبر ۱ کو دو دن [illegible] کوٹیں کہ مثل موم ہو جائے تو نمبر ۲ اور نمبر ۳ ایک ایک ہفتہ اور کوٹتے جائیں جب ہر سہ ادویہ معجون کی طرح ہو جائیں تو کڑاہی کے پیندے میں شنگرف چار تولہ اس نسخہ سے درمیان رکھ کر اوپر پانچ پاؤ نمک سیندھا پیس کر داب دیں اور درمیانی آگ جلائیں پھر آگ بڑھا دیں۔ بیس گھنٹہ بعد آگ بند کر دیں۔ اور ٹھنڈا ہونے پر شنگرف نکال کر زردی بیضہ مرغ دیسی دو عدد میں کھرل کر کے اسی انڈے کے خول میں رکھ کر دوسرا خول چڑھائیں اور گل حکمت کر کے تندور کی بھوبھل میں رکھ دیں صبح نکال کر سفوف بنا لیں تیار ہے۔

مقدار خوراک: ایک چاول مکھن میں بلحاظ عمر۔
فوائد: فالج لقوہ۔ وجع المفاصل، رینگن، قوت باہ۔ نامردی کیلئے انتہائی مفید ہے۔

برائے سیلان الرحم: اجزاء و ترکیب ساخت: شب یمانی شگفتہ، ببول چین کبود، کشتہ صدف مروارید، خرمہرہ زرد سوختہ، کشتہ فولاد، دانہ ہیل خورد ہر ایک مساوی الوزن مرکب کریں اور درمیانہ کیپسول بھر لیں۔

مقدار خوراک: ایک کیپسول ہمراہ شیر بوقت شام
فوائد: سیلان الرحم اور متعلقہ امراض میں ایک ہفتہ کا استعمال مرض ختم کر دیتا ہے۔

برائے بواسیر: اجزاء و ترکیب ساخت: رسونت مصفیٰ پچاس گرام، مغز نیم پچاس گرام، مغز بکائن پچیس گرام۔ چاکسو پچیس گرام، زرچوب پندرہ گرام، مغز [illegible] پچاس گرام، آب ترب مروق (مولی کا پانی) چار سو گرام۔ تمام ادویہ علیحدہ علیحدہ سفوف کر کے ملا لیں۔ اور رسونت کو

آب تر ب میں حل کرکے سفوف میں تھوڑا تھوڑا ڈال کر کھرل کرتے جائیں۔ جب حبوب بنانے کے قابل ہو نخودی حبوب بنالیں۔

مقدار خوراک : ایک سے دو گولی صبح شام۔

فوائد : خونی، بادی بواسیر میں چالیس روز کا استعمال انتہائی فائدہ مند ہے۔

حکیم نذیر احمد قریشی

آپ ۸ مارچ ۱۹۴۱ء کو موضع اعظم ہانس تحصیل و ضلع ملتان میں پیدا ہوئے ابتدائی دینی و درسی تعلیم مقامی طور پر حاصل کی اور گورنمنٹ ہائی سکول عام خاص باغ سے میٹرک کا امتحان پاس کیا۔ آپ کے والد محترم حکیم حاذق تھے۔ چنانچہ طب سے آپکو فطری لگاؤ رہا۔ اور ان کے ساتھ مطب میں معاونت کرتے رہے نیز درسی اور عملی تعلیم کا سلسلہ جاری رکھا۔ ۱۹۶۳ء میں طبیہ کالج لاہور سے حاذق اعلیٰ کی سند حاصل کی اور ۱۹۶۵ء میں رجسٹرڈ ہوئے۔ علاوہ ازیں پنجاب فارمیسی کونسل سے فارمیسی کا امتحان پاس کیا۔ اور عملی مطب کے ذریعے اپنے اجداد کے نقش قدم پر چلتے ہوئے خدمتِ خلق میں مصروف ہیں۔

حکیم و ڈاکٹر نذیر احمد قریشی ولد حکیم خورشید احمد قریشی
نذیر کلینک بستی نج ٹائے پور روڈ۔ ملتان،

مجربات

اکسیر خفقان : اجزاء و ترکیب ساخت : برادہ صندل سفید دو تولہ۔ تخم خرفہ دو تولہ۔ برگ گاؤزبان دو تولہ۔ گل سرخ دو تولہ۔ مغز کشنیز آٹھ تولہ۔ زہر مہرہ خطائی تین تولہ۔ طباشیر نقرہ دو تولہ۔ دانہ الائچی خورد دو تولہ۔ کوزہ مصری پندرہ تولہ۔ سفوف بنالیں۔

مقدار خوراک : ایک ماشہ ہمراہ آب صبح دوپہر شام۔

فوائد : خفقان۔ گھبراہٹ۔ ضعف جگر۔ یرقان و عطش میں مفید ہے۔

حکیم چوہدری فضل محمد

آپ کا تعلق علاقہ کے معروف راجپوت گھرانہ سے ہے۔ آپ ۱۹۴۴ء میں پیدا ہوئے۔ ابتدائی دینی و درسی تعلیم کے بعد میٹرک کا امتحان پاس کیا۔ اور ملازمت اختیار کرلی۔ اسی دوران ایک حادثہ نے آپ کے دل میں خدمتِ خلق کا جذبہ بیدار کیا۔ حکیم عطا محمد صاحب ڈیرہ غازیخان سے فیض یاب ہوئے۔ اور ملتان طبیہ کالج سے فاضل الطب و الجراحت کی سند حاصل کی اور عملی مطب کے ذریعے انسانیت کی خدمت کو اپنا شعار بنائے ہوئے ہیں۔

حکیم چوہدری فضل محمد فاضل الطب و الجراحت ولد چوہدری فتح محمد
دار العلاج فضلیہ ریلوے روڈ مظفر گڑھ

مجربات

شربت اکسیر جگر : اجزاء و ترکیب ساخت : فستین ۲½ تولہ۔ زرشک ۲½ تولہ۔ املی ۲½ تولہ۔ کاسنی ۲½ تولہ۔ گاؤزبان ۲½ تولہ۔ گل سرخ ۲½ تولہ۔ کوندنوفر ۲½ تولہ۔ بابچھڑ ۱ تولہ۔ گل بنفشہ ۱ تولہ۔ ریوند چینی ۱ تولہ۔ تخم کشوث

ار تولہ۔

مندرجہ بالا ادویات کو دو سیر پانی میں رات کو بھگوئیں
تخم کثوث کو کپڑے میں پوٹلی باندھ کر ڈالیں۔ صبح اس کو آگ پر
رکھ کر پکائیں۔ جب پانی تین پاؤ کے قریب رہ جائے تو چھان
کر اس میں آدھ کلو چینی ملا کر شربت کا قوام تیار کریں۔
مقدار خوراک، صبح و شام دو تولہ۔ شربت استعمال میں لائیں۔
فوائد، عظم جگر۔ پرانا بخار۔ وجع الفوائد۔ ورم رحم۔ مدر حیض
حدت جگر۔ سوء ہضم، ضعف معدہ اور قبض کشا ہے۔
جو امراض تحریر کر چکا ہوں۔ اللہ کے فضل و کرم سے سو فیصدی
کام کرتا ہے اور میرا آزمودہ نسخہ ہے۔

اکسیر ذیابیطس: مندرجہ ذیل نسخہ برائے شوگر اکسیر ہے اور
میرا آزمودہ ہے۔ کشتہ بیضہ مرغ، کشتہ
قلعی۔ کشتہ سہ دھاتہ۔ کشتہ عقیق۔ کشتہ صدف۔ کشتہ نقرہ ہر ایک
ماشہ اس کے وزن اس میں چینی ملاؤ اور بارہ پڑیہ بناؤ ہر روز
ایک پڑی مکھن کیساتھ استعمال میں لاؤ۔ انشاء اللہ شوگر میں
بینظیر نسخہ ثابت ہوگا۔

حکیم رانا احمد علی جان

آپ ۱۹۴۵ء کو کیتھل
ضلع کرنال (ہندوستان) میں
پیدا ہوئے۔ ۱۹۴۷ء میں آپکے
آباؤ اجداد ہجرت کر کے پاکستان میں آباد ہو گئے۔ آپ نے
ابتدائی دینی و درسی تعلیم یہیں حاصل کی۔ ۱۹۶۲ء میں میٹرک
کا امتحان ڈیرہ غازیخان سے پاس کیا۔ مولوی فاضل اور
منشی فاضل کا امتحان پاس کرنے کے ساتھ ساتھ طب
کی عملی و درسی تعلیم مکمل کی۔ ۱۹۸۴ء تک ڈیرہ غازی خان
میں مطب کا سلسلہ رہا۔ بعد ازاں مظفر گڑھ منتقل ہوئے
اور عملی مطب کے ذریعے فن اور خلق خدا کی خدمت
میں مصروف ہیں۔ آپ کے مختلف مضامین قومی اخبارات
اور جرائد میں شائع ہوتے رہتے ہیں۔ علاج بالغذا اور روحانی
معالجات پر آپ کو عبور حاصل ہے۔

حکیم رانا احمد علی خان ولد حاجی وزیر علی
سلیمانیہ دواخانہ۔ قائم والا۔ مظفر گڑھ

مجربات

کثرت طمث: اجزاء و ترکیب ساخت: ملتانی مٹی ایک
چھٹانک ایک بوتل میں ملا کر نتھرا ہوا
پانی دن میں دو تین بار پانچ پانچ تولہ پلانا ماہواری کی زیادتی
کو روک دیتا ہے۔

بندش حیض: اجزاء و ترکیب ساخت: پوٹاشیم پرمگنیٹ
ایک رتی قند کہنہ میں ملا کر نہار منہ کھلانے
سے رات کا رکا ہوا حیض جاری کرتا ہے۔

مقوی باہ: اجزاء و ترکیب ساخت: پھلی ببول خام
سایہ میں خشک کردہ ہموزن مصری ملا کر
چھ ماشہ صبح و شام ہمراہ شیر گاؤ استعمال کرنا قوت باہ میں
اضافہ کرتا ہے۔

سفوف ہاضم: اجزاء و ترکیب ساخت: فلفل دراز۔ فلفل
سیاہ۔ ہینگ بریاں۔ زنجبیل۔ اجوائن
دیسی۔ نمک سیندھا۔ زیرہ سفید۔ زیرہ سیاہ۔ ہینگ بریاں ہر
ایک مساوی الوزن ایک تولہ سفوف بنائیں۔
مقدار خوراک: ایک رتی سے چار رتی تک ہمراہ آب نیم گرم
فوائد: جملہ امراض معدہ میں مفید ہے ہاضم و کاسر ریاح ہے۔

اکسیر معدہ: اجزاء و ترکیب ساخت: ہیرا ہینگ چھ ماشہ کی ڈلی گرم توے پر رکھ کر بھون لیں۔ نمک سیاہ، فلفل دراز، اجوائن دیسی، سونٹھ ایک ایک تولہ، زیرہ سفید بھونا ہوا ایک تولہ، سہاگہ بریاں اور ست لیموں چھ چھ ماشہ۔ آک کے پھول کا لونگ ایک تولہ۔ تمام ادویہ کو الگ الگ باریک پیس کر ملا لیں اور پیاز کے پانی سے کھرل کر کے چنے سے کسی قدر بڑی گولیاں بنا کر سایہ میں خشک کریں۔ ایک تا دو گولی بعد طعام کھائیں۔ یہ خوش ذائقہ گولیاں اکثر امراض معدہ بدہضمی، درد شکم، اپھارہ اور باؤ گولہ تک کیلئے ازحد مفید ہیں۔ مجرب ہے۔

گود بھری: اجزاء و ترکیب ساخت: دو تولے اسگند کو گائے کے دودھ میں پیس کر ٹکڑی بنا لو اور قلعی دار برتن میں رکھ کر ایک پاؤ گائے کا دودھ اور ایک تولہ گائے کا گھی ڈال کر نرم آگ پر پکاؤ جب تین چھٹانک دودھ رہ جائے تو اتار کر چھان لو۔ اس دودھ کو استعمال کر نیوالی عورت کو حمل ضرور ٹھہر جاتا ہے۔

ممسک: بیخ کنیر سفید سایہ میں خشک کردہ ایک تولہ اسگندھ دو تولہ میں کھرل کریں اور دونوں پاؤں کے تلوؤں پر ضماد کریں اور مشغول جماع ہوں۔ تعجب خیز اثر ہوگا۔

ممسک: اجزاء و ترکیب ساخت: عقرقرحا ایک تولہ تخم ریحان آٹھ تولہ، چینی نو تولہ، باریک پیس لیں۔ ایک تا تین ماشہ روزانہ صبح نہار دودھ سے ہفتہ عشرہ بعد جماع کرنے پر امساک خوب ہوگا۔ اس سے منی گاڑھی ہوگی چالیس یوم کھالیں تو کورس مکمل ہو جائے گا۔

نامردی تین خوراک میں ختم: اجزاء و ترکیب ساخت: کونچ جو ایک مشہور بیل ہے اس کی جڑ کا سفوف ایک ماشہ دودھ سے نوش کریں۔ صرف تین یوم کافی ہے۔

محمد اسلم خان

اکسیر معدہ: اجزاء و ترکیب ساخت: متلی۔ قے اپھارہ۔ پیٹ درد۔ کھٹے ڈکار۔ بدہضمی اور بھوک نہ لگنا۔ تبخیر معدہ میں بھی مفید ہے۔

زنجبیل تولہ، فلفل سیاہ تولہ، فلفل دراز تولہ۔ دار چینی تولہ الائچی کلاں تولہ۔ نمک سیاہ ۳ تولہ۔ میٹھا سوڈا ۵ تولہ۔ ست پودینہ ۲ ماشہ۔

ست پودینہ کے علاوہ سب چیزوں کو باریک کوٹ چھان لیں بعد میں ست پودینہ ملا کر تھوڑی دیر رگڑیں تیار ہے۔ بند منہ کی بوتل میں رکھیں۔

مقدار خوراک: عام حالت میں ایک ماشہ تازہ پانی سے دن میں تین بار دیں۔ بدہضمی اور بھوک کی کمی میں دونوں وقت بعد غذا ایک ایک ماشہ کھلائیں۔

اکسیر جریان: اجزاء و ترکیب ساخت: جریان، احتلام، سرعت، انزال اور منی کی کمی کیلئے۔

بہیدانہ ۵ تولہ۔ سمندر سوکھ ۵ تولہ۔ کیکر کی کچی پھلیاں ۵ تولہ۔ بھاٹیہ یعنی سنگجراحت شگفتہ ۵ تولہ۔ تخم ریحان ۵ تولہ۔ تخم ریحان کے علاوہ سب ادویہ باریک کوٹ چھان لیں۔ تخم ریحان سالم شامل کرلیں۔ پھر تمام ادویہ کے برابر وزن چینی کھانڈ شامل کریں۔

مقدار خوراک: چھ ماشہ صبح چھ ماشہ شام۔ پاؤ بھر نیم گرم دودھ کے ہمراہ۔ اس کی ہر خوراک میں کشتہ سرخ پھٹکڑی چار چار رتی شامل کریں۔ سرخ پھٹکڑی ایک چھٹانک کو کوٹ کر توے پر بچھا لیں۔ اور توا چولہے پر چڑھا کر ہلکی ہلکی آنچ دیں۔ جب پگھل جائے تو گائے کا پاؤ بھر دودھ تھوڑا تھوڑا کرکے اس پر

ڈالتے رہیں۔ جب خشک ہو جائے اتار لیں۔ ٹھنڈا ہونے پر پیس لیں بس تیار ہے۔

یہ اکسیر پھٹکڑی۔ عورتوں کے سیلان الرحم اور جریان خون میں بھی بہت مفید ہے۔ ایک ماشہ تک مکھن میں پیٹ کر صبح نہار منہ کھلاتے رہیں۔ ہفتہ عشرہ میں فوائد معلوم ہوں گے۔ بہت مجرب ہے۔

اکسیر وجع المفاصل: اجزاء و ترکیب ساخت: درد کمر۔ گھٹنوں کا درد۔ ریاحی درد۔
کچلہ مدبر تولہ۔ فلفل دراز تولہ۔ فلفل سیاہ تولہ۔ سب کو کوٹ پیس کر نخودی گولیاں بنائیں صبح نہار منہ ایک گولی۔ آدھ سیر گرم دودھ سے کھلاتے رہیں۔ بہت مفید ہے۔

قوت باہ کا مریض اگر یہی گولیاں صبح نہار منہ گرم دودھ سے چالیس یوم با پرہیز استعمال کریں تو تمام کمزوری دور ہو جائیگی۔ میرا تجربہ ہے۔

اعصائے پیری: اجزاء و ترکیب ساخت: ایک تولہ تخم الفار سفید کو کھرل میں ڈال کر تولہ تولہ بھیڑ کا دودھ شامل کر کے رگڑتے رہیں۔ دس تولہ بھیڑ کا دودھ جذب کر دیں۔ گاڑھا ہونے پر مونگ کے دانہ برابر گولیاں بنائیں۔ سردیوں میں بوڑھوں کے لئے تحفہ ہے۔ ٹیڑھی کمر والے بھی سیدھے ہو کر چلنے لگ جاتے ہیں۔

حاجی محمد اسلم خان ولد محمد حسن خان
موضع چوہڑ کانہ ڈاک خانہ خان گڑھ ضلع مظفر گڑھ

حکیم محمد حسن جویہ

آپ ۱۵ جون ۱۹۳۵ء موضع بلند تحصیل نورپور تھل ضلع خوشاب میں ایک متوسط درجہ کے زمیندار صوفی میاں نور محمد جویہ کے گھر ... ناظرہ قرآن پڑھنے کے بعد ۱۹۴۰ء میں اسی گاؤں کے پرائمری مدرسہ میں داخل ہو کر بہترین طالب علم ... پرائمری پاس کر کے گورنمنٹ ہائی سکول مٹھہ ٹوانہ تحصیل خوشاب میں داخل ہو کر ۱۹۵۱ء میں میٹرک پاس کیا۔ اسی ... سرکاری ڈسپنسری لاوہ میں ڈسپنسر کلاس کی تربیت حاصل کر کے پنجاب سٹیٹ میڈیکل فیکلٹی سے ۱۹۵۲ء میں امتحان پاس کیا۔ ۱۹۵۴ء میں طب کا کورس لاہور میں پاس کر کے ایک مستند طبیب کی حیثیت سے اپنے گاؤں بلند میں "مطب حکیم محمد حسن جویہ" کے نام سے ۱۹۵۴ء میں ہی مطب کا آغاز کر دیا۔

۱۹۶۳ء میں فاضل اردو کا امتحان پرائیویٹ پاس کیا۔ ۱۹۶۴ء میں شہر منتقل ہو گئے۔

۱۹۶۴ء کو تھل یونانی میڈیکل سروس کے نام سے جوہر بازار قائد آباد میں افتتاح کیا۔ پورے دو سال یہاں مطب کرنے کے بعد ستمبر ۱۹۶۶ء میں مستقل نقل مکانی کر کے کندیاں ضلع میانوالی میں مکمل رہائش پذیر ہو گئے اور مین بازار کندیاں میں تھل یونانی میڈیکل سروس کے نام سے مطب شروع کیا۔ یہاں ایک کامیاب معالج کی حیثیت مشہور ہوئے۔ جنوری ۱۹۸۴ء میں احسن طبی ہسپتال کندیاں کی بنیاد رکھی اسی ہسپتال میں دکھی انسانیت کی خدمت میں مصروف ہیں۔

حکیم محمد حسن جوئیہ ولد میاں نور محمد
الحسن طبی ہسپتال کندیاں ضلع میانوالی

مجربات

تریاق الاذن: یہ کان کے درد، کان کا بہنا، کان کا بند ہوجانا، کان کا ورم اور کان کی پھنسیوں اور کان کے کیڑوں کے لئے تیر بہدف ہے میرا معمول مطب ہے اور سو فیصد کامیاب ہے۔

بیخ مدار تازہ کا چھلکا اتار کر پانی سے مٹی وغیرہ سے صاف پاک کرکے ایک چھٹانک ایک پاؤ تیل تارامیرا میں ڈال کر اس قدر پکائیں۔ کہ چھلکا جل کر سیاہ کوئلہ ہوجائے اتار کر موٹے کپڑے سے چھان کر کسی شیشی میں محفوظ رکھیں۔ کان کے ہر مریض میں صبح وشام ۶ قطرہ کان میں ٹپکائیں۔

حب تریاق شکم: اجزاء وترکیب ساخت: لونگ، گل مدار، فلفل سیاہ، نمک سیاہ ہر ایک ۱ چھٹانک سب کو خوب باریک پیس کر خوب کھرل کریں اور حبوب بقدر کنار دشتی بنائیں۔

ترکیب استعمال: ۱ تا ۲ گولی بعد از طعام ہمراہ آب تازہ صبح وشام بہترین ہاضم کاسر ریاح اور معدہ امعاء کے جملہ عوارضات کیلئے مفید ہے۔ درد شکم کی صورت میں ۳ گولی اکٹھی دیں۔

سفوف جریان: اجزاء وترکیب استعمال: تنگ کیکر دیسی، گل کیکر، پھلی قرط کیکر، گوند کیکر، چھال کیکر ہر ایک ۱/۲ ۲ تولہ سایہ میں خشک کرکے باریک پیس چھان کر ادویہ کے وزن کے برابر نبات سفید ملا کر محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال: ۶ تا ۹ ماشہ صبح وشام ہمراہ دودھ استعمال کریں

فوائد: گرمی، جلس، جریان واحتلام، سرعت انزال کا حکمی علاج ہے۔ دو ہفتے کے استعمال سے مکمل آرام ہوتا ہے۔ نظام انہضام ٹھیک رکھنے کیلئے مریض کو جوارش جالینوس استعمال کرائیں۔ ۶ ماشہ صبح وشام بعد از طعام

حکیم محمد اقبال

آپ ۱۲ مارچ ۱۹۵۹ء میں پیدا ہوئے۔ ابتدائی دینی و درسی تعلیم مقامی سطح پر حاصل کی۔ گورنمنٹ سنٹرل ماڈل سکول سے میٹرک کا امتحان پاس کیا اور فن طب کیطرف راغب ہوئے۔ یونانی میڈیکل کالج خوشاب سے ۱۹۸۶ء میں فاضل الطب والجراحت کی سند حاصل کی اور عملی مطب کے ذریعے خدمت خلق میں مصروف ہیں۔ آپ ایک نوجوان طبیب اور سرگرم سماجی کارکن ہیں۔

حکیم محمد اقبال ولد غلام محمد
محلہ تانی خیل پوسٹ آفس کمر مشانی۔ تحصیل عیسیٰ خیل ضلع میانوالی

مجربات

سفوف تریاق: اجزاء وترکیب ساخت: نوشادر ٹھیکری ایک تولہ۔ نمک سینڈت چھ ماشہ، نمک سیاہ چھ ماشہ، فلفل سیاہ نو ماشہ، جڑ پان ایک تولہ، ملٹھی مقشر ایک تولہ۔ باریک سفوف بنالیں۔

مقدار خوراک: دو تین رتی شہد میں ملا کر دن میں چار پانچ مرتبہ حسب عمر۔

فوائد: تنگی تنفس، خراش، بلغمی کھانسی، دمہ میں مفید ہے۔

حکیم غلام نبی مشتاق

آپ ۱۹۱۴ء کو پیدا ہوئے ابتدائی تعلیم کی تکمیل کے منشی فاضل اور منشی مولوی فاضل کا امتحان پاس کیا۔ پھر "طبیب حاذق" حکیم محمد الدین صاحب سراج سے تین سال تک طب پڑھی اور فاضل طب وجراحت مسیح الزمان حکیم محمد الدین صاحب آف ٹچو والی شاگرد مسیح الملک حکیم محمد اجمل خان صاحب سے تین سال تک عربی طب کی کتب اور عملی مطب سیکھا۔

اسی دوران منشی فاضل پاس کیا بعد میں شاہدرہ طبیہ کالج میں ممتاز الاطباء کیا۔ آیورویدک اینڈ طبیہ کالج سے دوسرے سال میں داخلہ لے کر سند اور میڈل حاصل کیا۔ مہاراجہ کالج سے سند اعزازی حاصل کی۔ مطب اپنے ہی گاؤں میں شروع کیا کامیابی نے اللہ کے فضل سے قدم چومے۔ ایک سال موضع سہیول ضلع شیخوپورہ میں مطب کیا پھر گاؤں میں آکر مطب اور زمیندارہ کیا۔ اساتذاں کاملاں مسیح ہر دو حکیم محمد الدین صاحبان و استاذ الاطباء حکیم احمد دین صاحب موجد طب جدید و ابوتراب حکیم عبدالحق و حکیم شمس الحق صاحبان و مسیح زمان، زبدۃ الاولیاء حکیم خادم علی صاحب سیالکوٹی سے خصوصی فیض حاصل کیا۔

آپ نے سماجی کارکن کی حیثیت سے ہر رفاہی کام میں تاعمر حصہ لیا ہے۔ ایک درس کو جس کا نام دارالعلوم ضیاء القرآن عربیہ اسلامیہ نقشبندیہ ہے۔ آپ تبلیغ واشاعت دین کا اہم فریضہ انجام دے رہے ہیں۔ ۱۹۷۳ء میں حج بیت اللہ کی سعادت نصیب ہوئی۔

خاندانی شغل زمیندارہ و طب و درس و تدریس [illegible] اہلسنت نظام مصطفیٰ۔ رفاہ عامہ کمیٹی۔ طبی کمیٹیاں [illegible] آبادکاری مہاجرین۔ رضاکاران اور رائفل کمیٹیوں میں حصہ لیا۔ طب یونانی میں آپ کے کئی شاگردان [illegible] مصروف ہیں۔

حکیم غلام نبی مشتاق گولڈ میڈلسٹ ولد چوہدری [illegible]
دواخانہ "مشتاق الشفاء" (رجسٹرڈ) موضع ببلیاں
ڈاکخانہ نندکے تحصیل و ضلع نارووال

مجربات

جوہر مقوی: اجزاء و ترکیب ساخت: سنکھیا ایک ماشہ [illegible] کوزہ ۹۹ ماشہ دونوں کو بارہ گھنٹے کھرل کریں

خوراک: ۲ چاول سے ایک رتی تک ہمراہ بدرقہ مناسب اعلیٰ درجہ کا مقوی بدن و باہ ہے۔ تمام اعضائے رئیسہ کو طاقت دیتا ہے اور عصبی امراض کو دور کرتا ہے۔ آزمائش شرط ہے۔

حب ممسک و قوت باہ: اجزاء و ترکیب ساخت: دارچینی ۱ تولہ۔ فلفل دراز ۱ تولہ۔ فلفل سیاہ ۱ تولہ۔ عاقرقرحا ۱ تولہ۔ زنجبیل ۱ تولہ۔ کچلہ مدبر ۱ تولہ۔ افیون ۳ ماشہ۔ ہمراہ منقہ حب بقدر نخود۔ دو گولی ہمراہ دودھ۔ پرہیز۔ ترشی۔ بادی۔ اچار۔

حب ممسک مبہی: اجزاء و ترکیب ساخت: ست سلاجیت، مشک خالص، اسگندھ ناگوری۔ عود [illegible] باریک پیس کر آمیختہ کرکے گولی بقدر نخود۔ ایک گولی قبل آدھ گھنٹہ ۱ ماشہ دودھ گائے ترشی سے پرہیز۔ درد کمر امراض عصبی ریحی میں بے حد مفید ہے۔

نزلین: اجزاء و ترکیب ساخت: مرض نزلہ۔ زکام خواہ کتنا پرانا ہو قطعی طور پر فائدہ ہوتا ہے۔ سفوف

یہ کشتہ ایک دفعہ تیار کرلیں اور تمام پوشیدہ مردمی امراض کا شافی علاج آپ کے پاس ہوگا جو کبھی خطا نہیں جائیگا۔ اسکے دیگر فوائد کامل حکماء خوب جانتے ہیں۔

مقدار خوراک: چار چاول سے آٹھ چاول تک مکھن میں رکھ کر کھلائیں۔

کشتہ پارہ: اجزاء و ترکیب ساخت: پارہ مصفیٰ بیس گرام لے کر آب کنڈیاری بوٹی ڈھائی سو گرام (مقطر) میں کھرل کریں۔ خشک ہونے پر پارہ گرہ ہوگا۔ اسی بوٹی کے ایک سو پچیس گرام نغدہ میں رکھ کر گل حکمت کرکے آٹھ کلو اوپلوں کی آگ دیں کشتہ ہموزن اور قائم النار برآمد ہوگا۔

یہ سینہ کا راز ہے۔ اسکو کشتہ پارہ باوزن با بوٹی و قائم النار کہتے ہیں۔

مقدار خوراک: ایک سے دو چاول تک مکھن میں دیں۔

برائے خنازیر: اجزاء و ترکیب ساخت: جب جریان احتلام پر کوئی دوائی اثر نہ کرے تو اس کشتہ پارہ کو آزمائیں۔ بزرگان چشتیہ کا صدقہ کبھی خطا نہیں جائیگا ضرور آزمائش کریں۔

خالص سونا تین گرام لیکر اس کا تعویذ کسی زرگر سے بنوائیں اور اس کے اندر حسب گنجائش سم الفار سفید بھر دیں۔ اور تعویذ بند کرکے اس پر سوئی سے بہت ہی باریک چھوٹے چھوٹے سوراخ کر دیں جو کہ تعداد میں طاق ہوں۔ یہ تعویذ خنازیر والے مریض کے گلے میں ڈال دیں۔ انشاءاللہ العزیز خنازیر جڑ سے جاتی رہیگی۔

حکیم افتخار احمد

آپ دسمبر ۱۹۴۲ء کو گورداسپور (بھارت) میں پیدا ہوئے۔ ابتدائی دینی و درسی تعلیم کے بعد میٹرک کا امتحان سائنس کے مضامین کیساتھ درجہ اول میں پاس کیا۔ اور گورنمنٹ کالج فیصل آباد میں میڈیکل گروپ میں داخلہ لیا۔ لیکن بوجہ تعلیم جاری نہ رکھ سکے۔ بعد ازاں فیصل آباد ہسپتال میں ڈسپنسر کورس میں داخلہ لے لیا۔ دوران تعلیم حکیم غلام علی صاحب کی وساطت سے حکیم انقلاب دوست محمد صابر ملتانی سے بالمشافہ ملاقات کی اور آپ نظریہ مفرد اعضاء سے متاثر ہو کر طبی تعلیم کیطرف مائل ہوئے۔ کوالیفائیڈ ڈسپنسر کورس کے ساتھ آپ نے بی فارمیسی اسسٹنٹ کی سند حاصل کی اور طبی رجسٹریشن بورڈ سے رجسٹرڈ ہو کر عملی مطب شروع کیا۔ ساتھ ساتھ آپ نے تصنیف و تالیف کا سلسلہ بھی جاری رکھا۔ علم طب، معالجات اور عملیات پر آپ نے متعدد کتب لکھیں جو زیر طبع ہیں۔ آپ عسر العلاج امراض کے معالجہ پر خصوصی مہارت رکھتے ہیں اور اس فن شریف کے ذریعے خدمت خلق میں مصروف ہیں۔

حکیم افتخار احمد ولد چوہدری شمس الدین راجپوت،
فیض پنجتن پاک انقلابی کلینک نزد پوسٹ آفس
ظفروال ضلع ناروال

مجربات

اکسیر معدہ: اجزاء و ترکیب ساخت: کشتہ عقیق ½ تولہ ریوند سوڈا بائیکارب۔ گل عشر۔ الائچی خورد سہاگہ بریاں۔ نوشادر ٹھیکری۔ نمک مولی خود ساختہ ہر تولہ تولہ سقمونیا ۱ تولہ گلقند ۵ تولے۔ حب کوکنار۔

مقدار خوراک: ۱ حب روزانہ پانی سے۔

فوائد: تیزابیت معدہ میں آج کل کافی لوگ مبتلا ہیں۔ جس سے سینہ میں جلن رہتی ہے۔ اور آہستہ آہستہ اس سے معدہ میں درد ہونے لگتی ہے جس سے السر تک نوبت بھی آتی ہے۔ اس مرض کے ازالہ کے لئے جیلوسل گولیاں ایلوپیتھک

وغیرہ استعمال کرتے ہیں جن سے وقتی فائدہ کے کچھ حاصل نہیں ہوتا۔ مذکورہ نسخہ بفضلہٖ تریاق واکسیر کامل میرا مجوزہ ہے۔ چند روز کا استعمال بفضلہٖ مکمل شفایابی کا ضامن ہے۔

دیگر: اجزاء وترکیب ساخت: اذراقی مدبر، زنجبیل، قرنفل، بسفائج فستقی، فلفل ابیض، فلفل سیاہ، قاقلہ کبار، تربد، خنظل بغیر تخم، مصطگی رومی، ہلیلہ سیاہ، کرفس، برگ سداب، نمک سیاہ، نوشادر ٹھیکری سوئے سب ۱۰ تولہ شہد ۳ چھٹانک میں ملالیں۔

مقدار خوراک: ۱-۲ ماشہ دن ۳ بار نیم گرم پانی سے

فوائد: درد معدہ۔ درد وفم معدہ تولنج بلغمی۔ کھچاوٹ معدہ دائمی نفخ، تبخیر معدہ غرضیکہ امعاد کی ہر سرد مرض کیلئے اکسیر وتریاق ہے۔

اکسیر ریح البواسیر: اجزاء وترکیب ساخت: کشتہ کچلہ ۲ تولے۔ زنجبیل، قشر ہلیلہ کابلی، ہلیلہ زرد، ہلیلہ سیاہ۔ فلفل دراز، فلفل سیاہ، عقر قرحا، دار چینی، دانہ الائچی کلاں، تج پات، ناگ کیسر، تخم حرمل، کلونجی، باڑنگ ہر تولہ تولہ مناسب بدرقہ سے حب کوکنار بنائیں۔

مقدار خوراک: ۱ حب دن میں ۲ بار تازہ پانی سے۔

فوائد: بواسیر ریحی کیلئے اکسیر وتریاق کامل ہی نہیں ہے بلکہ اس سے وجع المفاصل، اعصابی دردیں۔ تبخیر معدہ۔ گنٹھیا ایسی تمام امراض سے بفضلہٖ ہمیشہ کیلئے نجات ہوتی ہے۔

حب خونی بواسیر: اجزاء وترکیب ساخت: رسونت عمدہ مغز تخم کرنجوہ۔ چاکسو مدبر سب ہموزن لیکر پانی کی مدد سے حب کوکنار بنالیں۔

مقدار خوراک: ۱ حب صبح شام دودھ میں ۳، ۴ تولے گھی ملاکر دیں۔

فوائد: خون بواسیر کو جلد روکنے کیساتھ درد جلن کو ختم کرتی ہیں۔

دافع درد دانت: اجزاء وترکیب ساخت: ست اجوائن ½ تولہ ست پودینہ ۳ ماشے تیل تارپین دو تولہ سب ملاکر دھوپ میں رکھیں تیل ہوجائیں گے۔ بطور پھریری دانت پر لگائیں درد فوراً بند ہوگا۔ سردرد کیلئے بھی پیشانی پر لگانے سے درد موقوف ہوجاتا ہے۔

اکسیر نامردی: اجزاء وترکیب ساخت: سیماب گندھک آملہ سار۔ کچلہ مدبر، شنگرف ہر ایک دس دس گرام۔ لونگ، دار چینی، تخم حرمل، ریگ ماہی ہر ایک ایک بیس گرام۔ جملہ ادویہ کم از کم دو گھنٹہ کھرل کریں۔

مقدار خوراک: آدھ گرام دن میں دو مرتبہ ہمراہ دودھ گھی ملاکر

فوائد: چالیس سال سے زائد عمر کے مریضوں بالخصوص بادی مزاجوں کے لئے اکسیر ہے۔

اکسیر درد گردہ ریاحی: اجزاء وترکیب ساخت: اذراقی مدبر، مصبر زرد، سورنجاں تلخ۔ تربد مجوف۔ قرنفل جملہ ادویہ سفوف بناکر حبوب بقدر آدھا گرام بنالیں۔

مقدار خوراک: اسے دو گولی تک دورہ کے وقت ہمراہ چائے

فوائد: درد گردہ ریاحی سے مکمل نجات دلاتی ہے۔ تین ہفتے کا استعمال کریں، روزانہ ایک گولی صبح وشام۔

اکسیر کثرت حیض: اجزاء وترکیب ساخت: سنگجراحت پچاس گرام، کشتہ شاخ مرجان دس گرام ملالیں تیار ہے۔

مقدار خوراک: اسے دو گرام تک دودھ یا شربت انجبار سے دیں۔

فوائد: کثرتِ حیض کیلئے سریع الاثر ہے۔

اکسیر سعال بلغمی و بادی: اجزاء و ترکیب ساخت: ملیٹھی سیاہ بریاں سات تولہ کاکڑا سنگی سات تولہ، دارچینی تین تولہ، کلونجی دو تولے حنظل ایک تولہ، کچلہ مدبر گھی والا ایک تولہ۔ خوب باریک کر کے یکجان کریں۔

مقدار خوراک: ایک سے دو ماشہ دن میں دو بار۔

فوائد: سعال بلغمی اور طبع بادی کیلئے مفید ہے ایک ماہ کا استعمال مرض سے قطعاً چھٹکارا دلاتا ہے۔

اکسیر تبخیر معدہ: اجزاء و ترکیب ساخت: کچلہ مدبر، دارچینی۔ قرنفل۔ عقرقرحا۔ مرچ سرخ۔ رائی جملہ ادویہ ہموزن سفوف بنا کر حبوب بقدر نخود تیار کریں۔

مقدار خوراک: ایک سے دو گولی تک صبح و شام۔

فوائد: تبخیر معدہ کیلئے ازحد مفید ہے۔

حکیم عبدالستار حاذق

آپ ۴ مارچ ۱۹۳۰ء موضع قادر والا تحصیل زیرہ ضلع فیروز پور (بھارت) میں پیدا ہوئے۔ ابتدائی تعلیم ضلع فیروز پور بھارت میں حاصل کی اور اگست ۱۹۴۷ء کو ہجرت کر کے ضلع ملتان میں مقیم ہوئے (جو کہ اب ضلع وہاڑی میں ہے)

منظفر گڑھ سے جے وی کا امتحان پاس کیا۔ اگست ۱۹۵۰ء میں بطور اول مدرس پرائمری سکول چک $\frac{252}{EB \cdot 12}$ بوریوالا میں تقرری ہوئی۔ ۱۹۵۲ء میں طب اسلامی کیطرف رجحان ہوا۔ بوریوالا میں حکیم حاذق عطاء الہی مرحوم سے طب میں درسی و عملی تعلیم مکمل

کی۔ ان کی شاگردی میں [illegible]
۱۹۶۴ء میں [illegible]
کے ذریعے خدمت خلق میں [illegible]

حکیم عبدالستار حاذق [illegible]
مکان ۳۳ [illegible]

مجربات

مجرب نسخہ: اجزاء و ترکیب ساخت [illegible] طباشیر [illegible] تولہ [illegible] سفید ۱ تولہ۔ تا ملکی [illegible] تولہ [illegible] ۱ تولہ۔ کوزہ مصری۔ کوٹ چھان کر [illegible] کی پڑیہ بنا کر [illegible] تولہ شربت بزوری [illegible]

فوائد: جریان [illegible] قوت [illegible]

حکیم محمد عبدالصمد

آپ ۱۹۲۰ء کو موضع خانپور میں پیدا ہوئے ابتدائی دینی و درسی تعلیم کے بعد [illegible] عربی اور طب کی تعلیم حاصل کی۔ [illegible] میں حضرت فاضل دیوبند مولینا محمد بخش صاحب سے [illegible] اور طبی تعلیم مولینا حکیم محمد قمر الدین صاحب [illegible] حاصل کی۔ اور حضرت مولینا حکیم [illegible] صاحب [illegible] سے عملی تجربہ حاصل کیا۔ پھر [illegible] تحصیل [illegible] ضلع وہاڑی میں رہ کر [illegible] کی۔ کیونکہ آباؤ اجداد سے حکمت و طب آپکے خاندان [illegible] منتقل ہو رہی ہے اسی بنا پر آپ نے [illegible]

کیا ۱۹۴۲ء میں مطب میلسی میں منتقل کر لیا اور تاحال خدمت خلق میں معروف ہیں۔

حکیم محمد عبدالصمد ولد حکیم مولوی دین محمد
نظامیہ شفاخانہ میلسی۔ ضلع وہاڑی

مجربات

معجون برائے سدر و دوار و دردسر: اجزاء و ترکیب ساخت: تخم خشخاش سفید صاف ۲ تولہ، مغز بادام شیریں مقشر ۱ تولہ۔ سونٹھ ۳ ماشہ، زعفران خالص ۱ ماشہ۔ مغز کشنیز ۳ تولہ۔ انگور سیاہ کلاں ۵ تولہ۔ روغن بادام خالص ۲ تولہ۔ گھی گاؤ دیسی ۲ تولہ مصری ایک پاؤ کا قوام کر کے اس میں بالا ادویات باریک شدہ ملا کر معجون بنالیں۔

مقدار خوراک: ۱ تولہ صبح و شام دیں ملین ادویہ ضرور دیں۔

قیروطی تمدد و کزاز و تشنج: اجزاء و ترکیب ساخت: جند بیدستر اصل ۴ ماشہ فرفیون ۴ ماشہ۔ میعہ سائلہ اصلی ۴ ماشہ۔ موم سفید اصلی ۲ تولہ۔ روغن بید انجیر۔ موم کو روغن بید انجیر میں پگھلا کر ادویہ باریک شدہ ملا کر رکھ دیں اور کپڑے پر لگا کر عضو ماؤف پر چسپاں کر دیں مفید ہے۔

اطریفل مقوی دماغ: دافع نزلہ و زکام و قبض دائمی:

اجزاء و ترکیب ساخت: آرد ترپھلہ ۲ تولہ۔ آرد برگ سناء صاف ۲ تولہ۔ عناب خستہ دور کردہ ۲ تولہ۔ گل سرخ صاف ۲ تولہ تخم مرمرف ۲ تولہ۔ دراکھ منقی ۲ تولہ۔ آرد اسطوخودوس ۱ تولہ۔ مغز کشنیز خشک ۲ تولہ۔ باریک کر کے قند سفید آدھ سیر کا قوام کر کے اس میں ملا کر اطریفل بنالیں۔

مقدار خوراک: ۱ تولہ تا ۲ تولہ دن میں [illegible]

ضیق النفس: اجزاء و ترکیب ساخت: [illegible] ۱ تولہ۔ اجوائن دیسی صاف شدہ ۳ تولہ برگ بھنگ ۲ تولہ۔ باریک سفوف کر کے ملا کر رکھ دیں۔

مقدار خوراک: ۵ رتی دن میں تین بار [illegible] کھلا دیں۔ بہت مفید ہوگا۔

شربت شفاء نظامی: اجزاء و ترکیب ساخت: [illegible] کوفتہ ۵ تولہ، [illegible] کوفتہ [illegible] گل نیلوفر صاف ۵ تولہ، ان کو ایک سیر پانی میں جوش دیں جب ۱/۲ پاؤ پانی رہ جائے تو چھان کر ڈیڑھ پاؤ چینی ملا کر شربت بنالیں۔

مقدار خوراک: ۲ تولہ دن میں تین بار پلائیں۔ ذات الجنب۔ ذات الریہ۔ ربو۔ ضیق النفس۔ حمیات خونی و صفراوی کو ازحد مفید ہے۔

حکیم لعل حسین چشتی

آپ کا تعلق ایک طبی گھرانہ سے ہے آپ ۱۹۳۸ء میں پیدا ہوئے ابتدائی دینی اور درسی تعلیم کے بعد مڈل سکول کرم پور میں تعلیم مکمل کی اور ملازمت اختیار کر لی۔ دوران ملازمت دینی تعلیم مکمل کی اور فن طب کی طرف راغب ہوئے۔ والد ماجد کی کتب سے استفادہ کیا اور عملی تجربات حاصل کئے۔ رجسٹریشن ایکٹ کے تحت رجسٹرڈ ہوئے اور باقاعدہ مطب خادم چشتیہ یونانی شفاخانہ کے نام سے عملی مطب کے ذریعے خدمت خلق میں مصروف ہوئے

حکیم لعل حسین چشتی ولد حافظ خادم حسین چشتی
موضع چھتانی تحصیل میلسی ضلع وہاڑی

مجربات

کشتہ ابرک سیاہ: اجزاء و ترکیب ساخت: ابرک سیاہ کو ورق ورق کر کے دس تولہ لے کر ایک پیالہ میں ڈال کر اس پر پکن بوٹی کا تازہ پانی ڈالیں کہ دو انگل اوپر آجائے۔ اور گل حکمت کر کے ایک من اوپلوں کی آگ دیں۔ شگفتہ ہوگا اور کوزہ بھر جائیگا۔ باریک کر کے رکھ دیں۔

مقدار خوراک: صبح ایک رتی شام کو ایک رتی اور پھر صبح کو دیں۔

فوائد: کثرتِ خون۔ استحاضہ اور لازمی دائمی بخار کو از حد مفید ہے۔

اکسیر خارش: اجزاء و ترکیب ساخت: ڈنڈا گندھک ۵ تولے کر ڈلی ہو۔ پانچ سیر دودھ میں ڈال کر کاڑھ لیں۔ دودھ گاڑھا ہو جائے کھویہ بن جائے ڈلی سالم ڈنڈا گندھک کی نکال کر خشک کر کے باریک پیس لیں اور باپچی ۲ تولہ باریک پیس کر ملا لیں۔

مقدار خوراک: ایک رتی پانی سے دیں اور چھ ماشہ لیکر مکھن ۵ تولہ میں ملا کر بدن پر مالش کریں چنبل داد دیگر خارش کو مفید ہے سکون پہنچاتی ہے۔

حکیم سلیم الحسن سلیمی

آپ ۱۴ جون ۱۹۵۵ء میں پیدا ہوئے ابتدائی دینی و درسی تعلیم مکمل کرنے کے بعد فن طب کیطرف رجحان ہوا۔ ۱۹۷۱ء کو طبیہ کالج لاہور میں داخلہ لیا دوران تعلیم آپ طلباء کی نصابی وغیر نصابی سرگرمیوں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیتے رہے۔ ۱۹۷۵ء میں فاضل الطب والجراحت کی سند امتیازی حیثیت سے حاصل کی۔ ۱۹۸۱ء میں ذاتی مطب پیام صحت کلینک کے نام سے شروع کیا۔ اور خدمتِ خلق میں مصروف ہوئے۔ آپ ایک نوجوان طبیب اور سماجی کارکن کے علاوہ طبی سیاست میں ممتاز مقام کے حامل ہیں۔

حکیم سلیم الحسن سلیمی ولد حکیم چوہدری محمد ایوب
پیام صحت کلینک پیپلز کالونی۔ وہاڑی

مجرّبات

برائے سنگ گردہ و مرارہ: اجزاء و ترکیب ساخت: سنگ یہود ۵ تولہ۔ جوکھار ۵ تولہ۔ پھٹکڑی ۵ تولہ۔ افیون ۵ تولہ۔ پتھر چونے کا پانی ایک پاؤ۔ پتھر چٹ کا پانی ایک پاؤ۔ مولی کا پانی ایک پاؤ پیاز کا پانی ایک پاؤ۔ قلمی شورہ ۵ تولہ۔

ترکیب تیاری: پانچوں چیزوں کو لوہے کی کڑاہی میں ڈال کر لیں اور پھر چاروں چیزوں کا پانی اکٹھا کریں۔ کڑاہی کو چولہے پر رکھیں اور آگ جلائیں اور تھوڑا تھوڑا پانی ڈالیں۔ تمام پانی ختم ہو جائے۔ اور جب بھورے رنگ کا سفوف تیار ہو جائے۔

تو اتار لیں۔

مقدار خوراک : ایک رتی سفوف ہمراہ مکھن صبح و شام۔

فوائد : گردہ میں پتھری اور پتھری مرارہ میں بہت مفید ہے

برائے اولاد نرینہ : اجزاء و ترکیب ساخت : زعفران اصلی ۲ ماشہ۔ باریک پیس کر ایک ایک ماشہ کی چھ پڑیہ بنالیں۔ روزانہ صبح ایک خوراک منہ میں ڈال کر بچھڑے والی گائے کا دودھ حیض کے بعد پلا دیا کریں۔ جب استقرار حمل کو چالیس روز گزر چکے ہوں تو اسی دوا کے اسی طریقہ پر استعمال کرنے سے جن عورتوں کے ہاں لڑکیاں پیدا ہوتی ہونگی انشاء اللہ لڑکا پیدا ہوگا۔ جو یقیناً ذہین خوش اخلاق اور خوب صورت ہوگا۔ بار ہا مرتبہ کا تجربہ شدہ ہے۔

حکیم میاں محمد بشیر صوفی

آپ نے ایک دینی ماحول میں آنکھ کھولی۔ آپ کے دادا جان بوریوالا میں تبلیغ دین اور جامع مسجد میں امامت کے فرائض انجام دیتے تھے۔ آپ نے ابتدائی دینی و درسی تعلیم مکمل کرنے کے بعد پانچ سال تک مدرسہ عربیہ اسلامیہ میں قرآن مجید کی اور دیگر فارسی عربی کی تعلیم حاصل کی۔ مولوی حکیم محمد یوسف صاحب سے عربی تعلیم کے علاوہ طبی تعلیم سبقاً و عملاً حاصل کی آپ نے ان سے ادویہ سازی اور فن طب کے رموز و نکات سے آگاہی حاصل کی۔ قبلہ حکیم صاحب ایک مستند طبیب اور فاضل دیوبند تھے۔ طب کی تعلیم مکمل کر کے ان کی اجازت سے ذاتی مطب کے ذریعے خدمت خلق میں مصروف ہیں

حکیم میاں محمد بشیر صوفی ولد میاں محمد شریف کھنر کھر
مکان ۲۳/۷ غوثیہ کالونی کالج روڈ چونگی ۴ بوریوالا
ضلع وہاڑی

مجرّبات

نسخہ برائے فالج : اجزاء و ترکیب ساخت : زنگین ہر قسم ۔ جوڑوں کے دردوں کیلئے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : حرمل در سایہ خشک کردہ لے کر سکھا کر رکھ لیں ا عدد مٹکا میں بیس کلو پانی بھر جائے۔ حرمل جتنی بھی ہو اس کو جلا کر راکھ کر کے ایک ہفتہ بھر پانی میں بھگو کر روزانہ ایک دو دفعہ ہلاتے رہیں بعد میں ایک ہفتہ کے پانی راکھ شدہ کو نتھار کر آہنی کڑاہی میں ڈال کر آگ پر رکھ کر پانی خشک کریں سفید رنگ کا سفوف کڑاہی کے پیندے میں رہ جائے گا۔ اس سفوف کی ایک دن کامل رگڑائی کر کے شیشی میں محفوظ رکھیں اکسیر تیار ہے۔

استعمال : نمک مذکورہ خوراک ا رتی حسب مزاج مریض بدرقہ کے استعمال کرائیں سات خوراک سے زیادہ مت دیں انشاء اللہ کامل شفا ہوگی۔

مرہم اکسیر : اجزاء و ترکیب ساخت : یہی نمک حرمل ۱ تولہ قلعی چونا۔ آب نارسیدہ ۱ تولہ۔ مکھن ۱۰۰ دفعہ دھویا ہوا ۵ تولہ۔

ترکیب : مکھن کو ۱۰۰ دفعہ پانی سے دھو کر نمک حرمل اور چونا باریک پیس کر مکھن میں شامل کر کے مرہم تیار کریں۔

فوائد : یہ مرہم چنبل ہر قسم۔ داد جلدی امراض کیلئے اکسیر ہے

اکسیر درد : اجزاء و ترکیب ساخت : بھلاوہ ۱ تولہ۔ شیریں سورنجاں ۱ تولہ۔ گری (کھوپہ) ۵ تولہ۔

ترکیب : ایک لمبی لوہے کی سلائی لے کر اس میں بھلاوہ کو پرو کر آگ پر سیکھ دیں۔ اور آپنے آپ کو دھوئیں سے بچائیں۔

جب بھلانوہ کو سیکھ آجائے لیکن بھلانوہ بالکل جل نہ جائے۔ گرم گرم بھلانوہ کو سنی یار نبو رہیں دے کر اچھی طرح سے تمام بھلانوہ کو کھل کریں جب یہ عمل ہو جائے۔ تو مدبر شدہ بھلانوہ اور سورنجاں شیریں اور گری کھوپہ کو علیحدہ علیحدہ کوٹ کر یکجان کر کے حب بمقدار چنا کے بناویں اور محفوظ رکھیں۔

فوائد: تمام جوڑوں کے دردوں۔ نمونیہ۔ ریح کیلئے اکسیر کا حکم رکھتی ہے۔

استعمال: حسب مزاج مریض بدرقہ مناسبہ سے استعمال کرائیں۔

برائے ذیابیطس: (شوگر) تجربہ شدہ: اجزاء و ترکیب ساخت: بیروزہ خشک ۱۰ تولہ۔ آٹا بھنے ہوئے چنوں کا ۵ تولہ۔ بیروزہ کو لیکر ایک دفعہ کامل کھرل کریں۔ اسکے بعد بیروزہ ۱۰۰ دفعہ پانی سے دھوئیں۔ جب اچھی طرح دھولیں بعد میں تھوڑا سا مدبر شدہ چنوں کا آٹا شامل کر کے کھرل کریں اور حب بمقدار چنا کے تیار کریں۔ اکسیر شوگر تیار ہے۔

استعمال: اگلی صبح اور دوپہر اور شام ہمراہ سادہ پانی کے کھائیں۔

برائے لیکوریا ہسٹریا کیلئے مجرب المجرب: اجزاء و ترکیب ساخت: موچرس ۱ تولہ۔ پھل بوہڑ ۱ تولہ۔ سنگھاڑے ۱ تولہ انجبار ۱ تولہ۔ پھول کیکر ۱ تولہ۔ پھول دھاوا ۱ تولہ۔ مصری یا کھانڈ ۵ تولہ۔ پھول انار ۱ تولہ۔

استعمال: ۶ ماشہ سفوف ہمراہ شربت انجبار یا کسی بدرقہ کیساتھ کھائیں

ترکیب: تمام جملہ ادویات کو علیحدہ علیحدہ کوٹ پیس چھان کر اور مصری یا کھانڈ ملا کر سفوف تیار کر کے شیشی میں محفوظ رکھیں۔

برائے نمونیہ: اجزاء: بیر بہوٹی ۱ تولہ۔ جائفل ۱ تولہ شہد حسب مقدار

ترکیب: جملہ ادویہ کو علیحدہ علیحدہ باریک پیس کر یکجان کر شہد خالص شامل کر کے حبوب بمقدار دانہ موٹھ تیار کریں معجون بناویں شہد چار گنا ڈال دیں۔

مقدار خوراک: معجون ۱ ماشہ ہمراہ چائے وغیرہ۔

برائے تبخیر گیس وغیرہ: اجزاء: ڈنڈا تھوہر لمبا مرٹا ۴ انچ۔ نمک سیندھا

ترکیب: ڈنڈا تھوہر میں سے گودا نکال کر نمک سیندھا بھر دیں ڈنڈا تھوہر کو گل حکمت کر کے پانچ سیر اوپلہ کی آگ دے دیں نمک نکال کر پیس کر محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک: ۱ ماشہ ہمراہ پانی استعمال کریں۔

حکیم حاجی فقیر محمد نسیم

آپ ۱۵ نومبر ۱۹۴۰ء کو موضع تھون تحصیل پھلور ضلع جالندھر میں پیدا ہوئے قیام پاکستان پر ضلع وہاڑی کے چک نمبر ۱۵۹ میں آباد ہوئے ابتدائی دینی و درسی تعلیم حاصل کرنے کے بعد طب کی تعلیم مکمل کی۔ ۱۹۶۵ء میں طبی کونسل سے رجسٹرڈ ہوئے۔ نسیمیہ دواخانہ کے نام سے عملی مطب کے ذریعے خدمت خلق میں مصروف ہیں آپ علاقہ کی کئی سماجی و دینی تنظیموں کے سرگرم رکن ہیں۔ فلاح و بہبود کے کاموں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیتے ہیں۔

حکیم حاجی فقیر محمد نسیم ولد چوہدری پیر محمد
نسیمیہ دواخانہ پوسٹ بکس نمبر ۵۹ وہاڑی

مجربات

نزلہ مزمن

رس، شیشم، بڑ، پیپل نیم ایک ایک پاؤ کو عرق کشید کریں
چار بوتل عرق کو ایک تانبے کے دیگچے میں ڈال دیں۔ دیگچی
قلعی نہ کیا گیا بلکہ کورا ہو نیچے آگ جلائیں یعنی نمک حاصل کریں
چار تولہ نمک سبز رنگ کا برآمد ہو گا۔ کھرل کریں۔ بس سرمہ بنظیر
تیار لگائیں۔ اور قدرت کا ئنات کا مشاہدہ کریں۔ کمزوری نظر
دھند کا اکسیر علاج ہے۔

جریان کا صدری علاج: اجزاء و ترکیب ساخت: موصلی سفید ... تالمکھانہ
ستاور، ہر ایک ایک تولہ۔ افیون صرف چھ ماشہ کا سفوف
تیار کریں اور بعد کھانے کے صبح و شام دودھ سے استعمال کریں
خادم کو نیک دعاؤں سے یاد فرمائیں۔

خارش کی اکسیری مرہم: اجزاء و ترکیب ساخت: مکھن۔ گائے۔ نیلا تھوتھا
مشک کافور، گندھک آملہ سار۔ گائے کے مکھن کو پانی میں
ایک سو ایک مرتبہ دھولیں۔ بعد میں تین چیزوں کو مکھن میں
شامل کریں۔ متاثرہ جسم پر ملیں۔ خدا کے فضل سے چند دنوں
میں خارش بالکل ختم ہو جائے گی۔ طب صرف خلق خدا کی
خدمت کا نام ہے۔

عرق صفا خون: اجزاء و ترکیب ساخت: عرق سونف
ا بوتل۔ شورہ قلمی ۶ ماشہ۔ فولاد انگریزی
ایک تولہ۔ سالٹ حسب منشا۔ تیزاب گندھک ۱۰ قطرے۔
ایک خالی بوتل میں تیزاب گندھک کے دس قطرے ڈال
کر عرق سونف۔ شورہ قلمی۔ فولاد انگریزی ڈال کر ہلائیں
بس عرق تیار ہے۔ یہ خون صفا پیدا کرنا۔ جگر کی کمزوری
کو دور کرنے میں اپنی مثال آپ ہے۔

شوگر ختم کرنیوالی بوٹی: اجزاء و ترکیب ساخت: نیم کا
سبز پتہ، اور ایک دانہ کالی
مرچ ۱۰۔۱۲ دن تک ایک پتہ نیم سبز اور ایک دانہ کالی مرچ
کی گولی تیار کریں۔ مریض کو ایک دن دے دیں ہر روز
ایک پتہ اور ایک دانہ کالی مرچ کا اضافہ کرتے جا دیں۔ اس
طرح ۱۰ دن میں ۱۰ پتے اور ۱۰ دانہ کالی مرچ کی گولی تیار کر کے
دیویں۔ گیارھویں دن ۹ پتے نیم اور نو دانے کالی مرچ کی گولی
بنائیں اور کھلائیں۔ اس الٹے عمل سے ایک پتہ نیم اور ایک
دانہ کالی مرچ تک لے آئیں۔ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے
شوگر ختم ہو جائے گی۔ جو پھر کبھی نہیں ہوگی۔ غذا مرغن دیویں

حکیم غلام محمدؒ

آپ ۷ راگست ۱۹۴۸ء
کو آبائی گاؤں جھنڈیر میں پیدا
ہوئے ابتدائی دینی تعلیم کے
بعد ۱۹۶۵ء میں جھنڈیر واہ (دنیا پور) سے میٹرک کا امتحان
پاس کیا۔ ۱۹۶۷ء میں گورنمنٹ کالج بوسن روڈ ملتان۔
سے ایف اے پاس کیا۔ والد گرامی کی خواہش کے مطابق فن طب
کی طرف راغب ہوئے۔ اور گورنمنٹ طبیہ کالج بہاولپور میں
داخلہ لیا اور ۱۹۷۱ء میں فاضل الطب والجراحت کی سند حاصل
کی۔ آپ کے والد گرامی کو فن طب سے دلی لگاؤ تھا۔ ان کی
کی خصوصی توجہ سے آپ نے اس فن شریف کو خدمت خلق کا
شعار بنایا اور علاج کے عوام کو علاج معالجہ کی سہولیات
فراہم کر رہے ہیں۔

حکیم غلام محمد ولد میاں دین محمد موضع سردا پور جھنڈیر
تحصیل میلسی ضلع وہاڑی

مجربات

اکسیر یرقان: اجزاء و ترکیب ساخت: ریوند چینی ۳ رتی

پاکپتن شریف آپ کے خصوصی معتقدین میں شامل ہیں۔ آپ ایک خدارسیدہ ماہر طبیب ہیں جو فن طب کی ترویج و ترقی میں ایک ممتاز قوم رکھتے ہیں۔

حکیم عبد الرزاق بابا جگرانوی ولد حکیم مولوی محمد عبداللہ جگرانوی
مشرقی دواخانہ نظامہ بازار میلسی ضلع وہاڑی

مجربات

محرک خصوصی: اجزاء و ترکیب ساخت: عقرقرحا چار تولہ، کچلہ مدبر تین تولہ۔ بیر بہوٹی ایک تولہ، شنگرف مدبر ایک تولہ الگ الگ سفوف بنا کر باہم کریں اور حبوب بقدر نخود تیار کریں۔

مقدار خوراک: صبح و شام ایک گولی حسب برداشت۔

فوائد: محرک اور مقوی ہے۔

اکسیر مفاصل: اجزاء و ترکیب ساخت: اسگندناگوری، فلفل سیاہ۔ فلفل دراز۔ اجوائن خراسانی گوگل ہر ایک ہموزن تولہ۔ میٹھا تیلیہ مدبر چھ ماشہ۔ حبوب بقدر نخود تیار کریں۔

مقدار خوراک: صبح دوپہر شام ایک ایک گولی ہمراہ شیر نیم گرم۔

فوائد: جملہ امراض مفاصلیہ میں مفید ہے۔

حکیم حاجی عبدالمجید

آپ موضع ڈال ریاست پوتھلہ (بھارت) میں پیدا ہوئے ابتدائی دینی و درسی تعلیم میٹرک تک وہیں حاصل کی اور طبیہ کالج دہلی میں داخلہ لیا۔ اس کے علاوہ طبیب چوہدری نور محمد صاحب سے فن طب کے رموز و نکات سیکھے ۱۹۴۷ء میں پاکستان میں آباد ہوئے اور بلدیہ وہاڑی میں بطور انسپکٹر ملازمت اختیار کر لی۔ دوران ملازمت حکیم فضل محمد صاحب کی زیر نگرانی عملی طب کا سلسلہ شروع کیا اور خدمت خلق میں مصروف ہوئے۔

حکیم چوہدری عبدالمجید ارائیں ولد چوہدری شیر محمد
دواخانہ دارالشفاء جنرل بس سٹینڈ وہاڑی ؛

مجربات

برائے سنگرہنی: (مجرب) اجزاء و ترکیب ساخت: موچرس۔ مائیں۔ گل دھاوا۔ بیلگری۔ کوکنار رال خشک ہر ایک دو تولہ، مصطگی رومی چار تولہ۔ جملہ ادویہ سفوف بنائیں۔

مقدار خوراک: ساڑھے چار ماشہ۔ صبح و شام ہمراہ لسی یا دہی۔

فوائد: سنگرہنی جدید و کہنہ میں مفید ہے۔

اکسیر سوزاک: اجزاء و ترکیب ساخت: چوب چینی، عشبہ طباشیر، الائچی سفید۔ رال، سپاری ہر ایک چھ ماشہ سفوف بنا کر روغن صندل شامل کر کے حبوب نخودی بنالیں

مقدار خوراک: تین گولی صبح۔ دوپہر، شام۔

فوائد: سوزاک کہنہ و جدید میں جادو اثر ہے۔

طلاء نامردی: اجزاء و ترکیب ساخت: مغز جمالگوٹہ، مغز پستہ ہر ایک دو تولہ۔ کرم مخمل (بیر بہوٹی) چھ ماشہ باریک سفوف کریں اور پوٹلی میں باندھ کر ایک تھال میں رکھ کر نیچے کوئلے کی آگ جلائیں گرم ہونے پر آہنی دستہ سے دبا کر روغن برآمد کریں اور بطریق معروف بطور طلاء و دو سرخ استعمال کریں۔

حکیم محمد اسلم

آپ ۱۹۶۷ء کو کرم پور تحصیل میلسی میں پیدا ہوئے۔ ابتدائی دینی و درسی تعلیم قدسی پور حاصل کی اور بہاولپور منتقل ہوگئے۔ اپنے والد گرامی سے فن طب کی بنیادی تعلیم سبقاً وعملاً حاصل کی۔ آپ کے والد گرامی مستند طبیب کی حیثیت سے آپکی رہنمائی فرماتے رہے۔ انہیں کے مشورہ سے بہاولپور طبیہ کالج میں داخلہ لیا اور فاضل الطب والجراحت کی سند حاصل کی کرکے باقاعدہ مطب کا آغاز کیا اور خدمت خلق میں مصروف ہوئے۔

حکیم محمد اسلم ولد حکیم محمد بخش
یونانی دواخانہ کرم پور تحصیل میلسی ضلع وہاڑی

مجربات

سفوف ہاضم: اجزاء و ترکیب ساخت: پودینہ خشک دو تولہ۔ زنجبیل ایک تولہ۔ فلفل سیاہ ایک تولہ۔ سونف ایک تولہ۔ نوشادر ٹھیکری ایک تولہ۔ نمک سونچر ایک تولہ۔ تنتری دو تولہ۔ زیرہ سیاہ ایک تولہ۔ اجوائن دو تولہ۔ تمام ادویہ باریک سفوف بنالیں۔

مقدار خوراک: دو ماشہ ہمراہ آب بعد از غذا۔

فوائد: قبض گیس۔ بدہضمی وغیرہ میں مفید ہے۔

حکیم سردار محمد

آپ بمقام ہمبڑاں ضلع لدھیانہ میں بمطابق ۱۹۲۸ء کو پیدا ہوئے۔ ابتدائی دینی درسی تعلیم مقامی سطح پر حاصل کی۔ قیام پاکستان [illegible] ضلع میلسی میں آباد ہوگئے۔ تعلیم کے بعد حکیم [illegible] مستند دہلی سے طب کی تعلیم سبقاً وعملاً حاصل کی [illegible] کی اجازت سے عملی مطب کے ذریعے خدمت خلق میں [illegible]

حکیم سردار محمد ولد منشی محمد
افضل دواخانہ غلہ بازار میلسی ضلع وہاڑی۔

مجربات

سفوف سعال: اجزاء و ترکیب ساخت: [illegible] پوست جڑھ مدار بیس تولہ [illegible] میں ادویہ کو ڈال کر پانی خشک کرکے سفوف بنالیں۔

مقدار خوراک: دو رتی ہمراہ شہد یا بالائی۔

فوائد: بلغمی خشک و کالی کھانسی میں مفید ہے۔

حب جریان: آزمودہ: اجزاء و ترکیب ساخت: کشتہ قلعی (دو بھنگ) پچاس گرام۔ کشتہ مرجان (مکھن والا) پچاس گرام۔ ست سلاجیت [illegible] گرام۔ مغز تخم تمر ہندی کلاں سو گرام۔ رب برگد یا شیر برگد سو گرام۔ ثمر ببول پچاس گرام۔ گل ببول پچاس گرام۔ جملہ ادویہ سفوف بناکر حبوب بقدر نخود تیار کرلیں۔

مقدار خوراک: ایک تا دو گولی ہمراہ شیر گاؤ۔

فوائد: جریان احتلام سرعت میں مفید ہے۔

حکیم خان محمود بخش بلوچ

آپ ۱۹۴۰ء کو میلسی ضلع وہاڑی میں پیدا ہوئے ابتدائی دینی و درسی تعلیم مقامی طور پر حاصل کی۔ دینی تعلیم کیلئے مولوی احمد بخش صاحب سے استفادہ اور طبی تعلیم معروف طبیب حکیم عبدالصمد صاحب سے سبقاً و عملاً حاصل کی۔ رجسٹریشن ایکٹ کے تحت رجسٹرڈ ہو کر ذاتی مطب شروع کیا اور علاقہ کے عوام کو علاج معالجہ کی سہولیات فراہم کرنے کی خدمت انجام دے رہے ہیں۔

مجربات

برائے کالی کھانسی: اجزاء و ترکیب ساخت: اتیس، کاکڑا سنگی، ناگرموتھا۔ پپلی، الائچی خورد۔ طباشیر کبود تمام ادویہ ہموزن تولہ سفوف بنالیں۔

مقدار خوراک: ایک ماشہ ہمراہ شہد۔

برائے امساک: اجزاء و ترکیب ساخت: تج دو تولہ، گوند کتیرا ایک تولہ مصری کوزہ دو تولہ۔ الائچی خورد ایک تولہ۔ تمام ادویہ کو باریک سفوف بنالیں۔

مقدار خوراک: تین ماشہ ہمراہ شیر نیم گرم۔

سفوف وجع المفاصل: اجزاء و ترکیب ساخت: زنجبیل پانچ تولہ۔ فلفل سیاہ ایک تولہ۔ نوشادر ٹھیکری ایک تولہ۔ سورنجاں شیریں ڈھائی تولہ اسگند ناگوری ڈھائی تولہ۔ سنا مکی آٹھ تولہ باریک سفوف بنالیں

مقدار خوراک: چار رتی ہمراہ آب یا شیر نیم گرم۔

فوائد: جملہ امراض مفاصلیہ اور دائمی قبض میں مفید ہے۔

حکیم محمد بخش

آپ ۱۹۴۰ء کو بمقام کرم پور تحصیل میلسی ضلع وہاڑی میں پیدا ہوئے ابتدائی دینی و درسی تعلیم مقامی سطح پر حاصل کی۔ تعلیم سے فارغ ہو کر فن طب سے خصوصی لگاؤ پیدا ہوا اور حاذق الاطباء حکیم غلام نبی صاحب کی شاگردی اختیار کر کے ان سے فن طب کے رموز و نکات سے آگاہی حاصل کی۔ عملی تعلیم مکمل کرنے کے بعد رجسٹریشن ایکٹ کے تحت رجسٹرڈ ہوئے۔ اور ذاتی مطب کی داغ بیل رکھی اور خدمت خلق میں مصروف ہوئے۔

حکیم محمد بخش ولد محمد حسین
یونانی دواخانہ کرم پور تحصیل میلسی ضلع وہاڑی

مجربات

شربت اکسیر جگر: آزمودہ: اجزاء و ترکیب ساخت: آلو بخارا دو تولہ۔ املی دو تولہ۔ زرشک شیریں دو تولہ۔ گل سرخ ۱ تولہ۔ تخم کاسنی دو تولہ۔ نیلوفر ۱ تولہ۔ مکو تازہ ایک تولہ۔ چینی سفید تین پاؤ بطریق معروف شربت تیار کریں

مقدار خوراک: ڈھائی تولہ صبح و شام ہمراہ عرق مکو و کاسنی۔

فوائد: ضعف جگر۔ یرقان۔ کمی خون۔ گھبراہٹ میں مفید ہے۔

کشتہ چاندی: اجزاء و ترکیب ساخت: ایک تولہ چاندی کا برادہ تیزابی لے کر زقوم خاردار کے رس میں تین مرتبہ آگ دیں۔ پہلی مرتبہ آگ کیلئے پانچ تولہ زقوم خاردار ضروری ہے۔ کشتہ اکسیری برآمد ہوگا۔

مقدار خوراک: ۱ رتی ہمراہ مکھن ضعف اعصاب میں مفید ہے۔

حکیم محمد شفیع

آپ ۱۹۲۱ء کو پیدا ہوئے، ابتدائی دینی و درسی تعلیم سے فارغ ہو کر فارسی کی ابتدائی تعلیم کے بعد مدرسہ مظاہر العلوم سہارنپور چلے گئے۔ لیکن ناساعد حالات کیوجہ سے دیوبند آ گئے۔ اور دس برس تک علم حاصل کرتے رہے۔ آپ کو علم حدیث، فقہ اور منطق پر عبور حاصل ہے۔ پھر علم طب کیطرف متوجہ ہوئے اور فنِ طب کی سبقاً و عملاً تعلیم حاصل کر کے اس فن شریف کے ذریعے خدمتِ خلق میں مصروف ہوئے۔

حکیم محمد شفیع ولد قاضی محمد علی
کوٹ غلام محمد ضلع تھرپارکر

مجرّبات

اکسیر قلب: اجزاء و ترکیب ساخت: زہر مہرہ ایک تولہ، نسلوچن چھ ماشہ، کہربا شمعی تین ماشہ، مروارید ناسفتہ تین ماشہ، عقیق سرخ چھ ماشہ۔ سب کو نہ گھسنے والے کھرل میں عرق گلاب ایک بوتل میں کھرل کریں۔

مقدار خوراک: دو رتی ہمراہ شربت ابریشم۔

فوائد: ضعف قلب اور اختلاج قلب میں مفید ہے۔

حکیم عبدالواحد سومرو

آپ کا تعلق علاقہ کے معروف سومرو خاندان سے ہے جو کہ علاقہ میں علمی ادبی اور دینی گھرانہ ہونے کیوجہ سے ممتاز حیثیت کا حامل ہے۔ آپ نے ابتدائی دینی و درسی تعلیم مقامی طور پر حاصل کی۔ سیکنڈری بورڈ حیدرآباد سے فارسی اور عربی فاضل کی اسناد امتیازی حیثیت سے حاصل کیں جس پر آپ کو چاندی کا تمغہ اور تعریفی اسناد سے نوازا گیا۔ خاندانی روایت کے مطابق فن طب کی سبقاً و عملاً تعلیم مکمل کی اور درجہ اول میں رجسٹرڈ ہوئے۔ آپ اس دور افتادہ علاقہ کے عوام کو علاج معالجہ کی سہولیات فراہم کر کے خدمت کا عملی نمونہ پیش کر رہے ہیں۔

حکیم عبدالواحد سومرو ولد در محمد سومرو
ڈاکخانہ پاپاپوں براہ میرپور خاص ضلع تھرپارکر

مجرّبات

پہلا نسخہ قرآن شریف سے ماخذ ہے:

وَالتِّيْنِ وَالزَّيْتُوْنِ ٥ یہ دو چیزیں یکجا کر لیں تیسرا جزو انجبین ہے
كَانَ مِزَاجُهَا زَنْجَبِيْلًا ٥ جو تھا جزو شہد ہے۔
فِيْهِ شِفَآءٌ لِّلنَّاسِ ٥ جو سراپا شفا ہے۔

نوٹ: براہ کرم اس میں فضول اجزاء شامل نہ کریں یہ مکمل نسخہ ہے۔

ذیابیطس: شکر کا آنا جامن جو کہ ہمارے ملک میں عام ہے اس کو اپنے موسم میں کھایا کریں موسم گزرنے کے بعد اس کا پانی نکال کر شربت تیار کریں۔ اگر وہ ختم ہو جائے تو اس کا تخم بقدر افیم چھوٹی گولیاں بنا رکھیں وہ استعمال کرنا اور کشتہ فولاد جامن والا استعمال کریں جس کو بنانے کا بہت آسان طریقہ ہے فولاد کو اس کے پانی میں رکھ دیں۔ اب ۲۰ دن میں تیار ہے۔

زہیر پیچش: اجزاء و ترکیب ساخت: ہیلہ سیاہ گائے کے گھی میں نیم بریاں کر کے تھوڑا سا کوٹ کے رکھ دیں اسکے ہموزن سونف شامل کریں۔ بوقت ضرورت دن میں ۲۔۳ مرتبہ استعمال کریں۔

اجزاء وترکیب ساخت: شربت عناب

بلڈ پریشر: ضغطة الدم: شربت گاؤزبان۔ عرق شاہترہ ماءالجبن استعمال کریں۔ تازہ میوہ جات مثلاً نارنگیاں۔ انار سیب کا جوس استعمال کریں۔

مرغن اشیاء گوشت مچھلی بینگن تیز چیزوں سے پرہیز لازمی ہے۔

بے خوابی کیلئے: چھوٹی الائچی کا چھلکا کوٹ کر رات کو بقدر ضرورت استعمال کریں۔ نہایت مفید ہے۔

سید مغنی شاہ بخاری

آپ ناگور شریف (ہندوستان) میں پیدا ہوئے۔ ابتدائی دینی و درسی تعلیم سے فارغ ہو کر فن طب کی طرف مائل ہوئے۔ طب کی تعلیم سبقاً وعملاً اپنے تایا جان حکیم عبدالنعیم شاہ سے حاصل کی۔ اور رحیمی یونانی دواخانہ سے عملی مطب کا تجربہ حاصل کیا۔ فن طب آپ کے خاندان میں تقریباً دو سو سال سے وراثتاً چلا آرہا ہے۔ اس خاندان میں حکیم عبدالرحیم شاہ صاحب سید اسحاق شاہ صاحب اپنے وقت کے ماہر طبیب ہو گزرے ہیں۔ آپ کو علم طب کے علاوہ کیمیا۔ علم جفر وعملیات سے گہرا لگاؤ ہے۔

سید مغنی شاہ بخاری ولد مقبول احمد شاہ
سادات محلہ مسجد روڈ سامارو ٹاؤن ضلع تھرپارکر

مجربات

مقوی وممسک: اجزاء وترکیب ساخت: عقرقرحا تین ماشہ دارچینی تین ماشہ۔ جائفل تین ماشہ۔ رنگ تین ماشہ۔ افیون تین ماشہ۔ زعفران تین ماشہ۔ مشک تین ماشہ تین ماشہ سحق بلیغ کر کے شہد کی مدد سے حب نخودی تیار کریں۔

مقدار خوراک: ایک سے دو گولی تک۔

فوائد: مقوی باہ اور وقتی ضرورت کیلئے امساک پیدا کرتا ہے۔

مولوی بشیر احمد چشتی

اکسیر جگر: اجزاء وترکیب ساخت: پودینہ ۲ تولہ۔ سونف ۲ تولہ۔ انار دانہ ۲ تولہ الائچی خورد تین ماشہ۔ سب ادویہ کو کوٹ کر سفوف بنائیں اس تمام دوا کی بارہ خوراکیں بنالیں۔ ایک صبح اور ایک خوراک شام کو ہمراہ پانی استعمال کریں۔ انشاءاللہ خاطر خواہ فائدہ ہوگا۔ اگر قدرے تکلیف باقی ہو تو پھر دوسری دفعہ بنالیں۔

سفوف جریان: سفوف برائے جریان واحتلام: موصلی سیاہ ۱ تولہ۔ موصلی سفید ۱ تولہ تالمکھانہ ۱ تولہ۔ تخم اوٹنگن ۱ تولہ۔ بہیدانہ ۱ تولہ۔ تخم دھتورہ ۱ تولہ۔ ستاور ۱ تولہ۔ کشتہ فولاد ۶ ماشہ۔ کشتہ مرجان ۶ ماشہ۔ ورق چاندی ۲۵ عدد۔ قند سفید ۵ تولہ۔ چند کشتوں اور ورق کے باقی ادویہ کو کوٹ کر سفوف بنا کر بعد میں کشتہ اور ورق شامل کر کے قند ملا کر محفوظ رکھیں۔ صبح اور شام قبل از غذا ۳ ماشہ ہمراہ پانی استعمال کریں۔

فوائد: جریان احتلام وسرعت میں مفید ہے۔

اکسیر معدہ: اجزاء وترکیب ساخت: نمک سیاہ ½ پاؤ۔ نمک سیندا ½ پاؤ۔ اجوائن دیسی ½ پاؤ۔ سالٹ ½ پاؤ۔ اجوائن خراسانی ۵ تولہ۔ شورہ قلمی ½ پاؤ۔ سب ادویہ کو

کوٹ کر حنظل پختہ میں دبا دیں۔ تقریباً مذکورہ بالا وزن آٹھ عدد
حنظل میں آجاتا ہے۔ پھر ان کو کسی برتن میں دھوپ پر رکھ دیں۔
جب خشک ہو جائیں تو بعد حنظل کوٹ کر محفوظ رکھیں۔
مقدار خوراک : ایک کیپسول بڑا سائز کا رات کو سوتے
وقت اور ایک دوپہر بعد از غذا اگر مریض کو معمولی قبض یا معمولی
پیٹ کی تکلیف ہو تو صرف رات کو کافی ہے۔ اگر قبض ہو یا
تبخیر زیادہ ہو تو پھر دو وقت دیں۔ جملہ امراض پیٹ کیلئے اکسیر ہے۔

اکسیر صدر : اجزاء و ترکیب ساخت : نسخہ برائے دفع امراض
صدر سل، کھانسی، دمہ کیلئے مجرب ہے۔

برگ بانسہ ۵ تولہ۔ خشخاش ۵ تولہ۔ کوکنار ۵ تولہ۔ سونف ½۲ تولہ
ملٹھی ½۲ تولہ۔ گل بنفشہ ½۲ تولہ۔ پرسیاؤ ½۲ تولہ۔ خطمی ½۲ تولہ
خبازی ½۲ تولہ۔ لسوڑہ ۲۱ دانہ۔ عناب ۲۱ دانہ۔ صندل ۱ تولہ
گل نیلوفر، بہیدانہ ۶ ماشہ۔ زوفہ ۲ تولہ۔ گاؤزبان ۲ تولہ، مصری
یا قند امیر، گلوہ ۵ تولے۔
تین سیر پانی میں رات کو بھگو رکھیں صبح کو بطریقہ معروفہ
شربت بنائیں۔
مقدار خوراک : ۵ تولہ شربت صبح و شام پانی میں ملا کر استعمال
کریں۔ مزید مریض کے طبائع اور عمر کے لحاظ سے قدر خوراک
میں کمی بیشی کی جا سکتی ہے۔
نوٹ : اگر مذکورہ بالا ادویہ کا عرق نکالا جائے تو بھی از حد
مفید ہے۔

مولوی بشیر احمد چشتی داد میاں محمد
نورانی مسجد حقانیہ محلہ گنبد ٹھکوٹ ضلع جیکب آباد

پروفیسر حکیم محمود شاہ

پروفیسر حکیم محمود شاہ کا شمار
حیدر آباد کے معروف اطباء اور
سماجی کارکنوں میں ہوتا ہے۔
آپ نے اپنی مختصر عمر میں طب اسلامی کی ترویج و [illegible]
گرانقدر خدمات انجام دیں۔ آپ نے طالب [illegible]
میں سندھ طبیہ کالج اسٹوڈنٹس یونین کی [illegible]
سے ۱۹۷۸ء تک جنرل سیکرٹری رہے۔ [illegible]
یونین کے نائب صدر اور بعد میں صدر منتخب ہوئے۔ [illegible]
کونسل فار طب کے فائنل امتحان [illegible] سندھ طبیہ [illegible]
حیدر آباد سے دیا اور پاکستان میں اول آئے۔
امتحان سے فارغ ہونے کے بعد بحیثیت [illegible]
فزیشن اسٹیٹ بینک حیدر آباد، [illegible]
کارپوریشن حیدر آباد انجمن فزیشن [illegible]
شہر سندھ طبیہ کالج حیدر آباد میں پروفیسر [illegible]
(فری خدمت) اور عوامی کلینک [illegible]
قوم کی خدمت میں زندگی بھر مصروف رہے۔
سماجی کارکن کی حیثیت سے [illegible]
حیدر آباد کے صدر، سندھ کے نائب صدر، [illegible]
ایشن حیدر آباد کے رکن محفل [illegible] کمیٹی کے رکن۔ [illegible]
کے ملک گیر تنظیم پاکستان ینگ تبی کونسل سندھ کے [illegible]
اور اتحاد اطباء پاکستان کے رکن کی حیثیت سے [illegible]
کی ترقی کیلئے رات دن کوشاں رہے۔
آپ کی بے وقت موت سے [illegible]
کو ناقابل تلافی نقصان پہنچا۔ [illegible]

قابل نوجوان طبیب سے محروم ہوگئی۔ طبی سیاست میں آپ کی گرانقدر خدمات کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔

پروفیسر حکیم محمود شاہ ولد چھٹن شاہ
فلیٹ نمبر ۴۴ کیپٹل پلازہ ڈومنزا روڈ حیدر آباد

مجرّبات

برائے قوت باہ: اجزاء و ترکیب ساخت: سم الفار سفید ا تولہ۔ شنگرف رومی ۲ تولہ۔ سفوف کرکے ۵ تولہ دودھ بھیڑ کے ہمراہ ۴۰ یوم کھرل کریں

خوراک: ا چاول ہمراہ دودھ۔

طلاء: اجزاء و ترکیب ساخت: سم الفار سفید ۲ تولہ کی ڈلی۔ آک کا دودھ ا پاؤ میں ڈلی کو ۲۱ یوم ڈال دیں پھر اس کو نکال کر پانی سے دھولیں پھر باریک سفوف کرکے کھرل میں دھوپ میں رکھ دیں۔ یہ سارا تیل ہو جائیگا۔ پھر اسی تیل میں لونگ ۳ ماشہ بیر بہوٹی ا ماشہ نراطین ا ماشہ۔ زعفران ا ماشہ۔ جند بیدستر ا ماشہ جاوتری ۳ ماشہ سب کا سفوف الگ الگ کریں پھر اس تیل میں حل کریں۔ اس تیل کو ۳ یوم استعمال کرائیں یعنی عضو پر ۲ قطرے ڈال کر ملیں۔ اور اوپر پان باندھیں۔ ۳ روز کے بعد دانے کے اوپر بادام کی گری کو گھی میں بھون کر اس کا سفوف لگائیں

پرہیز: ۳ یوم تک عضو پر پانی کا استعمال نہ ہو۔

برائے لیکوریا و امراض رحم: اجزاء و ترکیب ساخت: تعلب مصری اور سرد چینی ہموزن سفوف کریں اور پھنکی استعمال کریں۔ اور ایک ہموزن مفقہ استعمال کرنے سے لیکوریا کو فائدہ ہوتا ہے۔ اور کھانے کے لئے پھٹکری سفید بریاں۔ صبح نہار منہ مکھن میں لپیٹ کر گولی رکھ کر استعمال کریں۔

حکیم محمد علیخاں منظر جعفر

آپ یکم اگست ۱۹۲۸ء کو پیدا ہوئے۔ آپ نے ابتدائی تعلیم گھر پر حاصل کی اس کے بعد دارالعلوم نظامیہ خلیلیہ ٹونک راجستھان بھارت میں داخلہ لیا اور فارسی عربی میں تعلیم مکمل کرنے کے بعد طب کی تعلیم سبقاً سبقاً حاصل کرکے کچھ عرصہ محترم استاد جناب شفاء الملک حکیم مولوی سید ظہیر احمد صاحب برکاتی طبیب شاہی نواب صاحب ٹونک کی خدمت میں رہ کر مطب کے اسرار و رموز حاصل کئے۔ تقسیم کے بعد پاکستان آکر لاہور میں قیام کیا اور بائیس تیئس سال وہاں مختلف طبی اداروں میں کام کیا۔ کئی کتابیں مرتب کیں۔ یا مرتبین کی اعانت کی۔ ستمبر ۱۹۷۰ء میں حیدرآباد میں پاکیشیا دواخانہ کے نام مطب شروع کیا جو اب تک جاری ہے۔ اس کے ساتھ ادبی سرگرمیوں میں بھی حصہ لیتے رہے۔ طب کے ساتھ ساتھ آپ ایک علمی و ادبی شخصیت بھی ہیں فن نظم و نثر پر آپ کو عبور حاصل ہے۔ آپ فن طب کو خدمت خلق کا بہترین ذریعہ سمجھتے ہوئے اس پر عمل پیرا ہیں۔

حکیم محمد علی خان منظر جعفر ولد حافظ حکیم جعفر علیخاں
پاکیشیا دواخانہ مدینہ مسجد لطیف آباد ۲ حیدرآباد

مجرّبات

اکسیر صدف: اجزاء و ترکیب ساخت: کشتہ صدف مروارید ۱۰ گرام۔ گندھک آملہ سار ۱ گرام

[illegible]

خشک ہو جائے۔ پھر شیشی میں محفوظ رکھیں۔

خوراک: ایک تا سوا پچیس ملی گرام صبح و شام شہد یا مکھن میں ملا کر کھلائیں۔ مخرج بلغم ہے۔ خشک ترکھانسی میں مفید ہے۔

فوائد: دمہ کے دورہ میں فوراً اثر کرتا ہے۔

اکسیر ذیابیطس

اجزاء و ترکیب ساخت: ست گلو تازہ ۱۰ گرام، دانہ ہیل خورد ۱۰ گرام۔ طباشیر اصلی ۱۰ گرام، مروارید ناسفتہ ۱۰ گرام۔ کہربا ۱۰ گرام۔ ورق نقرہ ۵ گرام، پاہ گجراتی۔ سوختہ ۵ گرام، پوست بیضہ مرغ سوختہ ۵ گرام، خستہ جامن ۵ گرام۔ پوست خشخاس ۱/۲ ۲ گرام۔

حب جریان و احتلام

اجزاء و ترکیب ساخت: کشتہ فولاد ۱۰ گرام۔ صمغ عربی ۱۰ گرام۔ کوکنار ۱۰ گرام۔ کشتہ قلعی ۵ گرام۔ کشتہ بیضہ مرغ ۵ گرام۔ تخم رازیانہ ۵ گرام۔ تخم جوز ماثل ۵ گرام۔ فلفل سیاہ ۵ گرام۔ سب کو باریک کر کے شیر برگد ملا کر نخودی گولیاں بنا کر محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک: ایک یا دو گولیاں صبح و شام دودھ کیساتھ کھلائیں

فوائد: جریان اور احتلام میں مفید ہے ذکاوت حس کو بھی فائدہ مند ہے۔

حب عجیب

اجزاء و ترکیب ساخت: سلاجیت اصلی ۱۰ گرام صمغ عربی ۱۰ گرام۔ سفوف اصل السوس ۱۰ گرام مصطگی رومی ۱۰ گرام۔ عرق گلاب میں کھرل کر کے نخودی گولیاں بنالیں۔

مقدار خوراک: دو، دو گولی دودھ سے کھلائیں۔

فوائد: عام جسمانی کمزوری کو دور کرتی اور تھکاوٹ کو دور کرتی ہے۔ دیگر بارد امراض میں مفید ہے۔

حب سورنجاں خاص

اجزاء و ترکیب ساخت: سورنجاں شیریں ۲۵ گرام۔ سورنجان تلخ ۱۵ گرام۔ گوگل ۱۵ گرام۔ سب کو باریک کر کے لعاب ٹھیکوار میں نخودی گولیاں بنائیں۔

فوائد: وجع المفاصل، عرق النساء، وجع الورک اور دیگر امراض اعصابی کے لئے بے حد مفید ہیں۔

مقدار خوراک: ایک یا ۲ گولی صبح و شام پانی سے کھائیں۔

معجون اسپند

اجزاء و ترکیب ساخت: اسپند سوختہ ۲۰ گرام۔ جاوتری ۲۰ گرام۔ جائفل ۳ گرام۔ دارچینی ۳ گرام۔ کنجد سیاہ ۶۰ گرام۔ شہد خالص حسب ضرورت معروف طریقہ پر معجون بنائیں۔

مقدار خوراک: ۱۰ گرام صبح نہار منہ دودھ کیساتھ کھلائیں

فوائد: نہایت ہی مقوی باہی اور ممسک ہے۔

حکیم رفیق احمد خانزادہ

آپ نے ابتدائی تعلیم مقامی طور پر حاصل کی ۱۹۶۵ء میں میٹرک کا امتحان پاس کرنے کے بعد تدریسی سند حاصل کی اور ۱۹۰۰ء میں محکمہ تعلیم سے منسلک ہو کر درس و تدریس کا شعبہ اختیار کیا۔ اس کے ساتھ ساتھ آپ نے اپنے فطری رجحان کے پیش نظر ۱۹۹۰ء میں سندھ طبیہ کالج سے فاضل الطب والجراحت کی سند حاصل کی اور جز وقتی مطب کا سلسلہ بھی شروع کیا۔ اس طرح آپ علاقہ کے عوام کو علاج معالجہ کی سہولیات فراہم کرنے کی اہم خدمت سرانجام دے رہے ہیں۔ آپ علاقہ کے ہردلعزیز سماجی کارکن کی حیثیت سے معروف ہیں۔ آپ درس و تدریس اور فن طب کے ذریعے خدمت خلق میں مصروف ہیں۔

حکیم محمد رفیق احمد خانزادہ
پوسٹ آفس ٹنڈو حیدر ضلع حیدر آباد

مجربات

برائے قبض: اجزاء و ترکیب ساخت: پوست ہلیلہ زرد بادیان. گل سرخ. سنا مکی. نمک سیاہ سانبھر (نمک سیاہ یا سانبھر دونوں میں سے ایک لیں) وغیرہ) قیمتاً ہر ایک ۸ آنے کی لیں. علاوہ نمک سیاہ ۴ آنے کا لیں وزن خود بخود آجائیگا. سفوف بنا کر رات کو سوتے وقت لیں پانی کے ساتھ. خُدا نے چاہا تو زندگی بھر شکایت نہ ہوگی.

مدت: جب تک کہ قبض رہے، تب تک: قبض ہر قسم کا شرطیہ تجربہ شدہ علاج ہے.

امرت دھارا: اجزاء و ترکیب ساخت: ست پودینہ ۵ تولہ ست اجوائن ۵ تولہ. کافور ۵ تولہ سونف کا تیل ۵ تولہ. دار چینی کا تیل ۵ تولہ ہموزن ملا کر تیار کر لیں اور استعمال میں لائیں.

برائے خونی بادی بواسیر: اجزاء و ترکیب ساخت: مغز تخم ۶ ماشہ نیم پوست ہلیلہ زرد. تخم بکائن. ہلیلہ سیاہ خورد. رسوت مصفی. اور چاکسو ہر ایک ۴ ماشہ. اور مغز تخم کرنجوہ ۴ ماشہ. کتھ ۴ ماشہ. پوست بندق سوختہ ۴ ماشہ. آب ترب (مولی کا پانی) سے حبوب نخودی (چنے کے برابر بنالیں. ایک ایک گولی صبح و شام ہمراہ آب لیں (ٹھنڈا پانی، خون کو پہلے روز ہی بند کرتی ہے. اور خارش نہ ہوگی.

برائے جریان لیکوریا: اجزاء و ترکیب ساخت: موچرس تازہ تالمکھانہ. گوکھرو. سرپلہ. لودھ پٹھانی. مازو سبز. لاکھ. پیپل ہر ایک چھ ماشہ. اجوائن خراسانی

دار چینی ہر ایک ۳ ماشہ. ثعلب مصری مدبر ۱ تولہ
۱ تولہ. پوست کنری. پوست بیخ. مولسری
موصلی سیاہ چھ ماشہ. موصلی سفید چھ ماشہ.

تمام ادویات کو باریک کر کے بطریق معروف
بنائیں اور کشتہ فولاد سر دجانس والا ۳ ماشہ
کشتہ قشر بیضہ مرغ چھ ماشہ. ورق نقرہ ۳ ماشہ

مقدار خوراک: چھ ماشہ صبح، چھ ماشہ شام ہمراہ شربت بنفشہ اور شربت خشخاش. ہر ایک ۳ ماشہ کے ساتھ استعمال کریں. گرم. تیل. ترش چیزیں استعمال نہ کریں. غذا خفیف نرم چاول کی پیچ. کھچڑی. مونگ کی دال اور پھلکا استعمال کریں.

شرطیہ کامیاب علاج: اجزاء و ترکیب ساخت: ایسی خاتون خواہ وُہ شادی شدہ ہو یا غیر شادی شدہ بالغ ہونا ضروری ہے. جس کا مثانہ اتنا کمزور ہو کہ وُہ رات کو سوتے (نیند) وقت پیشاب کر دیتی ہوں صرف تین یوم کے اندر اندر مرض ختم ہو جائیگا اور یہ آزمودہ نسخہ ہے. جس کو کئی عورتوں پر آزمایا جا چکا ہے اور پھر کبھی شکایت نہیں ہوئی.

بنسلوچن پٹھانی. لودھ پٹھانی. گوندکرس اور بھنے چنے اور کھانڈ ہموزن لے کر سفوف بنا کر شیر گائے بار د استعمال کریں یعنی صبح نہار منہ اور سوتے وقت (رات)

حکیم قاسم علی بہادرانی

طب کا مقدس پیشہ آپ کو وراثتاً منتقل ہوا. آپکے نانا جان حکیم دھوڑاجی مہاراجہ جودھ پور راجستھان کے شاہی طبیب اور اپنے عہد کے نامور

معالج تھے. آپ نے ابتدائی دینی و درسی تعلیم کے بعد پروفیسر حکیم علی احمد مغل حیدر آباد طبیہ کالج کے بانی و پرنسپل سے فن طب کے رموز و نکات سے آگاہی حاصل کی۔ اب آپ عملی طور پر نیشنل ہسپتال حیدر آباد میں خدمت خلق میں معروف ہیں۔ اس طرح ہزارہا مریض آپ کے دست شفا سے فیضیاب ہو چکے ہیں۔

قاسم علی بہادرانی ولد بہادر علی
بہادرانی شفا خانہ فردوس کالونی حیدر آباد

مجرّبات

برائے سلسل بول: (مفرد) دارچینی سحوق ۲ ماشہ صبح و شام ہمراہ آب تازہ

نسخہ برائے جریان: (مرکب) اجزاء و ترکیب ساخت: کشنیز خشک ۵ تولہ۔ تخم خرفہ ۵ تولہ۔ اسپغول سالم ۵ تولہ۔ علاوہ اسپغول دونوں اشیاء کا سفوف بنالیا جائے۔ بعدازاں اسپغول شامل کر لیا جائے۔ قند سفید سب کے ہموزن ملائی جائے۔

خوراک: ایک تولہ ہمراہ آب تازہ صبح نہار منہ۔

نفع: جریان و احتلام کی حتمی دوا۔

حکیم فتح محمد مظفر

آپ ۱۹۱۷ء کو بھارت کے علاقہ سیکر راجستھان کے ایک معزز قاضی گھرانہ میں پیدا ہوئے۔ ابتدائی دینی تعلیم حاصل کرنے کے بعد ادیب فاضل کا کورس کیا پھر طبی کتب پڑھیں۔ طب کی تعلیم اپنے والد حکیم مولوی برہان الدین برہان مرحوم سے اور حکیم مولوی عبدالقدوس ہزاروی سے حاصل کی۔ تاہم مزید تعلیم کیلئے آل انڈیا آیورویدک ویا پیٹھ کالج میں داخلہ لیا۔ اور ۱۹۴۵ء میں فسٹ ڈویژن میں امتحان پاس کر کے طبیب حاذق کی سند حاصل کی۔ ۱۹۴۵ء سے ۱۹۴۸ء تک ہندوستان میں مطب کرتے رہے۔ ۱۹۴۹ء میں ہجرت کر کے پاکستان آگئے اور پریٹ آباد میں مطب شروع کیا۔ پھر طبی کانفرنس میں شمولیت اختیار کی۔ اور طبی سیاست میں بھرپور کردار ادا کیا۔ اور حیدر آباد برانچ کے نائب صدر رہے۔ آپ علاقہ کی معروف سیاسی و سماجی شخصیت ہیں جو عوام کی فلاح و بہبود کیلئے ہمہ تن کوشاں ہیں۔ اسی وجہ سے علاقہ کے عوام نے آپ کو بلدیاتی انتخاب میں ممبر منتخب کیا۔

حکیم فتح محمد مظفر ولد حکیم مولوی برہان الدین
دواخانہ رفیق الشفاء پریٹ آباد۔ حیدر آباد

مجرّبات

خنازیر کا مکمل علاج: اجزاء و ترکیب ساخت: کشتہ گلہری ایک تا ۲ رتی صبح و شام مناسب بدرقہ کے ہمراہ استعمال کروائیں۔ اور ضماد امر بیل کم از کم دو مرتبہ دن میں گلٹیوں پر لگاتے رہیں۔

ترکیب: ایک یا دو گلہری منگوا کر ذبح کر کے چمڑہ اور آلائش سے صاف کر کے اس کے جسم پر نمک پسا ہوا لیپ کر کے کوزہ گلی میں بند اور گل حکمت کر کے محفوظ الہوا جگہ پر دس بارہ سیر اوپلوں کی آگ دیں جو کچھ نکلے پیس کر شیشی میں محفوظ رکھیں۔

ضماد امر بیل: اجزاء و ترکیب ساخت: امر بیل حسب ضرورت لیکر لندہ بنائیں اور اس

میں ہموزن گھونگی بھگودیں۔ چوبیس گھنٹے بعد دونوں کو گھوٹ کر لیپ بنائیں اور گلٹیوں پر لگائیں۔ امربیل جو گلاب کے پودے پر لپٹی ہو وہ زیادہ موثر ہے۔ دو تین ماہ کے استعمال سے گلٹیوں کا ازالہ ہوجاتا ہے۔ غرباء سے اس دوا کے پیسے نہ لیں۔

بخاروں کا علاج : (ہر قسم کے بخاروں میں (سوائے تپ دق کے) نہایت سُود مند ثابت ہُوا ہے استعمال کرکے دیکھیں۔

اجزاء و ترکیب ساخت : سفوف بخار ڈیڑھ ماشہ۔ شربت افسنتین تین تین تولہ۔ عرق کاسنی آٹھ تولہ۔ یہ ایک خوراک ہے۔ ایسی ایک ایک خوراک صبح دوپہر اور شام کو روزانہ تین وقت استعمال کرائیں۔ تفریح و تقویت کیلئے خمیرہ گاؤزبان ایک ایک تولہ۔ ورق نقرہ میں لپیٹ کر صبح و شام کو کھلاتے رہیں۔

نوٹ : شربت و عرق وغیرہ ہر دوا اپنے ہاتھ سے تیار کریں بازاری دواؤں سے فائدے کی اُمید نہ رکھیں۔

نسخہ سفوف بخار : اجزاء و ترکیب ساخت : کشتہ ہڑتال گئودنتی گھیکوار میں کیا ہُوا ایک تولہ اصل السوس مقشر باریک شدہ ایک تولہ۔ سہاگہ سفید بریاں باریک کیا ہُوا ایک تولہ۔ سب کو باہم ملاکر آدھ گھنٹہ تک خشک کھرل کریں۔ تاکہ سب دوائیں یکجان ہوجائیں۔ سفوف بخار تیار ہے

شربت افسنتین : اجزاء و ترکیب ساخت : شاہترہ ساڑھے چار تولہ۔ افسنتین ساڑھے چار تولہ۔ املی پندرہ تولہ۔ گلسرخ پندرہ تولہ۔ مویز منقی پچھتر عدد۔ آلو بخارا پچھتر عدد ڈیڑھ سیر پانی میں بھگو کر رکھدیں۔ بارہ گھنٹے کے بعد جوش دے کر چھان لیں۔ اور ایک سیر ڈیڑھ پاؤ مصری ملاکر شربت کا قوام بناکر بوتلوں میں بھرلیں یہی شربت افسنتین ہے۔

نسخہ عرق کاسنی : اجزاء و ترکیب ساخت : تخم کاسنی عمدہ ایک پاؤ لیکر ساڑھے چار سیر پانی میں بھگو دیں۔ قرع انبیق چار بوتل عرق کشید کرلیں۔

خمیرہ گاؤزبان کا نسخہ عام مرکبات کی کتابوں میں ہے یہ بھی ہاتھ سے بنا کر تیار کریں۔ میرا تجربہ ہے مذکورہ بالا ادویہ مذکورہ ترکیب سے استعمال کرائیں گے۔ کے فضل و کرم سے آپ کو کبھی مایوسی نہیں ہوگی۔ میرے بخار بادی سے چڑھنے والے بخار ہر وقت چڑھے رہنے والے بخار کم ہوکر بڑھنے والے بخار اور ٹائیفائیڈ قسم کے بخار وغیرہ میں نہایت فائدے مند ثابت ہُوا ہے۔

نوٹ : طبیب کو صوم و صلوٰۃ کا پابند ہونا چاہئیے، اور دواؤں سے زیادہ اللہ تعالیٰ کی قدرت پر بھروسہ کرکے اللہ تعالیٰ سے شفا کیلئے دُعا مانگتے رہنا۔

اکسیر کاہل : اجزاء و ترکیب ساخت : مرجان، شاخ مرجان ابرک، مروارید۔ برادہ نقرہ۔ سرطان تین تین ماشہ۔ کہربا دو دو ماشہ۔ برادہ طلا یا ورق ایک ماشہ۔ سب کو الگ الگ پیس کر یکجان کریں اور لعاب گھیکوار میں تین گھنٹہ سحق کرکے پتلی ٹکیہ بنالیں اور سایہ میں خشک کرلیں۔ گل سرخ ایک چھٹانک پتیاں لیکر نغدہ بنالیں۔ اس نغدہ کے درمیان ٹکیاں رکھ کر بوتہ میں بند کرکے مضبوط گل حکمت کرکے آٹھ سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ پھر گھیکوار کا لعاب ڈال کر یہی عمل پچیس بار دُہرائیں۔ کشتہ تیار ہونے پر شیشی میں محفوظ کریں اور نمدار جگہ میں سات دن تک دبائے رکھیں۔ پھر نکال کر کام میں لائیں۔

مقدار خوراک : روزانہ ایک چاول ہمراہ مکھن۔

فوائد : تپ دق کے ہر درجہ میں انتہائی مفید ہے۔

حکیم عبدالستار

کاشفی صدیقی القادری مجددی

ابتدائی دینی تعلیم حاصل کرنے کے بعد چودہ سال کی عمر میں حفظ قرآن پاک کی سعادت حاصل کی بعدازاں درسی تعلیم کی طرف رجوع کیا۔ ۱۹۸۲ء میں میٹرک کا امتحان پاس کرکے لاہور سے ۱۹۷۷ء میں طب کا چار سالہ کورس کیا اور ساتھ ساتھ ہومیوپیتھی طریقہ علاج کی تعلیم بھی جاری رکھی مطب کی عملی تربیت کیلئے حکیم حافظ بہار الدین حکیم حاذق سے اکتساب کیا اور فن طب کے رموز و نکات سے آگاہی حاصل کی۔ ۱۹۸۴ء میں عملی مطب شروع کیا اور کاشف فارمیسی کے نام سے ادویہ سازی کا کام شروع کیا۔
آپ کو فن خطابت پر بھی دسترس حاصل ہے اسکے ساتھ ساتھ بائیوکیمک طریقہ علاج، شمسی علاج رنگوں اور روشنیوں سے علاج الیکٹرو تھراپی سے بھی خصوصی شغف ہے اس طرح آپ خدمت خلق میں مصروف ہیں۔

حکیم عبدالستار کاشفی ولد محمد مظہر علی
مظہر کلینک تھوڑا چاڑی فقیر کا پڑ۔ حیدر آباد

مجرّبات

سفوف مغلظ: اجزاء و ترکیب ساخت: شقاقل مصری، ثعلب مصری۔ تخم اوٹنگن۔ سپستان، کشتہ فولاد، ہموزن سفوف تیار کرلیں۔
مقدار خوراک: اسے دو ماشہ تک ہمراہ شیر گاؤ۔
فوائد: دافع جریان، احتلام رقت و سرعت میں مفید ہے نیز مغلظ منی ہے۔

سفوف مُدِرّ: اجزاء و ترکیب ساخت: نمک ڈلی، نمک چرچرہ، نمک خربزہ۔ نمک تربد، جوا کھار ہموزن سفوف بنالیں۔
مقدار خوراک: اسے تین ماشہ تک ہمراہ بدرقہ مناسبہ۔
فوائد: مدر بول ہے سنگ گردہ و مثانہ کیلئے مفید ہے۔ دافع اورام ہے بلند فشار الدم میں بھی مضرت سے پاک ہے۔

سفوف سعال ضیق النفس: اجزاء ترکیب ساخت: گل مدار، زنجبیل۔ کاکڑا سنگی۔ تخم کتاں، رب السوس، مساوی الوزن حبوب بقدر نخود تیار کرلیں
مقدار خوراک: ایک سے چار گولی تک۔
فوائد: دائمی کھانسی، بلغم، دمہ، سانس کی تنگی میں مفید ہے

سفوف دیدان: اجزاء و ترکیب ساخت: باؤ بڑنگ ۲ تولہ۔ گری اخروٹ ۱ تولہ۔ کمیلہ ۴ تولہ۔ کھوپرا ۸ تولہ۔ کوٹ کر حسب معمول سفوف بنائیں۔
ترکیب استعمال: ۶ ماشہ سے ایک تولہ دہی میں ملا کر دو بار استعمال کریں۔ ہفتہ میں تین بار استعمال کریں اور پھر ہفتہ عشرہ چھوڑ کر پھر تین روز استعمال کریں۔
فوائد: پیٹ کے جملہ اقسام کے کیڑوں کو خارج کرتا ہے یہ کیڑے اجابت کیساتھ خارج ہوں گے۔

دوائے قلاع: اجزاء و ترکیب ساخت: سہاگہ بریاں ۵۰ گرام۔ شہد یا (گلیسرین) الکو ۵۰ ملی لیٹر...... ست پودینہ ۲۵ گرام۔ خوشبو حسب ضرورت۔
اوّل سہاگہ بریاں کرکے باریک سفوف بنائیں پھر ست پودینہ کو گلیسرین کو ملا کر کچھ دیر دھوپ میں رکھیں اور پھر خوشبو ملا کر محفوظ رکھیں۔
ترکیب استعمال: بقدر ضرورت روئی کی پھریری دن

میں دو تین بار نمک کھانے سے قبل لگائیں۔
فوائد: قلاع دہن، آبلہ دہن یا منہ کے چھالے وغیرہ اور حلق کے ورم اور درد وغیرہ کے لئے بہت مفید ہے۔

حکیم حاجی
عبدالرحمٰن عادل عارفانی

ابتدائی درسی و دینی تعلیم مقامی طور پر حاصل کی کم سنی میں والد کی شفقت سے محروم ہو کر نامساعد حالات کا شکار ہوئے اپنے چچازاد بھائی کی وجہ سے فن طب کیطرف راغب ہوئے اور ان کے مطب میں معاونت کرتے رہے۔ فن طب میں آپ کی دلچسپی اور طبی تعلیم نے تشخیص اور نبض شناسی میں راہنمائی کی۔ ۱۹۶۲ء میں اپنا ذاتی مطب شروع کیا۔ اور خدمت خلق میں مصروف ہوئے۔ آپ کے بیٹے بھی آپ کے نقش قدم پر چلتے ہوئے مطب میں آپ کی معاونت کرتے ہیں۔ آپ ایک خدا ترس خدمت خلق کے جذبے سے سرشار طبیب ہیں۔

حکیم حاجی عبدالرحمٰن عادل ولد محمد موسیٰ عارفانی
پوسٹ آفس چمبڑ تحصیل ٹنڈو الہیار ضلع حیدر آباد

مجرّبات

برائے قوت باہ و امساک: اجزاء و ترکیب ساخت: عاقر قرحا، قرنفل، خولنجاں ہر ایک دو تولہ۔ زردی بیضہ مرغ۔ نیم برشت ۲۵ عدد۔ عسل خالص آدھ کلو کی معجون بنائیں۔ ایک تولہ صبح و شام دودھ کے ساتھ دیں۔ بالکل مفید بے ضرر اور مجرب ہے۔ اگر اس کیساتھ ایک انگریزی دوا یوہمبین ہائیڈرو کلورائیڈ ۱/۲ گرین شامل کر [لیں] تو بہتر ہوگا۔ نورٌ علیٰ نور ہے۔

برائے درد باد گولہ: اجزاء و ترکیب ساخت: ... ہینگ اصلی اعلیٰ قسم نوشادر نمک سیاہ ہر ایک ایک تولہ۔ عرق بادیان ایک سالم بوتل کو ملا کر اس قدر بوتل کو ہلائیں کہ سفید دودھیا مرکب بن جائے۔ محفوظ رکھیں جب درد ہو ۱/۲ ۲ تولہ تک پلائیں فوراً درد ختم ہو جائیگا تجربہ کریں۔

ذیابیطس کا علاج: اجزاء و ترکیب ساخت: مردار سنگ ۵ تولہ۔ شیر مدار دس تولہ۔ پہلے کھرل کریں ٹکیہ بنا کر چھاؤں میں سکھائیں پھر کوزہ گلی میں ایک پاؤ اور شیر مدار ڈال کر یہ ٹکیہ ڈال دیں پھر تین دفعہ گل حکمت کریں مٹی کی۔ پھر کھلے میدان میں چار سیر اوپلوں کی آگ دیں زرد رنگ کا کشتہ ہوگا۔ تین رتی کیپسول میں بھر کر چالیس دن استعمال میں لائیں۔ میٹھا کھانا چھوڑ دیں۔ اللہ کی قدرت کا تماشا دیکھیں۔

اکسیر سرفہ: اجزاء و ترکیب ساخت: بچوں کی کالی کھانسی اور سانس کی تکلیف کیلئے۔ نوشادر، سہاگہ، جوکھار ہر ایک ایک تولہ۔ نمک سونچر۔ اجوائن خراسانی اور آک ہر ایک تین تین تولہ۔ چاکسو، رسوت۔ کشتہ جست ہر چیز ایک ایک تولہ۔ مصری ۶ تولہ۔
ترکیب تیاری: ہر ایک کو الگ الگ کوٹ چھان کر کوزہ گلی میں ڈال کر پانچ سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ کشتہ ہوگا۔
خوراک: ایک رتی بچے کو دیں چینی گلقند میں شہد میں دیں۔ تین خوراکوں سے فائدہ ہو جاتا ہے۔ انشاءاللہ!

سر پیڑا: اجزاء و ترکیب ساخت: ابتدائی تکلیف کیلئے درد ہو بڑا ہو چھوٹا ہو۔ بادام۔ گری ۲ تولہ۔

مغز کندر ۴ تولہ۔ بیج الائچی چھوٹی دو تولہ۔ مصری ایک تولہ۔ سب کو کوٹ چھان کر تین ماشہ صبح تین ماشہ شام کھائیں۔ بادی اشیاء سے پرہیز کریں۔ انشاء اللہ خاطر خواہ فائدہ ہوگا۔

برائے پھولا چشم : اجزاء و ترکیب ساخت : آنکھ میں پھولا ہونیا پڑنا انسان کا ہو یا حیوان کا۔ بھیڑ کا دودھ ایک سیر نمک طعام ایک پاؤ۔ دونوں کو اسٹیل کی دیگچی میں پکائیں۔ جب دودھ ختم ہو جائے نمک سفید ہو جائے اور خشک بھی ہو جائے اتار کے رکھیں۔ کوٹ چھان کر پھوسے کے اوپر چٹکی صبح شام ڈالیں دس سے ۱۵ دن مزید فائدہ ہوگا۔ انشاء اللہ ا

حکیم و ڈاکٹر کرم الٰہی شیخ

آپ مطابق ۱۵ جولائی ۱۹۵۶ء حیدر آباد میں پیدا ہوئے۔ ابتدائی دینی و درسی تعلیم کے بعد میٹرک امتحان پاس کر کے سٹی کالج حیدر آباد سے بی اے کیا۔ چونکہ فن کی طب کیطرف آپ کا فطری رجحان تھا۔ اسی بناء پر سندھ طبیہ کالج سے فن طب کی تعلیم مکمل کی ۱۹۸۱ء میں تعلیم سے فارغ ہو کر خدمتِ خلق میں مصروف ہوئے۔ آپ طبِ اسلامی کی ترویج و ترقی کیلئے مسلسل جدوجہد اور دکھی انسانیت کی خدمت میں مصروف ہیں۔ آپ اسلامک میڈیکل سوسائٹی اور ہومیو پیتھک سوسائٹی کے سیکرٹری نشر و اشاعت اور پاکستان ینگ ہومیو پیتھک میڈیکل اینڈ ویلفیئر سوسائٹی کے سینئر وائس چیئرمین ہیں۔

حکیم و ڈاکٹر کرم الٰہی شیخ ولد عبدالرحیم شیخ
مکان ۶۱ گلشن اقبال نزد رحمانیہ مسجد، ہریٹ آباد حیدر آباد

حکیم سید اکرام حسین رضوی چشتی سیکری

آپ ۱۸ جون ۱۹۱۷ء کو سیکر راجستھان میں پیدا ہوئے۔ آپ حضرت امام علی رضا رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی نسل پاک سے ہونے کے باعث رضوی کہلاتے ہیں۔ اس خاندان کے وارث اعلیٰ حضرت حاجی ابراہیم بغدادی۔ بغداد سے تبلیغ اسلام کے لئے ہندوستان آئے تھے۔ اور اس مقام پر قیام فرمایا۔ جہاں اب سنگھانہ نام کی ایک بستی قائم ہے۔ اسی خاندان کے ایک بزرگ حضرت شاہ ولی محمد چشتی "سیکر" تشریف لے گئے جہاں ان کی عظیم خانقاہ زیارت گاہ خاص و عام ہے جبکہ حکیم صاحب کی ولادت سیکر ہی میں ہوئی۔ ابتدائی تعلیم گھر پر ہوئی ادیب فاضل پنجاب یونیورسٹی سے کیا۔ بھارت گورنمنٹ اور حکومت پاکستان دونوں کی طرف سے درجہ اول میں رجسٹرڈ ہیں۔ بہت سی طبی مذہبی اور تاریخی کتابوں کے مصنف ہیں۔ چند کتابیں طبع ہو چکی ہیں۔ تقریباً ایک سو کتابیں غیر مطبوعہ ہیں۔ آپ ایک ماہر طبیب کے علاوہ ادیب شاعر مؤرخ اور محقق بھی ہیں۔

حکیم سید اکرام حسین رضوی چشتی سیکری ولد حضرت مولانا
حکیم سید سجاد حسین شاہ
سیکر ہاؤس نمبر ۲۲۱ E بلاک یونٹ نمبر ۹ لطیف آباد حیدر آباد

مجرّبات

حب مصفی خون زعفرانی : اجزاء و ترکیب ساخت : یہ گولیاں بہترین مصفی خون

ہیں۔ خون کی خرابی سے پیدا ہونے والے اکثر امراض اس کے استعمال سے دُور ہو جاتے ہیں۔

عشبہ۔ برگ نیم سبز۔ تخٹکی۔ شاہترہ۔ چرائتہ۔ تلخ۔ برگ مہندی ہر ایک آدھ سیر زعفران ۱ر تولہ۔ اوّل چھ اشیاء کو جوکوب کر کے علیحدہ علیحدہ پانی میں بھگو دیں۔ دو دن بھیگنے کے بعد سب مَل چھان لیں۔ پھر اس پانی کو کڑاہی میں ڈال کر آگ پر چڑھائیں۔ جب گاڑھا ہو کر گولی باندھنے کے لائق ہو جائے تو آگ سے اتار لیں اور زعفران کو عرق گلاب میں پیسکر شامل کر دیں۔ بمعہ چنے کے برابر گولیاں۔

خوراک: ۲ر گولی صبح و شام ہمراہ شیر گاؤ۔ شہد آمیختہ۔

حبّ مقوی بدن: اجزاء و ترکیب ساخت: ضعف ہاضمہ دائمی قبض کمزوری اعصاب و اعضاءِ رئیسہ۔ قبض نواسیری۔ خون کی کمی۔ جریان۔ احتلام اور ضعف باہ کے لئے نہایت مفید اور معمولی مطب ہیں۔

ست سلاجیت ۵ر تولہ۔ کچلہ مدبر ۵ تولہ۔ کشتہ فولاد اصلی ۴ر تولہ۔ زعفران ۱ر تولہ۔ فلفل سیاہ ۴ر تولہ۔ سب کو کوٹ پیسکر کے شہد کیساتھ چنے کے برابر گولیاں بنائیں اور اوپر ورق طلاّ لگائیں۔ خوراک: ایک گولی صبح و شام۔

حکیم محمد مُسلم شیخ

آپ بمطابق ۱۶ر مارچ ۱۹۳۶ء مکرانہ ضلع ناگور میں پیدا ہوئے ابتدائی دینی تعلیم مقامی طور پر حاصل کی۔ ۱۹۴۷ء میں ہجرت کر کے پاکستان آباد ہوئے۔ ۱۹۵۴ء میں سندھ یونیورسٹی سے میٹرک کا امتحان پاس کیا۔ ۱۹۶۲ء میں جناح ہسپتال کراچی سے ڈسپنسر کا کورس کیا اور ۱۹۷۴ء تک پرائیویٹ کلینک میں انچارج ڈسپنسر کی حیثیت سے کام کرتے رہے۔ ۱۹۸۱ء میں سندھ طبیہ کالج سے فاضل الطب و الجراحت کی سند حاصل کی۔ اور عملی مطب شروع کیا۔ آپ ایک قابل طبیب کیساتھ ساتھ فعال سماجی کارکن اور طبی سیاست میں اہم مقام رکھتے ہیں اور طب اسلامی کی ترویج و ترقی کیلئے ہمہ وقت کوشاں ہیں۔

حکیم محمد مُسلم شیخ ولد عبداللہ شیخ
ندیم کلینک، نزد جامع مسجد، بکرا منڈی۔ حیدرآباد۔

مجرّبات

سفوف جریان: اجزاء و ترکیب ساخت: پوست خشخاس سبوس اسبغول۔ قند سفید ہموزن۔

مقدار خوراک: ۱ر تولہ ہمراہ دودھ۔

فوائد: جریان احتلام و سرعت میں مفید ہے۔

سفوف دلگیر: اجزاء و ترکیب ساخت: صندل سفید، طباشیر نشاستہ۔ اجوائن خراسانی۔ تخم کاہو ہموزن۔

مقدار خوراک: چار ماشہ ہمراہ آب۔

اکسیر احتلام: اجزاء و ترکیب ساخت: کشنیز خشک تین ماشہ تخم کاہو تین ماشہ۔ قند سفید چار ماشہ۔ سفوف بنالیں۔

مقدار خوراک: ایک خوراک دن میں دو بار۔

حکیم محمد یُوسف کھتری

ابتدائی دینی تعلیم مکمل کرنے کے بعد آپ نے ۱۹۷۵ء میں میٹرک کا امتحان پاس کیا تو نکو

طب کیطرف خصوصی لگاؤ تھا اسلیئے اعظم طبیہ کالج میں داخل ہوگئے ۱۹۷۹ء میں فاضل الطب والجراحت کی سند حاصل کی۔ فارسی زبان پر عبور حاصل کرنے کیلئے خانہ فرہنگ ایران حیدر آباد سے فارسی کی تعلیم مکمل کی۔ دوران تعلیم ۱۹۷۷ء میں مطب کا آغاز کرچکے تھے۔ تعلیم مکمل کرنے کے بعد لطیفی دواخانہ کی بنیاد رکھی۔ حیوانی ادویہ پر تحقیق کا کام بڑے اہتمام سے کیا۔ اس سلسلہ میں آپکے بہت اہم مضامین ملک کے مختلف طبی جرائد میں شائع ہوچکے ہیں آپ مختلف قابل قدر کتب کے مصنف بھی ہیں جن میں چند ایک درج ذیل ہیں۔

خواص الحیوان، مفردات قانون۔ امراض متعدیہ قرابادین قانون (سندھی ترجمہ) امراض الحیض۔ امراض لثدی مفتاح النبض (سندھی ترجمہ) حکیم اعظم خان (حالات زندگی ومجربات)

آپ ایک نوجوان پُرعزم طبیب اور محقق ہیں جوکہ طب اسلامی کی سربلندی اور خدمت خلق میں مصروف کار ہیں

حکیم محمد یوسف کھتری ولد محمد صالح

لطیفی دواخانہ بھرانی محلہ ٹنڈو محمد خان حیدر آباد

مجربات

حب دردسر: اجزاء وترکیب ساخت: اسطوخودوس، تخم خنظل، سفوف حب شفا ہموزن شہد کی مدد سے حبوب بقدر نخود بنالیں۔

مقدار خوراک: دو گولی صبح وشام۔

فوائد: مزمن سر درد میں انتہائی مفید ہیں نیز درد شقیقہ میں فائدہ مند ہیں۔

اکسیر یرقان: اجزاء وترکیب ساخت: نمک درخت جھاؤ بطریق معروف تیار کرلیں۔

مقدار خوراک: ۴ رتی صبح وشام ہمراہ رس گنا۔

فوائد: یرقان کیلئے انتہائی مفید ہے۔

حکیم عبدالرشید خان غوری

آپ ۱۹۳۰ء دسمبر کو انڈیا کے قصبہ کلیانہ پٹیالہ سٹیٹ میں پیدا ہوئے۔ ۱۹۴۷ء میں ہجرت کرکے حیدر آباد شہر میں آباد ہوگئے۔ ابتدائی درسی ودینی تعلیم کے بعد محکمہ زراعت سے منسلک ہوگئے کیونکہ حکمت آپ کا آبائی ورثہ تھا۔ لہٰذا اپنے والد محترم ڈاکٹر ایم۔ آئی خان (ایم ڈی امریکہ) کی وجہ سے اس فن کیطرف راغب ہوئے۔ طب کی عملی تعلیم کیلئے معروف طبیب حکیم قاسم علی بہادرانی سے فن طب کے رموز ونکات سے آگاہی حاصل کی۔ دوران ملازمت ۱۹۸۲ء میں سندھ طبیہ کالج سے فاضل الطب والجراحت کی سند حاصل کی۔ ۱۹۹۰ء میں ملازمت سے ریٹائرڈ ہونے کے بعد ذاتی مطب مدینہ دواخانہ کے نام سے شروع کیا اور خدمت خلق میں مصروف ہوئے۔

حکیم مولوی عبدالرشید خان غوری ولد حکیم ڈاکٹر ایم آئی خان ایم ڈی امریکہ

D/3:5 یونٹ نمبر ۲ شاہ لطیف آباد۔ حیدر

مجربات

برائے درد گردہ: اجزاء وترکیب ساخت: گندھک آملہ سار ایک تولہ۔ قلمی شورہ دو تولہ گندھک کو سفوف بنا کر رکھیں اور قلمی شورہ کڑاہی میں ڈالکر

آگ روشن کریں۔ گندھک کی چٹکی شورہ پر دیتے جائیں۔ جب گندھک ختم ہو جائے اتار کر ٹھنڈا کریں۔ اور سفوف بنالیں۔

مقدار خوراک: ا رتی سے ا ماشہ تک دو وقت ہمراہ بدرقہ مناسب۔

فوائد: درد گردہ کا حکمی علاج ہے پتھری گردہ و مثانہ کو ختم کرتا ہے۔ نیز تبخیر معدہ اور بواسیر میں بھی فائدہ مند ہے

برائے خارش خشک و تر: اجزاء و ترکیب ساخت: پھٹکڑی سفید، رسونت ہموزن پہلے پھٹکڑی کو نیم کوب کر کے توے پر رکھیں جب گرم ہو تو رسونت کو اوپر ڈال دیں اور بریاں کریں ٹھنڈا ہونے پر سفوف بنالیں

مقدار خوراک: چار رتی سے ا ماشہ ہمراہ آب صبح و شام

فوائد: مصفی خون ہے۔ خارش خشک و تر میں مفید ہے۔

برائے امراض جلد: اجزاء و ترکیب ساخت: نوشادر پارہ ہموزن کھجلی بنالیں۔ اور محفوظ رکھیں۔

استعمال: بوقت ضرورت روغن سرسوں میں ملا کر مالش کریں اور نہالیں۔

فوائد: خارش خشک و تر۔ داد چنبل میں مفید ہے۔

برائے دانت درد: اجزاء و ترکیب ساخت: کاربالک ایسڈ ا تولہ۔ کافور دیسی دو تولہ۔ پہلے کافور کو کسی ڈاٹ والی شیشی میں ڈال لیں پھر آہستگی سے کاربالک ایسڈ ملا کر بغیر ہلائے پانی میں ڈبو دیں، پانچ منٹ میں روغن بن جائے گا۔ بوقت ضرورت درد دانت میں مقام ماؤف پر پھریری لگائیں۔

حکیم منور حسین جاوید

آپ نے ابتدائی درسی و دینی تعلیم مکمل کر کے ۱۹۶۷ء میں میٹرک کا امتحان پاس کیا۔ بعد ازاں طب اسلامی سے دلی لگاؤ کی بنا پر سندھ طبیہ میں داخلہ لیا۔ سال اول سے چہارم تک آپ کالج میں پوزیشن حاصل کرتے رہے۔ دوران تعلیم طلبا یونین کے سیکرٹری جنرل کے عہدہ پر فائز رہے۔ تعلیم سے فراغت کے بعد اطبا کی تنظیم اولڈ بوائز ایسوسی ایشن کے بانی اور جنرل سیکرٹری کی حیثیت سے خدمات انجام دے رہے ہیں

مطب کی عملی تعلیم حکیم حاذق حافظ بہاؤالدین صاحب سے حاصل کی اور خدمت خلق کے جذبے کے تحت اپنا ذاتی مطب بنام القریش رفاہ عامہ شفاخانہ قائم کیا۔ آپ کو طبی سیاست میں بھی اہم مقام حاصل ہے۔ آپ ایک سرگرم سماجی کارکن ماہر طبیب اور طب اسلامی کی ترویج کے لئے کوشاں ہیں۔

حکیم منور حسین جاوید ولد شہزاد احمد
القریش شفاخانہ مکان نمبر ۲۱۵ G/۲/۷ گدو ٹاکہ حیدرآباد

حکیم محمد حنیف صدیقی

آپ ۱۵ اگست ۱۹۵۴ء حیدرآباد کے ایک زمیندار گھرانے میں پیدا ہوئے۔ ابتدائی تعلیم مدرسہ فیض الاسلام گوٹھ دین محمد شاہ میں حاصل کی۔ قرآن فقہ

منطق کی تعلیم سے فارغ ہو کر ایس کے رحیم ہائی سکول سے میٹرک فسٹ ڈویژن میں پاس کیا مزید تعلیم کیلئے گورنمنٹ کالج حیدرآباد اور سندھ یونیورسٹی سے بی ایس سی کی ڈگری حاصل کی۔ طب اسلامی سے خصوصی لگاؤ کی بنیاد پر سندھ طبیہ کالج سے ۱۹۸۰ء میں فاضل الطب و الجراحت کی سند حاصل کی۔

آپ عملی مطب کے علاوہ سماجی بہبود کے کاموں میں گہری دلچسپی لیتے ہیں۔ آپ کی ذاتی کوششوں سے تنظیم بیداری ملت پاکستان جیسی سماجی تنظیم کا قیام عمل میں آیا۔ آپ علاقہ کی مختلف سماجی تنظیمات کے رُکن قابل طبیب معروف سماجی کارکن طبی و سماجی سیاست میں اہم کردار ادا کر رہے ہیں۔

حکیم محمد حنیف صدیقی ولد عبدالرحمٰن صدیقی

۴۰۲۹ - G پھلیلی پار۔ حیدرآباد

ڈاکٹر و حکیم اقبال خان یوسف زئی

آپ نے ابتدائی دینی و درسی تعلیم حاصل کرنے کے بعد اعلیٰ تعلیم حاصل کی۔ چنانچہ اسلامیات میں ایم اے کی سند حاصل کرنے ساتھ سندھ یونیورسٹی سے قانون کی تعلیم حاصل کی اور ایل ایل بی کی سند حاصل کی۔ اسکے ساتھ ساتھ آپ نے طب اسلامی کی تعلیم سندھ طبیہ کالج سے حاصل کی اور فاضل الطب و الجراحت کی سند حاصل کرنے کے بعد ہومیو پیتھی اور الیکٹرو ہیتھی میں ڈپلومہ حاصل کیا۔ اس کے علاوہ آپ نے چائلڈ کیئر اینڈ ڈیولپمنٹ سرٹیفیکیٹ کے علاوہ کینسر ریلیف سوسائٹی آف پاکستان سے فیلو شپ حاصل کی۔ آپ اسٹیٹ لائف انشورنس کارپوریشن اور اسٹیٹ بنک آف پاکستان حیدرآباد کیلئے بطور کنسلٹنٹ فزیشن کی خدمات انجام دیتے رہے۔

آپ ایک اعلیٰ پایہ کے طبیب ہونے کے ساتھ ساتھ علاقہ کے معروف اور ممتاز سماجی کارکن ہیں جو سماجی بہبود کے سلسلہ میں بے پناہ خدمات انجام دیتے رہے ہیں جس میں فری طبی کیمپ کا قیام منشیات کے خلاف تحریک اور مختلف موضوعات پر سیمیناروں کا انعقاد شامل ہے۔ آپ ایک فعال متحرک اور پرعزم طبیب سماجی کارکن اور طب اسلامی کی ترویج و ترقی کے علمبردار ہیں۔

ڈاکٹر و حکیم اقبال خان یوسف زئی ولد رشید خان یوسف زئی

افضال کلینک نزد بلال مسجد عثمان آباد حیدرآباد

حکیم فہیم الدین صدیقی

آپ ۲۴ ر جولائی ۱۹۴۱ء میں آگرہ (یوپی) کے مقام پر پیدا ہوئے۔ ابتدائی دینی و درسی تعلیم کے بعد پاکستان میں ہجرت کر آئے پھر میٹرک کا امتحان پاس کر کے طب اسلامی کی طرف راغب ہوئے اور سندھ طبیہ کالج سے فاضل الطب و الجراحت کی سند حاصل کی اسکے علاوہ ایم اے بی ایڈ کی اسناد حاصل کر کے شعبہ تعلیم سے منسلک ہو گئے اور درس و تدریس کا سلسلہ شروع کیا۔ آپ ایک مستند اور ماہر طبیب ہیں ملازمت سے سبکدوش ہو کر طب اسلامی کے ذریعے خدمت خلق کا ارادہ رکھتے ہیں۔

حکیم فہیم الدین صدیقی ولد حاجی محمد صدیق

مکان نمبر ۵۱۲/۲/D قصاب لین حیدرآباد

حکیم نواب علی چشتی

آپ کے آباؤ اجداد ہندوستان سے ہجرت کر کے حیدر آباد میں آباد ہوئے۔ بعد ازاں آپ کے دادا جان کو کمارو شریف گوٹھ کالرو میں زمین ملی تو یہ خاندان وہاں آباد ہو گیا۔ اسی گاؤں میں آپ ۱۹۵۹ء کو پیدا ہوئے۔ ابتدائی دینی و درسی تعلیم مقامی طور پر حاصل کی پھر آپ کے والد آپ کی تعلیم کے سلسلہ میں حیدر آباد آ گئے۔ ۱۹۶۷ء میں آپ نے گورنمنٹ ایس کے رحیم ہائی سکول سے میٹرک کا امتحان پاس کیا۔ خدمت خلق کے جذبہ کے تحت سکاؤٹ تنظیم میں شامل ہوئے۔ اور پورے پاکستان کا دورہ کیا۔ پھر طبی تعلیم کیطرف راغب ہوئے۔ اور پیرا میڈیکل کا کورس ۱۹۷۸ء میں کیا۔ اپنے روحانی پیشوا کی مشاورت سے طب اسلامی کی تعلیم کے لئے سندھ طبیہ کالج میں داخل ہوئے۔ اور ۱۹۸۰ء میں فاضل الطب و الجراحت کی سند حاصل کی اور عملی مطب کے ذریعے خدمت خلق میں مصروف ہوئے۔

حکیم ڈاکٹر نواب علی چشتی ولد ملک عبدالرحمٰن
نوری کلینک شاہ فیصل کالونی حیدر آباد ۴

مجربات

برائے زخم معدہ: اجزاء و ترکیب: تخم بارتنگ، [illegible] حب الآس، ببول، اسبغول۔ تخم ریحان، سنگدانہ [illegible] خشک، گل دھاوا، زنجبیل۔ برگ بھنگ۔ گل سرخ [illegible] ایک تولہ، [illegible] چھ ماشہ۔ باریک سفوف بنا لیں۔
مقدار خوراک: چھ ماشہ صبح و شام ہمراہ آب یا دودھ۔

فوائد: معدہ اور [illegible]

برائے سیلان الرحم: اجزاء و ترکیب نسخہ: [illegible] ایک تولہ [illegible]
پہلے پھٹکڑی کو توے پر بریاں کریں۔ جب [illegible] کمرکس ملا کر توے سے اتار کر ٹھنڈا کریں اور [illegible]
مقدار خوراک: تین رتی صبح و شام ہمراہ [illegible]
فوائد: کمر درد و سیلان الرحم میں مفید ہے

حکیم شیخ علی

آپ نے ابتدائی دینی درسی [illegible] اردو سندھی فارسی اور عربی کی تعلیم مکمل کی۔ پھر فن طب کیطرف راغب ہوئے اور سنیاسیوں سے [illegible] ونکات حاصل کئے اس دوران دور دراز علاقوں کی سیاحت کا موقع ملا۔ پھر لاہور طبیہ کالج سے طب کی تعلیم مکمل [illegible] مطب شروع کیا۔

آپ کو فن کشتہ سازی پر عبور حاصل ہے [illegible] اور سندھی زبان میں آپ کی تالیفات زیر طبع ہیں۔ آپ [illegible] کی نایاب کتب جمع کرنے کا بھی شوق ہے۔

حکیم شیخ علی ولد [illegible]
بمقام پکا چانگ تحصیل فیض گنج ضلع خیرپور

مجربات

قوت باہ کیلئے اکسیری نسخہ: اجزاء و ترکیب نسخہ: [illegible]

گندھک آملہ سار مصفی دودھ میں ۱۰ مرتبہ ۔ ۲/ تولہ ۔ شنگرف رومی ۲ تولہ ۔ ہڑتال ورقی اصلی ۲/ تولہ ۔ سب ادویہ کو باریک کرکے روہو ٹھلی کے پتہ کا پانی ایک پاؤ کے ساتھ کھرل کریں ۔ خشک ہونے پر ایک پاؤ پانی تھوم کے ساتھ کھرل کرکے خشک کریں ۔ بعد میں سفید رنگ کے کاز کے چار انڈے کی زردیوں کے ساتھ ملاکر کھرل کریں بعد میں آتشہ عرق گلاب کی ایک بوتل میں کھرل کرکے گولیاں بناکر بذریعہ پتال جنتر آتشی بوتل میں تیل نکالیں

مقدار خوراک : آدھا قطرہ مکھن یا دودھ میں ایک ہفتہ کھلائیں

فوائد : قوت باہ کیلئے اکسیر ہے ۔

قوت باہ کیلئے مرکب کشتہ :

اجزاء و ترکیب ساخت: سم الفار سفید ۵ تولہ ۔ قلعی ۵ تولہ سیماب ۵ تولہ ۔ اول قلعی و سیماب کو ملاکر نمک کے ذریعہ اچھی طرح صاف کریں صاف ہونے کے بعد اس کو اچھی طرح خشک کریں ۔ بعد میں سم الفار باریک کرکے دو دن خوب کھرل کریں بعد میں کسی بڑی کٹھالی میں ڈال کر بند کرکے گل حکمت کرکے پانچ سیر اوپلوں کی ہوا بند کرکے آگ دیں ۔ بعد نکال کر کوٹ کر باریک کرکے کپڑے میں چھانیں بعد شیشی میں رکھیں ۔

مقدار خوراک : ایک چاول سے دو تین چاول تک مکھن میں نامرد کو گیارہ روز تک کھلائیں ۔ اور یہ طلا مالش کرائیں ۔ نامرد مرد کامل ہوگا ۔

لاجواب طلاء :

اجزاء و ترکیب ساخت : سم الفار سفید ۱ تولہ بیر بہوٹی پانچ تولہ ۔ ہڑتال ورقی ۱ تولہ خراطین تازہ ۱ تولہ ۔ انڈا مرغی ۷ عدد ۔ انڈوں کی زردی نکال کر مندرجہ بالا ادویہ سے کھرل کرکے گولیاں بناکر پتال جنتر تیل نکالیں ۔ پانچ تولہ تیل میں ۲/ تولہ سیماب ملاکر خوب کھرل کرکے رکھیں بعد طلا استعمال کریں کمزوری تین چار روز میں ٹھیک ہو جائیگا ۔ (اس نسخہ میں خراطین تازہ کی خاص شرط ہے)

قوت باہ کیلئے عجیب کیپسول :

اجزاء و ترکیب ساخت : خراطین خشک باریک کردہ ۱ تولہ ۔ حرمل صاف مدبر ۱ تولہ ۔ کشتہ فولاد شنگرفی ۲/۱ ۔ گ دانہ ۳ ماشہ ۔ سب کو خوب کھرل کرکے باریک کرکے رکھیں ۔ ایک کیپسول میں تین رتی سے چار رتی تک ایک کیپسول میں ڈالکر دودھ سے استعمال کریں ۔

قوت باہ کیلئے عمدہ کشتہ :

اجزاء و ترکیب ساخت : سم الفار سفید ۱/۲ تولہ ۔ ابرک سیاہ دھناب شدہ ۱۰/ تولہ ۔ ابرک کیساتھ ایک تولہ سم الفار ملاکر خوب کھرل کرکے گوار گندل کے پانی کے ساتھ دو روز خوب کھرل کرکے گل حکمت کرکے پانچ سیر اوپلوں کی آگ دیں ۔ بعد اس طرح اکیس آگ دیں بہترین خوشنما کشتہ تیار ہوگا ۔ اسکے ساتھ کشتہ فولاد شنگرفی ۲/ تولہ عمدہ شامل کرکے رکھیں ۔

مقدار خوراک : ایک رتی مکھن یا ملائی میں ڈال کر استعمال کریں دودھ خوب استعمال کریں ۔

حکیم سید وصی حیدر زیدی

قیام پاکستان کے وقت آپ کے آباؤ اجداد حسین پور تحصیل دیباڑی ضلع گڑگانواں سے ہجرت کرکے پاکستان میں آباد ہوئے ۔ یہ خاندان عرصہ دراز سے اس فن شریف سے منسلک ہے ۔ آپ کے والد گرامی اور دادا جان اپنے عہد کے نامور اطباء میں شمار ہوتے ہیں ۔ آپ نے ابتدائی

دینی و درسی تعلیم کے بعد طب کی تعلیم والد گرامی سے حاصل کی۔ رجسٹریشن ایکٹ کے تحت رجسٹرڈ ہوئے۔ طب کے رموز و نکات اور عملی تجربہ حاصل کرنے کے بعد اپنے آبائی پیشہ کے ذریعے خدمت خلق میں مصروف ہوئے۔ آپ علاقہ میں ایک ممتاز طبیب سرگرم سماجی کارکن اور طب اسلامی کے علمبردار کی حیثیت سے معروف ہیں۔

حکیم سید وصی حیدر زیدی ولد حکیم سید محمد شفیع زیدی
حیدری شفاخانہ ہنگورجہ ضلع خیرپور میرس

مجربات

اکسیرباہ: اجزاء و ترکیب ساخت: خراطین خشک مصفاً باریک شدہ۔ اُن کو کوٹ کر دردرا کریں۔ بعدہٗ چھاننی میں چھان کر مٹی الگ کریں۔ ہموزن گڑ کہنہ کم از کم پانچ سالہ ہونا ضروری ہے دونوں کو ملا کر خوب کوٹیں کر باریک گولیاں بنانے کے قابل ہو جائیں۔ حب نخود تیار کریں۔

مقدار خوراک: ایک گولی صبح و شام ہمراہ شیر نیم گرم۔

فوائد: جریان احتلام میں مفید ہے اعلیٰ مقوی باہ ہے۔

کشتہ صدف: نہایت اکسیر ہے۔ صدف عمدہ صاف باریک پیس کر آب ادرک ۱۰ تولہ میں کھرل کریں۔ خشک ہونے پر ایک پاؤ پھول گلاب تازہ کا نغدہ بنائیں درمیان میں بند کر کے گل حکمت کریں۔ دس سیر کی آگ دیں۔

مقدار خوراک: ایک رتی سے چار رتی مسکہ یا بتاشہ یا کھویہ میں معدہ و جگر دماغ۔ کھانسی۔ استحاضہ کے لئے پانی میں۔

کشتہ حلزون: اجزاء و ترکیب ساخت: حلزون نہایت صاف ۵ تولہ۔ گندھک آملہ سار ۵ تولہ ... نصف آملہ سار نیچے نصف ... گل حکمت کر کے دس سیر کی آگ دیں۔ نہایت عمدہ کشتہ ہوگا۔

کیسا ہی کہنہ بخار چند خوراکوں میں دفع ہوگا۔ کھانسی دمہ میں نصف ماشہ عرق گلاب ۵ تولہ، عرق کھانسی ۵ تولہ سے دیں۔ انشاء اللہ ایک ماہ میں دمہ ختم ہوگا۔ دوبارہ پھر نہیں ہوگا۔

سفوف اسہال بچگان: اجزاء و ترکیب ساخت: پوست تربد ۵ تولہ۔ پودینہ خشک ۵ تولہ نمک سیاہ ۵ تولہ۔ پوست ہلیلہ زرد۔ سہاگہ بریاں ۵ تولہ تمام کو پیس کر ۴ رتی سے ایک ماشہ ہمراہ عرق بادیان یا پانی سے، اس سے اچھی دوا بچگان کیلئے میں نے آج تک نہیں دیکھی۔ اُم الصبیان کو بالکل ختم کر کے بچے موٹا تازہ بنا دیتی ہے۔

کشتہ قلعی نہایت مجرب: اجزاء و ترکیب ساخت: قلعی ۵ گرام لیکر اس کو کسی بھی ترکیب سے مصفیٰ کر لیں۔ بعدہٗ اس میں سیماب مصفیٰ ۱ گرام حل بند کر کے ایک ٹکیہ بنائیں۔ بعدہٗ آدھ کلو سندھی نام ہے مستقل نام کا کھوری (بیلگری) لیکر اس کو باریک کر لیں اور درمیان ٹکیہ سالم رکھ کر گلی کو گل حکمت کر لیں۔ بعد خشک ہونے کے ہوا سے بچا کر پانچ کلو اوپلوں کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر دیکھیں کہ نہایت ملائم کشتہ ہوگا۔ اس کو کھرل کرنے کی ضرورت نہیں ہوگی۔

مقدار خوراک: نصف ایک رتی مسکہ میں جریان ہر قسم احتلام ہر قسم یرقان پیچش۔ اسہال میں دہی سے دیں۔

کشتہ شنگرف: اجزاء و ترکیب ساخت: شنگرف ایک ڈلی سالم دو تولہ ایک پیالی میں رکھ کر آگ پر رکھیں۔ نیچے نرم آگ ہو۔ عرق لیموں آدھ پاؤ شیر مدار آدھ پاؤ کا چویہ دیں تمام عرق ختم ہونے پر سرد کریں بعدہٗ ایک موٹی سی بیخ مدار لیکر اس میں سوراخ کریں اور شنگرف کو اس میں رکھ کر برادہ سے بند اور گل حکمت کر کے ۲۰ کلو کی

آنچ دیں۔ سرد ہونے پر آہستہ سے نکالیں نہایت سفید ہو گی مقوی باہ۔ دم کشی۔ بار کہنہ اور سانس پھولنے میں نہایت مفید ہے۔

مقدار خوراک: ایک چاول مسکہ میں۔

کشتہ ابرک سیاہ: اجزاء و ترکیب ساخت: ابرک سیاہ کو دنیاب کریں۔ کھرل میں ڈال کر ایک بوتل عرق نیاز بو سے کھرل کریں۔ اس میں ابرک سے نصف شورہ قلمی شامل کریں پھر ایک ٹکیہ بنا کر خشک کریں اور دس کلو کی آگ دیں نہایت عمدہ سُرخ رنگ کشتہ ہو گا۔ ضعف جگر۔ یرقان۔ خفقان ورم جگر سانس پھولنا اور بخار کہنہ چاہے پچاس برس کا کیوں نہ ہو اکسیر کا حکم رکھتا ہے تجربہ کریں۔

مقدار خوراک: ۲ رتی صبح ۲ رتی شام ہمراہ آب تازہ۔

اکسیر مستورات: اجزاء و ترکیب ساخت: ورم الرحم۔ کمی حیض یا زیادتی حیض نہایت سریع الاثر نسخہ۔ پوست بلیلہ زرد ۲ تولہ معبتر زرد ا تولہ مرکی ا تولہ۔ ریوند چینی ا تولہ۔ سب کو باریک سفوف بنالیں اور شیرہ گھیکوار سے کھرل کر کے حبّ نخود تیار کریں۔

مقدار خوراک: حب ۲ صبح ۲ شام بعد طعام کے صرف پانی سے

اکسیر سوزاک: اجزاء و ترکیب ساخت: کشتہ خرمہرہ ۵ تولہ سنگ یہود ۲ تولہ۔ شورہ قلمی ۲ تولہ۔ نوشادر ۲ تولہ۔ تمام کو عرق لیموں سے کھرل کریں۔ خشک ہونے پر سفوف بنالیں۔

مقدار خوراک: ۴ رتی پانی سے سوزاک کے علاوہ درد گردہ۔

اکسیر پتھری: پتھری کا نہایت مجرب نسخہ برسوں کی محنت ایک سنیاسی سے ملا تھا۔ وہ پتھریاں جو کسی بیل کے پیٹ سے حاصل ہوتی ہو۔ ان کو بمعہ آب زہرا کھرل کریں خشک ہونے پر شیشی میں رکھیں۔ ایک چاول کیپسول میں بند کر کے پانی سے درد گردہ صرف پانچ منٹ میں ختم ہو گا۔ اگر صرف درد گردہ ہے تو پھر کبھی نہیں ہو گا۔ پتھری کیلئے صرف سات یوم گلقند ۵ تولہ بادیان ۲ تولہ، تخم خربوزہ ۲ تولہ سے استعمال کریں۔ اور اس مجرب نسخہ کا کمال دیکھیں پھر زندگی میں نہ درد ہو گا نہ پتھری۔

حکیم محمد صفدر سومرو

آپ نے ابتدائی دینی و درسی تعلیم حاصل کرنے کے بعد ۱۹۶۰ء میں میٹرک کا امتحان پاس کیا۔ ۱۹۶۴ء میں بی اے کی ڈگری حاصل کر کے فن طب کی باقاعدہ تعلیم کے سندھ طبیہ کالج میں داخلہ لیا۔ اور ۱۹۶۷ء میں فاضل الطب و الجراحت کی سند حاصل کی۔ ۱۹۷۱ء میں قانون کی سند حاصل کی اسی دوران آپ ۱۹۶۱ء سے ۱۹۸۵ء تک نیشنل بینک آف پاکستان کے ساتھ بطور آفیسر ز منسلک رہے فن طب آپ کا آبائی فن ہے۔ اس فطری رجحان کی وجہ سے آپ نے ملازمت ترک کر کے اس فن شریف کے ذریعے خدمت خلق کو اپنا شعار بنایا۔

حکیم محمد صفدر سومرو ولد محمد شفیل سومرو فاضل طب و الجراحت
مکان نمبر ۱۰۳۳ سومرو منزل ' ہاشمی لین ' پنج بھٹی خیرپور

مجربات

اکسیر جگر: اجزاء و ترکیب ساخت: نوشادر ٹھیکری۔ آموساد ہر برابر سیراکسیس ہر برابر۔ بوزن سفوف وزن ا رتی سے ۴ رتی تک جگر کی خرابی کے لئے جن تبیعت والے کو پانی

سے یا کسی عرق مناسب ہے۔ صفرا طبیعت والے کو دہی ملے یہ مرض اور مریض کی کیفیت کے اوپر منظر ہے۔

حب مفید: اجزاء و ترکیب ساخت: نوشادر ٹھیکری ریوند خطائی، زنجبیل، مرچ سیاہ ہر ایک ایک تولہ، تخم جوز ماثل تین ماشہ سفوف تیار کریں۔ اور گوند کیساتھ سیاہ مرچ کے برابر حب تیار کریں۔ احب مناسب بدرقہ سے دیں۔

فوائد: درد پیٹ (معدہ) کھانسی۔ نزلہ۔ زکام کیلئے مفید ہے

مرکب دیگر: اجزاء و ترکیب ساخت: آملہ سار ایک حصہ پھٹکڑی سفید دو حصہ سفوف کرکے توے پر کشتہ تیار کریں۔ باریک کھرل کرکے رکھدیں مصفی خون بقدر مناسب کھانسی خشک ہے تو دودھ، ملائی یا مکھن کیساتھ۔ اگر کھانسی میں بلغم آتا ہے تو پانی کے ساتھ ۱، ۲ رتی دیں۔

حکیم محمد صفر گاہو

آپ نے ابتدائی دینی و درسی تعلیم مقامی طور پر حاصل کی ۱۹۵۲ء میں طب تعلیم کے لئے علاقہ کے ماہر حکماء سے اکتساب کیا۔ طبی تعلیم سبقاً و عملاً مکمل کرنے کے بعد بورڈ آف یونانی اینڈ آیورویدک سسٹم آف پاکستان سے رجسٹرڈ ہوئے اور علاقہ کے عوام کو علاج معالجہ کی سہولیات فراہم کرتے ہوئے خدمت خلق میں معروف ہیں۔

حکیم محمد صفر گاہو ولد حاجی صاحب گاہو
حاجی محمد ہارون پنسار سٹور مقام ڈاکخانہ میہڑ ضلع دادو

حکیم محمد ابراہیم چنا

آپ نے ابتدائی دینی و درسی تعلیم مکمل کرنے کے بعد اپنے نانا جان جو کہ علاقہ کے معروف طبیب تھے سے طبی تعلیم سبقاً و عملاً حاصل کی آپ اُن کے ساتھ طویل عرصہ تک مطب میں معاونت کرتے رہے مزید تعلیم کے لئے اعظم طبیہ کالج حیدر آباد میں داخلہ لیا اور ۱۹۷۰ء میں فاضل الطب والجراحت کی سند حاصل کی اور یونانی شفاخانہ ڈسٹرکٹ کونسل دادو سے منسلک ہو کر خدمات انجام دیتے ہوئے اس کے ساتھ ساتھ ذاتی مطب کا سلسلہ بھی جاری رہا۔ اس طرح آپ بحیثیت طبیب علاقہ کے عوام کی خدمت میں معروف ہیں۔

حکیم محمد ابراہیم چنا ولد محمد عرس چنا
یونانی دواخانہ جھانگارہ تحصیل سیہون شریف ضلع دادو

مجربات

برائے بواسیر خونی: اجزاء و ترکیب ساخت: نیم کے بیج کچری ہموزن سفوف بنالیں۔
مقدار خوراک: چھ ماشہ صبح و شام ہمراہ شیر بز۔
فوائد: خونی بواسیر میں مفید ہے۔

حب ممسک و مقوی: اجزاء و ترکیب ساخت: جائفل، جوتری افیون خالص کافور دیسی، مشک خالص ہموزن سفوف بنا کر آب برگ پان پانچ تولہ میں کھرل کرکے حب بقدر دانہ فلفل سیاہ بنالیں اور ورق چڑھائیں۔
مقدار خوراک: ایک گولی آدھ گھنٹہ بیشتر ہمراہ شیر۔
فوائد: مقوی و ممسک ہے۔

حکیم یار محمد خان

آپ نے ابتدائی دینی و درسی تعلیم مقامی طور پر حاصل کی آپ کے چچا اور دادا جان کا شمار علاقہ کے معروف اطباء میں ہوتا ہے۔ اسی وجہ سے حکمت آپ کو ورثہ میں ملی۔ آپ نے طبی تعلیم سبقاً و عملاً اپنے دادا جان سے حاصل کی۔ میٹرک کرنے کے بعد مزید طبی تعلیم حاصل کی اور مطب کے ذریعے اس دور افتادہ علاقہ کے عوام کو علاج معالجہ کی سہولیات فراہم کرنے کی خدمت انجام دے رہے ہیں۔

حکیم یار محمد لاکھیار ولد حاجی عبدالعزیز
پوسٹ اگھامانی تحصیل میہڑ براہ رادھن اسٹیشن ضلع دادو

مجرّبات

برائے اولادِ نرینہ: اجزاء و ترکیب ساخت: اٹکیہ ریور ایک عدد۔ تخم بھنگ ایک تولہ۔ گڑ پرانا ایک تولہ۔ باہم کوٹ لیں تاکہ یکجان ہو جائے اسکی بارہ عدد گولیاں بنالیں۔
مقدار خوراک: حمل کے تیسرے ماہ سے روزانہ ایک گولی بارہ دن تک۔

دوائے یرقان: اجزاء و ترکیب ساخت: پھٹکڑی بریاں پہلے دن ایک چٹکی ہمراہ دہی دوسرے دن دو چٹکی اسی طرح ایک ہفتہ استعمال کریں۔
فوائد: یرقان زرد کا سہل الحصول مجرب چٹکلہ ہے۔

حکیم چندر بھان داس

آپ نے ابتدائی تعلیم گھریلو طور پر حاصل کی۔ کیونکہ آپ کا تعلق ایک ایسے دور افتادہ پسماندہ علاقہ سے ہے جہاں اس وقت نہ کوئی تعلیمی نہ علمی ادبی ادارہ تھا بہر حال ان حالات میں آپ کا فن طب اور حصول علم کی طرف رجحان اور شوق شاید رب العزت کی درپردہ یہی رضا تھی کہ ڈیرہ بگٹی اور اس کے قرب و جوار کے دور افتادہ تعلیم سے بے بہرہ علم و ادب سے تہی دست چھوٹے سے پسماندہ خطے میں طب کی روشنی پھیلے۔ قدرت نے یہ ذمہ داری آپکو تفویض کی۔ ۱۹۲۵ء سے ۱۹۳۸ء تک لاہور میں طب کی تعلیم حاصل کرتے رہے۔ اس دوران اس عہد کے نامور محققین اور ماہر اطباء صرفی لچھمن پرشاد کرشن کنور دت جیسے اساتذہ کی صحبت نصیب ہوئی اور ان سے فن طب کے رموز و نکات سے آگاہی حاصل کی۔ طبی تعلیم سے فارغ ہو کر اپنے گاؤں واپس آئے اور عملی مطب اور دواخانہ کی ابتداء کی آیورویدک اینڈ یونانی سسٹم آف میڈیسن طبی بورڈ سے رجسٹرڈ ہوئے۔ پھر ہومیوپیتھک طریقہ علاج کی تعلیم مکمل کی۔ اس طرح آپ نے نامساعد حالات میں علم حاصل کر کے اس فن شریف کے ذریعے دکھی انسانیت کی خدمت کا بیڑا اٹھایا جو بلاشبہ ایک قابل فخر کارنامہ ہے۔

حکیم چندر بھان داس ولد ڈیولی داس
بمقام ڈیرہ بگٹی براہ کشمور ڈاکخانہ و ضلع ڈیرہ بگٹی

مجرّبات

قلبی: اجزاء و ترکیب ساخت: دانہ الائچی خورد تین گرام پنکھڑی گل نیلوفر تیس گرام۔ کشتہ عقیق دس گرام کشتہ مرجان دس گرام۔ کشتہ زہر مہرہ دس گرام۔ ست گلو عدہ دس گرام۔ کشتہ قلعی دس گرام۔ دانہ الائچی اور گل نیلوفر کو ملا کر نہایت باریک کرنے کے بعد کشتہ جات ملا کر عرق گلاب میں نصف گھنٹہ کھرل کریں تاکہ غبار بن جائے۔

مقدار خوراک: ا تا دو گرام صبح و شام ہمراہ بدرقہ مناسب۔

فوائد: امراض قلب، خفقان، ضعف قلب۔ فشار الدم۔ انتشار قلبی۔ کثرت عطش۔ حدت۔ ذکاوت حس و بحریان میں بھی آزمودہ ہے۔

باسورین: اجزاء و ترکیب ساخت: ہلیلہ سیاہ دس گرام، پوست ہلیلہ زرد بیس گرام، سرمہ سفید دس گرام بحور کلاں دس گرام۔ کشتہ فولاد دس گرام۔ ناگرموتھا دس گرام مغز تخم نیم پندرہ گرام، ریوند چینی دس گرام۔ فلفل سیاہ دس گرام ایلوا اسی گرام (۸۰) رسونت اصلی ایک صد ساٹھ گرام (۱۶۰)

ترکیب تیاری: ہلیلہ سیاہ، پوست ہلیلہ زرد، بحور، ناگرموتھا۔ ریوند خطائی۔ فلفل سیاہ۔ رسونت ملا کر باریک سفوف بنائیں مغز نیم باریک کر کے کشتہ فولاد اور ایلوا کو ملا کر کھرل کریں۔ سرمہ کو الگ غبار بنالیں پھر جملہ ادویہ باہم کر کے لعاب گوند کیکر سے حبوب بقدر نخود تیار کرلیں۔

مقدار خوراک: ا، ا گولی صبح و شام ہمراہ آب تازہ بعد از غذا

فوائد: بواسیر خونی و بادی، قبض دائمی گیس اور بواسیر کی پرانی کیفیت میں مفید ہے۔

اکسیر سوء ہضم: اجزاء و ترکیب ساخت: جو کھار نمک سیاہ نمک لاہوری۔ ست لیموں، دانہ الائچی خورد نوشادر قلمی ہر ایک دس گرام، کافور بھینگ اصلی … مصطگی۔ فلفل دراز ہر ایک پانچ گرام۔ جملہ ادویہ … بنا کر باہم کریں۔

مقدار خوراک: آدھا گرام سے ایک گرام … بعد …

فوائد: جملہ امراض معدہ کی نفخ تبخیر … نانی دولت۔

حکیم عبدالرحمٰن دانش

آپ کے آباؤ اجداد ریاست پٹیالہ شرقی پنجاب سے ہجرت کر کے سندھ کے شہر شہداد پور میں آباد ہوئے۔ آپ کوٹڑی میں پیدا ہوئے۔ ابتدائی دینی و دنیوی تعلیم کے بعد طبی تعلیم کیطرف مائل ہوئے اور سندھ طبیہ کالج سے … میں فاضل الطب والجراحت کی سند امتیازی حیثیت سے حاصل کی۔ آپ نے لٹریچر میں ایم اے اردو کی سند بھی حاصل کی اور فن طب کے ذریعے خدمت خلق میں معروف ہیں۔ آپ علاقہ میں یک ممتاز شاعر ادیب سماجی کارکن اور طبیب کی حیثیت سے ممتاز مقام رکھتے ہیں۔ سندھی اردو اور سرائیکی زبانوں میں شاعری کرتے ہیں ملک کے مختلف جرائد میں آپ کے طبی اور ادبی مضامین شائع ہوتے ہیں۔ شہر کی کئی ادبی اور سماجی تنظیموں سے وابستہ ہیں آپ مرکزی پنچائیت کمیٹی کے رکن اور زکوٰۃ کمیٹی کے چیئرمین کی حیثیت سے سماجی خدمات انجام دے رہے ہیں۔

حکیم عبدالرحمٰن دانش ولد عبدالرشید
مکان نمبر ۷۵ ہردا س پورہ مسجد روڈ شہداد پور ضلع سانگھڑ

مجرّبات

اکسیر دندان: اجزاء و ترکیب ساخت: پھٹکڑی آدھ سیر، نیم کے پتے [illegible] ایک سیر [illegible] آدھ پاؤ [illegible] ایک چھٹانک [illegible] آدھ سیر۔

تمام چیزوں کو [illegible] کریں جتنا باریک ہو [illegible] اتنا ہی بہتر ہوگا۔

استعمال: دانت میں پانی کا لگنا، خون آنا۔ اور اگر دانت کے نکلوانے کے بعد خون جاری ہو جائے تو اس سفوف کو دانت کی نکالی ہوئی جگہ پر اچھی طرح بھر دیں۔ انشاء اللہ خون فوراً ختم ہو جائے گا۔ سفوف جب بھی [illegible] استعمال کرائیں۔

حکیم فضل حسین

آپ ۱۹۳۲ء کو موضع گوجر تحصیل پنڈ دادنخان ضلع جہلم کے ایک معزز گھرانہ میں پیدا ہوئے۔ ابتدائی دینی و درسی تعلیم مقامی طور پر حاصل کی۔ میٹرک تک تعلیم مکمل کی۔ تو آپ کے والد بزرگوار بسلسلہ زمینداری ۱۹۵۲ء میں سندھ آ گئے۔ آپ نے میرپور خاص سول ہسپتال سے ۱۹۵۲ء میں ڈسپنسر کا کورس پاس کیا۔ ۱۹۶۲ء تک والد صاحب کی زیر نگرانی عملی مطب کا تجربہ حاصل کرتے رہے۔ ۱۹۶۲ء میں ضلع سانگھڑ میں بطور ڈسپنسر سرکاری ملازمت اختیار کر لی۔ چار سال کے بعد ملازمت ترک کر کے اپنا ذاتی مطب شروع کیا۔

۱۹۷۶ء میں طب کی مزید تعلیم کیلئے حکیم محمد عبدالحی قریشی صاحب کی ترغیب پر اعظم طبیہ کالج میں داخلہ لیا اور ۱۹۷۹ء میں فاضل الطب والجراحت کی سند حاصل کی۔ تعلیم سے فارغ ہو کر افضل دواخانہ کے نام سے عملی مطب شروع کیا اور خدمت خلق میں مصروف ہو گئے۔

حکیم فضل حسین ولد حکیم قادر بخش
افضل دواخانہ میرپور خاص روڈ کھپرو ضلع سانگھڑ (سندھ)

مجربات

کشتہ ہڑتال ورقیہ: اجزاء و ترکیب ساخت: پھٹکی سفیدہ آدھ، گندھک آملہ سار مصفیٰ ۵ تولہ۔ دونوں کو پیاز کے پانی میں خوب کھرل کر کے ایک تولہ ہڑتال ورقی کی عمدہ ڈلی کے اوپر نیچے دے کر مٹی کے کوزہ میں گل حکمت کر کے سوا سیر اپلے جنگلی کی آنچ دیں اور سرد ہونے پر نکال لیں کشتہ ہوگا۔

مقدار خوراک: ۱ تا ۲ چاول۔

فوائد: کشتہ صد درجہ کا مقوی باہ ہے نیز تمام امراض میں اکسیر کا حکم رکھتا ہے۔ علاوہ ازیں سرسام والے کو بطور نسوار کے دیں۔ فوراً فائدہ ہوگا۔ اور مریض ہوش میں آ جائے گا۔

کشتہ سہ دھاتہ: اجزاء و ترکیب ساخت: قلعی، سیسہ، جست پہلے تینوں چیزوں کو دستور کے مطابق صاف کریں۔ ازاں بعد لوہے کی کڑاہی یا آہنی کڑاہی میں ڈالکر نیچے آگ جلائیں۔ جب تینوں چیزیں پگھل جائیں۔ تب پھٹکڑی سفید باریک شدہ کی چٹکی دیتے جائیں اور آہنی سلاخ سے ہلاتے جائیں۔ یہاں تک کہ تینوں چیزیں خاک ہو جائیں۔ اب اس میں ۲ تولہ سفوف پھٹکڑی اور شامل کر کے کوزہ گلی میں بند و گل حکمت کر کے ۲ سیر اوپلوں کی آنچ دیں۔ اسی طرح پھر بغیر پھٹکڑی ملائے تین آنچ اور دے دیں۔ تاکہ کشتہ رنگ سفید ہو جائے۔ بعد میں کسی کھلے برتن میں ڈال کر قدرے پانی ڈالیں۔ جب پانی نتھر جائے۔ نکال دیں۔ اسی طرح دو تین پانی دھونے سے نکہت دور ہو جائے گی۔ اب کشتہ مذکور کو دھوپ میں سکھا کر کپڑ چھان کر کے شیشی میں محفوظ کریں۔ یہ نہایت اصلی

درجہ کا کشتہ سعتی ہے جو کہ جریان اور پیشاب کی زیادتی کیلئے خاص الخاص ہے۔

مقدار خوراک: ۲ چاول تا ارتی ہمراہ مکھن یا بالائی۔

اکسیر پیچش: ایک بہت ہی موذی اور تکلیف دہ مرض ہے۔ پرانی پیچش کا مریض زندگی سے موت کو ترجیح دیتا ہے۔ بدنی تکلیف اور پھر جیب پر عطائیوں کے ڈاکے غریب کو پریشان کر دیتے ہیں۔ مندرجہ ذیل نسخہ پچاس سال سے ہمارے خاندان میں مستعمل ہے۔ جس سے اس موذی مرض سے سو فیصد چھٹکارا ملتا ہے۔ ہم ہزارہا مریضوں پر آزما چکے ہیں۔ جو کہ پرانی سے پرانی پیچش، اسہال کے علاوہ جگر اور بواسیر کے خون بند کرنے میں بھی مؤثر ہے۔

نسخہ: اجزاء و ترکیب ساخت: افیون خالص، شنگرف رومی، سہاگہ بریاں، مصطگی رومی خالص ہم وزن لیکر باریک سفوف کر لیں۔ اور پانی کے ہمراہ بقدر مونگ گولیاں تیار کر لیں۔

مقدار خوراک: ایک گولی صبح ایک شام ہمراہ لعاب ریشہ خطمی مجرب المجرب ہے۔

حکیم حسن عسکری کاظمی

آپ ۱۹۲۰ء کو الٰہ آباد (بھارت) کے ایک معزز سید کاظمی گھرانہ میں پیدا ہوئے۔

ابتدائی دینی و درسی تعلیم لکھنؤ، بنارس، میرٹھ سے حاصل کی۔ عربی اور فارسی کی تعلیم مولوی عالم، فاضل طب، عربی زبان میں حاصل کی۔ تعلیم مکمل کر کے ۱۹۴۰ء میں حکمت کی سند حاصل کر کے مطب شروع کیا۔ قیام پاکستان کے وقت ہجرت کر کے یہاں آباد ہو گئے اور مہاجرین کے علاج معالجہ کے سلسلہ میں گرانقدر خدمات انجام دیں۔ بعد ازاں محکمہ تعلیم سے وابستہ ہو گئے کچھ عرصہ سکول میں درس و تدریس کا سلسلہ جاری رکھا پھر گورنمنٹ کالج میں شعبہ عربی میں بطور پروفیسر تعلیمی خدمات انجام دیں۔ ۱۹۸۱ء میں ملازمت سے سبکدوش ہو کر دوبارہ مطب شروع کیا اور خدمت خلق میں مصروف ہوئے۔

حکیم سید حسن عسکری کاظمی ولد سید یوسف حسن کاظمی
کاظمی اسٹریٹ مقام روہڑی ضلع سکھر

مجربات

برائے سل و دق: اجزاء و ترکیب ساخت: خاکسی عسہ گاؤزبان عسہ الگ الگ آبخوروں میں دو دو گھونٹ پانی میں بھگو صبح پانی نتھار کر دونوں کو ملا کر پی لیں۔ چند یوم میں شفا ہو گی۔ معیاری بخار میں بھی یہ عمل مفید ہے۔

برائے پیچش و اسہال: سمندر سوکھ دو کیپسول میں صبح اور دو شام کو ہمراہ آب تازہ کھلا دو انشاء اللہ دو چار روز میں صحتیاب ہو گا۔

ملیریا بخار کا علاج: اجزاء و ترکیب ساخت: چرائتہ تنکیہ چند قطرہ پانی میں ملا کر پلا دو یا چرائتہ کو جوش دیکر اسے مریض کو پلا دو مگر اس جوشاندہ میں سات یا پانچ عدد مویز شامل کر دو۔ انشاء اللہ دو تین روز میں قطعاً آرام ہو گا۔

مرض طحال: اگر کسی تلی بڑھ گئی ہو تو۔ اگر زیادہ بڑھ جائے تو موت کا خطرہ ہے۔

نسخہ: انجیر کو سرکہ میں ڈبو دو کم از کم ایک ہفتہ سرکہ اصلی ہو تیزابی نہ ہو جب انجیر تمام سرکہ پی لے پیسکر مثل معجون بنا کر رکھ لو جب طحال کا مریض آئے تو پہلے بٹھا ہوا چنا منہ میں دیکر کھو کر خوب چبائے مگر کھائے نہیں سانس لیتا رہے۔ چنا تھوک دے لعاب ذرا حلق میں جائے گا۔ کچھ مضائقہ نہیں ہے۔ چنا تھوکنے کے فوراً

بعد ایک تولہ یا کچھ کم مریض کو معجون کھلا دے اس طرح کرنے سے چند یوم میں شفاء کلی ہوگی۔ انشاءاللہ!

یرقان کا علاج

نسخہ: سبز کلاں اعدد بیج سے صاف کیا سبز چھوہارہ عدد تخم سے صاف شدہ ٹکڑے کرکے آب خورہ میں سبز دوسرے آبخورہ میں چھوہارہ بھگو دو۔ صبح کو آب زلال شام اور شام کا آب زلال صبح کو پلا دو۔ چند یوم میں شفا ہوگی۔

برائے سیلان الرحم

اجزاء و ترکیب ساخت: مازو، لودھ پٹھانی، سنگھاڑہ، کمرکس ہموزن مصری ملا کر ان سب کے برابر خوراک ۶ ماشہ ہمراہ آب تازہ یا شیر مادہ گاؤ انشاءاللہ آرام ہوگا۔

کشتہ چاندی

اجزاء و ترکیب ساخت: اندرائن کے پھل کو توڑ کر یا نچوڑ کر پانی نکالیں اور ایک تولہ چاندی کے پترے کو آگ میں سرخ کرکے اس پانی میں بجھائیں بارہ دفعہ۔ پھر اسے اندرائن کے پھل میں داخل کرکے گل حکمت کرکے دس سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ اسی طرح دو تین بار آگ دینے سے عمدہ کشتہ چاندی کا تیار ہوگا۔

خوراک: مقوی معدہ مشتہی ہے خوراک نصف رتی ہمراہ مسکہ۔

نوٹ: اگر اس کشتہ کے ہمراہ سیماب کو کھرل کیا جائے تو یہ زیادہ مقدار سیماب کو بہ نسبت دیگر کشتہ جات کے جو چاندی کے ہیں جذب کرکے گرہ بنا دیتا ہے اس منعقد شدہ سیماب کے گٹکے یا نوکس حب منشاء بنائے جا سکتے ہیں۔ دودھ پینے سے زیادہ مقدار ہضم ہوتا ہے اور قوت باہ میں نمایاں اضافہ کرتا ہے۔ بعض لوگ اس منعقد شدہ سیماب کو انگشتری وغیرہ نقش پر بھی بنا لیتے ہیں۔

زخم بڑھا نہ جائے

اجزاء و ترکیب ساخت: آنبہ ہلدی دو پیسہ بھر، ... تخم مرو دو پیسہ بھر ستّے ۲ پیسے بھر گلیسرین ۸ آنے کی شہد ۴ آنے بھر سب کو سفوف کرکے شہد اور گلیسرین ملا کر مشافہ تیار کرو۔ یہ سب روئی میں کوٹی جائے گی۔ پھر اندام نہانی میں رکھو۔ صبح و شام چند یوم میں انشاءاللہ صحت ہوگی۔

حکیم جان محمد مہتم

آپ جنوری ۱۹۱۹ء کو پیدا ہوئے ابتدائی دینی و درسی تعلیم مقامی طور پر حاصل کی اور اپنے والد محترم جو ردہڑی کے ماہر طبیب تھے کے ساتھ عملی مطب کا تجربہ حاصل کرنا شروع کیا۔ انہی سے طب کی تعلیم سبقاً و عملاً حاصل کی۔ ۱۹۴۰ء میں آپ سندھ اریگیشن ڈیپارٹمنٹ سے منسلک ہو گئے۔ والد صاحب کے انتقال کی وجہ سے ان کے مطب کو جاری رکھا۔ بعد ازاں مبارکپور میں محمدیہ دواخانہ کی بنیاد رکھی رجسٹریشن ایکٹ کے تحت رجسٹرڈ ہوئے اور علاقہ کے عوام کی خدمت میں معروف ہوئے۔

حکیم جان محمد مہتم ولد حکیم محمد عاقل خان مہتم
محمدی دواخانہ مبارکپور تحصیل نوں عاقل ضلع سکھر (سندھ)

مجربات

برائے سر درد وار

اجزاء و ترکیب ساخت: مغز کشنیز، مغز سونف، الائچی کلاں، اسطوخودوس گل سرخ جملہ اجزاء ہموزن سفوف بنا کر تیسرا حصہ نبات سفید ملا لیں۔

مقدار خوراک: ایک تولہ صبح و شام ہمراہ بدرقہ مناسب۔

فوائد: دائمی سر درد اور چکر آنا میں مفید ہے۔ تیسرا حصہ نبات سفید ملا کر رکھیں۔

مقدار خوراک: ایک تولہ صبح ایک تولہ شام پانی میں یا کسی مناسب عرق سے دیں۔

اکسیر حابس: اجزاء و ترکیب ساخت: برائے استحاضہ و قے الدم و خونی اسہال وغیرہ کیلئے اکسیر ہے۔ گوند سفید، گیرو، گل انار میٹھا کے ہر دو ہموزن خوراک ۲ ماشہ۔ شربت انجبار کے ساتھ دو دفعہ دن میں۔

مصفی: اجزاء و ترکیب ساخت: برائے مصفی خون ہر قسم کی خون کے خرابی کیلئے اکسیر ہے۔ دسوزاک، آتشک کے لئے سم الفار سفید، رسکپور، دار چکنہ، شنگرف ہر ایک ایک تولہ عرق لیموں ایک پاؤ کی ساتھ کھرل کر کے جوہر اڑائیں۔

مقدار خوراک: ایک چاول سے دو چاول تک مسکہ یا مناسب بدرقہ کیساتھ دیں۔

اکسیر جریان: اجزاء و ترکیب ساخت: جریان، احتلام کو ختم کرتا ہے۔ موصلی سفید ۲ تولہ، ستاور ۲ تولہ، مغز تمر ہندی ۱ تولہ، سنگجراحت ۲ تولہ، کوزہ مصری ۲ تولہ سب کو کوٹ کر سفوف بنا دیں۔

مقدار خوراک: ۶ ماشہ ہمراہ دودھ دیں۔

اکسیر دیدان: معجون برائے کرم امعاء دیدان امعاء۔ اجزاء و ترکیب ساخت: باؤ بڑنگ ۳ تولہ مغز اخروٹ ۳ تولہ، برگ نیم خشک ۶ ماشہ، خرمہ ۳ تولہ گٹھلی دور کرو۔ سب ادویہ کو باریک کر کے خرمان ملا کر معجون تیار کریں۔

ترکیب استعمال: رات کو دودھ گڑ سی میٹھا کر کے پلا دیں۔ صبح کو بھی دودھ۔ گڑ سی میٹھا کر کے دیں بعد میں سب معجون کی تین حصہ کریں۔ ایک حصہ صبح کو کھلا دیں۔ دوسرا حصہ دوپہر دن دودھ پلا کر دیں تیسرا حصہ تیسرے دن دیں [illegible] سے پھر کبھی کرم امعاء نہیں ہوگی۔

اکسیر صرع: اجزاء و ترکیب ساخت: [illegible] گوند [illegible] کو عرق [illegible] ایک تولہ، شہد ۲ تولہ ملا کر رکھیں [illegible] کے نام ۲ ماشہ کھلا دیں [illegible] کھلا دیں پھر کبھی مرض نہیں ہوگی۔ مجرب [illegible]

برائے ذات الجنب: اجزاء و ترکیب ساخت: [illegible] ایک تولہ، پھٹکڑی [illegible] ماشہ [illegible] گھیکوار نیم پاؤ میں [illegible] کر کے [illegible] سرد ہونے پر سفوف بنائیں۔

مقدار خوراک: ایک رتی سے دو رتی [illegible]

فوائد: ذات الجنب [illegible] مرض [illegible]

مراد علی خان

حب اکسیر البدن: اجزاء و ترکیب ساخت: [illegible] زعفران تین ماشہ، [illegible] تین ماشہ، جلوتری تین ماشہ، [illegible] دس ماشہ، کشتہ فولاد [illegible] کشتہ نقرہ [illegible] ورق نقرہ [illegible] عدد، عنبر [illegible] ماشہ [illegible] سفوف [illegible] شہد کی مدد سے [illegible] بقدر نخود تیار کریں۔

مقدار خوراک: ایک سے دو گولی ہمراہ شیر۔

فوائد: مقوی اعضائے رئیسہ [illegible] ضعف [illegible] جریان، احتلام و ضعف معدہ میں مفید ہیں۔

اکسیر ضیق النفس: اجزاء و ترکیب ساخت: شنگرف [illegible] ماشہ [illegible]

کرامری دو تولہ سفوف بنالیں۔

مقدار خوراک: ارتی سے دو رتی تک ہمراہ بدرقہ مناسب۔

برائے وجع المفاصل: اجزاء و ترکیب ساخت: پوست ہلیلہ زرد، مصبر زرد، اسگند ناگوری، سورنجاں شیریں، بوزیدان جملہ ادویہ ہم وزن تولہ سفوف بنا کر لعاب گھیکوار میں کھرل کرکے حب نخودی تیار کرلیں۔

مقدار خوراک: دو گولی صبح و شام۔

فوائد: وجع المفاصل نقرس، وجع العضلات، نزلہ و زکام و کھانسی میں مفید ہے۔

حکیم مراد علی خان ولد حکیم جان محمد مبارکپوری

محمدی دواخانہ مبارکپور برانچ پوسٹ آفس ٹھیکراٹھ براہ ریلوے اسٹیشن گھوٹکی، ضلع سکھر

حکیم نواب علی

اکسیر اعظم: اجزاء و ترکیب ساخت: شنگرف ایک تولہ، فولاد ایک تولہ، سیماب ایک تولہ، گندھک آملہ سار ایک تولہ، ہلیلہ زرد ایک تولہ، سب ادویہ کو باریک کوٹ کر مولی کے پانی میں آٹھ پہر برابر کھرل کرکے بعد میں کوزہ مٹی میں گل حکمت کرکے پکائیں۔ پانچ سیر اوپلوں کی آگ دیں جب سرد ہوجائے نکال لیں کھرل کرکے بوتل میں رکھیں۔

مقدار خوراک: وزن ایک چاول مکھن میں استعمال کریں قوت باہ کیلئے اکسیر ہے۔

پرہیز: بادی، ترش۔

کشتہ سم الفار: اجزاء و ترکیب ساخت: برائے قوت باہ۔ سم الفار ۴ تولہ، ابرک سفید محلول ۲ تولہ۔

دونوں ادویہ کو خوب سرکہ خوری میں کھرل کرتے جائیں سات یوم سرکہ خوری ختم کریں مٹی کی ڈولی میں گل حکمت کرکے کشتہ مذکورہ کو آخر دن سکھا میں بعدہ دس سیر اوپلوں کی آگ دیں جب سرد ہوجائے کھرل کرکے بوتل میں رکھیں۔

مقدار خوراک: ایک چاول مکھن میں صبح نہار منہ کھائیں بعد میں آدھ سیر دودھ استعمال کریں۔

حکیم نواب علی ولد بہرام خان لغاری

مقام داد لغاری تحصیل میرپور، ماتھیلو ضلع سکھر

حکیم قاضی محمد یعقوب

آپ ۱۲ اپریل ۱۹۲۲ء کو پنوں عاقل کے ایک معزز طبی گھرانہ میں پیدا ہوئے۔ آپ کا سلسلہ خاندان فن طب سے وابستہ ہے۔ ابتدائی دینی و درسی تعلیم کے بعد طبی تعلیم اپنے نانا جان حکیم اللہ رکھیہ سے حاصل کی ساتھ ساتھ اردو و عربی اور فارسی کی تعلیم مکمل کی۔ کچھ عرصہ امروٹ شریف در کچھ عرصہ پنوں عاقل کے قریب درگاہ بارچی شریف میں دینی تعلیم کے لئے گزارا۔ ۱۹۳۰ء میں قاضی دواخانہ کی بنیاد رکھی اور خدمت خلق میں مصروف ہوئے۔

حکیم قاضی محمد یعقوب ولد قاضی اللہ بخش

قاضی دواخانہ مین بازار پنوں عاقل ضلع سکھر (سندھ)

مجربات

کشتہ برائے ہیضہ: اجزاء و ترکیب ساخت: پیسے سکہ کو کشتہ کریں۔ ۵ تولہ شورہ، گندھک ایک پاؤ دونوں کو آپس میں ملا کے ایک من اوپلوں کی آگ دیں، ۲ تولہ

سنگھ کشتہ ۲ تولہ، بیخ مدار ۲ تولہ، سیاہ مرچ تینوں ہموزن کر کے کوٹ چھان کر کے پانی کی مدد سے چھوٹی چھوٹی حبوب بنالیں۔ دس دس منٹ کے بعد ایک ایک گولی دیں۔ تیسرے درجے کا ہیضہ بھی ختم ہو جائے گا۔

برائے سُہر (بے خوابی)

اجزاء و ترکیب ساخت: بادام روغن اصل ۱ تولہ۔ گائے کا دودھ ایک پاؤ میں ملا کے۔ رات کو سونے کے وقت پینا چاہیئے۔ اور روغن مذکور صبح کی مالش سر پر کرنا چاہیئے۔ روغن کی انگلی ناک اور کان میں ڈالیں۔

مقوی دماغ:

اجزاء و ترکیب ساخت: مغز بادام ایک پاؤ، مغز پستہ ایک پاؤ، مغز چلغوزہ ایک پاؤ، چھوہارا ایک پاؤ، خشخاش آدھ کلو، مغز کشنیز آدھ کلو، موصلی سفید ۵ تولہ، بہمن سفید ۵ تولہ، پوست ہلیلہ سیاہ ڈھائی تولہ، الائچی کلاں مغز ا تولہ، الائچی خورد ا تولہ، کالی مرچ ثابت ا تولہ، الائچی خورد ا تولہ۔ یہ سب چیزیں کوٹ چھان کر کے مغز اخروٹ ایک پاؤ ڈال کر خشخاش اور کشنیز کے مغز کو عام کوٹنا چاہیئے۔ دواؤں میں ہموزن چینی ڈال کر چاشنی نکالنی چاہیئے۔ اس کے بعد ساری دوائیں ملا کر دیں۔

ترکیب استعمال: دو تولہ صبح۔ دو تولہ شام دودھ کے ساتھ استعمال کرنی چاہیئے۔ دودھ گائے کا بہتر ہے۔

حکیم غلام سرور جونیجو

آپ ۱۹۳۹ء کو سندھ کے ایک معروف دینی علمی و ادبی گھرانے میں پیدا ہوئے ابتدائی دینی تعلیم کے بعد درسی تعلیم کیطرف رجوع کیا۔ ۱۹۵۵ء میں حیدرآباد بورڈ سے میٹرک کی تعلیم مکمل کرنے کے بعد لاہور سے تعلیم حاصل کی۔ آپ حصولِ علم کیلئے مختلف طبی اداروں سے منسلک رہے۔ آپ اپنے علاقے کی مختلف تعلیمی ادبی اور سماجی ... سے منسلک ہیں۔ آپ کا خاندان روحانی، علمی ادبی اور ... کے حوالے سے کسی تعارف کا محتاج نہیں۔ آپ نے ... کو پیش نظر رکھتے ہوئے فنِ طب کو اپنایا۔ آپ ایک ... دوست طبیب اور سرگرم سماجی کارکن ہیں۔

حکیم و ڈاکٹر غلام سرور حاذق جونیجو
ولد حکیم مولوی الحاج نصر اللہ ناصر جونیجو
ڈاکخانہ نیم شریف تحصیل گڑھی یٰسین ضلع شکارپور

مجرّبات

سفوف مثلث:

اجزاء و ترکیب ساخت: مغز تخم تمر ہندی دو تولہ، طباشیر سفید ایک تولہ، کشتہ قلعی (رنگ والا) چھ ماشہ۔ باریک سفوف کریں۔

معقدار خوراک: ایک ماشہ صبح نہار منہ۔

فوائد: جریان احتلام سرعت کیلئے بھروسہ کی دوا ہے۔

حب اذراقی:

اجزاء و ترکیب ساخت: کچلہ مدبر، زنجبیل، دار فلفل، اسگندھ ناگوری، گوگل بھینسیا، سورنجاں شیریں، مویز منقی مساوی الوزن۔ حب بقدر نخود تیار کریں۔

معقدار خوراک: ایک گولی صبح و شام۔

فوائد: جملہ امراض مفاصلیہ، جوڑوں کا درد۔ درد کمر، عرق النساء میں مفید ہے۔

حب بخار:

اجزاء و ترکیب ساخت: ست گلو، اتیس، کشتہ مرجان، کشتہ ابرک سفید، کشتہ گاؤدنتی ہموزن ہمراہ لعاب صمغ عربی حبوب بقدر نخود تیار کریں۔

معقدار خوراک: ایک گولی صبح و شام ہمراہ شیر نیم گرم۔

فوائد: بخار کی ہر قسم میں مفید ہے۔

سفوف مقوی : اجزاء و ترکیب ساخت : نوشادر دیسی سہاگہ بریاں۔ تخم کاسنی۔ نانخواہ سیاہ۔ پوست بلیلہ زرد۔ گل سرخ۔ ریوند خطائی۔ الائچی خورد۔ زنجبیل وار فلفل ہموزن سفوف بنائیں۔

مقدار خوراک : ایک ماشہ سے تین ماشہ تک صبح و شام ہمراہ آب

فوائد : جملہ امراض معدہ، آنتوں کی کمزوری و ضعف جگر میں مفید ہے

حکیم غلام مصطفےٰ انصاری

آپ ۱۵ نومبر ۱۹۶۷ء کو ضلع فیصل آباد کے گاؤں دبیلہ کلاں میں پیدا ہوئے۔ آپ کے والد گرامی کا تعلق ملتان سے ہونے کی وجہ سے ابتدائی دینی و درسی تعلیم ملتان میں حاصل کی۔ ۱۹۸۴ء میں ملتان بورڈ سے میٹرک کا امتحان سائنس کے مضامین کے ساتھ پاس کیا اور کراچی منتقل ہو گئے۔ آپ کے والد گرامی حکمت سے منسلک تھے۔ چنانچہ آپ بھی اس فن شریف کی طرف راغب ہوئے اور طبی تعلیم کے لئے ہمدرد طبیہ کالج میں داخلہ لیا۔ یہاں سال دوم میں آپ نے کالج میں پہلی پوزیشن اور پورے پاکستان میں تیسری پوزیشن حاصل کی۔ دوران تعلیم حکیم محمد رفیق نظامی صاحب کے پاس عملی مطب اور دوا سازی کی تربیت لی۔ فراغت کے بعد ذاتی مطب شروع کر کے خدمت خلق میں مصروف ہیں۔

حکیم غلام مصطفےٰ انصاری ولد محمد اصغر
[illegible] عثمانیہ محلہ فقیر کالونی اورنگی ٹاؤن سیکٹر ۱۰ کراچی ۴۳

مجربات

سفوف اوارا : اجزاء و ترکیب ساخت : ریوند خطائی [illegible] تولہ۔ تلمی شورہ۔ [illegible] تولہ۔ [illegible] تولہ۔ زیرہ سفید چھ ماشہ کوٹ پیس کر سفوف بنائیں اور ایک ایک خوراکیں بنالیں۔

استعمال : ایام سے سات دن پہلے ایک خوراک روزانہ رات ہمراہ شیر نیم گرم سات دن تک استعمال کریں۔

فوائد : حیض سے متعلقہ تمام تکالیف میں مفید ہے۔

برائے تقویم : اجزاء و ترکیب ساخت : مغز پنبہ دانہ چار ماشہ قرنفل سات عدد۔ جائفل ایک عدد۔ قند کہنہ چار ماشہ ادویہ سفوف بنا کر گڑ شامل کر کے حبوب گیارہ عدد بنالیں۔

استعمال : فراغت سے دو دن بعد ایک گولی روزانہ تین ماہ کا کورس گیارہ گیارہ گولیاں۔

فوائد : پیدائشی نقص کے علاوہ بانجھ پن میں مفید ہے۔ پہلے نسخہ نمبر ا تین ماہ تک استعمال کرائیں اس کے بعد یہ نسخہ استعمال میں لائیں۔

برائے اٹھرا : اجزاء و ترکیب ساخت : رسوت۔ مائیں سوختہ۔ رنگ رونگ۔ کتھ سفید۔ مرچ سیاہ۔ صندل سفید گیرو۔ جملہ ادویہ سفوف بنا کر شہد کی مدد سے حبوب بقدر نخود تیار کریں۔

استعمال : ایک گولی صبح نہار منہ ایک رات سوتے وقت ہمراہ آب حمل کے پہلے ماہ سے آخر تک۔

فوائد : مرض اٹھرا میں مفید ہے محافظ حمل و مصفی خون ہے۔

حکیم سید چاند شاہ

آپ کی پیدائش قصبہ تلہر محلہ گنج ضلع شاہ جہان پور انڈیا میں ہوئی ۵ سال کی عمر میں دینی تعلیم حاصل کرنی شروع کی۔ دینی تعلیم سے فارغ ہونے کے بعد اپنے استاد حکیم یوسف علیخاں جو کہ اس قصبہ کے مشہور طبیب تھے کی شاگردی اختیار کی۔ اور انکے ساتھ شب و روز سترہ برس مطب میں کام کیا۔ اُن کے انتقال کے بعد اپنا الگ مطب کر لیا۔ پاکستان میں ۱۹۵۰ء میں آنے کے بعد سے مطب کا سلسلہ کامیابی سے چل رہا ہے۔ پیچیدہ امراض کا کامیاب علاج کرنے میں آپ کو مہارت حاصل ہے۔

حکیم سید چاند شاہ ولد ابراہیم شاہ
۳/۴۹ D-5 نمبر کراچی نمبر: (۳۶)

مجربات

معجون مقوی بدن

اجزاء و ترکیب ساخت: زنجبیل اکلو شیر گاؤ چار کلو۔ زنجبیل کو کوٹ چھان کر شیر گاؤ میں پکا کر کھویا تیار کریں اور کھوئے کو اکلو روغن زرد میں بریاں کریں حتیٰ کہ کھویا سُرخی پر آجائے تو چار کلو مصری کا قوام بنا کر مندرجہ بالا ادویات اور کھویا شامل کر کے معجون بنائیں۔ جائفل پوست ہلیلہ۔ پوست بلیلہ۔ پوست آملہ۔ زیرہ سیاہ۔ زیرہ سفید۔ مغز دھنیا۔ سونف۔ الائچی خورد۔ فلفل دراز ناگرموتھ۔ گل نیلوفر۔ بداری قند۔ مغز چرونجی ہر ایک ا تولہ۔ کشمش خرما خستہ دور کردہ۔ مغز چلغوزہ۔ گوند ببول۔ مغز بادام۔ مغز پستہ۔ مغز اخروٹ ہر ایک ۵ تولہ۔ نارجیل کدو کش کیا ہوا سترہ تولہ۔ ورق نقرہ پچاس عدد۔ ورق طلاء ۲۵ عدد (۱۰ عدد) کافور بھیم سینی ۲ ماشہ ملا کر معجون بنالیں۔

خوراک: ا تولہ سے ۳ تولہ تک شیر گاؤ کے ساتھ کمزوری جسم خاص طور سے زچگی کے بعد کی کمزوری اور بانجھ پن کے لئے اور عورتوں کے خاص امراض لیکوریا۔ گیس اور کلائی ودستکم اور کمزوری کے لئے مفید ہے۔ علاوہ اس کے مقوی رحم بھی ہے عورتوں کے امراض کے لئے اس سے بہتر دوا ملنا مشکل ہے۔

حب مقوی باہ

اجزاء و ترکیب ساخت: بوچھلی عقرقرحا۔ مصطگی رومی۔ موصلی سیاہ۔ موصلی سفید تخم تیرہ۔ تیزک ہالون۔ تخم ترب۔ تالمکھانہ۔ مغز اخروٹ۔ جائفل جاوتری۔ پوست ہلیلہ۔ پوست بلیلہ۔ پوست آملہ۔ ہلیلہ سیاہ۔ اجوائن خراسانی۔ پیپلامول۔ باؤبڑنگ۔ خولنجان۔ گل دھاوا۔ تخم کونچ ہر ایک چار تولہ۔ دودھی خورد ۳ر تولہ۔ تخم اوٹنگن ہر ایک دو تولہ۔ فلفل دراز۔ زنجبیل ہر ایک ۳ تولہ۔ زعفران ۵ تولہ۔ لونگ ۵ تولہ۔ کوٹ پیس کر چھان کر شہد ملا کر گولیاں بنائیں اندازاً بندق ہندی کے برابر گولی چبا کر کھاویں۔ دودھ سے صبح و شام بصارت کو تیز کرے۔ مثانہ کے امراض سردی بادی۔ سنگ گردہ مثانہ کو دور کرے اور مقوی باہ ہونے کے ساتھ ساتھ مغلظ منی اور دافع سرعت انزال ہے اور ضرورت سے زیادہ امساک پیدا کرتی ہیں۔ سستی آلہ تناسل کو بھی مفید ہے معدہ کے اکثر امراض کو بھی مفید ہے۔ آزمودہ دوا ہے۔

اکسیر بواسیر

اجزاء و ترکیب ساخت: مغز تخم نیم۔ مغز تخم بکائن دو، دو تولہ۔ رسوت۔ صبر سقوطری مصطگی۔ سہاگہ۔ مویز منقیٰ۔ مغز بادام ہر ایک نو ماشہ سب کو آب گندنا سبز میں پیس کر جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنالیں۔

مقدار خوراک: ایک گولی روزانہ

فوائد: خونی و بادی بواسیر میں مفید ہے نیز قبض کشا ہے۔

حکیم محمد مصطفٰے خان شفائی

آپ کا تعلق ایک طبی خانوادے سے ہے جو طویل عرصہ سے اس فن شریف سے وابستہ ہے۔ آپ کے والد محترم حکیم محمود علیخان اور دادا حکیم کرم علیخان اپنے عہد کے نامور طبیب تھے اور جناب شفاء الدولہ حکیم محمد زمان خان شفائی سابق صدر انجمن اکلیبا وطب العلاج سوسائٹی جونپور (رجسٹرڈ) ۱۹۰۴ء سے پورا خاندان طبی خدمات انجام دے رہا ہے۔

آپ نے علوم دینیہ حاصل کرکے علم طب میں جناب شفاء الملک ابوشفاء حکیم احمد زمان شفائی دہلوی سے باقاعدہ علمی و درسی اور رموز حکمت سے آگاہی حاصل کی اور عملی مطب کے ذریعے فن اور خلق خدا کی خدمت میں مصروف ہیں۔

حکیم محمد مصطفٰے خان شفائی ولد حکیم محمود علیخان شفائی بلڈنگ ۱۱۹۹۸۔ ڈرگ کالونی کراچی نمبر (۲۵)

مجربات

تریاق چھیپ : تخم ترب ۲ تولہ۔ سہاگہ۔ گندھک۔ نوشادر ہر ایک ۴ ماشہ۔ باوچی ۳ ماشہ۔ کافور ۱ ماشہ سب کو خوب باریک کرلیں۔

ترکیب استعمال : حسب ضرورت یہ دوا اچھ گنا دہی میں ملاکر مقام مرض پر اچھی طرح ملاکریں۔ چھیپ یعنی تھم کو دور کرتی ہے

شربت سرخ : اجزاء و ترکیب ساخت : صندل سفید۔ صندل سرخ۔ آبنجار۔ گاؤزبان ہر ایک ۲ تولہ۔ نیلوفر ۳ تولہ۔ عناب ۶ دانے۔ سب کو اڑھائی سیر پانی میں رات کو بھگو کر صبح ہلکی ہلکی آگ پر پکائیں۔ جب ایک سیر پانی میں رہ جائے تو چھان کر اس میں ۳ پاؤ کھانڈ اور دس تولہ سرکہ کو ڈال کر قوام کرلیں۔

مقدار خوراک : اڑھائی تولہ صبح و اڑھائی تولہ شام کو ۱۲ تولہ عرق گلاب و گاؤزبان میں ملاکر پلائیں۔ فساد خون و گرمی دانے اور سوزش وجملہ جلدی بیماری وغیرہ کو دور کرتا ہے۔ مقوی قلب ہے۔ دافع پیاس بھی ہے۔

تریاق جنون : اجزاء و ترکیب ساخت : گل منڈی عصارہ بندال۔ مرچ سفید۔ مرچ سیاہ۔ فلفل دراز ہر ایک ۴۵ ماشہ۔ مرمکی۔ زعفران۔ سقمونیا ولائتی ہر ایک ۱۲ ماشہ سب کو کوٹ چھان کر تین گنا شہد میں ملاکر بلالیں اور ہر روز ۲۲ ماشہ کی مقدار میں آب گرم کے ہمراہ کھلائیں۔ دیوانگی و جنون ختم ہو جاوے گا۔

تریاق قوت باہ و اعصاب کا مجرب المجرب

کشتہ سم الفار : اجزاء و ترکیب ساخت : زمین قند ایک عدد وزنی دو سیر لے کر اس میں نصف تک گڑھا کھودیں اور اجزائے مستجرہ بننے اس کو سوراخ کا ڈھکنا بنالیں۔ اس گڑھے میں سم الفار ۲ تولہ کی ڈلی رکھیں اور خالی جگہ کو شراب برانڈی تیز و تند سے پُر کرکے اس پر ڈھکنا دے کر مکان کے ایک کونہ میں چار سیر ریت بچھا کر اس پر یہ زمین قند رکھیں ریت کو پانی سے تر رکھیں۔ اس کے علاوہ ریت میں زمین قند کے گرد بھی رہے۔ جب شراب کم ہو ڈال دیا کریں اور ریت کو ہر وقت تر رکھیں۔ یہ عمل اس وقت تک جاری رکھیں۔ کہ دو بوتل شراب صرف ہو جائے پھر اس میں زمین قند کا نغدہ بنا کر سم الفار کو اس میں لپیٹ دیں اور خوب گل حکمت کرکے تمام بوتہ سے دو چند وزن اپلوں کے چورہ سے آگ دیں سم الفار کا کشتہ ہو جاوے گا۔

خوراک: ایک چاول سے دو چاول تک مکھن میں ہفتہ عشرہ استعمال کریں۔ نہایت مجرب المجرب عطیہ شفاءالملک ابوالشفاء حکیم احمد زمان صاحب دہلوی۔

اسہل و سستا موٹاپا دُور کرنیکا تریاقی اثر نُسخہ :

اجزاء و ترکیب ساخت: سرخ ارنڈ کے برگ۔ زیر سایہ خشک کردہ باریک پیسکر اس میں ایک تولہ لاکھ مصفا سائیدہ ملالیں اور بطور سفوف محفوظ رکھیں۔ اس میں سے ۷ ماشہ روزانہ نیم گرم پانی سے کھلا دیا کریں۔ بدن اصلی حالت میں آجائے گا۔ ہزاروں پر آزمایا گیا اور اب بھی ہمارے دواخانہ میں جاری ہے۔

ماخذ عطیہ از معراج طب العلاج

حکیم محمد احسان اللہ قاسمی

آپ نے ناظرہ کلام مجید کے بعد پرائمری تعلیم اردو حاصل کرکے مدرسہ رکینیہ اسلامی قصبہ لاہر پور ضلع سیتاپور۔ یوپی۔ فارسی اور ابتداء درس نظامی کی تعلیم حاصل کی۔ پھر بقیہ تعلیم درس نظامی مع دورہ حدیث صرف و نحو منطق، فلسفہ۔ مناظرہ اصول فقہ و فقہ حنفی و تفسیر و حدیث کی داخلی درسی کتب پڑھ کر آخری دورہ حدیث کی تکمیل۔ دارالعلوم دیوبند ضلع سہارنپور میں کی اور حضرت شیخ الاسلام شیخ العرب والعجم رحمۃ اللہ علیہ سے اجازت درس کی سند حاصل کی اور دارالعلوم دیوبند سے سند الفراغ کی جامع سند درس نظامی حاصل کی اور ۱۹۳۸ء دارالعلوم دیوبند بماہ شعبان فراغت کے بعد ہی تکمیل الطب کالج لکھنؤ داخلہ لیا۔ اور تین سال بعد تکمیل الطب کالج لکھنؤ کے پروفیسر علم الادویہ کی تعلیمی خدمت انجام دینے پر مامور ہوئے اور انجمن طبیہ یوپی لکھنؤ ورکنگ کمیٹی کے ممبر ہوئے۔ کچھ عرصہ سہارنپور میں طبی تعلیمی خدمات انجام دیتے رہے۔ بعدازاں واپس لکھنؤ آکر اپنا ذاتی مطب شروع کیا اور الہ آباد یونانی عثمانی میڈیکل کالج سے ڈی آئی ایم ایس کا امتحان پاس کیا اور خدمت خلق میں مصروف ہوئے۔

حکیم محمد احسان اللہ قاسمی ولد عبدالرحمٰن
۵/۵۲ ۶۸۷ ملیر ایکسٹینشن کالونی زون ۶ کراچی نمبر ۳۷

مجربات

نُورمدنی : اجزاء و ترکیب : کشتہ جست دیسی ۱ تولہ پھٹکڑی سفید ۱ ماشہ مصری کوزہ ۱ ماشہ توتیا سبز ولایتی ۴ سُرخ۔

پیسنے والی چیزوں کو پیسکر سب کو ملاکر کھرل میں یکذات کریں پھر قدرے آب شیریں ملاکر حبوب چنا برابر بناکر سایہ میں سکھاکر محفوظ کریں۔

ترکیب استعمال : ایک گولی ظرف چینی یا کانچ میں رکھ کر دو تین قطرے بنارہ ڈالیں تاکہ حل ہوجائے۔ سلائی سے صبح و شام چوبیں لگائیں۔ ترشی۔ سرخ مرچ اور تیل سرسوں سے پرہیز کریں۔

فوائد : پڑبال۔ درد چشم۔ سرخی چشم۔ خارش چشم۔ خارش گوشہ چشم۔ ڈھنکار پھلی۔ ناخنہ۔ جالا۔ دھند میں بیحد نافع ہے۔ معمول مطب ہے۔

ثنائی پوڈر : اجزاء و ترکیب ساخت : زنک آکسائیڈ۔ بورک ایسڈ۔ کھرل میں یکذات کرکے پوڈر کریں۔ قدر ضرورت شراب برانڈی میں تھوڑا پوڈر ڈال کر ملاکر حل کریں اور کان کی صفائی کے بعد ۲-۳ قطرے کان میں

ڈال کر دو دلی لگائیں۔

فوائد: زخم گوشت اور جریان خون اور درد گوش جو مذکورہ تکالیف سے ہو نافع ہے معمول ہے۔

حب رحمانی: اجزاء و ترکیب ساخت: پوست ہڑ زرد ۵ تولہ۔ پوست ہلیلہ ۵ تولہ۔ پوست آملہ ۵ تولہ۔ ہڑ سیاہ ۵ تولہ۔ نمک سیاہ ۵ تولہ۔ سب ادویہ کا سفوف بنا کر ایلڈات کریں۔ پھر عرق لیموں کاغذی کا عرق ۵ تولہ ڈال کر کھرل کریں جب گولی بننے کے قابل ہو تو جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنا کر خشک کریں اور حسب ضرورت استعمال کریں۔

خوراک: ۱ گولی۔

فوائد: ہر مرض قبلی کی ابتداء میں صبح و شام ہمراہ انبارہ۔ اکثر امراض کو فائدہ ہوتا ہے۔ ورنہ کمی ہر مرض میں ہو جاتی ہے درد شکم جیسے۔ ریح شکم میں ۱ گولی ہمراہ پانی گرم دیں معمول یہ ہے اور قبض میں سوتے وقت ۱ گولی ہمراہ آب گرم دیں۔

حب زعفرانی: اجزاء و ترکیب ساخت: تخم الفار سفید ۲ ماشہ۔ فلفل سیاہ ۳ ماشہ۔ زعفران ۲ ماشہ۔ سب کو آب برگ سبز مہندی میں ایک دن کھرل کر کے بقدر باجرہ گولیاں بنائیں۔

خوراک: ۱ گولی۔

ترکیب استعمال: بعد نمبر ۱۱ الوقت سب سوتے وقت بنگلہ پان کتھہ و چونا لگا کر ۱ گولی ڈال کر منہ میں چبا کر پیک نگلتے جائیں بعد کو سب نگل لیں۔

فوائد: بوڑھوں کے وجع مفاصل جس میں حرارت غریزی کم ہو جاتی ہے۔ اس وقت تک کھلائیں جس وقت ہاتھ کی ہتھیلی میں گرمی پیدا ہو جائے۔ اور ماہر طبیب عقل سے دیگر امراض میں استعمال کر سکتے ہیں۔ معمول ہے۔

سرفونا: اجزاء و ترکیب ساخت: ناگرموتھا۔ سونٹھ۔ بے ریشہ پوست ہڑ زرد۔ ہر ایک برابر وزن ہو۔ سفوف کر کے گڑ دو چند ادویہ میں ملا کر گولیاں چنا برابر بنا کر خشک کریں

ترکیب استعمال: بوقت ضرورت دن رات ۱ ۱ گولی زبان پر رکھ کر چوستے رہیں چند بار۔

فوائد: ہر قسم کی کھانسی میں بیحد نافع ہے۔ معمول ہے۔

حکیم سید محمد مظہر الدین شاہ کانپوری

آپ کی پیدائش شہر کانپور میں ہوئی ۔۔۔ میں پاکستان آگئے اور روہڑی ضلع سکھر سندھ میں آباد ہو گئے۔ آپ کے والد گرامی مطب کرتے تھے انکی وجہ سے طب اسلامی کی طرف مائل ہوئے۔ عملی مطب اور کتب کی تعلیم انہیں سے حاصل کی۔ اسکے ساتھ ساتھ آپ کو نایاب طبی کتب کا شوق ہوا۔ طویل عرصہ تک قدیم کتب سے استفادہ کیا اور عملی مطب کے ذریعے خدمت خلق میں مصروف ہوئے۔

حکیم سید محمد مظہر الدین شاہ کانپوری
مکان نمبر ۵۰۰ داتا نگر۔ اورنگی ٹاؤن
کراچی نمبر ۳۱

مجرّبات

برائے فشارالدم:

اجزاء و ترکیب ساخت: سرکہ گنا اصلی ½ پاؤ، عرق لیموں ½ پاؤ، لہسن ایک چھٹانک کچل کر عرق نکالیں ۲۔ گل سرخ ½ پاؤ، مصفا ۲ پاؤ، دربجویہ ۱۱ چھٹانک، سیب ½ سیر کا پانی نکال لیں ۲۔ چھوٹی چندن ۲ تولہ کوٹ لیں، تخم کشوت ۲ تولہ ۲۔ کشوت کو پوٹلی میں باندھ کر دواؤں کے ساتھ پکائیں۔

۱۔ ۲۔ ۳۔ کو سیر پانی میں پکا کر نصف سے چھان لیں اور سیر چینی میں شربت پکا کر بنالیں۔ یہ شربت ۲ تولہ صبح پانی ملا کر پی لیں اور ۲ تولہ رات کو پی لیں۔ انشاءاللہ ہمیشہ کیلئے نجات حاصل ہوگی۔ یہ تجرباتی نسخہ ہے جو ہمیشہ کامیاب رہا۔ ہزاروں روپوں کے عوض بھی نہ ملتا لیکن یہ حکیم عبدالرحیم جمیل صاحب کی نذر کر رہا ہوں۔ یہ طبیب حاذق کے لئے وہ قربانی ہے جو شاید میرے ساتھ قبر میں چلی جاتی۔ اس کا بدلہ صرف یہ درکار ہے کہ رسالہ کے چند خریدار کوشش کرکے بنائیں اور استفادہ حاصل کریں۔ انشاءاللہ ناکامی کا منہ کبھی نہ دیکھنا ہوگا۔

برائے چھاجن:

اجزاء و ترکیب ساخت: یہ نسخہ چھاجن کیسا ہی خراب ہو ہمیشہ کے لئے اس سے نجات حاصل ہو جاتی ہے۔ چرائتہ تلخ چوب چینی برگ شاہترہ۔ گل نیم عشبہ مغربی اصلی ۲ تولہ تخم کاسنی گل سرخ برہم ڈنڈی۔ سناء مکی مصفا ½ پاؤ۔ بادیان سب دوائیں علاوہ سناء اور عشبہ کے ایک ایک چھٹانک پانی میں ملا کر پکا کر چینی میں شربت بنالیں۔ چھٹانک رات سوتے وقت پی لیا کریں۔ خواہ پانی ملا کر پی لیں۔ ایسی تین چار بوتلیں پی لیں انشاءاللہ ہمیشہ کے لئے آرام ہو جائیگا۔

پرہیز: دوران علاج صرف میٹھے دودھ سے روٹی کھائیں مکھن اور فروٹ کھا سکتے ہیں مرچ اور اچار بالکل بند کردیں۔

مرہم برائے چھاجن:

اجزاء و ترکیب ساخت: مرہم [illegible] چھاجن جو اس [illegible] استعمال ہوگا۔ کچلہ جلا کر کوئلہ بنالیں۔ مغز نیم ۲ تولہ اجواد [illegible] کوئلہ بنائیں [illegible] کچلہ ۲ تولہ۔ کوئلہ مرا ۲ تولہ خوب پیس لیں پانی [illegible] ڈال [illegible] پھر مغز نیم خوب پیس کر ۴ تولہ ملا دیں۔ اس میں تلی کا تیل جس میں ½ چھٹانک ایک روپیہ والا پلیٹ ملا دیا [illegible] کرکے اس میں یہ تیل ملا کر پیس کر مرہم بنالیں۔ اور چھاجن پر لگائیں بڑا لاجواب اور مجرب بلا کسی تکلیف کے چھاجن کو دور کرنے میں جادو اثر ہے رات کو ضرور لگائیں۔ یہ [illegible] یہ مرہم ایسے ہیں کہ مجھ کو ان پر بڑا ناز ہے۔

حکیم سردار محمد

آپ کے والد محترم دہلی کے سند یافتہ طبیب تھے آپ نے ابتدائی دینی و درسی تعلیم مکمل کرنے کے بعد والد صاحب کے پاس حکمت کی درسی دہلی تعلیم مکمل کی چار سال تک آپ ان کے زیر سرپرستی طب کی تعلیم حاصل کرتے رہے۔ پھر کھیم کرن میں ذاتی مطب شروع کیا تقسیم کے وقت ہجرت کرکے پاکستان آباد ہو گئے کچھ عرصہ حیدرآباد میں مطب رہا پھر کراچی منتقل ہو گئے اور خدمت خلق میں مصروف ہیں۔

حکیم سردار محمد ولد حکیم عزیز الدین
محمدی دارالشفاء جمینس کالونی روڈ ۵ لانڈھی کراچی نمبر ۳۲

نامردی۔ فالج۔ لقوہ۔ درد کمر۔

کشتہ شنگرف: گنٹھیا۔ مجرب المجرب۔ میرا معمول مطب ہے۔ میرے پاس ہر وقت موجود رہتا ہے۔

نسخہ: شنگرف ڈلی ۲ تولے۔ کچلہ ۳۰ تولہ، شیر مدار مناسب

ترکیب: کچلہ ۱۰ تولہ کو شیر مدار ۲۰ تولہ میں بھگو کر نرم ہونے پر بمعہ شیر مدار ہاون دستہ میں ڈال کر کوٹ لیویں۔ آب کوزہ گلی میں نصف کچلہ نیچے درمیان میں شنگرف کی سالم ڈلی رکھ کر اوپر نصف سفوف کچلہ ڈال کر گل حکمت کریں۔ گیلا گیلا کو ۶ سیر اوپلوں کی آگ دیویں۔ ہوا سے بچا کر آگ دیویں۔ ٹھنڈا ہونے پر نکال لیں۔ باوزن ہم رنگ کشتہ ہوگا۔ کھرل کر کے شیشی میں سنبھالیں۔

خوراک: ا رتی مناسب بدرقہ سے دیویں۔ یہ نسخہ سینکڑوں مریضوں پر تجربہ شدہ۔

عسر ولادت: اجزاء و ترکیب ساخت: نسخہ کے اجزاء معمولی ہیں مگر میرے سینے کا راز ہے۔

ڈاکٹر صاحبان انجکشن گولیاں رحم کھلنے شرط پھر بھی کامیابی ہو یا نہ ہو مگر یہ نسخہ ایسا ہے۔ نہ اس میں رحم کھلنے کی شرط۔ عورت کو درد ہونے پر آپ ایک خوراک اللہ کا نام لے کر دیں ۱۵ منٹ میں انشاءاللہ زندہ یا مردہ بچہ شکم سے باہر آجائیگا۔

نسخہ: اجزاء و ترکیب ساخت: پوست بیضہ مرغ ۴ عدد مجیٹھ ا تولہ۔ دونوں کا سفوف باریک کریں۔

خوراک: ا ماشہ آب گرم ضرورت ہونے پر پندرہ منٹ کے ایک خوراک اور دے سکتے ہیں۔ اول تو پہلی خوراک سے کام ہوگا۔ انشاءاللہ دوسری خوراک سے فوراً ہوگا۔

ضروری نوٹ: بیضہ مرغ کے اندرونی چھلکا ضرور صاف کریں

طلا نامرد: جو میرا بیس سال سے معمول مطب ہے اور صدفی صد مجرب ہے۔ زہرہ بز (۱۰ تولہ) سہاگہ بریاں ۱/۲ ا تولہ؛ دونوں کو ملائیں۔ تین یوم دھوپ میں رکھ چھوڑ لیں تیار ہے۔ طلا کو شیشی میں ڈال کر گرمی میں تین یوم اور سردی میں پندرہ یوم زمین میں دفن کریں بعد نکال کر استعمال کریں۔

ترکیب استعمال: حشفہ و سیون چھوڑ کر تین قطرے مالش کریں، اور برگ پان باندھیں۔ صبح اٹھ کر اجوائن خراسانی کے جوشاندہ سے دھو ڈالیے۔ ایک ہفتہ میں عضو مردانہ طاقت سے بھرپور ہوگا۔

نوٹ: ۲ ہفتہ بھی کر سکتے ہیں۔

حکیم محمد اصغر

آپ نے ابتدائی دینی و درسی تعلیم مکمل کرنے کے بعد ۱۹۲۵ میں پنجاب یونیورسٹی سے میٹرک کا امتحان پاس کیا۔ ۱۹۲۹ میں جے اے وی کا امتحان ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ لاہور پاس کیا اور شعبہ تعلیم سے منسلک ہو گئے۔ ۱۹۳۷ سے ۱۹۳۹ تک بطور ہیڈ ماسٹر گورنمنٹ سکول لارفورٹ سکندر آباد میں تعیناتی رہی اسی دوران ملک کے نامور طبی ادارے حاذق انسٹی ٹیوٹ گجرات سے طبیب کامل کا ڈپلومہ حاصل کیا۔

۱۹۴۰ سے ۱۹۶۷ تک محکمہ سپلائی سے منسلک رہے۔ اور ساتھ ساتھ عملی مطب کا سلسلہ بھی جاری رہا۔ ۱۹۵۹ میں فارمیسی میں ڈو میڈیکل کالج کراچی سے ڈپلومہ حاصل کیا۔ طب اسلامی کے ذریعے خدمت خلق میں مصروف ہیں۔

حکیم محمد اصغر ولد چوہدری رحیم بخش
x - ۵۷ بلاک ۶ پی ای سی ایچ ایس کراچی نمبر ۲۹

مجربات

تریاق درد اعصابہ: اجزاء و ترکیب ساخت: اسطوخودوس

چھ ماشہ۔ کشنیز چار ماشہ۔ فلفل گرد ۵ عدد۔ تمام ادویات کو جوکوب کر کے رات کو پانی میں بھگو دیں۔ صبح طلوع آفتاب سے ایک گھنٹہ قبل مل چھان کر بغیر میٹھا نوش کریں۔ اسی طور تین روز استعمال کریں۔

فوائد: برس ہا برس کا درد صرف تین روز میں غائب۔

ٹکیہ اکسیر سرسام: اجزاء و ترکیب ساخت: آرد مونگ ۱ پاؤ شیر گاؤ حسب ضرورت۔ سرکہ ۲ تولہ۔ گل روغن ۲ تولہ۔ آرد مونگ کو شیر گاؤ میں گوندھ کر ایک طرف ٹکیہ توے پر پکائیں۔ اس کو سرکہ اور گل روغن سے چپڑ کر نیم گرم سر پر رکھیں اور کچھ دیر بعد دوسری ٹکیہ اسی طور پر بنا کر سر پر رکھیں۔

فوائد: سرسام کی معجزانہ نما دوا جو بار ہا ۹۸ فیصد مفید اور کارآمد ثابت ہوئی۔

اکسیر موتیا بند سفید و سیاہ: اجزاء و ترکیب ساخت: ونی اٹ سٹ جسے بکھرا بھی کہتے ہیں۔ اکثر گندے کوڑے کرکٹ کی جگہ پر عموماً مل جائے گی۔ اس کا پانی تین پاؤ والی دو بوتل نکالیں۔ دو روز بعد پانی نتھار لیں اور فضلہ پھینک دیں۔ پھر تین روز بعد کپڑے میں چھان لیں اور بوتلوں میں بھر لیں۔ بوتلیں اگر فرج میں ٹھنڈی رکھی جائیں تو بہت بہتر ہو۔ دو تولہ سرمہ سیاہ کی ایک ڈلی لیکر اسکو عرق گلاب خالص میں سان بجھا دیں ڈلی چمٹے سے نہ نکالیں ورنہ ٹوٹ جائے گی۔ اس سرمہ کو عرق اٹ سٹ مذکورہ میں کھرل کر کے خشک کریں اور مضبوط کارک والی شیشی میں محفوظ کر لیں۔

ترکیب استعمال: رات کو سوتے وقت دو دو سلائی دونوں آنکھوں میں لگائیں۔

فوائد: موتیا چاہے سفید ہو یا سیاہ، بفضل ایزدی چند ہی روز میں ختم ہو جائیگا۔ جالا۔ دھند۔ غبار۔ سب مفید۔ تھوڑے دنوں کے استعمال سے نظر تیز ہو کے ہو جاوے گی۔

منجن اکسیری: اجزاء و ترکیب ساخت: اکت... سنگ جراحت دو سیر۔ ... تولہ۔ کباب چینی پانچ تولہ۔ الائچی خورد پانچ تولہ۔ پوست ... تولہ۔ طوطیا پانچ تولہ۔ پھٹکڑی سفید پانچ تولہ۔ مائیں خورد ... پانچ تولہ۔ مازو پانچ تولہ۔ پوست بلیلہ زرد پانچ تولہ۔ ... تولہ۔ جائفل پانچ تولہ۔ نشاستہ گندم پانچ تولہ۔ مرد سنگ ... تولہ۔ فلفل گرد پانچ تولہ۔ برگ سرس پانچ تولہ۔ ناگر موتھ پانچ تولہ۔ مصطگی رومی پانچ تولہ۔ یا کندر سبحی ایک سیر۔ ... سوختہ پانچ تولہ۔ نمک لاہوری پانچ تولہ۔ نمک سیاہ پانچ تولہ۔ ... دو تولہ۔ کشنیز خشک بیس تولہ۔ بادیان بیس تولہ۔ چھال مولسری بیس تولہ۔ استخوان مرغ سوختہ دو سیر۔ پوست ببول پانچ تولہ۔ پھلی ببول پانچ تولہ۔ مسور خام بیس تولہ۔ زندہ تلسمات ۸ ... سفوف بنائیں۔ صبح و شام بطور سفوف استعمال کریں۔

فوائد: دانتوں کے ہر مرض کا شافی علاج۔ ورم لثہ۔ پائیوریا۔ مسوڑھوں اور دانتوں کی تمام شکایت کا شافی علاج۔

مصفیٰ اعلیٰ: اجزاء و ترکیب ساخت: رسکپور (ایک ڈلی) ایک تا ۱/۲ ۱ تولہ۔ ریٹھہ مع گٹھلی ایک پاؤ۔ گندھک آملہ سار ایک پاؤ۔ ریٹھہ کا پوست تیار پیس لیں۔ اور گندھک آملہ سار کو لعاب گھیکوار میں نگدہ بنائیں۔ پہلے آہنی توے پر ریٹھہ سائیدہ۔ پھر نگدہ گندھک نصف نصف رکھ کر اوپر ڈلی رسکپور رکھیں پھر گندھک اور ریٹھہ باقی بھی تہہ در تہہ رکھ دیں۔

نوٹ: ریٹھہ اور گندھک کے بائیس حصے کریں۔ بائیس آگ دینے پر دوا تیار ہے۔

ترکیب استعمال: ۱/۲ چاول ہمراہ مسکہ۔

پلاٹ نمبر ۱۴۴/A1 ۵ B/۲ مصطفےٰ کالونی نیو کراچی

حکیم احمد زمان خان شفائی

آپ ۱۱ر جنوری ۱۸۹۷ء کو دہلی میں پیدا ہوئے۔ والد صاحب کا نام وخطاب خاندانی شفاء الدوار ابوالحکمت و ابوالکیمیا حکیم محمد زمان خانصاحب شفائی دہلوی ہے۔ جو قدیم رسالوں وطبی کتابوں میں چلا آرہا ہے۔ آپ نے سب سے پہلے قرآن شریف کی تعلیم پائی۔ اس کے بعد درس نظامیہ اُردو فارسی وعربی وفلسفہ وفقہ وطب عربی وغیرہ دارالعلوم مسجد فتحپوری سے۔ اسکے بعد منشی فاضل وکامل و فاضل طب والجراحت وفاضل ادب عربی وطب پنجاب یونیورسٹی لاہور والہ آباد ولکھنؤ یونیورسٹی وغیرہ سے امتحانات پاس کئے اور قبلہ والد صاحب مرحوم کی نگرانی میں اپنے خاندانی وقدیمی مطب دارالشفاء رجسٹرڈ میں ۲۹ مارچ ۱۹۱۶ء سے طبی پریکٹس شروع کی جو آج تک جاری ہے۔

اپریل ۱۹۱۹ء میں طبی خدمات کے صلہ میں چیف میڈیکل کمشنر صوبہ دہلی سے (گورنمنٹ ہند یہ طبیہ عظمیٰ) سے شفاء الملک ابوالشفاء کا خطاب ملا۔ ۳۱ر اگست ۱۹۳۰ء کو آل انڈیا ویدک اینڈ یونانی طبی کانفرنس (۱۹۲۵ء کا) حضرت حکیم اجمل خانصاحب مرحوم سے۔ رئیس الحکما نواب حکمت جنگ سابق خاص حضرت نظام حیدر آباد سے سرٹیفکیٹس ملے۔ آپ کا خاندان مطابق شجرہ مصدقہ دہلی گورنمنٹ عظمیٰ برطانیہ سابق سے حکیم علی گیلانی درباری حکیم شاہان مغلیہ سے ملتا ہے۔ سندات ومطب وشاہی بیاض نسلاً بعد نسل آپ کے پاس چلی آرہی ہے۔ تحریک آزادی میں بھی گرانقدر خدمات انجام دیں۔ آپ ایک خاندانی ماہر طبیب کی حیثیت سے ممتاز مقام کے حامل ہیں۔

شفاء [illegible]
[illegible]
[illegible]

مجربات

حب اذراقی: [illegible]
زنجبیل پانچ تولہ [illegible]
[illegible] بقدر نخود گولیاں بنالیں۔

مقدار خوراک: ایک گولی

فوائد: قوت باہ، منی وریاحی امراض [illegible] میں مفید ہے۔

السی کی چائے: اجزاء وترکیب ساخت: [illegible]
ڈال کر ڈھانپ دیں۔ آدھ گھنٹہ بعد چھان کر [illegible]

فوائد: سرد کھانسی اور پیشاب کی جلن میں مفید ہے۔

ڈاکٹر محمد ابوالقاسم

آپ نے ۱۹۲۴ء میں سندھی اور فارسی کی تعلیم حاصل کر کے طب کی طرف راغب ہوئے ۱۹۳۰ء میں حکیم [illegible] نقشبندی نوشہرو فیروز [illegible] اور حکیم مولوی عبدالکریم عباسی سابق پروفیسر [illegible] سے فن طب میں اکتساب کیا۔ [illegible] طب کے ذریعے خدمت [illegible]

میں مصروف ہو گئے۔

در محمد ابوالقاسم ولد محمد پریل چنہ
سندھ یونانی دواخانہ نظر محلہ لاڑکانہ

صلایہ فولاد مفتاح الخزائن:

اجزاء و ترکیب ساخت: یرقان بچش بمروری

جگر میں بھی استعمال کیا۔ برادہ فولاد، نوشادر، گندھک آملہ سار ہموزن تین روز آب لیموں تین روز لعاب گھیکوار کھرل کر کے حب بقدر ماش بنائیں۔ نوٹ میں پہلے قلمی میں بناتا تھا۔ اب ٹھیکری۔

فوائد: سوء القینہ، استسقاء ذیابیطس کیلئے جب کسی دوا سے فائدہ نہ ہو۔ ایک گولی صبح شام کھائیں۔ تجربہ شدہ ہے استسقاء، سوء القینہ اور ذیابیطس کے مریض خوش ہوئے ہیں خوب استعمال کراتا ہوں۔ ذیابیطس میں ذیل سفوف بھی استعمال کراتا ہوں۔ ہرمل نیم بریاں۔ سانپ بڑی ہموزن سفوف بنا کر رکھیں۔

فوائد: قوت باہ، جریان کو بھی فائدہ دیا، ذیابیطس میں خوب استعمال کراتا ہوں۔ صلایہ فولاد کے ساتھ بھی۔

خوراک: ۲،۴ رتی پانی کے ساتھ چونکہ یہ سفوف قوت باہ کو بھی مفید ہے۔ صبح شام دودھ کیساتھ استعمال کریں۔

برائے لقوہ فالج قوت باہ عام کمزوری:

اجزاء و ترکیب ساخت: شنگرف ۲ تولہ، ہیرا ہینگ سفیدی بیضہ مرغ ۶ اعدد، آب ادرک ۶۰ تولہ۔ شنگرف ہیرا ہینگ سفوف کر کے دونوں چیزیں ملا کر نرم آگ پر رکھیں جب کڑاہی میں خشک ہونے لگیں آگ بالکل نرم کر کے ہلاتے جب موم جیسی ہو اتار کر خشک کر کے سفوف یا گولیاں مونگ بنائیں۔ ایک دو گولی صبح و شام یا اتنا وزن کشتہ بہ رقم مناسب

میں [illegible] کے ساتھ بھی دیتا ہوں۔

فوائد: [illegible] قوت باہ میں مفید ہے۔

ہمارا فارمولا:

اجزاء و ترکیب ساخت: [illegible]

کڑاہی میں [illegible] پر پکا کر سفوف بنائیں۔

مقدار خوراک: [illegible] رتی [illegible] بچوں [illegible] بڑوں تک استعمال فرمائیں۔ دو تین بار

فوائد: [illegible] کمزوری [illegible] دورہ [illegible] کمزوری وغیرہ کے لیے مفید ہے

حکیم حاجی سید محمد اسعد علی

آپ کا تعلق ایک ممتاز روحانی و طبی خاندان سے ہے۔ [illegible] ۲۴ ستمبر [illegible] مطابق ۱۵ شعبان [illegible] ٹونک راجستھان [illegible] میر پنجہ کش [illegible] سید محمد [illegible] آپ مرحوم [illegible] سید محمد نور علی صاحب مغفور [illegible] عرف رامپور استاد [illegible] حضرت نواب وزیر [illegible] جنت نشان فردوس آشیاں حکیم سید محمد اسعد علی [illegible] ابتدائی درسی تعلیم [illegible] بعد چند سال کے [illegible] میں جناب حکیم مولوی محمد [illegible]

کانپور مہاراجہ جودھپور مارواڑ راجستان کے اعلیٰ مصاحب ننھے میاں کے برادر نسبتی ہوتے ہیں۔ بانٹوا کاٹھیاواڑ میں اعلیٰ طبی مدرسہ تھا وہاں مکمل طبی اور دینی تعلیم حاصل کی مطب روزمرہ میں ادویات و مرکبات کا اعلیٰ تجربہ حاصل کیا۔ ۱۹۲۱ء تا ۱۹۲۲ء چار سال میں مطب علمی و عملی کا تجربہ حاصل کرکے مدرسہ سے طبیب حاذق کی سند حاصل کی۔ فارغ ہوکر واپس جودھپور مارواڑ راجستان آکر اپنا ذاتی مطب کا آغاز کیا اور متواتر اٹھارہ سال کامیابی سے عوام الناس و خواص میں معرکے سے علاج کئے اور شافی مطلق نے شفاء عطا فرمائی۔ اٹھارہ سال خلق کی خدمت کرتے ہوئے ۲۳ ستمبر ۱۹۴۷ء پاکستان میں ہجرت کر آئے۔ مقام میرپور خاص سندھ میں مستقل سکونت اختیار کی کچھ عرصہ بعد محلہ لاجپت آباد سرسید روڈ بنام مصطفائی یونانی دواخانہ کا آغاز کیا۔ خدمت خلق کے لئے آج تک جاری ہے۔ طبی بورڈ کی مقرر کردہ رجسٹریشن کمیٹی کے روبرو مورخہ ۸ اگست ۱۹۶۷ء پیش ہوکر اور انٹرویو دے کر کلاس اے میں پاس ہوئے خاندانی مفصل حالات حکیم محمد اصغر علی صاحب آبرو مصنف تاریخ محمد آباد ۱۳۱۷ھ دریقہ راجستان ٹونک ۱۳۱۸ھ میں موجود ہیں۔ حکیم سید محمد اصغر علی آبرو اور بہت سی کتابوں کے مصنف تھے جس میں چند ایک یہ ہیں۔

۱: مثل گوہر حقیقت ۲: ماہیت القلوب ۳: رسالہ ہفت زبان ۴: یادگار آبرو فارسی ۵: انقلاب دنیا ۶: رموز الفقراء ۷: معاملات دنیا ۸: وسیلہ مغفرت ۹: ولولہ طبیعت ۱۰: میلاد شریف اور بھی دیگر دینی و طبی وغیرہ کتابوں کے مصنف ہیں۔

تاریخ ٹونک محمد آباد ۱۳۱۷ھ صفحہ نمبر ۴۰۹/۴۰۸ دریقہ راجستان ٹونک ۱۳۱۸ھ کے مطابق آبائی پیشہ علم و حکمت طبابت رہا ہے۔

حکیم سید محمد اسد علی نے زیادہ عرصہ مندرجہ بالا عادت کے مطابق جودھپور راجستان اور اس کے بعد پاکستان میرپور خاص سندھ میں بنام مصطفائی یونانی دواخانہ و قیام گاہ حمید پورہ کالونی نمبر ۲ نزد کھان روڈ بجری والی گلی میں خدمت خلق کرتے ہوئے گذارا اس طرح آپ عوام میں جودھپوری ٹونکی کے نام سے مشہور ہوئے آپ نے ۳۶ سال خدمت بنام مصطفائی دواخانہ انجام دیں۔ اس طرح کافی تعداد میں لوگ آپ کے عقیدت مند ہیں۔ چونکہ آپ ادویات کے ساتھ ساتھ مریضوں کا علاج روحانی طریقے پر بھی کرتے تھے آپ کو علم نجوم جفر علم الاعداد اور تفسیر پر کمال عبور رہا۔

مجربات

برائے معدہ: اجزاء و ترکیب ساخت: فلفل سیاہ تین تولہ نوشادر تین تولہ۔ ست اجوائن تین ماشہ ست پودینہ تین ماشہ۔ سفوف سازند۔

مقدار خوراک: ایک ماشہ تا دو ماشہ بآب تازہ۔

فوائد: وجع المعدہ۔ قے۔ متلی۔ ہیضہ۔ میں مفید ہے۔

دماغی: اجزاء و ترکیب ساخت: اسطوخودوس ایک تولہ۔ پوست بلیلہ کابلی دو تولہ۔ بادیان دو تولہ مغز کشنیز دو تولہ۔ فلفل سیاہ دو تولہ و اہلیل کلاں دو تولہ سفوف سازند تین تین ماشہ بآب تازہ: اضافہ صفصافین ۶ ماشہ پوٹاشیم برومائیڈ چھ ماشہ۔ اب خوراک ایک ایک ماشہ ہے یہ سفوف نزلہ۔ زکام درد شقیقہ منقی دماغ مسکن دماغ درد سر میں نہایت مفید ہے۔

۳: صفت: ست سلاجیت ۳ تولہ۔ تخم جوز ماثل دو تولہ۔ مدر مغز خار ۲... تولہ مغز کرنچہ ۲... تولہ تخم خشخاش

دو تولہ۔ صمغ عربی دو تولہ۔ حبوب نخودی تیار کریں۔

مقدار خوراک: ۱ تا ۲ گولی ہمراہ دودھ نیم گرم شیریں۔

حب مہک: اجزاء و ترکیب ساخت: آرد اصل السوس ۱ تولہ، مغز دل مدبر بہ سیب کلاں ڈھائی تولہ۔ صمغ عربی ۶ ماشہ حبوب دانہ مونگ بنائیں۔

مقدار خوراک: ایک تا تین ہمراہ شربت زوفا مرکب یا شربت اعجاز۔

فوائد: نمونیہ ذات الجنب ذات الصدر۔ کھانسی نزلہ وغیرہ مفید ہے (عطیہ جناب حکیم فرید احمد عباسی صاحب مرحوم)

تریاق سعال: اجزاء و ترکیب ساخت: تخم جوز ماثل مدبر ۱ تولہ۔ اجوائن خراسانی ایک تولہ۔ آرد اصل السوس ایک تولہ، شکر تیغال ایک تولہ۔ کاکڑا سنگی، کتھ سفید ایک تولہ۔ لبن الخشخاس چھ ماشہ۔ حبوب مونگ بنائیں۔

حکیم سید محمد ناصر حسنی

آپ کا تعلق برصغیر کے ایک معروف روحانی و طبی خاندان سے ہے۔ آپ کے آباؤ اجداد عرب سے بخارا اور رامپور (بھارت) آباد ہوا۔ اس خاندان کا تفصیلی تذکرہ تاریخ ٹونک حدیقہ راجستھان میں درج ہے۔

آپ ۱۹ دسمبر ۱۹۳۸ء میں ریاست جودھپور (بھارت) میں پیدا ہوئے۔ ابتدائی دینی و درسی تعلیم آپ نے والد گرامی کی زیر سرپرستی حاصل کی۔ علم طب کے علاوہ آپ نے عربی فارسی کی تعلیم بھی حاصل کی۔ آپ کے والد بزرگوار حکیم حاجی سید محمد اسد علی کا شمار معروف طبیب اور روحانی شخصیات میں ہوتا ہے۔ فن طب اور خدمت خلق کا جذبہ آپ کو وراثت منتقل ہوا۔ اپنے والد بزرگوار قبلہ حکیم حاجی سید محمد اسد علی مرحوم مغفور کے انتقال کے بعد مطب مصطفائی پر اپنے آباؤ اجداد کے نقش قدم پر چلتے ہوئے خدمت خلق میں مصروف ہیں۔

حکیم سید محمد ناصر حسنی ولد حکیم سید محمد اسد علی

مطب مصطفائی دواخانہ حمید پورہ کالونی نمبر ۲ میر پور خاص

مجربات

اکسیر معدہ: اجزاء و ترکیب ساخت: فلفل سیاہ تین تولہ۔ نمک سیاہ تین تولہ۔ نوشادر تین تولہ۔ ست اجوائن تین ماشہ۔ ست پودینہ تین ماشہ۔ سفوف بنالیں۔

مقدار خوراک: تین ماشہ تک۔

فوائد: وجع المعدہ۔ قے متلی۔ ہیضہ میں مفید ہے۔

دوائے ذیابیطس: اجزاء و ترکیب ساخت: گل نیم دو دھکو کر سو گنا پانی میں جوش دیں جب پاؤ بھر رہ جائے تو مل چھان کر بقیہ کو آہنی کڑاہی میں دوبارہ آگ پر رکھیں۔ جب حبوب بنانے کے قابل بن جائے، تو حبوب بقدر فلفل سیاہ بنالیں۔

مقدار خوراک: ۱ گولی صبح شام ہمراہ آب تازہ۔

حب ہاضم اکسیری: اجزاء و ترکیب ساخت، نمک سیاہ ۵ تولہ سونٹھ ۵ تولہ۔ زیرہ سیاہ ۵ تولہ، فلفل سفید ۵ تولہ۔ نوشادر ٹھیکری ۵ تولہ، ٹارٹری ایسڈ ۱ تولہ، ہینگ بریاں اصلی ۶ ماشہ، ست پودینہ، نمک لاہوری ۱۰ تولہ۔ حسب ضرورت صمغ عربی کے لعاب میں ادویہ کو کوٹ پیس کر نخودی گولیاں بنالیں۔

۱-۱ گولی بعد غذا بھوک نہ ہونے کی صورت میں قبل از غذا چوس کر لیں۔ خوش ذائقہ ہے جملہ امراض معدہ میں انشاء اللہ مفید ہے۔

سفوف زخم معدہ (السر): اجزاء و ترکیب ساخت: ربُ السوس دس تولہ۔ صمغ عربی دس تولہ۔ الائچی خورد سبز دو تولہ۔

حسب دستور باریک سفوف بنائیں اور محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک: ۲ تا ۳ ماشہ قبل از غذا یا حسب ضرورت دیں۔ زخم معدہ السر۔ جلن۔ سوزش۔ تیزابیت معدہ و سینہ حلق میں بے حد مفید ہے انشاء اللہ!

حب ممسک بے ضرر: اجزاء و ترکیب ساخت: بلا کسی نشیلی دوا کے مہندی کے پھول کو پانی میں جوش دیں۔ جب پانی سوکھ جائے تو پھر قند سیاہ ملا کر کوٹ کر دانہ نخود کے برابر گولیاں تیار کریں اور ایک گولی شیر گرم رات کو لیں اور مشاہدہ قدرت ربی کریں۔

حب مقوی باہ: اجزاء و ترکیب ساخت: سم الفار سفید ۱ رتی۔ اذراقی مدبر ۲ ماشہ۔ کشتہ فولاد پندرہ ماشہ۔ سب ادویہ کو پیس کر ایک سو بیس گولیاں بنائیں۔

مقدار خوراک: ۱-۱ گولی صبح شام بعد غذا دودھ سے لیں۔ اگر کچلہ مدبر نہ ملے ایکسٹریٹ نکس وامیکا ۳۰ گرین ڈالیں اچھا کشتہ فولاد نہ ملے تو فری ریڈکٹم فری کاکس داخل کریں۔

مزید اضافہ زیادہ طاقتور بنانا ہو تو اس صورت میں تو نسخہ ترکیب یہ ہو گی۔

سم الفار ۱ رتی۔ کچلہ مدبر ۲ ماشہ۔ کشتہ طلاء یا ورق طلاء مشک ۲ ماشہ۔ عنبر ۳ ماشہ۔ مروارید ۵ ماشہ۔ کشتہ فولاد ۱۵ ماشہ پیس کر ۲۰۲ گولیاں بنائیں۔

مقدار خوراک: ۲-۲ گولی صبح و شام بعد غذا دودھ سے لیں۔ بادی ترش اشیاء کا پرہیز دودھ گھی کا زیادہ استعمال کریں۔

حکیم نثار احمد

آپ ضلع تھرپارکر کے ایک قصبے ہٹویوں میں پیدا ہوئے آپ کا تعلق علاقہ کے ایک معزز گھرانہ سے ہے۔ ابتدائی دینی و درسی تعلیم حاصل کرنے کے بعد بی اے اور ایم اے اسلامیات کی اسناد حاصل کر کے شعبہ تدریس سے منسلک ہو گئے۔ بعد ازاں فن طب سے شغف پیدا ہوا جناب حکیم عبدالحق قریشی صاحب کے ایماء پر سندھ طبیہ کالج میں داخلہ لیا اور ۱۹۸۰ء میں فاضل الطب والجراحت کی سند حاصل کی۔ کچھ عرصہ عملی مطب شروع کیا۔ اور تدریس کے ساتھ ساتھ فن طب کے ذریعے خدمت خلق میں مصروف ہیں۔

حکیم نثار احمد ولد عبدالغنی آرائیں فاضل الطب والجراحت
مقام و ڈاکخانہ بستی براہ میرپور خاص

مجربات

معجون مقوی دماغ: اجزاء و ترکیب ساخت: بند کھوپرے کو حسب ضرورت ا تھوڑا سوراخ کر کے اسپغول سالم بھر دیں۔ اور دودھ میں پکائیں جب کھویا بن جائے۔ تمام کو کوٹ کر گائے کے گھی میں بھون کر سرخ کریں پھر چینی یا مصری کا قوام بنا کر تمام کو شامل کریں اور دیگر مغزیات شامل کریں۔

فوائد: خاص طور پر جن کے سر میں اکثر درد رہتا ہے مفید ہے

مقدار خوراک: ۲ تولے ۳ تولہ تک نہار منہ ناشتہ کریں۔

دائم عمری کے سفید بالوں کو سیاہ کرتا ہے)۔

سفوف نزلہ: اجزاء و ترکیب ساخت : ہلیلہ کلاں ۲۰ تولہ خطمی ۵ تولہ۔ خبازی ۵ تولہ۔ نمک سیاہ ۱۰ تولہ۔ بھوسی اسپغول ۵ تولہ۔ چہار مغز ۱۰ تولہ۔ گاؤزبان ۵ تولہ۔ مغز بادام ۲۰ تولہ۔

تیاری : ہلیلہ کلاں کو حسب ضرورت روغن گاؤ میں بھون کر کوٹ لیں۔ پھر ماسوائے اسپغول کی بھوسی کے تمام کو کوٹ کر پھر تمام کو پاس کریں۔

مقدار خوراک : ۳ ماشہ ہمراہ آب تازہ۔ ایک ماہ سے ۳ ماہ تک تیل ترشی، بادی اشیاء سے پرہیز کریں۔

حکیم عزیز اللہ سونگی

آپ کا تعلق علاقہ کے ممتاز معروف طبی خانوادے سے ہے۔ آپ کے والد گرامی حکیم غلام محمد سونگیؒ اور دادا جان حکیم حافظ خان محمد اپنے عہد کے نامور طبیب اور علمی ادبی شخصیات ہیں۔ آپ نے ابتدائی دینی درسی تعلیم حاصل کر کے والد گرامی سے فن طب کی تعلیم سبقاً و عملاً حاصل کی۔ اپنے اس آبائی پیشہ کو جاری رکھنے کی خواہش میں سندھ طبیہ کالج میں داخلہ لیا اور ۱۹۷۸ء میں فاضل الطب والجراحت کی سند حاصل کی۔ اور اس علاقہ میں علاج معالجہ کی سہولیات فراہم کر کے خدمت خلق کا مقدس فریضہ انجام دے رہے ہیں۔

حکیم عزیز اللہ سونگی (فاضل الطب والجراحت)

سندھ مہران شفاخانہ دیہہ حکیم حافظ خان محمد سونگیؒ۔
پوسٹ آفس مورو ضلع نوابشاہ (سندھ)

مجربات

شربت شمسی : اجزاء و ترکیب ساخت : صندل سفید۔ صندل سرخ۔ گل سرخ۔ گل سیوطی۔ گل گاؤزبان گاؤزبان ابریشم۔ آب انار۔ آب سیب۔ آب امرود۔ ایک ایک تولہ۔ روح کیوڑہ۔ روح گلاب۔ روح بید مشک گڑھل ہر ایک پانچ تولہ۔ قند سفید تین پاؤ۔

ترکیب : سب سے پہلے خشک چیزوں کو صاف کر کے چند پانی میں ڈال کر رات کو رکھ دیں اور صبح کو جوش دے کر چھان لیں اور دیگر اشیاء قند سفید ملا کر قوام کریں۔

مقدار خوراک : دو تولہ شربت کے قدرہ پانی میں ملا کر خوب ہلائیں دو مرتبہ دن میں مریض کو دے دیا کریں۔ وقت ضرورت تک استعمال کیا کریں۔

فوائد : قلب و دماغ کو تقویت دیتا ہے جگر کی گرمی اور کمزوری کو دفع کرتا ہے۔

حکیم سید معین الدین احمد

آپ الہ آباد (یوپی) میں ۱۹۰۹ء کو پیدا ہوئے ابتدائی دینی و درسی تعلیم کے بعد ۱۹۲۶ء میں بمبئی چلے گئے۔ وہاں حکیم علی محمد صاحب مالک اجمل میڈیکل ہال سے فن طب کی تعلیم سبقاً و عملاً حاصل کی۔ ۱۹۳۶ء میں آیورویدک اینڈ یونانی طبیہ کالج امرتسر سے طب کی سند حاصل

رئیسہ و ضعف باہ میں انتہائی مفید ہے ۔ پچپن سالہ تجربہ کا نچوڑ ہے ۔

حب ٹوٹکی : یہ گولیاں تمام ریاحی امراض میں استعمال کی جا سکتی ہیں ۔ بواسیر ریاحی کیلئے تحفہ ہیں یہ نسخہ مولوی برکات احمد صاحب کا خاص نسخہ ہے جو ایک عزیز کی معرفت مجھ تک پہنچا ہے ۔

نسخہ : سہاگہ بریاں ۲۰ تولہ ، ہلیلہ سیاہ ۴۰ تولہ ، مصطگی ۱۰ تولہ رسوت ۱۰ تولہ ، ریٹھا بریاں ۱۰ تولہ ۔ گوگل اور رسوت رات کو عرق گلاب میں بھگو دیں ۔ صبح مل چھان کر باقی ادویہ باریک ملا کر حبوب نخودی تیار کریں ۔

مقدار خوراک : ۲،۲ گولی صبح و شام پانی کے ساتھ کھائیں ۔

طلاء فولادی : اجزاء و ترکیب ساخت : شنگرف پانچ تولہ ، سم الفار چھ ماشہ ، خراطین خشک دو تولہ بیر بہوٹی دو تولہ ۔ زردی بیضہ مرغ دیسی بیس عدد ۔ تمام ادویہ باریک سفوف کر کے علیحدہ علیحدہ زردی میں اچھی طرح حل کریں ۔ بعدہٗ کڑاہی میں ڈال کر آگ پر رکھیں ۔ درمیانی آنچ دیں ۔ اور چمچے سے ہلاتے جائیں کڑھائی ترچھی کر کے تیل برآمد کریں اس تیل میں روغن جانگوٹہ چھ ماشہ ۔ روغن لونگ چھ ماشہ ۔ روغن دارچینی چھ ماشہ ۔ روغن جائفل چھ ماشہ روغن پستہ پانچ تولہ ۔ موم دو تولہ ملائیں ۔ بطریق معروف بطور طلاء استعمال کریں ۔ انتہائی قوی الاثر ہے ۔ جملہ نقائص عضو میں مفید ہے ۔

برائے بواسیر : اجزاء و ترکیب ساخت : ترپھلہ پندرہ تولہ مازو بلا سوراخ پانچ تولہ ۔ مائیں پانچ تولہ ۔ کتھ سفید پانچ تولہ ۔ رسوت پانچ تولہ ۔ گوگل پانچ تولہ ۔ ہلیلہ سیاہ پانچ تولہ عرق مولی میں حل کر کے سرمہ اصفہانی پانچ تولہ ملا کر حبوب نخودی تیار کریں ۔

ی ڈور ہل میڈیکل ہال بمبئی میں خدمات انجام دیتے رہے نومبر ۱۹۴۱ء میں حکومت سے رجسٹرڈ ہوئے ۔ قیام پاکستان کے وقت نواب شاہ میں مستقل آباد ہو گئے ۔ اور علمی مطب کے ذریعے علاقہ کے عوام کو علاج معالجہ کی سہولیات فراہم کرنے کی خدمات سرانجام دے رہے ہیں ۔ آپ علاقہ کے ممتاز اور ماہر طبیب کی حیثیت سے جانے جاتے ہیں ۔

حکیم سید معین الدین احمد ولد سید محی الدین
مارکیٹ روڈ لیاقت آباد (امیر پورہ) نواب شاہ
(سندھ)

مجربات

برائے سیلان الرحم : اجزاء و ترکیب ساخت : گل پستہ موچرس ۔ مازو ۔ سمندر سوکھ تمام ادویہ ہموزن باریک پیسکر نخودی گولیاں بنائیں ۔

مقدار خوراک : ۲ گولی صبح ۲ گولی شام ہمراہ شیر کھائیں ۔

فوائد : سیلان الرحم کیلئے کم خرچ سہل الحصول مفید ہے ۔

حب مقوی خاص : اجزاء و ترکیب ساخت : مروارید چھ ماشہ مشک خالص چھ ماشہ ۔ کونین چھ ماشہ جدوار خطائی آٹھ ماشہ ۔ کافور چھ ماشہ ، اسٹرکینا چار ماشہ ۔ (اگر دستیاب نہ ہو تو کچلہ مدبر بارہ ماشہ شامل کریں) مارفیا دو ماشہ (بدل افیون چھ ماشہ) یوہمبین چار ماشہ ۔ جملہ ادویہ کو عرق گلاب خالص میں اچھی طرح حل کر کے خشک کریں اور ایک رتی کی حبوب بنائیں ۔

مقدار خوراک : حسب برداشت ایک گولی صبح و شام ہمراہ شیر نیم گرم ۔

فوائد : پندرہ دن کا استعمال ضعف اعصاب ، ضعف اعضائے

مقدار خوراک : دو گولی صبح و شام ہمراہ بدرقہ مناسب۔
فوائد : بواسیر بادی و خونی میں مجرب ہے۔

دماغ افروز :

اجزاء و ترکیب ساخت : مغز بادام چھ تولہ۔ مغز کدو چھ تولہ۔ فلفل دراز چھ تولہ بھونا چھ تولہ خشخاش چھ تولہ۔ الائچی خورد دو تولہ۔ کشتہ نقرہ چھ ماشہ شکر سفید بیس تولہ۔ شہد خالص بیس تولہ۔ تمام ادویات کو سفوف بنالیں اور قوام بنا کر ملالیں اور سرد ہونے پر کشتہ نقرہ شامل کریں۔

مقدار خوراک : ایک تولہ۔ ہمراہ شیر نیم گرم۔
فوائد : ضعف دماغ۔ ضعف بصر۔ ضعف حافظہ اور دماغی کام کرنے والے حضرات کیلئے نعمت غیر مترقبہ ہے۔

حکیم محمد حسن کیریو

آپ ۱۹۴۴ء کو گوٹھ ملا ساند سکرنڈ میں پیدا ہوئے۔ ابتدائی دینی و درسی تعلیم مقامی سطح پر حاصل کی۔ ۱۹۶۶ء میں میٹرک کا امتحان امتیازی حیثیت سے پاس کیا۔ پھر شعبہ تدریس سے منسلک ہوئے۔ دوران ملازمت حکمت کی تعلیم سبقاً و عملاً جاری رکھی۔ فن طب کی تعلیم مکمل کی۔ آپ نے بی کام بی ایڈ اور ایم کام کی تعلیم سندھ یونیورسٹی سے مکمل کی اور کامرس کے استاد کی حیثیت سے درس و تدریس کی خدمات انجام دینے کے علاوہ انسانیت کی خدمت کیلئے فن طب کو اپنائے ہوئے ہیں۔

حکیم محمد حسن کیریو ولد خیر محمد کیریو
گورنمنٹ پراونشلائیزڈ ڈی سی ہائی سکول نواب شاہ

مجربات

ممسک و مقوی :

اجزاء و ترکیب ساخت : ہڑتال ورقی ایک تولہ شیر زقوم پانچ تولہ میں کھرل کر کے بعد ازاں آب افیون پانچ تولہ اور آب برگ قنب پانچ تولہ۔ میں کھرل کر کے قرص بنالیں اور کوزہ گلی میں دو سیر اوپلوں کی آگ میں کشتہ تیار ہے۔ اس میں قرنفل، جائفل، جلوتری، ہموزن ملا کر حبوب بقدر ایک رتی بنالیں۔

مقدار خوراک : ایک گولی دو گھنٹہ قبل ہمراہ شیر۔
فوائد : مقوی اور ممسک خاص ہے۔ نمک سے اثر زائل کریں۔

حکیم بابا بشیر احمد کمبوہ

آپ ۱۹۳۵ء کو ضلع اوکاڑہ میں پیدا ہوئے۔ ابتدائی دینی و درسی تعلیم والد گرامی سے حاصل کی انہیں سے قرآن پاک پڑھا پھر قریبی گاؤں چک نمبر ۳۰ سے مزید دینی فارسی اور طب کی تعلیم مکمل کی۔ حکیم الٰہی بخش صاحب سے عملی مطب کا تجربہ حاصل کیا پھر سندھ میں آباد ہو گئے۔ اور زراعت کے ساتھ ساتھ علاج معالجہ کا سلسلہ جاری رکھا ۱۹۷۵ء میں نواب ولی محمد میں آگئے اور حکیم سیف الدین صاحب کے زیر سایہ مطب کا سلسلہ دوبارہ شروع کیا۔ ان کی وفات کے بعد آپ نے اپنے آپ کو فن اور خدمت خلق کیلئے وقف کر رکھا ہے۔

حکیم بابا بشیر احمد کمبوہ ولد مولانا مولوی حکیم نظام الدین
مقام نواب ولی محمد ڈاک خانہ خاص تحصیل سکرنڈ ضلع نوابشاہ (سندھ)

مجربات

کشتہ فولاد اکسیری : اجزاء وترکیب ساخت: منور ایک پاؤ، آملہ خشک ایک پاؤ. پوست ہرڑ زرد ایک پاؤ. پوست بہیڑہ ایک پاؤ۔ پہلے منور کو قدرے کوٹ کر لوہے کی کڑاہی میں ڈال کر پانی ڈالیں اور ڈنڈے سے خوب رگڑیں۔ پانی گدلا ہونے پر پھینک دیں اور صاف پانی ڈالیں۔ جب زنگ وغیرہ سے صاف ہو جائے باریک پیس کر مٹی کے برتن میں ڈال کر اوپر دہی ڈال کر رکھ دیں سوکھنے تک ایک دوبارہ روزانہ ہلاتے رہیں۔ پھر پیس کر چھان کریں اس میں زنجبیل چار تولہ. فلفل دراز چار تولہ۔ فلفل سیاہ چار تولہ باریک سفوف ملالیں تیار ہے۔

مقدار خوراک : ایک ماشہ نہار منہ ہمراہ دہی۔

فوائد : یرقان۔ بھس۔ کمی خون۔ ضعف جگر۔ استسقاء میں مفید ہے۔

حکیم نور محمد

آپ ۱۹۳۷ء کو ضلع گورداسپور کے موضع کھڈلی میں پیدا ہوئے۔ ابتدائی دینی و درسی تعلیم کے بعد قیام پاکستان کے وقت ضلع فیصل آباد میں آگئے۔ تعلیم مکمل کرنے کے بعد حکمت کیطرف مائل ہوئے حکیم حامد علی صاحب سے طب کی تعلیم سبقاً و عملاً حاصل کی پھر لاہور میں حکیم غلام نبی صاحب سے استفادہ کیا اور سند حاصل کر کے مختلف مقامات پر طبی خدمات انجام دیتے رہے بعد ازاں اپنا مطب جاری کیا۔

طبی ڈائریکٹری

نور محمد افضل ظہور الحق

قادری دواخانہ اعظم بستی گلی ۸ مکان نمبر ۶۵۹ کراچی ۴۴

مجربات

اکسیر اوّل : اجزاء وترکیب ساخت: کشتہ شب یمانی ایک تولہ، کشتہ سنگجراحت ایک تولہ پیس کر باہم رکھیں۔

مقدار خوراک : دو رتی تک

فوائد : نزلہ زکام کھانسی سر درد کان درد دانت درد میں مفید ہے۔

اکسیر دوم : اجزاء وترکیب ساخت: کشتہ سنگجراحت۔ نوشادر ٹھیکری بریاں ہموزن کھرل کریں۔

مقدار خوراک : دو رتی تک۔

فوائد کھانسی بلغمی خشک، درد سینہ، ذات الجنب میں مفید ہے۔

اکسیر سوئم : اجزاء وترکیب ساخت: کشتہ سنگجراحت، جوکھار ہموزن ملالیں۔

مقدار خوراک : دو ماشہ ہمراہ بدرقہ مناسب

فوائد : تبخیر معدہ۔ درد معدہ کے لئے مجرب ہے۔

اکسیر چہارم : اجزاء وترکیب ساخت: کشتہ سنگجراحت قلمی شورہ بریاں ہموزن۔

مقدار خوراک : دو ماشہ ہمراہ لسی یا بدرقہ مناسب۔

فوائد : درد گردہ۔ بندش بول۔ پتھری گردہ مثانہ میں مفید ہے

حکیم سہیل انور قریشی

آپ چھ ستمبر ۱۹۵۳ء کو علمی ادبی و دینی گھرانہ میں پیدا ہوئے۔ ابتدائی دینی و درسی تعلیم گجرات میں حاصل کی۔ ۱۹۶۸ء میں اوکاڑہ سے میٹرک کا امتحان پاس کیا اور مزید تعلیم کے لئے دیال سنگھ کالج لاہور میں داخلہ لیا۔ ۱۹۷۰ء میں ایف ایس سی پاس کرنے کے بعد بی ایس سی میں تعلیم جاری رکھے ہوئے تھے کہ لازمی فوجی ٹریننگ پر بلا لیا گیا۔ ۱۹۷۱ء کی پاک بھارت جنگ میں اعلیٰ خدمات انجام دیں جس کے صلہ میں تمغہ جنگ اور ستارہ حرب جیسے اعزازات سے نوازا گیا۔

درسی تعلیم کو جاری رکھتے ہوئے ۱۹۸۰ء کو پنجاب یونیورسٹی سے ایم اے تاریخ کی ڈگری حاصل کی۔ فن طب سے خصوصی لگاؤ کی بنا پر طبیہ کالج لاہور میں داخلہ لیا۔ اور فاضل الطب و الجراحت کی سند امتیازی حیثیت سے حاصل کی۔ ۱۹۸۲ء میں بطور طبیب انچارج سول ہسپتال دیپالپور میں تقرری ہوئے۔ ۱۹۸۹ء میں لندن کے ہولیسٹک کالج آف میڈیسنز سے نیچرل میڈیسن میں ڈپلومہ حاصل کیا۔ ۱۹۹۳ء میں لاہور۔ رائے ونڈ۔ سول ہسپتال میں تبادلہ ہُوا۔ جہاں آپ فن طب کے ذریعے خدمت خلق میں مصروف ہیں۔

آپ ایک نوجوان پُرعزم طبیب کے علاوہ معروف سماجی کارکن ہیں۔ آپ کو فن تاریخ فن آثار قدیمہ کے علاوہ علم و ادب سے خصوصی شغف ہے۔ آپ طب اسلامی کے علمبردار اور طبی سیاست میں ممتاز مقام کے حامل ہر دلعزیز شخصیت ہیں۔

حکیم سہیل انور قریشی فاضل الطب و الجراحت
ولد محمد انور قریشی
طبیب انچارج شعبہ طب سول ہسپتال رائے ونڈ لاہور

مجرّبات

زُود اثر: اجزاء و ترکیب ساخت، سورنجاں شیریں سات تولہ۔ سورنجاں تلخ ایک تولہ۔ تخم حرمل ایک تولہ۔ قلمی شورہ ایک تولہ سفوف بنالیں۔

مقدار خوراک: ایک ماشہ ہمراہ آب، چائے یا بدرقہ مناسبہ۔

فوائد: عرق النساء، وجع المفاصل، وجع العضلات میں انتہائی مفید ہے۔

برائے نزلہ زکام: اجزاء و ترکیب ساخت: عقرقرحا چھ ماشہ۔ خولنجاں چھ ماشہ۔ لونگ چھ ماشہ۔ دارچینی چھ ماشہ۔ افیون چھ ماشہ۔ چینی ڈھائی تولہ۔ سفوف کرلیں۔

مقدار خوراک: چار رتی ہمراہ آب رات کے وقت۔

فوائد: نزلہ زکام۔ کھانسی و تمام متعلقہ علامات میں مفید ہے۔

حکیم عبدالوحید سلیمانی

آپ یکم مئی ۱۹۴۴ء کو رو ڑی ضلع حصار (بھارت) کے ایک معروف دینی علمی اور طبی خانوادہ میں پیدا ہوئے۔ آپکے والد گرامی برصغیر پاک و ہند کے ممتاز طبیب اور شہرۂ آفاق طبی مصنف تھے۔ آپ کے خاندان میں علم دین اور فن طب کی ترویج و ترقی کے لئے ہر دور میں قابل قدر خدمات انجام دی گئیں۔

آپ نے ابتدائی دینی و طبی تعلیم والد گرامی جناب استاذ الحکماء شفاء الملک مولانا مولوی حکیم محمد عبداللہ (جہانیاں) سے حاصل کی۔ والد گرامی اپنے عہد کے نہ صرف ماہر طبیب تھے بلکہ ایک خدا رسیدہ، باعمل، عالم دین تھے۔ ان کے کردار و عمل اور وعظ و نصیحت کے ذریعے لوگوں کے روحانی دکھ اور مفت طبی علاج کے ذریعے جسمانی دکھ کا مداوا ہوتا۔ آپ نے انہیں جلیل القدر ہستی سے فن طب کے رموز و نکات حاصل کئے اور عملی مطب کا تجربہ بھی انہیں کی زیر سرپرستی حاصل کیا۔ آپ نے انکی خواہش کے مطابق قرآن و حدیث و علم طب میں خصوصی دلچسپی لی۔ والد گرامی کے بعد آپ نے مکتبہ سلیمانیہ کا نظام سنبھالا اور ساتھ دواخانہ کی بنیاد رکھی۔ اور لاہور میں عملی مطب کے ذریعے خدمت خلق میں مصروف ہیں۔

آپ نے فن طب کی ترویج و ترقی اور خصوصی طب اسلامی کی بقا کیلئے بے مثال خدمات انجام دی ہیں۔ فن طب کے علاوہ تبلیغ و اشاعت دین اور سماجی خدمات کی وجہ سے آپ ایک ممتاز مقام کے حامل ہیں۔

حکیم عبدالوحید سلیمانی (ایم اے)
ولد استاذ الحکماء حکیم مولوی محمد عبداللہ (جہانیاں والے)
ادارہ مطبوعات سلیمانی رحمان مارکیٹ غزنی سٹریٹ
اردو بازار لاہور

مجربات

برائے گرمی جگری: اجزاء و ترکیب ساخت: گل نیلوفر، تخم خطمی، مغز خیارین، گل منڈی، برگ گاؤزبان، خلوددس، گلو، ملٹھی، جملہ ادویہ دو دو ماشہ۔ عناب پانچ دانہ، درنجرہ ایک دانہ، سب ادویہ کو ڈیڑھ پاؤ پانی میں بھگو کر سردیوں میں جوشاندہ اور گرمیوں میں خیساندہ بنائیں۔ یہ دو خوراکیں ہیں۔ ایک خوراک صبح بعد از ناشتہ اور دوسری دوپہر کو شربت صندل دو تولہ اضافہ کریں۔

فوائد: جگر میں حرارت کی زیادتی سے ہونیوالے بخار کیلئے آزمودہ تیر بہدف اور مجرب ہے۔ چالیس روز کا استعمال جملہ عوارضات کو رفع کرتا ہے۔

دموی: اجزاء و ترکیب ساخت: سفید کاشغری ایک تا دو رتی بمطابق عمر لے کر دودھ کے ساتھ استعمال کریں۔ انشاء اللہ پہلی خوراک سے ہی فائدہ ہوگا۔ مرض کی زیادتی میں چھ گھنٹہ بعد دوسری خوراک دیں۔ نیز بہتے ہوئے خون پر سفیدہ کاشغری چھڑک دیا جائے تو خون بند کر دیتا ہے

فوائد: جسم کے کسی حصہ سے بہنے والے خون کو روکتا ہے نیز بواسیر، نواسیر، نکسیر، کثرت حیض، استحاضہ اور زخم و چوٹ میں مفید ہے

چٹکلہ خون بند: اجزاء و ترکیب استعمال: مکڑی کا جالا بہتے ہوئے خون پر رکھیں اور پٹی باندھ دیں۔ فوراً خون بند ہو جائیگا۔ بارہا کا آزمودہ و مجرب ہے۔

نسوار نزلی: اجزاء و ترکیب استعمال: بیج سرس باریک سفوف شیشی میں محفوظ رکھیں۔ اور بطور نسوار سنگھائیں۔

فوائد: دو سیکنڈ میں بند ناک کھل جائیگی اور نزلہ کے جماؤ کی کیفیت کو آرام ملے گا۔

برائے درد داڑھ: اجزاء و ترکیب استعمال: مسیح الملک حکیم محمد اجمل کا خاص تحفہ ہے۔ میرے آباؤ اجداد نے یہ نسخہ ایک نواب صاحب کو عطا کیا تھا سونٹھ پیس کر یا اس کا چھوٹا سا ٹکڑا داڑھ پر رکھیں۔ دکھتی ہوئی داڑھ کو چند لمحوں میں سکون ہوگا۔ انتہائی زود اثر ہے۔